ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد

عربی اُردو

خزینۂ علم و ادب

الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور ۷۳۱۶۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد عربی اُردو

شفاقت محمود
۸ محرم الحرام ۱۴۲۸ھ

مؤلف: لویس معلوف

مترجم: مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ

تکمیل و نظر ثانی: مولانا عبدالصمد صارم الازہری رحمۃ اللہ علیہ فاضل دارالعلوم دیوبند

خزینۂ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور
فون 7211468-7314169

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ ''المنجد'' کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے یہی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی ''مصباح اللغات'' جو اس سے پہلے ''خزینۂ علم وادب'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تاکہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم ''حافظ قاری قاسم صاحب'' کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے ''مصباح اللغات'' لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ ''دار المشرق بیروت'' پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ ''مصباح اللغات'' شائع کردہ ''خزینہ علم وادب'' پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے ''المنجد'' سے حذف کئے تھے وہ یا تو ''سائنسی اصطلاحات'' تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دار العلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھر عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح' دوپہر' شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم) کو اُجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل وعیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس وانچارج باغ جناح باٹنی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

''خزینہ علم وادب'' نے اپنے آغاز ۲۵/۱/۱۹۹۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے' درمے سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

لہ کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

المنجد کے رموزِ و اِشارت

فا	سے مراد	اسم فاعل	مص	سے مراد	مصدر	(س)	سے مراد	باب سمع یسمع
مفع	سے مراد	اسم مفعول	(ض)	سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک)	سے مراد	باب کرم یکرم
ج	سے مراد	جمع	(ن)	سے مراد	باب نصر ینصر	(ح)	سے مراد	باب حسب یحسب
تج	سے مراد	جمع الجمع	(ف)	سے مراد	باب فتح یفتح			

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) البساس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخیر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ: تکلف اور تخیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ: حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا' چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم وعلاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ= وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ= میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)
فائدہ = باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ= چوہے نے بل بنایا۔(۶)
(۲) تخیر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ= اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل= اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممتہ فاغتم = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فُلَانًا=اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب.
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ(۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمتہ=میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)
(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب= کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی(۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القری. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ= اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ=اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ= میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واسْتَقَرَّ(۳۱).
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ(۳۱)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَغَانَ= زرناف کے بال کاٹے۔(۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ= رات بہت تاریک ہو گئی۔(۲۹)
فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ= : بہت کبڑا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِخْلَوْلَی التَّمْرُ بمعنی حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)
علماء صَرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اوران ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں، (۱) مصدر، (۲) اسم، مرۃ (۳) اسم نوع، (۴) ظرف مکان وظرف زماں، (۵) اسم آلہ، (۶) اسم فاعل، (۷) اسم مفعول، (۸) صفت مشبہ، (۹) اسم تفضیل، (۱۰) مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اوران کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:
(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ، تجارۃ، حِیاکۃ.
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فعال ہے۔ جیسے آباء، شراد، جماع.

مفاتلة' لا غیر وما التفت الیه الا التفاتة واجبة اجابة فقط.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشی مِشْیَةَ المُخْتَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرة کے وزن پر جیسے حَسُنَ الانطلاقة' قبح المعاشرة.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَح مَسْمَعْ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجود یکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَنْجِدْ' مَشْرِقْ' مَغْرِبْ' مَطْلِعْ' مَجْزِرْ' مَرْفِقْ' مَفْرِقْ' مَسْكِنْ' مَنْسِكْ' مَنْبِتْ' مَسْقِطْ.

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَوْعِد' مَوْجِل' مَطْوِی' مَرْمِی.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مَدْخَلْ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجْ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعْ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلْ جیسے مِبْرَدْ. مِفْعَالْ جیسے مِفْتَاحْ. مِفْعَلَةْ جیسے مِكْنَسَةْ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مِنْخَلْ' مِدْهُنْ' مِكْحَلَةْ' مِدَقّ' مِسْعَطْ' مَنَارَةْ' مِشْطْ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے فَدُوْم' سِكِّيْن' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلْ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبْ' قَاتِلْ' نَاصِرْ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبْ' مُسْتَخْرِجْ' مُصَرِّفْ.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرْ' مَضْرُوْبْ' مَفْتُوْحْ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلْ. مُكَرَّمْ. مُدَحْرَجْ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَفْعَلْ سے مَفَاعِلْ. اَفْلَحَ سے مَفَالِحْ. اَيْفَعَ سے يَافِعْ. اَعْشَبَ سے عَاشِبْ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبْ۔ اَجَنَّهُ سے مُجَنُوْنْ. خَمَّهُ سے مَخْمُوْمْ. اَرْكَمَهُ سے مَرْكُوْمْ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلْ.

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنْ' كَرِيْمْ' لَبِنْ' سَهْل' صَعْبْ' لَقِيَانْ' غَضْبَانْ' كَسْوَلْ' عَطْشَى' دؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدْ' اَعْرَجْ' اَبْلَجْ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

قوس' کاس' کتف' کرش' کف' نار' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' یسوع.

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' ذبور' شمال' ہیف' حرور' سموم' صرصر' مکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں **الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر.**

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' بانوت' خمر' درع' دار' روح' زناق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحیٰ' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' قرس' قہر' قدر' قفا' قمیص' کبد السماء' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروفِ تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو وہ پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان". رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب' ذوانابعلبک.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام راعیان' داعٍ داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتیٰ سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' فھقھران' خوزلان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ فھقھوران' خوزلیان ہوتے۔

پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے عصرا سے خضرا ان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواء ان.

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالا سے لالاء ان. قُرّاء سے قُرّاء ان

اور اگر ہمزہ نہ ہو تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماء ان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابوتھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان' حموان' غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة' ابن' اسم ہیں سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض' اجمع' جمعا' کل اور عریب' زیاد اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذومعدی کرب'

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَة کی جمع جیسے غُلَبٌ کی جمع غلب۔ صورت کی جمع صور صُوْرَة کی جمع صُوَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَة کی جمع جیسے قِطَعٌ کی جمع قِطْعَة۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل خندرس کی جمع خنادس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خندریس کی جمع خنادرس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاعلہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعِل افعل (بتکسیث الہمزہ) کی جمع افاعِل۔ اِصبع کی جمع لجیسے اصابع انملة کی جمع انامل اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع سالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفْعَلَة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسة کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مفاعیل اور مفعیل مفعول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل قوم رہط جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو مجمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروم۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام رفقة کی جمع رفق نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع ارواہم۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة عالم عالمة لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکری ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں البان حلان خمصان سخنان صوجان ضوجان قنوان قضان ندمان نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانة غضبان سے غضبی اور غضبانة

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کرمی اصغر سے صغری لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے خلباء ادنی سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَالَة جیسے رَجُلٌ فُهَامَة اِمْرَأَةٌ فُهَامَة

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ امراۃ مِفْضَالٌ اور مِیقَانة شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیل جیسے رجل مِعطِیرٌ امراۃ مِعطِیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعِیلٌ جیسے رَجُلٌ مِغشَمٌ اِمْرَأَةٌ مِغشَمٌ

(۵) فُعْلَة اور فُعَلَة جیسے رجل ضُحَكَة امراۃ ضحکة اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة = بہت ہنسنے والا۔ ھمزة = بہت عیب لگانے والا لمزة = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور غلام قتیل امراۃ قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے جبلی اور ذفری کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں جبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِیٌ. دُنیاوِی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفویٌ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوِی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضیٌ. ماضٍ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌ' ماضَوِیٌ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلٍ سے مستعلیٌ' معتدٍ سے معتدیٌ'

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنیٌ سے غَنَوِیٌ. غلیٌ سے غلَوِیٌ.

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلہ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلہ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌ. قصی سے قُصَوِیٌ. قُبَیلَۃ سے قُبَیلِیٌ. اُمَیمَۃ سے اُمَیمِیٌ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا۔

فلنسوۃ سے فَلَنسِیٌ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حیی ہے حیوی۔

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوِیٌ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی وبنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌ دَمَوِیٌ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌ. دمیٌ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنی و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی' لغۃ سے لغوی اور زنۃ سے زِنَوِیٌ اور صلۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراق' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے اباہیل وصناوید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کریں گے' مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عبد کی تصغیر عبید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عویذ ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ' یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیّز۔ کعاب سے کُعَیّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیّل یا جُدَیول' ادور سے اُدَیر یا اُدَیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیّر۔ جُمَیل سے جُمَیّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عُصَیفِر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' دُفَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وزینۃ وعُدَیّۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیّۃ بُنَیّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اریغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبیداللہ ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابحر' بحیر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی۔ اصیلال' اصل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبیۃ' صبیۃ۔ اغیلمۃ' غلمۃ کی۔ اسی طرح فویس۔ دُریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف مُتَّصِل ہو جیسے باجمل' لافضل لیکن لنلا اور لئن اور یومنذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بؤس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

اَلْاَلِفُ :الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ قَامَ بَاعَ مُتَحَرِّکہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرَأْتَ؟ اَمَاقَرَأْتَ؟ اَقَلَمْ تَقْرَأْ؟ اَفِی الْبَیْتِ اُخُوْکَ؟

(۲) نداء قریب: جیسے اَزَیْدُ اَقْبِلْ (ای زیداً)

(۳) نسویہ :جیسے لَا اُبَالِیْ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ :حرف ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب :اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا وَ اَبَابَۃً و اِبَابَۃً اِلَیْہِ : مشتاق ہونا

اَبَّ (ض ن) اِبًّا و اَبًّا و اَبَایًا و اَبَابَۃً آمادہ و تیار ہونا۔ و اَبَّ اَبَّۃً: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا

بَدَہ اِلَی السَّیْفِ :سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

اَبَّبَ :چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ بِہٖ :تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِتَّبَّ :تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَبَاہُ بِاَبَاہٖ. بِالسَّہْمِ :تیر سے مارنا۔

اُبَّتِ (ن ض) و اَبِتَ (س) اُبًّا و اُبُوْبًا النَّہَارُ :سخت گرم ہوا۔ صفت اَبُّ وَاَبِتٌ

اَفْعَلُہٗ اَبَدًا :میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا

[اَفْعَلُہٗ اَبْدًا] :میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاِبِدَۃُ : وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی عجیب و نادر چیز۔ ج اَبِدٌ و اَوَابِدُ.

اَلْاَوَابِدُ :وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ :بے مثال شعر۔ اَوَابِدُ الْکَلَامِ: نادر کلام۔

اَلْاَبِدُ وَالْاَبَدِیُّ. مِنَ اُمَّۃٍ اَوْ اِنْسَانٍ : ہر سال جننے والی بانجھ یا گدھی۔

اَلْاَبَدِیُّ :جس کی انتہا نہ ہو۔

اَلْاَبَدِیَّۃُ :دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا وَاِبَارًا : اَلْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا ـــہٗ : نیست کرنا خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ اَلزَّرْعَ :اصلاح کرنا اور گابھا دینا۔

اَلنَّبْرُ. اَلْبُنْرُ :کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَۃُ :سوئی ؤ تنکا چقلی اِبْرَۃُ الْقَرْنِ : سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ وَاَبَارٌ. اِبْرَاتٌ.

اَلْمِنْبَرُ وَالْمِنْبَارُ : سوئی دان ـــ اَلْمِنْبَرُ : چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ :سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

اَلْاِبْرِیُّ :سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَاْبُوْرُ :متہم۔

اَلْمِنْبَرَۃُ: چغلی فساد انگیزی۔ ج مَآبِرُ۔

اَلْمُؤْتَبِرُ :کھیت والا۔

اَلْاِبْرِیْزُ وَالْاِبْرِیْزِیُّ. مِنَ الذَّھَبِ :

تَاَبَّتَ. الْجَمْرُ :بھڑکنا۔

اَبْتَۃُ. اَلْغَضَبِ :غصہ کی تیزی۔

اَبْتَۃً وَاَبَتَ (ض) اُبُوْتًا. عَلَیْہِ :بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اُبِتَ (س) اُبُوْتًا۔ اُونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِتُ :نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ :حروف تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں : اَبْجَدْ ھَوَّزْ حُطِّیْ کَلَمُنْ سَعَفَصْ قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہے۔ ان حرفوں کی ترتیب اکائی دہائی سینکڑہ ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔

اَلشَّاعِرُ :غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا. اَلْحَیَوَانُ :جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا :جنگلی ہونا عَلَیْہِ :غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ :ابدی ہونا جنگلی ہونا اَلْمَکَانُ :مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ :زمانہ جمع آباد و اُبُود :ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا کہا جاتا ہے لَا آتِیْہِ اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَالْاَبِدِیْنَ وَاَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَاَبَدَ الْاَبَدِ وَاَبَدَ الدَّھْرِ الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَدًا :ظرف زمان ہے۔ مستقبل میں نفی واثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے لَا

وغیرہ۔
اَبُو اَیُّوب :اونٹ۔اَبُوالْاَبْرَد: گدھ۔اَبُوالْاَسْوَد :چیتا۔اَبُوالْاَصْبَع : گدھ۔اَبُوالْاَضْیَاف :میزبان۔اَبُوبریص :چھپکلی۔اَبُوالْبَشَر :کنیت سیدنا آدم علیہ السلام۔اَبُوثقیف :سرکہ۔اَبُوجَامع :دستر خوان۔اَبُوحُجَادہ :مُڈی۔اَبُوجَحَار: بجو۔اَبُو جعران :گبریلا۔اَبُوجَمِیل : ترکاری۔اَبُو حُبَیب :بھنا ہوا بکری کا بچہ۔ اَبُو حُدَیج : لقلق۔ابو حَذِر :گرگٹ۔ اَبُوالْحُصَین :لومڑی۔ابوخالد :کتا۔اَبُو خصیب :گوشت۔اَبُوذغناء :بے دُوف۔اَبُورزین :ایک قسم کا حلوا۔اَبُو رعلة :بھیڑیا۔اَبُوزجرا :کوّا۔اَبُوزُھرَة : گیدڑ۔اَبُوسُلَیمان :مرغ۔اَبُوالسُّرُو : بخور۔اَبُوعُذْرِ المرأة :شوہر۔ابوعِسْلَة : بھیڑیا۔اَبُوالغَفَاء: گدھا۔اَبُوعَقبة : سور۔اَبُوالعلاء :فالودہ۔اَبُوعَمْرَہ :افلاس، بھوک۔اَبُوغَوْف : نرٹڈی۔ اَبُو عَوْن : ٹمک۔اَبُوغَزْوَان :بلی۔اَبُوقِصَرہ:کنیت ابلیس۔اَبُوقُرَّہ :گرگٹ۔اَبُوکَلَاَة : نر بجو۔اَبُولَاحِق :باز۔اَبُولُبَد : شیر۔اَبُومَالِک :بھوک، بڑھاپا، گدھ۔ اَبُومثوی :میزبان۔اَبُومَلْدَفة :بھیڑیا۔ابو مَرْوَة :شیطان۔اَبُومَرْیَم :قاضی کا پیادہ۔اَبُو الْمِنْھَال :گدھ۔اَبُومَشْغُول :نر چیونٹی۔اَبُو مرینا :مچھلی۔اَبُو مُعَاوِیَہ : چیتا۔اَبُوالْمُنْذِر :مرغ۔اَبُونُعَیم : روئی۔اَبُوالْوَثَّاب :عقاب اور بقول بعض ازی ہرن۔اَبُوھُرَیرَة :نر مینڈک۔اَبُو الْھِنْبَر :نر بجو۔اَبُو یَحْیٰی :ملک الموت۔ اَبُوالْیَقْظَان :مرغ۔کہا جاتا ہے "لَا اَبَ لَکَ وَلَا اِبَاکَ وَلَا اِبَاکَ" یہ جملے خبریہ ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔ مدح و ذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور "بَابِی اَنْتَ" کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے اوپر فدا ہو۔
اَبَی (ف ض) اِبَاءً و اِبَاءَةً و تَابَی. الشَّیْءَ :ناپسند کرنا۔انکار کرنا۔صفت اب ج آبون و اُباة و اُبَاءٌ.
اَبِیَ عَلَیْہِ و تَابَّی :باز رہنا۔خوددار ہونا۔ اَبَاہ اِبْبَاءً. الشَّیْءَ :خوددار بنانا۔
الْاَبِی :نفرت کرنے والا۔رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا۔
رَجُلٌ اَبَاء :خوددار مرد۔
تَاَبَّبَ وَاِتَّبَّبَ :بے آستین والی قمیص پہننا۔الاتب :بے آستین والی قمیص ج اتوبٌ و اُتُب و اتاب و آتاب. واتب الشَّعِیر :جَو کا چھلکا۔
اَتَابِک :امیر، سردار۔اس لفظ کا اطلاق اولاً سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔
اِلْاَتَاد. :دوہتے کے وقت گائے کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسی۔ج آئندہ و اُتُد.
الْاُتْرُجّ وَالْاُتْرُنْج :لیموں۔لیموں کا درخت۔
اَتَلَ (ض) اُتُلًا و اَتَلًا و اَتَلَالًا :غصہ کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا.....مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا۔
اَتَمَّ (ن) اُتْمًا :دو چیزوں کو جمع کرنا۔ بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔تاخیر کرنا۔
اَلْمَأْتَم :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔عموماً اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو اظہارِ غم کے لئے ہو۔ج مآتم.
الْاَتَان :گدھی۔ج اُتُن و اُتُن و آتُن و اِسْتَانَن. گدھی خریدنا اور "تَحَانَ حِمَارًا فَاسْتَانَن" کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب عزت تھا، ذلیل ہو گیا۔
الْاَتُون :حمام کا آتش دان۔چونا بنانے کی بھٹی۔ج اُتُن و اَتَاتِین.
اَتَا (ن) اُتُوًّا و اِتَاءً. الشَّجَرُ :پھل ظاہر ہونا۔بَعْث :بہت پھل دار ہونا.....بِہٖ و عَلَیْہِ :چغل خوری کرنا۔
اَتَوْتُہٗ اِتَاوَةً :رشوت دینا۔
اِتَاءُ الْاَرْض :زمین کی پیداوار۔
الْاَتَاوَةُ :خراج۔رشوت۔ج اَتَاوِیّ.
اَتَی (ض) اِتْیَانًا و اَتْیًا اِیَانَةً وَمَاتَاةً : آنا۔الْمَکَانَ :حاضر ہونا۔الشَّیْءَ :کرنا..... عَلَی الشَّیْءِ :پورا کرنا۔نافذ کرنا. الرَّجُلَ : مرد کے پاس سے گزرنا.....عَلَیْہِ الدَّھْرُ :ہلاک کرنا۔
اَتَّی تَاتِبَةً و تَاتِیًا. الماءَ :پانی جمنے کے لئے راستہ نکال دینا۔
آتَاہُ مُؤَاتَاةً. عَلَی الشَّیْءِ :موافقت کرنا۔
آتَی اِیتَاءً. فُلَانًا الشَّیْءَ :دینا۔اِلَیْہِ الشَّیْءَ : بھیجنا.....الرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
تَاتَّی. الْاَمْرُ :تیار ہونا آسان ہونا..... لِلْاَمْرِ :نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
مَعْرُوفہ :درپے ہونا۔
اِسْتَاتَی. الرَّجُلَ :آنے کی درخواست کرنا۔ سست سمجھنا۔
اَلْاَتِیّ وَالْاَتَاوِیّ :اجنبی۔مسافر۔سیل۔
اَتِیّ و اَتَاوِیّ :اچانک آنے والا سیلاب۔
اَلْمَاتِی وَالْمَاتَاةُ :جہت۔سمت۔کہا جاتا ہے "اَتَی الْاَمْرَ مِنْ مَاتَاتِہٖ اَوْ مَاتَاتِہٖ :اس نے معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔
اَثَّ (س ن ض) اَثًّا وَاُثُوثًا و اَثَاثَةً. النَّبَاتُ وَالشَّعْرُ :گنجان ہونا۔صفت اَثّ وَاَثِیث ج اثاث.
اَثَّثَ. الْفِرَاشَ :بچھانا۔
تَاَثَّثَ :مال پانا۔
اَلْاَثَاث :سامان خانہ۔سال۔
اَثَرَ (ن ض) اَثْرًا و اَثَارَةً وَاُثْرَةً. اَلْحَدِیثَ :نقل کرنا۔صفت مفعول (مَاثُوْر).....ہٗ :اکرام و تعظیم کرنا۔
اُثِرَ (س) اَثَرًا. بِفُعْلِ کَذَا :کرنے لگا۔لِلْاَمْرِ :پورے انہماک سے مشغول ہونا۔عَلَیْہِ :پکا ارادہ کرنا.....عَلَیْھِمْ :اپنے لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔
اَثَّرَ فِیْہِ :اثر کرنا۔
آثَرَہٗ اِیْثَارًا :اکرام کرنا۔چننا۔فضیلت

اِجَّاص : آلو بخارا۔ زرد آلو۔
اَجَل (ن) اَجْلاً ۔عَلَیْہِ شرًّا : کسی کے خلاف شر اٹھانا۔
اَجِلَ (س) اَجلاً : پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت اَجِلُ واَجِیْلٌ۔
اَجَّلَ الشَّیْءَ : مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔
اَلرَّجُلَ : درد گردن کا علاج کرنا۔
تَاَجَّلَ : پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔
اِسْتَاْجَلَ : مدت معین کرانا۔
اَجَلْ : ہاں۔
اَلْاَجَل : مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال۔
اَلْاَجْل : سبب۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَجْلِکَ فَعَلْتُ ھٰذا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔
اَلْاَجَل : گردن کا درد۔ اَلاَجل : نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجال۔
اَلْآجِلُ وَالْآجِلَۃُ : دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔
اَجَمَ (ض) اَجْمًا : اَجِمًّا وناجَمَ۔ اَلنَّھَارُ : سخت گرم ہونا۔ نَاجَمَ عَلَیْہِ : غمبناک ہونا۔ نَاجَمَ الْاَسَدُ : جھاڑی میں داخل ہونا۔
الاَجَمَۃ : گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج اَجَم و اُجُم و اَجمات و اَجماح آجام۔
اَجَنَ (ن ض) اَجْنًا و اُجُوْنًا و اَجِنَ (س) اَجَنًا۔ اَلْمَاءُ : رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن واَجِنٌ۔
اَجَنَ (ن) اَجْنًا۔ اَلثَّوْبَ : کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔
اَلْاِجَّانَۃ : کپڑے دھونے کا ٹب..... ج اَجَاجِیْن تھالہ۔
اَلْمِئْجَنَۃُ وَالْمِئْجَنُ دھوبی کی موگری ج مَآجِنُ
اَحَّ (ن) اَحًّا : کھانسنا۔
اَلْاَحَاحُ : پیاس۔ وَالْاَحِیْحُ وَالْاَحِیْحَۃُ : غصہ۔
اَحَّدَ وَوَحَّدَ۔ اَلْمُتَعَدِّدَ : ایک کر دینا۔
اَلْعَدَدَ : ایک بڑھا دینا۔
اِتَّحَدَ : بہ : کٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ وَانْتَحَدَ : اکیلا ہونا۔
اِسْتَاْحَدَ : اکیلا ہونا۔
اَلْاَحَد : ایک اکیلا یکتا۔ مؤنث اِحدیٰ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَحَدُ الْاَحَدَیْنِ" فلاں بے مثل ہے۔ اِحْدَی الاَحَد : بڑا عجیب معاملہ۔
اُحَادٌ : ایک ایک۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُا اُحَادَ اُحَادَ اُحَادَ" یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے
اَلْاَحَد : اتوار کا دن۔ یک شنبہ۔ ج آحاد۔
اُحُد : مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔
اَلْاُحَیْدِیَّۃُ : یکتائی۔
اَحِنَ (س) اَحْنًا : پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔ آحَنَ مُوَاحَنَۃً اَلرَّجُلَ : کسی سے دشمنی رکھنا۔
اَلْاِحْنَۃ : کینہ ج احن۔
اَلْاَخِیَّۃ : دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا۔
اَلْاُخْبُوْطُ وَالْاُخْطُبُوْط : جگنو کی قسم کا ایک کیڑا۔
اَخَذَ (ن) اَخْذًا و تَخَاذًا : لینا۔ ہ وَبِہٖ : پکڑنا۔ ہُ بِذَنْبِہٖ : سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔
عَلٰی یَدِہٖ : کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شَارِبِہٖ : چھانٹنا۔ کرنا۔ غُصْنُہٗ : نقل کرنا۔ سیکھنا۔ عَلٰی نَفْسِہٖ : نگرانی کرنا۔ فِیْہِ الْخُمُرُ : اثر کرنا۔ بِفِعْلٍ : کرنے لگنا۔ فِیْ کَذَا : شروع کرنا۔ اِخَذَہٗ وَبِاَخْذِہٖ : طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا۔
اَخَّذَہٗ : جادو کرنا۔
آخَذَہٗ مُؤَاخَذَۃً : ملامت کرنا۔ عتاب کرنا۔ ہُ عَلٰی ذَنْبِہٖ و بِذَنْبِہٖ : سزا دینا۔
اِتَّخَذَ : کر دینا بنا دینا عاجز ہونا
اِتَّخَذَہٗ وَتَخَذَہٗ (س) تَخَذًا۔ صَدِیْقًا : دوست بنا لینا۔
اِسْتَاْخَذَ : زور کی وجہ سے سر جھکانا۔
اَلْاُخْذ : آشوب چشم۔
اَلْاُخْذَۃ : افسوس منتر درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔
اَلْاَخِذَۃ : بے حسی یا اعضاء کی پیوست۔
اَلْاِخَاذَۃ : پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخَاذات و اِخَاذ اِخاذ کی جمع اُخُذ و اُخُذ۔
اَلْاَخِیْذ : قیدی۔ ج اُخَذٰی۔
اَلْاَخِیْذَۃ : لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال غصب کیا ہوا مال۔
اَلْمَخَذُ : راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخِذ۔
اَلْمَآخِذ : پھندے جال۔
اَخَّرَ تَاْخِیْرًا۔ ہُ عَنْہُ : پیچھے کرنا۔
تَاَخَّرَ وَاسْتَاْخَرَ : پیچھے رہنا۔
اَلْآخَر : غیر۔ ج آخَرُوْن مؤنث اُخْرٰی و اُخْرَۃ ج اُخَر و اُخْرَیَات : بطور کنایہ بولتے ہیں "اَبْعَدَ اللّٰہُ الْآخَرَ" "یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
اَلْاُخْر : پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ الثَّوْبَ اُخْرًا وَمِنْ اُخْر" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
اَلْاَخِرَۃ : دنیا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ اَخِرَۃَ وَبِاَخِرَۃٍ" وہ آخر میں آیا۔
اَلْاَخِر : پچھلا۔ ج۔ آخِرُوْن : مؤنث اُخْرٰی ج اُخَرِیَات : کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ آخِرَ الدَّھْرِ وَاُخْرَی اللَّیَالِیْ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
اُخْرَیَاتُ الْجَنَّۃِ : باغ کا آخری حصہ۔
اَلْآخِرَۃ وَالْاُخْرٰی : دار البقا اور نسبت کے لئے اُخْرَوِیٌّ۔
اَلْمُؤَخِّر وَالْمُؤَخِّرَۃ۔ ج مآخر و الآخِرَۃ۔ مِنَ الْعَیْنِ : کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤَخِّرَۃُ الرَّحْلِ وَمُؤَخَّرَتُہٗ وَاٰخِرَتُہٗ : کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
اَلْمِئْخَارُ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا درخت جس کا

بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "مَتٰی جَاءَ کُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْنَ" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیْءُ تَعْلَمُوْنَ :اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ ابْنِیْ اِذْ اَسَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا :زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو گے اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذَارُ اَذَارُ :ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اَلْاَذْرَبُوْنَ :سورج مکھی۔

اِذْمَا :حرف شرط ہے بمعنی ان اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ وَ اِذًا :حرف جواب و جزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو گے "اِذَنْ اُکْرِمَکَ"۔

اَذِنَ (س) اَذَنًا. اِلَیْهِ وَ لَهُ :کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدِّثْهُ فَاَذِنَ لِیْ اَحْسَنَ الْاَذَنِ : میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

.....اِذْنًا وَ اِذْنًا. لَهُ فِی الشَّیْءِ :اجازت دینا۔ مباح کرنا.....اِذْنًا وَاَذَنًا وَ اَذَانًا وَ اَذَانَهُ بِالشَّیْءِ :جاننا۔

اَذَنَهُ (ن) اَذْنًا :کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ :کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا. فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ :جتلانا۔ آگاہ کرنا.....اَلرَّجُلَ :کان پر مارنا.....اَلْعَشْبُ :خشک ہونے لگنا۔

وَاَذَّنَ تَاْذِیْنًا. بِالصَّلَاةِ :اذان دینا۔

اَذُنَ الْوَلَدُ :کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ :قسم کھانا.....لِاَمْرٍ :آگاہ کرنا۔ جتلانا۔

بِالشَّرِّ :ڈرانا۔ اَلْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ :امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاْذَنَهُ :اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْهِ :اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

اَلْاِذْن :اجازت علم کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

اَلْاُذُن وَالْاُذْن :کان (مؤنث) ج آذَان : تصغیر اُذَیْنَة. آذَانُ الْقَارِ و .....الْجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و ..... اَلْفِیْلِ :مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ :ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاُذُنِ" :فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے "هِیَ اُذُنٌ هُمَا اُذُنٌ هُمْ اُذُنٌ" اور کہا جاتا ہے "جَاءَنَا بِشَرًّا اُذُنَیْهِ" :وہ لالچ کرتا ہوا آیا و جَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْهِ" وہ غافل ہو کر آیا۔

اَلْاَذَنَة :خواہش۔

اَلْاَذَان :خبردار کرنا۔

اَلْاَذَنُ وَالْاَذَانِیُّ :بڑے کان والا۔

اَلْاَذِیْنُ وَالْمُؤَذِّنُ :اذان دینے والا۔

اَلْاَذِیْنُ :سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

اَلْمِئْذَنَة :اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مآذن۔

اِذِیَ (س) اَذًی وَ اَذَاةً :تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

اَذَی اِیْذَاءً. الرَّجُلَ :تکلیف پہنچانا۔

تَاَذَّی :تکلیف اٹھانا۔

اَلْاَذٰی وَالْاَذِیَّة وَالْاَذَاة :تکلیف رنجش۔

اَلْاَذِیُّ :تکلیف دہ۔

اَلْاَذِیُّ :سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔

اَلْاَذِیُّ :موج دریا۔ ج اَوَاذِیُّ۔

اَرِبَ (س) اَرَبًا :ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیْبٌ :مونث اَرِیْبَة. اَرِبَ بِالشَّیْءِ :مشتاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا..... اِلَیْهِ :محتاج ہونا۔

اَلرَّجُلُ :کسی کے اعضاء کا گر جانا۔ عَلَیْهِ :قوی ہونا۔

اَرَّبَ (ض) اَرْبًا. اَلْعُقْدَ :مضبوط گرہ لگانا۔

اَلرَّجُلَ :عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَةً وَاَرَبًا :عقل مند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ و اَرِبٌ۔

اَرَّبَ. اَلشَّیْءَ :مضبوط کرنا.....اَلشَّاةَ :ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

آرَبَهُ مُوَارَبَةً :قریب دینا' دھوکا دینا۔ آرَبَ اِیْرَابًا. عَلَیْهِمْ :کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ :بے تکلف زیرک بننا.....اَلْاَمْرُ :دشوار ہونا۔

اِسْتَارَبَ :مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔

اَلْاَرَب :حاجت' ضرورت' انتہاء۔ ج آرَاب.

اَلْاِرْب :عضو۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ الذَّبِیْحَةَ اِرْبًا اِرْبًا" :یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج آرَاب.

..... وَاَلْاِرْبَةُ :چالاکی' حیلہ۔

اَلْاَرْب :انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْاُرْب :چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

اَلْاُرْبَة :گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَب.

اَلْاُرْبِیَّة :ران کی جڑ۔

اَلْاَرْبِیَان :جھینگا مچھلی۔

اَلْمَارِب وَالْمَارِبَة بِثَلٰثِ رَاءٍ مَآرِبَة : حاجت ج مَآرِب.

اَلْاُرْبَة :گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْث :دیکھئے مادہ ورث۔

اَرَّثَ :بھڑکانا۔ بَیْنَهُمْ :فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَاَرَّثَتِ النَّارُ :بھڑکنا۔

اَلْاُرْثَة وَالْاِرَاثُ :ایندھن۔

اَلْاِرَاثُ وَالْاِرَانَة وَالْاُرْبُث :آگ۔

اَرِجَ (س) اَرَجًا وَ اَرِیْجًا وَ تَاَرَّجَ :خوشبو دینا' مہکنا۔ صفت اَرِجٌ. اَرِجَ النَّاسُ :رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا. اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ :حق میں

دینا..... الرَّجُلُ: نرم مزاج بنانا۔ الْحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

الأُرْم: داڑھیں۔ کہا جاتا ہے یَحْرِقُ عَلَیْهِ الأُرْمُ: وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔ ٹکڑیاں۔

الأَرْم والآرِم: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهَا اِرِمٌ اَوْ اَرِمٌ" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اُرُوم.

الأَرُومَة والأُرُومة والآرُوم: درخت کی جڑ۔ ج اُرُوم اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ ذَاتُ اَکْرُومَةٍ مِنْ اطیب اُرُومة" یعنی کریم النفس و کریم الاصل۔

الأُرْمة: نشانِ راہ۔ ج اَرَم.

اَرِنَ (س) اَرَنًا و اَرِینًا و اِرَانًا. البَعِیرُ: نشاط میں آنا۔ صفت اَرِن و اُرُوْن.

اَرَنَهُ (ن) اُرُنًا: دانت سے کاٹنا۔

آرَنَهُ مُوَارَنَةً وإِرَانًا: مفاخرت کرنا۔

الإِرَانُ: تابوت۔ ج اُرُن. الإِرَان: تلوار۔

الإِرَان والمِرَان: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ ج مَآرِین.

شَاةٌ اِرَانٌ: جنگلی بیل۔

الأُرْنَة: تریپیر اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔

الأُرْنِیُّ والأُرَانِیُّ والأُرْنِیُّ: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنا دیتا ہے۔

الأُرُوُّ: زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔

الأُرْوِیَّة والأُرْوِیَة: پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔ ج اَرَاوِیُّ و اَرَاوٍ و اَرْوٍ.

اَرَی (ض) اَرْیًا. النَّحْلُ: شہد بنانا۔

اَرِیَ (س) اَرَبًا. صَدْرُهُ عَلَیَّ: غضب ناک ہونا۔

اُرْنِیٌ. الدَّابَّةُ: جانور کے لئے تھان بنانا۔

..... النَّارَ: سلگانا۔ بھڑکانا۔

تَارِیٌ. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا..... عَنْهُ: پیچھے رہ جانا۔

الأَرِیُّ: شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔

الأُرْبِیَّة: جانور کا تھان۔

الأُرْبَة: جانور کا تھان۔

الأُرْبَة: کوہان کی چربی۔

اَزَّ (ن ض) اَزًّا و اَزَازًا و اَزِیزًا. القِدْرُ: جوش مارنا۔ سنسنانا..... القِدْرَ وَبِهَا: جوش دینے کے لئے آگ جلانا۔ اَزَّ عَلَی کَذَا: بھڑکانا برانگیختہ کرنا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

تَأَزَّزَ. المَجْلِسُ: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔

اسم الآزَّة ہے۔

الأَزُّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔

الأَزِیزُ: بادل گرج۔ دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔

اَزَبَ (ض ن) اَزْبًا. المَاءُ: جاری ہونا۔

الأَزْبُ: لئیم۔ پست قد۔ چالاک۔

الأَزَبُ والأَزْبُ: لمبا۔

المِئْزَابُ: پرنالہ۔ بدرو۔ پانی بہنے کی جگہ۔ نابدان۔ ج مَآزِیب.

الأَزْبَة: شدت و قحط۔

اَزِجَ (ض) اَزْجًا. فِی مَشْیِهِ: تیز چلنا۔

اَزِجَ (س) اَزَجًا. العُشْبُ: گھاس کا طویل ہونا۔

اَزَّجَ (ن) اَزْجًا. عَنَّی: مدطلب کرنے کے وقت کا بلی کرنا۔

اَزَّجَ. البِنَاءَ: لمبا بنانا۔

الآزِج: لمبا مکان۔ ج آزِجٌ و آزَاجٌ و اِزَجَةٌ.

الآزِج: ناز و انداز سے چلنے والا۔

فَرَسٌ اَزُوجٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَزَخَ (ض) اُزُوخًا و تَأْزِیخًا: دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔ صفت اَزُوخ. اَزَخَ قَدَمَهُ: پھسلنا۔

الأَزْدَرَخْت والأَزْدَارَخْت: ایک درخت کا نام ہے۔

الأَزَاذ: ایک قسم کی کھجور۔

اَزَرَ (ض) اَزْرًا. بِالشَّیْءِ: احاطہ کرنا۔ التِبَاث: گھٹ جانا۔

وَازَرَ. فُلَانًا: قوی کرنا۔ اَزَرَهُ: ڈھانپنا۔

آزَرَهُ مُوَازَرَةً: مدد دینا۔ غم خواری کرنا۔

تَأَزَّرَ وَاتَّزَرَ وَانْتَزَرَ: ازار پہننا۔ تہ بند باندھنا۔

الأَزْر: قوت۔ پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "شَدَّ بِهِ اَزْرَهُ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے "اُشْدُدْ بِهِ اَزْرِی" یعنی اس کے ذریعے مجھے قوت دے۔

الإِزْر: جڑ۔ تہبند۔

الأُزْر: تہ بند باندھنے کی جگہ۔

الإِزَرَّة: تہ بند باندھنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "لِکُلِّ قَوْمٍ اِزَرَّةٌ یَاتَزِرُوْنَهَا" یعنی ہر ملک و ہر رسم۔

الإِزَار: ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔ چادر۔ پاکدامنی۔ تہبند۔ پشتہ دیوار۔ ج آزِرَة و اُزُر.

الإِزَارَة: تہبند۔

المِئْزَرُ والمِئْزَرَة: تہبند۔ ج مَآزِر: کہا جاتا ہے "شَدَّ لِلْاَمْرِ مِئْزَرَه" جب کہ مستعدی ظاہر کرے۔ "نَصْرٌ مُؤَزَّرٌ" پوری مدد۔

اَزِفَ (س) اَزَفًا و اُزُوفًا: قریب ہونا۔

الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ الجُرْحُ: زخم بھر جانا۔

آزَفَهُ اِیزَافًا: جلدی کرانا۔

تَأَزَّفَ. الرَّجُلُ: پست قد ہونا۔ بدخلق ہونا۔

تَأَزَّفَ: قریب قریب قدم رکھنا..... الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

الأَزَف: تنگی و بدحالی اور اسی سے ہے۔ "فِی عَیْشِهِ اَزَفٌ" اس کی زندگی تنگ ہے۔

الآزِفَة: قیامت کا دن۔

الأَزَفِی: تیز قدمی و چستی "یَمْشِی الأَزَفِی" وہ تیز چلتا ہے۔

اَزَقَ: (ن ض) اَزْقًا و آزِقَ: (س) اَزَقًا

باندھنا۔
اَسَرَہ اَسْرًا و اِسَارًا و اِسَارَۃً: قید کرنا۔
تَاَسَّرَ: عَلَیْہِ.....: دیر لگانا۔
اِسْتَاسَرَ: قیدی بننے کے لئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔
الْاَسْر: کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَکَ بِاَسْرِہٖ" یہ کل تمہارے لئے ہے۔
الْاَسَار: تسمہ بایاں۔
الْاُسْر: پیشاب کا رکنا۔
الْاُسْرَۃ: خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج اُسَر۔
الْاَسِیْر: قیدی۔ ج اُسْرٰی و اُسَرَاء و اُسَارٰی و اَسَارٰی۔
مَاْسُوْرَۃٌ: ج مواسیر ہر پوری والا گول چاہے کاٹا ہو یا لوہا یا سیسہ ہو۔
الْاَسْرُب والْاَسْرُوْب والْاُسْرُب: سیسہ۔
الْاِسْطَبْل: اصطبل ج اِسْطَبْلَات
اَلْاِسْطَاطِیْقِیُّ: علم الجمال وہ علم جس میں خوبصورتی کے بارے میں عموماً بحث کرے یا اس شعور کے بارے میں بحث ہو جو جمال دلوں میں ابھارے۔ (یونانی لفظ ہے)۔
اِسْطَرْغُبْن: ایک پودا جس کے پھول سفید یا گلابی یا بنفشی ہوتے ہیں۔
اَلْاِسْطَرْغَانِس: ایک درخت جس سے گوند پیدا ہوتی ہے اور طب میں بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
الْاَسَر: شیشہ۔
الْاَسْرَاب والْاَسْرُوْب والْاُسْرُب: سیسہ۔
الْاِسْطَبْل: اصطبل۔ ج اِسْطَبْلَات۔
الْاَسْطُرْلَاب: ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔
الْاُسْطُقُس وَالْاِسْطُقُس: اصل وعنصر مادہ۔ ج اَسَاطِقَسَات: قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔
الْاُسْطُوْرَۃ: قصہ۔ کہانی۔ ج اَسَاطِیْر۔
الْاُسْطُوْل: جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج اَسَاطِیْل۔
الْاُسْطُوَانَۃ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔

ج اَسَاطِیْن: کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔
اَسِفَ (س) اَسَفًا. عَلَیْہِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت۔ آسِف۔
آسَفَہٗ اِیْسَافًا: غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔
نَاْسُف: افسوس کرنا۔ نَاْسُفَ نِدْہ: پھٹ جانا۔ کہتے ہیں "یَا اَسَفٰی وَیَا اَسَفَا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔
الْاَسُوْف: جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل۔
الْاَسِیْف: غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج اُسَفَاء مؤنث اَسِیْفَۃٌ. الْاَسِیْف: قیدی۔ حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
اَرْض اَسِیْفَۃٌ و اُسَافَۃٌ: وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔
اَلْاَسَافَۃ: افسوس۔ زمین کی نرمی۔
اَلْاَسِیْفَۃ: باندی۔
اَلْاِسْفَنْج: اسپنج۔ واحد اِسْفَنْجَۃ.
اَلْاِسْفَنْد: سفید رائی۔ اسپند۔
اَلْاِسْقَنْقُوْر وَالسَّقَنْقُوْر: ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔
اَلسَّمَوِی: سمندری لمبی مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔
اَلْاِسْکُلَۃ: بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج اَسَاکِل.
اَسَلَ (ک) اَسَالَۃً و اَسَالَ (س) اَسَلًا: نرم ہموار لمبا و ملائم ہونا۔ صفت اَسِیْل: مؤنث اَسِیْلَۃٌ۔
اَسَّلَ. الرُّمْحَ: تیز کرنا۔ انی کی مانند بنانا۔
تَاَسَّلَ. ہٗ: اخلاق وعادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی آسَالِ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسَال: کا مفرد نہیں آتا۔
اَلْاُسَل: پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات واحد اَسَلَۃٌ: تیزی اور ہر تیز اور پتلی تلوار اور چھری۔
اَلْاَسَلَۃ: زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ۔
اِسْتَحَطَّ : نیچے اُترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فُلانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا..... مِنَ الثمن شيئًا : کچھ گھٹانے کو کہنا۔

الحُطَّة والحِطِّيطى. اِسْتَحَطَّهُ وِزْرَه : کا اسم ہے۔

الحُطَيِّط : چھوٹا۔

الحُطَيْطَة : قیمت کی کمی۔

الحُطَيْطَة : کھانسی۔

الحَطاط : مہاسہ۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (خَطاطَة).

الحُطاط : بدبو۔

الحُطُط : نرم و نازک اجسام۔

الحِطّان : بکرا۔

الحَطُوط : اصیل تیز رفتار اُونٹنی۔

روکنا۔(خظلانا) المشی :ٹھہر ٹھہر کر چلنا اور کہا جاتا ہے "ھو یخظل خظلانا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے۔
خظل (س) خظلاً. البعیر :بہت اندراین کھانا۔صفت خظل :جمع خظالی.
اخظل. المکان :بہت اندراین والی جگہ ہونا۔
الخظل والخظال والخظول :بخل کی وجہ سے اپنے اہل وعیال پر تنگی کرنے والا۔
خظا (ن) خظوا :آہستہ چلنا۔
حظی (س) حظوۃ وحظوۃ وحظۃ بالرزق :حصہ پانا۔(..... واحظی) رتبہ والا ہونا۔نصیب والا ہونا۔
أحظاہ :صاحب رتبہ بنانا۔أحظاہ بالمال : مال کا حصہ دینا۔أحظاہ علی فلان : فضیلت دینا۔
الحظ :مص۔حصہ۔
الحظی :صاحب رتبہ۔
الحظوۃ :چھوٹا تیر۔درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی تخت نہ ہوئی ہو۔ج حظاء وحظوات.
الحظۃ :حصہ۔مرتبہ۔ج حظاً وحظاء.
الحظوۃ والحظوۃ :مص۔مرتبہ۔
الحظی :وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔
الحظیۃ. الحظی :کامؤنث۔امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی۔ج حظایا.
الحظا :آہستہ چال۔کہا جاتا ہے "مشی الحظا" :وہ آہستہ چال چلا۔
الحظیۃ :بے پھل کا چھوٹا تیر۔
الحظی :جوں۔واحد (حظاۃ)
الحظی :حصہ ج أحظ وج أحاظ.
حفّ (ن) حفا وحفافا. الشیٔ :چھلکا اُتارنا.....اللحیۃ :مونڈنا یا کترنا۔
الوجہ :بال دور کرنا۔
حفّ (ن) حفا. القوم الرجل وبہ وحولہ: گھیرنا۔حفّہ. بکذا : احاطہ کرلینا.
حفّہ الحاجۃ : ضرورت لاحق ہونا۔
حفّ (ن) حفیفا. الشجرۃ والحیۃ : سرسراہٹ ہونا۔حفّت الارض حفوفا : خشک ہونا.....سمعہ :بہرا ہونا.....اللحیۃ: پراگندہ ہونا۔حفّ الرجل : تیز نظر بدلگانے والا ہونا۔
أحفّ احفافا. راسہ :مدت تک تیل نہ لگانا .....الرجل :برائی سے یاد کرنا۔
حفّف. القوم حولہ وحفّفوہ :احاطہ کرنا۔ گھیرنا.....الرجل :مبتلائے مصیبت وکم مال والا ہونا.....ہ بکذا :احاطہ کرنا۔
إحتفّ. القوم بہ :احاطہ کرنا۔
النبت :کاٹنا.....الشیٔ :چھلکا اُتارنا۔کہا جاتا ہے "إحتفّ جمیع ما فی القدر" : اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھالیا۔
إستحفّ. المال :سارا لے لینا۔
الحافّ :فا۔تیز نظر بدلگانے والا۔سویق حافّ :خشک ستو۔خبز حافّ :سوکھی روٹی ۔بغیر سالن کے روٹی۔کہا جاتا ہے "مالہ حافّ ولا رافّ" :اس کے لئے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت کرے۔
الحفاف :مص۔جانب۔نشان قدم۔کہا جاتا ہے "جاء علی حفافہ" :وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا۔گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال۔ج أحفّۃ": کہا جاتا ہے "کان الطعام حفاف ما اکلوا" :کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا۔
الحفّ :مص۔(.....والحفف) گوشہ۔ نشانِ قدم۔کہا جاتا ہے "جاء علی حفّہ او علی حفافہ) وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔ "وفلان خفّ علی نفسہ".
الحفف :مال کی کمی۔کہا جاتا ہے "طعام حفف" :تھوڑا کھانا۔"ومعیشۃ حفف" تنگ زندگی۔
الحفّ :رانچھ۔دھڑ کی۔
الحفافۃ :گرے ہوئے بال وغیرہ۔بھوسہ کا بقیہ۔
الحفّان :شترمرغ کے چوزے۔واحد (حفّانۃ) توکر چاکر۔بھرا ہوا برتن۔کہا جاتا ہے "إناء حفّان" بھرا ہوا برتن۔وحفّان النعام :شترمرغ کے پر۔
الحفّۃ :پوری فیاضی۔بنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔اونٹ کی مقدار خوراک۔الحفّۃ :گڑھے کے کنارے کی زمین (مولدہ)
المحفّۃ :عورتوں کی پالکی۔تخت رواں۔ اسٹریچر۔
المحفوف. :مفلس محتاج۔
الخفیف :سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ۔
حفأہ (ف) حفأ :پچھاڑنا۔
الحفأ :ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔ واحد حفأۃ.
حفنہ (ن) حفنا :ہلاک کرنا۔گردن توڑ دینا۔حفت الشیٔ :کوٹنا۔
الحفث والحفیث. ج أحفاث. و(الحفاث) ج حفافیث :ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحفث الحفیث. الحفیثۃ) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں۔
الشیٔ :پرندے کے اڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا۔
حفد (ض) حفدا وحفودا وحفدانا واحتفد. فی العمل :جلدی کرنا۔وحفدہ: خدمت کرنا۔
أحفد. الظلیم :تیز دوڑنا۔دوڑنے پر برانگیختہ کرنا۔
الحفبد :پوتا۔ج حفداء.
الحافد :خادم۔تابع۔مددگار۔پوتا۔ج حفدۃ وحفدۃ. الحفدۃ :نقش ونگار کرنے والا۔
المحفد :اصل۔کوہان کی جڑ۔کپڑے کا نقش ونگار۔ج محافد(..... والمحفد) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن۔المحفد:

والا اچھا ہے۔ ج اَحْفاض و حِفاض.
حَفِظَ (س) حِفْظًا. الشَّیْءَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب وخستہ ہونا سے بچانا۔ ..... الکتابَ: زبانی یاد کرنا..... السِّرَّ: چھپانا۔ ..... المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
حَفَّظَهُ. الکتابَ: یاد کرانا۔
حَافَظَهُ حِفاظًا و مُحَافَظَةً. علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا..... عنه: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اِنه لَذُوْ حِفاظ وذُو مَحافَظَة": اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔
اَحْفَظَهُ: غصہ دلانا۔
اِحْتَفَظَ: غضبناک ہونا..... به: یاد کرنا۔ ..... الشَّیْءَ وبه لنفسه: اپنے لئے خاص کرنا۔
تَحَفَّظَ. عنه ومنه: بچنا..... به الکتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
اِسْتَحْفَظَهُ. مالاً اوسِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔
الحِفْظ: مص۔ یاد۔ ہوشیاری۔
الحُفْظَة: نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حُفَظ.
اهل الحَفائظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِیْظَة والحِفْظَة: قابل حفاظت چیز کے لئے غضب وحمیت۔
الحَافِظ: فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافظُ العَیْن": مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفّاظ وحَفَظَة وحافِظون.
الحَافِظ والحَفِیْظ. من الملائکة: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفیظ: محفوظ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الحافِظَة. الحافظ: کا مؤنث۔ یادداشت کی قوت۔
المُحْفِظَة: غصہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات. المُحْفِظات: مصیبتیں۔
حَفَلَ (ض) حَفْلاً وحُفُولاً وحَفِیْلاً الماءُ: کثرت سے جمع ہونا..... القومُ: اکٹھا ہونا..... الدمعُ: بہت ہونا..... الوادی بالسیل: لبالب بھرنا..... السماءُ: بہت برسانا۔ الشَّیْءَ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماحَفَلَهُ وما حَفَلَ به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
حَفَّلَهُ: اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا..... الشَّیْءَ: صیقل کرنا..... الناقة: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔
تَحَفَّلَ. اللبنُ: اکٹھا ہونا..... فلانٌ: آراستہ ہونا..... المَجْلِس: مجلس کا بھر جانا۔
اِحْتَفَلَ. القومُ: جمع ہونا..... المَجْلِسُ بالناس: بھرنا..... الوادی بالسَّیْل: لبالب بھرنا..... الطریقُ: واضح ہونا..... الشَّیْءُ: روشن ہونا..... بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا..... فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَلَ به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
الحَافِل. فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔ وَادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جَمْعٌ حافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقةٌ او شاةٌ حافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّل وحَوافِل.
الحافِلَة. الحافِل: کا مؤنث۔ دارٌ حافِلَة: ہرا بھرا گھر۔ سُوْقٌ حافِلة: بھرا ہوا بازار۔
الحُفَل: مص۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عنده حَفَلٌ مِنَ النّاس": اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمع حَفَل: بڑی جماعت۔
الحَفِیْل: بہت۔ جیسے جمع "حَفِیْلٌ" بہت جماعت "مکانٌ حَفِیْلٌ": بھری ہوئی جگہ۔ "رجُلٌ حَفِیْلٌ": ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔
الحُفُوْل: خوبصورت عورت۔ ج حفائل.
الحُفَال: بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ ردی کھجور۔
الحُفَالَة: ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔
حُفالة الطعام: کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفالةُ اللبن: جھاگ۔
الحَفْلَة. اسم المرّة اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حَفْلَته": اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ وَجاءُوا بِحَفْلَتِهِم وبِحَفْلَتِهِم" وہ سب کے سب آئے۔
الحَفَلی: عام دعوت۔
المَحْفِل: مجلس۔ ج مَحافِل (والمحتفَل) جمع ہونے کی جگہ۔ مُحْتَفَلُ الامرِ: معاملہ کا بڑا حصہ۔
الحُفَلّق: کمزور۔ بے وقوف۔
حَفَنَ (ن) حَفْنًا. الشَّیْءَ: لپ بھر لینا..... له: لپ بھر دینا۔
اِحْتَفَنَ. الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا۔ الشَّیْءَ لنفسه: لینا..... من الشَّیْءِ: بہت لینا..... الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔
الحَفْنَة والحُفْنَة: لپ بھر۔ والحُفْنَة: گڑھا۔ ج حُفَن.
حَفَا (ن) حَفْوًا. فلانا: دینا۔ خفاه من الشَّیْءِ: روکنا۔ منع کرنا۔ حَفاهُ اللّٰهُ به: عزت دینا۔ خفا البَرْق: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا..... شارِبَه: خوب اچھی طرح مونڈنا۔
حَفِیَ (س) حَفًا: زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حَفٍ وحافٍ) ج حُفَاة..... الفرسُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا..... حِفاوَة وحُفاوَة وحِفایة وتَحْفایة واحتفی به: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حَفِیَ عنه: حالت بہت پوچھنا۔
حَافَاه. مُحافاة: گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔
اُحْفِي اِحْفاءً: گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا..... السُّؤالُ: بار بار دہرانا..... ہ:

قیامت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الرِّجْل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ "وھو شجاع حاقة الشجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الاَحَقُّ: اسم تفضیل۔ "ھو احقُّ من فُلان" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے "زید احق بمالہ" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا۔ اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق: مفع۔ کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق: مفع۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ھو محقوق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ھو محقوق ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِی: حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَبَ (س) حَقْبًا واحْقَبَ. المطرُ: رکنا ..... العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ..... المعدن: ختم ہونا ..... نائل فلان: کم اور منقطع ہونا ..... الامر: خراب ہونا۔

اَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

اِحْتَقَبَ. الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔

زیدًا علی نافتہ: پیچھے سوار کرنا (واحتقب) الشیءَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقْب ج حِقاب و (الحَقْب) ج احقاب واحقاب: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب: اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحُقْبَة: مدت۔ سال۔ ج حِقَب وحُقُوب.

الحُقْبَة: ہوا۔

الحِقاب: عورت کے لئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج حُقُب.

الحَقِیبَة: وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کے لئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب.

الحَاقِب: وہ شخص جو پاخانہ نہ روکے ہوئے ہو۔

الاَحْقَب: گورخر۔ مؤنث حقباء.

المُحْقَب: لومڑی۔

حَفَدَ (ض) حِفْدًا وحُفُودًا وحَفِیدَةً. وحَقِدَ (س) حَقَدًا وتَحَقَّدَ. علیہ: کینہ رکھنا۔ صفت (حاقِد) ج حَقَدَة. حَقِد المطرُ: رکنا ..... المَعْدِنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ..... الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔

اَحْقَدَهُ: کینہ ور بنانا ..... الفومُ: ..... کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ. القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

اِحْتَقَدَ. المطرُ: رکنا ..... علی فلان: کینہ رکھنا۔

الحِقْد ج اَحْقاد وحُقُود و (الحَقِیدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود: بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا وحَقَرِیَّةً. ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقُر الشیءُ والرجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِر (س) حَقَرًا وحُقِر (ک) حَقَارَةً: ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِیر وحَقِرو حَیْقَر) حَقَّرَهُ: ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهُ واحْتَقَرَهُ واسْتَحْقَرَهُ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ اِلَیْہِ نفسُہ" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارَة والحُقَارَة والمَحْقَرَة: ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "ھذا الامر مَحْقَرَة لک" یہ امر تمہارے لئے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات: چھوٹے چھوٹے۔

الحَقْطَة: پست قد یا سبک جسم والی عورت۔

الحَیْقُط والحَیْقُطَان: تیتر اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَیْقُطانة.

حَقَفَ (ن) خُقُوفًا. الظبیُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں پیٹھ یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کی مانند ہونا ..... الشَّیءُ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (خَاقِف)

اِحْقَوْقَفَ: لمبا و ٹیڑھا ہونا۔

الحَقِف: دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف وخُقُوف وجِقَاف وخُقَفَة و ج حقانف.

المِخقف: وہ شخص جو نہ کھانے نہ پئے۔

خَقَلَ (س) خَقْلاً وخَقْلَةً. البعیرُ والفرسُ: مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔

خَاقَلَهُ مُخَاقَلَةً: کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔

اَخْقَلَت. الارضُ: قابل زراعت ہونا۔

اَخْقَلَ الزرعُ: پتے چھوڑنا ..... الرجلُ فی الرکوب: سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔

الخَقَل: عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج خُقُول: واحد۔ خَقْلَة.

الخِقَل: ہودج (..... والخَقْلة) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔

الخُقْلة. مثلثة. الخاء: دودھ یا پانی کا بقیہ۔ روی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔

الخَقْلة: بالفتح: حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔

الخَقْلة: بالکسر: پیالہ بھرے سے کم۔

الخَاقِل. فا: کاشتکار۔

المَخْقَلة: کھیتی۔ ج مَخَاقِل.

الحَقِیلة والحُقَال: روی کھجور۔

الحَقِیمان: کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔

حَقَنَهُ (ن ض) حَقْنًا: روک لینا اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَوْلَہ" اس نے پیشاب کو روک

الحَكْر: مص۔ (والحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔
الحَكْر والحُكْر: گراں بیچنے کے لئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُكْرَة: غلہ کی بندش۔
الحَاكُورَة: پائیں باغ۔ (عامیہ)
خَكَشَ (ض) خَكْشًا. الرجلُ: سٹنا۔
خَشِيشَةُ الدِّينَار: امریکہ اور یورپ میں بکثرت پیدا ہونے والا پودہ جس کو شراب، بیئر کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں۔
..... الشَّيْءَ: جمع کرنا..... الرجلَ: ظلم کرنا۔
خَكَفَ (ض) خُكُوفًا. الرجلُ: کام میں سست ہونا۔
حَكَلَ (ن) خَكَلاً وأَحْكَلَ واحْتَكَلَ. الامرُ عليه: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَكُّلٌ: جہالت سے اصرار کرنا۔
الحُكُل: وہ جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ كَلامَ الحُكُل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَكَل. في الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔
الحُكْلَة: جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَكَمَ (ن) حَكْمًا: لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "احكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا..... الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حكمه)..... عن كذا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
حُكْمٌ (ک) حِكْمَةً: دانا ہونا۔
حَكَّمَهُ: حاکم بنانا۔ حكمه في الامر: فیصلہ کرنے کے لئے سپرد کرنا..... عن كذا: لوٹانا اور منع کرنا۔
خَاكَمَهُ: جھگڑا کرنا۔ حَاكَمَه الى الحاكم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا۔
أَحْكَمَ. الشيءَ: مضبوطی سے کرنا۔ أَحْكَمَتْهُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ أَحْكَمَ السَّفِيهَ: کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا..... عن الامر: روکنا، منع کرنا..... الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھئے الحكمه)
تَحَكَّمَ. في الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔
إِحْتَكَمَ. في الامر: پنچ منظور کرنا..... الناسَ الى الحاكم: مقدمہ لے جانا..... على فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا..... في الشيءِ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا..... الامرُ: مضبوط ہونا۔
تَحَاكَمُوا. الى الحاكم: مقدمہ لے جانا۔
إِسْتَحْكَمَ: الامرُ: مضبوط ہونا..... عليه الكلامُ: مشتبہ ہونا۔
الحُكْم: مص۔ فیصلہ۔ ج أَحْكام.
الحَكَم: حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا۔ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ: عمر رسیدہ مرد۔
الحِكْمَة: انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی۔ ج حِكَم.
الحَكَمَة: لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو..... من الانسان: چہرے کے سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔
الحُكُومَة: مص۔ گورنمنٹ۔
الحَاكِم: قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُكَّام و حَاكِمُون.
الحَكِيم: دانا۔ عالم۔ ج حُكَمَاء: مؤنث حَكِيمَة. قصيدة حكيمة: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحكيم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الأَحْكُومَة. تحكم في الامر: کا اسم۔
المَحْكَمَة: کچہری۔ ج مَحَاكِم.
المُحْكَم: مفع۔ آزمودہ (..... والمُحْكِم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔
حَكَى (ض) حِكَايَةً. عنه الكلامَ: نقل کرنا..... الخبرَ: بیان کرنا..... فلانًا: مشابہ ہونا..... الشَّيْءَ: مشابہ بنانا۔ حكى عليه: چغل خوری کرنا..... العقيدةَ: باندھنا۔
أَحْكَى إِحْكَاءً. العقدةَ: باندھنا۔
حَاكَى مُحَاكَاةً. ه: مشابہ ہونا۔
إِحْتَكَى إِحْتِكَاءً. الامرُ: مضبوط ہونا۔
الحَكِيّ: چغل خور۔ (مذکر و مؤنث)
حَلَّ (ن) حَلًّا. العقدةَ: کھولنا۔
إِنْحَلَّتْ. العقدةُ: کھل جانا۔
حَلَّ (ن ض) حُلُولاً. عليه امرُ اللّٰه: واجب ہونا۔
حَلَّ (ن ض) حَلًّا وحَلَلاً وحُلُولاً. المكان وبالمكان: نازل ہونا..... به في المكان: اتارنا۔
حَلَّ (ض) حَلًّا. الشَّيْءُ: حلال ہونا۔ ..... الدينُ: ادائیگی کا وقت پہنچنا۔
اليمينُ: قسم پوری ہونا..... الرجلُ: احرام سے نکلنا۔
حُلَّ. الجامدُ: پگھلایا جانا..... المكانُ: آباد ہونا۔
حَلَّ (س) حَلَلاً: پاؤں پائخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (أَحَلّ) ج حُلّ.
حَلْحَلَ تَحْلِيلاً وتَحِلَّةً وتَحِلاًّ. الشَّيْءَ: حلال ٹھہرانا..... اليمينَ: کفارہ ادا کرنا۔
حَلَّلَهُ بالمكان: اتارنا۔
تَحْلِيلُ الكَهْرَبَائِي: مرکب اجسام کو بجلی والی لہروں کے ساتھ ان کے عناصر کی طرف لوٹانا۔ جیسے پانی کو آکسیجن اور ہائیڈروجن کی طرف لوٹانا۔
أَحَلَّ إِحْلالاً: عہد و میثاق سے آزاد ہونا..... المُحْرِم: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا..... بنفسه: مستحق سزا ہونا۔ أَحَلَّهُ بالمكان او المكانَ: اتارنا..... الشَّيْءَ: حلال کرنا..... عليه الامرَ: واجب کرنا..... النافلةُ على ولدها:

الشافۂ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ اشطُرَہٗ" اس نے زمانے کے اُمورِ خیر و شر کو آزمایا (اشطر: اُونٹنی کے تھن کے باکھ کو کہتے ہیں) کو "حَلَبْتَ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔

"وَمَالَہٗ حلبٌ ولا جَلَبٌ" اس کے لئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

خلبتُ واَحلَبْتُ. الرجلَ: دوسرے کے لئے دوہنا۔ حَلَبْتُہٗ واَحلَبْتُہٗ ناقتی: دوہنے کے لئے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا وحُلُوْبًا واَحلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کے لئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا. الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَہٗ: ساتھ مل کر دوھنا (..... واَحلَبَہٗ) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ وانحَلَبَ. العرق او الدمعُ: بہنا ..... عینُہٗ: آنسو بہانا ..... فمہ: تھوک ٹپکانا۔

اِحتَلَبَ واستَحلَبَ: دودھ نکالنا۔ اِحتَلَبَ الناقۃَ: دوھنا۔ اِستَحلَبَ القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔

الحَلَب: مص (..... والحَلِیب) دوھا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الکَرم وحَلَبُ العِصِیر: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرھم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "ذمٌ حَلِیبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "نَافَۃٌ (حَلُوبٌ) رَکُوبٌ او (حَلُوبَۃٌ) رَکُوبَۃٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اُونٹنی۔

الحَلْبَۃ: ایک بار دوھنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بہ کَضَّ فِی کُلِّ حَلْبَۃٍ من حَلَبَاتِ المَجْدِ" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَۃ: گھوڑے جو دوڑانے کے لئے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات و خلائب.

الحَلْبَتَان: صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوھنے کے ہیں۔)

الحَلَب: ایک درخت جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں۔

الحُلْبَۃ: میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَۃ: زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب: فا۔ ج حَلَبَہ.

الحَالِبَۃ: تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج خَوَالِب خَوَالِبُ البِئر: کنوئیں کا سوت۔ خَوَالِبُ العَین: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔

الحَالِبَان: دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلَاب: دودھ دوھنے کا برتن۔

الحَلَّاب: بہت دوھنے والا۔ "یَوْمٌ حَلَّاب" ٹھنڈا دن۔

الحُلُوب والحَلُوْبَۃ. من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اُونٹنی یا بکری۔ دودھی ہوئی۔ ج حُلُب و حَلَائِب.

الحَلَائِب: جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحَلْبُوب: کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔

الحِلْبَاب: عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب والحُلَّبان والحِلْبَاب والحُلْبُوْب: مختلف نباتات کے نام۔

شاۃ (تِحلَابَۃ وتُحلُبَۃ وتِحلِبَۃ وتَحلِبَۃ وتِحلَبَۃ) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحلَب: دودھ دوھنے کا برتن۔ ج مَحالِبُ.

المِحلَب: دودھ دوھنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب: ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحلِب: فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحلِبٌ مُحلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اُونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوھتا ہے اور نر کو بیچنے کے لئے لے جاتا ہے۔

المُحلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلِبّ: چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلیبۃ.

الحَلْبَس: بہادر۔

الخَلَبَّس: بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِیس: شیر۔

حَلَتَ (ض) خَلْتًا. الراسَ: مونڈنا۔ ..... الصوف: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا ..... الدَّبَنَ: ادا کرنا۔ ..... ظھر الحَبْل: چمٹ کے رہنا۔ بمبلِحِہٖ: پائخانہ کرنا۔

الحُلَاتَۃ: اون کا اکھیڑتے وقت گرا ہوا۔

الاَحلَت: وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحِلِیت: بچ اولہ پالا۔

الحَلِیت والحِلِیت: ہینگ۔

الحِلِیت: ہینگ۔

خَلَجَ (ن ض) خَلْجًا. الخبزۃَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ..... فی المشی: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ..... القومُ لِبَلَدِھم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَانَ القومُ یَخلِجُوْنَ لِبَلَدِھم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ خَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حَلَّاج) اور صفت مفعولی (حَلِیج ومَحلُوج) ..... الحَبْلَ: بٹنا ..... الرجلَ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔

تَخَلَّجَ. الخلوجُ: بادل کا چمکنا ..... فی صدرہ: کھٹکنا۔

اِختَلَجَ. حقَّہٗ: لینا۔

الخَلْجَۃ والخَلَجَۃ: مسافت۔

الحِلَّاجَۃ: دھننے کا پیشہ۔

الخَلُوج: چمکنے والا بادل۔

الخُلُج: بہت کھانے والے۔

الخَلِیجَۃ: دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔

(حَلْقی)..... القومُ بَعْضُهُم بعضًا : ایک دوسرے کو قتل کرنا۔
حَلَقَ (س) حَلَقًا : حلق کے درد والا ہونا۔
حَلْقٌ. الراس : مونڈنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)..... الطائرُ : اُڑنے میں چکر لگانا ..... القمرُ : ہالہ پڑنا..... الشَّیءَ : حلقہ کی مانند بنانا۔
.....الاناءُ مِن الشراب : بھرنا۔
الحوضُ : خشک ہونا..... عَینُ الحیوان : دھنس جانا..... النجمُ : بلند ہونا..... ضرعُ الناقة : دودھ کا خشک ہوجانا۔
أَحْلَقَ. الاناء او الحوض : بھرنا۔
تَحَلَّقَ. القومُ : حلقہ بنا کر بیٹھنا..... القمرُ : ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ. الراس : مونڈنا۔
الحَلْق : مص۔ گلا۔ ج أَحْلاق وحُلُوق وحُلُق. حُلُوق. الارض : نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "أَخَذُوا فِی حُلُوقِ الطَّرِیقِ" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔ الحَلَقُ : بدبختی۔
الحَلْقة : ہر گول چیز۔ زرہ۔ رسّی۔ ج حَلَق وحَلَقات. وحلقة القوم : قوم کا دائرہ..... کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فِی حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض : حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ. البابِ او القوم : دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلْق : بادشاہ کی انگوٹھی بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق : بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ : بے بال کا سر۔
الحَلاق وحلاق : بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة : موت۔
الحِلاق : گلا۔
الحُلاق والحَوْلَق : گلے کا درد۔
الحَلّاق : نائی حجام۔
الحُلاقَة : مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَة : نائی کا پیشہ۔
الحَالِق : فا۔ ج حَلَقَة..... مِن الجبال : بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء مِنْ حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا او "هوی مِن خالق" وہ اُونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ "ضرع حَالِق" بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق وحَوَالِق.
الحَالِقَة. الحالق : کا مؤنث۔ موت۔ برا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق.
الحَالُوق : موت۔
الحَالُوقَة. مِنَ السیوف او الرجال : تیز۔
الحَوْلَق والحَیْلَق : بلا ومصیبت۔
الحَوْلَقَة " لا حول ولا قوة إلا بالله" کہنا۔
الحَلِیق : مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعر حَلِیق ولِحیة حَلِیق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلْقی.
المِحْلَق : اُسترہ۔ سخت کمبل۔
الجِلْفِد : بدخو۔
حَلْقَمَه : گلا کاٹنا۔
الحَلْقُوم : گلا۔ ج حَلاقِیم.
خَلِکَ (س) حُلُوکَةً وخَلَکًا وحُلُوکًا واحْلَوْلَکَ واسْتَحْلَکَ : سخت سیاہ ہونا۔ صفت (خالِک وحَلِک)
الحَلَک والحُلْکة : سخت سیاہی۔
الحَلَکَةُ والحَلْکاءُ والحُلْکاءُ والحَلَکاء والحُلَکاءُ والحُلَکیّ.
الحُلَکُوک والحُلَکْلِک : سخت سیاہ۔
الحَلْکَم : سیاہ۔
الحَلْکَمه : سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلْمًا وحُلُمًا. فی نومه : خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَ بِهِ" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبیُّ و(احْتَلَمَ) بالغ ہونا۔ (..... حَلَمًا)
الجلد کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا : درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَماء وأَحْلام : مؤنث حَلِیمة.
خَلِمَ (س) حَلَمًا. الجلد : خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم وحَلِیم)
أَحْلَمَتِ. المَرأةُ : حلیم وبردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهُ تَحْلِیمًا وحِلَّامًا : بردبار بنانا۔ حَلَّمَ الجلدَ : کیڑے نکالنا..... القِربة : بھرنا۔
تَحَلَّمَ : بردبار بننا..... الحِلْم : بردباری سے کام لینا..... الرجلُ : موٹا ہونا۔ تَحَلَّمَت القربةُ : پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ : تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِنْحَلَمَ واحْتَلَمَ. فی نومه : خواب دیکھنا۔
الحِلْم : صبر وآہستگی۔ بردباری اور کبھی جہل وبے وقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَإِنَّ سَفَاهَ الشیخ لا حِلْمَ بَعْدَهُ" عقل۔ ج أَحْلام وحُلُوم : کہا جاتا ہے "تَأْمُرُهُمْ أَحْلامُهُمْ بِهٰذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم : مص۔ خواب۔ ج أَحْلام اور کہا جاتا ہے "هٰذه أَحْلامُ نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَة : سرپستاں۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم.
الحَلِیم : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔
حَلَا (ن) وحَلْوَ (ک) وحَلِیَ (س) حَلاوَةً وحُلْوانًا : میٹھا ہونا..... الفاکهةُ : پختہ ہونا حَلَا الشَّیءُ : لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے "حَلِیَ فی عینی وبعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلَا مِنه بخیر : خیر ومنفعت حاصل کرنا۔
حَلَاهُ (ن) وحَلْوَ او حُلْوانًا : تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه کذا او بکذا" دینا کہا

الحَمِيْم : قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج أحِمَّاء : گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھوئی دی جائے۔ ج حَمَائِم. الحَمِيْم: گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "هو حَمِيْمٌ بالحاجَةِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔

الحَمِيْمَة. حمیم : کا مؤنث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اُونٹ۔ ج حَمَائِم.

الأحَمُّ : بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمّ.

المِحَمُّ : پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمُّ : قریب۔

المُحَام : ثابت۔

المَحْمُوم : بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل به القضاءُ المَحْمُوْمُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔

المُسْتَحَمُ : غسل کرنے کی جگہ۔

حَمْأً (ف) حُمْأً. البئر : کنوئیں سے کیچڑ نکالنا۔

حَمِئَ (س) حَمْأً وحَمَأً. الماءُ : پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔ صفت۔ حَمِئٌ.

أحْمَأ. البئرَ : کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔

الحَمْء والحَمْأ. والحمو والحما بالهمزة : عورت کا خسر۔ شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔ جیٹھ۔ خسر۔

الحُمَأ والحُمَأة : کیچڑ۔

حَمَئَهُ (ض) حَمْئًا. اللّٰه علیه.

حَمِئَ (س) حَمَأً. الجوزُ وغیرہ : اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔

حَمُتَ (ک) حُمُوْتَةً. اليومُ : دن کا سخت گرم ہونا۔

تَحَمَّتَ. اللونُ او الطَّعْمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔

الحَمْتُ : مص۔ يَوْمٌ حَمْتٌ : سخت گرم دن۔ نمر (حَمِتَتْ وحَامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔

الحَمِيْت. من اللون او الطعم : خالص و صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے "تَمْرٌ حَمِيْتٌ وغَسَلٌ حَمِيْتٌ" اچھے رنگ والی کھجور۔ خالص شہد۔ غَضَبٌ حَمِيْتٌ : سخت غصہ۔

حَمَّحَتْ. العينُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

حَمَّحَ الوَجْهَ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔

حَمْحَحَ إلَيْه : تیز نظر سے دیکھنا..... عینه: گھور کر دیکھنا۔

الحَمُوْح : ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔

حُمْحُم وتَحَمْحُم. البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا۔ تُحَمْحُمٌ : کالا ہونا۔

الحَمْحَاحِم : چوڑے پتے کا پودینہ۔ واحد (حَمَاحِمَة)

الحَمْحَم والحُمْحُم : ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان۔ واحد (حَمْحَمَة وحُمْحُمَة).

حَمِدَهُ (س) حَمْدًا ومَحْمَدًا ومَحْمِدًا ومَحْمَدَةً ومَحْمِدَةً : فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا.....ه علی امر : بدلہ دینا.....

الشَّيءُ : قابل تعریف پانا اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ إلَيْكَ اللّٰهَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔

حَمَّدَ. اللّٰهَ : بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔

أحْمَدَ : قابل تعریف کام کرنا..... الشَّيءُ : قابل تعریف ہونا..... الشَّيءَ : قابل تعریف پانا.....ه : فعل پر راضی ہونا۔ تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔

تَحَمَّدَ. بالشَّيءِ على فلان : احسان جتانا اور کہا جاتا ہے "يَتَحَمَّدُ الناسَ بفَضْلِهِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔

اِسْتَحْمَدَ. اللّٰهَ الى خلقه : مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا۔

اَلْحُمْدُ : مص۔ تعریف۔ تعریف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "رجل حَمْدٌ وامرأة حَمْدَةٌ" تعریف کیا ہوا مرد تعریف کی ہوئی عورت۔

حَمادِ لَه. : بمعنی حمدَ اللّٰهَ.

الحَمَاد : غایت۔ انتہائی کوشش۔ کہا جاتا ہے "حُمَاذَاكَ أوْ حُمَاذَاكَ أنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَمَّاد والحُمَدَة : بہت تعریف کرنے والا۔

المَحْمَدَة : قابل تعریف کام۔ ج مَحَامِد.

المُحَمَّد : بہت عمدہ خصلتوں والا۔ نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی۔

الحَمِيْد والحَمُوْد : تعریف کرنے والا۔ تعریف کیا ہوا۔ مؤنث حَمِيْدَة.

الحُمَدَة : بہت تعریف کرنے والا۔

حَمَدَةُ النار : آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمِرَ (س) حَمَرًا. الفرسُ : بدمضبی والا ہونا یا بدیودار منہ والا ہونا۔ صفت (حَمِرٌ)..... الرجلُ : غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔

حَمَّرَ. الجلد : بُری دباغت دینا۔ الشَّيءَ : سرخ رنگنا.....ه : کسی کو اے گدھے کہنا۔

أحْمَرُ : سرخ بچہ والا ہونا..... الدابةَ : چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جانے۔

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا : سرخ ہونا۔

اِحْمَارَّ اِحْمِيْرَارًا : بتدریج بہت سرخ ہونا۔

ابْحَمَرَّ. ما على الجلد : کھرچا جانا۔

الحُمَّر : ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر : کہتے ہیں (..... والحُمَر) ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرَة وحُمَرَة)

الحُمْرَة : سرخ رنگ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔

حَشِيْشَةُ الحُمْرة : ایک قسم کا زہریلا پودہ۔

الحِمار : گدھا۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ اہلی اور جنگلی۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش وحمار الوحش والحمار الوحشي کہتے ہیں۔ ج حَمِير وأحْمِرَة وحُمُر وحُمُرات :..... حمارة ج حَمَائِر

بِـــهِ :خواہش کرنا۔(..... واَحْـمَـضَ وحَمَّضَ) الجملُ :نمکین وکڑوے پودے چرنا۔حَـمَّضَ واَحْـمَضَ الابلَ :نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَـمِّضْ لَنَا فی القریٰ" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی۔حَـمَّضَ واَحْـمَضَ الشَّیْ : کھٹا کرنا.....الشَّـیْ عَـنـہ : پھیر دینا۔ اَحْـمَـضَ الـمـکـانُ :بہت نمکین وکڑوے پودے والی جگہ ہونا۔صفت (مُحْمِض)

تَحَمَّضَ . الرجلُ :ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الـحَـامِض :فا۔کہا جاتا ہے "ھو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔"وحَـامِض الرئتین" کڑوے سانس والا۔

اَلْحَامِض :(ک) ہائیڈروجن والی مرکب یہ نمک سے تبدیل ہو جاتا جب ہیڈروجن کسی کان کے ساتھ ملایا جائے۔حوامض کا ذائقہ سرکہ یا پھٹکڑی کی طرح ہوتا ہے۔

الـحَـامِضَـة . الحامض :کا مؤنث۔کسی چیز کی خواہش۔کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الـحَـمْـض :کڑوا و نمکین پودہ۔واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض.

اَلْـحَـمْـض اَلانِیْک :اسٹیک ایسڈ (سرکہ میں) Ch3cooH

زَیْتُ زَاج :پھٹکڑی تیل۔الـحـمـض النتریک :NO3H نائٹروجن پر اکسائیڈ ڈائنامیٹ کے جوڑنے میں استعمال ہوتی ہے۔

الکبریت :گندھک۔الحمض الکوریدریک : ہائیڈروکلورک ایسڈ H . C . L الحمض امتر ایک :سٹرک ایسڈ C.H.O۔

الـحَـمْضَة :کھانے کی خواہش۔کہا جاتا ہے "فؤاد حمض' ونفس حَمِضَة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا نفس۔

الـحُـمَّاض :ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔اس کی دو قسمیں ہیں۔ترش اور کڑوی اور اس کو حُـمَّیْضَـہ بھی کہتے ہیں۔واحد (حُـمَّاضَـة) ترنج۔حُـمَّاض الـکَبَّاد :ترنج کا اندرونی حصہ۔

الاِحْمَاض :مص۔دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔سنجیدگی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔

الـحَـمِـضَـة ج حُـمُـض و(الـمَـحْـمَـض والمُحْمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔

المُسْتَحْمِض . من اللبن :دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَهُ (ض) حَمْطًا :چھلکا اُتارنا۔

حَمَّطَ الکرمَ :انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔

..... الشَّیْ :چھوٹا کرنا.....الرجلَ :ہلکا مارنا اور اسی سے مثل ہے "اِذا ضَـرَبْـتَ فَلَا تُحَمِّطْ" جب مارو تو ہلکا مت مارو۔

الـحَـمَاطَة :گلے کی سوزش۔انجیر کے مشابہ ایک درخت اور بقول بعض گولر۔دل کا نقطہ۔دل کا خون۔ج حَمَاطٌ و حَمَائِط.

حَـمْـطَـرَ . الـقِـرْبَةَ :بھرنا.....الـقَـوسَ :چلہ کھینچنا۔

حَمَظَهُ (ن) حَمْظًا :نچوڑنا۔

حَمْظَلَ :اندرائن چننا۔

الحَمْظَل :اندرائن۔

حَـمِـقَ (س) وحَـمُـقَ (ک) حُـمْـقًا وحُـمُـقًا وحَمَاقَةً :بے وقوف ہونا۔صفت (اَحْمَق) مؤنث حَمْقَاء. ج حُمْق وحُمُق وحَـمْـقٰی وحِـمَاق وحَماقی وحُمَاقِی.

(ک حماقة) السوق :منداپڑنا۔

حُمْقَة :بے وقوف کہنا۔

اَحْمَقَه :بے وقوف پانا۔اَحْـمَـقَتِ المرأة : بے وقوف بچے جننا۔صفت (مُـحْـمِـق ومُحْمِقَة)

حَامَقَه :بے وقوفی میں مدد دینا۔

تَحَامَقَ وتَحَمَّقَ :تکلف بے وقوف بننا۔

اِنْـحَـمَقَ :بے وقوف ہونا.....السوق :منداپڑنا.....الثوبُ :بوسیدہ ہونا۔

اِسْـتَـحْـمَقَ :بے وقوف ہونا.....ہ :بیوقوف سمجھنا۔

الـحُـمْـق :مص۔کم عقلی۔بے وقوفی۔ شراب۔نَوْمَةُ الحُمْق :ظہر کے بعد کی نیند۔

الحَمِق :بے وقوف۔کم داڑھی والا۔

الحُمَاق والحَمَاق والخمِق والحُمَیْقی والحُمْبُقَاء :ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ ہوتی ہے۔

البَقْلَة الحَمْقَاء وبَقْلَةُ الحَمْقَاء :خرفہ کا ساگ۔

الـحَـمُـوقَة والحُمَّیْقَة والاُحْمُوقَة :بہت بے وقوفی والا۔

المُـحْـمِـقَات :وہ راتیں جن میں اوّل سے آخر تک چاندنی رہے۔

حَمَلَ (ض) حَمْلًا وحُمُلَانًا. الشَّیْ علی ظهرِهٖ اٹھانا.....الـغُـضْـبُ :غصہ ظاہر کرنا .....عَـلٰی نـفـسِـہ فی السَّیْر :چلنے میں مشقت اٹھانا۔حَـمَّلَهٗ عَلَی الاَمْر :اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔حمل عنہ :بردبار ہونا..... الشَّیْ علی الآخر :ایک کا حکم دوسرے پر لگانا.....الـمَـرْأَةُ :حاملہ ہونا.....الشجرةُ پھل دار درخت ہونا.....الـقـرآنَ :یاد کرنا .....الـعِـلْـمَ :روایت کرنا۔نقل کرنا۔ (.....حملةً) فی الحرب علیهم :حملہ کرنا (.....حَمَالَة) بہ :ضامن ہونا۔

حَمَلَهٗ واَحْمَلَهٗ. الحِمْلَ :بوجھ اٹھانے میں مدد کرنا۔

حَمَّلَهٗ تَحْمِیلًا وحِمَّالًا. الشَّیْ :اُٹھوانا۔ تَـحَـمَّـلَـهٗ تَـحَـمُّلًا وتِحِمَّالًا :اٹھانا..... الامرَ :برداشت کرنا.....الـقَـومُ :کوچ کرنا .....الرجلُ :بہادر بننا۔

تَحَامَلَ. فی الامر وبالامر :باوجود مشقت کے اپنے ذمہ لینا.....علٰی فلان :ظلم کرنا۔ طاقت سے زیادہ کام کو کہنا.....عنہ :اعراض کرنا۔

اَلَیْهِ :متوجہ ہونا.....الشیخ فی مَشْیِہٖ :چلنے میں گرانبار ہونا.....علی نفسہ :باوجود

کل شی : شدت وتیزی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَدِیْدُ الْحُمَّیٰ" وہ بہت خوددار ہے۔
الحُمَة : زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات وحُمَی.
حُمَّةُ البرد: سردی کی شدت۔
الحامی : فا۔ شیر۔ کتا۔ ج حُمَاة وحَامِیة: نر اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اس کے بال کترتے تھے۔
الحَمِیُّ : وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔
الحامِیة. الحامی : کا مؤنث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لئے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوَامِی.
الحَامِیة : پایہ دیگدان۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے۔
حَنَّ (ض) حَنِیْنًا: خوشی یا غم سے آواز نکالنا ..... القوس کمان سے آواز نکلنا..... اِلَیْہ : مشتاق ہونا (..... حَنَّة وحَنَانًا) علیہ : مہربان ہونا۔ صفت (حَنُوْن)
حَنَّہ (ن) حَنًّا : پھیرنا۔ بازر کھنا۔ تم کہتے ہو "حُنَّ عنی شرک" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔ حَنَّ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔
اَحَنَّ. القوسَ : کمان سے آواز نکالنا..... الرجلُ: غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ. علیہ : رحم کرنا۔
تَحَانَّ واِسْتَحَنَّ. اِلَیْہ : مشتاق ہونا۔
اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا : طرب کو بڑھا دینا۔
الحَانّ : فا۔ بہت خوش ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ حَانَّة ولا آنَّة" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
النَّحْنَان : رحمت ومہربانی۔
الجِنُّ : جنوں کا ایک گروہ۔
الحَنَان : روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے "حنانیک وحنانک یا ربِّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔ "وحَنَانُ اللّٰہ" اللہ کی پناہ۔
الحَنَّان : مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔ سہم حَنَّان : آواز نکالنے والی کمان۔ طَرِیْقٌ حَنَّان: واضح راستہ۔
الحِنَّان : مہندی۔
حَنَأَ (ف) حَنْأً. المکانُ: سرسبز ہونا۔ صفت (حانی) اور خانی: کا کلمہ اَخْضَر کے لئے بطور تاکید کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اَخْضَر حَانِی" جیسے اَسْوَد حَالِک. اَصْفَر فَاقِع. اَبْیَض نَاصِع. اَحْمَر قَانِی.
حَنَّاہ تَحْنِیْئًا وتَحْنِیَةً : مہندی سے رنگنا۔
تَحَنَّأَ بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنَّاء : مہندی۔ واحد حِنَّائَة. ج حُنَّان.
ابو الحِنَّاء: ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔
حَبَبَ (س) حَبًّا وحُبًّا وتَحَبَّبَ
الشیخ : کبڑا ہونا۔ حَبَبَہ الکِبَر : جھکا دینا۔
تَحَبَّبَ عَلَیْہ : مہربان ہونا۔
حَبَرَ حَبْرَةً. البردُ : سخت ہونا۔
الحَبَر : پست قد۔
حَنْبَلَ : لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔
تَحَنْبَلَ : سر جھکانا۔
الحُنْبُل : لوبیا۔
الحَنَابِل. مِن الاوتار : مضبوط اور موٹی تانت۔
الحَنْبَل : موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔
الحِنْبَال : فربہ پُر گوشت۔ بہت بولنے والا۔
الحِنْبَالَة : سمندر۔ بہت بولنے والا۔
الحَانُوْت : دکان۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ (مذکر ومؤنث) ج حَوَانِیْت. نسبت کے لئے (حَانِیّ وحَانَوِیّ)
حَنِثَ (س) حِنْثًا: باطل کی طرف مائل ہونا ..... فی یمینہ : قسم توڑنا۔
اَحْنَثَہ : قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ : گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا مِن کذا : توبہ کرنا۔
الحِنْث : مص۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث: کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ" لڑکا بالغ ہو گیا۔
المَحَانِث : گناہ کے مواقع۔
حَنَجَہٗ (ض) حَنْجًا: جھکانا..... الحبلُ: مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَةٌ: پیش آنا۔
اَحْنَجَ. الشَّیْءَ : جھکانا..... الخبزَ: پوشیدہ کرنا..... الکلامَ : رخ پھیر دینا..... الشَّیْءُ : جھکنا..... الرجلُ: تیر چلتے ہوئے پیچھے کی طرف نظر ڈالنا۔
اِحْتَنَجَ. الشَّیْءُ : جھکنا۔
حُنْجُرَتِ. العبدُ : اندر کو دھنسنا۔ خنجرة : ذبح کرنا۔
الحَنْجَرَة الحُنْجُوْر : نرخرہ۔
الحُنْجُوْر: شیشے کا ایک برتن جس میں مرہم یا دوا رکھی جاتی ہے۔
حَنْحَنَ. علیہ : خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں حَنْحَنَ البُندق اوالجوز ونحوھما : جبکہ گری خراب ہو جائے۔ فصیح لفظ خبث ہے۔
الحِنْدِس : سخت تاریک رات۔ تاریکی۔ ج حَنَادِس. الحَنَادِس : مہینے کی بائیسویں تیئسویں چوبیسویں راتیں۔
الحِنْدَقُوْق والحَنْدَقُوْق والحَنْدَقُوْقِی والحِنْدَقُوْقِی : ایک قسم کی نباتات کا نام۔ لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا وتَحْنَاذًا. اللحمُ: بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیْذ)
(..... حَنْذًا وحَنَاذًا) الفرسَ : پسینہ لانے کے لئے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوْذ وحَنِیْذ) حَنَذَتْہُ الشمسُ: جھلس دینا۔
اَحْنَذَ : شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم ملانا ..... اللحمَ : پکانا۔

خوراک والا ہونا۔
الحَانِک: فا۔ اَسْوَدُ حَانِک: سخت سیاہ۔
الحُنُک والحِنک والحُنکَة: تجربہ۔
الحَنَک: تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَکُ الغُراب: کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ مِنْ حَنَکِ الغُرَابِ" کوے کی چونچ سے کالا۔ ج اَحْنَاک۔ الحَنَک: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔ چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَکَة)
الحُنَک: عقل مند تجربہ کار مرد۔ مؤنث حُنَکَة۔
الحِنَاک. ج حُنُک و (المِحنَک)
المُحَنِک: تجربہ کار۔
حَنْکَلَ. فِي الشَّیْءِ: گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔
الحَنْکَلِیس: ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجِرِیُّ ہے۔
حَنَا (ن) حَنْوًا وحَنَی (ض) حِنَایَةً. الشَّیْءُ: موڑنا۔ حَنَا الحَنِیَّةَ ای القوس: کمان بنانا۔
حَنَا (ن) حُنُوًّا واَحْنَی. علیه: مائل ہونا۔ حَنِیَ فَحِنِیَّةً. الشَّیْءُ: موڑنا۔
نَحْنَی: ٹیڑھا ہونا.... علیه: مہربانی کرنا۔
اِنْحَنَی: ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔
الحَانِیَة: ج الحَوَانِی و (الحَانَاة والحَانُوت) دکان۔ مالک دکان۔ الحَانِیَة: بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔
الحَانَوِی والحَانِی: سب سے لمبی پسلی۔
الحَانِیَة: شراب۔ الحَانِی: کا مؤنث۔ شراب بیچنے والے۔
الحِنْو والحَنْو: بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِنْوُ الشَّیْءِ: چیز کا پہلو۔ وحِنْوُ السَّرْج: زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج اَحْنَاء وحُنِیّ وحِنِیّ واَحْنَاءُ الاُمُوْر: متشابہات امور۔

الحَنِیَّة: کمان..... مِنَ البناء: کمان کی مانند خم دار۔ ج حَنَایَا و حَنِیّ.
الاَحْنَی: کبڑا۔ مؤنث حَنْوَاء: کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔
المَحْنِیَة والمَحْنُوَة والمَحْنَاة ج محان: وادی کا موڑ۔
المُنْحَنَی: وادی کا موڑ۔
حَابَ (ن) حَوْبًا وحُوْبًا حُوْبَةً وحَابًا وحِیَابَةً. بکذا: گنہگار ہونا۔
اَحْوَبَ اِحْوَابًا: گناہ کی طرف مائل ہونا۔
تَحَوَّبَ: گناہ سے بچنا..... منه: دردمند ہونا..... فی دُعائه: گڑگڑا کر دعا کرنا۔
اِسْتَحْوَبَ: دردمند ہونا۔
الحَوْب والحُوْب: غم وحشت (الحَوْب والحُوْب والحُوْبَة والحاب والحَابَة) گناہ۔ الحَوْبَة: ماں باپ۔ بہن بیٹی۔
الحَوْبَة والحِیَبَة والحُوْبَة: ماں کی جانب سے قرابت۔ کہا جاتا ہے "لی فیهم حَوْبَة" میری ان سے ننھیالی رشتہ داری ہے۔
حاجت۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "بات بِحُوْبَةِ سُوْءٍ" اس نے بری حالت میں رات گزاری۔ الحَوْبَة: ماں کی مامتا۔ بیوی۔ باندی۔
الحُوْبَة: کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "اِنَّما فُلانٌ حُوْبَةٌ" فلاں شخص کمزور ہے نہ اس سے خیر کی اُمید ہے نہ شر کا خوف۔ و "اِنَّ لی حُوْبَةً اَعُوْلُهَا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں۔
الاَحْوَب: گنہگار۔ مؤنث حَوْبَاء.
الحَوْبَاء: نفس۔ ج حَوْبَاءَات.
المَحْوُوب والمُحَوَّب: وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے۔
حَاتَ (ن) حَوْتًا حَوْتَانًا. الطیر او الوحش علی الشَّیْءِ: منڈلانا۔
حَاوَتَهُ: مکر وفریب سے کام لینا۔ دھوکا دینا

.....ه عن کذا: مدافعت کرنا۔
الحُوْت: مچھلی۔ عموماً بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج حِیتَان و اَحْوَات وحِوَتَة: آسمان کے ایک برج کا نام۔
الحَوْتَاء: موٹی کمر والی عورت۔
اَحَاثَ اِحَاثَةً. الاَرْضَ: زمین کھود کر الٹنا پلٹنا..... الشَّیْءَ: کالنا۔ کہا جاتا ہے "نوکهم (حَوَتْ بَوَتْ او حِیتَ بِیتَ اَوْحَاثِ بَاثِ او حَوِّثْ بَوِّثْ) یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا۔
الحَوْثَاء: جگر اور اس کے آس پاس کے حصے۔ موٹی عورت۔
الحَوْث: جگر کی رگ۔
حَاجَ (ن) حَوْجًا: محتاج ہونا۔
حَوَّجَ. بِه عن الشَّیْءِ: کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا۔
اَحْوَجَ. اِلَیْه: محتاج ہونا..... ه: محتاج بنانا۔
تَحَوَّجَ: حاجت طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یتحوج" فلاں حاجت طلب کرنے کے لئے نکلا۔
اِحْتَاجَ. اِلَیْه: محتاج ہونا۔
الحَاج: ایک قسم کا کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔
الحَوْج: مص۔ سلامتی۔ کہا جاتا ہے "حَوْجًا لک" یعنی تمہارے لئے سلامتی ہو۔
الحُوْج: فقر وفاقہ۔
الحَوْجَاء: حاجت ضرورت اور اسی سے ہے۔ ما کان فی نفسه حَوْجَاء ولا لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاءٌ ولا لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں۔ "و کلمته فما رَدَّ حَوْجَاءَ ولا لَوْجَاء" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔
الحَاجَة: ضرورت۔ سوال۔ ج حَاج و حَوْج وحَاجَات وحَوَائِج: اخیری جمع حَائِجَه کی تقدیر پر ہے۔ مبالغہ کی غرض سے حَاجَةٌ حَائِجَة کہا جاتا ہے۔
المَحَاوِیج: محتاج لوگ۔

الحَوْز: وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ لیلۃ الحوز: پانی کی طرف اونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔

الحَوْزی: اونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا۔ کالا۔

الحَیز والحَیز: جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا فی حیز المتواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔

الحَوْزاء: لڑائی۔

الحُوَیزاء: ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔

الاحوَزی: ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کار گزار۔

الحَوَّاز. الحانز: کامبالغہ اور اسی سے ہے "الاثم حَوَّازُ القلوب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدمی غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔

الحُوَّاز: بڑے بڑے گھریلے۔

حَاسَ (ن) حَوْسًا. القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا..... الذئبُ الغنمَ: درمیان میں آ کر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأۃُ ذیلَھا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا..... الجوّارُ الإھابَ: قصائی کا کھال کو اُتارنا۔

حَوِسَ (ن) حَوَسًا: دلیر و بہادر ہونا۔ سخت (أحوس)

تَحَوَّسَ: دلیری دکھلانا..... فی الکلام: گفتگو کے لئے تیار ہونا..... للشیء: دردمند ہونا۔

اِستَحوَسَ اِستِحوَاسًا: رکنا۔ دیر کرنا۔

الأحوَس: دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک اپنی حاجت پوری نہ کر لے۔ بھیڑیا۔ ج حُوَس.

الحَوُوس: لوگوں کو بہت قتل کرنے والا۔ بہادر۔

الحُوَاسَۃ: غنیمت۔ حاجت (..... والحُوَبَساء) قرابت۔ رشتہ داری۔

حَاشَ (ن) حَوْشًا. الابلَ: جمع کر کے ہانکنا (واَحَاشَ) اِحَاشَۃً واَحوَشَ اِحوَاشًا واستَحوَشَ اِستِحوَاشًا) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ واَحوَشَ واَحَاشَ علیہ الصیدَ واَحوَشَہٗ اِیَّاہُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔

حَوْشَۃ: بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجل: دلیری دکھانا۔ تیاری کرنا۔

حَاوَشَہٗ. علی الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَوَّشَ. عنہ: علیحدہ ہونا..... منہ: شرم کرنا..... المرأۃُ من زوجھا: بیوہ ہونا۔

اِنحَاشَ: اکٹھا ہونا..... عنہ: بھاگنا۔ بدکنا..... لہ الصیدُ: شکار کا خود آنا۔

تَحَاوَشُوا. عَلَیہ: اپنے درمیان میں کر لینا۔

اِحتَوَشَ القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحتَوَشَ القومُ الرجل وعلیہ: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا۔

الحَوْش: بازہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔

الحَوَاشَۃ: باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔

الخابش: ناخابش الشجر: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوشٌ) الفؤاد: ذکی و تیز فہم مرد۔

الحُوشِیُّ: من الکلام: نادر و غریب کلام

رجل حُوشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوشِی: تاریک رات۔

حَاصَ (ن) حَوْصًا. وحِیَاصَۃً. الثوبَ: دور دور سینا۔ حَوْلَہٗ: منڈلانا..... بینھما: تنگ کرنا۔

حَوِصَ (س) حَوَصًا: تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (أحوَص) مؤنث حَوصَاء ج حُوص واَحَاوِص.

حَاوَصَہٗ: چپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا۔

اِحتَاصَ اِحتِیَاصًا. فی امرہ: احتیاط کرنا۔

الحَوَص: مص۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لَاَطعَنَنَّ فِی حَوَصِک" جو تم نے سیاہے اُس کو میں ادھیڑ دوں گا اور جس کو تم نے درست کیا ہے اس کو بگاڑ دوں گا۔ "وما طعنتَ فی حَوصِہٖ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ و "دخلَ فی خوص الناس" وہ لوگوں کے باطن اُمور میں داخل ہوا۔

الحِیَاصَۃ: جانور کا تنگ۔

الجَوَاص: لکڑی کی سوئی۔

الخَوَص: چھوٹی آنکھیں۔

حَوصَلَ. الطائرُ: پونا بھرنا..... الجنطۃ: اکٹھا کرنا۔

الحَوصَل والحَوصَلَۃ والحَوصَلَّۃ والحَوصلاء: پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوضًا: حوض بنانا..... الماء: جمع کرنا۔

حَوَّضَ: حوض بنانا..... حولَ الامرَ: گھومنا چکر لگانا۔

اِحتَاضَ وتَحَوَّضَ: حوض بنانا۔

اِستَحوَضَ. الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوض: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج اَحوَاض وحِبَاض وحِیَضَان. حَوض الاذُن: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّض: درخت کے اردگرد پانی کا گڑھا۔ تھالا۔

حاطَہٗ (ن) حَوطًا وحِیطَۃً وحِیَاطَۃً: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا..... بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَہٗ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

الساحَۃ: گرداگرد دیوار بنانا..... الحائط: دیوار بنانا..... حَولَ الامرَ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حَاوَطَہٗ: کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحَاطَ واِحتَاطَ. بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا

کام کو منحصر کر دینا۔
اَحْوَل. الصبیُّ: یک سالہ ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْوَلَهُ وما اَحْيَلَه" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وهُوَ اَحْوَلُ مِنْكَ واَحْيَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔
تَحَوَّلَ. عنه: پھر جانا..... الرَجُلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا..... فی الامر: حیلہ وحکمت سے کام کرنا۔
اِحْتَالَ اِحْتِيَالاً: حیلہ کرنا..... الشیٔ: ایک سال کا ہونا..... عَلَيْهِ بالدَّيْنِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔
اِحْتَوَلَه. القومُ: گھیر لینا۔
اِحْوَلَّتْ: عینُهٗ: بھینگی ہونا۔
اِحْوَالَّ. الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار اُگنا۔
اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً: ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا..... القوسُ: ورتی کے بعد کج ہونا..... فلانٌ الشیٔ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔
اَلْحَوَانِی: سب سے زیادہ طویل پسلیاں اس واسطے کہ ان میں ٹیڑھا پن ہوتا ہے۔
اَلْحَوْضِيَّةُ: پھول کا نام جو کہ بڑے جسم والا متعدد رنگوں والا ایک ستارہ کی شکل پر ہوتا ہے۔
اَلْحَوَالَةُ: ایک شخص کی طرف سے دوسرا قرض کی ادائیگی کرے۔ اس کی کئی اقسام ہیں:
(۱) حَوَالَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ: منی آرڈر۔ (۲) حَوَالَةٌ مَصْرَفِيَّةٌ: بنک ڈرافٹ۔ (۳) حَوَالَةٌ بَرْقِيَّةٌ: ٹیلی گراف منی آرڈر۔ (۴) اَلْحَوَالَةُ الْمُسْطَرَةُ: کراس چیک۔ (۵) اَلْحَوَالَةُ الْمُعْتَمِدَةُ: ایل سی۔ طرفین کے اعتماد کے بغیر رقم نہ ملے۔ (۶) اَلْمُوقَعَةُ عَلَى بَيَاضٍ: بلینک چیک۔
اَلْحَالُ: کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر ومؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ مَتْنِ الفرسِ: گھوڑے کی پشت کا درمیان۔ ج

اَحْوَال واَحْوِلَة.
حَالَةُ. الشیٔ: کیفیت۔ حالت ج حالات.
حَالَاتُ الدَّهْرِ: زمانہ کی گردشیں۔
اَلْحَوْلُ: مص۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لَاحَوْلَ ولَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ ہوشیاری۔ دور بینی۔ سال۔ ج حُوُول واَحْوَال.
اَلْحَوْلِيُّ: ایک سالہ بچہ۔ ج حَوْلِيَّات اور اسی سے ہے "حَوْلِيَّاتُ زُهَيْرٍ" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم وترتیب وتہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔
اَلْحَوْلُ: ہوشیاری۔ دور بینی۔ قدرت۔ تصرف زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لَاحَوْلَ عَنْهُ".
اَلْحَوَلُ: بھینگا پن۔
حَوْلٌ وحَوْلِيٌّ وحَوَالٌ وحَوَالِيٌّ. الشیٔ او الشخص: گرداگرد۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ حَوْلَه وحَوْلَيْه وحَوَالَه وحَوَالَيْه".
اَلْحَوَالُ والْحَوَلَانُ والْحَوْلَانُ: تغیر و انقلاب۔
اَلْحَوَالِيُّ والْحَوْلُ والْحَوْلِيُّ: حیلہ ساز۔ بہت سخت حیلہ گر۔
اَلْحِوَالُ: ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔
حِيَالُ. الشیٔ: مقابل۔ سامنے اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ كُلَّ عَلَى حِيَالِهٖ" ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔
اَلْحِيْلَةُ والْحَوْلَةُ: ہوشیاری۔ دور بینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِيَل وحِوَل.
اَلْحُوْلَةُ: تعجب امر منکر۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوْلَةٌ" یعنی بہت حیلہ گر مرد۔
"وهٰذا مِنْ حُوْلَةِ الدَّهْرِ" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔
اَلْحِوَلُ: بھینگا۔ بہت حیلہ گر۔
اَلْحَوِيْلُ: گواہ۔ ضامن۔

الاَحْوَلُ: بھینگا۔ مؤنث حَوْلَاءُ ج حُوْلٌ.
اَلْحَائِلُ: فا۔ رنگ بدلا ہوا۔ یکسالہ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَائِلٌ ونَاقَةٌ حَائِلٌ" ج حُوْل وحُوَّل وحِيَال وحَوَائِل.
اَلْحَائِلَةُ. الحائل: کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "ما فِيْهِ حَائِلَةٌ" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔
اَلْمُحَال: مشکل۔ باطل۔ ٹیڑھا۔ غیر ممکن۔
اَلْمَحُوْل: ایک سالہ بچہ۔
اَلْمُحْبِل. مِنَ النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔
اَلْمَحَالَةُ: ہوشیاری۔ تصرف کی قدرت۔ رہٹ۔ پیٹھ کا درمیان۔ ج مَحَال ومَحَاوِل کہا جاتا ہے "لَامَحَالَةَ مِنَ الامْرِ" ضروری۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ اَلْمِحَالَةُ: رہٹ۔ بڑی چرخی۔
اَلْمِحْوَال: بہت محال باتیں کہنے والا۔
اَلْمُسْتَحِيْل: بے ہودہ ولغو بات۔ بھرا ہوا۔
اَلْمُسْتَحِيْلَةُ والْمُسْتَحَالَةُ مِنَ الفِسِيِّ: ٹیڑھی کمان..... مِنَ الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔
حَامَ (ن) حَوْمًا وحَوَمَانًا. علی الشیٔ وحولَه: منڈلانا..... الرَجُلُ: بیباک ہونا۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم مؤنث حَائِمَة ج حَوَائِم وحُوَّم (..... حَوْمًا وحِيَامًا وحُوُوْمًا) حَوْلَ غَوْضِهٖ وعليه: طلب کرنا۔
حَوَّمَ. فی الامر: کام میں لگا رہا۔
اَلْحَوْم: اونٹوں کا بڑا گلہ۔
اَلْحُوْم: شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة. القتالِ او البحرِ او الرملِ وغیر ذلک: بڑا حصہ۔ حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
اَلْحُوْمَة: بلور۔
حَوْمَلَ خَوْمَلَةً: پانی اُٹھانا۔
اَلْحَوْمَل: صاف سیلاب۔ کالا بادل۔
تَحَوَّنَ. الرَجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔

خاضت (ض) حَيْضًا وَمَحِيضًا وَمَحَاضًا وَتَحَيَّضَتْ. المرأةُ: ماہواری خون جاری ہونا۔صفت (حائض وحَائِضَة) ج حُيَّض وحَوَائِض.

حَيَّضَ. الماءَ: پانی بہانا۔

الحِيَاض: حیض کا خون۔

الحِيْضَة والمَحِيْضَة: حیض کا چیتھڑا۔

حَيْعَلَ. المؤذنُ: حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة حَيَّ عَلَى الْفَلَاح: کہنا۔

حَافَ (ض) حَيْفًا. عليه: ظلم کرنا۔صفت (جَائِف) ج حُيَّف وحُيُف وحَافَة.

تَحَيَّفَ. الشَّيْءَ: کم کرنا۔اطراف سے گھٹانا۔

الحَائِف: فا۔خَائِفُ الجَبَل: پہاڑ کا کنارہ۔

الجَبْهَة: گوشہ۔کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور۔ج حِيَف.

الأَحْيَف. مِنَ الأَمْكِنَة: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔مؤنث حَيْفَاء.

حَاقَ (ض) حَيْفًا وحُيُوْقًا وحَيَقَانًا وأَحَاقَ إِحَاقَةً. بِهِ: احاطہ کرنا۔گھیرنا۔حَاقَ بِهِمُ الأمرُ: لازم ہونا۔واجب ہونا.....بِهِمُ العذابُ: نازل ہونا.....فِيهِ السَّيْفُ: اثر کرنا۔نشان ڈالنا۔أَحَاقَ الشَّيْءُ بِكَذَا: گھیرا کرنا۔

خَابَقَهُ مُخَابَقَةً: حسد کرنا۔دشمنی کرنا۔بغض رکھنا۔

إِحْتَاقَ. على الشيء: احتیاط کرنا۔

الحَبَق: بُرے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو جائے۔

الخَيْقَل: بے فیض آدمی۔

خَاكَ (ض) خَيْكًا وخَيَكَانًا: متکبرانہ چال چلنا۔صفت (خَائِك وخَيَّاك) مؤنث خَيَّاكَة وخَيْكَانَة وخَيْكَى (وأَخَاك) السيفُ: کاٹنا السيفُ او الكلام فِيهِ: اثر کرنا۔

إِحْنَاكَ إِحْيَاكًا. بِذَنَبِهِ: لٹنا۔مِشْيَةٌ (حِيْكَى) متکبرانہ چال۔

خَالَ (ض) خُيُولًا. الشيءُ: بدلنا الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔

الخَيْل. قوة: وادی میں جمع شدہ پانی۔ج أَخْيَال وخُيُول.

الأَخْيَل والأَخْوَل: بہت حیلہ کرنے والا۔

الخِيْلَة: ہوشیاری۔دور بینی۔تصرف کی قوت۔ج خِيَل.

الخَيْلَة: بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔حیلہ گری۔

الخِيْلَان: غلہ گاہنے کا اوزار۔

حَانَ (ض) حَيْنًا وحَيْنُوْنَةً. الشيءُ: وقت قریب ہونا.....فلان: ہلاک ہونا۔رنج وتکلیف میں پڑنا۔توفیق سے محروم ہونا۔

خَانَ لَهُ أَنْ يَفْعَلَ كَذَا: وقت قریب آنا۔

السُّنْبُل: خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا۔

حَيَّنَهُ: وقت ومیعاد مقرر کرنا.....اللهُ فلانًا: ہدایت کے لئے توفیق نہ دینا۔

حَايَنَه: وقت معین کے لئے معاملہ کرنا۔

أَحْيَنَ إِحْيَانًا. الرَّجُلُ او الشيءُ: وقت آنا.....بالمكان: کچھ وقت کے لئے قیام کرنا۔

أَحَانَه. اللهُ: ہلاک کرنا۔

تَحَيَّنَ. منه غَفْلَةً: انتظار کرنا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَحَيَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔توفیق وہدایت سے محروم رہنا۔

إِسْتَحْيَنَ: وقت مناسب کی آرزو رکھنا۔

الحَانِ والحَانَة: شراب فروشی کی دکان۔

الحَيْن: ہلاکت۔رنج ومحنت۔

الحِيْن: وقت۔ج أَحْيَان. ج أَحايين.

الحَيْنَة والمَحْيَان: وقت۔

الحَائِن: فا۔بے وقوف۔

الحَائِنَة: مصیبت۔ج حَوَائِن.

حَيِيَ (س) حَيَاةً: زندہ رہنا۔اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔کہا جاتا ہے حَيَّ يَحَيَّ (..... حَيَاءً) منه: منقبض ہونا۔

الطَّرِيق: ظاہر ہونا۔

حَيَّاه وتَحِيَّةَ. حَيَّاكَ اللهُ: کہنا (یعنی اللہ عزوجل تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا۔حَيَّاهُ اللهُ: باقی رکھنا۔

کہا جاتا ہے: "حَيَّا الخَمْسِينَ مِنْ عُمُرِهِ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔

حَايَا مَحَايَاةً. الصبيَّ: غذا دینا.....زيدًا: شرم دلانا.....النارَ: بھڑکانا۔

أَحْيَاهُ: زندہ کرنا.....النارَ: پھونک کر سلگانا.....الأرضَ: سرسبز بنانا۔

الرائدُ الأرضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا.....اللّٰهَ: بیدار رہنا۔(أَحْيَاه وإِسْتَحْيَاه) زندہ چھوڑنا۔

إِسْتَحْيَا وإِسْتَحْيَى مِنه: شرم کرنا۔إِسْتَحْيَاهُ وإِسْتَحْيَا مِنْهُ: منقبض ہونا۔باز رہنا۔

حَيَّ وحَيَّ هَلَا وحَيْهَل: اسم فعل بمعنی اقْبِل وعَجِّل: کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة" یعنی نماز کیلئے آؤ۔(حَيَّ هَلْ) بفلان: فلاں کو بلاؤ۔

الحَيَا والحَيَاء: بارش۔تروتازگی۔نباتات۔

الحَيَا: شرم وحیاء۔کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔بارش۔تروتازگی۔توبہ۔

الحَيَاة: زندگی۔

الحَيُّ: زندہ۔نسبت کے لئے (حَيَوِيٌّ) مؤنث حَيَّة. أَرْضٌ حَيَّة: سرسبز زمین۔کہا جاتا ہے "لَا يَغْرِفُ الحَيَّ مِنَ اللَّيِّ" یعنی وہ بے وقوف ہے۔الحَيُّ: محلہ۔عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ۔ج أَحْيَاء.

الحَيِيّ والحَيِيّ: شرم دلانا۔

الحَيَوان: جاندار۔ج حَيَوَانَات.

المَحْيَا: وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔ج مَحَايَا.: زندگی۔

المُحَيَّا: چہرہ۔

الخَبِيث : ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُث وخُبَثاء
والخبـــــائث وخَبَثة: مؤنث خَبِيثَة: ج خَبِيثات وخَبائث.
الخَبائث : بُرے افعال۔ وہ چیزیں جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے نہیں تھے۔ جیسے سانپ وگبریلا وغیرہ۔
الاَخْبَثان : پیشاب پاخانہ۔
الخِبِّيث : بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔
الخِبِّيثَى : برائی۔ پلیدی۔
المَخْبَثة : سبب فساد۔ کہا جاتا ہے "الكفر مَخْبَثَةٌ لِنَفْسِ المُنْعِم" ناشکری منعم کی طبیعت کے لئے باعث فساد ہے۔
خَبَجَهُ (ن) خَبْجًا. بالعصاء : لاٹھی سے مارنا..... الرَّجُلُ : گوز کرنا۔
الخَبَج والخَبَجاء : بے وقوف۔
الخَبَج والخُبَاج : گوز۔
رَاهَقَ. الغُلَامُ :جوانی کے قریب پہنچنا۔ صفت(مُرَاهِق) :کہا جاتا ہے"صَلَّی الصَّلٰوةَ مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔

اَرْهَقَهُ. ظُلْمًا :مبتلائے ظلم کرنا.....ہ اِثْمًا : گناہ پر برانگیختہ کرنا.....ہ عُسْرًا :تکلیف دینا۔

.....ہ :پالینا۔فوق الطاقة :کام پر اکسانا۔ .....الصَّلٰوة :آخر وقت تک مؤخر کرنا۔

زَبَدًا اَنْ یُصَلِّی :نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔کہا جاتا ہے"لَاتُرْهِقْنِی لَاأُرْهِقُکَ اللّٰهُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالے گا۔

الرَّهَق :مص۔گناہ وتہمت۔سبکی عقل۔ جہالت۔فوق الطَّاقَة :کام پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّهَقَی :ایک قسم کی ڈور۔کہا جاتا ہے"هُوَ یَغْدُوا الرَّهَقَی".

الرِّهَاق والرُّهَاق :مقدار۔تقریباً۔کہا جاتا ہے"کَانُوا رِهَاقَ مِائَةٍ" :وہ لوگ سو کے قریب تھے۔

الرَّهِیق :شراب۔

الزَّنْهُقَان :زعفران۔

المُرْهِق :قتل کرنے کے لئے گرفتار۔تنگی میں ڈالا ہوا۔

المُرْهَق :مفع۔خفیف العقل وجاہل۔بدی و شرارت سے متہم۔فیاض۔

رَهَکَ :(ف) رَهْکًا. الشَّیْءَ :باریک پیسنا۔صفت مفعولی(رَهِیْک ومَرْهُوْک) بالمَکَان :اقامت کرنا۔

اِرْتَهَکَ :چلنے میں سست ہونا۔

الرَّهَک :مص۔نیک کام۔

الرَّهْکَة :کمزوری۔

الرَّهْکَة والرُّهْکَة. مِنَ الرِّجَال اَوِالاِبِل : کمزور وناتواں۔

رَهِلَ :(س)رَهَلًا :ڈھیلے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔صفت(رَهِل):کہا جاتا ہے"فُلَانٌ فِیْهِ رَهَلٌ" :فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔

رَهَّلَهُ وَارْهَلَهُ. النَّوْمُ :نیند کا ست وڈھیلا کرنا۔

تَرَهَّلَ :ڈھیلا ہونا۔

الرَّهُوك :موٹا (بکری کا بچہ یا ہرن) شاب.

رَهُوكٌ :نازک بدن جوان۔

رَهُيَ :کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں کا اندر گھس جانا.....السَّحَابُ : برسنے کے لئے تیار ہونا۔

تَرَهَّيَ :مضطرب ہو کر حرکت کرنا.....فِي أَمْرِهِ :کام میں کاہلی کرنا' کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا.....السَّحَابُ : برسنے کے لئے تیار ہونا۔

رَوَّأَ تَرْوِئَةً وَتَرْوِيَةً. فِي الْأَمْرِ :کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔

الرَّوِيَّةُ وَالرَّوِيَّةُ :غور و فکر۔

الِارْتِيَاءُ :سوچ بچار غور و فکر کرنا۔

الرَّاءُ :حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَةٌ)

رَابَ :(ن) رَوْبًا وَرُؤُوبًا. اللَّبَنُ :جمنا۔ صفت (رَائِب) :کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهُ" : اس کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا.....الرَّجُلُ :متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا' سست ہونا۔ نیند' بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا۔

رَوَّبَتِ. الدَّابَّةُ :جانور کا تھکنا۔

رَوَّبَ. وَأَرَابَ. اللَّبَنَ :دہی جمانا۔

الرَّائِب :فا۔ جما ہوا دودھ' دہی۔

الرَّائِب مِنَ الْأُمُورِ :صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ تیز مشتبہ امور (ضد)

الرَّاب :اندازہ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔

الرَّوْب :جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ۔ دہی۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ شُوبٌ وَلَا رَوْبٌ" :اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شُوبَ وَلَا رَوْبَ فِي الْبَيْعِ الشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا' فریب اور گڑبڑ نہیں ہونی چاہئے۔

الرُّوبَةُ وَالرَّوْبَةُ :جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لئے دودھ میں ڈالا جائے' دودھ کا بقیہ)

الرُّوبَةُ :حاجت اور اسی سے ہے "فُلَانٌ لَا يَقُومُ بِرُوبَةِ أَهْلِهِ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کے لئے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسل مندی۔

الرُّوبَةُ مِنَ اللَّحْمِ :گوشت کا ٹکڑا.....مِنَ اللَّيْلِ :رات کا ایک حصہ۔

الرَّجُلُ :مرد کی عقل۔ تم کہتے ہو "هُوَ يُحَدِّثُنِي وَأَنَا إِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَهُ رُوبَةٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اس وقت ایسا لڑکا تھا جس کے لئے عقل نہ ہو۔

الْأَرْوَب :حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسل مند۔

الرَّوْبَى :وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سست ہو گئے ہوں۔ قَوْمٌ رَوْبَى :سست طبیعت کے لوگ' وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہو گئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ وَرَوْبَانُ)

الْمِرْوَب :دودھ جمانے کا برتن۔

سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) :مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔

الرُّوبِينِيَّةُ :ایک درخت کا نام۔ (Robinia)

رَاثَ :(ن) رَوْثًا. الْفَرَسُ :لید کرنا۔

الرَّوْث :لید۔ ج أَرْوَاث.

الرَّوْثَة. روث :کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهِ رَوْثَةَ أَنْفِهِ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لے جاتا ہے۔ کنایہ ہے زباں دراز ہونے سے۔ چونچ۔

الْمِرَاث وَالْمَرُوث :لید کا مخرج۔

رَاجَ :(ن) رَوْجًا وَرَوَاجًا. الْأَمْرُ :جلدی ہونا.....السِّلْعَةُ :رائج ہونا.....الدَّرَاهِمُ : رواج پکڑنا.....الطَّعَامُ :کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لئے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الرِّيحُ" : ہوا کا نا معلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ. الشَّيْءَ وَبِهِ :جلدی کرنا.....السِّلْعَةَ وَالدَّرَاهِمَ :رائج کرنا.....فُلَانٌ كَلَامَهُ : مزین و مہم کرنا۔

تَرَوَّجَ :حوض کے گرد اگرد گھومنا۔ صفت (رَوَّاج)

الرَّوَجَة :جلدی۔

رَاحَ :(ن) رَوَاحًا :شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔

(.....رَوَاحًا وَرُوحًا) الْقَوْمَ وَإِلَيْهِمْ وَعِنْدَهُمْ :شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً) جانا۔

(.....رَوْحًا) الْيَوْمُ :تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ يَرِيحُ رَيْحًا. الشَّيْءَ :محسوس کرنا۔

رَاحَ يَرَاحُ رِيحًا. الْيَوْمُ :تیز ہوا والا ہونا.....الْبَيْتُ :ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "افْتَحِ الْبَابَ حَتَّى يَرَاحَ الْبَيْتُ" دروازہ کھولو تا کہ گھر ہوادار رہے.....الرِّيحُ الشَّيْءَ :ہوا لگنا۔ الْقَوْمُ الرِّيحَ :ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ يُرَاحُ رَاحَةً. لِلْمَعْرُوفِ :بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لئے جلدی کرنا۔

يَدَهُ لِلْأَمْرِ :سبک ہونا.....الشَّجَرُ :نئے پتے نکالنا.....الشَّيْءَ :بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنْكَ مَعْرُوفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔

رَاحَ يَرُوحُ رَوَاحًا وَرَاحًا وَرَاحَةً وَرِيَاحَةً وَرُوحًا وَأُرْيَحِيَّةً. لِلْأَمْرِ :کسی کام کے لئے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔

رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً. الْإِبِلُ :اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِيحَ :ہوا لگنا۔ صفت مَرُوحٌ مَرِيحٌ.

رَوِحَ يَرْوَحُ رَوَاحًا :کشادہ ہونا۔

رَوَّحَ. الْقَوْمُ :قوم کے پاس شام کے وقت آنا.....الرَّجُلَ :آرام دینا۔

الْإِبِلَ :شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا.....بِالْجَمَاعَةِ :تراویح کی نماز پڑھانا.....قَلْبَهُ :کسی کے دل کو بیدار کر دینا۔

تیل۔
المُسْتَرَاح: پاخانہ۔
رَادَ یَرُوْدُ رَوْدًا ورِیَادًا. الشَّیْءَ: طلب کرنا ..... الاَرْضَ: قیام کے لئے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا..... قَوْمَهٗ مَرْعًی او مَنْزِلًا: قوم کے لئے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔
رَادَ یَرُوْدُ رَوْدَانًا ورِیَادًا: کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رادَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔
رَادَتْ رَوْدًا ورَوَدَانًا. المَرْأَةُ: پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا..... الرِّیْحُ: ہوا کا نرم چلنا..... المَاشِیَةُ: مویشیوں کا چرنا۔
رَاوَدَهٗ مُرَاوَدَةً ورِوَادًا: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا..... ہ: عَلَی الاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔
اَرْوَدَ اِرْوَادًا ومَرْوَادًا ومُرُوْدًا ورُوَیْدًا ورُوَیْدَاءَ رُوَیْدِیَةً. فِی السَّیْرِ: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔
اِرْتَادَ اِرْتِیَادًا. الشَّیْءَ: طلب کرنا۔
اِسْتَرَادَ: فرمانبردار ہونا۔ لِاَمْرِ اللّٰهِ: حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔
الدَّابَّةُ: جانور کا چرنا..... الرَّجُلُ: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔
الرَّائِدُ. فَارَانَةٌ ورُدَّادٌ ورَائِدُوْنَ: جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ ورَائِدُ العَیْنِ: آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَائِدُ الوِسَادِ": وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔
الرَّاد: بمعنی الرائد.
الرِّیْد: طلب۔ تلاش۔
الرَّادَةُ والرَّائِدَةُ والرُّوَادَةُ: پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔

الرَّوْد: مص۔ رِیْحٌ (رَوْدٌ رَائِدَةٌ): نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَی الرُّوْد" یعنی آہستہ چلو۔
اَلرَّادَارُ: راڈار۔ جنگی جہازوں کی آمد رفتار اور ان کو روکنے کی معلومات دینے والا آلہ۔
اَلرَّادِیْکَالِی: ایسے مذہب کی طرف نسبت والا جو کہ مکمل سیاسی اصطلاحات کا مطالبہ کرتے ہیں۔
رُوَیْدَ. اَرْوَدَ: کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَیْدًا" یعنی آہستہ۔ و"رُوَیْدَکَ زَیْدًا" و"رُوَیْدَ زَیْدٍ": یعنی زید کو مہلت دی۔ "وسَارُوْا سَیْرًا رُوَیْدًا و"سَارُوا رُوَیْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔
الاَرْوَد: کام میں آہستگی کرنے والا اور کہتے ہیں "اَلدَّهْرُ اَرْوَدُ ذُوْعِنَسٍ" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ و"اَلدَّهْرُ اَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ": یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔
المِرْوَد: سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَرَاوِد.
المَرَاد والمُسْتَرَاد: چراگاہ میں اُونٹوں کے آنے جانے کی جگہ۔ مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ: آمد و رفت کی جگہ۔
المَرَاوِنْد: جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔
الرَّوَنْدُ والرِّوَنْدُ والرَّاوَنْدُ: ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔
رَازَ: (ن) رَوْزًا. الحَجَرَ: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا..... الرَّجُلَ: آزمانا..... الدِّیْنَار: دینار کا وزن معلوم کرنے کے لئے تولنا۔
الاَرَاضِیْ: زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا..... مَا عِنْدَهٗ: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رَائِز) ج رَازَة.
رَوْزٌ. الکَلَامُ او الرَّائِیْ: آہستہ آہستہ غور کرنا۔
رَازَاهُ: آزمائش کرنا۔
الرَّازِی: منسوب بہ شہر رے۔
الرَّوْزَنِیَّ: بڑی چادر۔
الرَّاز: معماروں کا سردار۔ ج رَازَة اور اس کی اصل رَائِز ہے۔ مثل شاکٍ وشانک کے۔
الرِّیَازَة: معماری۔
المَرَازُو المَرَازَة: وزن۔ مقدار۔
المَرَازَان: دونوں پستان۔
الرُّوْزَنَامَة: روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)
رَاسَ یَرُوْسُ رَوْسًا: متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا..... السَّیْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہالے جانا۔
اِسْتَرَاسَ: کھانا طلب کرنا۔
الرَّوْس: مص۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ رُوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔
رَوَانِسُ. الاَوْدِیَةِ: وادیوں کے بلند حصے۔
رَوَانِسُ. السَّحَابِ: اگلے بادل۔
رَاسَ یَرُوْسُ رَوْسًا: بہت کھانا۔
..... ہ المَرَضُ: کمزور کرنا۔
الرَّاس. مِنَ الجِمَالِ او الرِّمَاحِ: کمزور اُونٹ یا نیزہ۔ نیزَاتِش: کا مخفف ہے۔ مؤنث رَاسَةٌ.
الرَّوْش: سکی عقل۔
الاَرْوَش: سکی عقل والا۔ مؤنث رَوْشَاء.
رَاصَ: (ن) رَوْصًا: بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
رَاضَ یَرُوْضُ رَوْضًا ورِیَاضَةً ورِیَاضًا. المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رَائِض) ج رَائِضَة ورُوَّاض ورُوَّض ورَائِضُوْن اور صفت مفعولی (مَرُوْض): مؤنث مَرُوْضَةٌ.
رَوَّضَ. المُهْرَ: بچھیرے کو خوب سدھانا..... الرَّجُلُ: باغوں میں رہنا..... المَطَرُ

هُمْ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّیَاغ: سرسبزی۔

رَافَ یَرَافُ. رَأْفٌ یَرْأَفُ: میں ایک لغت ہے۔

الرَّوْف: سکون، اطمینان۔

الرَّوْفَة: رحمت۔

رَاقَ یَرُوْقُ رَوْقًا. الشَّرَابُ: صاف ہونا .....عَلَیْهِ: فضیلت وخوبی میں بڑھ جانا۔

رَاقَهٗ وَرَوَّقَا وَرَوَّقَانَا. الشَّیْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔

رَوِقَ یَرْوَقُ رَوَقًا: اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَرْوَق): مؤنث رَوْقَاء ج رُوْق.

رَوَّقَ. الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهٗ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ وَارْوَقَ، اِرْوَقَّا) اللَّیْلُ: تاریکی پھیلانا۔

رُوِّقَ. الْبَیْتُ: سائبان بنایا جانا۔

رَاوَقَهٗ مُرَاوَقَةً: کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِی" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔

اَرَاقَ اِرَاقَةُ الْمَاءَ: بہانا..... دَمَهٗ: خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔

الرَّائِق: فا۔ ج۔ رَوَق ورُوْقَة.

الرَّوَق: مص۔ سینگ..... مِنَ الْبَیْتِ: سائبان، برآمدہ..... مِنَ الشَّبَاب: جوانی کی رونق وابتداء..... مِنَ الْخَیْلِ: خوبصورت گھوڑا..... مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ مِنَ الْمَاءِ ونَحْوِهٖ: صاف۔ رَوَق الْفَرَسِ: نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "اَرْوَق" کہتے ہیں۔ الرَّوَق: خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِیَةٌ ذَاتُ رَوَقَیْنِ" یعنی بڑی مصیبت و "رَمٰی بِاَرْوَاقِهٖ عَلَی الدَّابَّةِ": یعنی وہ سوار ہوا و "اَلْقَی بِاَرْوَاقِهٖ عَنِ الدَّابَّةِ": یعنی وہ دابہ سے اتر پڑا۔ و "اَلْقَی اَرْوَاقَهٗ": یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوَقَهٗ بِمَنْزِلِ کَذَا": وہ فلاں منزل پر اترا اور اس نے خیمہ لگایا۔ "وَاَلْقَی عَلَیْکَ اَرْوَاقَهٗ وَضَوَاشِرَهٗ": اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "اَلْقَتِ السَّحَابَةُ اَرْوَاقَهَا": بادل نے اپنا دھانہ کھول دیا۔

الرُّوَاق والرِّوَاق: برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج اَرْوِقَة رِوَاقَات ورُوُق. رِوَاق الْعَیْن: ابرو۔ رِوَاق اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الرَّاوُوق: چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔

رَیِّق. الشَّبَاب: جوانی کی رونق وابتداء اور کہا جاتا ہے "کُنْتُ فِیْ رَیِّقِ زَمَانِیْ" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و "رَیِّقُ کُلِّ شَیْءٍ": ہر چیز کا افضل حصہ۔

الرَّوَق: اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)

الرَّوْقَة: بہترین حسن وجمال۔

الرُّوْقَة: رائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوْقَةٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر، مؤنث، واحد اور جمع کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوْقَةٌ جَارِیَةٌ رُوْقَةٌ وَجَوَارٍ رُوْقَةٌ".

الاَرْوَق: سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔

الْمُرَوَّق: صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَیْتٌ مُرَوَّق: سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔

الرَّوْکَة والرَّوْکَاء: نرالو کی آواز۔

رَوَّلَ. الْفَرَسُ: گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الْخُبْزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔

الرُّوَال: گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِیل.

الْمِرْوَل: بہت رال والا۔

رَامَ: (ن) رَوْمًا ومَرَامًا. الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِم) ج رُوَّم ورُوَّام.

رَوَّمَ: ٹھہرنا..... فُلَانًا وَبِهٖ: خواہش دلانا.....

رَائِمَة: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔

تَرَوَّمَ بِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔

الرَّام: ایک درخت کا نام۔

الرَّامَة: جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔

الرُّوْم والرُّوْم: کان کی لو۔

الرُّوْم والاَرْوَام: بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِی): نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّوْم: بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔

رُوْمَة ورُوْمِیَة: قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لئے رُوْمَانِیّ.

الرُّوْمِی: خالی کشتی کا بادبان۔

الرُّوْمَة: سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔

اَلرُّوْمِنْطِیْقِیَّةُ اَوِ الرُّوْمَانِسِیَّةُ: ادبی نظریہ جس میں شعور اور خیال عقل پر غالب ہوتا ہے اور انفرادی تسلط ہوتا ہے۔

الْمَرَام: مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات.

رَانَ یَرُوْنُ رَوْنًا. الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّیْلَةُ: سخت خوفناک ہونا۔

الرُّوْن: سختی۔ ج رُوُوْن.

رُوْنَةُ الشَّیْءِ: چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ اللّٰهُ عَنْکَ رُوْنَةَ هٰذَا الْاَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔

الاَرْوَنَان: سخت۔ دشوار (الاَرْوَنَان والاَرْوَنَانِیّ): ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی، گرمی، خوشی، غمی، شور وغیرہ کی) مؤنث اَرْوَنَانَة واَرْوَنَانِیَّة.

مَرْوُوْن به: مغلوب۔

الرَّوْنَد والرَّوْنَدُ والرِّوَانَدُ: ایک پودا جس

رِيْحٌ (رَيْدَةٌ وَرَادَةٌ رُيُدَانٌ): نرم ہوا۔
رِيْرٌ. القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
رَيَّرَ. القَوْمُ: موٹا یا غالب ہونا۔ رَيَّرَتِ البِلادُ: ارزانی وفراخ سالی والے ہونا۔ رُيِّرَ القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
الرَّيْر: رال جو بچہ کے منہ سے نکلے۔ (الرَّيْر والرِّيْر والرَّار): ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔
الرَّائِرَة: زانو کی ہڈی کا مغز۔
رَاسَ يَرِيْسُ رَيْسًا وَرَيَسَانًا: متکبرانہ چال چلنا..... الشَّيْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا..... القَوْمَ: برتر ہونا' غالب ہونا۔
الرَّيِّس: سردار قوم۔
رَاشَ يَرِيْشُ رَيْشًا: مال ومتاع جمع کرنا..... ۵: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا..... ۵ مَالًا: دینا..... مِنْ حَالِهٖ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيْشُ وَلَا يَبْرِي" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ "لَا تَرِيْشُ عَلَيَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (..... وَأَرَاشَ وَرَيَّشَ "السَّهْمَ": پر لگانا۔ رَيَّشَ السَّقْمُ فُلَانًا: کمزور کرنا۔
اِرْتَاشَ. السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا (..... وتَرَيَّشَ): خوش حال ہونا۔
اَلرِّيْشُ: پرندوں کے پر۔ پرندوں کے لئے زینت اور حفاظت کا ذریعہ ہیں۔ ان کی (پروں کی) پانچ اقسام ہیں۔ (۱) اَلْقَوَادِمُ (۲) اَلْمَنَاكِبُ (۳) اَلْخَوَافِي (۴) الأَبَاهِرُ (۵) اَلْكُلَى۔
الرِّيْش: پرندے کے پر۔ واحد (رِيْشَة) ج رِيَاش وأَرْيَاش. الرِّيْش: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔
الرَّاش: پرندے کے پر۔ ج أَرْيَاش. جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَيْرٌ رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَةٌ كَلَا (رَيْشٌ ورِيْشٌ): بہت پتیوں والی گھاس۔

الرَّيْش: کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرَّيَّاش. مِنَ النُّوْقِ: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔
الرِّيَاش: عمدہ لباس وسامان۔ سرسبزی۔ معاش۔ مال۔
الرَّيَّاش: تیروں پر پر لگانے والا۔
الرَّائِش: قا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردہ تیر۔
الأَرْيَش: کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَيْشَاء ج رِيْش وزُجُلٌ أَرْيَش: مال ولباس والا مرد۔
المِرْيَش والمُرَيَّش. مِنَ السِّهَام: پر لگایا ہوا تیر۔ والبُرْدُ المُرَيَّش: پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَيَّش: بہت بالوں والا' کم گوشت والا۔ کمزور پٹھے والا۔
المُرَيَّش مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔
الرَّيْطَة: ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رِيَط ورِيَاط.
الرَّائِطَة: ایک پاٹ کی چادر۔
رَاعَ يَرِيْعُ رَيْعًا ورُيُوْعًا ورِيَاعًا ورَيَعَانًا. الشَّيْءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا..... الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا (..... رَيْعًا) السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا..... مِنْهُ: ڈرنا..... عَنْهُ وإِلَيْهِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "هَرَبَتِ الإِبِلُ فَصَاحَ بِهَا الرَّاعِيْ فَرَاعَتْ إِلَيْهِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ و "فُلَانٌ لَا يَرِيْعُ لِكَلَامِكَ": فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
رَيَّعَ. القَوْمُ: جمع ہونا..... الطَّعَامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا..... الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ کرنا۔
أَرَاعَ إِرَاعَةً. الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا..... اَللّٰهُ الزَّرْعَ: کھیتی کو بڑھانا..... القَوْمُ: بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا..... الإِبِلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔

تَرَيَّعَ: ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا..... المَاءُ: بہنا۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا..... القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ ..... يَدَاهُ بِالجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَةً: حیران ہونا..... يَدَاهُ بِالجُوْدِ: فیاضی کرنا۔
الرَّيْع: مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف..... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اوّل و افضل۔ مِنَ الضُّحٰى: چاشت کے وقت کی روشنی وچمک..... مِنَ الدِّرْعِ: دامن و آستین کی زیادتی۔ الرَّيْع: ہر چیز کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهٗ رِيْعٌ: اس کے لئے پیداوار نہیں۔
الرِّيْع: بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِيَاع ورُيُوْع وأَرْيَاع.
الرِّيْعَة: بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّيْعَان. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اوّل و افضل أَرْض (مَرِيْعَة): سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِيْعٌ): سرسبزی لانے والی بارش۔
نَاقَةٌ (رَيْعَانَةٌ ومِرْيَاعٌ): جلدی اور بہت دودھ والی اونٹنی۔
رَاعَ يَرِيْعُ رَيْعًا: بھاگنا۔
رَيَّعَ تَرْيِيْعًا. الثَّرِيْدَةَ: گھی میں تر ہونا۔
تَرَيَّعَتِ. الثَّرِيْدَةُ: گھی میں تر کرنا۔
الرِّيْع: گرد وغبار۔ مٹی۔
المُرَيَّع: خاک آلود۔
رَافَ يَرِيْفُ رَيْفًا وأَرْيَفَ إِرْيَافًا وتَرَيَّفَ: سبزہ زار زمین آنا۔ رَافَتِ المَاشِيَةُ: سبزہ چرنا۔
رَايَفَ مُرَايَفَةً. لِلظِّنَّةِ: تہمت کے قریب ہونا۔
أَرَافَ إِرَافَةً وأَرْيَفَ إِرْيَافًا. المَكَانُ: سبزہ زار ہونا۔
الرَّاف: شراب۔
الرِّيْف: سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی

ز : الزای: ہجائی حروف میں سے گیارہواں حرف ہے اور حروفِ اسلیہ (زبان کی نوک سے نکلنے والے) میں سے ہے۔

زَأَبَ :(ف) زَأْبًا: ڈگڈگا کے پینا..... الدَّهْرُ بِهٖ: زمانہ کا لتانا..... الْمَاشِيَةَ: مویشی ہانکنا۔ بِحَمْلِهٖ : بوجھ کھینچنا (.....و اِزْدَأَبَ اِزْدِئَابًا الْقِرْبَةَ) : مشک اٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ. الثَّوْبُ : کپڑے کا رواں والا ہونا۔ .....الثَّوْبَ : کپڑے سے رواں نکالنا۔

الزِّئْبَر والزُّوبَر والزُّوبَر : کپڑے کا رواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الْاَيَّامُ بِنَضَارَتِهٖ وَنَفَضَتْ زِئْبَرَه" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔

زَأْبَقَ. الشَّيْءَ : پارہ کی قلعی کرنا۔

الزِّئْبَق والزِّئْبِق : پارہ۔

زَأَجَ :(ف) زَأْجًا. بَيْنَهُمْ : بھڑکانا۔ اُکسانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَهُ : (ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤُودًا وزُؤُدًا: گھبرا دینا۔

الزُّؤْدو الزُّؤْد : گھبراہٹ۔

لَيْلَةٌ (مَزْؤُودَةٌ) : خوف و گھبراہٹ کی رات۔

زَأَرَ :(ف ض) وزَئِرَ :(س) زَئِيرًا وزَأْرًا ونَزْأَرَ او ازْأَرَّ ازْآرارًا وتَزَأَّرَ. الْاَسَدُ : شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِر وزَأْر ومِزْئَر) الْفَحْلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

الزَّأْرَة. زَأَرَ : کا اسم مرۃ۔ جنگل جھاڑی۔

يَاعٌ مِنَ الْاِبِلِ والْغَنَمِ : اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ۔

زَأْزَأَ : سر اور دم اٹھا کر تیز چلنا.....ه : خوف دلانا.....الشَّيْءَ : ہلانا' حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ : ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا.....مِنْهُ: ڈر کر خاکساری کرنا.....الشَّيْءُ: ہلنا۔

زَأَطَ :(ف) زَأْطًا: بہت شور مچانا۔

زَأَفَهُ :(ف) زَأْفًا : جلدی کرانا۔

اَزْأَفَ اِزْآفًا. عَلَيْهِ :اوھ مری کو مار ڈالنا۔

اَزْأَفَه بَطْنُهُ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

الزُّؤَاف : جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَاف : جلدی کی موت۔

زَأَكَ :(ف) زَأْكًا: ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا. مِنْه :شرم کرنا۔

زَأَمَ :(ف) زَأْمًا وزُؤَامًا : جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھانا.....ه : گھبرا دینا۔

.....ه الْبَرْدُ : کپکپا دینا.....لِيْ كَلِمَةً : ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَازَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ :(س) زَأَمًا وزَوَأَمًا : بہت گھبرانا۔ زَئِمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔

زَأْمَةٌ تَزْئِيمًا : گھبراہٹ میں ڈالنا۔

اَزْأَمَهُ. عَلَى الْاَمْرِ : کسی کام پر مجبور کرنا۔

الْجُرْحَ : زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا۔

الْمَوْتَ (الزُّؤَام) : مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

الزِّئْم : آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوْا فِيْ زِئْمِهٖ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

الزَّئِم : بہت خوفزدہ۔

الزَّأْمَة : حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بَعَصِيَه زَأْمَةٌ" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔

الزَّأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ: کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔

الزُّوَان : ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ' مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُوَانَة)

زَأَى :(ف) زَأْيًا: تکبر کرنا۔

اَزْأَى. فُلَانًا بَطْنُه : پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ :(ض) زَبًّا: چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا.....الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ :(ن) زَبًّا. الْقِرْبَةَ : مشک بھرنا..... الْحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

زَبَّبَ. الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا.....الْعِنَبَ: انگور خشک کرنا۔

الرَّجُلُ : زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰى زَبَّ فَمُه" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آنے لگا۔

اَزَبَّ. اِزْبَابًا الْعِنَبَ : انگور خشک کرنا.....

زَبَطَ: (ض) زَبْطًا وزِبِّيطًا. البَطُّ: کڑکڑانا۔
الزَّبَاطَة والزَّبَّاطَة. بط.
تَزَبَّعَ: بدخلق ہونا۔غضبناک ہونا۔جھگڑالو ہونا۔
الزَّبِع: غصہ ور جھگڑالو۔
الزَّوْبَع: حقیر۔پست قد۔
الزَّوْبَعَة: بگولہ۔اس کو اُمُّ زُوْبَعَةَ اور اَبُوْزُوْبَعَة بھی کہا جاتا ہے۔ج زَوَابِع.
الزَّوابع: مصیبتیں۔
زِبَعْر. الزِبَعْرِیُّ: بدخلق۔سخت۔چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگرمچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھالیتا ہے۔
الزِبَعْرِی: لمبے پر والا تیر۔
زَبَقَ: (ض) زَبَقًا. شَعْرَهُ: بال اُکھیڑنا.....ه فی السِجْنِ: قید کرنا۔تنگی ڈالنا.....ه فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا.....الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: مخلوط کرنا۔ملانا.....القُفْلَ: تالا کھولنا.....
المَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: پھینک دینا۔
اِنْزَبَقَ. فِی البَیْتِ: گھر میں داخل ہونا۔
.....فِی الحِبَالَةِ: جال میں پھنسنا۔چھپنا۔
الزابُوْقَة. مِنَ البَیْتِ: مکان کا گوشہ۔
الاَزْبَق: بے وقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔
المَزْبُوْقَة والزَبِیْقَة. مِنَ اللِّحْیِ: نوچی ہوئی داڑھی۔
زَبَلَ: (ض) زَبْلاً وزَبَّلَ. الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا(.....وازْدَبَلَ) الشَّیْءَ: اٹھانا۔
الزَابِل والزَابِلَة: پستہ قد۔
الزِبَال والزُبَال: وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے۔کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْهُ زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔
الزِبْل والزِبْلَة والزِبِل: گوبر۔کھاد۔
الزَبِیْل والزِبِّیْل: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔
الذُبْلَة: لقمہ۔
الزُبَالَة: تھوڑا پانی۔کہا جاتا ہے "مَافِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے۔
الزَبِیْل: ج زُبُل وزُبْلَان و (الزِبِّیْل) ج زَبَابِیْل و (الزِنْبِیْل) و الزِنْبِیْل) ج زَنَابِیْل: ٹوکرا۔برتن۔توشہ دان۔
المَزْبَلَة والمَزْبُلَة: کوڑا خانہ۔ج مَزَابِل.
زَبَنَهُ: (ص) زَبْنًا: دفع کرنا۔ٹکر لگانا۔علیحدہ کرنا۔
زَبَنَ النَاقَةُ: اونٹنی کا دوھنے کے وقت زانو سے مارنا۔کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوْفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔زَبَنَ الثَمَر: درخت پر پھل بیچنا۔
اَزْبَنَ. بَیْنَه عَنِ الطَرِیْقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔
زَابَنَهُ مُزَابَنَةً: ایک دوسرے کو ہٹانا۔ایک دوسرے سے ٹکرانا۔درخت پر پھل بیچنا۔
تَزَابَنَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
اِنْزَبَنَ. القَوْمُ: علیحدہ ہونا۔کنارہ پر ہونا۔
تَزَبَّنَهُ: زبردستی غلبہ کرنا۔
اِسْتَزْبَنَهُ: غالب ہونا۔
الزَبَن: مص۔بَیْتُ زَبَن: گھروں سے علیحدہ گھر۔مَقَامُ زَبَن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہوسکیں۔
الزَبَن: گوشہ۔
الزَبِن والزُبُنّ: بہت دفع کرنے والا۔
زُبُنَّا. النَاقَة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔
الزِبْیَن: پیشاب پاخانہ کو روکنے والا۔
الزِبْنَة: سخت۔جن وانسان میں سے سرکش۔سپاہی ج زَبَانِیَة.
الزَبَانِیَة. عِنْدَ العَرَب: سپاہی۔ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔
الزَبُوْن. مِنَ النُوْقِ: دوھنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔حَرْبٌ زَبُوْنٌ: سخت لڑائی۔الزُبُوْن: بے وقوف عجمی (اس معنی میں فصیح نہیں)
الزَبُوْنَة والزُبُوْنَة: گردن اور کہا جاتا ہے "فِیْهِ زُبُوْنَة" اس میں تکبر ہے۔
زُبَانَی. العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔
زُبَانَیَا. العَقْرَب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔
المُزَابَنَة: مص۔اندازہ سے بیع کرنا۔
زَبَی (ض) زَبْیًا وازْدَبَی.....ه: اٹھانا' ہانکنا۔زَبَاه بِشَرٍّ: تہمت لگانا۔
اَزْبَاه اِزْبَاءً: اٹھانا۔
زَبْی. فُلَانًا: ہانکنا.....اللَحْمَ: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔
زَبْی وتَزْبِیَة. الزَبْیَة: شکار کا گڑھا کھودنا۔
تَزَبَّی فِی الزَبْیَةِ: شکار کے لئے گڑھے میں چھپنا۔
تَزَابَی تَزَابِیًا: تکبر کرنا۔
الزَبْیَة: درندوں کے شکار کا گڑھا۔پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ج زُبًی. کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَیْلُ الزُبَی" یعنی معاملہ بہت سخت ہوگیا۔
الاَزْبَی: جلدی۔نشاط۔ایک قسم کی چال۔برائی۔بڑا معاملہ۔ج اَزَابِیّ.
زَجَّ: (ن) زَجًّا: دوڑنا.....ه: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔زَجَّهُ بِالرُمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا.....بِالشَّیْءِ: کوئی چیز پھینکنا۔
زَجَّ: (ص) زَجَجًا وازْوَجَّ. حَاجِبَهُ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔صفت (اَزَجّ): مؤنث زَجْاء ج زُجٌّ: (ایسی بھوں کو بھی اَزَجّ کہتے ہیں۔)
زَجَّجَ. الحَاجِبَ: ابرو کو لمبی اور باریک بنانا.....المَوْضِعَ: درست وہموار کرنا۔کہا جاتا ہے "نَفَرَ خَشَبَةً ثُمَّ زَجَّجَ مَوْضِعَ النَقْرِ: اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔
اَزَجَّ. الرُمْحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔
الزُجّ: نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

ہونا۔
زَحَرَ: (ف ض) زَحْرًا وزُحَارًا وزُحَارَةً: پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِهِ اُمُّهُ: جننا۔ زَحَرَهُ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحَر: مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَر: پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَهُ: دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ: پیچش میں مبتلا ہونا..... عَنهُ اُمُّه: جننا۔
الزُّحَار والزَّحِير: پیچش۔
الزُّحَر والزَّحَّار والزَّحْرَان: بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔
زَحْزَحَهُ. عَنْ مَكَانِهِ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ: دور ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّحْزَح: دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِزَحْزَحٍ مِنهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
الزَّحْزَاح: دور۔
زَحَفَ: (ف) زَحْفًا وزَحَفَانًا وزُحُوفًا: آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا..... إِلَيهِ: چلنا..... کہا جاتا ہے "زَحَفَ الْعَسْكَرُ إِلَى الْعَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا..... الشَّيْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔
..... البَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔
زَاحِفٌ وزَاحِفَةٌ: تامبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَة ج زَوَاحِف و(زُحُوف) ج زُحُف..... السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے دور گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف۔
أَزْحَفَ: اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا..... طُولُ السَّفَرِ: تھکا دینا..... البَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا..... الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ أَزْحَفَ بَنُو فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔
زَاحَفَنَا هُمْ: ایک دوسری کی طرف گھسٹنا۔
تَزَحَّفَ وازْدَحَفَ. إِلَيهِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ. القَوْمُ فِي الحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔
الزَّحْف: مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوف۔
الزُّحْفَة: قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔
الزِّحَاف. فِي العُرُوضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔
الزَّحَّاف: گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَة.
الزَّحَّافَات مِنَ الحَيَوَان: رینگنے والے جانور۔
المِزْحَف: گھسٹنے کی جگہ۔ ج مَزَاحِف. مَزَاحِفُ الحَيَات: سانپوں کے رینگنے کی جگہ
مَزَاحِف السَّحَاب: قطرہ گرنے کی جگہ۔
بَعِيرٌ (مِزْحَاف): اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف ومَزَاحِيف.
زَحَكَ (ف) زَحْكًا. بِالمَكَانِ: اقامت کرنا..... مِنهُ: قریب ہونا..... عَنهُ: بعید ہونا
..... البَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔
أَزْحَكَ: تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَكَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: دور کرنا۔
تَزَاحَكَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ: (ف) زُحُولاً. عَنْ مَكَانِهِ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل وزَحِل)
زَحَلَ: (ف) زَحَلاً: تھکنا۔
أَزْحَلَهُ. إِلَيهِ: پناہ لینا۔
أَزْحَلَهُ وزَحَّلَهُ: دور کرنا۔
تَزَحَّلَ. عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَل: ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے لئے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں.....
وَرَجُلٌ زَحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا برا۔
الزَّحْلَة: کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَافَةٌ (زَحُول): دور کی مسافت۔
الزِّحْلِيل: تیز۔ علیحدہ رہنے والا (.....والزُّحْلُول): تنگ پھسلنے کی جگہ۔
الزُّحْلُول: ہلکے پھلکے جسم والا۔
المَزْحَل: وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ: کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "إِذَا لَمْ يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ. الشَّيْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا..... الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ: لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔
تَزَحْلَفَ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔
الزُّحْلُوفَة: چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِف وزَحَالِيف.
الزَّحَالِف: چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ وزَحْلَكَ ونَزْحَلَقَ وتَزَحْلَكَ والزَّحْلُوقَة والزُّحْلُوكَة: بمعنی زَحْلَفَ وتَزَحْلَفَ والزُّحْلُوفَة.
الزُّحْلُوفَة: لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔
زَحَمَهُ: (ف) زَحْمًا وزِحَامًا: تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
زَاحَمَهُ: تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الخَمِيسَ: قریب ہونا۔
ازْدَحَمَ وتَزَاحَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔
الأَمْوَاج: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
الزَّحَم: مص۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔
الزَّحْمَة: بھیڑ۔ تنگی۔
الزِّحَام: مص مص۔ يَوْمُ الزِّحَام: قیامت کا دن۔
المِزْحَم: بہت بھیڑ کرنے والا (أَبُو مِزْحَم):

الزَّرَّة: دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل۔
الزُّرَارَة: ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اس سے چمٹ جائے۔
الزُّرَّار والزَّرِیر: سریع الفہم۔ تیز خاطر۔
الزَّرِیرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زَرِیرَة)
الزَّارَّة: جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
حِمَارٌ (مِزَرٌّ): دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرَّامِ إِزْرِئْمَامًا وإِزْرَامٌ. إِزْرِیمَامًا. تکلَّمَهُ او دَمْدَمَهُ او بَوْلَهُ: گفتگو یا خون میں پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ: (ن) زَرْبًا. المَوَاشِیَ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ: (س) زَرَبًا. المَاءُ: پانی کا بہنا۔
اِنْزَرَبَ: باڑہ میں داخل ہونا۔
اِزْرَبَّ. النَّبَاتُ: نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔
الزَّرْب: مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (.....والزُّرْب): باڑہ۔ ج زُرُوب.
الزِّرْب پانی پینے کی جگہ۔
الزَّارُوب. عِنْدَ الغَائِطَة: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَب ہے۔
الزُّرْبِیّ والزُّرْبِیَّة: مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے.....مِنَ النَّبْتِ: گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِیّ.
الزَّرْبِیَّة: جی حضوری۔
الزَّرِیبَة: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زِرَاب وزُرُبٌ.
المِزْرَاب: پرنالہ۔ ج مَزَارِیب.
زَرْجَنَهُ: فریب دینا.....القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔
الزَّرْجُون: انگور کی ٹہنیاں۔ واحد..... (زَرْجُونَة) ایک قسم کا سرخ رنگ۔ شراب (معرب)
زَرَخَ (ض) زَرْحًا: ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔
الزَّارِح: فا۔ چست۔ ج زُرَّاح.
الزَّرْزُوح والزَّرْزُوحَة: چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَازِیح. المَزْرِح: پست زمین۔
تَزَرْنَقَ: بیع غَنِیَّة: کرنا۔ بیع عبنہ: کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے کو فروخت زائد قیمت کے ساتھ انتظار قیمت کے عوض۔ زائد چیز لینا۔
زَرَدَهُ (ن) زَرْدًا: گلا گھونٹنا۔
الزَّرْدُ: زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ غَیْظَهُ عَلَى صَاحِبِهِ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔
زَرِدَ: (س) زَرَدًا وإِزْدَرَدَ ونَزْرَدَ. القَلَمَةُ: لقمہ کو جلدی نگلنا اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ اليَمِينَ" اس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔
الزَّرَد: بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُود.
جِمَارُ الزَّرَد: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔
الزَّرِد: جلدی نگلنے والا۔
الزَّرْدَة: ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔
الزِّرْزَاد والمِزْرَد: اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔
الزَّرَّاد: گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔
الزِّرَاذَة: زرہ بنانے کا پیشہ۔
المَزْرَد: گلا۔
المُزَرْدَم: مقع۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ بِمُزَرْدَمِهِ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔
زَرْدَبَهُ وزَرْدَمَهُ: گلا گھونٹنا۔ الطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔
الزَّرْدَمَة: سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔
زَرْزَرَ. الزُّرْزُورُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا.....الرَّجُلُ: ہمیشہ زُرْزُور: پرندہ کو کھانا۔
.....بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
الزُّرْزُور: ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعض میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِیر وزَرَازِر.
الزَّرْزَار والزَّرَازِر: سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَة.
الزُّرْزُورِی: وہ جو زُرْزُور: پرندہ کے رنگ کا ہو۔
زَرَطَ: (ض) زَرْطًا. اللُّقْمَةَ: لقمہ کو نگلنا۔
زَرَعَ: (ف) زَرْعًا وإِزْدَرَعَ: بونا۔ بیج ڈالنا.....الأَرْضَ: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰهُ النَّبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَهُ بَعْدَ شَفَاوَةٍ" یعنی اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔
زَارَعَ مُزَارَعَةً: بونا.....فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔
أَزْرَعَ. الزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کا اگنا..... القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔
تَزَرَّعَ. إِلَى الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا۔
الزَّارِع: فا۔ ج زَارِعُون وزُرَّاع: ایک کتے کا نام اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زَارِع" کہتے ہیں۔
الزَّرْع: مص۔ کھیت۔ اولاد۔ ج زُرُوع.
الزُّرْعَة: ج (.....والزِّرْعَة والزَّرْعَة الزَّرْعَة): کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي هٰذِهِ الأَرْضِ زُرْعَةٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے.....الزُّرْعَة: چکور کا بچہ۔
الزِّرَاعَة: کاشتکاری۔ کھیت۔
الزَّرِیعَة: بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔
الزَّرَّاع: بہت کھیتی کرنے والا۔ چغل خور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زُرَّاعُون وزُرَّاعَة.
الزُّرَّاعَة. زُرَّاع: کا مؤنث۔ کشت زار ج زُرَّاعَات.
الزَّرِیع: صرف بارش سے سیراب ہونے والی

دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھئے "زرنوق"۔
.....فُلاناً اللِّباسَ: کسی کو لباس پہنانا۔
تَزَرْنَقَ. بالثِّیاب: کپڑے پہننا..... الرَّجُلُ: چھوٹی نہر سے اُجرت پر آب کشی کرنا۔
الزُّرْنُوق: چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔
الزُّرْنُوقان: کنوئیں کے من پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔
الزَّرْنَقَة: مص۔ زیادتی۔ حسن کامل۔
الزِّرِنِق: ہڑتال۔
زَرَیٰ (ض) زُرْیًا وزُرْیًا وزَرَایَةً ومَزْرِیَةً ومَزْرَاةً وأَزْرَیٰ وتَزَرَّیٰ. عَلَیْهِ عَمَلَه: کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔ أَزْرَی بِالأَمْرِ: سستی کرنا۔ أَزْرَی بِهِ وأَزْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زَارَاهُ مُزَارَاةً: ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
اِزْدَرَیٰ واسْتَزْرَیٰ. ه: حقیر سمجھنا۔
الزَّرِیّ: ناکارہ۔ ذلیل۔
المِزْرَاء: لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زَطَّ: (ن) زُطًّا. الذُّبابُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
الزُّطُّ: جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِیٌّ۔
زَعَبَ: (ف) زَعْبًا. الإِناءَ: برتن کو بھرنا..... القِرْبَةُ: مشک بھری ہوئی اٹھانا۔
القِرْبَةُ: پانی گرانا..... السَّیْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا..... الوادی: وادی کا بھر جانا..... الشَّیْءُ: کاٹنا..... لَهُ مِنَ المَالِ: زِعْبًا وزَعْبَةً وزُعْبَةً: مال کا کچھ حصہ دینا..... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
زَعَبَ: (ف) زَعِیبًا. المِعْزَابُ: کائیں کائیں کرنا۔
تَزَعَّبَ: غضبناک ہونا۔ شادماں ہونا۔
.....فِی أَكْلِهِ وشُرْبِهِ: بہت کھانا پینا۔ القَوْمُ المَالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
اِزْدَعَبَ. الشَّیْءَ: کاٹ لینا۔
الزَّعْبَة والزُّعْبَة والزِّعْب: مال کا ایک حصہ۔
الأَزْعَب: پستہ قد۔ کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ.
سَیْلٌ (زَاعِبٌ وزَعُوب): وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزَّاعِب: اچھا رہبر۔
زَعِیبُ. النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزُّعْبُوب: پستہ قد کمینہ۔
زَعْبَقَ. القَوْمَ: پریشان ومتفرق کرنا۔
.....الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔
تَزَعْبَقَ. الشَّیْءُ مِنْ یَدِی: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔
زَعْبَلَ: بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل.
زَعْجَه: (ف) زَعْجًا وأَزْعَجَ: بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زَعَجَ الرَّجُلُ: چلانا۔
أَزْعَجَهُ إِلَى المَعْصِیَةِ: گناہ پر اُبھارنا۔
اِنْزَعَجَ: بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔
الزَّعَج: بے قراری۔
المِزْعَاج: ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔
زَعِرَ: (س) زَعَرًا وأَزْعَرَ وازْعَارَّ. شَعْرُهُ أَوْ رِیشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔ زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا۔
الزَّعَارَة والزَّعَارَّة: بدخوئی وتند مزاجی۔
الزَّعِر والأَزْعَر: کم اور متفرق بالوں والا۔
مَوْضِعٌ زَعِرٌ وأَزْعَر: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زَعِرَةٌ وزَعْرَاءُ.
الزَّعِرَة: ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔
الأَزْعَر: چور سرکش چھیننے والا۔ مؤنث زَعْرَة وزَعْرَاء: ج زُعْر وزُعْرَان.
الزُّعْرَان: نوجوان لوگ۔
الزُّعْرُور: ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُورَة)
رَجُلٌ زُعْرُور: بدخلق وبے خیر مرد۔ ج زَعَارِیر. الزَّعَارِیر: گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ): بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَه زَعْزَعَةً: سخت حرکت دینا۔
.....الإِبِلَ فِی السَّیْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ: ہلنا۔
الزَّعْزَعَة: مص۔ ج زَعَازِع. الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِیحٌ (زَعْزَعٌ وزُعْزُعٌ وزَعْزَاعٌ وزُعَازِعُ وزُعْزُعَان): آندھی۔ ہوا کا طوفان..... جَرْیٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَعْزَفٌ): بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ: (ف) زَعْطًا: گلا گھونٹنا..... الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا۔
الزَّاعِط: فا۔ مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔
زَعَفَه (ف) زَعْفًا وأَزْعَفَهُ وأَزْدَعَفَه: فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِیحَ وأَزْعَفَ عَلَیْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِیثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سَمٌّ (زُعَافٌ): زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ): فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سَیْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُّعُوف: ہلاکت کی جگہیں۔
الزَّعُوفَة: پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
زَعْفَرَهُ: زعفران سے رنگنا..... الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ: زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔
الزَّعْفَرَان: زعفران۔ کیسر۔ ج زَعَافِر.
زَعْفَرَانُ الحَدِیدِ: لوہے کا زنگ۔
زُعَافِیّ. الزُّعَافِیّ: بخیل۔ بدخلق۔ ج زَعَافِق.

الزَّغَر. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: زیادتی۔ افراط۔
الزُّغَار: کھینچوا۔
زَغْرَبَ: ہنسنا۔
الزَّغْرَب: بہت پانی۔ بِئْرٌ زَغْرَبٌ وزَغْرَبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
زَغْرَدَ زَغْرَدَةً. البَعِيرُ: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زَغْزَغَ. الكَلَامَ: رکیک گفتگو کرنا۔ الشَّيْءَ: چھپانا..... بالرَّجُلِ: تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
الزُّغْزُغ: سبک و چست آدمی۔
حسب ونسب میں مطعون۔
الزُّغْزُغ: پستہ قد حقیر۔ ایک پرندہ۔
الزُّغْزُغِيَّة: عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَّغْزَغِيَّة: ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ: (ف) زَغْفًا. المَاءُ: پانی بہت ہونا۔
..... فِي حَدِيثِهِ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ كَلَامًا كَثِيرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا كَثِيرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا..... ہ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ. الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔
الزَّغَف: مص۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِيفٌ): کشادہ مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوعٌ زُغْفٌ وزُغْفٌ وأَزْغَافٌ وزُغُوفٌ".
الزَّغَف: چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَّغَّاف: بہت بولنے والا۔
الزَّغَفَة والزُّغَفَة: کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزْغَف: حریص۔ بہت خواہش مند۔
زُغْفَل زَغْفَلَةً: جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زُغْلًا. المَاءُ: پانی بار بار گرانا..... الشَّرَابَ: کلی کرنا..... الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچہ کا دودھ پینا۔
أَزْغَلَ. المَاءُ: گرانا..... الأُمُّ وَلَدَهَا: بچہ کو دودھ پلانا..... الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا..... الشَّرَابَ: کلی کرنا۔
الزَّغْل: دھوکا۔
الزُّغْلِيّ: دھوکا دینے والا۔
الزُّغْلَة: کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُّغْلُول: بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج زَغَالِيل.
تَزَغَّمَ. الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزَّغُوم والزُّغْمُوم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
زَفَّ: (ض) زَفًّا وزُفُوفًا: تیز دوڑنا..... الرِّيحُ: ہوا کا چلنا..... زَفًّا وزَفِيفًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اُڑنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا وزِفَافًا. العَرُوسَ إِلَى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا..... البَرْقُ: چمکنا۔
أَزَفَّ. العَرُوسَ إِلَى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا..... الرَّجُلُ: تیز دوڑنا..... ہ تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا..... العَرُوسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
اِسْتَزَفَّهُ. السَّيْلُ: سیلاب کو بہالے جانا۔
..... ہ السَّيْرُ: سبک بنانا۔
الزَّف: چھوٹے چھوٹے پر۔
الزُّفَف: پرندہ کے روئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَّفَّة. زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ زَفَّةً أَوْ زَفَّتَيْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُّفَّة: گروہ۔
الأَزَف: تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔
الزَّفِيف والزُّفَان والزُّفَاف: سبک تیز رفتار۔ الزُّفُوف: شتر مرغ..... مِنَ النُّوق: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ فَرَسٌ زَفُوفٌ: آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّة: پالکی۔
زَفَتَ: (ن) زَفْتًا. الإِنَاءَ: بھرنا..... الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيثَ فِي أُذُنِ الأَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفْت. السَّفِينَة: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِّفْت: تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
فَرَسٌ شَعِيرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
اِزْدَفَتَ. المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا وزَفِيرًا. النَّارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا..... الأَرْضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحِمَارُ: گدھے کا رینگنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ الشَّيْءَ زَفْرًا: اٹھانا..... المَاءَ: پانی کھینچنا۔
اِزْدَفَرَ. الشَّيْءَ: اٹھانا۔
الزِّفْر: بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج أَزْفَار.
الزَّفْر: درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الزُّفَر: شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سختی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے کے لئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔
الزَّفِير: مص۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو اَلشَّهِيق: کہتے ہیں۔
الزَّفْرَة الزُّفْرَة: لمبی سانس۔ گرم سانس۔
زُفَرَةُ الدَّابَّةِ زَفَرَتُهَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔
الزَّفُرَة: زَفِرَ الرَّجُلُ أَوِ الحِمَارُ: کا اسم ج زَفَرَاتٌ: کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرَاتٌ: کہتے ہیں۔ فَرَسٌ (أَزْفَر): بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر.

زَکٌّ: (ن) زَکًّا وزَکَکًا وزَکِیکًا الشَّیْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔(.....زَکًّا) الغُلَامُ: دوڑنا.....القِرْبَةَ: مشک بھرنا.....بِسِلْحِهٖ: بیٹ کرنا۔زَکَّهُ المَاءُ: آسودہ کرنا.....عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔

زُکَّ. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔

اَزَکَّ. عَلَی الاَمْرِ: اصرار کرنا.....بِرَایِهٖ: خودرائے ہونا۔

تَزَکَّکَ: ساز وسامان لینا یا ہتھیار اٹھانا۔

اِزْدَکَّ. الزَّرْعُ: سیراب ہونا۔

الزُّکَّ: فاختہ کا چوزہ۔

الزُّکَّةُ: ہتھیار۔

الزُّکَّةُ: غم وغصہ۔

زَکَّاهُ: (ف) زَکًّا: مارنا.....زَکَاهُ الدَّرَاهِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا.....زَکَاهُ حَقَّهٗ: پورا کرنا.....اِلَیْهِ: پناہ لینا۔

اِزْدَکَّ. حَقَّهٗ مِنْهُ: حق وصول کرنا۔

رَجُلٌ (زَکًّا وزَکَاةٌ وزُکَاةٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔

المَزْکَأُ: جائے پناہ۔

زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوْبًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا.....المَرْأَةُ: عورت کا ایک ہی مرد سے بچہ کو جننا.....المَرْأَةُ: جماع کرنا۔

اِنْزَکَبَ. البَحْرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔

الزُّکْبَةُ: لڑکا۔نطفہ۔

زَکَتَ (ن) زَکْتًا وَاَزْکَتَ وزَکَّتَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

اَزْکَتَتِ. المَرْأَةُ بِغُلَامٍ: لڑکے کو جننا۔

المَزْکُوْتُ: انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا عکسین۔

زَکَرَ (ن) زَکْرًا وزَکَّرَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

زَکَرَ وتَزَکَّرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

الزُّکَّرَةُ: شراب وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن۔ج زُکَرٌ.

زَکَمَهٗ (ن) زَکْمًا وَاَزْکَمَهٗ: مبتلائے زکام ہونا.....القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔زَکَمَتْ بِهِ اُمُّهٗ: جننا۔

زُکِمَ: زکام زدہ ہونا۔صفت (مَزْکُوْم)

الزُّکْمَةُ: زکام۔اولاد۔کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُکْمَةُ سُوْءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔

الزُّکْمَةُ: اجڈ۔آخری بچہ۔کہا جاتا ہے "هُوَ زُکْمَةُ وَلَدِ اَبِیْهِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے۔

زَکِنَ (س) زَکَنًا. الاَمْرَ: تاڑ جانا۔سمجھنا۔ گمان کرنا۔کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّهٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے.....مِنْهُ عَدَاوَةً: کسی کی دشمنی کا علم ہونا(.....زُکُوْنًا) اِلَیْهِ: پناہ لینا۔مل جل جانا۔

زُکِّنَ: گمان کرنا.....عَلَیْهِ: مشتبہ کرنا۔

زَاکَنَهٗ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الجَیْشُ یُزَاکِنُ الاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے.....ہ: قریب وہم نشین ہونا۔

اَزْکَنَهٗ. الاَمْرَ: جتانا۔سمجھانا.....الشَّیْءُ: صحیح گمان کرنا۔

الزَّکَانَةُ والزَّکَانِیَةُ: صحیح گمان۔

رَجُلٌ (زَکِنٌ): سمجھدار مرد۔

رَجُلٌ (زُکَنٌ): اچھی یادداشت والا مرد۔

زَکَا یَزْکُوْ زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ. (س) زَکِیَ. الزَّرْعُ: بڑھنا.....الرَّجُلُ: نیک وصالح ہونا۔خوش عیش ہونا۔زکی ہونا.....الاَرْضُ: عمدہ ہونا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا لَایَزْکُوْبِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔

زَکِیَ: بڑھنا۔زائد ہونا۔پیاسا ہونا۔

هُ اللّٰهُ: نشوونما کرنا۔پاک کرنا۔صالح بنانا۔

زکوۃ لینا۔زَکِّیْ لَهٗ: زکوۃ ادا کرنا.....نَفْسَهٗ: خودستائی کرنا۔

اَزْکٰی. الزَّرْعُ: بڑھنا.....هُ اللّٰهُ: نشوونما کرنا۔

تَزَکَّیَ: صدقہ ادا کرنا۔زکی ہونا.....الشَّیْءُ: بڑھنا۔زیادہ ہونا۔

الزَّکَا: جفت عدد۔کہا جاتا ہے "اَلْخَمْسَةُ هٰذَا اِمْ زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔

الزَّکَاةُ: چیز کا عمدہ حصہ۔زکوۃ۔صدقہ۔ پاکیزگی۔ج زَکَاوَزَکَوَاتٌ.

التَّزْکِیَةُ: زکی: کا مصدر۔

الزَّاکِی: فا۔عمدہ نشوونما پانے والا۔ج اَزْکِیَاءُ.

الزَّکِیُّ: اچھی نشوونما پانے والا۔ج اَزْکِیَا: مؤنث زَکِیَّةٌ: کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّةٌ" عمدہ زرخیز زمین۔

زَلَّ (ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُوْلًا وزَلِیْلًا ومَزِلَّةً وزِلْزَالًا: پھسل کر گرنا.....عَنِ الحَقِّ اَوِ الصَّوَابِ: پھر جانا.....عُمَرُهٗ: گزر جانا.....(زَلَّ زِلِیْلًا زُلُوْلًا): جلدی گزرنا۔

زَلَّ زُلُوْلًا. الدِّرْهَمُ: کم وزن ہونا۔صفت (زَالٌّ) ج زُوَّالٌ: کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ زُوَّالٌ" کم وزن والے درہم۔

زَلَّ: (س) زَلَلًا: ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ): مؤنث (زَلَّاءُ. ج زُلٌّ).

اَزَلَّهٗ: پھسلانا۔لغزش کرانا۔کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْهِ نِعْمَةً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔و "اَزَلَّ اِلَیْهِ مِنْ حَقِّهٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔"اَزَلَّهُ اِلَی القَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔

اِسْتَزَلَّهٗ: پھسلانا۔لغزش کرانا۔

الزَّلُّ: پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زُلٌّ وَاَرْضٌ زُلٌّ":

الزَّلَلُ: مص۔گناہ کا ارتکاب۔کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ مِیْزَانِهٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔

الزَّلَّةُ. زَلَّ: کا اسم مرۃ۔ایک مرتبہ گرنا۔

ہے)
اِزْلَعَبَ. الفَرَخ: چوزہ کے پر نکلنا۔ الشَّعْرُ: مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ: (ن) زُلْفًا وزَلَفًا وزِلِفًا وتَزَلَّف واِزْدَلَفَ: آگے ہونا قریب ہونا۔
زَلَفَ: (ن) زَلْفًا وزَلْفَ. الشَّیْءَ: آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِی الکَلَامِ: زیادہ کرنا۔
اَزْلَفَہٗ: نزدیک کرنا..... الاَشْیَاءَ: جمع کرنا..... الدَّلِیْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزُّلْف والزُّلَف والزُّلْفٰی: نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزُّلْف: باغ۔
الزُّلْفَۃ: نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَف وزُلُفات وزُلْفات: اور بقول بعض الزُّلَف: بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔
الزَّلْفَۃ: بھرا ہوا حوض۔ پیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑ دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زُلَف.
العَقَبَۃ (الزَّلُوْف): دور دراز گھاٹی۔
المَزْلَفَۃ: آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف. المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَفَۃ.
زَلِقَ: (س) وزَلَفَ (ن) زَلَقًا. القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بِمَکَانِہٖ: ملول ہو کر علیحدہ ہونا۔
زَلَقَہٗ: (ض) زَلْقًا وزَلَقَہٗ واَزْلَقَہٗ: پھسلنا..... عَنْ مَکَانِہٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا..... رَاْسَہٗ: سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا۔ زَلَّقَ بَدَنَہٗ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزْلَقَہٗ وزَلَّقَہٗ بِبَصَرِہٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔ اَزْلَقَت الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَزَلَّقَ: اس طرح ہنسنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔
الزَّلَق والزَّلَق والزَّلِق والزَّلَّاقَۃ: پھسلن کی جگہ۔ اَرْضٌ زَلِقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔
الزَّلِق: وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔
الزَّلَقَۃ: چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَۃٌ (زَلُوْقٌ): تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَۃٌ زَلُوْقٌ: دور دراز گھاٹی۔
الزَّلِیْق: ناتمام گرا ہوا بچہ۔
الزَّلْبَق: ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَّیْقَۃ.
المِزْلَاق: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔
المَزْلَق والمَزْلَقَۃ: پھسلن کی جگہ۔
الزُّلْقُوْم: کلا۔
زَلَمَ: (ن) زَلْمًا: خط کرنا..... الاِنَاءَ: برتن بھرنا..... الاَنْفَ: ناک کاٹنا..... العَطَاءَ: کم دینا۔
زَلْمَۃ: نرم کرنا۔ ہموار کرنا..... الرُّحٰی: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا..... العَطَاءَ: کم دینا..... الغِذَاءَ: بُری خوراک دینا۔
اِزْدَلَمَ. الشَّیْءُ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔
اِزْلَامٌ اِزْلِمَامًا. الشَّیْءُ: سیدھا کھڑا ہونا..... القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَامُ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔
الزَّلَم: کھریا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَّلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔
الزُّلْمَۃ والزَّلْمَۃ والزَّلَمَۃ: ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ العَبْدُ زُلْمَۃٌ" وہ غلام کے مشابہ ہے۔
المِزْلَمَۃ: بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔
زَلُوْمَۃ. الاِبْرِیْق عِنْدَ العَامَّۃِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بُلْبُل ہے۔
المُزَلَّم: پستہ قد۔ سبک وچست۔ طریق المُزَلْزَلم والزَّلِیْم. مِنَ السِّهَام: عمدہ بنا ہوا تیر۔
المُزَلِّم والاَزْلَم: کٹے ہوئے کان والا۔
الزَّلْمَاء. الاَزْلَم: کامونث۔ مادہ بکری۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔
زَمَّہٗ: (ن) زَمًّا: باندھنا..... البَقَرَۃَ: مُنْہ بھرنا۔ زَمَّ البَعِیْرُ بِاَنْفِہٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا..... الرَّجُلُ بِرَأْسِہٖ: سر بلند کرنا..... بِاَنْفِہٖ: تکبر و گردن کشی کرنا..... القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (..... وزَمَّمَ) الجَمَّالُ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا..... الذِّئْبُ السَّخْلَۃَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔
زَمْبَ: (ن) زُمُوْمًا. القِرْبَۃُ: مشک کا بھرنا..... نَابُ البَعِیْرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔ (..... زِمِّیْمًا) الزُّنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔
اَزَمَّ. النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
زَامَّہٗ مُزَامَّۃً: تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
اِزْمَمْ: باندھنا۔
اِزْدَمَ: تکبر سے سر بلند کرنا..... الذِّئْبُ السَّخْلَۃَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچے کو سر بلند کر کے لے جانا۔
الزِّمَام: جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّۃ. زِمَامُ النَّعْل: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زِمَامُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و"ھُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دارومدار ہے۔ و"اَلْقَوْا فِیْ یَدِہٖ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و"ھُوَ عَلٰی زِمَامِ اَمْرِہٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و"ھُوَ یَصْرِفُ اَزِمَّۃَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔
الزَّام: فارسی جَلْ زَام: گھبرانے والا مروج زَمّ: کہا جاتا ہے "ذَارِیْ مِنْ دَارِہٖ (زَمْ):

بھڑ کا بھنبھنانا۔ اَزْعَبَ الاَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا اور تیز دوڑنا۔

الزَّمَعُ: مص۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الرَّعَاعِ وَالزَّمَعِ" وہ بہت پست اور ادنیٰ لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بے قراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاع (.....والزَّمَاع): پختہ ارادہ۔

الزُّمْعَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ فِيهَا زُمْعَة مِنَ النَّبَتِ": زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَّمَعَة. ج زُمَع وزِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔ .....ج اَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الزَّمِعِيّ: خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُّمَّع: بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزَّمَّاعَة: دبر۔

سَمٌّ عُذَافٌ: زہر قاتل۔

اَلْعُذَافِرُ: شیر۔ مضبوط اونٹ۔ ج عُذَافِرَةٌ۔

عَذَوْفَرٌ: مضبوط اونٹ۔

عَذَقَ: (ض) عَذْقًا وَعَذَّقَ اَلنَّخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عَذَقَهٗ اِلٰى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ وَاَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اون سے نشان لگانا۔

اِعْتَذَقَ: دو شملے لگانا۔ اِعْتَذَقَهٗ بِكَذَا: کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔

اَلْعَاذِقُ: فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْنَ وَعُذَّاقٌ.

اَلْعَذْقُ: پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُقٌ وَعُذُقٌ وَعُذَّاقٌ.

اَلْعِذْقُ: انگور کا گچھا..... مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْقٌ وَاَعْذَاقٌ. اَلْعِذْقُ: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ كَمَلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔

اَلْعَذِقُ: ہوشیار۔ چرب زبان۔ طِيْبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔

اَلْعَذْقَةُ وَالْعِذْقَةُ: بکری کے رنگ کے خلاف اون کا نشان۔

عَذَلَهٗ: (ن ض) عَذْلًا وَعَذْلَهٗ: ملامت کرنا۔ صفت عَاذِلٌ ج عُذَّلٌ وَعُذَّالٌ وَعَذَلَةٌ وَعَاذِلُوْنَ مؤنث عَاذِلَةٌ ج عَوَاذِلُ وَعَاذِلَاتٌ.

تَعَاذَلَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

تَعَذَّلَ وَاعْتَذَلَ: اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْءِ: پختہ لصادہ کرنا۔

اَلْعَذْلُ وَالْعَذَلُ وَالْعُذَّالُ: ملامت کرنا۔ اَيَّامٌ عُذُلٌ وَمُعْذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔

اَلْعُذَلَةُ وَالْعُذُوْلُ وَالْعَذَّالُ وَالْعَذَّالَةُ: بہت ملامت کرنے والا۔

اَلْعَذَّالَةُ: مؤنث عَذَّالٌ: سرین۔

اَلْعَاذِلُ: فا۔ رگ حونِ استحاضہ۔

اَلْمُعَذَّلُ: مفع۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔

عَذْلَجَ. اَلسِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا..... اَلْوَلَدَ وَغَيْرَهٗ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔

عَيْشٌ عِذْلَاجٌ: خوشگوار زندگی۔

اَلْعُذْلُوْجُ: اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔

اَلْمُعَذْلَجُ: پُر گوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَةٌ.

عَذَمَ: (ض) عَذْمًا اَلْفَرَسَ: گھوڑے کا

الاَعْرَابِی: عرب کا دیہاتی۔
الاَعْرَاب: عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرَابی.
العُرْبَة: تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرَب وعُرُبَات. العُرُبات: وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق بھی پر ہوتا ہے۔
العَرَّاب. عِنْدَ النَّصَارٰی: جب کسی کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم کے مطابق ایک مقدس شخص اس کا باپ بنتا ہے وہ "عَرَّاب" اور جو ماں بنتی ہے وہ "عَرَّابَة" کہلاتی ہے۔ جنہیں انگریزی میں Good Father and. Good Mother کہتے ہیں۔
الاَعْرَابِیَّة: عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَبُهُمْ اَحْسَابًا" حسب کے لحاظ سے خالص اور "اَعْرَبُهُمُ الْسِنَةً" اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَیْلٌ او اِبِلٌ عِرَابٌ واَعْرَب: خاص عربی گھوڑے یا اونٹ۔
العُرْبَان: عرب۔
الغُرُوب والغُرُوبَة بن النِساء: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ غُرُوبَة اور بَوْمٌ الغُرُوبَة: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے "مَا بالدارِ مُعْرِبٌ او عَرِیبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّب: عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے اَبریسم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَةً: بدخلق ہونا۔ صفت عِرْبِد ومُعَرْبِد.
العِرْبِد والعِرْبِذ: ایک سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبِدًا" یعنی سخت غضبناک ہوا نر سانپ۔
عَرْبَنَهُ: بیعانہ دینا۔
العُرْبُون والعَرْبُون والعُرْبَان: بیعانہ۔ سائی ج عَرَابِیْن: عوام رُعْبُون..... کہتے ہیں۔
عَوَتَ: (ض ن ف) الرُمْحُ: نیزے کا سخت ہونا..... البَرْقُ ونَحْوُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا..... بَرْقٌ او رُمْحٌ عَرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔
العَرْنَبَة: ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
العُرْنُمَة: ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُعْلُه عَلٰی عُرْنُمَتِهٖ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ: (ض ن) عُرُوْجًا ومَعْرَجًا فِی السُلَّم: سیڑھی پر چڑھنا..... عَلَی الشَیْءِ وفِیْهِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِهٖ: چڑھایا جانا۔
عَرَجَ وعَرِجَ: (ف س) عَرَجًا: لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَج: ج عُرْج وعُرْجَان: مؤنث عَرْجَاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ: ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسری جانب جھکنا..... عَنِ الشَیْءِ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا..... القَوْسَ: پیچیدہ دھاردار بنانا..... البِنَاءَ او النَهْرَ: جھکاؤ کے ساتھ بنانا..... الرَجُلَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُعَرَّجُ عَلٰی قَوْلِهٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا ہے (..... وتَعَرَّجَ): جھکنا..... عَلَی المَکَانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔
اَعْرَجَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَهُ اللّٰهُ: لنگڑا کر دینا۔
تَعَارَجَ: تکلف لنگڑانا۔
اِنْعَرَجَ. الشَیْءُ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا..... الطَرِیْقُ: جھکنا..... عَنِ الشَیْءِ: تجاوز کرنا' چھوڑ دینا..... القَوْمُ عَنِ الطَرِیْقِ: بھٹک جانا۔
العَرَجَ والعَرَجَان: لنگڑاہٹ' لنگڑے کی چال۔
العَرْجَاء: مؤنث الاَعْرَج: لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرَجَة والعُرْجَة: جس پر توقف کیا جائے۔
اَعْرَزُ غَرِیْجٌ: غیر مستحکم کام۔
العُرَیْجَاء: دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
المِعْرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج: سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَعَارِجُ ومَعَارِیْجُ:
المُنْعَرَجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔
عَرْجَنَ الثَوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُون: کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج عَرَاجِیْن.
العُرْجُد والعُرْجُدّ: بمعنی عرجون.
عَرَزَ: (ن) عَرْزًا الخَشَبَ: پتھر کو دور پھینکنا۔
(..... عُرُوْزًا واَعْرَزَ) النَبَاتُ او النَابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا..... الشَجَرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَرِزَ: (س) عَرَزًا وعَرَزَ: بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السَهْمُ فِی الرَمْیَةِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَّزَ النَجْمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّزَ الرَجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْدُو والعَرْدِو والعُرُدّ: بہت سخت۔
العَرَاذَة: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فِیْ عَرَاذَةِ خَیْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّاذَة: پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّاذَات.
العَرِیْد: طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَرِیْدُهٗ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْذَسَهٗ: پچھاڑنا۔
العَرَنْدَس: بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِرْنْدِس: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَزَ: (ض) عَرْزًا. الشَیْءَ: سختی سے کھینچنا۔ الرَجُلَ: کسی کو ملامت کرنا (..... وعَرِزَ (س) عَرَزًا) الشَیْءُ: سخت ہونا۔ سکڑنا۔
عَرَّزَ: سکڑنا..... الشَیْءَ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَهٗ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

العُرْصُوم: بخیل۔
عَرَضَ (ض) عَرْضًا. الشَّیْءَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا..... الشَّیْءَ عَلَیْہِ: دکھلانا..... اَلْمَتَاعَ لِلْبَیْعِ: سامان کو فروخت کے لئے خریداروں کے سامنے کرنا..... الجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا ..... لَہٗ مِنْ حِقِّہٖ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عَرَضَ لَہٗ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰی: بخار لاحق ہونا..... اَلْقَوْمَ عَلَی السَّیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا..... الحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرَضَ او عَرَضَ فُلَانٌ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عُرُضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔ عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا..... الفَرَسُ گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔
عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔
عَرَضَ (ض) وعَرِضَ (س) عَرْضًا: ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔
عَرَضَ (ص ن) عَرْضًا العُوْدَ عَلَی الْاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔
عُرِضَ: محموں ہونا۔
عَرَضَ (ن) عَرْضًا: مکہ یا مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا..... الکِتَابَ: زبانی پڑھنا۔
عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَۃً: چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْضٍ وعُرَاضٍ۔
عَرَّضَ وَلَّہٗ وِبِہٖ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا..... الشَّیْءَ: چوڑا کرنا ..... اَلْمَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا ..... الکَاتِبُ: مبہم لکھنا..... الشَّیْءَ لِلشَّیْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالِکَ لِلْھَلَاکِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لئے پیش کر دیا..... مِنْ مَالِہٖ بِکَذَا: بدلہ دینا..... فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔
اَعْرَضَ عَنْہُ: روگردانی کرنا..... الشَّیْءَ: چوڑا کرنا..... اَلْمَسْئَلَۃَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔
فِی الْمَکَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔
الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُہٗ فَاعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَکَ الخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَکَ الظَّبْیُ فَارِمْہُ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔
عَارَضَہٗ مُعَارَضَۃً وعِرَاضًا: پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الکِتَابَ بِالکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا..... الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا..... ہ فِی المَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَہٗ فَعَرَضَہٗ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَعَرَّضَ الاَمْرِ وِلِلْاَمْرِ وِاِلَی الْاَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا..... الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔
تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِعْتَرَضَ: چوڑائی میں ہونا..... لَہٗ: منع کرنا ..... البَعِیْرُ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا..... لَہٗ بِسَھْمٍ: سامنے آ کر تیر مارنا..... عِرْضَہٗ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا..... دُوْنَ الشَّیْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا..... القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا..... عَلَیْہِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا..... الشَّیْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَہٗ فَاعْتَرَضَ" اس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔
اِسْتَعْرَضَ: چوڑی چیز طلب کرنا..... الشَّیْءَ: پیش کرنے کو کہنا..... ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ..... القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرَضَ یُعْطِی مَنْ اَقْبَلَ وَاَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔
اِسْتَعْرَضَ الْعَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کر لو۔
العَرْض: اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْض: پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل..... مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْض وعِرَاض واَعْرَاض: جزا سزا کا دن۔
العَرْض: التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّیْءُ عَرْضُ عَیْنِی یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَیْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ وعَرْضُ الحَالِ عِنْدَ الکُتَّابِ: حاکم کے پاس شکایت کیلئے یا کسی فائدہ کے لئے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لئے عُرُوْض الاَحْوَالِ بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔
العِرْض: اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج اَعْرَاض: کہا جاتا ہے "ھُوَ نَقِیُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و "ذُوْ العِرْضِ مِنَ القَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و "ھُوَ غَرِیْبُ العِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ العِرْض: نفس۔ کہا جاتا ہے "اَکْرَمْتُ عَنْہُ عِرْضِیْ" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَان: بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔
العِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والا۔
العُرْض: جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔
..... مِنَ البَحْرِ او النَّھْرِ: سمندر یا دریا کا وسط۔
..... مِنَ الحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات۔
مِنَ السَّیْفِ او العُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک

کرنا۔
عَرَفَ (ن) عَرَافَةً. عَلَى الْقَوْمِ: چودہری ہونا۔قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔قوم کی سیاست کرنا(..... عَرْفًا) اَلْفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔
عَرُفَ (ک) عَرَافَةً: چودھری ہونا (..... عَرْفًا وعَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔عمدہ خوشبو ہونا۔
عَرِفَ (س) عَرْفًا: خوشبو ترک کر دینا۔
عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔صفت معروف۔
عَرَّفَ. الشَّيْءَ: خوشبودار کرنا۔عَرَّفَهُ الْاَمْرَ: واقف کرا دینا۔عَرَّفَهُ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔
عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا..... الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا..... الِاسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا..... الْحُجَّاجَ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (..... وَاَعْرَفَ) فُلَانًا: خطاپر مطلع کرنا اور معاف کر دینا۔ اَعْرَفَ الْفَرَسَ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الِاسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا..... الشَّيْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا..... الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا..... بِفُلَانٍ: آشنا ہونا..... اِلَيْهِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ. بِالشَّيْءِ: اقرار کرنا۔ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا..... الشَّيْءَ: پہچاننا..... بِهٖ: رہنمائی کرنا..... الرَّجُلُ: دریافت کرنا..... اِلَيْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا..... لِلْاَمْرِ: صبر کرنا..... الضَّالَّةَ: گم شدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لئے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ. الشَّيْءَ: پہچاننا..... اِلٰى فُلَانٍ: واقفیت کے لئے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ. لِلشَّرِّ: برائی کے لئے آمادہ ہونا۔
..... الْفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا..... الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا..... النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا..... الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا..... الرَّاكِبُ الْفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا..... الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔
الْعَرْفُ: بو۔اکثر خوشبو کے لئے استعمال ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "مَا اَطْيَبَ عَرْفَهُ" اس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔الْعُرْفُ: جود۔بخشش۔ بھلائی۔عطیہ۔اقرار۔کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ اَلْفُ عُرْفٍ" اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ایال۔مرغ کی کلغی۔نیکی۔
الْعُرُفُ: موج۔اونچی جگہ۔آگے پیچھے۔کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ عُرُفًا" یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُفٌ وَاَعْرَافٌ. الْعُرْفُ: اصطلاح۔تسلیم کردہ باتیں۔عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاحِ لغوی۔عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاحِ شرعی۔
الْعُرْفُ وَالْعُرُفُ: صبر۔
الْعُرْفُ: ایال۔ریت کی اونچی جگہ۔
الْعَرْفَةُ: ہوا۔ہتھیلی کا زخم (..... وَالْعِرْفَةُ) دریافت۔سوال۔
الْعُرْفَةُ: دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ریت کی اونچی جگہ۔ج عُرَفٌ.
عَرَفَةُ: مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَاتٌ: مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لئے نویں تاریخ کو ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لئے عَرَفِيٌّ.
الْعِرَافَةُ: نجومی کا پیشہ۔
الْعَرَّافُ: نجومی۔طبیب۔
الْعِرْفَانُ: مص۔معروف۔
الْعَرِفُّ وَالْعُرُفَّانُ: اقرار کرنے والا۔ بتانے والا۔
الِاعْتِرَافُ: مص۔پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
الْعَارِفُ: فا۔صبر کرنے والا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
الْعَارِفَةُ: مؤنث عارف۔معروف۔عطیہ۔ ج عَوَارِفُ.
الْعَرُوْفُ: بمعنی عارف۔صبر کرنے والا۔ج عُرُفٌ.
الْعَرُوْفَةُ: جاننے والا۔عالم۔
الْعَرِيْفُ: جاننے والا۔عالم۔اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔نقیب اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے "عَرِيْفُ الْمَكَاتِبِ" اسکول کا مانیٹر۔ج عُرَفَاءُ. اَعْرُفُ عَرِيْفٌ: ام معروف۔
الْاَعْرَفُ: اسم تفضیل۔کلغی والا۔ایال والا۔ حَزْنٌ اَعْرَفُ: بلند جگہ۔
الْعَرْفَاءُ: مؤنث الْاَعْرَفُ: بجو۔قُلَّةٌ. غَرْفَاءُ: بلند چوٹی ج غُرْفٌ.
الْاَعْرَافُ: دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ایک قسم کی کھجور کا درخت۔ اَعْرَافُ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں۔بلند بادل۔اَعْرَافُ الْحِجَابِ اَوِ الرَّمْلِ: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔
﴿الْاَعْرَافُ﴾: قرآنِ پاک کی ایک سورت کا نام۔
الْمَعْرِفَةُ: حقیقت کو پالینا۔
الْمَعْرَفُ وَالْمَعْرُفُ: چہرہ۔چہرے کے محاسن ج مَعَارِفُ: کہا جاتا ہے "هُمْ غُرُّ الْمَعَارِفِ شُمُّ الْمَرَاعِفِ" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔الْمَعَارِفُ: علوم۔مَعَارِفُ الرَّجُلُ: شناسا لوگ۔کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْمَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں میں سے ہیں۔
الْمَعْرَفَةُ: ایال کے اُگنے کی جگہ۔ج مَعَارِفُ.
الْمَعْرُوْفُ: مفع۔مشہور۔خیر۔رزق۔ اَرْضٌ مَعْرُوْفَةٌ: اچھی بو والی زمین۔
الْعَرْفَجُ: ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے ج عَرَافِجُ. الْعَرَافِجُ: ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

دینا(..... عَرْکًا وعَرَاکًا وعُرُوْکًا)
المَرْأَةُ :عورت کا حائضہ ہونا۔کہا جاتا ہے "عَرَکَ الاَذٰی بِجَنْبِہٖ" یعنی اس نے مشقت اٹھائی۔
عَرِکَ (س) عَرْکًا :سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِک.
عَارَکَهٗ مُعَارَکَةً وعِرَاکًا :مقاتلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔کہا جاتا ہے "اَوْرَدَ اِبِلَہٗ عِرَاکًا" یعنی وہ سارے اونٹوں کو پانی پر لایا۔
تَعَرَّکَ الشَّیْءُ :ملا جانا۔
تَعَارَکَ الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے سے مقاتلہ کرنا۔
اِعْتَرَکُوْا :آپس میں جنگ کرنا۔"اِعْتَرَکَ النَّاسُ فِی الْمَعْرَکَةِ او الْخُصُوْمَةِ" لوگوں کا میدانِ جنگ میں قتل وقتال کے لئے پل پڑنا.....اِلِلُ فِی الْوِرْدِ :اونٹوں کا گھاٹ پر اُترنے میں بھیڑ کرنا.....الرِّجَالُ فِی الْحَرْبِ :اہنوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔
العَرَک والعَرِک :آواز۔
العَرَکِیُّ :مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَک ج عُرُوْک.
العَرْکَة :بار بار۔کہا جاتا ہے لَفِیْتُہٗ عَرْکَةً وعَرْکَاتٍ.
العُرُکَة :مشقت برداشت کرنے والا۔
العَرِیْکَة :کوہان۔نفس۔طبیعت۔عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَیِّنُ الْعَرِیْکَةِ" یعنی نرم خو ہے۔"ھُوَ شَدِیْدُ العَرِیْکَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ج عَرَائِک.
المَعْرَک والمَعْرَکَة والمَعْرُکَة :میدانِ جنگ ج مَعَارِک.
المُعْتَرَک :میدانِ جنگ۔مُعْتَرَکُ المَنَایَا :انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان۔
المَعَارِک :فا۔جنگجو۔سخت حملہ آور۔
المَعْرُوْک :مفع۔مَاءٌ مَعْرُوْک :جس پر پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ارض مَعْرُوْکَة :جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو۔ "رَمْلٌ مَعْرُوْکٌ وعَرِیْکٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل۔
عَرْکَس. الشَّیْءُ :تہ بتہ ہونا.....الشَّیْءَ :تہ بتہ کرنا۔
اِعْرَنْکَسَ :جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا..... الشَّعْرُ :بالوں کا سخت کالا ہونا۔
عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا. العَظْمَ :ہڈی سے گوشت اُتار لینا.....الصَّبِیُّ اُمَّهٗ :بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا.....اِلِبِلُ الشَّجَرَ :اونٹ کا درخت سے پتے کھانا.....فُلَانًا :تکلیف پہنچانا۔
عَرَم (ن ض) عُرَامًا وعَرِمَ (س) وعَرُمَ (ک) عَرَامَةً :شدید و سخت ہونا۔شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بدخلق ہونا۔خراب ہونا۔صفت عَارِمٌ وعَرِمٌ.
عَرَّمَ الشَّیْءَ :خلط ملط کرنا۔
اَعْرَمَ :ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔
تَعَرَّمَ. العَظْمَ :ہڈی سے گوشت اتار لینا۔
.....عَلَیْنَا :بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
اِعْرَمَّ. الفَرَسُ :گھوڑے کا دور دُور قدم رکھنا۔منہ زور ہونا.....الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ : بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
العَارِم :فا۔بدخلق۔موذی ج عَرَمَة :مؤنث عَارِمَةٌ ج عَوَارِم وعَارِمَات. یَوْمٌ عَارِمٌ : نہایت ٹھنڈا دن۔
العَرْم :چکناہٹ۔ہانڈی کا بقیہ۔
العَرَم والعُرْمَة :سیاہی سپیدی ملی ہوئی۔ چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔بکری کو(عَرْمَاء)اور بکرے کو اَعْرَم کہتے ہیں(.....والعَرَمَة) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لئے جمع کیا جائے۔
العَرَمَة :کھانے کی بُو۔العَرِم :ہانڈی کا میل۔
العَرِمَة :پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ج عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے۔بغیر واحد کے
العَرِم :نرچوہا۔شدید بارش۔واوی۔وادی کے پشتے۔
المُعْرُم :قطا یعنی سنگ خوار پرندے کا انڈا۔
العُرَام. مِنَ الجَیْش :فوج کی تیزی و کثرت .....مِنَ الرَّجُلِ :بدخلقی۔کہا جاتا ہے "بِہٖ شِلَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔
ہانڈی کا میل۔
العَرِیْم :مصیبت۔ج عُرْمَان.
الاَعْرَم :رنگ برنگ۔غیر مستقل۔بھیڑیا بکری کا ریوڑ۔غیر مختون۔ج عُرْمَان ج ج عَرَامِیْن.
العَرْمَاء :مؤنث۔اَعْرَم :جتی دار سانپ۔
العَرْمَرَم :سخت۔بے شمار لشکر۔
العَرْمَس :چٹان۔مضبوط اونٹنی۔
العَرْمَض والعِرْمَاض :کافی۔
عرن (ن ض) عَرْنًا السِّهَامَ :تیروں کو ترتیب سے رکھنا.....عَلَی الشَّیْءِ :کسی چیز کا عادی ہونا.....البَعِیْر :اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
عَرِنَ (س) عَرَنًا. الدَّابَّة. عُرْنَه :کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَة) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُوْن وعَرِنَة (.....عِرَانًا) الدَّارُ :گھر کا دور ہونا۔
عَرَنَ. الرُّمْحَ :نیزے میں مینخ لگانا۔
اَعْرَنَ. الرَّجُلُ :ہمیشہ گوشت کھانا۔
العَرَن :مص۔پکا ہوا گوشت۔دھواں۔
العَرَن والعِرَان والعُرْنَة :ایک بیماری ہے جس سے جانو کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔
العِرَان :لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بچو کا بھٹ۔ نیزے کی مینخ۔ہمسر۔جنگ۔
العَرِیْن :گھر کا صحن۔جھاڑی۔گوشت۔ آواز۔شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔عزت ج عُرُن (.....والعَرِیْنَة) شیر بجو بھیڑیئے کی جھاڑی۔سانپ کی کیچلی۔
العِرْنِیْن :ناک۔ناک کا سخت حصہ۔سردار

العَزِیْز: شریف۔قوی۔نادر۔معزز۔بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اسے عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَاز و اَعِزَّاء و اَعِزَّۃ: حاکم مصر کا لقب۔

الاَعَزّ: اسم تفضیل۔عزیز۔

العُزّٰی: عزیزہ۔شریفہ۔(اَعَزّ) کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔

العَزَّاء: شدت۔سخت سال۔بڑی بوند کی بارش۔

المِعْزَاز: سخت مرض والا۔

المَعْزُوْزَۃ: سخت۔زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔

عَزَبَ (ن) عُزْبَۃً وعُزُوْبَۃً: بے زوج کے ہونا۔مجرد رہنا۔

عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا: دور ہونا۔غائب ہونا۔پوشیدہ ہونا۔صفت غَازِب عَزَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا ویران ہونا۔

عَزَّبَ: دیر تک غائب رہنا۔شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔

اَعْزَبَ: دور ہونا.....ہ: دور کرنا۔بے زوج کر دینا۔

تَعَزَّبَ: مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔

العَازِب: فا۔دور کی چراگاہ۔

العَازِبَۃ: مؤنث غازب: مرد کی بیوی ج عَوَازِب.

العَزَب: وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔اور کہا گیا ہے کہ "عَزَبٌ" مرد کے لئے اور عَزَبَۃٌ: مؤنث کے لئے۔ج عُزَّاب واَعْزَاب.

الاَعْزَب: جس کے اہل وعیال نہ ہوں۔وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو۔ مؤنث عَزْبَاء ج عُزْب.

المِعْزَبَۃ: باندی۔لونڈی (.....والمُعْزَبَۃ) بیوی۔

المِعْزَاب والمِعْزَابَۃ: وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لئے لے جائے

"المِعْزَابَۃ": جس کے اہل نہ ہوں۔جس کا کنوارہ پن دیر تک رہے۔

عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلُ: دفع کرنا..... الاَرْضَ بِالمِسْحَاۃِ: بیلچے سے زمین کو اُلٹ پلٹ کرنا۔جماع کرنا۔

عَزَدَہٗ (ف) عَزْدًا: جماع کرنا۔

عَزَرَہٗ (ض) عَزْرًا: ملامت کرنا۔اعانت کرنا۔جماع کرنا.....ہ عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ واپس کر دینا.....ہ عَلَی الاَمْرِ: خبر دینا.....ہ عَلَی الفَرَائِضِ والاَحْکَامِ: فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔

عَزَّرَہٗ: ملامت کرنا۔ادب دینا۔سخت مارنا۔ تعظیم کرنا۔اعانت و مدد کرنا۔

العَزُوْر والعَزُوْر: بدخلق۔

العَزُوْرَۃ: مؤنث۔عَزُوْر: ثیلہ۔

العَزَائِر: لکڑیاں۔درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)

العَزِیْر والعَزَائِر: کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔

عِزْرَائِیْل: فرشتہ ملک الموت کا نام۔

عَزْعَزَۃ: عزت میں غالب آنا۔

عَزَطَ (ن) عَزْطًا: جماع کرنا۔

عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا وعَزُوْفًا. نَفْسُہٗ وعَنِ الشَّیْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (.....عَزْفًا) نَفْسُہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا (.....عَزْفًا وعَزِیْفًا) آواز دینا۔گانا۔

عَزَّفَ: آواز دینا۔

اَعْزَفَ: ہوا کی سرسراہٹ سننا۔

تَعَازَفُوْا: ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔آپس میں فخر کرنا۔ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: برائی کے لئے آمادہ ہونا۔

العَازِف: آلات لہو سے کھیلنے والا۔گویا۔

العَزْف: دف کی آواز۔ہوا کی سرسراہٹ۔

العُزَّف: جنگلی کبوتر۔

العَزُوْف والعَزُوْفَۃ: جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔کہا جاتا ہے "ھُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّھْوِ" وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ج عِزَاف وعَزُوْفَۃ: میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔

العُزَاف: بمعنی عُزُوف: مصدر۔

العَزَّاف: بہت باجا بجانے والا۔بہت گانے والا۔سَحَابٌ عَزَّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔

المِعْزَف والمِعْزَفَۃ: گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِف.

اِعْزَوْزَفَ لِلشَّرِّ: شرارت کے لئے تیار ہونا۔

عَزَقَ (ن) عَزْقًا: تیز دوڑنا.....الخَیْرِ عَنِّیْ: روک لینا.....ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔

عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔

عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ: چپکنا۔

العَزِق: بدخلق۔ج عُزُق.

العَزُوْق والعُزُوْق: بے مغز کا پستہ۔رَجُلٌ عَزُوْقٌ: سخت مزاج بخیل و بدخو مرد۔

العَزِیْق. مِنَ الاَرْضِ: پست زمین۔

المِعْزَق والمِعْزَقَۃ: ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔کدال۔بیلچہ۔ج مَعَازِق.

المُعَزِّق: بدخلق۔

عَزَلَہٗ (ض) عَزْلًا. عَنْ کَذَا: جدا کر دینا .....فُلَانًا عَنْ مَنْصَبِہٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا.....ہ عَنْ عَمَلِہٖ: باز رکھنا۔

عَزَّلَہٗ: ایک جانب کر دینا۔

تَعَزَّلَ واعْتَزَلَ. الشَّیْءَ وعَنْہُ: جدا ہو جانا۔

تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

العَزَل: بے ہتھیار و سامان ہونا۔عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔العَزَلَۃ: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔

العُزْل والعِزَال: کمزوری۔

رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج بَعَاسِیب.

العُسْبُر چیتا۔ ج عَسَابِر.

العُسْبُرَة: مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔

العِنْبَار: بجو کے مانند ایک درندہ۔ اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیئے کا بچہ۔

العُسْبُور والعُسْبُورَة: کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے۔

عَسَجَ (ن ض) عَسْجًا وعَسَجَانًا وعَسِيجًا: چلنے میں گردن اُٹھانا۔

إِعْسَجَّ الشيخُ: بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا۔

العَوْسَج: ایک کانٹے دار درخت۔ واحد عَوْسَجة.

العَسْجَد: سونا۔ جوہر مانند موتی یا قوت وغیرہ۔ مضبوط موٹا اونٹ۔

العَسْجَدِيَّة: شاہی سواریاں اور یہ اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے لئے آراستہ کئے جاتے تھے۔

عَسْجَرَ الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا۔

الرَّجُلُ: بہت تیز نظر سے دیکھنا۔

العَسْجَر: نمک۔

عَسَدَ (ض) عَسْدًا. **الحَبْلَ**: رسی مضبوط بٹنا..... **جَارِيَتَهُ**: جماع کرنا۔

العُسُدَ: بہت مضبوط۔ سانپ۔

عَسَرَ (ن ض) عِسْرًا وعُسْرًا. **الغَرِيمَ**: تنگ دستی میں قرض دار سے طلب کرنا..... **الزَّمَانُ**: سخت ہونا..... **عَلَى فُلَانٍ**: مخالف ہونا..... **عَلَيْهِ مَافِي بَطْنِهِ**: پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا نکلنا دشوار ہونا۔

عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا: بائیں جانب سے آنا۔ **عَسَرت وعَسَرَانًا النَّاقَةُ**: اونٹنی کا دوڑنے میں دُم اٹھانا..... **المَرْأَةُ**: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔

عَسِرَ (س) عُسْرًا وعُسْرًا وعَسَرًا ومَعْسُورًا وعَسْرَ (ک) عُسْرًا وعُسَارَةً: دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَسُرَ عَلَيْهِ الأَمْرُ" کام اس کے اوپر دشوار ہو گیا..... **الرَّجُلُ**: بدخلق ہونا۔ صفت عَسِر وعَسِير.

عَسَّرَ الأمرَ: دشوار کرنا..... **عَلَيْهِ**: تنگ کرنا۔ مخالفت کرنا..... ه: بائیں جانب سے آنا۔

أَعْسَرَ: تنگ دست ہونا..... **الغَرِيمَ**: قرض دار سے تنگ دستی میں طلب کرنا۔ **أَعْسَرت المَرْأَةُ**: عورت کے جننے میں دشواری ہونا۔

عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً: تنگی کا معاملہ کرنا۔

تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا..... **عَلَيْهِ القَوْلُ**: ملتبس ہونا۔

تَعَاسَرَ البَيِّعَانِ: بائع مشتری کا متفق نہ ہونا۔

إِعْتَسَرَهُ: مجبور کرنا..... **الكَلَامَ**: قبل تیاری کے فی البدیہہ کہنا۔

اِسْتَعْسَرَ. الأَمْرَ: دشواری پانا..... **الأَمْرُ عَلَيْهِ**: سخت اور پیچیدہ ہونا۔

العُسْر والعُسُر: تنگ دستی۔ سختی۔ تنگی۔

العُسْرَة والعُسْرَى والمَعْسَرة والمَعْسُرة: تنگی اور سختی۔

الأَعْسَر: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَعْسَرُ يَسَرٌ" فلاں دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا ہے۔ "يَوْمٌ أَعْسَرُ" یعنی سخت اور منحوس دن۔

العُسْرَى: مؤنث الأعسر. تنگی۔ دشواری۔

المِعْسَر: اپنے قرض دار پر تنگی کرنے والا۔

المَعْسُور: تنگ حال۔

عَسْعَسَ. اللَّيْلُ: رات کا گزرنا۔ رات کا تاریک ہونا..... **السَّحَابُ**: بادل کا زمین سے قریب ہونا..... **الأَمْرَ**: مشتبہ کر دینا۔ معمہ بنا دینا..... **الشَّيْءَ**: حرکت دینا (..... و**تَعَسْعَسَ الذِّئْبُ**) بھیڑیئے کا رات میں پھرنا۔ **تَعَسْعَسَ الشَّيْءَ**: سونگھنا۔

العَسْعَس: رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

العَسْعَاس: رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔

سَرَاب۔ ہر چیز میں سے ہلکا۔

عَسَفَ (ض) عَسْفًا **السُّلْطَانُ**: ظلم کرنا۔ جور کرنا..... ه: ظلم کرنا۔ خدمت لینا..... **الدَّمْعُ الجُفُونَ**: آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا..... **الشَّيْءَ**: زبردستی لے لینا۔ **فِي الأَمْرِ**: بغیر سوچے سمجھے کرنا..... **لِفُلَانٍ**: کسی کے لئے کام کرنا۔ **الطَّرِيقَ وعَنِ الطَّرِيقِ**: راستے سے ہٹ جانا۔

المَفَازَةَ: بغیر مقررہ راستے کے طے کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ وبِاللَّيْلِ" مقصد کی تلاش میں رات میں بے راہ چلنا۔

أَعْسَفَ: رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔

عَسَّفَ: بغیر علامت نشان کے چلنا..... **البَعِيرُ**: چلنے سے تھکا دینا۔

تَعَسَّفَ. فِي القَوْلِ: بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی میں حمل کرنا جس پر دلالت ظاہرہ نہ ہو..... **عَنِ الطَّرِيقِ**: ہٹ جانا..... **الأَمْرَ**: بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا..... **فُلَانًا**: ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اِنْعَسَفَ الشَّيْءُ: مرنا۔

العَسْف: ظلم۔ موت۔

العَاسِف: فاسق۔ **الإبلَ**: عساف کی بیماری والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ عَاسِفٌ" ج عَوَاسِف.

العُسَاف: اونٹوں میں ایک بیماری۔ جس میں سانس زیادہ لیتا ہے۔

العَسُوف والعَسَّاف والمِعْسَف: بہت ظالم۔

العَسِيف: مزدور ج عُسَفَاء وعِسَفة.

العِسِّيف: بے جانے پہچانے راستہ چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذُوا فِي مَعَاسِيفِ

عَسَوًا وعُسُوًّا وعُسِيًّا وعَسَاءً وعَسُوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔
العَسَو: مص۔ موم۔
العَاسِي: فا۔ سخت مزاج۔
العِسْوَة: بڑھاپا۔
عَسِيَ يَعْسَى عَسًى. النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
عَسَى: افعالِ مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔ محبوب میں اُمید کے لئے اور مکروہ میں خوف کے لئے مستعمل ہے۔
العَسِيُّ والعَبِيُّ والمُعَسَّاةُ بِالْأَمْرِ: لائق۔ مناسب۔
أَعْسِ بِهِ: فعل تعجب ہے بمعنی أَحْلِقْ بِهِ: یعنی کس قدر لائق ہے۔
العَاسِي: فا۔ درخت خرما۔ بقول ابوعبید درخت خرما کا گچھا۔
المِعْسَاء: قریب البلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عَشَّاءَ الشَّيْءَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا..... القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا ..... المَعْرُوفَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّبَ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔
عَشَّ (ن) عُشُوشَةً وعَشَاشَةً وعُشُوشًا البَدَنُ: لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ۔
عَشَّشَ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلہ بنانا۔
عَشَّبَ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔
عَشَّشَ الخُبْزَ: روٹی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔
أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا۔ باز رکھنا..... الظَّبْيَ: ہرن کو بھٹ میں بھڑکانا..... البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا..... الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔
اِعْتَشَّ: گھونسلہ بنانا..... البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا۔

اِنْعَشَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند والا ہونا۔
العَشّ: مص۔ عطاء قلیل۔ رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔
العَشُّ والعُشُّ: گھونسلہ ج عشاش وعِشَّة وأَعْشَاش وعُشُوش.
العَشَّة: کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔ خراب جگہ میں اُگا ہوا درخت۔ کم درخت والی سرزمین۔
المَعَشّ: مطلب۔
المُعَشَّش: مفع۔ وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلہ بنائے۔
غَشِبَ (س) عَشَبًا: خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا وعُشُبَ (ک) عَشَابَةُ المَكَانُ: سبز گھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِب.
عَشُبَ (ک) عَشَابَةً وعُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔ صفت مذکر عَشُب: صفت مؤنث عَشْبَة.
أَعْشَبَ. القَوْمُ: سبز گھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔
أَعْشَبَ وعَشَّبَ المَكَانُ: سبز گھاس اگانا۔
اِعْشَوْشَبَ وتَعَشَّبَ: سبز گھاس چرنا۔ موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ: سبز گھاس پر پہنچنا..... المَكَانُ: بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْب: سبز گھاس ج أَعْشَاب وواحد عُشْبَة.
العَشَبَة: بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔
العَشَابَة: سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِب والعَشِيب والمُعْشِب والمَعْشَاب: سبز گھاس والی (جگہ) بہت سبز گھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ: بہت سبز گھاس والی زمین۔
التَّعَاشِيب: سبز گھاس کے متفرق قطعے۔

العَشَّاب: سبز گھاس والا۔ سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا: دس میں سے ایک لینا۔ نویں ایک زائد کرنا..... القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا..... النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا..... القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔ عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔
أَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا..... القَوْمُ: دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔
عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً: باہم مل جل کے رہنا۔
اِعْتَشَرَ وتَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔
العُشْر: دسواں حصہ۔ اونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج أَعْشَار.
العُشَر: دسواں حصہ ج عُشُور وأَعْشَار الأَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پر۔
العُشَر: ہر مہینے کی دسویں گیارہویں بارہویں رات۔
العَشَرَة: دس اور یہ مذکر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کے لئے "عَشْرُ نِسَاءٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لئے دونوں جزء مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لئے دونوں جزء مؤنث۔ جیسے إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً..... اور اس کے بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث جیسے خَمْسَ عَشْرَةَ امْرَأَةً ج عَشَرَات.
العِشْرُونَ: بیس (مذکر و مؤنث دونوں کے

العَشَاء: شام کا کھانا۔ ج اَعْشِیَۃٌ.
العَشَا والعَشَاوَۃ: نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔
العَشِیّ: شام کا کھانا۔
العِشَاء والعَشِیّ: رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی یا دن کا آخری حصہ۔
العِشَاءَان: مغرب اور عشاء۔ بَعِیر عَشِیٌّ: رات کو دیر تک چرنے والا۔
العَشِیَّۃ: شام ج عَشِیٌّ وعَشَایَا وعَشِیَّات: اور نسبت کے لئے "عَشَوِیّ".
العَشِیَّۃ: بادل۔
العَشْوَۃ: تاریکی۔ رات کے اوّل ربع کی تاریکی۔
العُشْوَۃ والعِشْوَۃ: آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے۔
العُشْوَۃ العِشْوَۃ والعَشْوَۃ: امر مشتبہ کو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْطَأَہ عَشْوَۃً" یعنی اس نے اسے امر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت ومصیبت میں پڑ جائے۔
العَشْوَاء: مؤنث الاَعْشَی: اونٹنی جس کو سامنے نظر نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاء" یعنی وہ اُمور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "ھُوَ اَخْبَطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّھُمْ لَفِیْ عَشْوَاء مِنْ اَمْرِھِم" یعنی حیرانی وسرگردانی میں ہیں۔ و "رَکِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء: تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔
عَصَّ (س) عَصًا وعَصَصًا: سخت ہونا۔
غَصَّصَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔
العُصّ: اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیْمُ العُصِّ".
العُصَص والعُصُص: دُم کی ہڈی۔
عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّیْءَ: لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا..... القَطْنَ: روئی کا تنا۔ الرِّیْقُ بِالْفَمِ: تھوک کا منہ پر خشک ہونا..... النَّاقَۃَ: دوھنے کے لئے اونٹنی کی رانیں باندھنا..... الرَّجُلُ بَیْتَہٗ: اقامت کرنا..... الغُبَارُ رَاْسَہٗ: سر پر غبار لگ جانا..... القَوْمَ بِہٖ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا (..... عَصْبًا وعُصُوْبًا) الاَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا..... الاُفُقُ: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (..... عَصْبًا وعِصَابًا) الشَّیْءَ: قبضہ کرنا۔
عَصِبَ (س) عَصَبُ اللَّحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عَصِب..... القَوْمُ بِہٖ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔
عَصَّبَہٗ: بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔ عَصَّبَ فُلَانًا: سردار بنانا۔
اَعْصَبَ الاِبِلُ: اونٹوں کا تیز چلنا۔
تَعَصَّبَ: پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا..... لَہٗ ومَعَہٗ: مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا..... عَلَیْہِ: مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا..... فِیْ دِیْنِہٖ ومَذْھَبِہٖ: دین ومذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا..... بِالشَّیْءِ: راضی ہونا۔
اِعْتَصَبَ القَوْمُ: گروہ بننا..... المَلِکُ: بادشاہ کا تاج پہننا..... التَّاجُ عَلٰی رَاْسِہٖ: تاج کا سر پر فٹ ہونا..... بِالشَّیْءِ: قناعت کرنا اور راضی ہونا۔
اِنْعَصَبَ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔
اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ: سخت ہونا..... القَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔
العَصْب: عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر (..... والعُصْب) عشق پیچاں۔
العَصَب: مص۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں ج اَعْصَاب.
العَصَبَۃ. عصب: کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات.
العِصَبَۃ: پٹی باندھنے کی ہیئت۔
العُصْبَۃ. مِنَ الرِّجَالِ والخَیْلِ والطَّیْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب.
العِصَاب: جس سے باندھا جائے۔
العِصَابَۃ: جماعت مردوں، گھوڑوں، پرندوں کی پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب.
العَاصِب: فارِجْلٌ عَاصِبٌ: وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔
العَصِیْب: پچھیڑا مع آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب واَعْصِبَۃ. یَوْمٌ عَصِیْبٌ: سخت گرم۔
اِنْعَصَبَ: مص۔ دلیل ظاہر ہونے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات.
العَصَبِیّ: قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔
العَصَبِیَّۃ: دھڑا بندی۔
المُعَصَّب: مفع۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔
المَعْصُوْب: مفع۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوْبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پُر گوشت۔
العَصْبَص: سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔
عَصَدَ (ض) عَصْدًا واَعْصَدَ. الشَّیْءَ: موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَہٗ عَلَی الاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (..... عُصُوْدًا) الرَّجُلُ: مرنا۔
العَصِیْد: گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔
العَصِیْدَۃ: ایک قسم کا کھانا جو گھی، آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔
عَصَرَ (ض) عَصْرًا. العِنَبَ او الثَّوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا..... الدُّمَّل: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا..... الرَّکْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا..... الشَّیْءَ عَنْہُ: منع کرنا..... فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔
عَصَّرَ الشَّیْءَ: بار بار نچوڑنا..... الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکالنا۔ عَصَّرَتِ المَرْاَۃُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔
اُعْصِرَ: عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

بھوکا ہوا۔
العُضَیْفِرَة: گل خیری کا زرد پھول۔
العُصْفُوْل: نرنڈی۔ ج عَصَافِیْل.
العَضَاقِیْل: بگولہ۔
عَصِلَ (س) عَصَلاً. الشَّیُٔ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِل واَعْصَل: مؤنث عَصْلَآء ج عِصَال وعُصْلاء وعَصَل (..... واعْصَل) سخت ہونا۔
عَصَلَ (ن) عَصْلاً العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔
عَصَّلَ السَّهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْل والعُضْل: آنت ج اَعْصَال.
المِعْصَل: قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال والمِعْصَبَل: ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقِفْلَة" یا "بَاکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِیْل.
عَصْلَبَ: سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب والعُضْلُب والعُصْلُبِیُّ والعُصَلُوْب: بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلُ: کمائی کرنا۔
العَصْمُ: روک لینا..... العَصْمُ فُلَانًا مِنَ المَکْرُوْهِ: محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسی سے باندھنا..... اِلَی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا. الظَّبْیُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِهٖ: پکڑنا اور لازم ہونا۔
بِالْفَرَسِ: ایال پکڑنا..... مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا..... القِرْبَةَ: رسی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ بِهٖ: ہاتھ سے پکڑنا..... بِصَاحِبِهٖ: لازم ہونا..... بِاللّٰهِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا..... مِنَ الشَّرِّ والمَکْرُوْهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ: محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهٗ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِهٖ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصَم والعُصُم: ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام: سرمہ۔ دُم کا باریک حصہ۔ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسی۔
مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة وعُصُم وعِصَام.
العِصَامِیّ: نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "کُنْ عِصَامِیًّا لَا عِظَامِیًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آباؤ اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَة: بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصَمَة: گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واعْصَم وعِصَمَةٌ: ج اَعْصَام.
العَصَمَةُ: گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم: اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم.
العَصِیْم: پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم والعَصْوُم: بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَة: مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت۔ ج عَوَاصِم.
المِعْصَم: کلائی ج مَعَاصِم.
المُعْتَصَم: پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا یَعْصُو عَصْوًا. الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا..... الجُرْحَ: زخم کو باندھنا..... القَوْمَ: نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصَی یَعْصِی عَصًا: لاٹھی لینا (..... واعْتَصَی) بِالسَّیْفِ: تلوار مارنا۔ واعْتَصَی الشَّیْءَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصَی عَلَیْهِ: ٹیک لگانا۔
عَصَّی تَعْصِیَةً فُلَانًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصَی اِعْصَاءً. الکَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ: لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا: لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِیٌّ وعِصِیٌّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور مثنّٰی غصوَان العَصَاء: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "اَشَقُّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "فَرَعَ لَهٗ العَصَا" متنبہ کیا۔ "فَشَرَ لَهُ العَصَا" عذر ظاہر کر دیا۔ "قَرَعَهٗ بِعَصَا المَلَامَة" حد سے زیادہ ملامت کی۔ "اَلْقَی المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَی عَصَا التَّرْحَالِ: یعنی اس نے اقامت کی۔ "النَّاسُ غِیْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَیَّة: عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصَی یَعْصِی عَصْیًا ومَعْصِیَةً سَیِّدَه: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْن..... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا..... العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً ونَعَصَی عَلَیْهِ نُعَصِّیًا: نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّی الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً. النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصَی. سَیِّدَه: مالک کی نافرمانی کرنا..... الشَّیْءُ عَلَیْهِ: دشوار ہونا سخت ہونا۔
العَصِیّ: نافرمان۔ گنہگار ج عُصَاة وعُصِیُّوْن واَعْصِیَاء.
العَصَّاء: نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاوُوْن.
المَعْصِیَة: گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِی.
غَضَّهٗ (س) غَضًّا وعَضِیْضًا: دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علیٰ کے صلہ کے ساتھ غَضَّ بِهٖ: اور غَضَّ عَلَیْهِ: بھی بولا جاتا ہے

ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل وعُضُل.

عَضَّلَ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ کسی کے حصولِ مقصد میں حائل ہونا۔ عَضَّلَ الْمَرْاَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا..... الْمَكَانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَّلَتِ الْاَرْضُ بِاَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہوگئی۔ عَضَّلَتِ الْمَرْاَةُ او الدَّجَاجَةُ وَغَيْرُهُمَا مِنَ الْحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا دشوار ہوگیا۔ صفت مُعَضِّل.

اَعْضَلَ الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ اَعْضَلَتِ الْمَرْاَةُ وَنَحْوُهَا مِنَ الْحَيَوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِل وَمُعْضِلَة ج مَعَاضِيل. اَعْضَلَ بِهِ الْاَمْرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا..... الْاَمْرُ فُلَانًا: غالب آنا اور عاجز کر دینا۔ اَعْضَلَنِي فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کر دیا (..... وَبَعْضَلَ) اَلدَاءُ الْاَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کر دینا۔

الْعِضَل: بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔

الْعَضَل: بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان.

الْعَضَلَة: سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَل وعَضَلَات. الْعَضَلَة: کثیر کے مشابہ ایک درخت۔

الْعَضِيلَة: بمعنی عَضَلَة ج عَضَائِل.

الْعُضَلَة: مصیبت۔ ج عُضَل وعُضَل.

الْعُضَال: سخت۔ ذاءٌ عُضَال: عاجز کر دینے والا مرض۔

الْمُعْضِل: فا۔ بہت بُرا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لا علاج مرض۔

الْمُعْضِلَة: مؤنث مُعْضِل: پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَات. الْمُعْضِلَات: سختیاں۔

الْمُعْضِلَة والْمُعْضَلَة: پیچیدہ مشکل معاملہ۔

الْعَضْم: کمان کا قبضہ ج عِضَام: گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضُم واَعْضِمَة.

عَضَّهَ (ف) عَضًّا وعُضَاهًا وعِضْهَةً: جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا (..... عَضْهًا) الْبَعِيرُ: ببول کا درخت کھانا..... الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔

عَضِهَ (س) عَضَهًا واَعْضَهَ: بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔

الْعَاضِه: فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ غَاضِهَة وعَاضِهَةٌ: سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے۔ ج عَوَاضِه.

الْعِضَة: جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُون.

الْعِضَاه: ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَة وعِضَةٌ: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِه: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

الْعِضَاهِيُّ والْعِضَهِيُّ والْعَضَوِيُّ مِنَ الْاِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا۔ اونٹ۔

مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔

الْعَاضِهَة: مؤنث عَاضِه: جھوٹ۔ بہتان۔ ج عَوَاضِه.

عَضَا يَعْضُو عَضْوًا وعَضًى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا..... الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔ عَضَّى الْقَوْمَ: ممبر بنانا۔

الْعُضْو والْعِضْو: بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج اَعْضَاء.

الْعِضَة: فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُون.

رَجُلٌ عَاضٍ: مرد خوش عیش۔ مرفہ الحال۔

عَطَّ (ن) عَطًّا وعَطَّطَ واِعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيط. عَطَّ الرَّجُلُ اِلَى الْاَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔

اِنْعَطَّ الْعُودُ: لکڑی کا مڑنا (..... وتَعَطَّطَ) الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

الْعَطَّاط: بڑا بہادر۔ شیر۔

الْاَعَطُّ: لمبا۔

عَطِبَ (س) عَطَبًا واِعْتَطَبَ: ہلاک ہونا..... الْفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔ عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔

اِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

عَطُبَ (ن) عَطْبًا وعُطُوبًا. الْقُطْنُ: روئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔

عَطَّبَ. الشَّرَابَ: خوشبودار کرنے کی تدبیر کرنا..... الْكَرْمُ: خوشہ انگور کی گر ہیں ظاہر ہونا۔

اَعْطَبَهُ: ہلاک کرنا۔

الْعُطُب الْعُطْب: روئی۔

الْعُطْبَة: روئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ رِيحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی روئی یا چیتھڑے کی بو محسوس کرتا ہوں۔

الْمُعْطِب: فقیر۔

الْمَعْطَب: ہلاکت کی جگہ ج مَعَاطِب.

لُعْطُبُل والْعُطْبُول والْعُطْبُولَة.

الْعَبَطْبُول: جوانِ خوبصورت دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل وعَطَابِيل. الْعُطْبُل والْعُطْبُول: دراز گردن ہرنی۔

عَطِرَ (س) عَطَرًا: خوشبودار ہونا۔ صفت عَطِر.

عَطَّرَهُ: خوشبودار کرنا۔

تَعَطَّرَ واسْتَعْطَرَ: خوشبودار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ الْبِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔

الْعِطْر: خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُور.

الْعَاطِر: عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر.

الْعَطَّار: بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (الْعِطَارَة) کہتے ہیں۔

الْمِعْطَار والْمِعْطِير: بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)

عُطَارِد: بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ منصرف وغیر منصرف)

عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا وعُطَاسًا: چھینکنا..... الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا

العُطْلَة :بیکاری۔
العُطَیِّل والعُبَیْظ :نرکھجور کے خوشے کا تنہ۔
العَیْطَل :خوبصورت دراز گردن۔
العَطْلاءُ مِنَ النِّسَاءِ :بے زیور عورت۔
المِنْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ :بے زیور رہنے کی عادی۔
التَّعْطِیْل :بیکار رہنا۔فَذْهَبُ التَّعْطِیْلِ : صفاتِ باری تعالیٰ کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔
المُعَطِّلَه :مذہب تعطیل والے۔
اِعْتَطَمَ. الرَّجُلُ :ہلاک ہونا۔صفت غاطِمٌ وغطِیْمٌ ج عُطُم.
العُطُم :دھنکی ہوئی اون۔
غطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ :کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔صفت مفعولی غَطِیْنٌ ومَغْطُوْنٌ (..... عُطُوْنًا) البَعِیْرُ :اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔صفت غاطِنٌ ج عُطَّانٌ وعُطُون عَطِنَةٌ :مؤنث غاطِنَة ج غاطِنَاتٌ وعَوَاطِنُ وعُطُوْنٌ.
غطِنَ (س) عَطَنًا. الجِلْدُ :کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔صفت غطِنٌ.
عَطَّنَ الجِلْدَ :کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (..... وأعْطَنَ) الإبِلَ :دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔عَطَّنَ لِلإبِلِ :اونٹ کے لئے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔عَطَّنَتِ الإبِلُ : اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔
اِنْعَطَنَ الجِلْدُ :کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔
العَطَن والمَعْطِن والمَعْطَن :اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ج مَعَاطِن.
السِّعْطَان :گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تاکہ بال الگ ہوجائیں۔
رَجُلٌ عَطِنٌ وعَطِیْنَةٌ :بدبودار مرد۔
عَطَا یَعْطُو عَطْوًا. الشَّیْءُ والَیْهِ :لینا الَیْهِ یَدَهٗ :بلند کرنا۔
عَطَّى تَعْطِیَةً الرَّجُلَ :جلدی کرانا۔خدمت کرنا۔
اَعْطَى إعْطَاءً. ه الشَّیْءَ :دینا۔اَعْطَى البَعِیْرُ أو اَعْطَى البَعِیْرُ بِیَدِهٖ :مطیع ہونا۔
عَاطَى مُعَاطَاةً وعِطَاءَ الرَّجُلَ الشَّیْءَ :دینا .....ه :خدمت کرنا۔
تَعَاطَى تَعَاطِیًا. الشَّیْءَ :لینا۔
الأمْرُ :مشغول ہوجانا.....الرَّجُلُ :کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاطَیْنَا فَعَطَوْتُهٗ" دادودہش میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہوگیا۔
تَعَطَّى تَعَطِّیًا :جلدی کرنا.....الأمر :مشغول ہوجانا۔
تَعَطِّی واسْتِعْطَاءٌ :عطیہ مانگنا۔
العَطَا والعَطَاء :جو چیز دی جائے۔ج أعْطِیَة:ج أعْطِیَات.
العَطِیَّة :بمعنی عَطَا ج عَطَایا وعَطِیَّات.
العَطَاءَة والعَطَاوَة :بمعنی عطا۔
المِعْطَاء :بہت زیادہ دینے والا (مذکر و مؤنث ج مَعَاطٍ ومَعَاطِی.
عَطَّهٗ (ن) عَطًّا بِالأرْضِ :پچھاڑ دینا۔عَطَّهُ الخَرْبُ :تکلیف پہنچانا۔
عَاطَّهٗ مُعَاطَّةً وعِطَاطًا :سختی کرنا۔تکلیف پہنچانا۔عَاطَّ القَوْمُ :جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العَطَّة :جنگ میں سختی۔
عَطَبَ (ض) عَطْبًا الطَّائِرُ :پرندے کا دم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَطُبَ (ن ض) عَطَابَةً وعُطُوْبًا جِلْدُهٗ :کھال خشک ہونا.....بَدَنُهٗ :کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَطِبَ (س) عَطَبًا عَلَى العَمَلِ :صبر سے برداشت کرنا۔موٹا ہونا۔صفت عَطُوْب.
عَطَّبَهٗ عَنْ بُغْیَتِهٖ :ٹالنا۔تاخیر کرنا.....ه عَلَى الشَّیْءِ :عادی اور صابر بنانا۔
العَاطِب والعَطِب :جنگل اور خشک مقامات میں اترنے والا۔
عَطِبَ. الخُلُق :بدخلق۔
عَطَرَ (س) عَطْرًا. الإنَاءَ :برتن کو بھرنا۔
اَعْطَرَهُ الشَّرَابُ :معدہ میں ثقیل ہونا اور اسم اس سے (العِطَارَة) ہے۔
العُطُوْر :شراب سے شکم سیر ج عُطُر.
العِطَار :شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَطْعَطَ السَّهْمُ :تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا .....الجَبَانُ :بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا .....فِی الجَبَلِ :پہاڑ پر چڑھنا۔
غَطَلَ (ن) وعَطَلَ (س) عَطَلًا وتَعَاطَلَ وغَطَّلَ واعْتَطَلَ الكِلَابُ او الجِرَاذُ :کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
عَاطَلَ الشَّیْءُ :سوار ہونا.....الكَلَامَ :کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا.....الشَّاعِرُ فِی القَافِیَة :تضمین کرنا بالكَلَامِ :اپنے ہی اوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔
عَطَّلَ وتَعَطَّلَ. القَوْمُ عَلَیْهِ :مارنے کے لئے ہجوم کرنا۔تَعَطَّلَ فِی أثَرِهٖ :تلاش کرنا۔
العَاطِلُ والمُعَاطِلَةُ والعَطْلَى مِنَ الجَرَادِ : ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعَطْلَمَ اللَّیْلُ :سخت تاریک ہونا۔
العَطْلَمَة :تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا وعَظَامَةً :بڑا ہونا۔صفت عَظِیْم ج عِظَام وعُظَّام وعُظُم.....الأمْرُ عَلَیْهِ :دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا. الكَلْبَ :کتے کو ہڈی کھلانا (..... عَظْمَةً) الرَّجُلَ :ہڈی پر مارنا۔
اَعْظَمَ الأمْرُ :بڑا ہونا.....الشَّیْءُ :بڑا کرنا۔ بڑا سمجھنا۔اعْظَمَ الكَلْبَ عَظْمًا :کتے کو ہڈی کھلانا۔کہا جاتا ہے "مَا یُعْظِمُنِیْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَهٗ :تعظیم کرنا۔توقیر کرنا۔عَظَّمَ الشَّاةَ: ہڈی۔ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ :تکبر کرنا۔

سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عَفَارَۃٌ۔

العَفَارَۃ: خباثت۔ برائی۔

العِفْرِیَۃ: بڑا سخت مکار۔ خبیث۔

العِفْرِیَۃُ والعِفْرَاۃُ مِنَ الدِّیَکِ والاِنْسَانِ: بمعنی عُفْرَۃ: جب کوئی غضبناک ہو کر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَ نَافِشًا عِفْرِیَتَہٗ"۔

العَفِیْر: گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِیْرٌ: بلا سالن کے روٹی (..... والمَعْفُوْرُ) مٹی میں لتھیڑا ہوا۔

العَفِیْر: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔

العَفِیْرَۃ: گھریلا کی گولی۔

العَفَّار: مؤنث کھجور میں مذکر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔

العَفْرَاء. الاَعْفَر: کا مؤنث ج عُفْر: سفید زمین..... مِنْ لَیَالِی القَمَرِ: تیرھویں رات۔

العِفْرِین: مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا۔ لَیْثٌ عِفْرِیْن: شیر۔ عِفْرِین: نام شیر کی جھاڑی کا۔

المُعَافِر: ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کر لے۔

تَعَفْرَتَ: دیو ہونا۔ شریر ہونا۔

العِفْرِیَت: سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا اور یہ انسان، جنات، شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفَارِیْت: مؤنث عِفْرِیَتَہ.

عَفْرَسَہ: پچھاڑنا اور غالب ہونا۔

العِفْرِس والعِفْرِیس والعِفْرَاس والعُفْرُوس والعَفْرَنَس: شیر۔

العَفَارِیْس: شتر مرغ۔

عَفَزَ (ض) عَفْزًا. اَھْلَہ: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا..... الجَمَّالُ بَعِیْرَہ: ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔

العَفْز: مص..... العَفَاز: کھایا ہوا اخروٹ۔

العَفَازَۃ: ٹیلہ۔

عَفَسَہ (ض) عَفْسًا: پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا..... عَنْ حَاجَتِہٖ: حاجت سے باز رکھنا روکنا..... المَابِئَۃَ: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا..... ہٗ بِرِجْلِہٖ: چوتڑ پر لات مارنا۔

عَافَسَہٗ: کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یُعَافِسُ الاُمُوْرَ"۔

تَعَافَسَ واِعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔

اِنْعَفَسَ فِی التُّرَابِ: خاک آلود ہونا۔ فِی المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔

العِفَاس: فساد۔

المَعْفُوْس: قیدی۔

غَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

العُفَاشَۃ: بے خیر و برکت آدمی۔

الاَعْفَش: کمزور نگاہ والا۔

عَفَصَہٗ (ض) عَفْصًا: اکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّہٗ مِنْہُ: حق لینا۔

عَفَصَ واَعْفَصَ والفَارُوْزَۃَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الجُرَّ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔

غَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔

غَافَصَہٗ مُعَافَصَۃً: کشتی لڑنا۔

العَفْص: مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

الغَفَص: ناک کی کجی۔

العَفِص: کسیلا۔

العُفُوْصَۃ: کسیلا پن۔

العِقَاص: کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سر بند۔

غَفَطَتْ (ض) عَفْطًا وعَفِیْطًا وغَفْطَانًا. العَنْزُ: بکری کا رحم خارج کرنا..... الضَّأْنُ: بھیڑ کا چھینکنا..... (عَفْظًا) الرَّاعِی: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِہٖ: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا..... فُلَانٌ فِی کَلَامِہٖ: لکنت کرنا۔

الغَافِط: فا (..... والغَفِط) بہت گوز کرنے والا۔

العَافِطَۃ: مؤنث عَافِط: بھیڑ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَالَہٗ عَافِطَۃٌ وَلَا نَافِطَۃٌ" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔

الاَعْفَط: بے وقوف۔

الغَفَّاط الغِفَاطِیّ والغِفْطِیّ: ہکلا۔ لکنت والا۔

غَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عُفَقَہٗ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے بہت مارنا..... ہٗ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا..... الغَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا..... الشَّیْءَ: جمع کرنا..... عَلَیْہِ الصَّیْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کر لانا..... الرِّیْحُ الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ غَفَقَ الجَمَّارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

عَفَقَ الغنم بعضها على بعض: بکریوں کا اکٹھا کرنا۔

عَافَقَہٗ مُعَافَقَۃً وعِفَاقًا: فریب دینا۔ عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔

اَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔

تَعَفَّقَ بِہٖ: پناہ لینا۔

اِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا..... الاَسَدُ فَرِیْسَۃَ: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

اِنْعَفَقَ. فِی حَاجَتِہٖ: جلدی کرنا۔

العُفَّاقَۃ: دُبر۔

رَجُلٌ مِعْفَاقُ الزِّیَارَۃِ: بہت ملاقات کرنے والا۔

المُنْعَفِق: پانی پر سے واپس ہونے والا۔

عَفَكَ (ض) عَفْكًا الكَلَامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بے ہودہ کلام کرنا۔

عَفِكَ (س) عَفَكًا وعَفِكًا: سخت بے وقوف ہونا۔ صفت اَعْفَكُ وعَفِكٌ

گھوڑی ج عُقُق ج عِقَاق.

العَقِیق: سرخ مہرے۔ واحد عَقِیقَة: وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج اَعِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ عرب میں چند مقامات کے نام۔

العَقِیقَة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ توشہ دان۔ نہر۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے۔ تیر جس کو زمانہ جاہلیت میں سہم الاعْتِذَار کہتے تھے اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لئے آسمان کی طرف پھینکتے تھے۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے۔

عِقْیَان الکَرْم او النَّخِیل: شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں۔

عَقَب (ض ن) عَقْبًا: ایڑی مارنا۔ عَقَب القَوْسَ او السَّهْمَ: پٹھا لپیٹنا..... عَقْبًا وعُقُوْبًا وعَاقِبَةً الرَّجُلَ او مَکَانَ الرَّجُلِ: پیچھے آنا۔ جانشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی۔

عُقِبَ عَقْبًا: ایڑی میں درد ہونا۔

الْقَصْدُ : مص۔ راستہ کی استقامت۔ میانہ روی۔ کہا جاتا ہے "رُجُلٌ قَصْدٌ" یعنی نہ تو بڑے ڈیل ڈول کا ہے اور نہ دبلا "طَرِيقٌ قَصْدٌ" سیدھا راستہ وَإِنَّهُ عَلَى قَصْدٍ : یعنی وہ ہدایت پر ہے "وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيلِ" اللہ کے اوپر ایسے راستہ کا بیان کرنا ہے جو سیدھا ہو اور حق تک پہنچانے والا ہو۔ و "هُوَ قَصْدُكَ أَوْ قَصْدُكَ" وہ تمہارے مقابل ہے۔
الْقَصْدُ مِنَ الْعَوْسَجِ وَنَحْوِهِ : نرم و نازک ٹہنیاں۔ ہر خاردار درخت اگتے وقت۔ واحد قَصْدَةُ الْقَصْدِ : بھوک۔ رُمْحٌ قَصِدٌ وَقَصِيدٌ وَأَقْصَادٌ : ٹوٹا ہوا نیزہ۔
الْقَصِيدُ مِنَ الشِّعْرِ : تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا ہے کہ سولہ سے لے کر زائد شعروں کی نظم۔ درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ الْقَصِيدُ : موٹا گودا۔ خشک گوشت۔ لاٹھی۔ موٹی جوان اونٹنی۔ موٹا کوہان۔
الْقَصْدَةُ : توڑی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج قِصَدٌ.
الْقَصُودُ : موٹا گودا۔
الْقَصِيدَةُ مِنَ الشِّعْرِ : سات یا دس اشعار سے زائد نظم۔ لاٹھی۔ قصید کا واحد۔ ج قَصِيدٌ وَقَصَائِدُ.
الْقَاصِدُ : فا۔ مِنَ السَّفَرِ : آسان اور قریب کا سفر۔ طَرِيقٌ قَاصِدٌ : سیدھا راستہ۔ ج قَوَاصِدُ.
الْقَاصِدَةُ : قاصد کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمَاءِ لَيْلَةٌ قَاصِدَةٌ" ہمارے اور پانی کے درمیان ایک رات کی مسافت ہے جس میں نہ تعب ہے اور نہ تاخیر ج قَوَاصِدُ.
الْمُقْصَدُ : مفع۔ جو شخص بیمار ہو اور فوراً مر جائے۔
الْمَقْصِدُ : مکان۔ قصد۔ تم کہتے ہو "بابک مقصدی" تمہارا دروازہ میرے لئے جائے قصد ہے۔ ج مَقَاصِدُ.
رَجُلٌ مُقْصَدٌ وَمُقْتَصِدٌ : درمیانے جسم کا نہ موٹا نہ لاغر۔
الْمُقَصَّدَةُ : مفع۔ علامت جو اونٹوں کے کان میں ہوتی ہے۔
الْمِقْصِدُ : برانگا۔ ایک معدنی چیز ہے جس سے جڑائی اور قلعی کا کام لیا جاتا ہے۔ ایک ٹکڑے کو قِصْدِيرَةٌ کہتے ہیں۔
قَصَرَ (ن) قُصُورًا الشَّيْءُ : ناقص ہونا۔ ارزاں ہونا..... عَنِ الشَّيْءِ : رکنا اور عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دینا..... عَنْهُ الْغَضَبُ أَوِ الْوَجَعُ : غصب یا درد میں سکون ہونا..... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ : تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا..... هٰذِهِ الْبُقْعَةُ : مقصود کو نہ پہنچانا..... الطَّعَامُ : بڑھنا..... اللَّحْمُ : گراں ہونا (..... قَصْرًا) قَيْدَ الْبَعِيرِ : تنگ کرنا..... الصَّلَاةَ وَمِنَ الصَّلَاةِ : چار رکعت کے بجائے دو رکعت پڑھنا..... الشَّيْءَ : روکنا..... الْبَيْتَ بِالسِّتْرِ : پردہ لٹکانا..... بِهِ اللَّيْلُ : روکنا..... الدَّارَ : گھر کو دیواروں سے محفوظ کرنا اور کہا جاتا ہے "قَصَرْتُ بِكَذَا نَفْسَكَ" جبکہ تم کسی قلیل کو مانگو۔
قَصَرَهُ (ض) قَصْرًا. فِي بَيْتِهِ : قید کرنا۔ هُ عَلَى الْأَمْرِ : لوٹانا۔ واپس کرنا۔ قَصَرَ الشَّيْءَ عَلَى كَذَا : منحصر کرنا۔ محدود کرنا۔ قَصَرَ نَفْسَهُ عَلَى كَذَا : دوسرے کی طرف نگاہ نہ اٹھانا..... الظَّلَامُ : مختلط ہونا۔ وقصر عَلَى نَفْسِهِ نَافِلَةً : اپنے لئے خاص کر لینا۔ نافلة : کو مَقْصُورَةً کہیں گے..... الشَّيْءَ : چھوٹا کرنا۔
قُصُرَ (ک) قَصْرًا وَقِصَرًا وَقَصَارَةً : چھوٹا ہونا۔
قَصِرَ (س) قَصَرًا : خشک گردن والا ہونا۔ گردن میں درد ہونا۔ صفت قَصِرٌ وَأَقْصَرُ : مؤنث قَصْرَاءُ وَقَصْرَاوَانِ.
قَصَّرَ. الشَّيْءَ : چھوٹا کرنا..... الثَّوْبَ : کپڑے کو ٹیکنا اور سفید کرنا..... فِي الْعَطِيَّةِ : کم کرنا..... فِي الْأَمْرِ : کوتاہی کرنا۔ قَصَّرَ عَنِ الْأَمْرِ : باوجود قدرت کے رکنا..... مِنْ شَعْرِهِ : بال چھانٹنا..... عَنِ الشَّيْءِ : طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چھوڑنا..... عَنْهُ الْوَجَعُ أَوِ الْغَضَبُ : درد یا غصہ میں سکون ہونا۔
أَقْصَرَهُ : چھوٹا کرنا۔ طول کم کرنا..... فُلَانٌ : شام کے وقت داخل ہونا۔ أَقْصَرَتِ الْمَرْأَةُ : چھوٹے چھوٹے بچے جننا۔ أَقْصَرَ الْمَطَرُ : بارش رک جانا..... الْكَلَامَ : مختصر کلام کرنا..... مِنَ الصَّلَاةِ : بجائے چار کے دو رکعت پڑھنا (..... وَتَقَاصَرَ) عَنِ الْأَمْرِ : باوجود قدرت کے باز رہنا۔ تَقَاصَرَ الرَّجُلُ : کوتاہی ظاہر کرنا۔ تَقَاصَرَ الظِّلُّ : سایہ کا سمٹنا۔ تقاصرت نفسه : بہ تکلف چھوٹا بننا۔
تَقَصَّرَ. بِفُلَانٍ : مشغول ہونا۔
اِقْتَصَرَ عَلَى كَذَا : اکتفا کرنا۔ اِقْتَصَرَهُ : گردن کی جڑ پکڑنا۔
اِسْتَقْصَرَهُ : کوتاہ یا کوتاہی کرنے والا سمجھنا۔
الْقَاصِرُ. فا..... فاءِ قَاصِرٍ : گھاس سے درد اور یقول بعض ٹھنڈا۔ ج قَاصِرٌ : گھاس کے اس کے اور پانی کے درمیان میں کتے کی آواز کا کے پہنچنے کا فاصلہ ہو۔

اَقْصَفُوْا عَنْهُ: عاجز ہو کر چھوڑ دینا۔
تَقَصَّفَ: ٹوٹنا..... عَلَيْهِ الْقَوْمُ: قوم کا اکٹھا ہونا..... اَلْقَوْمُ: قوم کا جھگڑے یا دھمکی میں شور مچانا۔
تَقَاصَفَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔
اِنْقَصَفَ: ٹوٹنا..... اَلسَّيْلُ: سیلاب کا رواں ہونا..... اَلْقَوْمُ: عَنْهُ: سستی کی وجہ سے چھوڑ دینا..... عَلَيْهِ: پے در پے آنا۔
اَلْقَصْفُ وَالْقُصُوْفُ: کھیل کود کھانے پینے میں مشغولیت۔ اَلْقَصْفُ: باجہ کی آواز۔ شور۔ کھیل کود کا اعلان۔
اَلْقُصُوْفُ وَالْقَصْفَةُ: اونٹ کی بڑبڑاہٹ' اُونٹ کے دانتوں کی آواز۔
اَلْقَصْفَةُ: شہسواروں کی جماعتوں کا ایک دوسرے پر دھاوا۔ سیڑھی کا پایہ..... مِنَ الْقَوْمِ: بھیڑ ہجوم۔ ج قُصَفٌ وَقُصَفَانٌ.
اَلْقَاصِفُ: فا۔ رِيْحٌ قَاصِفٌ: بہت گرجنے والا بادل۔ رِيْحٌ قَاصِفٌ او قَاصِفَةٌ: بہت تیز ہوا۔
اَلْقَصِفُ: مرد سریع الانکسار۔ اَلْقَصِفُ اَلْبَطْنُ: بھوک کی تاب نہ رکھنے والا (..... وَالْقَصِفُ) دو برابر حصوں میں ٹوٹا ہوا۔ اَلْقَصِيْفُ: درخت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
اَلْاَقْصَفُ: وہ شخص جس کا دانت آدھے حصہ سے ٹوٹ جائے۔
اَلْمُقْصَفُ: کھانے پینے کھیل کود کی جگہ ج مَقَاصِفُ (مولدة)
قَصْقَصَ. اَلشَّيْءَ: توڑنا..... بِالْجَرْدِ: کتے کے پلے کو ہلانا۔
تَقَصْقَصَ. اَثَرَهُ: پیروی کرنا..... كَلَامَهُ: یاد کرنا۔
حَبَّةٌ قَصْقَاصٌ وَقُصَاقِصٌ: خبیث سانپ۔ اَسَدٌ او رَجُلٌ قُصَاقِصٌ ج قَصَاقِصُ و قُصَاقِصَاتٌ (وَقُصَقُصٌ و قُصَقُصَةٌ وَقُصَقَاصٌ) مونا یا پستہ قد شیر یا مرد۔
اَلْقَصْقَصُ: سینہ میں بال نکلنے کی جگہ۔ آواز۔

فَصَلَ (ض) قَصْلًا اَلشَّيْءَ: کاٹنا۔ صفت فاعل قَاصِلٌ اور صفت مفعول قَصِيْلٌ وَمَقْصُوْلٌ..... اَلْحِنْطَةَ: گیہوں کا دانیں کرنا..... اَلدَّابَّةَ وَعَلَيْهَا: جانور کو کچھ کھلانا۔ چارہ دینا..... عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔
تَقَصَّلَ وَانْقَصَلَ: کٹنا۔
اِنْقَصَلَ. اَلشَّيْءُ: کاٹنا..... اَلشَّيْءُ: کٹنا۔
اِقْتَصَلَّ بِهِ: قبضہ کرنا..... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اَلْقَصْلُ: مص۔ (..... وَالْقَصِلُ وَالْقَصَلُ وَالْقُصَالَةُ) گیہوں کا ردی حصہ جو پھینک دیا جائے یا دوبارہ دانیں کیا جائے۔ اَلْقَصِلُ: بے خبر۔ بے وقوف۔ کمزور۔ مؤنث قَصِلَةٌ.
اَلْقَصْلَةُ وَالْقَصْلَةُ: اونٹوں کا گلہ۔
سَيْفٌ قَاصِلٌ وَقُصَّالٌ وَمِقْصَلٌ: شمشیر براں۔ لِسَانٌ مِقْصَلٌ: تیز زبان۔
اَلْقُصَّالُ: شیر۔
اَلْقَصْبَلُ: سبز جو۔ جو کاٹ کر جانوروں کو چارہ دیا جائے۔ جماعت۔ ج قُصْلَانٌ: فقہاء کی اصطلاح میں قِصْبِيْلٌ: وہ کھیتی جو ابھی تیار نہ ہوئی ہو۔
اَلْمِقْصَلَةُ: مارڈالنے کا ایک آلہ جس میں چھری ہوتی ہے اور مجرم کے سر پر گرتی ہے۔
اَلْقُصْلُبُ: قوی۔ توانا۔
قَصَمَ (ض) قَصْمًا اَلشَّيْءَ: توڑنا..... اَلرَّجُلُ: ہلاک کرنا..... فُلَانٌ: سفر توڑ دینا اور واپس آنا اور کہا جاتا ہے "قَصَمَ اللّٰهُ ظَهْرَ الظَّالِمِ" اللہ ظالم کی پیٹھ کو توڑ دے یعنی اس پر کوئی مصیبت نازل کرے "وَقَصَمَ اللّٰهُ عُمَرَ الْكَافِرِ" اللہ نے کافر کی زندگی ختم کر دی۔
قَصِمَتْ (س) قَصَمًا. سِنُّهُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔
تَقَصَّمَ وَانْقَصَمَ: ٹوٹنا۔
اَلْقَصَمُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔ ٹڈی کے انڈے۔ واحد قَصَمَةٌ.
اَلْقَصْمَةُ وَالْقُصْمَةُ: ٹکڑا۔
اَلْقُصَامَةُ. قَصَمَ: کا اسم مرۃ۔ سیڑھی کا پایہ' ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے نَزَلَتْ بِهِمْ قَاصِمَةُ الظَّهْرِ: یعنی ان پر ہلاکت واقع ہوئی۔
اَلْقَصِمُ وَالْقَصِيْمُ: جلدی ٹوٹنے والا۔ کمزور۔
اَلْقَصِيْمَةُ. فَصِيْمٌ: کا مؤنث۔ ریتلی زمین جس میں کثرت سے غصا کے درخت ہوں۔ ج قَصِيْمٌ وَقُصُمٌ وَقَصَائِمُ: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا يَحْطِبُوْنَ فِي الْقَصِيْمِ" وہ لوگ غصا درخت کی لکڑیوں کو چن رہے تھے۔
اَلْقَيْصُوْمُ: ایک خوشبودار دوائی کا نام۔
اَلْقُصَمُ: ہر چیز کو توڑ دینے والا۔
اَلْاَقْصَمُ: وہ شخص جس کا اگلا دانت ٹوٹا ہوا ہو۔ مؤنث قَصْمَاءُ ج قُصْمٌ. اَلْقُصَمَاءُ مِنَ الْمَعْزِ: بکری جس کا سینگ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔
قَصْمَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا..... هُ: پچھاڑ دینا..... اَلشَّيْءَ: کاٹنا..... اَلطَّعَامَ: سب کھا جانا (..... وَتَقَصْمَلَ)
اَلْقَصْمَلُ قصمل کی بیماری، الا ہونا (قُصْمُلٌ) ایک بیماری ہے جو اونٹوں کے بچوں کو ہوتی ہے جس سے وہ مر جاتے ہیں۔
اَلْقَصْمَلُ وَالْقَصْمَلُ: مضبوط مرد۔
اَلْقَصْمَلُ: شیر کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَهُ الْقَصْمَلُ" یعنی بہت حرص سے کھایا۔
قَصَا يَقْصُوْ قُصُوًّا وَقُصُوًّا وَقَصًا وَقَصَا وَقَصِيَ يَقْصَى قَصَا الْمَكَانُ: دور ہونا۔ اَلرَّجُلُ عَنِ الْقَوْمِ: علیحدگی اختیار کرنا۔
قَصَا يَقْصُوْ قَصْوًا اَلنَّاقَةَ او الشَّاةَ: اونٹنی یا بکری کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کاٹ دینا۔
قُصِّيَ تَقْصِيَةُ النَّاقَةِ: بمعنی قَصَا بِقَصْوٍ.....
اَلْاَظْفَارُ: ناخن ترا شنا۔
قَاصَى مُقَاصَاةً اَلرَّجُلُ: دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَاصَانِي فَقَصَوْتُهُ" اس نے مجھ سے دور ہونا چاہا میں اس سے زیادہ دور ہو گیا اور یہ افعال مغالبہ میں سے ہے "هُمَا يَتَقَاصَيَانِ"

انْقَضَبَ. کٹنا..... الْكَوْكَبُ مِنْ مَكَانِهِ: ستارے کا اپنی جگہ سے ہٹنا۔
اِقْضَبَ الشَّيْءَ: کاٹنا..... الْكَلَامَ: فی البدیہ کہنا..... النَّاقَةَ: اونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا..... فُلَانًا: اچھی طرح سے کام کرنے کی صلاحیت سے قبل اس کے کرنے کی تکلیف دینا۔
الْقَضْبُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے کمان بنایا کرتے تھے۔ کٹی ہوئی شاخیں۔ واحد قَضْبَةٌ.
الْقَضْبَةُ: شاخ۔ درخت نبع: کا بے بنا ہوا تیر۔ ج قَضَبَاتٌ. الْقَضْبَةُ: ساگ تر و تازہ جو کھایا جائے ج قُضُبٌ.
الْقَضْبَةُ: اونٹوں یا بکریوں کا گلہ۔ سبک اور لطیف (مرد یا اونٹنی)
الْقَضِيبُ: کٹی ہوئی شاخ۔ بغیر سدھائی ہوئی اونٹنی۔ ج قُضُبَانٌ وَقِضْبَانٌ. الْقَضِيبُ: شمشیر براں۔ کمان جو درست شاخ سے بنائی ہوئی ہو۔
سَيْفٌ قَاضِبٌ ج قَوَاضِبُ وَقَضَّابٌ وَقَضَّابَةٌ وَمِقْضَبٌ: بہت تیز کاٹنے والی تلوار. رَجُلٌ قَضَّابَةٌ: اُمور کا اچھی طرح طے کرنے والا۔
الْقَاضِبَةُ. قَاضِبٌ: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيَّ فِيَّ قَاضِبَةٌ" یعنی میرے مُنہ میں کوئی دانت نہیں۔
الْقُضَابَةُ: کاٹی ہوئی چیز کے ٹکڑے۔
اَلْمِقْضَبُ: درانتی۔
الْمِقْضَابُ: درانتی۔ بہت کاٹنے والا۔
اَرْضٌ مِقْضَابٌ: سبزہ زار زمین۔ ساگ پات اُگانے والی زمین۔
الْمَقْضَبَةُ: ساگ پات اُگنے کی جگہ۔ ج مَقَاضِبُ وَمَقَاضِيبُ.
الْمُقْتَضَبُ: کام کرنے کی صلاحیت نہ ہونے سے پہلے اس کے کرنے کی تکلیف دیا ہوا۔ اوزان شعر میں ایک بحر کا نام..... مِنَ الشِّعْرِ وَالْكَلَامِ: فی البدیہ شعر یا کلام۔
قَضَبَهُ (ف) قَضْبًا: مغلوب کرنا۔ مقہور کرنا۔
اِنْقَضَعَ عَنْهُ: دُور ہونا (..... وَتَقَضَّعَ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ جدا جدا ہونا۔
الْقَضْعُ وَالْقُضَاعُ وَالْقَفِيعُ: پیٹ کا درد اور مروڑ۔
الْقُضَاعُ وَالْقُضَاعَةُ: آٹے کی گرد۔ دیوار کی جڑ میں جو جھڑ کر گرے۔ الْقُضَاعَةُ: تیندوا۔
اَلْقُفَاءُ: چیتہ۔
الْقَضْعَمُ: بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں۔ بوڑھا۔
قَضُفَ (ک) قَضَفًا وَقَضْفًا وَقَضَافَةً: نحیف ولاغر ہونا۔ صفت قَضِيفٌ ج قِضَافٌ وَقُضْفَانٌ وَقُضَفَاءُ.
اِنْقَضَفَ: ٹوٹنا۔
الْقَضَفُ: پتلے پتھر۔
الْقَضَفَةُ: ٹیلہ جو ایک پتھر کا معلوم ہو۔ زمین کا ٹکڑا جو اُبھرا ہوا ہو اور کچھ لمبا ہو۔ ایک پرندہ کا نام۔ ج قَضَفٌ وَقِضَافٌ وَقُضْفَانٌ وَقِضْفَانٌ.
الْقِضْفَةُ: ریت کا ٹکڑا جو بڑے حصہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔
الْقَضِيفَةُ. مِنَ النِّسَاءِ: کم گوشت دُبلی پتلی عورت۔
قَضْقَضَ قَضْقَضَةُ الْعَظْمِ: ہڈی کا ٹوٹنے کے وقت چٹخنا..... الْأَسَدُ فَرِيسَتَهُ: شیر کا اپنے شکار کو توڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَقَضْقَضَ: ٹوٹنا۔ جدا جدا ہونا۔
الْقَضْقَاضُ وَالْقُضْقَاضُ وَالْقُضَاقِضُ: شیر۔
اَلْقِضْقَاضُ: ہموار زمین۔
قَضِمَ (س) وَقَضَمَ (ض) قَضْمًا الشَّيْءَ: دانت کے اطراف سے کاٹنا اور کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَقْضِمُ الدُّنْيَا قَضْمًا" جبکہ بے رغبتی کرے اور معمولی پر راضی ہو جائے۔
قَضِمَتْ (س) قَضَمًا السِّنُّ: دانت کے اطراف کا ٹوٹنا۔ قَضِمَ الرَّجُلُ: دانت کے ٹوٹے ہوئے اطراف والا ہونا۔ قَضِمَ السَّيْفُ: تلوار پرانی ہونے کی وجہ سے دھار خراب ہونا۔
قَاضَمَ مُقَاضَمَةً: تھوڑا تھوڑا بیچنا یا خریدنا۔
اَقْضَمَ الدَّابَّةَ: جانور کو جو کا چارہ دینا (..... وَاسْتَقْضَمَ) الْقَوْمُ: قحط میں تھوڑا غلہ لینا۔
الْقَضِمُ مِنَ الْأَسْنَانِ: اطراف گرے ہوئے دانت۔ الْقَضِمُ مِنَ الرِّجَالِ: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔
الْقَضِمُ مِنَ السُّيُوفِ: پرانی ہونے کی وجہ سے خراب دھار والی تلوار۔
الْأَقْضَمُ: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث قَضْمَاءُ ج قُضْمٌ.
الْقَضْمُ: مص۔ تلوار۔
اَلْقَضَامَى: وہ چنے جن کو بھگو کر بھونا جائے اور دانتوں سے چبایا جائے۔
الْقُضْمَةُ وَالْقَضَامُ وَالْمَقْضَمُ: جو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ قُضْمَةً وَقَضَامًا وَمَقْضَمًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
الْقَضِيمُ: جس کو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ ٹوٹی ہوئی دھار کی تلوار۔ گٹھری۔ نامہ (..... وَالْقَقْضِيمَةُ) چمڑے کا فرش جو مجرم کے نیچے بچھا دیتے تھے تاکہ خون سے زمین خراب نہ ہو۔ چمڑا۔ سفید چمڑا جس پر لکھا کرتے تھے۔ جانوروں کے لئے جو۔ چاندی ج قَضْمٌ وَقُضُمٌ وَاَقْضِمَةٌ.
الْقَضَّامُ: کھجور کا لمبا درخت کہ اس کے پھل خشک ہو گئے ہوں۔ ج قَضَاضِيمُ.
قَضَى يَقْضِي قَضَاءَ الشَّيْءِ: مضبوطی سے بنانا..... حَاجَتَهُ: پوری کرنا اور فارغ ہونا..... وَطَرَهُ: مُراد کو پہنچنا..... عُمْرَهُ: تمام آنسو بہا دینا..... الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا..... الصَّلَاةَ: نماز ادا کرنا..... الْأَمْرَ إِلَيْهِ: پہنچانا..... الْعَهْدَ: نافذ کرنا..... عَلَيْهِ عَهْدًا:

المَقَطّ: گھوڑے کے پہلو کی ہڈی کے سرے کا منتہا۔
قَطَبَ (ض) قَطْبَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ جمع کرنا۔ ..... الشَّرَابَ: ملونی کرنا ..... الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
..... الرَّجُلُ: غضبناک کرنا ..... الجَوْزَةَ: گون کے دونوں گوشوں کو ملانا ..... القَوْمُ: جمع ہونا۔
قَطُبَ (ض) قَطْبًا وقُطُوْبًا وقَطَّبَ الرَّجُلُ: ترش روئی کرنا۔ صفت قَطِبٌ وقَطَّبَ الشَّرَابَ: ملونی کرنا۔
أَقْطَبَ الشَّرَابَ: ملونی کرنا ..... القَوْمُ: جمع ہونا۔
القُطْبُ والقُطُبُ والقُطْبُ والقُطُبُ ج أَقْطَاب. القُطْبَة ج قُطَب: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔
القُطْب: فرقدین اور جدی کے درمیان ایک ستارہ کا نام جس سے قبیلہ کی تعیین کرتے ہیں۔ مدار کار کہا جاتا ہے "هُوَ قُطْبُ ذٰلِكَ الأَمْرِ" وصَاحِبُ الجَيْشِ قُطْبُ رَحَى الحَرْبِ: سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قُطْبُ بَنِي فُلَانٍ" ج أَقْطَاب وقُطُوب وقُطْبَة ..... عِنْدَ الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ اور وہ دو ہیں قطب شمالی اور قطب جنوبی۔
القَطْب: کسی چیز کو لینے کے بعد باقی کو اٹکل سے بغیر وزن کے لینا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ قَطْبًا" اس نے اسے اٹکل سے بغیر وزن کے لے لیا۔
القُطْبَة: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ ایک قسم کی گھاس۔ القُطْبَة عند الجغرافيين: زمین کے محور کا کنارہ۔
القِطِبِّي: ایک قسم کی گھاس جس سے رسی بنائی جاتی ہے۔
القُطْبَان: ایک قسم کی گھاس۔
القِطَاب: ملونی۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔
القُطَابَة: گوشت کا ٹکڑا۔

الفَطِيب والمَفْطُوب: ملایا ہوا۔ القَطِيب والقَطِيبَة: اونٹنی اور بکری کا دودھ ملایا ہوا۔
القَاطِب والقَطُوب: ترش رو۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا قَاطِبَةً وبِقَطِيبِهِم" یعنی سب آئے اور قاطبۃ حالیت کی بنا پر منصوب ہے۔
قَطَرَهُ (ن) قَطْرًا: سخت پچھاڑنا۔ قطر البَعِيرُ: اونٹ پر قطران ملنا ..... الثَّوْبَ: کپڑے کو سینا اور کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي مِنْ قَطَرَهُ أَوْ مَنْ قَطَرَبَهُ" مجھے نہیں معلوم کہ اس کو کون لے گیا (اور یہ لُغَت کے ساتھ خاص ہے) (..... قَطْرًا) الرَّجُلُ: دانہ وغیرہ کو وزن سے لینا اور باقی کو اسی حساب سے اندازے سے بغیر وزن کے لینا (..... قُطُوْرًا) فِي الأَرْضِ: جانا (..... قَطْرًا وقُطُوْرًا وقَطَرَانًا) المَاءُ: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا ..... الصَّمْغُ مِنَ الشَّجَرَةِ: درخت سے گوند نکلنا۔
قَطَرَ (ن) قَطْرًا وقَطَّرَ وأَقْطَرَ الإِبِلَ: اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَرَ البَعِيرَ إِلَى البَعِيرِ: ایک اونٹ کو دوسرے اونٹ کے قریب کر دیا۔ قَطَّرَ وأَقْطَرَ المَاءُ: ایک ایک قطرہ ٹپکانا۔ قَطَّرَ الدَّوَاءَ: کشید کرنا۔ قَطَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔ أَقْطَرَ النَّبْتُ: نباتات کی خشکی شروع ہونا ..... الشَّيْءُ: ٹپکنے کا وقت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَأَقْطَرَهُ" نیزہ مارا اور ایک جانب پر گرا دیا۔ وأَقْطَرَ المَاءُ: پانی کا بہنا۔
تَقَطَّرَ: عود کی دھونی دیا ہوا ہونا ..... المَاءُ: پانی کا قطرہ قطرہ بہنا ..... الرَّجُلُ: اپنے آپ کو اوپر سے پھینک دینا۔ گرنا ..... عَنْ كَذَا: پیچھے رہنا ..... بِهِ: ایک جانب گرا دینا۔
تَقَاطَرَ القَوْمُ: گروہ در گروہ پے در پے آنا۔
المَاءُ: پانی کا بہنا اور ایک ایک قطرہ گرنا وتقاطرا: کناروں کا مقابل ہونا۔

إِقْطِرٌّ وإِقْطَارٌّ: خشک ہونے لگنا ..... النَّاقَةُ: اونٹنی کا دُم اور سر اٹھانا۔ وإِقْطَارُ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَقْطَرَ المَاءَ وغیرہ: ٹپکانا۔ کشید کرنا۔ بارش طلب کرنا۔
القَطْر: مصص۔ بارش۔ کسی بہنے والی چیز کا قطرہ ج قِطَار.
القِطْر: تانبا۔ تانبے کی ایک قسم۔ پگھلا ہوا تانبا۔ ایک قسم کی چادر۔
القُطْر: اقلیم۔ گوشہ۔ جانب ج أَقْطَار
أَقْطَارُ الدُّنْيَا: دنیا کی چاروں جہتیں۔ وقُطْرُ الدَّائِرَةِ فِي الهَنْدَسَةِ: وہ خط مستقیم جو دائرہ کو تقسیم کر دے اور مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہو۔ وقُطْرُ المُرَبَّعِ والمُسْتَطِيلِ والمُعَيَّنِ: اس خط مستقیم کو کہتے ہیں جو دو مقابل زوایئے کے اندر ہو۔
القُطْر والقُطُر: عود۔ اگر۔
القَطْر: غلے وغیرہ کو وزن سے لینا اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن کے اٹکل سے لینا۔
القَطْرَة قَطْر: کا اسم مرۃ۔ تقطیع قَطَرَات کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِقَطْرَةٍ" اللہ اس پر مصیبت نازل کرے۔
القُطْرَة والقُطْبُرَة: معمولی چیز۔ خسیس چیز۔
القُطْرَان والقِطْرَان والقَطِران: کولتار کی مانند ایک چیز جو بعض درختوں سے بنایا جاتا ہے۔
القُطَار والقُطُوْر والمِقْطَار: بہت برسنے والا بادل۔ القُطَار: زہر جو کثرت کی وجہ سے ٹپکے۔
القُطَارَة: قطرہ۔ تھوڑا پانی۔
القِطَار. مِنَ الإِبِلِ: اونٹوں کی قطار ج قُطُر وقُطُرَات. ٹرین۔
القِطَارَة: اونٹوں کو ایک قطار میں ایک کے پیچھے ایک باندھنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّتْ بِهِ قِطَارَةُ جِمَالٍ" اس کے اوپر اونٹوں کی قطار گزری۔

اِسْتَقْطَعَه بَلَدًا او قَرْيًا : جاگیر دینے کو کہنا۔
کپڑا قطع کرنے کو کہنا۔
اِقْطَوْطَعَتِ الطَّيْرُ : پرندوں کا سرد ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔
القَطْع : مص۔ کہا جاتا ہے "اَلاَمْرُ وَاقِعٌ قَطْعًا" یعنی امر یقیناً واقع ہے۔ و "اِنَّنِي اَقْطَعُ بِذٰلِكَ قَطْعًا" میں اس کا یقین رکھتا ہوں۔
القِطْع : درخت کا کاٹا ہوا ٹکڑا۔ نیزے کا چوڑا اور چھوٹا پھل ج اَقْطَاع اَقْطُع وقِطَاع : سوار کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ایک قسم کا منقش کپڑا، رات کا ایک ٹکڑا۔ ج قُطُوع واقْطَاع : کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قِطَعٌ او اَقْطَاعٌ" کٹا ہوا کپڑا۔
القَطْع : پیٹ کا درد اور مروڑ۔ سانس پھولنا (..... والقُطْعَة) گرمی کی وجہ سے کنوئیں کے پانی کا خشک ہونا۔
القُطَع فِي الفَرَس : گھوڑے کی بعض رگوں کا کٹنا۔
القُطَعُ والقُطَعَة : رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا۔
القَطِع : جس کی آواز بند ہو جائے۔
القِطْعَة : چیز کا حصہ۔ ج قِطَع. والقِطْعَةُ مِنَ الشِّعْرِ : دس یا سات یا اس سے کم اشعار کی نظم۔
القُطْعَة : زمین کا ٹکڑا۔ جو کسی کو دینے کے لئے جدا کیا جائے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ سفید آٹا۔ سفید آٹے کی بھوسی۔ کتاب کی فصل۔ ج قُطَع وقُطُعَات (..... والقَطْعَة) کاٹنے کی جگہ۔ کٹے ہوئے ہاتھ کا بقیہ۔ ج قَطْع وقَطَعَات. قُطَعَاتُ الشَّجَرِ وقُطَعَاتُهَا وقَطْعَاتُهَا : درخت کی گرہ کے اطراف کہ جن کے کاٹ دینے کے بعد پھر دوبارہ نکلے۔
القِطَاع : کاٹنے کا آلہ۔ ج قِطَعَة (..... والقَطِيع) رات کی پہلی تہائی۔ القِطَاع والقِطَع : دراہم۔

القُطَاعَة : کاٹنے میں جو گرے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ لقمہ جس میں سے آدھا کھا لیا جائے اور آدھا رہنے دیا جائے۔
القِطَاعَة. فِي اصطلاح عامَّةِ النصارى : گوشت اور بعض کھانے کی چیزوں سے بعض مخصوص دنوں میں پرہیز۔
القَطِيع : بکریوں اور چوپایوں کا گلہ۔ ج قُطْعَان وقِطَاع واَقْطَاع ج اَقَاطِيع ..... : چھڑ جس سے تیر بنایا جائے۔ درخت یا ٹہنی سے جو کاٹا جائے۔ ج قُطْعَان وقِطَاع واَقْطِعَة واَقْطُع واَقَاطِع وقُطُع وقُطُعَات ..... : نظیر۔ شبیہ۔ جیسے "هُوَ قَطِيعُهُ" وہ خلقت اور قد میں اس کے مشابہ ہے ج "قَطْعَاء واَقْطِعَاء" کہا جاتا ہے "هُوَ قَطِيعُ القِيَامِ" وہ بوجہ ضعف یا فربہی کے اٹھنے سے عاجز ہے "وامْرَاةٌ قَطِيعُ الكَلَامِ" کم سخن عورت۔ "رَجُلٌ قَطِيعٌ" سانس پھولا ہوا مرد۔ مؤنث۔ قَطِيعٌ. اِمْرَاةٌ قَطِيعٌ وقَطُوعٌ : کھڑے ہونے میں سست عورت کہا جاتا ہے "اِتَّقُوا القُطَعَاءَ" قطع تعلقات سے بچو۔
القَطِيعَة : جدائی۔ وظیفہ۔ قطع تعلقات۔ ٹیکس۔ جاگیر۔ ج قَطَائِع.
الاِقْطَاعَة : جاگیر۔ ج اِقْطَاعَات.
النَّقَطِيع : مص۔ پیٹ میں مروڑ۔ تَقْطِيعُ الرَّجُلِ : قد و قامت۔ ج تَقَاطِيع.
الاُقْطُوعَة : قطع تعلقات کی علامت جو ایک دوسرے کو بھیجے۔
القَاطِع : فا۔ روکنے والا۔ کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر کپڑا وغیرہ قطع کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "قُطِعَ الاَدِيمُ عَلَى القَاطِعِ. لَبَنٌ قَاطِعٌ : کھٹا دودھ بُرْهَانٌ قَاطِعٌ : ایسی دلیل جو سارے شکوک و شبہات کا ازالہ کرنے والی ہو۔ سَيْفٌ قَاطِعٌ : شمشیر براں۔ قَاطِعُ الطَّرِيقِ : چور ڈاکو ج قُطَّع وقُطَّاع.
القَاطِعَة. فاطع : کا مؤنث ج قَوَاطِع.
طَيْرٌ قَوَاطِعُ : جاڑے اور گرمی میں ایک جگہ نہ رہنے والے پرندے۔
القَطَّاع : اسم مبالغہ۔ القَطَّاع فِي اصطلاح البنائين : پتھر کاٹنے والا۔
القَطُوع : بہت کاٹنے والا ..... مِنَ النُّوقِ : اونٹنی جس کا دودھ بہت جلدی سے ختم ہو جائے۔
الاَقْطَع : کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بہرا۔ مؤنث قُطْعَاء ج قُطْع وقُطْعَان. رَحِمٌ قُطْعَاءُ : قطع تعلقات۔
المَقْطَع : کاٹنے یا کٹنے کی جگہ ج مَقَاطِع کہا جاتا ہے "شَرَابٌ لَذِيذُ المَقْطَعِ" پینے کی چیز جس کا آخر خوشگوار ہو "مَقَاطِعُ الاَنْهَارِ" نہروں میں جہاں گزر سکیں۔ "مَقَاطِعُ الكَلَامِ" وقف کرنے کے مواقع مَقْطَع الحَقِّ : جس سے باطل منقطع ہو جائے
المُقَطِّع : حرکت کرنے والا حرف۔ یا دو حرف جس میں دوسرا ساکن ہو۔ مُقَطَّعُ الحَرْفِ : حرف کا مخرج۔
المُقْطَع : جس کی حجت منقطع ہو گئی ہو۔ دلیل سے عاجز و خاموش۔
المُقْطَع : اجنبی۔ مسافر۔ عورتوں کی خواہش نہ رکھنے والا۔ وہ شخص جس کا نام دیوان وظائف میں نہ ہو یا وہ شخص جس کے ہمسروں کو ملے اور وہ محروم رہے۔ مُقْطَعُ النَّهْرِ : دریا کی پایاب جگہ۔
المِقْطَع : کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر چمڑا وغیرہ کاٹا جائے۔ سَيْفٌ مِقْطَعٌ : شمشیر براں۔
المِقْطَاع : بھائی چارہ پر قائم نہ رہنے والا۔ بِئْرٌ مِقْطَاعٌ : کنواں جس کا پانی جلدی اتر جائے مِقْطَاعُ الكَلَامِ : وہ شخص جو لوگوں کو لاجواب کر دینے کا عادی ہے۔
المَقْطَعَة : کاٹنے کی جگہ۔ کاٹنے کا سبب۔ کہا جاتا ہے "الهَجْرُ مَقْطَعَةٌ لِلْوُدِّ" یعنی جدائی دوستی کے قطع کا سبب ہے۔
المُقَطَّعَة والمُقَطَّعَات : چھوٹے کپڑے اور یہ اسم جنس ہے اس کے لئے مفرد نہیں۔ بلکہ

مِنْهُ قَطْمِيْرٌ" یعنی میں نے اس سے کچھ نہیں پایا۔ القِطْمِیْر: اصحاب کہف کے کتے کا نام اور امام ابن کثیر مفسر رحمتہ اللہ کے نزدیک قُطْمُوْر ہے۔

قَطَنَ (ن) قُطُوْنًا فِی الْمَکَانِ وبِہٖ: اقامت کرنا۔ وطن بنانا۔ الرَّجُلُ: خدمت کرنا۔

قَطِنَ (س) قَطَنًا. ظَفِرَہٗ: پیٹھ کا جھکنا۔ صفت اَقْطَن.

قَطَنَہٗ بِالْمَکَانِ: اقامت کرانا۔ قَطَّنَ الْکَرْمُ: انگور کی بیل کا شگوفہ دار ہونا۔

القَطْن: مص۔ اقامت کی جگہ۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔ دونوں سرینوں کے درمیان۔ پشت انسانی کا پست اور ہموار حصہ۔ ج اَقْطَان.

القُطْن والقُطُن: رُوئی۔ ایک ٹکڑے کو قُطْنَۃٌ کہتے ہیں اور قُطْن: اسم جنس ہے اور کبھی اس کی جمع اَقْطَان: آتی ہے۔

القِطْنَۃ والقَطِنَۃ: اونچا کا پرت دار حصہ۔

القَطِنَۃ: سرینوں کے درمیان کا گوشت۔

القَطَان: ہودج کی لکڑی۔ ج قُطُن.

القَطَانَۃ: ہانڈی۔ دیگ۔

القُطْبَّۃ والقِطْبِیَّۃ: دائے جو پکائے جائیں۔ جیسے مسور، چنا وغیرہ۔ ج قَطَانِیّ: رُوئی کے بنے ہوئے کپڑے۔

القَاطِن: فا۔ ج قُطَّان وقَاطِنَۃ وقَطِیْن.

القَطِیْن بمعنی قَاطِن جمع قَاطِن: گھر کے لوگ۔ خادم۔ نوکر چاکر (واحد وجمع) یا ج قُطُن کہا جاتا ہے "ھٰؤُلَاءِ قَطِیْنُ فُلَانٍ" یعنی یہ لوگ فلاں کے نوکر چاکر ہیں۔ "قَطِیْنُ اللّٰہ" اللہ کے حرم کے رہنے والے لوگ۔

القَطِیْنَۃ: گھر کے رہنے والے۔

القَطَّان: رُوئی کا بیچنے والا۔

قَاطِنَاتُ مَکَّۃَ وقُطْنُھَا: مکہ کے کبوتر۔

القِنْطَان: ریشم وغیرہ سے جو رسّی کی مانند بن جائے۔

المَقْطَنَۃ: زمین جس میں روئی بوئی جائے۔

القِطْبِیْن: بیل والی نباتات جیسے کھیرا، ککڑی وغیرہ۔ کدو کے لئے اکثر مستعمل ہے واحد بِقِطْبِنَۃ.

القَطُوْن: بڑے کمرے میں چھوٹا کمرہ۔

قَطَا یَقْطُوْ قَطْوًا: بوجھل چال سے چلنا۔

القَطَا: قطا کا آواز کرنا..... المَاشِی: آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔

تَقَطَّی: دیر کرنا۔ الفرس: گھوڑے کے پٹھے پر سوار ہونا..... لِاَصْحَابِہٖ: ساتھیوں کو فریب دینا..... بِوَجْھِہٖ عَنْہُ: رُوگردانی کرنا" اعراض کرنا۔

اِقْطَوْطَی: آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا۔

القَطَاط: کبوتر کے برابر ایک پرندہ۔ ج قَطَا وقَطَوَات وقَطَیَات. القَطَاۃُ مِنَ الذَّابَۃِ: چوتڑ۔ ردیف کے بیٹھنے کی جگہ۔ دونوں سرینوں کے درمیان کہا جاتا ہے "ذَھَبُوْا فِی الْاَرْضِ بِقَطًا" زمین میں متفرق ہو گئے۔

القَطْوَان والقَطَوَان والقَطَوْطَی: آہستہ چلنے والا۔ القَطَوْطَی: لمبی ٹانگوں والا۔

القَطِیَّا: ناریل کی چھال کی رسّی۔

قَعَهٗ (ن) قَعًا: بے باکی سے گفتگو کرنا۔

اَقَعَّ الْقَوْمُ: کھودنا اور کھاری پانی پر بھیڑ کرنا۔

القُعَّ والقُعَاع مِنَ الْمِیَاہِ: بہت زیادہ کھاری پانی کہ اس سے زیادہ کھاری پانی نہ ملے۔

قَعَبَ الْحَافِرُ: سم کا گنبد دار ہونا..... فُلَانٌ فِی الْکَلَامِ: حلق کے انتہائی حصہ سے بولنا۔

القَاعِب: بلبلانے والا بھیڑیا۔

القَعْب: بڑا پیالہ ج اَقْعُب وقِعَاب وقِعَبَۃ

قَعْبُ الْکَلَامِ: کلام کی گہرائی۔

القَعْبَۃ: بیمار کا گڑھا۔

القَعِیْب: عدد کثیر۔

اَلْقَعْبَل: عود۔ اگر۔

القَعْبَل والقَعْبَل: سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ القَعْبَل: دودھ دوہنے کا پیالہ۔ فرد ذرشت خو۔

قَعَثَ (ن) قَعْثًا وقَعْثَہٗ لَہٗ مِنَ الشَّیْءِ: لپ بھر دینا (..... وقَعَّثَ) الشَّیْءَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

اَقْعَثَ فِیْ مَالِہٖ: فضول خرچی کرنا..... لَہٗ الْعَطِیَّۃَ: بہت دینا۔

اِقْعَثَّ الْحَافِرُ: کھودنے والے کا کنوئیں سے بہت مٹی نکالنا..... لَہٗ الْعَطِیَّۃَ: بہت دینا۔

اِنْقَعَثَ: جڑ سے اکھڑنا..... الْحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے گرنا۔

القَعِیْث: آسان۔ موسلا دھار بارش۔ بڑا سیلاب۔

قَعَدَ (ن) قُعُوْدًا ومَقْعَدًا: کھڑے سے بیٹھنا (..... قُعُوْدًا) کھڑا ہونا۔ قَعَدَ بِہٖ: بٹھانا۔

قَعَدَ عَنْ خَاجَتِہٖ: پیچھے رہنا..... فُلَانٌ بِقَرْنِہٖ: ہمسر ہونا اور کہا جاتا ہے "قَعَدَنِیْ عَنْکَ شُغْلٌ" مجھ کو تم سے کام کاج نے روک دیا ..... لِلْحَرْبِ: جنگ آزما۔ لوگوں کو مہیا کرنا۔ قَعَدَتِ النَّخْلَۃُ: دوسرے سال پھل دینا..... الْفَسِیْلَۃُ: پودے کا تنہ والا ہونا۔ ..... الْمَرْاَۃُ: عورت کے شوہر کا لاپتہ ہونا اور صابر اور طلق کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "قَعَدَ بِشَتْمِیْ" وہ مجھے گالی دینے لگا۔

قَعَّدَہٗ: خدمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَّدَ اَبَاہُ" اس نے اپنے باپ کو بٹھا دیا۔ یعنی اس کی کمائی اس کے باپ کے لئے بھی کافی ہے۔

قَعْدَہٗ عَنْ کَذَا: روک دینا۔

اَقْعَدَہٗ: بٹھانا۔ اَقْعَدَہٗ عَنِ الْاَمْرِ: روک دینا

اَقْعَدَ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا..... الرَّجُلَ: کھڑا کرنا۔ خدمت کرنا..... اَبَاہُ: کمائی کی مشقت کے لئے کافی ہونا..... الْبِئْرُ: کنواں بیٹھنے کے لائق کھودنا اور پانی تک نہ پہنچنا۔

اَقْعَدَ فَھُوَ قَعِدٌ: کی بیمار والا ہونا (قُعَاد: ایک بیماری ہے جس میں آدمی چلنے پھرنے سے معذور رہتا ہے)

تَقَعَّدَ: توقف کرنا..... ہٗ: ٹال مٹول کرنا۔ کام

الْقَعْوُر: گہرا کنواں۔
قَعْرَطَ قَعْرِطَةً: اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ ڈھانا۔
قَعَزَ (ف) قَعْزًا. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا..... مَا فِي الْإِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی جانا۔
قَعِسَ (س) قَعَسًا وَاقْعَنْسَسَ: سینہ نکلنا اور پیٹھ دھنسنا۔ صفت قَعِس ج قُعْسَان وَاَقْعَس: مؤنث قَعْسَاء ج قُعْس.
قَعَسَ (ن) قَعْسًا: سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا..... الشَّيْءَ: موڑنا۔
قَعَسَ (ض) قَعْسًا: تکلف سینہ اُبھار کر اور پیٹھ دھنسا کر چلنا۔
اَقْعَسَ: تواگر ہونا۔
تَقَاعَسَ: سینہ نکالنا..... عَنِ الْأَمْرِ: پیچھے ہٹنا..... فُلَانٌ: سینہ نکالنے والے کے مشابہ ہونا..... الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: ہانکنے والے کے تابع نہ ہونا..... الْعِزُّ: عزت کا پائیدار ہونا۔
الْعُقَاس: ایک بیماری جس میں بکریاں بہت مرتی ہیں۔
الْاَقْعَس: بلند۔ عِزٌّ اَقْعَس: عزت ثابت۔ مؤنث قَعْسَاء ج قَعْس وعِزَّةٌ قَعْسَاءُ: عزت۔ پائیدار۔ لَيْلٌ اَقْعَس: لمبی رات۔ بَعِيرٌ اَقْعَس: سر پیٹھ گردن جھکا ہوا اونٹ۔ فَرَسٌ اَقْعَس: پست پیٹھ کا گھوڑا۔
الْعُقْعُس: قاسخت۔ ج مَقَاعِس ومَقَاعِيس.
تَقَعْوَسَ الشَّيْخُ: بہت بوڑھا ہونا..... الْبَيْتُ: گرنا..... الرَّجُلُ: پیچھے ہٹنا اور آگے نہ بڑھنا۔
الْقَعْوَس: بہت بوڑھا۔ مضبوط پیٹھ والا۔
قَعْسَبَ قَعْسَبَةً: خوف کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
الْقَعَاسِب: بلند قامت۔
قَعْسَرَ قَعْسَرَةً: مضبوطی سے پکڑنا۔ قَعْسَرَ عَلَيْهِ: قوی ہونا..... الشَّيْءُ: سخت ہونا۔
الْقَعْسَرِيّ: مضبوط اونٹ۔ چکی کا ہتھا (Handel)۔ عِزٌّ قَعْسَرِيٌّ: عزت قدیم۔ اصلی عزت۔
قَعَشَ (ف) قَعْشًا. الْحَائِطَ: دیوار گرانا' ڈھانا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
اِنْقَعَشَ: گرنا..... الْقَوْمُ: جانا۔
الْقَعْش: مص۔ ہودہ کی مانند عورتوں کی سواری ج قُعُوش.
قَعَصَهُ (ف) قَعْصًا وَاقْتَعَصَهُ: جگہ پر قتل کرنا۔ جگہ پر مار ڈالنا۔
قُعِصَتِ الشَّاةُ. قُعَاص: کی بیمار ہونا۔ (دیکھو تعاص) دودھ دوہنے میں مارنے والی ہونا۔
اِنْقَعَصَ: جگہ ہی پر مرنا..... الشَّيْءُ: مڑنا۔
الْقُعَاص: ایک بیماری ہے جو سینہ میں ہوتی ہے اور گردن توڑ دیتی ہے۔
الْقَعْص: مص۔ فی الفور موت۔ منہدم شدہ مکان۔
الْقَعَاص وَالْمِقْعَص والْمِقْعَاص: شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے۔
الْقَعُوص: بکری جو دوہنے والے کو مارے اور دوہنے نہ دے۔
قَعَضَ (ن) قَعْضًا الْغُصْنَ: شاخ کو موڑنا۔
اِنْقَعَضَ: جھکنا۔
الْقَعَض: مص۔ جھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "عُودٌ قَعَضٌ" جھکی ہوئی لکڑی۔ یہ وصف بالمصدر ہے۔
قَعْضَبَ قَعْضَبَةً: جڑ سے اکھیڑنا۔
الْقَعْضَب: بہت دلیر۔ قوی۔ الْقَعْضَبَة: سختی۔
قَعَطَ (ف) قَعْطًا: بہت چیخنا۔ بزدل ہونا۔ خشک ہونا..... فُلَانًا: دھکا دینا۔ پچھاڑنا۔
..... الشَّيْءَ: ضبط کرنا..... عَنْ وَجْهِهِ: چہرہ کھولنا۔
..... عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (..... وَاقْعَنْطَ)
الْعِمَامَةَ: سر پر پگڑی باندھنا۔ قَعَطَ وقَعْطَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ صفت قَعَّاط وقَعَط وقَعْطَ عَلَى غُرَيْمِهِ: قرض دار پر سختی کرنا۔ تقاضا کرنے میں سختی کرنا۔ وقَعْطَ فِي الْقَوْلِ: بے ہودہ بکنا۔
قَعِطَ (س) قَعَطًا: ذلیل ہونا۔
اَقْعَطَ: سخت چیخنا..... فِي الْقَوْلِ: بے ہودہ بکنا۔ اَقْعَطَهُ: اہانت کرنا۔ ذلیل کرنا..... الْقَوْمُ عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا..... فِي اَثَرِهِ: پیچھے دوڑنا۔
تَقَعْطَ وانْقَعَطَ السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا۔
الْقَاعِط: فا۔ قرض دار پر سختی کرنے والا۔
الْقَعَاطِ والْمُقْعِط: سخت قسم کا گھمنڈی۔
الْقَعْط: مص۔ بہت بکریاں۔
الْمِقْعَط والْمِقْعَطَة: عمامہ۔ پگڑی جو سر کے اوپر باندھی جائے۔
قَعْطَبَ. الشَّيْءَ: کاٹنا۔
قَعْطَرَةً: پچھاڑنا۔ مضبوط باندھنا۔ قَعْطَرَ. الْإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
اِقْعَطَرَّ: سانس منقطع ہونا۔
قَعْطَلَةً: پچھاڑنا۔ قَعْطَلَ عَلَى غَرِيمِهِ: قرض دار سے قرض کے مطالبہ میں سختی کرنا۔
الْقَعْطَل: تیز۔ جلد باز۔
قَعَفَ (ف) قَعْفًا. التُّرَابَ: تیز دوڑنے کی وجہ سے غبار اُڑانا..... النَّخْلَةَ: درخت خرما کو جڑ سے اکھیڑنا..... مَا فِي الْإِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی لینا..... الْمَطَرُ الْحِجَارَةَ: بارش کا پتھر کو بہالے جانا۔
قَعِفَ (س) قَعَفًا الْحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔
تَقَعَّفَ وانْقَعَفَ واقْتَعَفَ الْحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے منہدم ہونا..... الْجُرُف: وادی کے کناروں کا گرنا..... الشَّيْءُ: اپنی جگہ سے زائل ہونا۔ واقْتَعَفَ الشَّيْءَ: حرص سے لینا۔
الْقَعَف: مص۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو سلسلہ وار ہوں۔
الْقَاعِف: فا۔ سخت بارش۔
سَيْلٌ قُعَافٌ: سخت سیلاب جو تمام چیزوں کو بہالے جائے۔

سے بنایا جاتا ہے۔
القُفْخَة: گائے جو جفتی کی خواہش مند ہو۔
القُفاخ: متناسب الاعضا پر گوشت عورت۔
القُفاجِر والقُفاجِرِيّ: بڑے جثہ کا۔
القُفاجِرِي: نازک بدن پر گوشت۔
قَفَدَ (ض) قَفْدًا: کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَقْفِدُ لَكَ مُذِ الْيَوْمِ" میں آج کے دن تمہارے لئے کام کرتا رہا..... ہٗ: گدی پر تھپڑ مارنا۔ بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھنا۔
قَفِدَ (س) قَفَدًا: ڈھیلی یا موٹی گردن والا ہونا۔
الاَقْفَد: ڈھیلی یا موٹی گردن والا۔
پنجوں کے بل چلنے والا۔ موٹے ہاتھ پیر چھوٹی انگلیوں والا۔ مؤنث قَفْدَاءُ ج قُفْد: کہا جاتا ہے "اَعْتَمُّ الْقَفْدَاءِ وَالْقُفْدِ" بغیر شملہ لٹکائے ہوئے پگڑی باندھی۔
القَفْدانِ والقَفْدانَة: سرمہ دانی کا غلاف۔ چمڑے کی تھیلی جس میں خوشبو رکھتے ہیں (دخیل)
قَفَرَ (ن) قَفْرًا وتَقَفَّرَ واِقْتَفَرَ الاثَرَ: پیچھے جانا تلاش کرنا۔ اِقْتَفَرَ الْعَظْمَ: ہڈی چچوڑنا۔
قَفِرَ (س) قَفَرًا. مَالُهٗ: کم ہونا۔ صفت قَفِرُ الْمَالِ..... الطَّعَامُ: کھانا بغیر سالن کے ہونا۔
قَفَرَ التُّرَابَ ونَحْوَهٗ: مٹی وغیرہ جمع کرنا۔
اَقْفَرَ: بیابان بے آب وگیاہ کی طرف جانا۔ .....الْمَكَانُ: گھاس پانی اور آدمی سے خالی ہونا۔
.....الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهٖ: اکیلا ہونا..... رَاْسُهٗ مِنَ الشَّعْرِ: سر کا بال سے خالی ہونا۔ بھوکا ہونا۔ بے کھانا ہونا۔ بے سالن ہونا۔ بے سالن کے روٹی کھانا..... الْبَلَدَ: شہر کو خالی پانا..... الْعَظْمَ: ہڈی چچوڑ کے صاف کر دینا۔
القَفْرُ: گھاس پانی آدمی سے خالی زمین۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَفْرٌ وَاَرْضٌ قِفَارٌ" بے آب وگیاہ چٹیل میدان۔ "نَزَلْنَا بِبَنِيْ فُلَانٍ فَبِئْنَا الْقَفْرَ" یعنی ہم بنو فلاں میں اترے اور انہوں نے ہماری مہمانداری نہیں کی "وَبَاتَ فُلَانٌ الْقَفْرَ وَالْوَحْشَ" یعنی فلاں کی مہمانداری نہیں کی گئی۔ القَفْر: بیل جو کھیتی کرنے کے لئے ماں سے جدا کر لیا جائے۔
القَفَر: مص۔ بال۔
القَفِر: کم بال والا۔ بھیڑیا۔
جُزٌّ قَفْرٌ وقَفَارٌ: بے سالن کی روٹی۔
القَفِيْر: شہد کا چھتہ۔ ٹوکری۔ بے سالن کی روٹی ج قُفْرَان.
القَافُوْرُ والقُفُّوْرُ والقُفُّوْرَةُ: کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مِقْفَارٌ" خالی زمین۔
قَفَزَ (ض) قَفْزًا وقَفْزَانًا وقِفَازًا وقُفُوْزًا: مرنا..... الْغَزَالُ: ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا۔
قَفِزَ (س) قَفَزًا. الْفَرَسُ: گھوڑے کی اگلی ٹانگوں میں گھٹنے تک سفیدی ہونا۔
قَفَّزَهٗ: کودانا۔
تَقَفَّزَ بِالْحِنَّاءِ: مہندی سے نقش ونگار کرنا۔
تَقَافَزَ الْقَوْمُ: باہم کودنا۔
القَفْزَى: اچھل۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَتِ الْخَيْلُ الْقَفْزَى" یعنی گھوڑے کودکود کر دوڑے۔
القَافِزَة: قافز کا مؤنث۔ تیز رفتار گھوڑا۔ مینڈک۔ ج قَوَافِز.
القَفِيْز: ایک پیمانہ کا نام..... مِنَ الْاَرْضِ: ایک سو چوالیس شرعی گز۔ ج اَقْفِزَة وقُفْزَان.
الاَقْفَز والمُقَفَّز مِنَ الْخَيْلِ: اگلی ٹانگ میں گھٹنے تک سفید گھوڑا۔
القُفَّاز: عورتوں کے ہاتھ پیروں کا زیور۔ دستانہ عوام کَفُوف: کہتے ہیں۔ ج قَفَافِيز.
القَفَّاز: بہت کودنے والا۔
القُفَيْزَى: بچوں کا ایک کھیل کہ لکڑی گاڑ کر اس پر کودتے ہیں۔

قَفَسَ (ن ض) قَفْسًا وقُفُوْسًا: مرنا..... الشَّيْءَ: غصہ سے زبردستی پکڑنا..... فُلَانًا: بال پکڑنا اور نیچے گھسیٹنا (..... قفسا) الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگوں کو باندھ دینا (..... قُفْسًا): جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
قَفِسَ (س) قَفَسًا: بائسہ کے کنارے کا بڑا ہونا۔ تَقَفَّسَ. الظَّبْيُ: ہرن کا چھلانگ مارنا۔
تَقَافَسَ الرَّجُلَانِ بِشَعْرِهِمَا: ایک دوسرے کے بال پکڑنا۔
القَافِسَة. قَافِس: کا مؤنث۔ کمینے لوگ۔
قَفَاس. مبنی علی الکسر: کمینی لونڈی۔
الاَقْفَس: باندی بچہ۔ ہر وہ چیز جو لمبی اور جھکی ہوئی ہو۔ عَبْدٌ اَقْفَس: کمینہ غلام۔
القَفْسَاء: اقفس کا مؤنث۔ کمینی لونڈی۔ معدہ یا پیٹ۔
قَفَشَ (ن ض) قَفْشًا. الطَّعَامَ: بہت حرص سے کھانا..... الشَّيْءَ: لینا اور جمع کرنا۔ هُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوہنا..... مَا فِي الضَّرْعِ: دوہ کر جلدی ختم کر دینا..... الْمَرْاَةَ: بہت جماع کرنا (..... قَفْشًا وقُفُوْنًا) مرنا۔
اِنْقَفَشَ واِقْتَفَشَ واِقْفَنْشَشَ الْعَنْكَبُوْتُ ونَحْوُهٗ: مکڑی وغیرہ کا سمٹ کر بیٹھنا۔
القَفْشُ: مص نشاط۔ چھوٹا چمڑی موزہ۔
القَفَشُ: چور (القُفْشُلِيل) کف گیر۔
قَفَصَ (ض) قَفْصًا الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا..... الشَّيْءَ: قریب قریب رکھنا..... الرَّجُلَ: تکلیف دینا..... الْعُصْفُوْرَ: دھاگے سے باندھ کر چھتے میں رکھنا..... الطَّائِرَ: پنجرے میں بند کرنا۔
قَفِصَ (س) قَفَصًا: ہلکا پھلکا ہونا۔ سردی سے سن ہونا..... الْفَرَسُ: پورے دوڑ سے نہ دوڑنا۔ صفت قَفِص.
قَفْص. الظَّبْيَ: ہرن کی ٹانگیں باندھنا۔
تَقَفَّصَ: اکٹھا ہونا۔
تَقَافَصَ: مخلط ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

قَفَنَ (ض) قَفْنًا: مرنا۔
قَفَّنَ رَاْسَهٗ: سر کاٹ دینا۔
القَفْن: مس۔ موت۔ مقاتلہ۔
القَفَن والقَفَنُ: سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔
القَفَن: کوڑا۔
القِفِنّ: مرد سخت بدزبان۔
القَفَّان: امین۔ تولنے کا ایک پیمانہ۔ قَفَّانُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی جماعت۔ انجام کار۔
شَاۃٌ قَفِیْنٌ: ذبح کردہ بکری۔
قَفَا یَقْفُوْ قَفْوًا وقُفُوًّا. الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ صریحاً تہمت لگانا..... اَثَرَہٗ: پیروی کرنا۔ اللّٰہ اَثَرَہٗ: مٹانا۔ محو کرنا (..... واَقْفٰی واقْتَفٰی) الرَّجُلُ بِاَمْرِہٖ: متعین کرنا۔ مخصوص کرنا۔ اَقْفٰی کَذَا عَلٰی کَذَا: فضیلت دینا۔ اِقْتِفَاءٌ: اتباع کرنا۔ واقْتَفَی الشَّیْءَ: اختیار کرنا۔ اِقْتَفٰی بِفُلَانٍ: کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرنا۔
قَفّٰی تَقْفِیَۃً: آنا..... فُلَانًا زَیْدًا وبِزَیْدٍ: پیروی کرنا۔ پیچھے چلانا۔ کہا جاتا ہے "قَفَیْتُ عَلٰی اَثَرِہٖ بِفُلَانٍ" میں نے فلاں کو اس کے نشانِ قدم پر چلایا۔ قَفّٰی عَلَیْہِ: لے جانا۔
تَقَفَّی الرَّجُلَ: پیچھا کرنا..... الاُکْمَۃَ: ٹیلے پر چڑھنا..... الشَّیْءَ: چننا..... بِفُلَانٍ: اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا (..... واِسْتَقْفٰی) فُلَانًا بِالْعَصَا: پیچھے سے آ کر سر پر لاٹھی مارنا۔
تَقَافَی الرَّجُلَ: جھوٹی تہمت لگانا۔
القَوْمُ: ایک دوسرے پر تہمت لگانا۔
القَفَا والقَفَاء: سر کا پچھلا حصہ۔ گدی۔ مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے ج اَقْفٍ واَقْفِیَۃ واَقْفَاء وقُفِیٌّ وقِفِیٌّ وقُفُوْنٌ: کہا جاتا ہے "لَاَفْعَلَنَّہٗ قَفَا الدَّھْرِ" میں اس کو زمانہ بھر نہیں کروں گا۔
القَفْوَۃ: غبار جو بارش کی ابتدا میں اٹھتا ہے کہا جاتا ہے "ھُوَ صَفْوَتِی وقَفْوَتِی" وہ میرا برگزیدہ ہے۔ "وبِئْسَ القَفْوَۃُ قَفْوَتُکَ" اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس کا انتخاب اچھا نہ ہو۔
القِفْوَۃ: تہمت۔ بُری بات کی نسبت کرنا۔ گناہ۔
القَفَاوَۃ: مہربانی۔ نوازش۔ مہمانی کا اکرام۔ جس چیز سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ موروثی عزت۔
القُفْیَۃ: شکاری کا گڑھا جس میں وہ شکار کی گھات میں چھپتا ہے۔
القِفْیَۃ: عیب۔
القَفِیّ: نہایت مہربان۔ مکرم مہمان۔ کھانا جس سے مہمان کا اکرام کیا جائے۔ بہترین بھائی۔ منعم بھائی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ قَفِیُّھُم وقَفِیَّتُھُم" وہ ان کا قائم مقام ہے۔
القَفِیَّۃ: فضیلت جو تمہیں غیر پر حاصل ہو۔ گوشۂ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے
شَاۃٌ قَفِیَّۃٌ: سر کے پیچھے کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری اور کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ قَفِیَّۃَ الدَّھْرِ" یعنی میں زمانہ بھر اس کو نہیں کروں گا۔
القَافِیَۃ: گلے کا پچھلا حصہ۔ شعر کا آخری کلمہ یا آخری حرف ج قَوَافٍ. قَافِیَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا آخری۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ عَلٰی قَافِیَۃِ الشَّیْءِ" میں اس کے پاس فلاں چیز کے پیچھے آیا۔
الکَلَامُ المُقَفّٰی: وہ کلام جس میں سجع وقافیہ ہو۔
التَّقْفِیَۃ: مس..... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: اشعار میں حرف آخر کا موافق ہونا۔
المُقَفَّی مِنَ الغَنَمِ: گردن کی طرف سے ذبح کی ہوئی بکری۔
رَجُلٌ مُقَفًّی ومُقَفًّی بِہٖ: چنا ہوا مرد۔ عزت کیا ہوا مرد۔
قَفَی یَقْفِی قَفْیًا الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔ قبیح بات کا عیب لگانا۔
القَاقُلَّۃ: الائچی۔
القَاقُلَی: ایک قسم کی نمکین گھاس جو اشنان کے مشابہ ہوتی ہے۔
القَوْقَل: نرچکور۔
القَاقُم والقَاقُوْم: ایک جانور ہے جو نیولے کی شکل کا اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کا رنگ گرمی میں سرخی سیاہی مائل اور جاڑے (سردیوں) میں بہت سفید ہوتا ہے۔
قَلَّ (ض) قِلًّا وقُلًّا وقِلَّۃً: کم ہونا..... الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا..... الجِسْمُ: بدن کا دبلا اور چھوٹا ہونا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَقِلُّ عَنْ کَذَا" یعنی وہ چھوٹا ہے۔ وقَلَّ الشَّیْءُ: بلند ہونا اور کبھی قُلَّ کے ساتھ ما کافہ لاحق ہوتا ہے جیسے "قَلَّمَا جِئْتَنَا" اس صورت میں فعل نہیں رہتا اور فاعل کا تقاضا بھی نہیں ہوتا۔ اور قَلَّمَا: دو معنے کے لئے کبھی محض نفی کے لئے اور کبھی تھوڑی سی چیز ثابت کرنے کے لئے مستعمل ہے (..... قَلَّ) الشَّیْءُ: اٹھانا۔ قَلَّہٗ عَنِ الاَرْضِ: بلند کرنا۔
قَلَّلَ الشَّیْءَ: کم کرنا..... الشَّیْءَ فِیْ عَیْنِ فُلَانٍ: ہیچ دکھلانا۔
اَقَلَّ الشَّیْءَ: کم کرنا..... الرَّجُلُ: کم لانا۔ کم مال والا ہونا محتاج ہونا..... الشَّیْءَ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ اَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ: کپکپی لگنا۔
قَالَّ لَہُ العَطَاءَ: تھوڑا دینا۔
تَقَالَّ الشَّیْءُ: کم گننا۔ تَقَالَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بلند ہونا۔
تَقَلَّلَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔
اِسْتَقَلَّ الشَّیْءَ: اٹھانا اور بلند کرنا۔ کم سمجھنا۔..... الطَّائِرُ فِیْ طَیَرَانِہٖ: پرندہ کا اڑان میں بلند ہونا..... القَوْمُ: کوچ کرنا۔ اِسْتَقَلَّتْہُ الرِّعْدَۃُ: کپوانا..... بِرَاْیِہٖ: رائے میں منفرد ہونا..... بِکَذَا: اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ کرنا..... فُلَانٌ غَضَبًا: ناراضی کی وجہ سے اٹھ جانا..... بِالْاَمْرِ: طاقت رکھنا.....
السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔
القِلّ: چھوٹی دیوار۔ کپکپی۔

قَلِتَ (س) قَلَتًا: ہلاک ہونا۔
اَقْلَتَهٗ: ہلاک کرنا۔ اَقْلَتَتِ الْمَرْاَةُ وَكُلُّ اُنْثٰى: بے اولاد ہونا۔ اور اسم قلت ہے۔
اَلْقَلَتُ: خوف۔ اَقْلَتَهٗ فَقَلِتَ: اس نے فاسد کیا پس وہ فاسد ہو گیا۔
اَلْقَلْتُ: چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج فِلالت۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فِي قَلْتِ خَاصِرَتِهٖ" اس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے میں نیزہ مارا "وَطَعَنَهٗ فِي قَلْتَيْ عَرْقُوَتَيْهِ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے کو فلت: کہتے ہیں۔
وَرَجُلٌ قَلْتٌ وَقَلِتٌ: کم گوشت۔ دُبلا پتلا مرد۔ اَلْقَلْتَةُ: دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ شَاةٌ قُلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا نہ ہو۔
اَلْمَقْلَتَةُ: ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔
اَلْمِقْلَاتُ: وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہو اور پھر اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِيْتُ.
قَلِحَ (س) قَلَحًا: زرد دانتوں والا ہونا۔ قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت مذکر قَلِحٌ وَاَقْلَحُ: صفت مؤنث قَلِحَةٌ وَقَلْحَاءُ۔ ج قُلْحٌ.
قَلَحَهٗ: دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔
تَقَلَّحَ: میلے کپڑے والا ہونا وتَقَلَّحَ الْبِلَادَ: قحط کے زمانے میں شہروں میں کمائی تلاش کرنا۔
اَلْقَلْحُ: بڈھا گدھا۔
اَلْقَلَحُ وَالْقُلَاحُ: زردی جو دانتوں پر آ جاتی ہے۔
اَلْقَلَحُ: میلا کپڑا۔
اَلْقَلْحُوْمُ: توت کی ترشاح۔
اَلْاَقْلَحُ: زرد دانتوں والا۔ گہریلا۔
رَجُلٌ اَقْلَحُ: تجربہ کیا ہوا۔
اَلْمُقَلَّحُ: تجربہ کیا ہوا۔
اَلْقَلْحَزَةُ: پستہ قد کی چال۔ اَلْقِلْحَزُّ: موٹا متکبر۔
اَلْفِلْحَاسُ: مرد بدصورت۔ بدقوارہ۔
اِفْلُحِمَّ. اَلرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
اَلْفِلْحِمُّ: متکبر۔ بوڑھا۔
شَيْخٌ قِلْخَامَةٌ: بہت بوڑھا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا وَقَلِيْخًا وَقُلَاخًا اَلْبَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔
قَلْخَهٗ. بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔ قَلَّخَ النَّبْتُ: نباتات کا سخت ہونا۔
اَلْقَلْخُ: مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا گدھا (..... وَالْقُلَاخُ) بڑے سر والا۔
قَلَدَ (ض) قَلْدًا اَلْحَبْلَ: رسّی بٹنا..... اَلْحَدِيْدَةَ: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر موڑنا..... اَلرَّجُلُ السَّيْفَ: تلوار کو حمائل کرنا۔
..... اَلْمَاءُ فِي الْحَوْضِ او الشَّرَابَ فِي الْبَطْنِ: جمع کرنا..... اَلزَّرْعَ: کھیتی سیراب کرنا..... اَلشَّيْءَ: موڑنا۔ اَلْحُمّٰى فُلَانًا: بخار ہر روز آنا۔
قَلَّدَهٗ. اَلسَّيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
..... اَلْقَلَادَةَ: ہار پہنانا..... اَلْعَمَلَ: کام سپرد کرنا..... اَلدَّيْنَ: قرض سونپ دینا۔ قَلَّدَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کی گردن میں کھینچنے کے لئے پٹہ ڈالنا۔
..... فُلَانًا الْقَضَاءَ فِي بَلَدِ كَذَا: قاضی بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَهٗ" وہ آزاد چھوڑ دیا گیا "وَقَلَّدَهٗ فِي كَذَا" اس نے اُس کی فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔
اَقْلَدَ الْبَحْرُ عَلَيْهِمْ: غرق کر دینا۔ ڈوبا دینا۔
تَقَلَّدَتِ الْمَرْاَةُ الْقَلَادَةَ: عورت کا ہار پہننا۔ تَقَلَّدَ الْاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت کرنا..... اَلسَّيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
تَقَالَدَ الْقَوْمُ الْمَاءَ: پانی پر باری باری آنا۔
اِقْتَلَدَ الْمَاءَ: پانی کا چلو لینا۔
اِقْلَوْدَ النُّعَاسُ فُلَانًا: نیند کا غالب آنا۔
اَلْقَلْدُ: مص پیچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی میں بٹی ہوئی رسّی۔ ج اَقْلَادٌ وَقُلُوْدٌ.
اَلْقِلْدُ: بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی بارش۔ کہا جاتا ہے "سَقَتْنَا السَّمَاءُ قِلْدًا فِي كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ۔ ج اَقْلَادٌ کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُهٗ قِلْدَ اَمْرِيْ" میں نے اپنے معاملہ کو درو بست اس کے سپرد کر دیا۔
اَلْقِلْدَةُ: گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔
اَلْقَلَدَةُ: دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔
اَلْقِلَادُ وَالْاِقْلِيْدُ: انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔
اَلْقَلَادَةُ: ہار۔ مالا۔ ج قَلَائِدُ وقِلَادٌ: چھ ستارے جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلَائِدُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
اَلْقَلَادَةُ: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت پودہ جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
اَلْقَلُوْدُ: بہت پانی والا کنواں۔
اَلْقَلِيْدُ وَالْمَقْلُوْدُ: بٹا ہوا۔
اَلْقَلِيْدُ وَالْمِقْلَادُ: خزانہ۔
اَلْقُلْبُدُ: مص۔ ج قَلَابِدُ وقَلَابِيْدُ. اَلْقَلَائِدُ عِنْدَ النَّصَارٰى: نصرانیوں کی سینہ بہ سینہ مذہبی باتیں اور تقلید کا اطلاق اس فرمانِ شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کے لئے جاری ہوتا ہے۔
اَلْاِقْلِيْدُ ج اَقَالِيْدُ. اَلْمِقْلَدُ ج مَقَالِيْدُ.
وَالْمِقْلَادُ ج۔ مَقَالِيْدُ: کنجی۔ کہا جاتا ہے "ضَاعَتْ مَقَالِيْدُ او مَقَالِيْدُهٗ" اُس کے اوپر اُس کے معاملات تنگ ہو گئے "وَاَلْقٰى اِلَيْهِ مَقَالِيْدَ الْاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے

زین پر جم کر نہ بیٹھنا..... الزجل: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا..... المضارع: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔

قَلِعَ قَلَعًا. الرجل: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔

اَقْلَعَ عَنْ کذا: باز رہنا اور چھوڑنا..... الملاح السفینۃ: بادبان اٹھانا..... اَصْحَابُ السَّفِیْنَۃ: روانہ ہونا..... الشیٔ: روشن ہونا..... الابنیر: قلعہ بنانا..... الحُمّٰی عن فلان: بخار کا اتر جانا۔ قرآن مجید میں ہے "یٰسَمَآءُ اقْلِعِیْ" یعنی اے آسمان بارش سے رک جا۔

قَالَعَا مُقَالَعَۃً: ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔

تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ واقْتَلَعَ: جڑ سے اُکھڑنا۔ تَقَلَّعَ فِی مَشْیِہٖ: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔

القَلْع: مص۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُع وقُلُوْع. قَلْعُ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "نَوَّکْتُہ بی قَلَع وقَلِع وقَلِعِ بن حُمّاہ" میں نے اس کو بخار اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع: کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِیٌّ وقَلْعِیٌّ".

القِلْع: بادبان۔ ج قُلُوْع وقِلاع.

القِلْع: بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔

القُلْع: چلنے میں قوی مرد۔

القَلَع: مص۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو..... مِنَ الحُمّٰی: بخار اُترنے کا دن۔

القَلِع: جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ وشَبَحٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔

القَلْعَۃ: قلعہ۔ ج قِلاع وقُلُوْع. القَلْعَۃ: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔

القَلْعَۃ: قَلْع: کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَع.

القُلْعَۃ: کھرنڈ والا' کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے' ہمیشہ نہ رہنے والا مال' منگنی کا مال' درخت سے جو اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی قُلْعَۃٍ" وہ سفر پر ہے "ومَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَۃٍ وقَلْعَۃٍ وقُلْعَۃٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "ھٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَۃٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آ جاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔

القَلْعَۃ: بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَع: چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلاع وقُلَع.

القُلْعَۃ: کھرنڈ والا۔

القُلاع: جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلاعَۃ القُلاع: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلاعُ الاُذُن: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔

القُلاعَۃ: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "دُبِّیَ بِقُلاعَۃٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔

القِلاعَۃ: کشتی و جہاز کا بادبان۔

القَلّاع: وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

القُلُوْع: بڑی اونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں الٹ جائے۔ ج قُلْع.

اِقْلاعُ الحُمّٰی ومُقْلَعُہا: بخار کا اُترنا۔

المِقْلَع: پتھر اکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقالِع.

المِقْلاع: گوپھن۔ ج مَقالِیع.

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا..... فُلانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَفَّ الشیٔ: سمٹنا..... اَنَامِلُ فُلانٍ: سردی یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

قَلْعَطَ وتَقَلْعَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔

اَلْمُلَقْعَطُ: میلا اور کنجوس آدمی۔

القَلْعَطَۃ: بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَۃَ: درخت سے چھال اُتارنا..... الشیٔ: پلٹنا (..... واقْتَلَفَ) الظُّفُرُ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ الغَصِیْرُ: جھاگ لانا۔

قَلِفَ (ن) قَلَفًا. القُلْفَۃ: کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَۃَ الدِّنِّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا (..... وقَلَّفَ) السَّفِیْنَۃَ: کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القِلافَۃ: ہے وقَلَّفَ الجزور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ (س) قَلَفًا الصبیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف.

نَقْلَفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرَۃِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُّرَّۃُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

القِلْف: درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَۃ: سخت جگہ۔

القَلْفَۃ: ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

القُلْفَۃ والقَلْفَۃ: عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف.

القَلْفَۃ مِنَ الشَّفَۃِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

القُلافَۃ: درخت وغیرہ کی چھال۔

القَلِیْف ج قُلُف والقَلِیْفَۃ ج قَلِیْف والمَقْلُوْفَۃ ج مَقْلُوْفات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

القَلِیْف والمَقْلُوْف: مٹکا جس کے سر سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِیْف: خشک میوہ۔ دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔

گوشت بھوننے والا۔
القَلّاءَة: وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔
القَلِيَّة: جو بھونا جائے۔ شوربا جو اونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج قلایا۔
المِقْلَى والمِقْلَاة: کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقَالٍ۔
المَقْلَاة: وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔
المُقْلِيّ: جو بھونا جائے۔
قَمَّ (ن) قَمًّا: خشک ہونا..... شَارِبَهُ: مونچھ جڑ سے مونڈنا..... البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قَامٌ وقُمَّام (..... وقُمَّم) ما علی المائدۃ: کھانا و اِقْتَمَّ الشَّيْءَ: مزاولت کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطاب کرنا۔
قَمْقَمَهُ: خشک کرنا۔ قَمَّمَ النَّجْمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
تَقَمَّمَ مَا عَلَى المَائِدَة: دسترخوان پر سے سب کچھ کھالینا..... الشَّيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ ..... النَّخْلَةَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا..... الرَّجُلُ فُرْنَهُ: ہمسر پر غالب آنا۔
القِمَّة: ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت۔ بدن۔ قد و قامت۔ ج قِمَم.
القُمَّة: شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔
القُمِيم: خشک سبزی۔ ستو۔
القُمَامَة: کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قِمَم.
المِقَمّ والمُقَمِّم: دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔
المِقَمَّة: جھاڑو ج مَقَامّ (..... والمِقَمَّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔
قَمَأَ (ف) وقَمْءً (ک) قَمَاءَةً وقُمَاءَةً وقِمَاءَةً وقُمَأَةً: ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِيءٌ ج قُمَاء وقِماء.
قَمَأَ (ف) قَمْأً المَكَان وبِهِ: داخل ہونا اور اقامت کرنا..... ہٗ: اکھیڑنا۔
قَمِئَ (ف) قَمَأً وقُمُوءًا (ک) قُمُوءَةً وقُمْأً وقَمَاءً وقُمَأَةً. المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا..... بِالمَكَانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔
أَقْمَأَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا..... الشَّيْءُ او المَكَان فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا أَقْمَأَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
قَامَأَهُ مُقَامَأَةً: موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قَامَأَهُ المَكَان: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔
تَقَمَّأَ فُلَانٌ المَكَان: موافق ہونا اور اقامت کرنا..... الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔
اِقْتَمَأَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
القَمْءَة: وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔
القَمْأَة ج قِمَاء والمَقْمَأَة والمَقْمُوءَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔
القَمْأَة والقُمْأَة: سرسبزی۔ آرام۔
القَمِيء: ذلیل و خوار۔
قَمَخَ (ن) قُمُوحًا وقَامَخَ وتَقَمَّحَ وانْقَمَخَ البَعِيرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اٹھانا صفت قَامِح ج قِمَاح وقَمَّحَ وتَقَمَّحَ الشَّرَابَ ومِنَ الشَّرَابِ: ناپسند کرنا۔
قَمِحَ (س) قَمَحًا وانْقَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِيقَ: ستو پھانکنا..... الشَّرَابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔
قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔
أَقْمَحَ السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا..... البُرُّ: تیار گیہوں ہونا..... الرَّجُلُ: سر اٹھانا اور آنکھ بند کرنا..... بِأَنْفِهِ: بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا..... الغُلُّ الأَبِيرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکالا ہوا چھوڑ دینا..... فُلَانٌ: شراب پینا۔
القَمْح: گیہوں۔ واحد قَمْحَة.
القَمْحَة: پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔
(..... والقُمْحَان والقُمَّحَان) زعفران۔

القِمْحَانَة: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔
القَمِيحَة: پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)
رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِيذِ: بہت پینے والا۔
القَمْعُدَة: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ۔
أَقْمَخَ إِقْمَاخًا بِأَنْفِهِ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔
قَمَدَ (ض) قَمْدًا وقُمُودًا: انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔
قَمِدَ (س) قَمَدًا: لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت أَقْمَدُ مؤنث قَمْدَاء.
أَقْمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔
القُمُد والقُمْدُو القُمَاد: مضبوط۔ موٹا۔
القُمْدُ والقُمْدَة والقُمْدَانِيَّة: لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔
القَمْدَر: لمبے قد والا۔
قَمَرَ (ض) قَمْرًا: جوا کھیلنا..... الرَّجُلُ: جوئے میں غالب آنا۔
قَمِرَ (ن ض) قَمَرَ الرَّجُلَ مَالَهُ: مال چھین لینا۔
قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّيْءُ: بہت سفید ہونا۔ ..... الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا..... الكَلَأُ والمَاءُ وغَيْرُهُمَا: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا..... الإِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔
قَامَرَهُ مُقَامَرَةً وقِمَارًا: باہم جوا کھیلنا۔
أَقْمَرَ اللَّيْلُ: چاندنی کا کھیت کرنا ..... الهِلَالُ: پورا چاند بننا..... الفَوْمُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا..... الثَّمْرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی کا آ جائے پکنے سے پہلے سردی کا آ جانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا ..... الإِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔

القَمِيص: کرتا (مذکر و مؤنث) ج اَقمصة وقُمُص وقُمصان. القَمِيص: نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ الخَوفُ قَمِيصَ قَلبِهِ" خوف نے اس کے دل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القَمِيص والقَمُوص: وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اچھلے۔ القَمُوص: شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوصُ الحَنجَرةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

قَمَطَهُ (ن ض) قَمطًا وقَمَّطَهُ: گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا..... الإبِلَ: اُونٹوں کو قطار میں کرنا..... طَعَمَ الشَّيءَ: چکھنا..... الشَّيءَ: لینا۔ قَمَطَ الدِّيكُ: مرغ کا جفتی کرنا..... المَرأةَ: عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط: رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (..... والقِمَط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لئے باندھیں۔

عَامٌ قَمِيطٌ: پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمتُ عِندَهُ حَولًا قَمِيطًا او شَهرًا قَمِيطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط: چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لئے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط: بہت سے چور۔

قَمطَرَ قَمطَرةَ الشَّيءُ: جمع ہونا..... الشَّيءَ: جمع کرنا..... القِربَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا..... العَدُوَّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمطَرَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اِقمَطَرَّ: منتشر ہونا۔ سکڑنا..... لِلشَّرِّ: آمادہ ہونا..... اليَومُ: دن کا سخت ہونا..... عَلَيهِ الشَّيءُ: بھیڑ ہونا۔

القِمَطر والقِمَطر: بستہ۔ جزودان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر و مؤنث اور اِمرَأةٌ قَمطَرةٌ کہتے ہیں۔ ج قَماطِر والقَمَطرِيز: سخت دن یا سخت لڑائی۔

القِمَطرَى: پست قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔

قَمَعَهُ (ف) قَمعًا: آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار و ذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِربَةَ: باہر کی طرف مشک کے منہ کو موڑنا قَمَعَ فِي الشَّيءِ: داخل ہونا۔

الكُنبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرأةُ بَنَانَهَا بِالحِنَّاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا.....هُ: سر کے بالائی حصہ پر مارنا..... لِبَردُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا..... مَا فِي السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا ..... الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا ..... قَمَعَهُ لِفُلَانٍ: خاموش ہونا..... الوَطبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَينُهُ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَةٌ..... الفَرَسِ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا..... عُرقُوبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا..... الظَّبيَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا..... فُلَانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَعَ البُسرَةَ ونَحوَهَا: کھجور وغیرہ کی پلیدی کو دُور کرنا۔ قَمُعَتِ البُسرَةُ ونَحوُهَا: کھجور وغیرہ کی پیندی کا دُور ہونا۔

اَقمَعَهُ: ذلیل و خوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقمَعتُهُ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ: متحیر ہونا مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا..... الذُّبَابُ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكتُهُ يَتَقَمَّعُ: میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (..... واقتَمَعَ) الشَّيءَ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِي الإنَاءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنقَمَعَ: خوار و ذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا..... الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

القَمع والقِمع والقَمَع: قیف۔ ج اَقمَاع: کھجور وغیرہ کے نیچے کی پیندی اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قُمَع کہتے ہیں۔ ج قُمُوع.

القَمَع: آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ نرخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الأقمَع: مؤنث قَمعَاء ج قُمعٌ والقُمُوع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الأقمَع مِنَ الخَيلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمِعَة: کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمِعَةُ الذَّنَبِ: دُم کا کنارہ۔ قَمِعَةُ الشَّيءِ: عمدہ چیز۔ ج قَمَع. القَمعَة: مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج مَقَامِع.

القَمِيع. مِنَ الخَيلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِيعٌ: بڑا کوہان۔ طَرفٌ قَمِيعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔

القَمعَة: توشہ دان وغیرہ کا سر بند۔ بہترین مال ج قَمَع.

اَلقَمعُ والقَمعُ والقِمعُ: قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)۔

اَلقَمعِيَّةُ: یورپ، برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء جتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔

القَمِيعَة. مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصہ۔ دم کا سرا ج قَمَائِع.

المِقمَعَة: آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع.

المَقمُوع: مقہور۔ مغلوب۔ تخمہ زدہ..... مِنَ المَالِ: چنا ہوا مال۔

قَمعَلَ قَمعَلَةُ النَّبتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا

الـمَـفَـأَة والمَقْنُوْة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
الفَنِيل: ہاتھی کی گرون۔ پستہ قد عورت۔
قَنَبَ (ن ض) قُنُوْبًا فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا..... الـكَـرَمَ: انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔
قَـنَـبَ الزَّرْعُ: خوشہ کے پتے ظاہر ہونا..... الزَّهْرُ: کلی سے نکلنا..... الكَرَمَ: انگور کی شاخ تراشی کرنا..... الاَسَدُ بِمَخْلَبِه: شیر کا پنجہ کو سمیٹ لینا۔ قَـنَّـبَ وَاقْـتَـنَـبَ وَتَقَنَّبَ الخَيْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَّبُوْا وَتَقَنَّبُوْا نَحْوَ العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ وَتَـقَـنَّـبَ الرَّجُلُ فِي بَيْتِه: داخل ہونا۔
اَقْـنَـبَ: سفر میں دُور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔
قُنُبُ الزَّهْرِ: پھول کا غلاف ج قُنُوْب.
القَانِب: فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وَادٍ قَـانِـبٌ: وادی جس کا سیلاب دُور سے جاری ہو۔
القُنُب: بڑا باوبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ كَفِّ الاَسَدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔
القُـنَـاب والقِنَاب والقُنَّابَة: پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔
القِـنَّـبُ والقُنَّب: جوٹ۔ سن جس سے تلی بناتے ہیں۔
القَنِيب: لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔
القَـنَّـاب: تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چھٹی رساں۔
الـمِـقْـنَـب: تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کے لئے جمع ہوں ج مَـقَـانِـب (..... والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔ المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِـخْـلَـبُ الاَسَدِ فِي مِقْنَبِه" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔ شکاری کا تھیلہ۔
القُـنْـبُـرَة والقُنْبُرَة: چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابِر. القُنْبُرَة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔ دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِيَّةٌ: چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔
القُنْبُض: سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَةٌ.
الـقُـنْـبُـضَـة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔
القُنْبُط: گوبھی اور عوام قَرْنَبِيط بھی کہتے ہیں۔
قَـنْـبَعَ فِي بَيْتِه: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَت الشَّجَرَةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔
..... الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔
القُـنْـبُـع: درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔
القُـنْـبُـعَـة: بمعنی القُنْبُع: ایک قسم کا بیجوں کے لئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُـنْـبُـعَـةُ الخِنْزِيْر: سور کی خرخراہٹ۔
القُـنْـبُـل والقَنْبَلَة: لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل.
القُـنَـابِل: بڑے سر والا (..... والقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔
قَـنْـبَـلَ العَدُوَّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔
اَلْقُنْبُلَة: بم اس بم کی کئی اقسام ہیں۔
(۱) اَلْقُـنْـبُـلَةُ الـحَـارِقَة: آگ لگانے والا بم۔
(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الْجَرْثُوْمِيَّة: جراثیمی بم۔
(۳) اَلْقُـنْـبُـلَةُ السَّامَّة: زہریلا بم۔
(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِّيَّة: ایٹم بم۔
قَـنَـتَ (ن) قُـنُـوْتًا: اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللّٰهَ وَقَنَتَ لِلّٰهِ"..... لَهٗ: ذلیل ہونا۔
قَـنُـتَ (ک) قَنَاتَةً: کم خوراک ہونا۔
اَقْـنَـتَ: نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔
اِقْـنَـتَ: فرمانبردار ہونا۔
الـقَـانِـت: فا۔ ہمیشہ اطاعت وفرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت.
القَنِيْت: کم خوراک (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "سِـقَـاءٌ قَنِيْت" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔
اِمْرَأَةٌ قَنُوْت: شوہر کی تابعدار عورت۔
القُنْجُل: غلام۔
قَنَحَ (ف) قُنُحًا العُوْدَ: لکڑی کا سرا موڑنا..... الشَّارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اُٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (..... واقْـنَـحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اُٹھانا۔
قَـنَّـحَ البَابَ: دروازے کے لئے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔
نَقَنَّحَ: سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔
القُنَاح: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔
القُـنَّـاح: لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔
القُـنَـاخِر. ج قَـنَـاخِـر والقِنْخِر: بڑے جسم والا انف قُـنَـاخِـر: موٹی ناک۔
القِـنْـخِـر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔
القُنْخُوْرَة والقِنْخِيْرَة والقِنَّخْرَة والقُنْخُوْر: بڑی چٹان۔
القَنْد. ج قُنُوْد والقِنْدِيْد ج قَنَادِيْد: شکر۔
القَـنْـدِيْد: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالاَمْرِ عَلٰى قَنَادِيْدِه" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا..... سَوِيْقٌ مُقَنَّدٌ و مَقْنُوْدٌ: شکر ملا ہوا ستو۔ كَلَامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔
اَلْقَـنْـدِيْلَةُ الْحَمْرَاء: بڑے پتوں والا پودا

لانا۔
القِنَع. ج اَقْنَاع والقِناع ج قُنُع: ہتھیار۔
القِنَع والقُنَع: کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنَع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی' ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة واَقْنَاع. القَنَع: بگل۔
القِنْعَة: دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنع و ج قِنْعَان.
القُنْعَة: سوال۔ دیوار میں روشن دان۔
القُنْعَة. مِنَ الجَبَلِ والسنام: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔
القِناع: دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة: دِل کا غلاف۔ کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَّیْءِ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔
القِنَع: جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔
القُنُوع ج قُنْع والقَنِع ج قُنَعَاءُ بمعنی قَنِع.
القَانِع: فا۔ بمعنی قَنِع: عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قَانِعُوْن وقُنَّع.
رَجُلٌ قُنَعَان: تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔
شَاهِدٌ قُنَعَان: شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)
رَجُلٌ قُنَعَانِی: جس کی رائے پسند ہو
القِنْعَان: بڑا پہاڑی بکرا۔
القُنُوع: مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔
شَاهِدٌ مُقْنِع: شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَنَا مَقْنَع: فلاں کے لئے رضامندی ہے۔ جس پر اہم قانع ہیں۔
المِقْنَع والمِقْنَعَة: سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔
المُقْنِع: مفع۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اٹھائے ہوئے ہو۔ قَمٌ مُقْنِعٌ: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔
المُقْنِع: فا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اٹھانے والا۔
المُقْنَع: مفع۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔
قَنِفَ (س) قَنَفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔
قَنَّفَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنے۔
اَقْنَفُ: ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا (..... واسْتَنْقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔ اِسْتَنْقَفَ المَجْلِسُ: گول ہونا۔
القَنَف: مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔
القِنَّف: سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔
القَنِف: سر پر تھوڑے بال والا۔
القِنَاف والقُنَاف: بڑی ناک' لمبی داڑھی' لمبے قد والا۔
اَلْقَنْقَرُ: کنگرو یعنی آسٹریلیا کا قوی جانور۔ جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی ہوتی ہیں۔ مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت اس میں بٹھا لیتی ہے۔ انتہائی تیز رفتار جانور ہے۔
القَنِيف: لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.
الاَقْنَفُ: چھوٹے کان والا..... مِنَ الخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفَاءُ ج قُنْف. القَنْفَاء: انسان کا کان جس کے لئے دائرہ نہ ہو۔
القِنْفِج: موٹی گدھی۔
القُنْفُد: ج قنافد والقُنْفُد والقُنْفُذ: قَنَافِذ: ج۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة.
القُنْفُد: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُنْفُذُ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔
القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔
قَنْفَشَهُ قَنْفَشَةً: جلدی جمع کرنا۔
تَقَنْفَشَ: سکڑنا۔
المُقَنْفِش: چپٹی ہوئی ناک' سخت داڑھی والا۔
المُتَقَنْفِش: فا..... فِي اللِّبَاسِ: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُتَقَنْفِشًا لِحْيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔
تَقَنْفَعَ. القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔
القُنْفُع: پستہ قد۔ کمینہ (..... و القِنْفِع) چوہیا۔
القُنْفُعَة: چوتڑ۔ مادہ سیہی۔
القَنْقَن والقِنْقِن: ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قِنْقِنَة. القِنْقِن: راہ نما۔ (..... والقُنَّاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن..... (وحیل)
قَنِمَ (س) قَنَمًا الجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَانِم..... الفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا..... الطَّعَامُ واللَّحْمُ والسِّقَاءُ وغَيْرُهَا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم: اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِيْ قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ".
القَنَمة: تیل وغیرہ کی بدبو۔
الاَقْنُوْم: شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيم (دخیل)
قَنَا يَقْنُو قَنْوًا وقُنُوًّا وقُنُوَانًا وقُنُوًّا واقْتَنَى المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لئے حاصل کرنا۔
قَنَا يَقْنُو قَنْوًا اللّٰهُ الشَّيْءَ: پیدا کرنا..... لَوْنُ الشَّيْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔
قَنَا يَقْنِي وقَنِيَ يَقْنَى قَنْوًا وقِنًى واقْتَنَى واسْتَقْنَى الحَيَاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَى القَنَاةَ: نالی کھودنا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا' مالدار بنانا اَقْنَتِ السَّمَاءُ: بارش رُک جانا.....

فَهِمَ (س) فَهْمًا الرَّجُلُ: قلیل الاشتہاء ہونا۔ صفت فَهِمٌ.
اَفْهَمَ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے کی خواہش نہ رکھنا ..... عَنِ الشَّیْءِ: ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرَابِ والْمَاءِ: چھوڑنا ..... اَلْاِبِلُ عَنِ الْمَاءِ: اونٹوں کا پانی پر نہ جانا ..... اِلَیْهِ: خواہش کرنا۔ اَفْهَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔
فُهْمَزَ فَهْمَزَةً: کودنا۔
اَلْفُهْمُزَى: گھوڑے کا پویہ دوڑنا۔ جلد بازی۔ نشاط۔
اَلْفَهْمَزُ: پستہ قد۔
اَلْفَهْمَزَةُ: مص ..... مِنَ النِّسَاءِ: بہت پستہ قد عورت۔
اَفْهَى: قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔
اَلْفَهْوَةُ: خالص دودھ۔ پوری شکم سیری۔ شراب۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہو جاتی ہے۔ بو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا طَیِّبُ فَهْوَةِ الْفَمِ" یعنی فلاں کے منہ کی بو اچھی ہے اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں۔ نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں۔
اَلْمَفْهًى: قہوہ خانہ۔ ہوٹل قہوہ۔
اَلْقَهْوَانُ: عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا۔
قَهْوَسَ وتَقَهْوَسَ: دوڑنا قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا۔ وتَقَهْوُسٌ: جھک کر مضطربانہ چلنا۔ کبڑا ہونا۔
فَهِيَ (س) فَهْيًا وأَفْهَى إِفْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ: اشتہا کم ہونا۔ فَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا۔
اِفْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ: بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
اَلْفَاهِي: تیز خاطر۔ عَیْشٌ فَاهٍ: خوش عیشی۔
فَابَ یَفُوبُ فَوْبًا الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا ..... اَلطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا ..... اَلرَّجُلُ: قریب ہونا۔ بھاگنا۔
فَوَّبَ الأَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا۔
روند کر نشان چھوڑنا ..... اَلشَّیْءَ: اُکھیڑنا۔
تَفَوَّبَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَوَّبَ مِنْ زَاسِهِ مَوَاضِعَ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں (..... وانْقَابَ) اَلْمَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا۔
تَفَوَّبَتْ وانْقَابَتِ الْبَیْضَةُ: انڈے کا پھٹنا۔
وانْقَابَتِ الأَرْضُ: زمین کا کھدنا۔
اِقْتَابَ الشَّیْءَ: پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔
اَلْقَابُ: مقدار۔ کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابِ قَوْسَیْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے۔
اَلْقُوبُ: چوزہ۔ ج اَقْوَابٌ. اُمُّ قُوبٍ: مصیبت۔
اَلْقَبُّ: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا قَبُّ قُوبٍ".
اَلْقَابَةُ والْقَائِبَةُ: چوزہ۔ انڈا اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةً أَوْ قَابَةً مِنْ قُوبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا۔ اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہو جائے۔
اَلْقُوبُ: انڈے کے چھلکے۔
اَلْقُوبَاءُ والْقُوبَاءُ۔ ج قُوبٌ والْقُوبَةُ والْقُوبَةُ: دادکی بیماری۔ عوام اسے حزاز کہتے ہیں۔ اَلْقُوبَةُ: گھر پر مقیم خانہ نشین۔
اَلْقُوبِيُّ: چوزے کھانے کا حریص۔
اَلْمُقَنْوِبُ: چھلا ہوا۔ داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص ..... مِنَ الْحَیَّاتِ: کینچلی اُترا ہوا سانپ۔
قَاتَ یَقُوتُ قُوتًا وقِیَاتَةً الرَّجُلَ: روزی دینا۔ گزارہ دینا۔ خوراک دینا۔
اَقَاتَ اِقَاتَةً فُلَانًا وعَلَى فُلَانٍ: گزارہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ قابو پانا۔ قدرت رکھنا۔
اِقْتَاتَ اِقْتِیَاتًا وتَقَوَّتَ بِالشَّیْءِ: کھانا۔
اِقْتَاتَ الشَّیْءَ: خوراک بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَقْتَاتُ الْكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے۔
اِسْتَقَاتَ اِسْتِیقَاتًا. فُلَانًا: گزارہ طلب کرنا۔
اَلْقَاتُ: ایک درخت کا نام۔
اَلْقُوتُ: خوراک۔ گزارہ کے لائق کھانا۔ ج اَقْوَاتٌ.
اَلْقَائِتُ والْقَیْتُ والْقَیْتَةُ والْقُوَاتُ: خوراک گزارہ کے لائق۔ اَلْقَائِبُ مِنَ الْعَیْشِ: کفایت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِبٍ مِنَ الْعَیْشِ" اَلْقَائِبُ: شیر۔
اَلْمُقِیتُ: فا۔ قدرت رکھنے والا۔ نگہبان۔ گواہ۔
قَاحَ یَقُوحُ قُوحًا وتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا. اَلْجُرْحُ: زخم سوجنا۔ پیپ والا ہونا۔ قَاحَ وقَوَّحَ الْبَیْتَ: جھاڑو دینا۔
اَقَاحَ اِقَاحَةً الرَّجُلُ: سوال کے بعد منع کرنے کا ارادہ۔
اَلْقُاحَةُ: صحن۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قُاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا۔ ج قُوحٌ.
قَاخَ یَقُوخُ قُوخًا جَوْفُهُ: بیماری کی وجہ سے خراب ہونا۔
لَیْلَةٌ قَاخٌ: کالی رات۔
قَادَ یَقُودُ قَوْدًا وقِیَادَةً وقِیَادًا ومَقَادَةً وقَبْدَوْدَةً وقَوْدَدَةً. تَقْوِیدًا وتَقْوَادًا. اَلدَّابَّةَ: چوپائے کو آگے سے کھینچنا۔
قَادَ یَقُودُ قِیَادَةً الْجَیْشَ: سالار جیش ہونا۔
..... اَلْقَاتِلَ إِلَى مَوْضِعِ الْقَتْلِ: قاتل کو قصاص کے لئے لے جانا۔
قَبْدَ الدَّقِیقَ: آٹے کا پیڑا بنانا اور پکایا جانا۔
قَوِدَ یَقْوَدُ قَوَدًا. اَلْفَرَسُ وغَیْرُهُ: لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا۔ صفت أَقْوَدُ مؤنث قَوْدَاءُ ج قُوْدٌ.
اَقَادَ: آگے بڑھنا ..... اَلْغَیْثُ: بارش کا پھیلنا ..... هُ خَیْلًا: آگے سے کھینچنے کے لئے دینا۔

القَوَّاس : کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلائے والا۔ والقَوَّاس : پادری یا سفیر کا خادم۔ جس کی خاص وردی ہوتی ہے۔

اَلْقُوبَسَة : ایک خوشبودار پودا جو کہ پتھروں کے قریب بڑھتا ہے' سفید تنے والا ہوتا ہے اس کے پھول گلابی ہوتے ہیں اس کے کچھ طبی فوائد ہوتے ہیں۔

القَیَّاس : کمان کا درست کرنے والا۔

(.....والقَوَّاس) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَیْس والقُوَیْسَة : قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقْوَس : کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسّی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صفت بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس۔

تَقَوْصَرَ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوْصَرة : کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ یَقُوضُ قَوْضًا وقُوَّضَ البِنَاءَ : عمارت ڈھانا۔ قَوَّضَ الصُّفُوفَ والمَجَالِسَ : تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَنَى فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد بُرائی کرے۔

تَقَوَّضَ : آنا جانا.....الحَلَقُ او العُقُوفُ : حلقہ یا صفت کا پراگندہ ہونا (..... وانْقَاضَ) البِنَاءُ : عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔

القَوَط : بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط۔

القَوْطة : بڑا ٹوکرا۔

القَوَّاط : بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

قَاعَ یَقُوعُ قَوْعًا : پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (..... وتَقَوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچتا بچاتا چلنا۔

القَاع : پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْوَاع وأقْوُع وقِیْع وقِیْعَان وقِیْعَة۔

القَوْع : مس۔ گیہوں' کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع۔

القَاعَة : مکان کا سُکن ج قَاعَات۔

القَوَّاع : بلبلانے والا بھیڑیا۔

القَوْاع : خرگوش۔ مؤنث قُوَاعَة۔

قَافَ یَقُوفُ قَوْفًا واقْتَافَ اَثَرَ فُلَانٍ : پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ : کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔

.....ه فِی المَنْطِقِ : بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَتَقَوَّفُ عَلَیَّ مَالِیْ" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔

القَائِف : فا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة (..... والقَوَّاف والقَوَّاف) کھوج لگانے والا۔

الاَقْوَف : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْوَفُ النَّاسِ لِلْاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔

القُوْف : کان کا بالائی حصہ۔

القُوْفِی : ہر خوشبودار دھونی۔

القَاف والقُوْف والقُوْفَة مِنَ الرَّقَبَةِ : نقرہ گردن کے بال اور کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِقُوْفِ رَقَبَتِهِ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑ لی۔

قَافَتْ تَقُوْقُ قَوْقًا. الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔

القَاق : بے وقوف (.....والقُوْق والقِیق) مِنَ الرِّجَالِ : بہت زیادہ لمبا۔ القَاق والقُوْق : ایک آبی پرندہ۔

القَائِق : لمبی کشتی۔

القَاوُوق : ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِیق (دخیل)

قَوْقَأَتْ قَوْقَأَةَ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔

القُوْقَة : ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔

قَوْقَلَ قَوْقَلَةَ الرَّجُلُ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔

قَوْقَى قَوْقَأَةً وقِیْقَاءً : چیخنا۔ چلانا۔

قَالَ یَقُوْلُ قَوْلًا وقَالًا وقِیْلًا وقَوْلَةً ومَقَالًا ومَقَالَةً : کہنا۔ بولنا.....بِكَذَا : حکم کرنا' اعتقاد رکھنا.....بِیَدِهٖ : ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ بِرَأْسِهٖ : اشارہ کرنا.....بِرِجْلِهٖ : چلنا.....عَنْهُ : روایت کرنا.....عَلَیْهِ : افترا کرنا۔ تہمت لگانا.....الحَائِطُ : دیوار کا گرنا.....لَهٗ : خطاب کرنا.....فِیْهِ وغَنْهُ : اجتہاد کرنا.....بِثَوْبِهٖ : کپڑے کو بلند کرنا.....بِهٖ : محبت کرنا اور اپنے لئے خاص کرنا۔

القَوْمُ بِفُلَانٍ : قتل کرنا اور مَاتَ وغَلَبَ ومَالَ واقْتَیَلَ واسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قول سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَالَ فَاكَلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَنَقُوْلُ زَیْدًا مُنْطَلِقًا" بمعنی "اَنَظُنُّهٗ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُلْتُ زَیْدًا مُنْطَلِقًا : بمعنی ظَنَنْتُ.

قَوَّلَ واقَالَ اِقَالَةً واقْوَلَ اِقْوَالًا. فُلَانًا مَالَمْ یَقُلْ : غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ وقَوَّلَهٗ : بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔

قَاوَلَهٗ مُقَاوَلَةً فِی الاَمْرِ : مباحثہ کرنا۔

تَقَوَّلَ عَلَیْهِ القَوْلَ : جھوٹ گھڑنا۔

تَقَاوَلُوْا فِی الاَمْرِ : گفت وشنید کرنا۔

اِقْتَالَ الشَّیْءَ : پسند کرنا.....عَلَیْهِمْ : حکم لگانا۔

بِالثَّوْبِ ثَوْبًا : کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

۷ھ میں جاری کیا تھا۔ ہجری سال ۱۲ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ شمسی لحاظ سے ۳۵۴ دنوں کا ہوتا ہے۔ لیپ سالوں میں ۳۵۵ دنوں کا ہوتا ہے۔

التَقْوِیم: مص۔ تَقْوِیمُ البُلْدَانِ: ممالک کے طول وعرض اور زمین کے خراج کا بیان۔ التَقْوِیم: جنتری۔ ج تَقَاوِیم.

القَیِّمُ عَلَی الاَمْرِ: متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَیِّمَةٌ المَرَاَةِ: شوہر۔ اَمْرٌ قَیِّم: سیدھا معاملہ اَلدِّیَانَةُ اَلْقَیِّمَةُ: راست بازی۔ کہا جاتا ہے "ذٰلِکَ دِیْنُ اَلْقَیِّمَةِ" صفت مؤنث اس وجہ سے ہے کہ دین سے مُراد ملت حقیقی ہے۔

القَائِم: فاج قُوَّم وقُیَّم وقُوَّام وقُیَّام وقِیَم وقِیَام. قَائِمُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِم المَاءِ: پانی کے لئے بلند عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہو۔ واٹر ورکس۔

القَائِم مَقَام عِنْدَ اَرْبَابِ السِیَاسَة: نائب۔ ج قُوَّام المَقَامَات.

القَائِمَة. قَائِم: کا مؤنث ج قَائِمَات وقَوَائِم قَائِمَةُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَةُ الدَّابَةِ: جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَةُ الخُوَان او السَّرِیر: دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم. القَائِمَة: کتاب کا ورق۔ اَلعَیْنُ القَائِمَةُ: ایسی آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔

قَوْمِیَّةُ الاَمْرِ: معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِیَّةُ الاِنْسَان وقَوَمِیَّتُهٗ: قامت انسان۔

القَوَّام: اچھے قد وقامت والا۔ اُمور کا منتظم۔ اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْن.

القَوِیْم: معتدل۔ اچھے قد وقامت والا۔ ج قِیَام.

القَیَّام والقَیُّوم: ہر چیز کا نگہبان۔ بے مثل و بے ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہ ہو۔ القَیُّوم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الاَقْوَم: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَقْوَمُ کَلَامًا مِنْ فُلَانٍ" فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔

المَقَام: کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ ج مَقَامَات (..... والمُقَام) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔

المُقَامَة: مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ ج مَقَامَات اور اسی سے ہے۔ مقامات بدیعی' مقامات حریری وغیرہ۔

المِقْوَم: ہل کا دستہ۔

المُقَامَة: کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن اقامت۔

المُقِیْم: فا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مُقِیْمٌ ومُقْعِدٌ" یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔

تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ زیان درازی کرنا۔ حد سے گزرنا..... تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: اچھی تعریف کرنا۔

القَوْنَة: لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن.

القَان: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بناتے ہیں۔

القَاوُوْن: ککڑی کی ایک قسم۔

قَوَّه تَقْوِیْهًا. الرَّجُلُ: چلانا..... الصَبْدَ: گھیرا ڈالنا۔

تَقَاوَهَ: الرَّجُلَانِ. صرحا فتعارفا: نشان مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔

اِسْتَقْوَهَهٗ: شکار کا گھیرا ڈالنے کے لئے کہنا۔

اَیْقَهَ: اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اَیْقِهْ لِهٰذَا" یعنی اس کو سمجھو۔ اَیْقَهَ واِسْتَیْقَهَ: اطاعت کرنا اور یہ دونوں اَوْقَهَ واِسْتَوْقَهَ: کے مقلوب صیغے ہیں۔

القَاه: طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال زندگی اور کہا جاتا ہے "مَالَکَ عَلٰی قَاهٍ" تم کو میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔

القَاهِی: خوش حال زندگی والا۔

قَوِیَ یَقْوٰی قُوَّةً: توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ .....عَلَی الاَمْرِ: طاقت رکھنا (..... قَوِیَ) بہت بھوکا ہونا..... المَطَرُ: بارش بند ہونا۔ قَوِیَتْ قِیًا وقَوَایَةً. الدَّارُ: گھر کا خالی ہونا۔ قَوَّی الرَّجُلَ او الشَیْءَ: مضبوط کرنا۔ قَاوَی مُقَاوَاةً الرَّجُلَ: طاقت میں غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "قَاوَانِی فَقَوَیْتُهٗ" اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا وقَاوَاهُ: دینا۔

اَقْوَی اِقْوَاءً: محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔ اَقْوَتِ الدَّارُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ اَقْوَی القَوْمُ: قوم کا توشہ ختم ہونا..... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔ اَقْوَی البُقْعَة: خالی کرنا۔ اَقْوَی الشِعْرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا .....الحَبْلَ: رسّی کو جا بجا موٹا بٹنا۔

تَقَوَّی: قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تَقَاوَی تَقَاوِیًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ القَوْمُ المَتَاعَ بَیْنَهُمْ: قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا..... القَوْمُ الدَّلْوَ: سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔

اِقْتَوَی اِقْتِوَاءً: المَتَاعَ: قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا..... شَیْئًا بِشَیْءٍ: تبدیل کرنا ..... عَلٰی فُلَانٍ: عتاب کرنا..... الرَّجُلُ: مضبوط اور قوی ہونا..... الشَیْءَ: اپنے لئے خاص کرنا۔

اِسْتَقْوٰی اِسْتِقْوَاءً: قوی ہونا۔

القَوَاء والقِوَاء ج اَقْوَاء. القِیّ والقُوَایَة والقَوَیٰ: خالی اور چٹیل میدان۔ القَوَاء والقَوَایَة: بے بارش کی زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ: منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

القَوَاء والقَوَیٰ: بھوک۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القَوَاءَ والقَوَیٰ" بھوکے رات بسر کی۔

القُوَّة: زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوَّات

کہ گرنے کے قریب ہونا۔
قَاضَ یَقِیْضُ قَیْضًا الشَّیْءَ: پھاڑنا۔
.....الشَّیْءُ: پھٹنا.....السِّنُّ: دانت ہلنا.....
الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: مانند بنانا.....الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ: بدلہ میں لینا۔
قَیْضَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
قَیَّضَ اللّٰهُ لَهٗ کَذَا: مقدر کرنا.....اللّٰهُ فُلَانًا بِفُلَانٍ: لانا۔
قَایَضَ مُقَایَضَةً فُلَانًا بِکَذَا: مبادلہ کرنا۔
تَقَیَّضَتِ. الْبَیْضَةُ: انڈے کا ٹوٹنا۔تَقَیَّضَ لَهٗ کَذَا: مقدر ہونا.....سبب ہونا.....اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا(.....اِنْقَاضَ) الْحَائِطُ: دیوار گرنا۔اِنْقَاضَتِ الرَّکْبَةُ او السِّنُّ: گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔
تَقَایَضَا تَقَایُضًا. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تبادلہ کرنا۔
اِقْتَاضَ الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الْقَیْضُ: مص۔انڈے کا خشک چھلکا(..... والْقِیَاضُ) برابر۔کہا جاتا ہے "هٰذَا قَیْضُ او قِیَاضُ لِکَذَا" یہ اس کے برابر ہے و"هُمَا قَیْضَانِ" وہ دونوں ہم مثل ہیں۔
اَلْمُقَایَضَةُ: ایک مال کو دوسرے مال کے ساتھ برابر قیمت پر خرید فروخت کرنا۔
الْقَیْضَةُ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ج قِیَضٌ.
الْقَیْضُ والْقَیْضَةُ: پتھر کہ جس کو گرم کر کے بکری وغیرہ کے نقرۂ گردن پر داغ لگائیں۔
الْمَقِیْضُ: انڈے کی جگہ۔بِئْرٌ مَقِیْضَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔بَیْضَةٌ مَقِیْضَةٌ: توڑا ہوا انڈا۔
قَاظَ یَقِیْظُ قَیْظًا. الْیَوْمُ: سخت گرم ہونا(..... وقَیْظٌ وتَقْیِیْظٌ وإِقْاظٌ) الْقَوْمُ بِالْمَکَانِ: گرمی کا زمانہ گزارنا۔قَیَّظُوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔
قَیَّظَهُ الشَّیْءُ: گرمی کے زمانہ کیلئے کافی ہونا۔
قَایَظَهٗ قِیَاظًا ومُقَایَظَةً: گرمی کا زمانہ ساتھ گزارنا۔موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔
الْقَیْظُ: گرمی کی شدت۔گرمی کا موسم۔ج اَقْیَاظٌ وقُیُوْظٌ.
الْقَائِظُ والْقَیِّظُ: سخت گرمی والا۔یَوْمٌ قَائِظٌ: سخت گرمی کا دن۔قَیْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔
الْقَیْظِیُّ: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔
السَّمَاظُ والْمَقِیْظُ والْمَقْیَظُ: گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔
الْمَقِیْظَةُ: گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔
قَاعَ یَقِیْعُ قَیْعًا. الْخِنْزِیْرُ: سور کا آواز نکالنا۔
قَیَّفَ وتَقَیَّفَ أَثَرَهٗ: تلاش کرنا۔کھوج لگانا۔
الْقِیَافَةُ: کھوج۔تلاش۔
قَافَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔
الْقِیْقُ: بے وقوف۔کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے بازو مخطط اور دم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو اَبُوْ زُرَیْقٍ بھی کہتے ہیں۔
قِیْقِبَةُ الْبَیْضَةِ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔
الْقِیْقَاةُ والْقِیْقَاءَةُ: سخت زمین۔ج قِیْقَاتٌ وقِیَاقٍ وقِیَقٌ.
الْقَیْقَبُ: ایک درخت کا نام۔زین کا تسمہ۔وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے (..... والْقَیْقَبَانِ) زین۔ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔
الْقَیْقَابُ: کیڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔
قَالَ یَقِیْلُ قَیْلًا وقَایَلَةً وقَیْلُوْلَةً ومَقَالًا ومَقِیْلًا: دوپہر میں سونا(..... قَیْلَانٌ) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔
قَیَّلَهٗ: دوپہر میں پلانا۔
قَایَلَهٗ: معاوضہ میں دینا۔تبادلہ کرنا۔
اَقَالَ اِقَالَةَ الْبَیْعِ: بیع توڑنا۔
اللّٰهُ عَثْرَتَکَ: گرنے سے اٹھانا۔درگزر کرنا۔اَقَالَ الْاِبِلَ: دوپہر میں پلانا۔
تَقَیَّلَ: دوپہر میں سونا.....اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا.....الْمَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔تَقَیَّلَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا دوپہر میں پینا۔
تَقَایَلَ الرَّجُلَانِ الْبَیْعَ: بیع کو فسخ کرنا۔
اِقْتَالَ شَیْئًا بِشَیْءٍ: تبدیل کرنا۔
اِسْتَقَالَهُ اِسْتِقَالَةَ الْبَیْعِ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَقَالَهُ عَثْرَتَهٗ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔
الْقَیْلُ: مص۔رئیس۔حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
الْقَیْلُ والْقَیُوْلُ: دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔
الْقَیْلَةُ والْقَیُوْلَةُ: اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
الْقَیْلَةُ والْقَیْلَةُ: حصیر کا سوجن۔
الْقَائِلُ: دوپہر میں سونے والا۔ج قَیْلٌ وقُیَّلٌ وقُیَّالٌ.
الْقَائِلَةُ. قَائِلٌ: کامؤنث۔دوپہر۔
الْقَائِلَةُ والْقَیْلُوْلَةُ: دوپہر میں سونا۔دوپہر میں لیٹنا۔
رَجُلٌ قَیَّالٌ: ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔
اِلْاِقَالَةُ: مص۔عقد کا فسخ کرنا۔
الْمَقِیْلُ: مص قیلولہ کرنے کی جگہ۔دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔
الْمَقْیَلُ: دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔
فَوْحَةٌ مِقْیَالٌ: بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔
قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا الْحَدِیْدَ: لوہے کو برابر کرنا.....اِلْاِنَاءَ: برتن کو درست کرنا.....الشَّیْءَ: جمع کرنا.....اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: پیدا کرنا.....الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ: بناؤ سنگار کرنا۔
قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا وقَیَانَةً: لوہار ہونا۔
قَیَّنَهٗ: مزین کرنا۔
تَقَیَّنَ: مزین ہونا.....النَّبْتُ: اچھا ہونا۔
اِقْتَانَّ اِقْتِیَانًا النَّبْتُ: اچھا ہونا۔الْوَضَةُ: باغ کا سرسبز وشاداب ہونا۔
الرَّجُلُ: مزین ہونا۔
الْقَانُ: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔واحد قَانَةٌ.
الْقَیْنُ: غلام۔ج قِیَانٌ.....: لوہار اور ہر کاریگر ج قُیُوْنٌ وأَقْیُنٌ.
الْقَیْنَةُ: باندی۔لونڈی۔گانے والی۔کنگھی چوٹی کرنے والی۔ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ج قِیَانٌ.
الْمُقَیِّنَةُ. مُقَیِّنٌ: کامؤنث۔کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

كَأَيْ رُجُلاً رَأَيْتُ : میں نے بہت سے آدمی دیکھے اور تلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے لئے كَأَيِّ تَقْرَأُ سورة الاحزاب : یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورۃ احزاب کی تلاوت کی تو انہوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ۔

كَبَّ (ن) كَبًّا الإِنَاءَ : برتن کو اوندھا کر دینا۔

.....الرَّجُلَ عَلَى وَجْهِهِ ولِوَجْهِهِ : پچھاڑنا

.....الغَزْلَ : کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا

.....الشَّيْءُ : بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

كُبْ : کباب بنانا۔

اِكْتَبَّ. فُلاَنًا : پچھاڑنا.....الرَّجُلُ : پچھڑا جانا۔ سرنگوں ہونا.....عَلَى العِلْمِ وغَيْرِهِ : ہمہ تن مشغول ہونا۔ اِكْتَبَّ عَلَيْهِ : کسی کو بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

تَكَبَّبَ : کپڑے میں لپٹنا.....الرَّمْلُ او الشَّجَرُ : تہ بتہ ہونا۔ تَكَبَّبَتِ الإِبِلُ : اُونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَكَابَّ القَوْمُ عَلَى الشَّيْءِ : بھیڑ کرنا۔

اِنْكَبَّ عَلَى الأَمْرِ : لازم ہونا۔

الكُبُّ : ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الكُبَّةُ : گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اونٹ۔ بوجھ۔ كُبَّةُ الغَزْلِ اوالخُيُوطِ : کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج كُبَبٌ.

الكُبَّةُ والكَبَّةُ : حملہ اور کہا جاتا ہے "كَانَتْ لَهُمْ كُبَّةٌ فِي الحَرْبِ" یعنی انہوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ الكَبَّةُ : لوگوں کی جماعت۔ كُبَّةُ النَّارِ : آگ کا بڑا ضعہ۔ كُبَّةُ الشِّتَاءِ : سردی کا یکبارگی آنا۔ سردی کی شدت۔

الكَبَّابُ : کباب۔

الكُبَابُ : بہت اُونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔

المِكَبُّ : دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِكَبَّاتٌ ومَكَابُّ.

المُكِبُّ والمِكَبُّ : زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

كَبَتَهُ (ض) كَبْتًا : پچھاڑنا۔ رُسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَبَتَهُ لِوَجْهِهِ" یعنی اس نے اس کو منہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "كَبَتَ فُلاَنٌ غَيْظَهُ فِي جَوْفِهِ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "كَبَتَ اللّٰهُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رسوا و ذلیل کرے۔

اِنْكَبَتَ : پچھاڑا جانا۔ رُسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔

اَلْكَبُوتُ : اون کی کھلی گرم چادر۔ کمبل۔

المُكَبَّتُ : غم سے بھرا ہوا۔

كَبِتَ (س) كَبَتًا اللَّحْمُ : گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت كَبِتٌ ومَكْبُوتٌ.

كَبَّتَ السَّفِينَةَ : کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

كَبَحَ (ف) كَبْحًا الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ : چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ كَبَحَهُ عَنِ الحَاجَةِ : باز رکھنا۔ كَبَحَهُ بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا۔ كَبَحَ الحَائِطُ البَهْمَ : دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَكْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ : چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

كَابَحَهُ مُكَابَحَةً : گالی گلوچ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

اُكْبُحُ المَكَانُ : بلند ہونا۔ صفت مُكْبُحٌ ومُكَبَّحٌ.

الكَابِحُ : فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج كَوَابِحُ.

بَعِيرٌ أَكْبَحُ : مضبوط اونٹ۔

كَبَدَهُ (ن ض) كَبْدًا : جگر پر مارنا۔

كَبَدَ الأَمْرَ : ارادہ کرنا.....البَرْدُ القَوْمَ : سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

كَبِدَ (س) كَبَدًا وكُبِدَ : درد جگر والا ہونا۔ صفت مَكْبُودٌ.

كَابَدَ كِبَادًا ومُكَابَدَةً الأَمْرَ : مشقتیں برداشت کرنا.....المُسَافِرُ اللَّيْلَ : رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

كَبَذَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ : آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

كَبَّدَ الأَمْرَ : ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا.....المَكَانَ : وسط میں پہنچنا.....الشَّمْسُ السَّمَاءَ : آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ : دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الكَبِدُ والكَبَدُ والكَبِدُ مِنَ الأَمْعَاءِ : جگر۔ کلیجہ (مذکر ومؤنث) ج اَكْبَادٌ وكُبُودٌ.

الكَبِدُ : اندرون۔ پہلو۔ وسط شی۔ معظم شے۔ كَبِدُ القَوْسِ : علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ كَبِدُ الأَرْضِ : معدنی چیزیں جیسے چاندی سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ تُضْرَبُ إِلَيْهِ أَكْبَادُ الإِبِلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کر کے آتے ہیں۔

الكَبِدُ والكَبَدُ والكَبَدَاءُ والكُبَدَاءُ والكُبَادَاءُ مِنَ السَّمَاءِ : وسط آسمان۔

الكَبَدَاءُ : ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الكَبَدُ : پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ قضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔

الكَبْدَةُ. كَبِدٌ : کا اسم مرۃ۔ دوستی ومحبت کا مہرہ۔

الكُبَادُ : درد جگر۔

الكُبَّادُ : چکوترہ۔

الأَكْبَدُ : ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث كَبْدَاءُ ج كُبْدٌ.

الكَبِدِيَّةُ : چھپے ہوئی پھولوں والا کائی جیسا پودا تر مقامات پر زندہ رہتا ہے سبز پتوں والا اس کے پتے سورج کی روشنی پڑنے پر گہرے سرخ رنگ کے دکھنے لگتے ہیں۔

الكَبَادُ : لیموں۔

جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔
الکِبَاش: جواں مرد لوگ۔
الکَبَّاش: مینڈھوں والا۔
الکُبَاص والکُبَاصَة: مضبوط وقوی اُونٹ یا گدھا۔
کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیْءَ: کاٹنا.....هُ عَنْ کَذَا: منع کرنا' روکنا.....الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔
کُبُوعًا (ف) کُبُوعًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
کَبَّعَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکَبَع: ایک قسم کی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں۔
کَبْکَبَ کَبْکَبَةً وکِبْکِبَةً الشَّیْءَ: اُلٹنا۔ پچھاڑنا۔ المَوَاشِی الشَّارِدَةَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا.....الشَّیْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔
تَکَبْکَبَ فِیْ ثِیَابِهٖ: لپٹنا.....القَوْمُ: جمع ہونا۔
الکَبْکَبُ والکِبْکِبُ: ایک قسم کا کھیل۔
الکُبْکُبَة بثلث الکافین والکُبْکُوب والکِبْکِبَة: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔
الکُبْکُبُ والکُبَاکِبُ: گٹھے بدن والا۔
الکِبْکِبَة والکِبْکِبُ: کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔
کَبَلَهٗ (ض) کَبْلًا وکَبَّلَهٗ: بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔
کَبَلَهٗ وکَابَلَهٗ مُکَابَلَةً الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا.....کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔
تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔
اِکْتَبَلَ الاَسِیْرُ: بیڑی ڈالنا.....الکَبْشَ: بھیڑ کو باندھنا.....هٗ: خَیْرَهٗ: روکے رکھنا۔
الکَبْل والکَبَل: بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْل واَکْبُل: الکَبَل: ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔
الکَبَل والکَابَلِی: تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْدُ کَبَلٍ او کَابَلِی"۔
الکَابُوْل: شکاری کا جال۔
المَکْبُوْل: مفع۔ قیدی۔
الکَابَلِی: پستہ قد۔
الکَبُوْلَاء: ایک قسم کا کھانا۔
کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا.....الشَّیْءَ: غائب کرنا.....عَنِ الشَّیْءِ: بددل ہونا۔ باز رہنا.....عَنْهُ لِسَانَهٗ: زبان روکنا.....هٗ: روک لینا۔
کَبَنَ (ض) کَبْنًا وکُبُوْنًا الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا.....الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔
اَکْبَنَ. لِسَانَهٗ عَنْهُ: زبان روکنا۔
اِکْبَانٌّ اِکْبِنَانًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔
الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا.....الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔
الکَبْن: مص۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔
الکُبْن والکُبْنَة: بخیل' کنجوس۔ الکُبْنَة: خشک روٹی۔
الکُبَان: اُونٹوں کی ایک بیماری۔
المَکْبُوْن: مفع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔
.....مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْن. رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی اُنگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَة. المَکْبُوْنَة: جلد باز عورت۔
کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا لِوَجْهِهٖ: منہ کے بل گرنا.....الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔
کَبَبَ النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا.....النُّوْرُ: روشنی کم ہونا۔
.....النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا.....الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا.....الجَمْرُ: بلند ہونا۔
.....لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ: تاریک ہونا
.....السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا.....مَاءً فِی الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا
.....الکُوْزَ: کوزہ سے گرا دینا.....الشَّیْءَ: صاف کرنا.....البَیْتَ: جھاڑو دینا۔
کَبَّی نَکْبِیَةَ النَّارِ: آگ کو راکھ میں چھپانا۔
ثَوْبَهٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کِباء)
اُکْبِیَ اِکْبَاءً. الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھونیں والا ہونا۔ اَکْبَی وَجْهَهٗ: متغیر کرنا۔
کَابَی مُکَابَاةَ السَّیْفِ: تلوار کو میان میں رکھنا۔
تَکَبَّی عَلَی المِجْمَرَةِ: عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔
اِکْتَبَی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔
اِنْکَبَی: منہ کے بل گرنا۔
الکُبَاءُ: بلند۔
الکِبَاء والکِبَی ج اَکْبَاء والکُبَة ج کُبُون: کوڑا کرکٹ۔
الکِبَاء: زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔
الکِبَاء: دھونی کی لکڑی۔ ج کُبًی.
الکُبْوَة. کب: کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔
الکُبْوَة: دھونی دینے کی انگیٹھی۔
الکَابِی: فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الزِّمَامِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٌ: باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٌ: بلند غبار۔
الکَابِیَة: کابی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَةٌ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔
کَتَّهٗ (ن) کَتًّا: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا نا

الدَّار جَمْعَاء كُتْعَاء" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَأَيْتُ أَخَوَاتِكَ جُمَع كُتَع" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا اور كُتَع: وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور كُتَع: کو جُمَع: پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَع: کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الأَكْتَع: لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ أَجْمَع: کے توابع میں سے ہے اور بغیر أَجْمَع: کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ أَجْمَعِينَ أَكْتَعِينَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث كَتْعَاء.

الكَتْعَاء: باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کے لئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَيْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَأْيٌ مُكْتَعٌ: قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُكْتَعًا وَمُكَوْنِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

كَتَفَ (ض) كَتْفًا وَكَتِيفًا: آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

.....فِي الأَمْرِ: نرمی برتنا (..... كَتْفًا وَكِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ..... السَّرْجُ الدَّابَّةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا .....الإِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ..... الأَمْرُ: ناپسند کرنا (..... كَتْفًا وَكَتَفَانًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔

كَتِفَ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

كَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا ..... الإِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ..... اللَّحْمَ وَنَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَكَتَّفَ: سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَكَتَّفَ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اُٹھانا۔

الكَتِيف والكِتْف والكَتِف: شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج كَتِفَة وأَكْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "إِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ أَيْنَ تُؤْكَلُ الكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اُمور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الكَتَف: مُص در دشانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الكُتَاف: درد شانہ۔

الكِتَاف: مشکیں کسنے کی رسّی۔ ج أَكْتِفَة وكُتُف وكُتُف.

الكَاتِف: فا۔ ناپسند کرنے والا۔

الأَكْتَف مِنَ الخَيْلِ والجِمَال: درد شانہ والا۔ مؤنث كَتْفَاء ج كُتْف. الأَكْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔

مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الكَتِيف: لوہے وغیرہ کا چوڑا پترہ۔ چوڑی تلوار۔ ج كُتُف.

الكَتِيفَة: دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کمین۔ ج كَتَائِف.

الكُتْفَان والكِتْفَان: ٹڈی جو پہلی مرتبہ اُڑے۔ واحد كِتْفَانَة.

المِكْتَاف: جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (..... وتَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكَتْكَات: جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ (ن) كَتْلًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلًا: چمٹنا۔ صفت كَتِل..... الحِمَارُ: گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

كَاتَلَهُ اللَّهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا..... الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْكَتَلَ: گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَة مِنَ الطِّينِ ونَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَل.

الكَتَال: نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (..... والكَتَل) موٹا پا اور کہا جاتا ہے "أَلْقَى عَلَيْهِ كَتَالَهُ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

اَلْكُتْلَة: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الكَتِيلَة: درخت حرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كَتَائِل.

الأَكْتَل: سخت مصیبت۔

المِكْتَل والمِكْتَلَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِل المِكْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاتُولِيك: رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولکی ج كَاتُولِيكِيُّون (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ وأَكْتَمَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اوّل میں من کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيثَ كَتْمَ الشَّيْءِ" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ وَاكْتَمَ الشَّيْءُ: زرد ہونا۔

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبار ڈالنا۔ كَثَحَ مِنَ الْمَالِ: خواہش کے موافق لینا (..... وكَثَّحَ) عَنْ كَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَثَّحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا۔ تَكَثَّحَ بِالْخَصَى: تکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔ رَجُلٌ كُثْحُمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ قِرْبِزٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثَحَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وكَثَارَةً: بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكُثَارٌ وكَثَارٌ وكُثَيِّرٌ.

كَثَرَ (ن) كَثْرًا. الرَّجُلُ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ .....الشَّيْءُ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا..... النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا..... مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا..... بِالْكَلَامِ: بہت گفتگو کرنا..... فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ: کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا..... الشَّيْءُ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ..... مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الْكِثْرُ والْكُثْرُ: بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقِلِّ والْكُثْرِ" قلت وکثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الْكِثْرَةُ: بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ: کثرت بفتح کاف میں ایک لغت رویہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے اَلْقِلَّةُ والْكِثْرَةُ.

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ ونَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ: بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكُثَيِّرُونَ. ونِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ: اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَفْعَلُونَ كَذَا" (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔

الْكُثَّارُ: بہت (..... والْكِثَّارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَّارٌ او كُثَّارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَثِيرُ: بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ: مالدار۔

الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيرُ: بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)

الْمَكْثُورُ: مفع۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق، مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَغَ (ف) كُثُوغًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَغَتْ (ف) كُثُوغًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثَغَتْ (ف) كَثَغًا وكُثُوغًا وكَثِغَتْ (س) كَثَغًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِغَةٌ: اور ایسے ہونٹ والے کو أَكْثَغُ: کہتے ہیں۔

كَثَغَ اللَّبَنَ او الْغَنَمَ: بمعنی كَثَغَ. كَثَغَتِ الأَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا..... الْبَذْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا..... الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا..... لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔

فُلَانٌ الإِنَاءَ: مٹکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الْكُثْغَةُ والْكُثْغَةُ: بالائی۔ ہانڈی کی جھاگ۔ الْكُثْغَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الْكَثَغَةُ: گارا۔ کیچڑ۔

الْمُكَثِّغُ: فا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَثِّغَةٌ: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الْكُنْعُم: چیتا اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ف) كَثَافَةً وتَكَاثَفَ: موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ.

كَثَّفَهُ: موٹا کرنا۔

اِكْتَفَّ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا..... الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا..... الأَمْرُ: بلند ہونا۔

اَلْمُكَثَّفُ: بیڑی جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

الْكَثْفُ: جماعت۔

الْكَثِيفُ: گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (..... والْكُثَافُ) بہت۔

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الْكَثْلُ: گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الْكَوْثَلُ والْكَوْثَلُ: دنبالہ کشتی۔

كَدِّكَ ولا كَدَّ ابيكَ" یعنی یہ تمہاری محنت وکوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الكِدْة والكَدِيد: سخت زمین۔ الكَدِيد: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الكُدَادَة والكُدَدَة والكَدَدَة: ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
كُدَاوَة السَّمن: گھی کا تلچھٹ۔ كُدَاوَةُ الكَلَا: تھوڑی گھاس۔
الكَدُود: بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئر كَدُودَة: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الاكْدَة: چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَومٌ اكْدَاد واكْدَادِيد: شکست خوردہ قوم (ان کے لئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُم اكْدَادًا واكْدَادِيد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "وابِلٌ اكْدَاد" تیز چلنے والا اونٹ۔
المِكَدُّ: کنگھی۔
المَكْدُود: مفع مقلوب۔ اَرْض مَكْدُودَة: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
كَدَأَ وكَدِيَ (ف س) كَدْءًا وكُدُوءًا النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
كَدِيَ (س) كَدَأَ الغُرَابُ: کوے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا..... البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا..... الإِبِلُ: اونٹ کا کم بال والا ہونا۔
كَدَأَ وكَدَّأَ البَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔
اَرْض كَادِئَة: دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ إِبِلٌ كَاوِئَةُ الاَدْبَار: کم بال والے اونٹ۔
الكَدْب والكُدْب والكُذْب والكَذْب: جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد كَدْبَة. دَمٌ كَدِيب: تازہ خون۔
كَدِجَ (س) كَدْجًا الرَّجُلُ: بقدر کفایت پینا۔
كَدَحَ (ف) كَدْحًا فِي العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اُٹھانا۔ كَدَحَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔
رَأسَهُ بِالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا (..... وكَدَّحَ) الوَجْهَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِكْتَدَحَ لِعِيَالِهِ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَكَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَكَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الكَدْح: مص۔ خراش۔ ج كُدُوح.
كَدَرَ (ن) وكَدُرَ (ک) وكَدِرَ (س) كَدَرًا وكَدَارَة وكُدُورًا وكُدُورَة وكُدْرَة: تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَدِرَ عَلَيَّ فُلَانٌ" غضبناک ہوا۔ كَدِرَ العَيْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔
كَدَّرَ الشَّيْءَ: تیرہ گوں کرنا کہا جاتا ہے "كَدَّرَ عَيْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کردی۔
تَكَدَّرَ واكْدَرَّ الشَّيْءُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْكَدَرَ فِي السَّيْرِ: تیز دوڑنا..... عَلَيْهِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْكَدَرَتِ النُّجُوم: بکھر جانا۔
الكُدْرَة: مص..... مِنَ الاَلْوَان: مٹیالا۔
الكُدْرَة مِنَ الحَوْض: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھ كَدَر (..... والكُدْرِيّ والكُدْرِيّ) پتلا بادل۔
الكُدْر والكُدْبر والكُدِيْر مِنَ العَيْشِ او الاَلْوَان وغَيْرِ ذٰلِكَ: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الكُدْرِ: موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ كُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة: موٹا گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة.
الكُدَارَة: ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاكْدَر: مٹیالا۔ مؤنث كَدْرَاء. ج كُدُر: سخت سیلاب۔ عَيْشٌ اكْدَر: تلخ زندگی۔
كَدَسَهُ (ض) كَدْسًا وكُدَاسًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ كَدَسَ بِهِ الاَرْضَ: پچھاڑنا۔
كَدَسَ الدَّابَّةَ: چوپائے کا چھینکنا.....
المُثْقَلُ فِي سَيْرِهِ: گرانبار آدمی کا دوڑنا..... الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (..... كَدْسًا) بدفالی لینا (..... وكَدَّسَ) الحَصِيدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔
تَكَدَّسَ: ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَكَدَّسَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَكَدُّس الرَّجُل: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔
الكَدْسَة والكُدَاس: جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
والكُدَاس مِنَ الثَّلْج او الحَصِيد ومَا اَشْبَهَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جوان کی طرح ہو۔
الكُدُس ج اَكْدَاس والكُدَاس ج كَدَادِيس: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ الكُدَاس الرَّمْل: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الكُدَاسَة: ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الكَادِس: فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج كَوَادِس.
المُكَادِس: فا۔ مِنَ الشَّجَر: گنجان درخت۔
كَدَشَهُ (ض) كَدْشًا: خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔ كَدَشَ لِعِيَالِهِ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (..... واكْدَشَ واكْتَدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا واكْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَكَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الكَدْش: زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ كَدِش" خراش زدہ کھال۔

كُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔
كَذَّبَهُ: جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهُ: رُک جانا..... الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا..... عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَهُ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (..... تَكْذِيبًا و كِذَابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بِآيَاتِ رَبِّهِ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔
اَكْذَبَهُ: جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَهُ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاکذاب ہے۔
كَاذَبَهُ كِذَابًا و مُكَاذَبَةً: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔
تَكَذَّبَ: بتکلف جھوٹ بولنا..... فُلَانًا وعَلَيْهِ: جھوٹا سمجھنا۔
تَكَاذَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔
الكَذَّاب. بِثَلثِ الكَافِ والكُذَبِيُّ والكُذْبَان: جھوٹ۔
الاُكْذُوبَة: جھوٹ۔ ج اَكَاذِيب.
الكَاذِب: فاج كَذَبَةٌ و كُذَّابٌ و كُذَّبٌ.
الكَاذِبَة. كاذب: کا مؤنث ج كاذِبات و كَوَاذِب: جھوٹ۔
الكَذُوب ج كُذُب والكَذْبَان والكُذُبَّان والكُذْبُبَان: بڑا جھوٹا۔
الكَذُوب: نفس۔
الكُذَّاب والكُذَبَة والكُذُوبَة والكِذَّاب والمِكْذَبَان والمَكْذَبَانَة: بڑا جھوٹا۔
الكُذُوبَة: نفس۔
المَكْذَبَة والمَكْذُبَة ج مَكَاذِب والمِكْذُوب والمَكْذُوبَة ج مَكَاذِيب: جھوٹ۔
النَّكَاذِيب: جھوٹی باتیں۔ لغو و باطل باتیں۔
كَذَا: دو طریقہ سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَاَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَرَاَيْتُ عَمْرًو كَذَا اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا.
اَلْمِنَسَّةُ وَالْمِنْسَاسُ: لاٹھی۔

نَسَأَ (ف) نَسْءَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا..... اَللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا..... هُ: لسی پلانا۔ نَسَأَ الْمَاشِيَةُ: مویشی ظاہر ہونا (..... نَسْءًا وَمَنْسَأً) اَلشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَسَأَ اللّٰهُ أَجَلَهُ وَفِي أَجَلِهِ" مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا..... فُلَانًا: نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا..... هُ اَلْبَيْعَ وَفِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا (..... نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهُ: ادائیگی قرض کے لئے مہلت دینا۔

أَنْسَأَ إِنْسَاءَ الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَنْسَأَ اللّٰهُ أَجَلَهُ وَفِي أَجَلِهِ" عمر دراز کرنا..... هُ اَلْبَيْعَ وَفِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائیگی قیمت کی مہلت دینا..... عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور ہونا۔

نَسْأَ تَنْسِئَةً: ڈانٹ کر ہانکنا۔

اِنْتَسَأَ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَأَ الْإِبِلُ فِي الْمَرْعَى: اونٹوں کا چراگاہ میں دور ہونا۔

اِسْتَنْسَأَ غَرِيمَهُ: قرض خواہ سے ادائیگی قرض کی مہلت مانگنا۔

اَلنَّاسِي: فا۔ مویشی (حیوان یا انسان) ج نُسَاةٌ.

اَلنَّسَاءُ: درازی عمر۔

اَلنَّسْءُ: مص۔ لسی۔ بہت پانی والا دودھ۔ عقل زائل کرنے والی شراب۔ مویشی یا

کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسْرَۃٌ: (ن) نَسْرًا. عَنْہُ: اُتارنا۔ اُدھیڑنا۔ الْجُرْحُ اللَّحْمَ: شگاف کر دینا ..... الرَّجُلُ: تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
نَسْرَۃٌ (ض ن) نَسْرًا. الْبَازِی: باز کا چونچ سے نوچنا۔
نَسْرُ الْحَبْلَ: رسّی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔
تَنَسُّرٌ: گدھوں کا شکار کرنا..... الْحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا..... الْجُرْحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ بہ جانا..... الثَّوْبُ وَنَحْوُہٗ: کپڑے کا گھس گھس کے پھٹنا۔ تَنَسُّرُ النِّعْمَۃِ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔
اِنْتِسَارُ طَرَفِ الْحَبْلِ: رسّی کے کنارے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِسْتِنْسَارُ الطَّائِرِ: قوت میں گدھ جیسا ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ بغاث" (ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام) ہماری زمین میں گدھ ہو جاتا ہے یعنی کمزور قوی ہو جاتا ہے۔
النِّسْرُ بثلث النون والفتح اشهر وافصح: گدھ۔ اس کی کنیت اَبُو الْاَبْرَدِ و اَبُو الْاِصْبَعِ و اَبُو مَالِکٍ و اَبُو الْمِنْهَالِ و اَبُو یَحْیٰی ہے اور مادہ گدھ کی کنیت "اُمُّ قَشْعَمٍ" ج نُسُوْرٌ و اَنْسُرٌ و نِسَارٌ.
النَّسْرُ: گھوڑے کے سم کے اندرونی حصہ میں غدود ج نُسُوْرٌ. النَّسْرَانِ: دو ستارے جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں۔
النَّاسُوْرُ: ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے۔ ج نَوَاسِیْرُ.
النَّسَاوِبَۃُ: عقاب۔
الْمِنْسَرُ و الْمَنْسِرُ: شکاری پرندہ کی چونچ
الْمِنْسَرُ و الْمَنْسِرُ: لشکر کا ایک حصہ جو بڑے لشکر کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک گھوڑوں کا گلہ۔ ج مَنَاسِرُ.
النِّسْرِیْنُ: گل سیوتی۔ واحد نِسْرِیْنَۃٌ.
نَسَطَ (ن) نَسْطًا الثَّوْبَ: کپڑے کو تر کر کے نچوڑنا۔
النَّسْطُ: وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے کے وقت بچے کو یا ہر نکال لیں۔
نَسَغَ (ف) نَسْغًا وَنُسُوْغًا وَنُسُغَتِ الْاُسْنَانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَغَ فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ: جانا (..... نُسُوْغًا) الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔
اَنْسَغَ الرَّجُلُ: پڑوسیوں کے لئے ایذا رساں ہونا۔ بادِ شمالی میں داخل ہونا۔
اِنْتَسَغَتِ الْاِبِلُ: اُونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔
النَّاسِغ: فا۔ لمبی گردن۔
النِّسْغ: ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی رسّی یا تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسْعَۃ کہتے ہیں۔ ج نُسُعٌ وَنِسَعٌ وَنُسُوْعٌ وَاَنْسَاعٌ.
وَاَنْسَاعُ الطَّرِیْقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی ٹانگوں سے پڑ جائیں۔
النِّسْعُ وَالرِّیْحُ النِّسْعِیَّۃُ وَالْمِنْسَعُ: بادِ شمالی۔
النُّسُوْغ: مص۔ لمبائی۔
الْمِنْسَغَۃ: زمین جس کی پیداوار لمبی لمبی ہو۔
نَسَغَ (ف) نَسْغًا اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا۔ نَسَغَہٗ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
ہٗ بِکَذَا: تہمت لگانا..... ہٗ بِکَلِمَۃٍ: طعن و تشنیع کرنا۔
..... الْخُبْزَۃَ: روٹی پر لوہے سے یا کسی اور چیز سے گودنا۔ نَسَغَتِ الْوَاشِمَۃُ بِالْاِبْرَۃِ: گودنے والی عورت کا سوئی چبھونا..... فِی الْاَرْضِ: جانا۔ نَسَغْتُ و نَسَغَتِ الْاَسْنَانُ: دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔ نَسَغَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا۔ وَنَسْغَۃٌ: نیزہ مارنا۔
اَنْسَغَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اُگنا..... الْفَسِیْلَۃُ: درخت کے پودے کا نرم حصہ کو نکالنا..... ہٗ: نیزہ مارنا..... ہٗ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
اِنْتَسَغَتِ الْاِبِلُ: اُونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا..... الرَّجُلُ: سوچ بچار کرنا۔
النَّاسِغ: فا۔ رَجُلٌ نَاسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر۔ ج نُسَّغٌ.
النُّسْغ: درخت کٹنے کے بعد جو نئی نکلے۔
النَّسِیْغ: پسینہ۔
الْمِنْسَغَۃ: سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے والی عورت گودتی ہے یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان کرتا ہے۔
نَسَفَ (ض) نَسْفًا الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا..... الْجِبَالَ: پہاڑوں کو گرا دینا ..... الشَّیْءَ: چھانٹنا..... الْحَبَّ بِالْمِنْسَفِ: غلہ کو چھاج سے پھٹکنا (..... وَالنَّسْفِ)
الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
نَسَفَہٗ (ن) نَسْفًا وَنُسُوْفًا: دانت سے کاٹنا۔ نَسَفَ الْاِنَاءُ: بھر کر بہہ پڑنا۔
اِنْتَسَفَ الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا ..... الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ اِنْتَسَفُوا الْکَلَامَ بَیْنَھُمْ: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا..... الْکَلَامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا ..... الرِّیْحُ الشَّیْءَ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
اِنْتَسَفَ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا.....
تَنَسَّفَ فِی الصِّرَاعِ: کشتی میں پچھاڑ دینا۔
تَنَاسَفَا الْکَلَامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔
النُّسْفَہ بثلث النون والنَّسْفَۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔ ج نِسَف وَنُسُف وَنُسُف وَنِسَاف.
النِّسِیْفَۃ: پاؤں رگڑنے کا جھانواں۔
النُّسَافَۃ: غلہ کا پچھوڑن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔

علم حاصل کیا..... الرِّیحَ: بو سونگھنا۔ بو محسوس کرنا..... الْمَرْأَۃُ: جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔

النَّاسِم: فا۔ قریب الموت مریض۔

النَّسَم: مص۔ زندگی کا سانس۔ آہستہ چلنے والی ہوا۔ ج اَنْسَام. النَّسَم: ناک۔ نسمہ۔ بمعنی روح کی جمع۔ منا ہوا راستہ۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّسَمَۃ: حمام وغیرہ کے راستے۔

النَّسَمَۃ: زندگی کا سانس۔ ہر جان دار انسان ہو یا حیوان۔ لونڈی۔ غلام۔ ج نَسَمٌ وَنَسَمَاتٌ النَّسَمَۃُ: سانس کا چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَہٗ نَسْمَۃٌ" یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔

النَّسِیم: مص۔ روح۔ پسینہ۔ نرم ہوا۔ ج نُسُم اور بھاری بھرکم آدمی کے لئے کہا جاتا ہے "ھُوَ نَسِیمُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِیمِ".

النَّسِیم: نرم ہوا۔ مٹا ہوا راستہ۔

الاَنَاسِم: لوگ (یہ نَسِم کی جمع الجمع ہے) کہا جاتا ہے "مَا فِی الاَنَاسِمِ مِثْلُہٗ" یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔

المَنْسِم. لِلاِبِلِ: اونٹ کے کھر کا کنارہ۔ ج مَنَاسِم. المَنْسِم: علامت۔ راستہ۔ مذہب۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِلٰی اَیِّ مَنْسِمٍ" تمہاری توجہ کس طرف ہے۔

نَسَمَ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا۔ نَسَمَتِ الرِّیحُ: ہوا کا چلنا۔ نَسَمَ البَعِیرَ: اونٹ کو ہانکنا اور ہانکنا..... الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

النَّسْنَاس: شکل انسانی پر ایک خیالی جانور..... عِنْدَ الْعَامَّۃِ: بندروں کی ایک قسم۔ لنگور۔ نَسْنَاسُ الاِنْسَانِ وَغَیْرِہٖ: مشقت اور صبر۔

النِّسْنَاس: سخت بھوک۔

نَسَا یَنْسُو نَسْوَۃَ الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔ اَنْسَاہُ اِنْسَاءَ الشَّیْءَ: چھوڑنے کا حکم دینا۔

النَّسَا: ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے۔ مشی نَسْوَان ونَسَیَان ج

اَنْسَاء.

النَّسْوَۃ: مص۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔

النَّسْوَۃ والنُّسْوَۃ والنِّسَاء والنِّسْوَان و النِّسْوَان والنِّسْیُون (یہ سب الفاظ مَرْأَۃٌ کی جمع ہیں) اور نِسْوَۃ اور نَسْوَۃ کی طرف نسبت کے لئے نَسَوِیٌّ ونُسَوِیٌّ اور تصغیر نُسَیَّۃ اور نُسَیَّات بھی کہا جاتا ہے۔

المَنْسُوء: عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نَسِیَ یَنْسَی نَسًا: مبتلائے عرق النساء ہونا۔ صفت مذکر نَسِیٌّ وَاَنْسَی: صفت مؤنث نَسِیَّۃٌ ونَسْیَاء.

نَسَا یَنْسِی نَسْیًا الرَّجُلَ: نسا نامی رگ پر مارنا۔

نَسِیَ یَنْسَی نَسْیًا ونِسْیَانًا ونِسَایَۃً ونُسْوَۃً الشَّیْءَ: بھولنا۔

نَسَّی واَنْسَی الرَّجُلَ الشَّیْءَ: فراموش کرانا۔

تَنَاسَی: اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔

النَّسْیُ والنِّسْیُ: بھولی ہوئی چیز۔ معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔

النَّسْیَان والنَّسَّاء: بہت بھولنے والا۔

النَّسَّیَ: بہت بھولنے والا۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔

الاَنْسَی: پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔

المَنْسِیَ: مفع۔ بھولی ہوئی چیز۔ مبتلاء عرق النساء۔

المِنْسَاۃ: لاٹھی (اس کی اصل مِنْسَأَۃٌ: ہمزہ کے ساتھ ہے)

نَشَّ (ن) نَشًّا الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا..... المِسْکَ ونَحْوَہٗ: مشک باریک کرنا۔ کوٹنا۔ الشَّیْءَ: ملانا۔

نَشَّ (ض) نَشًّا ونَشِیشًا المَاءُ فِی الکُوزِ الجَدِیدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا..... اللَّحْمَ: ہانڈی میں یا سیخ پر آواز نکلنا..... الغَدِیرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا..... النَّبْتُ: جوش مارنا..... الرُّطَبُ: خشک ہونا۔ نَشَّتِ اللَّحْمَۃَ: گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔

النَّشّ: مص۔ ہر چیز کا نصف۔

النَّشَّاش: اسم مبالغہ۔

وَاَرْضٌ نَشَّاشَۃٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

النَّشِیش: مص۔ پانی کے جوش کی آواز۔ اَرْضٌ نَشِیشَۃٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

المِنَشَّۃ: مورچھل۔ چوری۔

نَشَأَ (ف) ونَشُؤَ (ک) نَشْأً او نُشُوءً او نَشْأَۃً ونَشَاءً ونَشَاءَۃً الشَّیْءُ: نو پید ہونا۔ زندہ ہونا..... الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَأْتُ فِی بَنِی فُلَانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا اور اسم النُّشْءُ. نَشَأَ السَّحَابَۃُ: گھٹا اٹھنا۔

اَنْشَاہُ اِنْشَاءً: پرورش کرنا۔ اَنْشَأَ اللّٰہُ السَّحَابَۃَ: گھٹا اٹھنا..... الشَّیْءَ: نو پید کرنا..... اَللّٰہُ الشَّیْءَ: پیدا کرنا..... اللّٰہُ الخَلْقَ: شروع کرنا۔ اَنْشَأَ الحَدِیثَ او الکَلَامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا اور اسی سے ہے "عِلْمُ الاِنْشَاءِ..... "زَیْدٌ" عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا..... فُلَانٌ دَارًا: تعمیر شروع کرنا۔ اَنْشَأَ فُلَانٌ یَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے) مِنَ المَکَانِ: نکلنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ اَیْنَ اَنْشَأْتَ: یعنی تم کہاں سے نکلے۔

نَشَّاہُ تَنْشِئَۃً: پرورش کرنا۔ نَشَّأَ اللّٰہُ السَّحَابَۃَ: گھٹا چڑھانا۔

تَنَشَّأَ نَشُّوا. اِلٰی حَاجَتِہٖ: اپنی حاجت کے لئے جانا۔

اِسْتَنْشَأَ اِسْتِنْشَاءً الاَخْبَارَ: خبروں کی حقیقت دریافت کرنا..... الغُلَامَ فِی المَفَازَۃِ: بلند کرنا..... فُلَانًا قَصِیدَۃً او خُطْبَۃً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔

النَّشْءُ: مص۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَشْءُ

الخَبَرَ : افشا کرنا..... الشَّيْءَ: بکھیرنا..... الخشَبَ: چیرنا..... عَنِ الْمَجْنُوْنِ او الْمَرِيْضِ : منتر پھونکنا۔ نَشَرَتِ الرِّيْحُ : بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔

نَشْرٌ (ن) نُشُوْرًا. النَّجْوَ: پتے نکالنا۔

نَشَرَتْ أَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ : پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا..... الْأَرْضُ : ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔

نَشَرَ (ن) نَشْرًا وَنُشُوْرَ اللّٰهُ الْمَوْتٰى : زندہ کرنا۔ نَشَرَ وَنُشِرَ الْمَوْتٰى : زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُوْن.

نَشِرَتْ (س) نَشْرًا الْمَوَاشِي : رات میں چرنے کے لئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔

نَشَرَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا..... عَنِ الْمَرِيْضِ او الْمَجْنُوْنِ : بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔

اِنْتَشَرَ اللّٰهُ الْمَيِّتَ : مُردہ کو زندہ کرنا..... الْأَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابلِ زراعت بنانا..... الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔

تَنَشَّرَ الشَّيْءُ: پھیلنا۔

اِنْتَشَرَ الشَّيْءُ : پھیلنا..... النَّهَارُ: دن چڑھنا..... الْخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا..... الْإِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا..... الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا۔

تَنَاشَرُوا. الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔

اِسْتَنْشَرَ الْخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔

اَلنَّشْرُ: محض۔ عمدہ خوشبو یا بو۔ کہا جاتا ہے "لَهُ نَشْرٌ طَيِّبٌ" اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اگنے کی ابتدا۔ خارش۔

النَّشْرُ وَالنَّشْرُ : بغیر سردار کے منتشر لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا انْشُرًا او نَشْرًا" لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشْرُ: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ اِضْمُمْ نَشْرِيْ" اے اللہ میرے متفرق اُمور کو جمع کر دے۔

النَّشْرُ وَالنُّشُوْرُ: محض يَوْمُ النَّشْرِ وَيَوْمُ النُّشُوْرِ: قیامت کا دن۔

النَّشْرَةُ. نشر: کا اسم مرۃ۔ یا دِ کسیم اشتہار۔ (مولدۃ) ج نَشَرَاتٌ.

النُّشْرَةُ: افسوں۔ منتر۔

النُّشَارَةُ: لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔

النَّاشِرَةُ. النَّاشِر: کا مؤنث۔ نَوَاشِر کا واحد۔ نَوَاشِر: ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔

اَلْمَنْشُوْرُ مِنَ الرِّيَاحِ : بادل اٹھانے والی ہوائیں۔ ج مَنَاشِيْرُ.

اَلنَّشِيْرُ : ازار۔ تہہ بند۔ کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔

اَلنَّشَائِرُ: بچوں کے سر مشق (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

اَلْمِنْشَارُ: آرہ۔ ج مَنَاشِيْرُ. اَلْمِنْشَارُ : پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں۔ ایک سمندری مچھلی جس کو اَبُوْ مِنْشَارٍ بھی کہتے ہیں۔

اَلْمَنْشُوْرُ: مفع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔

اَلْمَنْشَرُ: مصدر میمی۔ کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔

اَلْمَنْشُوْرَةُ. اَلْمَنْشُوْرُ کا مؤنث۔ تختی و شریف عورت۔

اَلنِّشْوَارُ: جانوروں کا اصطبل۔

نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِيْ او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا..... الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا۔ اونچی جگہ میں جھانکنا..... اَلْقَوْمُ فِيْ مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لئے سمٹنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔ نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔

نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوْزًا الْمَرْأَةُ بِزَوْجِهَا وَمِنْهُ وَعَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا۔ نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِز وَنَاشِزَة ج نَوَاشِز. نَشَزَ بَعْلُهَا عَلَيْهَا وَمِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا..... بِالْقَوْمِ فِي الْخُصُوْمَةِ : قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کے لئے اٹھ کھڑا ہونا۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْنِهِ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔

اَنْشَزَ الشَّيْءَ : جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا۔

اَللّٰهُ عِظَامَ الْمَيِّتِ : مردوں کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔

اَلنَّشْزُ: محض..... ج نُشُوْزٌ وَنِشَازٌ وَنُشَّازٌ : بلند جگہ..... مِنَ الرِّجَالِ : قوی۔ مضبوط۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔

اَلنَّشَازُ: بلند جگہ۔

اَلنَّاشِزُ: فا۔ جگہ سے اُبھرا ہوا۔ نمایاں۔ عِرْقٌ نَاشِزٌ: مرض وغیرہ کی وجہ سے ابھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔

اَلنَّشِيْزَةُ وَالنَّشْزَةُ مِنَ الدَّوَابِّ : سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھہر نہ سکے۔

نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا..... النَّفْسُ: دھڑکنا..... الصُّوْفُ الشَّعْرُ: اون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْءَ : نکالنا..... فُلَانًا: تیزہ مارنا..... عَنْ بَلَدِهِ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ الْمَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا : عورت کا نافرمان ہونا۔ بغض رکھنا صفت نَاشِص.

اَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ او بَيْتِهِ : شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔

نَشَّصَهُ: بلند کرنا۔

تَنَشَّصَ لِكَذَا: اٹھنا اور تیاری کرنا۔

اِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔

اِسْتَنْشَصَ الرِّيْحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادل کو اٹھانا۔

اَلنِّشَاصُ وَالنُّشَاصُ : بلندتہ بتہ بادل۔ لشکر۔ ج نُشُصٌ وَنُشَائِصُ.

اَلنَّشُوْصُ وَالنَّشِيْصُ : کھڑا کیا ہوا نیزہ۔ بلند کوہان والی اونٹنی۔

نَشِطَ (س) نَشَاطًا: ہشاش بشاش ہونا

کا پانی ختم ہونا۔
نَشَفَ (س) نَشْفًا الْمَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔
نَشَّفَ الْمَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نَشَّفَتِ النَّافِقَةُ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف: جھاگ والے دودھ والی ہونا۔
اَلنَّشُوْفُ: جھاگ والا دودھ پلانا۔
تَنَشَّفَ الثَّوْبُ الْعَرَقَ: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا..... الرَّجُلُ: چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔
اِنْتَشَفَ: جھاگ والا دودھ پینا..... الْوَسَخَ وَنَحْوَهُ: میل وغیرہ صاف کرنا۔
اَلنَّشْفُ: پانی کا جذب ہونا۔
اَلنِّشْفَةُ وَالنُّشْفَةُ: تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ اَلنُّشْفَةُ: وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔
اَلنُّشْفَةُ: بتثلیث النون والنَّشْفَةُ: جھانواں۔ ج نَشَفٌ وَنِشَفٌ وَنُشَفٌ وَنِشَافٌ۔
فَالنُّشْفَةُ وَالنَّشَّافَةُ: پانی پونچھنے کا کپڑا۔ جھاڑن۔
اَلنُّشْفَةُ وَالنُّشَافَةُ: دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ اَلنُّشَافَةُ: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔
اَرْضٌ نَشِفَةٌ: پانی جذب کرنے والی زمین۔
اَلْمِنْشَفَةُ: رومال۔ تولیہ (میلدہ) ج مَنَاشِف۔
اَلنَّشَّافُ: وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے سرے پر سے تر کر کے تنہا کھائے۔
نَشِقَ (س) نَشْقًا وَنَشَقًا الرِّيْحَ: بو سونگھنا۔ ..... فِي الْحِبَالَةِ: پھندے میں پھنسنا۔
اَنْشَقَهُ الْمِسْكَ وَنَحْوَهُ: مشک وغیرہ سونگھانا..... الظَّبْيَ فِي الْحِبَالَةِ: ہرن کو جال میں پھنسانا اور کہا جاتا ہے "اَنْشَقَهُ الْحِبَالَةَ" اس کو جال نے پھنسا لیا..... هُ
اَلنَّشُوْقُ: نسوار سونگھانا۔
تَنَشَّقَ وَاسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْشَقَ الْمَاءَ فِي اَنْفِهِ: ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ وَاسْتَنْشَقَ الرِّيْحَ او النُّشُوْقَ: بو یا نسوار سونگھنا۔
اَلنُّشْقَةُ: بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج نُشَقٌ۔
اَلنَّشِقُ: وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پا سکے۔
اَلنَّشْقُ وَالنَّشَقُ: سونگھنا۔ کہا جاتا ہے "رَائِحَةٌ مَكْرُوْهَةُ النَّشَقِ".
اَلنُّشُوْقُ: نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ ہر دوا جو سونگھی جائے۔
اَلْمَنْشَقُ: ناک۔ ج مَنَاشِقُ۔
اَلْمِنْشَفَةُ: وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔
نَشَلَ (ن) نُشُوْلًا الرَّجُلُ: دبلا ہونا۔
نَشْلَبُ الْفَخِذُ: کم گوشت والی ہونا صفت نَاشِلَةٌ۔
نَشَلَ (ض ن) نَشْلًا الشَّيْءَ: جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا..... اَلْخَاتَمَ: انگوٹھی اتارنا نَشَلَتِ الْحَيَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا ڈسنا..... اَللَّحْمَ: گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔
اَنْشَلَ وَانْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ الْقِدْرِ: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا..... مَا عَلَى الْعَظْمِ بِفِيْهِ: دانت سے چھڑا کر کھانا۔
اَلنَّشَلُ: مص۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔
اَلنَّشَّالُ: اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔
اَلنَّشِيْلُ: کنوئیں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔
اَلْمَنْشَلَةُ: انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔
اَلْمِنْشَلُ وَالْمِنْشَالُ: کنڈی دار تیخ جس سے گوشت نکالیں۔ ج مَنَاشِلُ۔
نَشِمَ (س) نَشَمًا النَّوْرُ: بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشِمٌ۔
نَشِمَ اللَّحْمُ: گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا..... الْاَرْضُ: زمین سے پانی کا رسنا..... فِي فُلَانٍ: بدگوئی کرنا..... فِي الشَّرِّ: برائی میں مشغول ہونا..... اللّٰهُ ذِكْرَ فُلَانٍ: بلند کرنا۔ شہرت دینا (..... وَنَشَمَ) فِي الْاَمْرِ: شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنْهُ عِلْمًا: حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔
اَلنَّشَمُ: مص۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "بِيْ نَشَمَةٌ مِنَ الْجُبْنِ وَنَحْوِهِ" یعنی میرا ہاتھ بدبودار ہے۔
اَلْمِنْشَمُ وَالْمَنْشِمُ: ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مَنْشِمٌ: ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے "اَشْأَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ". اَلْمَنْشِمُ: حَبُّ بَلْسَانٍ۔
نَشَنَشَ نَشْنَشَةَ الْجِلْدَ: کھال اتارنا۔
اَلنَّشْنَشُ: زور سے ہٹانا..... اَلثَّوْرَ: بیل کو ہانکنا۔ دھتکارنا..... اَلثَّوْبَ: کپڑے اتارنا..... اَلْوِعَاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا..... اَلسَّلْبَ: لینا۔ نَشْنَشَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابال میں آ وار نکالنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ: کام میں جلدی کرنا..... اَللَّحْمَ: گوشت کو جلدی کھانا..... اَلْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ..... اَلشَّجَرَ: درخت سے چھال اتارنا۔
اَلنَّشْنَشَةُ: مص۔ زرہ۔ کاغذ۔ کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔
اَلنَّشَاشُ وَالنَّشَنَشُ وَالنَّشْنَشِيُّ: عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرْضٌ نَشَاشَةٌ: زمین شور۔

النَّصَّاب: اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب.

النَّصِيب: حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ج اَنْصِبَة وانْصِباء. نُصُب.

النَّصِيبَة: حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نُضَائِب.

النَّاصِب: فا۔ تیز رفتار۔ ھم نَّاصِبٌ: تھکا دینے والا غم..... عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب.

النَّصَّاب: ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الاَنَاصِيب والمَنَاصِيب: راستہ پر کھڑے کئے ہوئے نشانات۔

الاَنْصَب: سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء. وَنَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب: اصل۔ مرجع۔ حسب وشرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب: بمعنی عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب: دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب.

المُنْصَبَة: رنج وکلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُو مُنْصَبَةٍ" رنج وکلفت والی زندگی۔

المُنَصَّب: مفع۔ اَسْنَانٌ مُنَصَّبَةٌ: خوبصورت وترتیب وار دانت۔

المَنْصُوب: مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔

المَنْصُوبَة. المُنْصُوب: کا مؤنث۔ خیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوَّى لَهُ مَنْصُوبَةً" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا وانْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کیلئے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهُ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ: خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ: خاموش کھڑا ہونا.....هُ: خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُّصْنَة: خاموشی۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا ونُصْحًا ونَصَاحَةً وبِنَصَاحَةً ونَصَاحِيَّةً. فُلَانًا وبِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ ونُصَّحٌ کہا جاتا ہے "لَا أُرِيدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا إِنْصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا ونُصُوحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا..... نَوْبَةٌ: پختہ توبہ کرنا..... الْعَسَلَ: خالص طریقہ سے کرنا..... الْعَسَلَ: شہد صاف کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑا سینا..... الْغَيْثُ الْبَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً: ایک دوسرے کو نصیحت کرنا..... نَفْسَهُ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔

اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الْإِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ: بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا..... الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ: نصیحت قبول کرنا..... فُلَانًا: خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَهُ: خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاح: دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ ونِصَاحَةٌ.

النِّصَاخَان: چمڑے اس لئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاخَة.

النَّاصِح: خالص شہد وغیرہ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الْجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِح والنَّصَّاح والنَّاصِحِيُّ: درزی۔

النَّصِيح: خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.

النَّصُوح: نصیحت کرنے والا (مذکر ومؤنث) نَوْبَةٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيحَة: اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر وصلاح کی طرف بلانا اور شر وفساد سے روکنا۔ ج نَصَائِح.

غُرُوتٌ نَوَاصِحُ: لگاتار بارشیں۔

اَلْمِنْصَحُ والمِنْصَحَةُ: سوئی۔

المُنَصَّح: مفع۔ ثَوْبٌ مُنَصَّحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي ثَوْبِهِ مُنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سیئے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهُ (ن) نَصْرًا: مدد کرنا.....هُ مِنْ وعَلَى عَدُوِّهِ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الْغَيْثُ الْأَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔ فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الْأَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصْرَة: نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهُ مُنَاصَرَةً: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ: نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَلَهُ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ الْقَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الْأَخْبَارُ" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ: مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا..... مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن سے بدلہ لینا..... عَلَى خَصْمِهِ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهُ: مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهِ: فریاد کرنا..... فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر: مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ وقَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنی رَجُلٌ نَاصِرٌ وقَوْمٌ نَاصِرُوْنَ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ: جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔

النَّصْرَة: نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَة: مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيُّ: شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ

نِسَاءٌ نِصْفٌ" واحد ہی کا لفظ مذکر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النِّصْف: آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپانے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ..... مِنَ الْبُرُدِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِف: فا۔ خادم ج نُصَفٌ ونَصَفَةٌ ونُصَّافٌ.

النَّاصِفَة: النَّاصِف: کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ المَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِف.

النِّصْفَان مِنَ الْآنِيَةِ ونَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نِصْفَى.

الأَنْصَف: بہت انصاف کرنے والا اور یہ أَنْصَفُ: اسے اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔

المُنْصَف والمِنْصِف مِنَ الطَّرِيقِ: راستے کا آدھا۔

المِنْصَف والمُنَصِّف: خادم۔ مؤنث۔ مُنَصِّفَةٌ ج مَنَاصِف.

المُنَصَّف: مثلث۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔

مُنَصَّفُ الشَّيْءِ ومُنْصَفُهُ: ہر چیز کا درمیان۔

المَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَكَانٌ مُنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

نَصَلَ (ن) نَصْلاً السَّهْمُ: تیر میں پیکان لگانا..... السَّهْمُ: پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلاً ونُصُولاً مِنْ كَذَا: نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔ "ونَصَلَتِ الخَيْلُ مِنَ الغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل گئے "ونَصَلَ الطَّرِيقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا" راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ البِلْجِيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا..... السِّمْعَةُ او لَحْمَةُ: ڈنگ کا اثر اتر جانا۔ ونَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا..... مِنْ بَيْنِ الجِبَالِ: ظاہر ہونا..... النَّاقَةُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَلَ وانْتَصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا وانْتَصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔ انْتَصَلَ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔

تَنَصَّلَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ پسند کرنا..... الرَّجُلُ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ إِلَى فُلَانٍ مِنَ الجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا..... مِنْ كَذَا: نکلنا..... اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا..... كَمْدُ فُلَانٍ: رنج وغم زائل ہونا۔

اِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ: نکلنا۔

اِسْتَنْصَلَهُ: نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيحُ اليَبْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

النَّصْل: مص۔ پیکان۔ چاقو کا پھل اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج نِصَال و أَنْصُل ونُصُول ونُصُل الرَّأْس: سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِعْوَلٌ نَصْلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔

النَّصَلَان: پیکان اور بھالا۔

النَّصْلَة: ایک پیکان۔

النَّصِيل: کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف۔ گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِيلُ الحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُل النَّصِيل والمِنْصَل والمِنْصَال: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

المُنْصُل والمُنْصَل: تلوار۔ ج مَنَاصِل.

مُنْصِلُ الأَسِنَّةِ ومُنْصِلُ الآلِ: نام ماہ رجب کا۔

النَّصَنَة: تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ البَعِيرُ: اٹھنے کے لئے دونوں زانو زمین میں لگانا..... الشَّيْءُ: لانا..... فِي مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔

خَبَّةٌ نَصْنَاص: بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا يَنْصُو نَصْوًا وانْتَصَى الرَّجُلُ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَبَ المَاشِطَةُ المَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اُتارنا۔ دُور کرنا۔

نَاصَى نِصَاءً ومُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى الشَّيْءُ الشَّيْءَ: متصل ہونا۔

تَنَصَّى الرَّجُلُ القَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّبَ المَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: متصل ہونا۔

تُنَاصِي القَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا..... الأَعْضَاءُ ونَحْوُهَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے اُلجھنا۔

النَّصْو: مص۔ پیٹ کا درد۔

النَّاصِيَة: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ ونَاصِيَات اور کہا جاتا ہے "أَذَلُّ فُلَانٌ نَاصِيَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِي النَّاسِ: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔

المُنْتَصَى: دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔

أَنْصَى إِنْصَاءً المَكَانُ (رائی) بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِيّ)

اِنْتَصَى اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا۔

..... الجَبَلُ او الأَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا..... البِئْرُ: چلنا۔

النَّصِيُّ: ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِيَّةٌ ج أَنْصَاء ج أَنَاصٍ. النَّصِيُّ: گردن کی ہڈی ج أَنْصِيَة.

النَّصِيبَة: بمعنی نَصِيّ..... مِنَ القَوْمِ او الإِبِلِ وغَيْرِهَا: برگزیدہ وعمدہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ نَصِيبَتِي" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَّصِيَّة: بقیہ۔ ج نَصِيّ وج أَنْصَاء وأَنَاصٍ.

نَضَّ (ض) نَضًّا ونَضِيضًا المَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُهُ: سامان کے بعد نقدی ہونا..... الشَّيْءُ: ظاہر کرنا..... الطَّائِرُ جِنَاحَيْهِ: پرندوں کا بازوؤں کو ہلانا.....

النَّضَّاح: اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَةٌ قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النضوح: ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوحٌ: مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوحٌ وَنَضِيحَةٌ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّضَاح: پسینہ۔

المِنْضَحَة والمَنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔

نَضَحَهُ (ف) نَضْحًا: چھڑکنا۔ تر کرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَحَ النَّبْلُ وبِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔

نَضَخَ (ف) نَضْخًا ونَضَخَانًا الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے اُبلنا۔

ناضَحَهُ مُنَاضَحَةً ونِضَاحًا: ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَخَ وانْضَاخَ غَلَبَهُ الْمَاءُ: پانی کا گرنا۔ انْبَضَخَ الْمَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخ: مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضَّاخَة: بوچھار۔

النَّضَّاخ: موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

المِنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا آلہ ج مَنَاضِح: عوام اسے خُرْشَةٌ یا رَشَّاشَة: کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا ونَضَّدَ. المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی مَنْضُودٌ ونَضِيدٌ ومُنَضَّدٌ اور کہا جاتا ہے رَأْيٌ مُنَضَّدٌ: یعنی مضبوط رائے۔

تَنَضُّدُ الإِنْسَانِ ونَحْوِهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنْتَضَدَ الْقَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔

النَّضْد: ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لئے شرافت ہے۔ شریف ج أَنْضَاد. أَنْضَادُ الْقَوْمِ: لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ أَنْضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ أَنْضَادُ الْجِبَالِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (..... والنَّضُودُ) موٹی اونٹنی۔ ج أَنْضَاد ونُضُد.

النَّضِيدَة: بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد.

المِنْضَدَة: گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔

نَضَرَ (ن) ونَضِرَ (س) ونَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضَارَةً ونَضَرًا و نُضُورًا و نُضَارَةً الْوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت ناضِرٌ ونَضِرٌ ونَضِيرٌ.

نَضَّرَهُ (ن) نَضْرًا ونَضْرَةً. اللهُ: تروتازہ بنانا۔

أَنْضَرَ: تروتازہ ہونا..... الشَّجَرُ: درخت کا سرسبز ہونا۔ أَنْضَرَهُ اللهُ: تروتازہ بنانا۔

اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تروتازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر ج أَنْضَار وأَنْضُر و النُّضَار والنَّضِير والأَنْضَر: چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لئے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضَار والنِّضَار: جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لئے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحٌ نُضَارٌ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النَّاضِر: خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کچہرا۔ الناضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نَاضِرٌ و أَخْضَرُ نَاضِرٌ.

النَّضْرَة: نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تُعْرَفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةُ النَّعِيمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

النُّضَارِيَّة: پتے کھانے والے کیڑے جن کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا ونَضِفَ (س) نَضَفًا وانْتَضَفَ الْفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔

نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا: خدمت کرنا۔ نَضَفَ الْحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

انْتَضَفَ الْجَمَلُ: اُونٹ کا دلکی چلنا.....

النَّضْجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا.....

النَّضِيفُ: اُونٹ کو دلکی چلانا۔

النَّضَف: مص۔ جنگلی پودینہ۔

النَّضَفَان: دلکی چال۔

النَّضِف والنَّضِيف: ناپاک۔

النَّاضِف: فا (..... والمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف.

نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا: تیراندازی میں سبقت کرنا۔ تیراندازی ہی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا الْبَعِيرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

نَاضَلَهُ نِضَالًا ونِضَالًا ومُنَاضَلَةً: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

أَنْضَلَهُ: لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَهُ: نکالنا۔

اِنْتَضَلَهُ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ الْقَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الْكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَقَلَتِ الإِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنْتَضَلَ وتَنَاضَلَ الْقَوْمُ: تیراندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

متغیر ہونا۔
تَنَطَّعَ فِي الْكَلَامِ: غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔
.....فِيْ شَهْوَاتِهٖ: مبالغہ کرنا.....فِيْ عَمَلِهٖ: ماہر ہونا.....الرَّجُلُ: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔
النَّطْع والنِّطْع والنَّطَع والنِّطَع والنِّطَع والنِّطَع والنِّطَع: چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لئے بچھایا جائے ج اَنْطَاع ونُطُوْع.
النِّطْع والنِّطَع: تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع اور اسی سے حرف نِطْعِیّہ ت وط ہیں۔
النَّطِيْع: گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔
النَّاطِع: خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع.
بَطَاعُ الْقَوْمِ: قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "زَحَفْنَا بِطَاعَ بَنِيْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔
النَّطَّاع: کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن.
النَّطَاعَة: لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔
نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا وتَنْطَافًا ونَطَفَانًا ونِطَافَةً.الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا پانی بہنا.....الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا.....الْمَاءَ: پانی بہانا۔
نَطَفَهٗ ونَطَّفَهٗ وانْطَفَهٗ: بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ نَطَفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔
نَطِفَ (س) ونَطِفَ نَطَفًا ونَطَافَةً ونُطُوْفَةً: عیب دار ہونا۔ عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔ نَطِفَ الشَّيْءُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ نَطِفَ الرَّجُلُ: بدشمی والا ہونا۔
تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا.....عَنْ كَذَا: پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَف: مص۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔
النُّطْفَة: صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف ونُطَف (..... والنُّطَافَة) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُّطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔
النُّطْفَتَان: دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)
النُّطْفَة والنَّطْفَة: بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف.
النَّطِف: پلید۔ شکی آدمی۔
النَّطُوْف: بارش والی۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔
النَّاطِف: ریوڑی۔ گڑ۔
النَّاطِفِيُّ: ریوڑی بیچنے والا۔
نَطَقَ (ض) نَطْقًا ومَنْطِقًا ونُطُوْقًا: بولنا.....الْكِتَابُ: واضح بیان کرنا۔
نَطَّقَهٗ: گفتگو کرانا۔ کسی کو پگڑا باندھنا۔ کسی کی کمر میں پگڑا باندھنا۔ نَطَّقَ الْمَاءُ الْأَكَمَةَ وَغَيْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔
نَاطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔
اَنْطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔
تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔
تَنَطَّقَ وانْتَطَقَ وتَمَنْطَقَ: کمر میں پگڑا باندھنا.....الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر میں پگڑا باندھنا.....الْأَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا انْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔
الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا..... فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔
اِسْتَنْطَقَهٗ: گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔
النُّطْق: مص۔ اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔
النُّطْقَة. نطق: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نُطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بالا۔
النَّطِق: بولنے والا۔
النِّطَاق: کمر بند۔ پیٹی۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ فُلَانٌ حُبْكَ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لئے مستعد ہوا۔ النِّطَاق: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ ج نُطُق.
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ: جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام والتیام کے لئے ضرب المثل ہے۔
النِّطَاقَة: پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔
النَّاطِق: فاعل کا قول "اَلْإِنْسَانُ حَيَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔ كِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔
النَّاطِقَة. النَّاطِقُ: کا مؤنث۔ کمر۔ النَّفْسُ النَّاطِقَة: نفس انسانی۔
الْمَنْطِق: مص۔ گفتگو اور کبھی انسان کے علاوہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّيْرِ. علم المنطق: ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطا فی الفکر سے بچائے۔
الْمَنْطِقِي: علم منطق جاننے والا۔
الْمِنْطَق والْمِنْطَقَة: پگڑا جو کمر پر باندھا جائے۔ ج مَنَاطِق اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پگڑا باندھنا جیسے مِدْرَعَة سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِيْل سے تَمَنْدَلَ.
تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔ مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام اور مِنْطَقَةُ الْعَوْاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔
الْمُنْطِق والنِّطِيْق: بلیغ۔
الْمُنْطَق: مفع پگڑا باندھنے کی جگہ۔ الْمُنْطَقَة مِنَ الْمَعْز: کمر میں سفیدی والی بکری۔

نَظَّارٌ: اسم فعل۔ بروزن نَزَّالٍ وَتَرَاكِ: بمعنی انظر۔

النَّاظِر والنَّاظُوْر: انگور یا کھیتی کا محافظ۔

النَّاظُوْر: سردار قوم۔

النَّاظِرَة. النَّاظِر: کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر

النَّوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّار: تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النَّظَّارَة: ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النَّظَّارَة عِنْدَ الْمُوَلِّدِين: دوربین۔

النَّظُوْر والنَّظُوْرَة والنَّظِيْرَة والنَّاظُوْرَة: قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع)

النَّظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَّظِيْر: مثل و مانند اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِيْرَة ج نَظَائِر.

نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفاء افاضل۔

نَظِيْرَةُ الْقَوْمِ او الْجَيْشِ ونُظُوْرَتُهُمْ: دیدبان۔

المَنْظَر: دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ مَنْظَرِيْ و مُسْتَمَعِيْ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر

المَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِر: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔

المَنْظَرَة: مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی جگہ۔ المَنْظَرَة: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

المَنْظَرِي والمَنْظَرَانِي: خوش نما۔

المُنَاظِر: فا۔ مثل۔

المِنْظَار: آئینہ۔ ج مَنَاظِيْر.

المَنْظُوْر: مفع وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

المَنْظُوْرَة. المَنْظُوْر: کا مؤنث۔ مصیبت

اِمْرَأَةٌ مَنْظُوْرَةٌ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيْفٌ صفت مؤنث نَظِيْفَةٌ ج نُظَفَاء: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْفُ السَّرَاوِيْلِ" فلاں پاک دامن ہے ونَظِيْفُ الْأَخْلَاقِ: مہذب۔

نَظَّفَ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

تَنَظَّفَ الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: تکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔

اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

اِسْتَنْظَفَ: صاف ستھرا طلب کرنا..... الْوَالِيْ الْخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا..... فُلَانٌ الشَّيْءَ: سب لے لینا..... الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

نَظَمَ (ض) نَظْمًا ونِظَامًا اللُّؤْلُؤَ ونَحْوَهُ: موتی پرونا۔ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا..... الشَّيْءَ إِلَى الشَّيْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا..... الْأَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ والشِّعْرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)

نَظَمَتْ وانْتَظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔

تَنَظَّمَ وانْتَظَمَ ونَاظَمَ اللُّؤْلُؤَ ونَحْوَهُ: موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ وانْتَظَمَ الْأَمْرُ: درست ہونا۔ وانْتَظَمَ الصَّيْدُ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔

النَّظْم: مص۔ لڑی دل یا لڑیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ: بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ بِطَاقُ الْجَوْزَاءِ و الدَّبَرَان.

نِظَامُ كُوْبِرْنِيْك: کوپرنیک البولونی (۱۴۷۳۔۱۵۴۷) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے برخلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔

النِّظَام: مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم وأَنْظِمَةٌ وأَنَاظِيْم. النِّظَام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْأَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ و النَّحْلِ ونَحْوِهَا: ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔

النِّظَامَان والْإِنْظَامَان والْأُنْظُرْمَتَان مِنَ السَّمَكَةِ أَو الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج أَنَاظِيْم.

الأَنْظَام: مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔

لڑی کا دھاگا..... مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔

النَّظَّام: بہت پرونے والا۔

النَّظِيْم: موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔

المَنْظُوْم: مفع۔ شعر اور یہ منثور کے خلاف ہے۔

المَنْظِم: ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِم.

النَّعِيْ: کنور مرد۔

النُّعَاع: ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَةٌ.

نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا ونُعَابًا ونَعِيْبًا ونَعَبَانًا وتَنْعَابًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا..... الْمُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔

نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا الْإِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں

ظاہر کرنا..... اَلبَرْق: بجلی کا ست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْق: بازار کا ماند پڑنا۔
اَلنُّعَاس: حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
اَلنَّعْسَان: اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَی (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَاۃٌ نُعَاسَۃٌ وَنَعُوْسٌ: اونگھنے والی عورت۔ نَاقَۃٌ نَعُوْسٌ: دودھار اونٹنی۔
نَعَشَہٗ (ف) نَعْشًا اللّٰہُ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا..... اَلرَّبِیْعُ النَّاسَ: خوش حال کرنا..... اَلْمَیِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا..... طَرْفَہٗ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا..... اَلشَّجَرَۃَ: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعُوْش: تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْش..... فُلَانٌ: پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَہٗ وَانْعَشَہُ اللّٰہُ: بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا: نَعَّشَکَ اللّٰہُ مِنْ عَثْرَتِکَ: کہنا۔
اِنْتَعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا..... مِنْ سَقْطَتِہٖ: کرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْشُ: مص۔ بقا۔ محاف کے مانند چار پائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مُردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشِ الْکُبْرٰی: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰی: کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّیْءُ: حرکت دینا..... اَلْجَوْزَاءُ الْاَرْضَ: چٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا: جھکنا۔
اِنْتَعَصَ: ہلنا..... اَلرَّجُلُ: گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
اَلنَّاعِصَۃ: مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الْاَکِلُ: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
اَلنُّعْط: کھاتے اور داد و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَہٗ مُنَاعَفَۃً: باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔
اَلطَّرِیْق: راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ: بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ: بلند جگہ پر چڑھنا..... لِفُلَانٍ: درپے ہونا..... اَلشَّیْءَ: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔
اَلرَّاکِبُ: ظاہر ہونا۔
اَلنَّعْف: پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ..... مِنَ الرَّمْلَۃِ: ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
اَلنَّعْفَۃ: پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
اَلنَّعْفَۃ: گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر اُدھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَۃٌ وَنُعُوْفٌ وَمُنْعِفَۃٌ: لٹکتا ہوا کان۔
اَلْمَنَاعِف مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
اَلْمُنْعَف: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا وَنَعِیْقًا وَنُعَاقًا وَنَعْقَانًا اَلْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
اَلْمُؤَذِّنُ: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ اَلرَّاعِی بِغَنَمِہٖ: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
اَلنَّعَّاف: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
اَلنَّاعِقَان: جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَّلَ (ف) نَعْلًا اَلْقَوْمَ: جوتے دینا۔ (نَعَّلَ وَنَعَّلَ وَانْتَعَلَ) اَلدَّابَّۃَ: نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلًا: جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ وَانْتَعَلَ: جوتہ پہننا..... اَلثَّوْبَ: روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
اَلنَّعْل: مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَیْلَۃ۔ نَعْلُ الدَّابَّۃِ: گھوڑے کا نعل ج نِعَال وَاَنْعُل۔ اَلنَّعْل: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج نِعَال کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ بَعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
اَلنَّعْلَۃ: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
اَلنَّاعِل: فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافٍ نَاعِلٌ: سخت کھر۔
اَلنِّعَال: نعل بند۔
اَلْمَنْعَل وَالْمَنْعَلَۃ: سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَنْعَلٌ وَاَرْضٌ مَنْعَلَۃٌ"۔
اَلْمُنْعَل: جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعَمَ (ف ن) وَنَعِمَ (س) نُعْمَۃً وَمَنْعَمًا اَلرَّجُلُ: خوش حال ہونا..... عَیْشُہٗ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ یَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "رَنَعِمْتُ بِهٰذَا عَیْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "وَنَعِمَکَ اللّٰہُ عَیْنًا وَنَعِمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہاری محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نَعِمَ (س) نَعَمًا اَلْعُوْدُ: لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک) نُعُوْمَۃً: نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا صفت نَاعِم۔
نِعْمَ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو "نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ وَنِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ" اور تثنیہ اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا وَنِعْمَتَا وَنِعْمَتْ اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ

الْإِنْعَامَة: انعام۔ عطیہ۔
النَّاعِمُ: فا..... مِنَ الثِّيَابِ: ملائم کپڑا..... مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی..... مِنَ النَّبَاتِ: سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة. النَّاعِم: کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نِعْمِ اللّٰهِ: اللہ کا فضل۔
الْمِنْعَم: جھاڑو۔
الْمِنْعَام: بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔
الْمُنَاعِم والْمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ: سیدھی ہموار نباتات۔
الْمُنَعَّم والْمُنَاعِم والْمُتَنَعِّم والْمُتَنَاعِم: خوش حال۔ مالدار۔
نَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ: زبان میں ہکلاپن ہونا۔
تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا..... عَنْهُ: دور ہونا۔
النَّعْنَع والنَّعْنَاع: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة ونَعْنَاعَة.
النُّعْنُعَة: پوٹا۔
نَغَا يَنْغُو نُغَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّغْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَغَى يَنْغَى نَغْيًا ونَغِيًّا ونُغْيَانًا لَنَا وإِلَيْنَا فُلَانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَغَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی..... نَغَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کے لئے بلانا۔ نَغَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا..... عَلَى الْقَوْمِ شَهْوَاتِهِمْ: عیب گیری کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْغَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْغَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
أَنْغَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ أَنْغَبَتْهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْغَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْغَى ذِكْرُ فُلَانٍ: پھیلنا..... حُبُّ الْخَمِرِ بِهِ: مدت تک رہنا..... الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّغْيَنَة. نَغْيَى: کا اسم مرۃ۔ ج نَغَيَات.
النَّاغِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاغُونَ ونُغَاه ونُغَبَان.
النَّغِي: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَغَاءِ مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے
نَغَاءِ فُلَانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
الْمَنْغَى والْمَنْغَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاغٍ.
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة والنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب. النُّغْبَة: برا کام۔
النُّغْبُن: بے وقوف۔
النُّغْبَقَة والنُّغْبُوقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوق: ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُول: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَثَ (ف) نَغْثًا الشَّعَرَ: بال کھینچنا۔
النَّغْث: دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَتْ (ف ض) ونَغِرَتْ (س) نَغِيرًا ونَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ ونَغِرَ نَغْرًا ونَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغَرَ غَلَبَهُ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر: صفت مؤنث نَغِرَة.....
النَّاقَة: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا..... الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيُّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا..... غَنِ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
انْغَرَتِ الْبَضَّةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغْر: مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر: بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج يَغْرَان.
النَّغَّار: بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
الْمُنْغِر: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
الْمِنْغَار: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔
بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز: فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا ونَغَشَانًا: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ وتَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ والرَّأْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَة. نَغْش: کا اسم مرۃ۔

آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيخَة: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
اَلنَّفْثَالِيْن: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا وَنَفْثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا..... الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا..... الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: دردِ سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔
اَلْقَلَمُ: لکھنا..... فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْءَ فِيْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ وَنَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ اَوْ قَلْبِيْ كَذَا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "وَفُلَانٌ يَنْفُثُ عَلٰى غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔
نَافَثَهٗ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔
النَّفْث: مص۔ لُعاب۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: عُرل کے اشعار۔
النَّفْثَة: نَفْث: کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَات کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔
النُّفَاثَة: تھوک وغیرہ جو درد سینہ والا پھینکے۔
النَّافِث وَالنَّفَّاث: جادوگر۔ مؤنث نَافِثَة وَنُفَاثَة۔
دَمٌ نَفِيْث: زخم سے بہا ہوا خون۔
اَلْمَنْفُوْث: منفع۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔
نَفَجَ (ن) نَفْجًا وَنَفَجَانًا وَنُفُوْجًا الْاَرْنَبُ اَوِ الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا..... الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔
نَفَجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا..... الْفُرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا..... الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑ کر نکالنا..... الشَّيْءَ: بلند کرنا..... السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑ کا کر نکالنا..... الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔
تَنَفَّجَ وَانْتَفَجَ: بلند ہونا..... الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَخَ الْاَرْنَبُ وَغَيْرُهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔
اِسْتَنْفَجَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِيْ اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔
النَّافِج: فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔
النَّافِجَة. النَّافِج: کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج.
النَّفَّاج: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔
النَّفَاجَة: چوغلا۔
النَّفِيْجَة: کمان۔ ج نَفَائِج.
النَّفِيْج: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُج.
النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "وَامْرَاَةٌ نُفُجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔
اَلْاَنْفَجَانِي: قول میں افراط کرنے والا۔
اَلْمَنَافِج: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔
يَعْبُرُ مُنْتَفِجٌ: کوکھ باہر نکالا ہوا اونٹ۔
اَلْمَنْفُوْج: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔
نَفَحَ (ف) نَفْحًا وَنَفَحَانًا وَنُفُوْحًا وَنُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔ نَفَحَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهٗ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَنَّةَ: کنگھا کرنا..... الشَّيْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَافَحَهٗ مُنَافَحَةً: جھگڑا کرنا۔ نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔
اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلٰى مَوْضِعِ كَذَا: واپس آنا۔
النَّفْح: مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْح: کہتے ہیں۔
النَّفْحَة. نفح: کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک..... مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفَحَات: کہا جاتا ہے۔ رِيْحٌ نَفِيْحٌ: بلند اڑاوہ۔
اَلنَّفُوْح مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دودھ ہوئے دودھ نکلے..... مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیر چلنے والی ہوا۔
اَلنَّفَّاح: بہت داد و دہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔
اَلنَّفِيْحَة: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔
اَلنَّفِيْح وَالْمِنْفَح: دخل در معقولات کرنے والا مرد۔
اَلْاِنْفَحَة وَالْاِنْفِحَة وَالْاِنْفَحَة وَالْمِنْفَحَة: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

مَنَافِذُ مَنَافِذُ الْاِنْسَانِ : جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ ناک وغیرہ۔
المُنْفِذ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفِيْرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ ونَفُوْرٌ.
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ كَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی..... عَنْ كَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا..... القَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ: دوڑنا (..... نُفُوْرًا) العَيْنُ وَغَيْرُهَا: آنکھ کا سوجنا (..... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (..... نَفْرًا ونُفُوْرًا) الحَاجُّ مِنْ مِنًى: مکہ کی طرف کوچ کرنا (..... نَفْرًا ونُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفْرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهُ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا ونُفُوْرًا ونَفِيْرًا) القَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْاَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهُ: بھگانا۔ نَفَّرَهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَهُ الشَّيْءُ وَعَلَى الشَّيْءِ وَبِالشَّيْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا۔
اَنْفَرَهُ: بھگانا۔ اَنْفَرَ القَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا..... القَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا..... الحَاكِمُ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهُ نِفَارًا ومُنَافَرَةً: فیصلے کے لئے جانا۔ حسب ونسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهُ إِلَى القَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا اس نے میرے خلاف فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔ باہم فخر کرنا..... القَوْمُ لِلْاَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهُ: بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ القَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا..... الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔
اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِيْ: کپڑے لے جا کر گم کر دینا۔
النَّفْرُ: مص۔ النَّافِر: کی جمع۔
النَّفْرُ والنَّفَرَةُ: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت النَّفَرَةُ: نَفْر: کا اسم مرۃ۔ نَفَرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ وعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث وسرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وعِفْرِيْتٌ نِفْرِيْتٌ وعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ.
النَّفَرُ: سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَار کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
يَوْمُ النَّفْرِ والنَّفْرِ والنَّفِيْرِ او النُّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَةُ: حکم۔ فیصلہ (..... والنُّفْرَةُ) نظر بد سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
اَلنِّفَارُ: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَةُ: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِرُ: فا۔ غالب۔ ج نَفَرٌ ونُفَّرٌ.
النَّافِرَةُ. النَّافِرُ: کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُهُ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْرُ والنَّفُوْرُ والمُسْتَنْفِرُ: بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِيْرُ: مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْرُ: بگل (دخیل) ج اَنْفَار. والنَّفِيْرُ العَامُّ: دشمن سے مقابلہ کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
اَلنَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِيْرُ: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْرٌ.
المُسْتَنْفِرُ: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
المَنْفُوْرُ: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَخَ نَفْرَجَةً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِجُ والنِّفْرَجَةُ والنِّفْرَاجُ والنِّفْرَاجَةُ والنِّفْرِجَاءُ: بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِيْجُ: بہت کہنے والا۔
نفز (ض) نَفْزًا ونُفُوْزًا ونَفَزَانًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ اچھلنا۔ چھلانگ مارنا..... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهُ: کودانا۔ نَفَّزَتِ المَرْاَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچے کو اچھالنا۔ نَفْزُ وانْفَزَ السَّهْمُ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِيْزُ والنَّفِيْزَةُ: مکھن جو مٹکی میں ادھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَّيْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِزُ الدَّابَّةِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَاز: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نفِسَ (س) نَفْسًا ونَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ: بخل کرنا..... عَلَى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (..... نَفَاسَةً) الشَّيْءُ: غَلَى فُلَانٍ: نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظر بد لگانا۔
نَفِسَتْ (س) ونُفِسَتْ ونَفْسًا ونَفَاسَةً ونِفَاسًا. المَرْاَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔
نَفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً ونَفَاسًا ونُفُوْسًا

وَنُفَاضٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔
النَّفَّاش: مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا الیموں۔
المُنْفَنِفش والمُنْتَفِش: پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "اَنْفٌ مُنْتَفِشٌ ومُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک۔
نَفَصَ (ض) نَفْصًا وانْفَصَ بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔ نَفَصَ وانْفَصَ بِالْكَلِمَةِ: جلدی بولنا۔ اَنْفَصَ فِي الضَّحِكِ: بہت ہنسنا..... الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
.....الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔
النُّفْضَة: خون کا فوارہ۔ ج نُفَض.
النُّفَاص: بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مرجاتی ہے۔
النَّفِيص: خوش گوار پانی۔
المِنْفَاص: بہت ہنسنے والا۔
نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا..... الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لئے ہلانا..... الوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا..... المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔
نَفْضَةُ الحُمّٰى: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا..... السَّمَرَاةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ القَوْمُ: بے توشہ یا بے ماں ہونا۔ نَفَضَ الطَّرِيقَ: تلاش وجستجو کرنا' چوروں سے پاک کرنا..... القَوْمَ حَلَأَ نِبْهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا..... الكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا..... فُلَانٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "إِذَا تَكَلَّمْتُ نَهَارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو ادھر ادھر دیکھ لو۔
نَفَضَ (ن) نُفُوضًا المَرِيضُ مِنْ مَرَضِهٖ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
اَنْفَضَ القَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا..... القَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا۔ اَنْفَضَ فُلَانًا عَنْهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا دینا۔ اِنْفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا۔
نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔
اِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا..... الفَصِيلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا..... الكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
تَنَفَّضَ واسْتَنْفَضَ المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ اِسْتَنْفَضَ القَوْمُ: تامل کرنا۔ غور کرنا..... الشَّيْءَ: نکالنا..... الأَمِيرُ: جاسوس بھیجنا۔
النَّفْض والنِّفاض والنُّفَاض والنُّفَاضَة: جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔ النُّفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النَّفَض: پتے یا کھجور جو گریں۔ النِّفاض: اسم ہے اَنْفَضَ القَوْمُ زَادَهُمْ سے۔ النِّفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔
النُّفَضَة والنُّفْضَة والنُّفَاض والنُّفَضَاء: بخار کی کپکپی۔ النُّفَضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔
النُّفَضَة: جاسوسوں کی جماعت۔
النُّفَضِي والنِّفِضِّي والنِّفِضْي: کپکپی۔
النَّافِض: فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ حُمّٰى نَافِضٌ وحُمّٰى نَافِضٍ وحُمّٰى بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔
ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔
النُّفُوضُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔
النِّفِض: شہد کی مکھی کی جیت۔
النَّفِيضَة: جاسوسوں کی جماعت۔ ج
نَفَائِض. النَّفِيض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اونٹ۔
الإِنْفَاض: مض۔ بھوک۔ حاجت۔
الإِنْفِيض: درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد اُنْفُوضَة.
المِنْفَض: چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (..... والمِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔
المُنْفِض مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔
المَنْفُوض: منفع۔ تپ ولرزہ زدہ۔
نَفِطَ (س) نَفَطًا ونَفَطًا ونَفِيطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
نَفَطَ (ض) نَفْطًا: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا ونَفِيطًا العَنْزَةُ: بکری کا چھینکنا..... القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَفَطَ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز کرنا..... الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔
تَنَافَطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
تَنَفَّطَ: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ تَنَفَّطَتِ اليَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا ہونا۔
النَّفْط والنِّفْط: ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النِّفْط: چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نفط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔
النَّفْطَة والنَّفَطَة والنَّفْطَة: آبلہ چیچک۔
النُّفْطَة: جلدی غضبناک ہونے والا۔
النَّافِطَة: بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔
النَّفَّاط: معدن سے نفط نکالنے والا۔
نَفَّاط: چھینکنے والا۔ ج نَفَاطَة ونَفَّاطُون.
النَّفَاطَة والنَّفَّاطَة. نَفَط: کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے

والکلام: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلًا فَانْفَلَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی..... مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اَلنَّفَلُ: عذر بیان کرنا۔ قسم کھانا۔

اَلنَّفْلُ: فرائض وواجبات سے زائد کام واجبات وفرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

اَلنَّفَلُ: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا نَفَلٌ عَلٰى ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی سے ج نِفَالٌ وَاَنْفَالٌ. اَلنَّفَلُ: ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَةٌ.

اَلنَّافِلَةُ: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض وواجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نَوَافِلُ کہا جاتا ہے "هُوَ كَثِيْرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

اَلنَّفَلُ: قمری مہینے کی چوتھی یا پانچویں چھٹی راتیں۔

اَلنَّوْفَلُ: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ. اَلنَّوْفَلُ: سمندر۔ عطیہ۔ نرہجو۔

اَلنَّوْفَلَةُ: نمک وان۔

اَلنَّفْنَفُ: فضاء آسمانی۔ آسمان وزمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں حصے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِفُ وَنُفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف ونواحی (..... وَالنَّفْنَافُ) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دُور۔

نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزور دل بزدل ہونا..... الْجَمَلُ: وشوار کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَ (س) نَفَهًا نَفْسُهُ: تھکنا۔

نَفَّهَ وَاَنْفَهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَهُ مِنْ مَالِهٖ" اس نے اُس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

اَلنَّافِهُ: تھکا ہوا ج نُفَّهٌ (..... وَالْمَنْفُوْهُ) کمزور دل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنْفَهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَاهُ يَنْفُوْهُ نَفْوًا لغت ہے۔ نَفَاهُ يَنْفِيْهِ یائی میں۔

نَفَاوَةُ الشَّيْءِ وَنَفُوْفُهُ: ہر چیز کا روی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ اَلنَّفْوَةُ: جلاوطنی۔

نَفَى يَنْفِي نَفْيًا الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَفَى الرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا..... الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِهٖ: جلاوطن کرنا..... اَلسَّيْلُ الْغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا..... اَلسَّحَابَةُ الْمَاءَ: بادل کا پانی برسانا۔

"نَفَى يَنْفِي نَفْيًا وَنَفَيَانًا الصَّيْرَفِيُّ الدَّرَاهِمَ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے کھیرنا۔ نَفَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَفِيَ يَنْفَى نَفْيًا وَانْتَفَى عَنْهُ: دور ہونا..... اَلشَّعْرُ: بال گرنا وَانْتَفَى الشَّيْءُ: نابود ہونا۔ اِنْتَفَى مِنْ وَلَدِهٖ: بچہ کا انکار کرنا۔ اِنْتَفَى فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ وَنَفَاهُ فَانْتَفَى: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاهُ: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا يُنَافِي ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی ومخالف ہے۔

تَنَافَى تَنَافِيًا الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

تَنَافَبَ الْاَشْيَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

تَنَفَّاءَ الشَّيْءُ وَنَفَاتُهُ وَنَفْثُهُ وَنَفْيُهُ وَنُفَايَتُهُ وَنَفَايَتُهُ وَنُفْيَةُ: چیز کا وہ حصہ جو روی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

اَلنَّفِيَّةُ. نَفَى: کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت پھیلایا جائے۔ ج نَفَيَاتٌ.

اَلنَّفْيَانُ: مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

اَلنَّافِي: فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔

اَلنَّفِيُّ: نابود کیا ہوا جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنُ نَفِيٍّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

اَلنَّفِيَّةُ. اَلنَّفِيُّ: کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جانے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

اَلْمَنْفِيُّ: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا دھتکارا ہوا..... فِي الْكَلَامِ: اثبات کے خلاف۔

اَلْمَنْفَى: جلاوطنی کی جگہ۔ ج مَنَافٍ.

نَقَّ (ض) نَقِيْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی چکور بچھو شتر مرغ اور بلی وغیرہ کے لئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقٌّ: ٹرانے والا ہونا۔

اَلنَّقَّاقُ: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

اَلنَّقَّاقَةُ. اَلنَّقَاقُ: کا مؤنث۔ مینڈکی۔

اَلنَّقِيْقُ: نرشتر مرغ اَلنُّقِيْقَاتُ: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

اَلنَّقُوْقُ: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "جُفْدُعٌ نَقُوْقٌ" ج نَقُقٌ وَنُقٌّ.

نَقَبَ (ن) نَقْبًا الْخَائِطَ: دیوار میں سوراخ کرنا..... اَلْخُفَّ: موزے میں پیوند لگانا..... فُلَانٌ فِي الْاَرْضِ: جانا..... عَنِ الْاَخْبَارِ: کھود کرید کرنا یا خبر دینا..... اَلثَّوْبَ: بغیر ریفہ کے پائجامہ بنانا۔ اَلْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں ٹانگیں اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبَ الْبَجْعَةَ فُلَانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

دِمَاغَهُ: توڑنا۔
اِنْتَفَخَ الْمُخُّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
النُّفَاخ: ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ وَنُفَاخُ كُلِّ شَيْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُفَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔
نَقَذَ (ن) نَقْدًا وَتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا..... الْكَلَامَ: کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا وَلِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔ نَقَدَهُ دِرْهَمًا: دینا..... الطَّائِرُ الْفَخَّ أَوِ الْحَبَّ: چونچ مارنا..... الرَّجُلُ الشَّيْءَ وَإِلَى الشَّيْءِ بِنَظَرِهِ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا..... نَقَذَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَقِذَ (س) نَقَذًا الضِّرْسُ أَوِ الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِذٌ..... الْحَافِرُ: کھر کا چھل جانا..... الْجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔
اَنْقَذَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔
نَافَذَهُ مُنَافَذَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔
تَنَقَّذَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔
تَنَافَذَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔
اِنْتَقَذَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا..... الشِّعْرَ عَلَى قَائِلِهِ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا..... الْكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا..... الْأَرْضَةُ الْجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنْتَقَذَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
النَّقْدُ: محض۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ دراہم۔ ج نُقُودٌ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النُّقْدَانِ چاندی وسونا۔
النَّقِذُ وَالنَّقْدُ: کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔
النَّقَدُ: مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ج نِقَادٌ وَنِقَادَةٌ. النَّقَدُ: کمینے لوگ۔ النَّقَدُ مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر وذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَّقَدُ وَالنُّقُدُ: ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ وَنُقُدَةٌ.
النَّاقِدُ: نا۔ ج نَقَدَةٌ وَنُقَّادٌ.
اَلنَّقْدُ وَالْاِنْقَاذُ: سیہی اور امثالِ عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ الْأَنْقَذِ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔
الْاِنْقَاذُ وَالْاِنْقِذَانُ: کھوا۔
النَّقَّاذُ: دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ زاعی
النَّقَدُ (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)
مِنْقَاذُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيذُ.
الْمُنْقَذُ: مصدر میمی بمعنی اِنْقِذَاذ.
نَقَذَ (ن) نَقْذًا وَنَقَذَ وَانْتَقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
تَنَقَّذَهُ وَاسْتَنْقَذَهُ. مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
نَقِذَ (س) نَقَذًا: نجات پانا۔
النَّقْذُ: مص۔ سلامتی۔ چھینکنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقْذُكَ اللّٰهُ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقْذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔
النَّقِيذُ: مص۔ چھڑایا ہوا اور کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَفِيذٌ وَلَا نَفِيذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِيذُ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔
النَّقِيذَةُ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا' زرہ وغیرہ۔ ج نقائذ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔
الْاِنْقَاذُ: سیہی۔
نَقَرَهُ (ن) نَقْرًا: مارنا۔ نَقَرَ الْعُودَ أَوِ الدُّفَّ: ہر طرح یا دف بجانا فُلَانًا: عیب لگانا..... الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا..... الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ: پرندہ کا بچہ نکالنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔
نَقَرَ فِي الْحَجَرِ: پتھر پر لکھنا..... فِي النَّافُورِ: بگل میں پھونکنا..... الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا ادھر اُدھر سے دانہ چگنا..... الْحَجَرَ أَوِ الْخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الْأَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرَتْ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهُ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔
نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: فقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔
نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي الْمَوْضِعِ: انڈے دینے کے لئے نرم کرنا..... فُلَانٌ بِاسْمِ فُلَانٍ: جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا..... الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ: چھان بین کرنا..... عَلَى فُلَانٍ: عیب لگانا اور بُری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا ادھر اُدھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)
نَاقَرَهُ مُنَاقَرَةً وَنِقَارًا: گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔
اَنْقَرَ عَنْهُ: رکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتَّى قَتَلَهُ" اس نے اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ وَاَنْقَرَ الرَّجُلُ: گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔
تَنَقَّرَ الشَّيْءُ: چھان بین کرنا..... عَلَى الْأَهْلِ وَالْمَالِ: بددعا کرنا اور أَنْقَرَنِيَ اللّٰهُ مِنْكُمْ وَذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ (اللہ تعالیٰ مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کر دیں) کہنا۔
اِنْتَقَرَهُ: پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: چھان بین

النَّقْز: کنواں۔
النَّقْز: لقب۔
النَّقَز: لقب، گھٹیا مال، رذیل اور ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ واحد نَقَزٌ۔
النِّقَز: صاف میٹھا پانی۔
النَّقَّاز والنَّقَّاز: ایک قسم کا پرندہ۔ چڑیوں کے بچے۔ ج نَقَاقِيز۔
المَنْقُوز. نُقَاز: کی بیماری والا۔ مؤنث مَنْقُوزَةٌ۔
نَقَسَ (ن) نَقْسًا. النَّاقُوسُ بِالْخَشَبَةِ: لکڑی سے ناقوس بجانا..... النَّاقُوسُ: ناقوس بجنا..... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
نَقَسَ (ن) نُقُوسًا. الشَّرَابُ: کھٹا ہونا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔
نَقَسَهُ (ن) نَقْسًا: عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔ نَفِسَتْ نَفْسُهُ: متلی آنا۔
نَقَّسَ فُلَانًا: لقب دینا..... الدَّوَاةَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَهُمْ بِنَاقُوسِهِ: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
نَاقَسَهُ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا مُنَاقَسَةٌ وَمُنَافَسَةٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔
اِنْنَقَسَ: ناقوس بجانا۔
النَّاقِس: فا۔ کھٹا۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ نَاقِسٌ او شَرَابٌ نَاقِسٌ" کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔
النَّقَس: ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ ج نُقُس
رَجُلٌ نَقِسٌ: لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔
النِّقْس: روشنائی۔ ج اَنْقَاس وَاَنْقُس۔
الاَنْقَس: باندی بچہ۔ کھجلی والا۔
النَّقُوس: ایک قسم کی نباتات۔
النَّاقُوس: لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔

البَقَاشَة: لقب دینا۔
نَقَشَ (ن) نَقْشًا الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا..... العِذْقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کے لئے کانٹوں سے مارنا..... الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِهِ: پیر سے کانٹا نکالنا..... عَرْبَضَ الْغَنَمِ: بکری کے پاڑہ کو کنکر، کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا..... عَنِ الشَّيْءِ: نہایت وضاحت کرنا..... فَصَّ الْخَاتَمِ: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا۔ الشَّعْرَ بِالْمِنْقَاشِ: بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحَى: چکی کے دندانے بنانا..... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْهُ شَيْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
نَقَّشَ الشَّيْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔
نَاقَشَهُ الْحِسَابَ وَفِي الْحِسَابِ: حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
اِنْتَقَشَ عَلَى غَرِيمِهِ: مقروض سے پورا وصول کرنا۔ نقش کے کھانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھئے لفظ النقش)
اِنْتَقَشَ جَمِيعَ حَقِّهِ مِنْ فُلَانٍ: سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔
اِنْتَقَشَ الشَّوْكَةَ: کانٹا پیر سے نکالنا اور کبھی اِنْتِقَاش: تولید کے لئے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے..... الشَّيْءَ: نکالنا..... مِنْ زَيْدٍ جَمِيعَ حَقِّهِ: سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانًا: پسند کرنا۔ تم کہتے ہو "اِنْتَقَشْتُكَ لِكَذَا" میں نے تم کو فلاں چیز کے لئے منتخب کیا و اِنْتَقَشَ لِنَفْسِهِ خَادِمًا او غَيْرَهُ: اس نے اپنے لئے خادم وغیرہ بنایا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانٌ: نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا..... عَلَى فَصِّهِ كَذَا: نقش کئے جانے کا حکم دینا۔
البَقَاشَة: نقش و نگار کا پیشہ۔

النَّقْش: مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصویر و بیل بوٹہ۔ ج نُقُوش۔
النَّقَش: خشک کھجور جس کو توشہ دان میں رکھ کر پانی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے "دَامَ عَلَى اُكُلِ النَّقَشِ" اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی۔
النَّقَّاش: نقش و نگار کرنے والا۔
النَّقِيش: برتن میں متفرق سامان۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نَقِيشٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔
المِنْقَش والمِنْقَاش: نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا۔ ج مَنَاقِش. ومَنَاقِيش کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجْتُ حَقِّي بِالْمَنَاقِيشِ" مجھے اپنے حق کے وصول میں تھکن لاحق ہوئی۔
المَنْقُوش: منفع۔ دینار۔ کچی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔
الشَّجَّةُ والمُنْقِشَة والمُنْقُوشَة: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
نَقَصَ (ن) نَقْصًا وَنُقْصَانًا الشَّيْءُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّيْءَ: گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَيْدًا حَقَّهُ: حق کم کر دینا، گھٹا دینا۔
نَقُصَ (ک) نَقَاصَةُ الْمَاءِ: پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔
نَقَّصَ الشَّيْءَ وَاَنْقَصَهُ: گھٹانا۔
اِنْتَقَصَ الشَّيْءُ: گھٹنا..... الشَّيْءَ: گھٹانا
الرَّجُلُ: عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔
تَنَقَّصَ فُلَانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا..... الشَّيْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
تَنَاقَصَ الشَّيْءُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔
اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانے کے لئے کہنا۔ تھوڑا پانا..... الرَّجُلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔
النَّاقِص: فا۔ درہم ناقص۔ کم وزن کا درہم ج نُقَّص۔
النَّقْص: مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور

.....ونقة: تھوک منہ میں جمع کرنا.....
الموت: زیادہ ہونا.....فلانًا بالشتم: بہت بری گالی دینا.....بالشراب: شفا پانا.....
الدواء وغيره في الماء: بھگونا.....
الرجل: مہمانوں کے لئے جانور ذبح کرنا۔
نَقَعَ (ف) نُقُوعًا الصوت: آواز بلند ہونا
.....الصارخ بصوته: لگاتار چلانا.....له الشر: ہمیشہ کرنا.....من الماء وبه: سیراب ہونا..... السم في اناب الحية: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما نقعت بخبره" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔
نَقَعَ (ف) نَقْعًا ونُقُوعًا الماءُ في بطن الوادي: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا.....الماء العطش: پانی کا پیاس کو بجھانا۔
انقع الدواء وغيره في الماء: بھگونا..... الصارخ بصوته: لگاتار چلانا.....الماءُ فلانًا: سیراب کرنا.....الماءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا.....الرجل: مہمانی کے لئے ذبح کرنا.....الحية السم في انيابها: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا.....لفلان شرًا: دل میں چھپانا..... الميت: میت کو دفن کرنا.....العطش: پیاس کا بجھنا۔
انتقع النقيعة: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا.....الغوم نقيعة: تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔
انتقع لونه: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔
استنقع الصوت: آواز بلند ہونا.....الماء: پانی کا زرد اور متغیر ہونا.....فلانٌ في النهر: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے دیر تک ٹھہرنا.....الماءُ في الغدير: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔
استنقع لونه: رنگ بدل جانا.....الشيء في الماء: بھگو یا جانا۔

النافع: فا۔ سم نافع: زہر قاتل۔ دواء نافع: مفید دوا۔ دم نافع: تازہ خون۔
النقع: مص۔ جمع شدہ پانی ج انقع۔
النقع: غبار۔ ج نقاع ونقوع۔
والنقع: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔
النقاة: سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ ج نقاع وانقع۔ نقع البئر: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔
النقاع: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔
النقاعة: پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔
النقعاء: نرم وہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نقاع۔
النقاع: اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعویٰ کرنے والے جو اس کے اندر نہ ہوں۔
النقوع: رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ نقوع أذن" فلاں ہر چیز تسلیم کر لیتا ہے۔
النقيع: خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج انقعة: جمع۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔ دواء نقيع: مفید دوا۔
النقيعة: کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کے لئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لئے ذبح کیا جائے۔ ج نقائع اور اسی سے ہے "الناس نقائع الموت" یعنی موت نے لوگوں کو ذبح کر دیا۔
الانقع: اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا اور اسی سے مثال ہے "الرشف انقع" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کے لئے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔
الانقعة: ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہہ کر آئے

"انقوعة المزاب" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔
المنتقع: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔
المنقع: سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مناقع۔
المنقع: برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔
المنقع: مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پئیں۔ سم منقع: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ منقعٌ" فلاں کی رانے سے تسلی ہوتی ہے۔
المنقع: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔
المنقعة: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (..... والمنقعة) بمعنی منقع:
نقف (ن) نقفاها مة الرجل: کھوپڑی توڑ دینا.....فلانًا: ہلکی ضرب مارنا.....الفوخ البيضة: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الرمانة: انار چھیل کر دانے نکالنا..... الحنظل ونحوه: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعولی منقف ومنقوف.....
الشراب: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا .....عن الشيء: کھود کر پد کرنا۔ نقفه بظفره: ناخن سے مارنا۔
ناقفه مناقفة نقافًا: سر پر تلوار مارنا۔
انقف الجراد الوادي: انڈوں سے بھر دینا .....فلانًا العظم: ہڈی سے مغز نکالنے کے لئے دینا (..... ونقف الحنظل) دانہ نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔
انتقف الشيء: نکالنا.....الحنظل: دانہ نکالنے کے لئے اندرائن کو توڑنا۔
رجل نقاف: دوراندیش مرد۔ کہا جاتا ہے

ہے "نَقَمَ فُلَانٌ وِتْرَهٗ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (.....نَقْمًا) الشَّیْءَ: جلدی کھانا۔
نَقْمٌ تَنْقِیْمًا: بہت زیادہ مکروہ جاننا۔
اِنْتَقَمَ مِنْهُ: سزا دینا۔
النِّقْم: مص۔ راستہ کا وسط۔
النِّقْمَة والنِّقْمَة والنِّقْمَة اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ ونِقْمٌ ونِقَمَاتٌ۔
النَّقِیْمَة: بدل ہے نَفِیْسَة سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَیْمُوْنُ النَّقِیْمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔
لَفْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرٹر کرنا۔ نَقْنَقَ الْعَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
النُّقْنُق: نرشتر مرغ۔ ج نَقَانِق۔
نَقَهَ (ف) نُقُوْهًا ونَقِهَ (س) نَقَهًا. فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ (..... نَقَهًا ونُقُوْهًا ونَقَهَانًا) الْحَدِیْثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ ونَاقِهٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَنْقَهُ وَلَا یُنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔
اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے عافیت دینا..... فُلَانًا الْحَدِیْثَ: سمجھانا اور کہا جاتا ہے "اَنْقِهْ لِیْ سَمْعَكَ" یعنی میری طرف کان لگا۔
اِنْتَقَهَ مِنَ الْحَدِیْثِ: تسلی پانا..... مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔
اِسْتَنْقَهَ: پوچھنا..... الْحَدِیْثَ: سمجھنا۔
النُّقْهَة. نَقْهَة: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ فِیْ كُلِّ عَامٍ مَرْضَةٌ ونَقْهَةٌ" اس کے لئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔
نَقَا یَنْقُوْ نَقْوًا. الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِیَ یَنْقَی نَقَاوَةً ونَقَاءً ونَقَاءَةً ونَقَاوَةً ونَقَانِیَةً: صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِیٌّ۔
نَقَّاهُ تَنْقِیَةً وانْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً: صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّى وانْتَقَى الطَّعَامَ: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ اَنْقَى الْبُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔ اَنْقَتِ الْاِبِلُ وَغَیْرُهَا: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِیَةٌ ج مُنْقِیَاتٌ. وانْقَى الْعُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا۔
اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً: چننا۔ اِنْتَقَى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقَّاهُ تَنْقِیَةً: چننا۔ نُقِّیَ الْعُظْمُ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نُقَاوَةُ الشَّیْءِ ونُفَاوَتُهٗ ونُقَابَتُهٗ ونُقَانَتُهٗ: عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُفَاوَةٌ کی جمع نُقَاوَى و نُقَاءٌ اور نُقَانَةٌ کی جمع نُقَایَا ونُقَاءٌ.
نَقَدَةُ الطَّعَامِ ونُقَاتُهٗ ونُقَایَتُهٗ ونُقَایَتُهٗ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النَّقَاةُ: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اگے۔
النُّقَاوَةُ: ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نَقَاوِیُّ.
النَّقَا: ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنی نَقَوَانِ ونَقَیَانِ ج اَنْقَاءٌ ونُقِیٌّ ونُقْیَانٌ. بنات النَّقَا: ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمَةُ النَّقَا بھی کہا جاتا ہے۔
النَّقَا والنَّقْوُ والنِّقْوُ: گودے دار ہڈی ج اَنْقَاءٌ.
النَّقْوَةُ: چیز کا عمدہ حصہ۔
النِّقَةُ: ثقہ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثِقَةٌ نِقَةٌ" اور اس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔
النَّقِیُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ وأَنْقِیَاءٌ ونُقَوَاءٌ.
الْأَنْقَى: اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوَى. رَجُلٌ أَنْقَى: باریک ہڈیوں والا مرد۔ مؤنث نُقْوَاءُ فَخِذٌ نَقْوَاءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔
نَقِیَ یَنْقَی نَقْیًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَفِیَ یَنْفَاهُ نُفَاءً: ملاقات کرنا۔
النِّقْیُ: ہڈی کا مغز۔ موٹائی کی وجہ سے آنکھ کی چربی۔ ج أَنْقَاءٌ.
النَّقِیَّة: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَقِیَّةَ حَقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا۔
النَّقِیُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ وأَنْقِیَاءٌ ونُقَوَاءٌ.
النَّقِیَّة. النَّقِیُّ: کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نَقَایَا.
الْمُنَقِّیُ والْمُنَقِّی: راستہ۔
نَکَبَ (ن) نَکْبًا. عَلَى الْغَرِیْمِ: قرض دار پر سختی برتنا..... الْعَمَلَ: درست کرنا۔
نَکَأَ (ف) نَکْبَ الْقَرْحَةَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا..... الْعَدُوَّ وفِی الْعَدُوِّ: قتل وخونریزی کرنا..... فُلَانًا حَقَّهٗ: کسی کا حق پورا کرنا۔
اِنْتَکَأَ اِنْتِکَاءً حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُكَاةُ نُكَاةٍ" وہ ماہو جب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔
نَکَبَ (ن) نَکْبًا ونُکُوْبًا عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (..... نَکْبًا) الشَّیْءَ وبِهٖ: ڈال دینا۔ الْإِنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا..... الْكِنَانَةَ: ترکش سے سب کچھ نکھیر دینا۔ نَکَبَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (..... نَکْبًا ونَکَبًا) الدَّهْرُ فُلَانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَکَبَتْ نُکُوْبًا الرِّیْحُ: ہوا کا بے رخ چلنا۔
نَکَبَ (ن) نِکَابَةً ونُکُوْبًا فُلَانٌ عَنْ قَوْمِهٖ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔
نَکِبَ (س) نَکَبًا عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹ جانا..... الْبَعِیْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب) ..... الرَّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔
نُکِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔
نَکَّبَ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹ جانا' الگ ہونا..... الشَّیْءَ: الگ کرنا اور کہا جاتا ہے "نَکَّبَهُ الطَّرِیْقَ و نَکَّبَ بِهِ الطَّرِیْقَ ونَکَّبَ بِهٖ عَنِ الطَّرِیْقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

کام میں پڑ گئے۔ "وَهُوَ ذُوْ نَكِنَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نکائب۔

النَّگاث: بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ مُنْتَكِثٌ" لاغر و دبلا اونٹ۔

نَكَحَ (ف ض) نِكَاحًا ونَكْحًا المَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَكَحَتِ المَرْأَةُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاكِحٌ ونَاكِحَةٌ. نَكَحَ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا..... الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا..... النُّعَاسُ عَيْنَهُ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔ أَنْكَحَهُ المَرْأَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاكَحُوْا: ایک دوسرے سے شادی کرنا۔ تَنَاكَحَتِ الأَشْجَارُ: درختوں میں آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْكَحَ الرَّجُلُ المَرْأَةَ: شادی کرنا۔

فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ: نکاح کرنا..... النَّوْمُ عُيُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

النَّكِيْحُ: سخت پرہیزگار (عامی لفظ)

المَنَاكِح: عورتیں۔

نَكَخَ (ن) نَكْخًا فُلَانًا فِي حَلْقِهِ: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَكَدَ (ن) نَكْدًا فُلَانًا حَاجَتَهُ: محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَكَدَ الغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا..... القَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نَكِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَكِدَ (س) نَكَدًا العَيْشُ: تنگ ہونا..... الرَّجُلُ: تنگ گزارن والا ہونا۔ نَكِدَتِ البِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَكَّدَ عَيْشَهُ: زندگی کو تنگ بنا دینا..... فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاكَدَهُ: سختی برتنا۔

أَنْكَدَهُ: کم داد و دہش والا پانا۔

نَكَّدَ عَيْشُهُ: مکدر ہونا۔

تَنَاكَدَ: باہم سختی برتنا۔

النَّاكِد: فَاعِلٌ نَاقَةٌ نَاكِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی وہ اونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُكَّدٌ..... رَجُلٌ نَكِدٌ ونَكَدٌ ونَكُدٌ: دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج أَنْكَادٌ ومَنَاكِيْد.

أَرْضُوْنَ يِكَادٌ: کم نباتات والی زمین۔

النُّكُدُ: بے دودھ والی اونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد نَكُدَاءُ.

النُّكْد والنَّكَد: کم داد و دہش۔ مَاءٌ نُكُدٌ: کم پانی۔

الأَنْكَد: مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نُكْدَاءُ ج نُكْدٌ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْكِدًا" وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔

عَطَاءٌ مُنْكَدٌ ومَنْكُوْدٌ: تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مُنْكُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

نَكِرَ (س) نُكْرًا ونُكُرًا ونُكُوْرًا ونَكَرًا الأَمْرَ: ناواقف ہونا..... الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔

نَكُرَ (ک) نَكَارَةً الأَمْرُ: دشوار ہونا۔

نَكَّرَهُ: دگرگوں کر دینا۔ نَكَّرَ الاِسْمَ: نکرہ بنانا۔

نَاكَرَهُ مُنَاكَرَةً: مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔

أَنْكَرَهُ: جاہل ہونا۔ أَنْكَرَ حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا۔ أَنْكَرَ عَلَيْهِ فِعْلَهُ: عیب لگانا اور منع کرنا۔

تَنَكَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا، دگرگوں ہونا..... فُلَانٌ: بدخلق ہونا..... لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔

تَنَاكَرَ: دانستہ ناواقف بننا..... الأَمْرَ: ناواقف ہونا..... القَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔

اِسْتَنْكَرَ الأَمْرَ: ناواقف ہونا..... أَمْرًا بِجَهْلِهِ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔

النُّكَارَة: مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔

النُّكْر: مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔

النُّكُر: مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ بُرا کام۔ بہت بُرا کام۔

رَجُلٌ نِكْرٌ ونُكْرٌ ونُكُرٌ: چالاک تیز فہم۔ ج أَنْكَار. اِمْرَأَةٌ نُكْرٌ: چالاک و سمجھدار عورت۔

النُّكُر: ناشناختہ۔ سخت کام۔

النُّكْرَاء: چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نُكْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَأَصَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نُكْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔

نُكْرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔

النُّكْرَة: انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نُكَرَات.

النَّكْرَة: اسم ہے انکار کا جیسے نَفْقَةٌ اِنْفَاقٌ کا۔

النَّكِيْر: دگرگونی۔ اَمْرٌ نَكِيْرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَكِيْرٌ: مضبوط قلعہ۔

المُنْكَر: مفع۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْكَرَات و مَنَاكِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْكَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْكَرُوْنَ ومَنَاكِيْر.

المَنْكُوْر: مفع۔ مجہول۔ ج مَنَاكِيْر.

المَنَاكِيْر: خلاف مرضی خدا اُمور۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ مَنَاكِيْرَ وَالمُنْكَرَاتِ" یعنی وہ لوگ اُمورِ غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔

المُنْكَر عِنْدَ النُّحَاةِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔

نَكَزَتْ (ن) نَكْزًا الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا..... فُلَانًا: مار کر ہٹانا..... الشَّيْءُ: چبھونا..... الدَّابَّةُ بِعَقِبِهِ: ایڑ لگا کر بھاگنا (..... نَكْزًا ونُكُوْزًا) المَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا..... البَحْرُ: خشک ہونا..... البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔

نَكِزَتْ (س) نَكَزًا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَكِزَ البَحْرُ: سوکھنا۔

النُّكع: سرخ رنگ۔ مرد سیاہ۔ سرخی مائل۔
نَكَعَةُ الْأَنف: ناک کا کنارہ۔
النُّكَعَة: مرد سرخ فام جس کی ناک چپل گئی ہو۔ بے وقوف کہ جب کہیں بیٹھ جاؤ تو ٹلے نہیں۔
النُّكَعَة: ناک کا کنارہ۔ ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل۔ درخت قتاد کا گوند۔ مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی۔
الْأَنْكَعُ: مرد سرخ فام جس کی ناک چپل گئی ہو۔
الْمُنْكَعُ: پیچھے کو لوٹنے والا۔ أَنْف مُنْكَعٌ: چپٹی ناک۔
نَكَفَ (ن) نَكْفًا عَنْ كَذَا: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ الگ ہونا۔ صفت نَاكِف۔
فُلَانٌ الْغَيْثُ: بارش منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا غَيْثٌ لَا يَنْكُفُهُ أَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَيْثٌ لَا يَنْكَفُّ" منقطع نہ ہونے والی بارش "وَهٰذَا جَيْشٌ أَوْ بَحْرٌ لَا يَنْكَفُّ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے۔ نَكَفَ الدَّمْعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔
نَكِفَ (س) نَكَفًا مِنْهُ أَوْ عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَكِفَتِ الْبَلْدُ: دور دراز سیدہ ہونا..... الرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔
نَاكَفَهُ الْكَلَامَ مُنَاكَفَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
أَنْكَفَهُ: ننگ و عار سے پاک کرنا۔ أَنْكَفَ اللّٰهَ: تنزیہ و تقدیس کرنا۔
نُكِفَتِ الْإِبِلُ: اونٹ کی ٹھڈی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔
تَنَاكَفُوا الْكَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔
اِنْكَفَّ الْغَيْثُ: منقطع کرنا..... الْقَوْمُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا..... إِلَيْهِ:

مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْكَفَّتْ لَهُ فَضَرَبْتُهُ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا..... الْحَبْلُ: رسی کا ادھڑنا..... الرَّجُلُ: بیزار ہونا..... الْعَرَقُ عَنْ جَبِينِهِ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔
اِنْتَنْكَفَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا..... مِنْ كَذَا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا.....
النُّكَاف: اونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔
النُّكَاف: بچوں کے جبڑے کے نیچے غدود کا پھول جانا۔
النَّكَف: مص۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نَكَفَةٌ.
رَجُلٌ نَكِفٌ: مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔
النَّكَفَان والنَّكَفَان: داڑھی۔ بچے کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نَكَفَات.
النَّكَفَة: کان کا درد۔
الْمَنْكُوف: مفع۔ نکاف زدہ اونٹ (دیکھئے نُكاف)
نَكَلَ (ض ن) نُكُولًا ونَكَلَ (س) نَكْلًا عَنْ كَذَا او مِنْ كَذَا: پیچھے ہٹنا اور بزدل کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَكَلَ عَنِ الْعَدُوِّ وعَنِ الْيَمِينِ وعَنِ الْجَوَابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا۔
نَكَّلَ (ن) نَكْلَةً بِفُلَانٍ: عبرتناک سزا دینا۔
نَكِلَ (س) نَكَلًا: سزا قبول کرنا۔
نَكَّلَ بِهِ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔
نَكَلَهُ عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔
اَلنَّكْلَهُ عَنْهُ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
النَّاكِل: فا۔ بزدل کمزور۔
النَّكَال: عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔
النِّكْل: مضبوط بیڑی۔ ج أَنْكَال ونُكُول: لگام کا لوہا۔ مہار "فُلَانٌ نِكْلُ شَرٍّ" فلاں برائی کے لئے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لئے تازیانہ ہے۔
النَّكْل: قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَكْلُ شَرٍّ" فلاں دشمنوں کے لئے تازیانہ ہے۔
النُّكْلَة: عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِنُكْلَةٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔
المُنْكِل: عبرتناک سزا۔
المِنْكَل: سزا دینے کا سامان۔
النَّكْمَة: سخت مصیبت۔
نَكْنَكَ نَكْنَكَةً الْأَمْرَ: درست کرنا..... عَلٰى عَرِيمِهِ: سختی کرنا۔
نَكَهَ (ف ض) نَكْهًا لِفُلَانٍ وعَلَيْهِ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نَكَهَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔
نَكِهَهُ ونَكَهَهُ (س ف) نَكْهًا: کسی کا منہ سونگھنا۔
نُكِهَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بو کا بدل جانا۔
اِسْتَنْكَهَهُ: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْكَهْتُ الرَّجُلَ فَنَكَهَ فِيَّ وَجْهِيْ" میں نے مرد کے منہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا۔
النَّكْهَة، نَكَهَة: کا اسم مرۃ۔ منہ کی بو۔
نَكَى يَنْكِي نِكَايَةً الْعَدُوَّ وفِي الْعَدُوِّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعل نَاكٍ اور صفت مفعولی مَنْكِيٌّ.....
الْقَرْحَة: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔
نَكِيَ يَنْكَى نَكًى: شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔
النُّكْل: کمزور بڈھا۔
نَمَّ (ن ض) نَمًّا الْحَدِيثَ: چغل خوری کرنا..... الْحَدِيثُ: ظاہر ہونا..... بَيْنَ النَّاسِ: بھڑکانا..... الْكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا

النَّمَّاسُ: چغل خور۔
الأَنْمَسُ: مثیلا۔ مؤنث نَمْسَاءُ. ج نُمْس.
المُنَامِسُ: چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔
نَمْسَةُ: ملک آسٹریا (دخیل)
نَمْسَاوِيُّ: آسٹریا کا باشندہ (دخیل)
نَمَشَ (ن) نَمْشًا: چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا..... الكَلَامَ: جھوٹی بات بنانا
..... الجَرَادُ الأَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا۔ مِنَ الأَرْضِ: بے ہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔
نَمْشَهُ (ض) نَمْشًا: منقش کرنا۔
نَمِشَ (س) نَمَشًا: داغ دار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنْمَشُ ونَمِش.
نَمَّشَ فِي أُذُنِهِ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔
اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔
النَّمْش: مفس۔ چکنی چپڑی گفتگو۔
النَّمَش: مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش ونگار کے خطوط۔
النَّمِش: داغ دار۔ دھاری دار۔ سَيْفٌ نَمِشٌ: دھاری دار تلوار۔ وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ۔
الأَنْمَش: داغ دار۔ مؤنث نَمْشَاء. ج نُمْش غنز نَمْشَاء: داغ دار بکری۔
رَجُلٌ مُنْمِشٌ: فساد آمیز مرد۔
نَمَصَ (ن) نَمْصًا. الشَّعْرَ و النَّبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔
نَمْصَ تَنْمِيصًا وَنَمَاصًا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
اَنْمَصَ النَّبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا۔
تَنَمَّصَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا..... المَرْأَةُ: اکھیڑنے کے لئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔
النِّمَاص: سوئی کا دھاگا۔
النُّمَاص: مہیتہ۔ ج نُمُصٌ وأَنْمِصَةٌ.
النَّمَص: روئیں کی طرح نرم وملائم بال۔ چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں۔
النَّمِيص: اکھیڑا ہوا..... مِنَ النَّبْتِ: وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔
المِنْمَص والمِنْمَاص: موچنا۔
نَمَّطَ تَنْمِيطًا بِفُلَانٍ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: راہنمائی کرنا۔
اَنْمَطَ لَهُ العَطَاءَ: کم دینا۔
النَّمَط: ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ نَمَطِ هٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَا عِنْدَهُ نَمَطٌ مِنَ العِلْمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔
النَّمَط: ایک قسم کا اُدنی کیڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنْمَاط ونِمَاط اور نسبت کے لئے اَنْمَاطِيٌّ ونَمَطِيٌّ. النَّمَط: لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔
الأَنْمَط: طریقہ۔
النَّمْغَة: پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
النَّمَّاغَة: سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔
نَمَقَ (ن). نَمَقًا عَيْنَ فُلَانٍ: آنکھ پر طمانچہ مارنا..... الكِتَابَ: لکھنا۔
نَمَّقَ الكِتَابَ: کتاب کو خوبصورت لکھنا..... الجِلْدَ: کھال کو منقش کرنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔
النَّمَق: کتاب۔ نَمَقُ الطَّرِيقِ: راستہ کا وسط۔
النَّمَقَة: بدبو۔
ثَوْبٌ نَمِيقٌ ومُنَمَّقٌ: منقوش کپڑا۔ وَغْدٌ او قَوْلٌ مُنَمَّقٌ: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔
نَمَلَ (ن) نَمْلاً ونَمِلَ (س) نَمَلاً و اَنْمَلَ: چغل خوری کرنا۔ نَمَلَ ونَمِلَ فِي الشَّجَرِ: درخت پر چڑھنا۔
نُمِلَتْ (س) نَمَلاً يَدُهُ: ہاتھ کا سُن ہونا۔
تَنَمَّلَ القَوْمُ: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
النَّامِل: قا۔ چغل خور۔
النَّامِلَة. النَّامِل: کا مؤنث عام راستہ۔
النَّمْل والنَّمْل: چیونٹی۔ واحد نَمْلَةٌ ونَمْلَةٌ (مذکر ومؤنث) ج نِمَال. النَّمْل: پہلو کی پھنسیاں۔
النَّمِل: چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَمِلٌ و اَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ القَوَائِمِ" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الأَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔
النَّمْلَة: جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔
النَّمْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذُو نَمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النَّمْلَة: تثلیث النُّون: چغل خوری۔
النَّمْلَانُ: کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔
النَّمَّال: چغل خور۔
النَّمِيلَة: چغل خوری۔
الأَنْمَلَة. تع لغات بتثليث الهمزة والميم: سرانگشت اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج اَنَامِل وأَنْمِلات (بتثليث الحرفين)
النَّمْلِي والمُنَمَّلَة مِنَ النِّسَاءِ: ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔

جگہ۔
المَنْهُوب: مفع۔ فوری مطلوب۔
النَّهَابِر والنَّهَابِير: ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کی بلند جگہیں اور بقول بعض ٹیلوں کے درمیان گڑھے۔ واحد نَهْبَرَة ونُهْبُور ونُهْبُورَة۔ النَّهابِر: جہنم اور کہا جاتا ہے "غَشِيَ بِهِ النَّهَابِيرُ" اس نے اس کو سخت کام پر برانگیختہ کیا۔
النَّهْبَرَة: لمبی لاغر عورت یا قریب بہ ہلاکت۔
النُّهْبُوغ: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک قسم کی لمبی تیز رفتار کشتی جس کو دونج بھی کہتے ہیں۔ جو معرب ہے دونی کا۔
نَهِلَ. الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا اور لنگڑے بچو کی طرح چلنا۔
النَّهِل: عمر رسیدہ۔ کہا جاتا ہے "شَيْخٌ نَهِلٌ وعَجُوزٌ نَهِلَةٌ" عمر رسیدہ بڈھا۔ عمر رسیدہ بڑھیا۔
النَّهْلَة: گرانباری کی چال۔ موٹی اونٹنی۔
نَهِتَ (ض) نَهِيتًا ونَهِيًا الأَسَدُ او الحِمَارُ او الرَّجُلُ: شیر کا گونجنا۔ گدھے کا رینکنا۔ مرد کا آواز کرنا۔ نالہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ يَنْهِتُ كَمَا يَنْهِتُ الفَرَدُ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اس طرح آواز نکال رہا تھا جیسے بندر نکالتا ہے۔
النَّاهِت: فا۔ حلق۔
النَّهَّات: رینکنے والا (..... والمُنْهِت) شیر۔
نَهَرَ فُلَانٌ عَلَيْنَا: جھوٹ باندھنا۔
نَهَجَ (ض) ونَهِجَ (س) نَهَجًا الرَّجُلُ: ہانپنا۔ دمہ والا ہونا۔
نَهَجَ (ف ن) نَهْجًا الثَّوْبُ: کپڑے کو بوسیدہ ہونا۔ صفت نَهِج۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا۔ بوسیدہ کرنا..... الأَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا..... الطَّرِيقَ: راستہ میں چلنا۔
نَهَجَ (ف) نَهْجًا ونُهُوجًا الطَّرِيقُ او الأَمْرُ: راستہ کا یا معاملہ کا واضح ہونا۔
انْهَجَ الطَّرِيقَ او الأَمْرَ: راستہ یا معاملہ کا واضح ہونا ظاہر ہونا..... الطَّرِيقُ او الأَمْرُ: راستہ یا معاملہ کو واضح کرنا۔ ظاہر کرنا..... الدَّابَّةَ: چوپایہ پر سوار ہو کر سانس چڑھانا..... فُلَانًا: سانس چڑھانا..... الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا بوسیدہ کرنا..... الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا یا کہنگی شروع ہونا۔
اِنْتَهَجَ الرَّجُلُ: چلنا اور بقول بعض واضح راستہ تلاش کرنا..... الطَّرِيقَ: راستہ کو ظاہر کرنا۔
اِسْتَنْهَجَ. الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح ہونا۔ فُلَانٌ سَبِيلَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔
طَرِيقٌ نَاهِجَةٌ: واضح راستہ۔
النَّهْج: مص۔ واضح راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ نَهْجٌ وطُرُقٌ نَهْجَةٌ ونُهَجَاتٌ ونُهُجٌ ونُهُوجٌ"۔
نُهُجُ البَلَاغَة: بلاغت کے واضح طریقے۔ ایک کتاب کا نام جس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے خطبات، اقوال، مکاتیب، نصائح جمع کیے گئے ہیں۔
النَّهْج والنَّهِيج: ہانپنا۔
المَنْهَج والمِنْهَج والمِنْهَاج: کشادہ راستہ۔ ج مَنَاهِج۔
المُنْهَج: جلدی بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔
نَهَدَ (ف ن) نُهُودًا الثَّدْيُ: پستان کا ابھرنا نَهَدَتِ المَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت نَاهِدٌ ونَاهِدَةٌ..... القِرْبَةُ: مشک کا بھرنے کے قریب ہونا (..... نَهْدًا ونُهُودًا) لِلْعَدُوِّ وإِلَى العَدُوِّ: دشمن پر جلدی حملہ کرنا..... الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا۔
نَهَدَ (ف) نَهْدًا: اٹھنا..... إِلَيْهِ: کھڑا ہونا۔ جیسے دَخَلَ المَسْجِدَ فَنَهَدَ النَّاسُ لِيَسْأَلُوهُ" یعنی وہ مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کھڑے ہو کر اس سے پوچھنے لگے۔
نَهَدَ (ک) نَهَادَةَ الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔
نَهُدَتِ المَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا۔ صفت مُنْهِدٌ۔
نَاهَدَهُ مُنَاهَدَةً: لڑائی میں کسی کا مقابلہ کرنا۔
انْهَدَ العَطِيَّةَ: عطیہ کو بڑھانا..... الحَوْضَ او الإِنَاءَ: حوض یا برتن کو بھرنا یہاں تک کہ چھلکنے لگے۔ انْهَدَتِ المَرْأَةُ: ابھرے ہوئے پستان والی ہونا..... فُلَانًا: ابھارنا۔
تَنَهَّدَ الرَّجُلُ: ٹھنڈی سانس لینا۔
تَنَاهَدَ القَوْمُ: برابر برابر نفقہ نکالنا تاکہ اس سے مشترک طور پر غلہ خریدیں اور جو نفقہ نکالا جائے اس کو النِّهد کہتے ہیں۔ تَنَاهَدَ القَوْمُ الشَّيْءَ: آپس میں لین دین کرنا۔ تَنَاهَدُوا فِي الحَرْبِ: لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَنْهَدَهُ: لڑائی میں اٹھنے کے لئے بلانا۔
النَّاهِد: فا۔ ج نُهَّدٌ ونُهَّدٌ: ابھرے ہوئے پستان والی عورت۔ ج نَوَاهِد.
النَّاهِد: شیر۔ غُلَامٌ نَاهِدٌ: قریب البلوغ لڑکا۔
النُّهَادُ: مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَادُ مِائَةٍ" یہ مقدار سو کے ہے۔
النَّهْد: مص۔ بلند چیز۔ شیر۔ کریم۔ عمدہ مضبوط گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج نُهُود.
النِّهْد: نفقہ جو شرکاء سفر برابر نکالیں۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَ نِهْدَهُ مَعَ القَوْمِ" یعنی اس نے ان کی مدد کی۔
النُّهَادَاءُ: ریت کا بلند ٹیلہ۔
حَوْضٌ او إِنَاءٌ نَهْدَانُ: بھرا ہوا حوض یا برتن جو ابھی چھلکتا نہ ہو۔
النَّهِد: گاڑھا مسکہ۔
النَّهِيدَة: گاڑھا مسکہ۔ ایک قسم کا کھانا جو اندرائن کے بیج کے مغز کو آٹے سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
المَنْهُودُ إِلَيْهِ: جس کا قصد کیا جائے جس کی طرف اٹھا جائے۔
المُنَاهَدَة: مص۔ جھگڑا کرنا۔
نَهَرَ (ف) نَهْرًا الدَّمُ: خون کا زور سے بہنا

النَّهْشُ: بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیئے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔
نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا: اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا.....
الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهْشَةُ الدَّهْرِ: مشقت میں ڈالنا۔
نُهِشْتُ وانْتُهِشْتُ اَعْضُوْنًا: لاغر ہونا۔
النَّهَاوِش: مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الدِّيْنِ او القَوَائِمِ" وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
المَنْهُوْش: مفع۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔
نُهْشُلُ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا..... فُلَانًا: دانت سے کاٹنا..... الشَّيْءَ: سخت بھوکے کی مانند کھانا۔
النَّهْشَل: بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڈھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ.
نَهَضَ (ف) نَهْضًا ونُهُوْضًا: کھڑا ہونا..... عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا..... اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا..... النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا..... لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے بازو پھیلانا (..... نَهْضًا) فُلَانًا: ظلم کرنا..... الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً: مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهُ: اٹھانا۔ کھڑا کرنے کے لئے ہلانا۔
اَنْهَضَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا..... القِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اِنْهَضَهُ بِالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوْا فِي الحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ: کھڑا ہونا..... فُلَانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا..... القَوْمُ: مقاتلہ کے لئے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کے لئے اٹھنے کو کہنا۔
النَّاهِض: فا۔ اڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کرگزرنے والا۔ "ومَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِض.
النَّوَاهِض: بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
النَّهَاض مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاض: جلدی۔
النَّهَض: مص..... مِنَ البَعِيْرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُض. النَّهْض: ظلم وزبردستی۔ سخت زمین۔
النَّهْضَة. نَهَض: کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاض کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلَى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيْرُ النَّهَضَانِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
النَّهَّاض: بہت اٹھنے والا۔ گلا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
النَّهْضَل: عمر رسیدہ ادی یا گدھ یا باز۔
نَهَطَهُ (ف) نَهْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوْعًا: قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف ن ض) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔ نَهِقَ (ف) ونَهِقَ (س) نَهْقًا ونَهِيْقًا ونُهَاقًا وتَنْهَاقًا الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِقٌ.
تَنَاهَقَ الحُمُر: گدھوں کا رینکنا۔
النَّاهِقَان: کھردار جانور کے جبڑے کی دو اُبھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّوَاهِق بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الحِمَارِ ونَوَاهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِق اُن کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَهِقَةٌ.
النَّهَق: مص۔ پرندہ کی ایک قسم (..... والنَّهِق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهِقَةٌ وغَهِقَةٌ.
نَهَكَهُ (ف) نَهْكًا ونَهَاكَةً: غالب ہونا۔
نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا..... مِنَ الطَّعَامِ وفِيْهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا..... عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا..... الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا..... نَهَكَتِ الإِبِلُ مَاءَ الحَوْضِ: سارا پی جانا..... الحُمَّى فُلَانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا..... الشَّرَابُ فُلَانًا: دبلا کرنا۔
نَهِكَهُ (س) نَهْكًا ونَهَكَهُ: سخت سزا دینا (..... نَهْكًا ونَهَكًا ونَهَكَهُ ونَهَاكَةً) الحُمَّى فُلَانًا: لاغر و دبلا کرنا (..... نَهْكًا) فُلَانٌ الشَّرَابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهْكًا: لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوْك.
نَهُكَ (ک) نَهَاكَةً: دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ: سخت سزا دینا۔
الوَذْرَةُ مِنَ اللَّحْمِ: چھوٹا ٹکڑا ج وَذَرٌ
وَذَرُ الوَذْرَتَانِ: دو ہونٹ۔
الوَذِرَةُ: بہت گوشت والا بازو۔ بدبودار عورت اور بقول بعض موٹے ہونٹ والی عورت۔
الوَذَارَةُ: درزی کے کپڑوں کا کاٹ چھانٹ۔
وَذَعَ يَذَعُ وَذْعًا الماءُ: پانی بہنا۔
الوَاذِع: فا۔ چشمہ۔ سنگلاخ پر بہنے والا پانی۔
وَذَفَ يَذِفُ وَذْفًا الشَّحْمُ وَغَيْرُهُ: چربی بہنا۔ (..... وَذَفًا ووذَفَانًا ووَذَفَ وتَوَذَّفَ) اکڑتے ہوئے ناز سے چلنا۔
تَوَذَّلَ القَوْمُ مِنَ الجَزُورِ: گوشت کا ٹکڑا لینا۔
امْرَأَةٌ وَذِلَةٌ وذَلَةٌ: چست وچالاک اور اچھے قد والی عورت۔
الوَذَالَةُ: گوشت کا ٹکڑا جس کو قصائی تقسیم سے پہلے جدا کر دے۔
الوَذِيلَةُ: صیقل کیا ہوا چاندی کا ٹکڑا۔ آئینہ ج وَذِيلٌ ووُذَانِل. الوُذَيْلَةُ: کوہان یا ران کے گوشت کا ٹکڑا..... مِنَ النِّسَاءِ: اچھے قد والی عورت۔
وَذِمَتْ تَوْذَمُ وَذَمًا الذَّلْوُ: ڈول کا تسمہ ٹوٹنا۔ صفت وذِمَةٌ..... الوَذَمُ نَفْسُهُ: خود تسمہ ٹوٹنا۔
وَذَمَهُ: کاٹنا۔ وَذَمَ الكَلْبَ: کتے کے گلے میں پٹہ ڈالنا..... عَلَى الخَمْسِينَ: زیادہ ہونا..... السِّتِّينَ: واجب کرنا الذَّلْوَ: ڈول کا تسمہ بنانا أَوْذَمَ الذَّلْوَ: ڈول میں تسمہ باندھنا یا تسمہ بنانا..... النَّذْرَ: نذر واجب کرنا..... عَلَى الخَمْسِينَ: زیادہ ہونا۔
الوَذَم: مص۔ زیادتی۔ مَسَّهُ ج وُذُوم وأَوْذَام وأَوْذُم وج أَوَاذِم. الوَذَمُ: ڈول کا تسمہ۔ واحد وَذَمَة.
امْرَأَةٌ وَذْمَاءُ: باریک عورت اور ایسا ہی فَرَسٌ وَذْمَاء.
الوَذَمَة: اوجھ وآنتیں۔ ج وِذَام.
الوَذِيمَة: مال جو فی سبیل اللہ دیا جائے۔
وَذِيمَةُ الكَلْبِ: کتے کے گلے کا پٹہ ج وَذَائِم.
تَوَذَّنَهُ تَوَذُّنًا: پھیرنا۔ تَوَذَّنَ الشَّيْءُ فُلَانًا: عمدہ معلوم ہونا۔ پسند آنا۔
وَذُوذَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الذِّئْبُ يُوَذْوِذُ" بھیڑیا دوڑتا ہوا گزرا۔
رَجُلٌ وَذْوَاذٌ: تیز رفتار مرد۔
وَذَى يَذِي وَذْيًا وَجْهَهُ: چہرہ پر خراش لگانا۔
الوَذَاة: زخم بختی کا سبب۔
الوَذْبَة: اسم مرۃ۔ درد۔ مرض۔ عیب۔ تھوڑا پانی۔
الوَرْأَة: زمین کا گڑھا..... والوَرَّ) سرین۔
وَرَأَ يَرَأُ ويَوْرَأُ وَرْأً الشَّيْءَ: دفع کرنا..... مِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا وُرِئْتُ وَمَا أُورِئْتُ وَمَا وُرِئْتُ بِهِ" میں نے اس کو نہیں جانا۔
تَوَرَّأَتْ عَلَيْهِ الأَرْضُ: گر کر ہموار کرنا۔
الوَرَاء: پوتا۔ وَرَاءُ الإِنْسَانِ: پیچھے۔ اور کبھی آگے کے معنی میں آتا ہے۔ مذکر ومؤنث ہے اور اس کی تصغیر وُرَيْئَةٌ وذُرَيْءَةٌ: ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وُرَيْئَةُ الحَائِطِ او ذُرَيْئَتُهُ" وہ دیوار کے پیچھے ہے۔ یہ کلمہ ظرف مکان ہے اور سوئی کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے مَا ابْتَغِي وَرَاءَ ذَلِكَ: جو شخص اس کے سوا طلب کرے۔
وَرِبَ يَوْرَبُ وَرَبًا العِرْقُ: خراب ہونا۔ صفت وَرِبٌ.
وَرَّبَ عَنِ الشَّيْءِ: معارضات سے توریہ کرنا۔
وَارَبَ وِرَابًا ومُوَارَبَةً الرَّجُلَ: فریب دینا۔ مکاری کرنا۔
الوَرَبُ: جنگلی جانوروں کا بھٹ۔ چوہے یا بچھو کے سوراخ کا دہانہ۔ دو بسلیوں کا درمیانی حصہ۔ عضو۔ انگوٹھا اور انگشت شہادت کا درمیانی حصہ کھولنے کی حالت میں۔ چوتڑ۔ ج أَوْرَاب.
الوَرْب. الوَرْب: ایک میں لغت ہے بمعنی عضو۔
الوَرِبَة: چوتڑ۔ کوکھ کا گڑھا۔
الوِرَاب: جھکاؤ۔ پیچیدگی۔
وَرِثَ يَرِثُ وِرْثًا ووَرْثًا وَارِثًا وإِرْثَةً ووِرْثَةً وتُرَاثًا. فُلَانًا: وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ المَالَ والمَجْدَ عَنْ فُلَانٍ" فلاں کے مال ومجد کا وارث ہوا۔
وَرَّثَ الرَّجُلَ مَالًا: میراث قرار دینا..... هُ مِنْ فُلَانٍ: وارث بنانا..... الرَّجُلُ فُلَانًا: اپنا وارث بنانا..... النَّارَ: آگ کو بھڑکنے کے لئے حرکت دینا۔
أَوْرَثَهُ إِيرَاثًا: وارث بنانا..... فُلَانًا مَالًا: میراث قرار دینا..... هُ السَّقَمَ: مبتلائے بیماری کرنا..... هُ الشَّيْءُ: پیچھے لانا۔ أَوْرَثَهُ الحُزْنَ هَمًّا: باعث وسبب ہونا۔ أَوْرَثَ المَطَرُ النَّبَاتَ نِعْمَةً: باعث وسبب ہونا.....

الوَارِس والوَرِس: سرخ۔ وَارِسُ الحُمرة: بہت سرخ۔
الوَرْسِی والوَرِیس والمُوَرَّس: ورس سے رنگا ہوا۔
وَرَشَ یَرِشُ وَرْشًا: لالچ کرنا اور دنی کاموں کے پیچھے پڑنا..... شَیْئًا مِنَ الطَّعَامِ: حرص سے کھانا..... ہٗ بِفُلَانٍ: بھڑکانا..... عَلَی القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے کھانے کے وقت پہنچ جانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ عَلَیَّ" میری گفتگو کو قطع مت کرو۔
وَرِشَ یَوْرَشُ وَرَشًا: چست و چالاک اور خوش ہونا۔ صفت وَرِشٌ مؤنث وَرِشَةٌ. ج وَرِشَاتٌ.
وَرَّشَ تَوْرِیشًا بَیْنَ القَوْمِ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ اور واؤ کو ہمزہ سے بدل کر اَرَّشَ تَأْرِیشًا بھی کہا جاتا ہے۔
الوَرَش: مص۔ ایک قسم کا کھانا جو دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
الوَرَش: مص۔ پیٹ کا درد۔
الوَرْشَان: قمری۔ مؤنث وَرْشَانَةٌ ج وِرْشَان ووَرَاشِین.
وَرِصَتْ تَرِصُ وَرَصًا وَرَصَتْ واُورِصَتِ الدَّجَاجَةُ: یکبارگی انڈے دینا۔
الوَرَص: پاخانہ۔ ج اَورَاص.
وَرَّصَ: چراگاہ تلاش کرنا۔
وَرَّطَهٗ واَورَطَهٗ: ہلاکت میں ڈالنا۔ اَورَطَ الشَّیْءَ: چھپانا۔ وَرَّطَ اِبِلَهٗ فِی اِبِلِ اُخْرٰی: دوسرے اونٹوں میں اپنے اونٹوں کو رلا ملا دینا۔
وَارَطَهٗ وِرَاطًا ومُوَارَطَةً: فریب دینا۔
تَوَرَّطَتِ المَاشِیَةُ: کیچڑ کی جگہ میں پھنسنا۔ یا ایسی جگہ میں پھنسنا جہاں سے رہائی نہ ہو سکے۔ تَوَرَّطَ الرَّجُلُ: کیچڑ میں پھنسنا یا مشکل میں پھنسنا۔ ہلاک ہونا۔
اِسْتَوْرَطَ فِی اَمْرٍ: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو سکے۔ ہلاک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوْرَطَ فِی حِبَالِیْ" وہ میرے جال میں پھنس گیا۔
الوَرْطَة: کیچڑ۔ سخت کیچڑ۔ جس میں بکری پھنس جائے اور چھوٹ نہ سکے۔ پست زمین جس میں کوئی راستہ نہ ہو۔ کنواں۔ تنگ گڑھا۔ ہلاکت۔ ہر مشکل کام جس سے رہائی دشوار ہو۔ ر ب۔ ج وَرَطَات ووِرَاط.
الوِرَاط: دھوکا' فریب۔
وَرِعَ یَرِعُ ویَوْرَعُ ووَرَعَ یَرَعُ ووَرُعَ یَوْرُعُ وَرَعًا ووَرَعًا ووَرُوعًا ووُرُوعًا: پرہیزگار ہونا۔ گناہوں سے دور رہنا۔ شبہات اور معاصی سے بچنا۔ صفت وَرِعٌ.
وَرِعَ یَرِعُ وَرَاعَةً عَنْ کَذَا: رکنا۔ وَرَعَ یَرَعُ ووَرَغَ یَوْرُغُ وَرْعَةً ووَرَاعَةً ووُرْعَةً ووَرَاعًا ووُرُوعًا ووُرْعًا ووُرْعًا: کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ حقیر ہونا۔
وَرُعَ یَوْرُعُ وَرَاعَةً ووُرْعًا ووُرُوعًا: معمولی مال والا ہونا۔
وَرَّعَ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا..... الاِبِلَ عَنِ المَاءِ: اونٹوں کو پانی پر سے واپس لانا (..... واَورَعَ) فُلَانًا عَنْ کَذَا: روکنا..... بَیْنَهُمَا: روک بن جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَرَّعَ اَنْ فَعَلَ کَذَا وکَذَا" وہ ایسا اور ایسا کرنے سے نہیں رکا۔
وَارَعَهٗ مُوَارَعَةً: گفتگو کرنا۔ مشورہ کرنا۔
تَوَرَّعَ مِنْ اَوْ عَنْ کَذَا: پرہیز کرنا۔
الوَرَع: مص۔ پرہیزگاری۔ رَجُلٌ وَرِعٌ: بزدل۔ کمزور۔ نکما۔ ج اَورَاع (..... والرِّعَةُ والرِّیعَةُ) گناہ اور شبہات سے بچنا۔
الرِّعَة: حالت۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ حَسَنُ الرِّعَةِ اَوْ سَیِّئُ الرِّعَةِ" فلاں کی حالت اچھی یا بری ہے۔
الوَرِع: پرہیزگار۔
الوَرِیع: روکنے والا۔
وَرُفَ یَرِفُ ووَرِیفًا ووُرُوفًا ورَفَةً

الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا.....
النَّبَاتُ: نباتات کا سرسبز ہونا اور لہلہانا۔ صفت وَارِفٌ.
وَرَّفَ الاَرْضَ: زمین کو تقسیم کرنا..... النَّبَاتُ
النَّاضِرَ: تازہ نباتات کو چوسنا (..... واَورَفَ) الظِّلُّ: سایہ کا دراز و کشادہ ہونا۔
الوَرْف: مص۔ جگر کے اطراف کا پتلا حصہ۔
وَرَفُ الشَّجَرِ ووَرَفَةُ: درخت کی خوشنمائی۔
الرَّفَة: مص۔ سرسبز پودہ۔
الرُّفَّة: خشک گھاس۔
وَرَقَ یَرِقُ وَرْقًا الشَّجَرُ: پتے دار ہونا۔
الشُّجَرُ: درخت سے پتے لینا۔
وَرَّقَ الشَّجَرَ: پتے دار ہونا..... الشَّجَرُ: درخت سے پتے لینا۔
اَورَقَ الشَّجَرُ: پتے دار ہونا..... الرَّجُلُ: بہت مال و دولت والا ہونا..... الطَّالِبُ: محروم رہنا..... الصَّائِدُ: شکار نہ کرنا..... الغَازِی: بغیر مال کے لوٹنا۔ مال غنیمت حاصل کرنا۔
تَوَرَّقَ الظَّبْیُ: ہرن کا پتے کھانا۔
اِبْرَاقٌ واَورَاقٌ یَوْرَاقُ اِبْرِیقًا العِنَبُ: انگور کا رنگ پکڑنا۔ صفت مُوَرَّاقٌ.
الوَرْق والوِرْق والوُرْق والوَرِق: چاندی کا سکہ۔ ج اَورَاق ووِرَاق.
الوَرَق: چاندی کا سکہ۔ ج اَورَاق. وَرَقُ الشَّجَرِ: درخت کا پتا۔ وَرَقُ الکِتَابِ: کتاب کا ورق۔ واحد الوَرَقة ج وَرَقَات واوْرَاق. الوَرَق: زمین پر پڑا ہوا خون وغیرہ کا گول ٹکڑا۔ ہر زندہ حیوان۔ مال و روپیہ پیسہ یا مویشی وَرَقُ الشَّبَابِ: جوانی کی تر و تازگی اور ورق جمال و خوبی اور حسن ہیئت کے لئے بطور استعارہ کے بولا جاتا ہے۔
الرِّقَة: چاندی کا سکہ ج رِقُوْن نصی نامی گھاس کی ابتدائی روئیدگی جبکہ سبز ہو جائے۔

جلدی جلدی بولنا۔

الوَزْوَاز: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَرْوَرِیّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَرْوِر: فاگانے والا۔

وَرِیَ یَرِی وَرْیًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔ القَبْحُ جُوفَهُ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسْم الوَرِی وَرْیٌ وَرْیًا وَرِیَةُ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا..... الإِبِلُ: اُونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرِیَ وَوَرِیَ یَرِیُ وَرْیًا وَوُرْیًا وَرِیَةَ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ صفت وَارٍ.

وَرِیَ یَرِی وَرْیًا. المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیٹ والا ہونا۔ صفت مَوْرُوٌّ ومَوْرِیٌّ.

وَرَّی تَوْرِیَةً الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا..... عَنْ كَذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا..... الخَبَرَ وعَنِ الخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا..... عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهُ: نگاہ ہٹا لینا۔ وَرَّی النَّارَ: آگ نکالنا (..... وأَوْرَی) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَی مُوَارَاةً الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّی تَوَرِّیًا وتَوَارَی تَوَارِیًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدُ: آگ نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَیْتُ لَهُ رَایَهُ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الوُرَی: مص۔ جوف بدن کی پیپ۔ پھیپھڑوں کا زخم۔

الوَرَی: اسم ہے وَرِیَ: کا۔ مخلوق۔ أَبُو الوَرَی: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء. وَرْأ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔ الوَارِی والوَرِیُّ: موٹی چربی۔ والوَرِیُّ: مہمان۔ پڑوسی۔ لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

رِیَةُ النَّارِ ووُرْیَتُهَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الوَزْ. اوَزٌ: میں ایک لغت۔ بط۔ مؤنث وَزَّةٌ. ج وَزَّاتٌ.

أَرْضٌ مُوَزَّةٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ یَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا..... القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔ وَزَأَهُم: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَأَ تُوزِئَةً وتَوْزِیئًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا..... الفَرَسُ بِرَاكِبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا..... الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ یَزِبُ وُزُوبًا الماءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

أَوْزَبَ إِیزَابًا فِی الأَرْضِ: جانا۔

الوَزَّاب: شاطر چور۔

المِیزَاب والمِیزَاب: پرنالہ ج مَیَازِیب ومَزَایِیب اور بقول بعض مَوَازِیب.

وَزَرَ یَزِرُ وَزْرًا وِزْرًا الشَّیْءَ: اٹھانا..... الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا (..... وَزُرًا) الرَّجُلُ: غالب ہونا..... الثُّلْمَةُ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ یَزِرُ ووَزِرَ یَوْزَرُ وَزَرًا ووِزْرًا ووِزْرَةً: گنہگار ہونا۔ وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وُزِرَ یُوزَرُ وِزَارَةً لِلْمَلِكِ: وزیر بننا۔

أَوْزَرَ إِیزَارًا الشَّیْءَ: محفوظ کرنا۔ چھپانا۔ لے جانا..... الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً: وزیر بننا..... هُ عَلَی الأَمْرِ: مدد دینا۔ تقویت دینا (یہ آزَرَهُ کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ: ..... وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا..... بِثَوْبِهِ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔ گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ: وزیر بنانا۔ اِسْتَوْزَرَ الشَّیْءَ: لے جانا۔

الوَزْر: مص۔ گناہ۔ گرانی۔ بھاری بوجھ۔ کپڑوں کی گٹھری۔ ج أَوْزَار. أَوْزَار الحَرْبِ: سامان جنگ۔ کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الحَرْبُ أَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَر: جائے پناہ۔ بلند پہاڑ۔

الوِزْرَة: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات ووِزَرَات ووِزَارَات.

الوِزَارَة والوَزَارَة: وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِیر: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔ مددگار۔ ج وُزَرَاء وأَوْزَار.

المَوْزُور: منع۔ گنہگار۔ گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَزَعُ ویَزِعُ وُزُوعًا فُلَانًا ویُفْلَانٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ وَزَعَ الجَیْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُ یَزَعُ الجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (..... وُزُوعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ المَالَ بَیْنَهُمْ: پراگندہ کرنا..... المَالَ عَلَیْهِمْ: تقسیم کرنا۔

أَوْزَعَ المَالَ: تقسیم کرنا..... هُ بِكَذَا: بھڑکانا

أَوْزَعَ بَیْنَهُمَا: تفریق کرنا۔ اصلاح کرنا..... هُ الشَّیْءَ: الہام کرنا۔ وأُوزِعَ الشَّیْءَ: الہام کیا جانا۔ وأُوزِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔ صفت مُوزَع.

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا..... القَوْمُ المَالَ.....: آپس میں تقسیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الأَفْكَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔ وتَوَزَّعُوا ضُیُوفَهُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔ رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللهَ شُكْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوِسْب: گھاس۔
الوَسَب: مص۔ میل۔
المِيْسَاب: اوہ کچری کھجور۔
وَسَجَتِ النَّاقَةُ وَسْجًا وَوَسِيْجًا وَوَسَجَانًا الْإِبِلُ: تیز چلنا۔ صفت واسجۃ۔
اَوْسَجَ الْبَعِيْرُ: تیز چلانا۔
الوَسَّاج والوَسُوْج مِنَ الْإِبِلِ: تیز رفتار ج وُسُجٌ اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وَسُوْجٌ" تیز رفتار اونٹ۔
الوَسْج والوَسَجَان والوَسِيْج: اونٹ کی تیز چال۔
وَسِخَ يَوْسَخُ وَيَسَخُ وَيَسِخُ وَسَخًا الشَّيْءُ: میلا ہونا۔ صفت وَسِخ۔
وَسَّخَ وَاَوْسَخَ الشَّيْءَ: میلا کرنا۔
تَوَسَّخَ وَاسْتَوْسَخَ: میلا ہونا۔
الوَسَخ: میل کچیل۔ ج اَوْسَاخ۔
وَسَّدَهُ الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَ اِلَيْهِ الْاَمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
اَوْسَدَ فِي السَّيْرِ: تیز چلنا..... الْكَلْبُ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔
تَوَسَّدَ الوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا..... ذِرَاعَهُ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوِسَاد والوِسَاد والوُسَاد..... :تکیہ ج وُسُد کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِيْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَكَ لَعَرِيْضٌ" کنایہ ہے کثرتِ نوم سے۔
الوِسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة: تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد۔
وَسَطَ يَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةَ الْمَكَانَ اَوِ الْقَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (.....وَسَاطَةً) الْقَوْمَ وَفِيْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔
وَسُطَ يَوْسُطُ وَسَاطَةً: شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔
وَسَطَ يَسِطُ وَسَاطَةً وِسِطَةً وَوَسَّطَ فِي حَسَبِهِ: شریف وصاحب حسب ہونا۔
وَسَّطَهُ: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّيْءَ: دو ٹکڑے کرنا۔
اَوْسَطَ اِيْسَاطًا الْقَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔
تَوَسَّطَ الْقَوْمَ او الْمَكَانَ: بیچ میں بیٹھنا..... بَيْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا..... الرَّجُلُ: درمیانی چیز لینا۔
الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَيْءٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاط وَسْطُ الشَّيْءِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسْطُ الْحَبْلِ وَوَسْطُ الدَّارِ. رَجُلٌ وَسَطٌ صاحب حسب مرد اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ وَسَطِ الْقَوْمِ وَفِيْ وَسْطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض مین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطَ الْقَوْمِ" اور "وَسْطَ الْحَبْلِ".
الوَاسِط: فا۔ دردانہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔
الوَاسِطَة. واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بِوَاسِطَةِ كَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ وَاسِطَةِ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الوُسَاطَة: مص۔ ثالثی۔
الوَسْبِيْط: دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسْبُطَانَة مؤنث وَسِيْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِيْطٌ فِيْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الْاَوْسَط: متوسط۔ معتدل ج اَوَاسِط
اَوْسَطُ الشَّيْءِ: دونوں اطراف کا درمیان۔
الْعِلْمُ الْاَوْسَط: علم ریاضی اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الوُسْطَى. اَوْسَط: کا مؤنث ج وُسَط مِنَ الْاَصَابِع: بیچ کی انگلی۔
الوَسْوُط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔
وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوْسَطُ الْبَيْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔
الْمُتَوَسِّط: فا۔ الْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ يَسَعُ وَيَسِعُ سَعَةً وِسْعَةً الْمَكَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاِنَاءُ يَسَعُ عِشْرِيْنَ كَيْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "وَوَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ كُلَّ شَيْءٍ وَلِكُلِّ شَيْءٍ وَعَلٰى كُلِّ شَيْءٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا يَسَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُهُ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّيْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔
وَسَّعَ بَوْسُعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَيْهِمْ رِزْقَهُ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَسَّعَ عَلَيْهِ" جگہ غنی کر دے۔
وَسُعَ يَوْسُعُ سَعَةً وَسَاعَةً الْمَكَانُ: کشادہ ہونا..... الْفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔
اَوْسَعَ: مالدار ہونا..... الْمَوْضِعَ: کشادہ پانا..... النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (..... وَوَسَّعَ) کشادہ کرنا..... اللّٰهُ عَلَيْهِ: مالدار بنانا۔
وَاَوْسَعَهُ الشَّيْءَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا..... الْقَوْمُ فِي الْمَكَانِ: کشادگی کرنا..... الرَّجُلُ فِي النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا..... الرَّجُلُ: صاحبِ وسعت و مالدار ہونا..... النَّهَارُ: طویل و دراز ہونا۔

الوَسْنَة: نعس۔ نیند کی کمی۔ اونگھ۔
الوَسْنِیّ: بہت اونگھنے والا۔
المَوْسُوْن: کامل۔ مؤنث مَوْسُوْنَة.
وَسْوَسَ وِسْوَاسًا وَوَسْوَسَةً الشَّيْطَانُ لَهُ وَإِلَيْهِ: وسوسہ ڈالنا..... الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔
صفت مُوَسْوِسٌ: آہستہ بولنا..... الحُلِيُّ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا..... الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔
وُسْوِسَ بِهِ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔
الوَسْوَاس: وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.
وَسَى يَسِي وَسْيًا رَأْسَهُ: مونڈنا۔
وَاسَى الرَّجُلُ مُوَاسَاة. آسَاهُ مُوَاسَاةً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔
أَوْسَى إِيْسَاءً. الرَّأْسَ: مونڈنا۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
المُوْسَى: استرہ۔ ج مَوَاسٍ.
الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔
الوِشْب. أَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔
وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الأَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُهُ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِي قَلْبِهِ أُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں (..... وَوَشَّجَ مَحْمَلَهُ) کجھ گرنے سے بچانے کے لئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهُ بِكُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَجَ اللّٰهُ بَيْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔
تَوَشَّجَتْ وَتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ وَنَحْوِهَا: پیچیدہ ہونا۔
الوَاشِج: فا۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَةٌ
الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔
الوَشِيْج: قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالْوَشِيْجِ.
الوَشِيْجَة: درخت کے ریشہ کی رسّی جس کو بن کو دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔
الوَشِيْجَة: کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.
وَشَّجَهُ: جمیل پہنانا۔
تَوَشَّحَ وَاتَّشَحَ: جمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَيْفِهِ: تلوار کو گردن میں لٹکانا.....
بِثَوْبِهِ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا..... الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
الوِشَاح: تلوار۔ کمان۔ ذُوالوِشَاح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔ (الوِشَاح) جمیل۔ جڑاؤ پیٹی۔ ج وُشُح وَأَوْشِحَةٌ وَوَشَائِح.
الوِشَاحَة: تلوار۔
الوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔
المُوَشِّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔
المُوَشَّحَة مِنَ الطَّيْرِ او الظِّبَاءِ: پرندیا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔
وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا أَسْنَانَهُ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا..... الخَشَبَةَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔
اِتَّشَرَ وَاسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔
المِنْشَار: آرہ۔
مَوْشُوْر ثُلَاثِيّ رُبَاعِيّ خُمَاسِيّ: جس کے قاعدے ثلاثی رباعی اور خماسی ہوں۔
المُوَشْوَر: مقع..... فِي عِلْمِ الطَّبِيْعِيَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِيْر.
وَشَزَ يَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز: جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج أَوْشَاز.
الوَشِيْزَة: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز.
وَشَظَ نِشْظُ وَشَظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا..... الفَأْسَ: کلہاڑے میں پچر لگا کر سوراخ تنگ کرنا..... القَوْمُ إِلَيْنَا: کم لوگوں کا آ کر ملنا۔
الوَشِيْظ: تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج أَوْشَاظ (والوَشِيْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْظَةٌ فِي قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "هُوَ وَشِيْظَةٌ فِيهِمْ" ج وَشَائِظ.
وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشَّيْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (..... وَشْعًا وَوُشُوْعًا) الجَبَلَ وفِيهِ: پہاڑ پر چڑھنا..... البَقْلَةُ: پھولدار ہونا..... هُ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا..... الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا..... الشَّيْبُ رَأْسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا..... الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلَى كَرِمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
أَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّيْءُ: پراگندہ ہونا..... فِي الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا..... الشَّيْبُ رَأْسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا المُشُوْف: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

الوَشُوش والوَشْواش: ہلکا۔ جلد باز۔ رَجُلٌ وَشُوشِيُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشٰى يَشِي وَشْيًا وَشِيَةً ووَشَى الثَّوْبَ: منقش کرنا..... الكلام: جھوٹ بولنا۔ وَشَاهُ ثُوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشٰى بَشِي وَشْيًا وِشَايَةً بِهٖ إِلَى الْمَلِكِ: چغل خوری کرنا..... بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشَى إِيْشَاءً المَكَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا..... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا..... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا..... النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا..... الشَّيْءَ: نکالنا۔ جاننا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا..... الدَّوَاءُ المَرِيْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا..... فِي الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشّٰى: نقش ونگار ہونا..... الثَّوْبُ فِي رَأْسِهٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

إِيْشَاءُ العَظْمِ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

إِسْتَوْشَى الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا..... الحَدِيْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا..... الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا..... المَعْدِنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْيُ: مص۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء۔ وَشْيُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِي: فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ ووُشَاةٌ. الوُشَاة: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاء. وَاشِي: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّيَة: مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِيَات.

الأَشْيَة: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ أَشْيَة" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ أَبْلَق" اور نسبت کے لئے وَشْوِيّ.

وَصَّ يُوَصُّ وَصًّا العَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصَّصَتْ تُوَصْبِصًا المَرْأَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِيَ يُوْصَا وَصًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ يَصِبُ وُصُوْبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا..... الدَّيْنُ: قرض واجب ہونا..... عَلَى الأَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ يَوْصَبُ وَصَبًا ووُصِّبَ وتَوَصَّبَ: مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابَى ووِصَاب. تَوَصُّبٌ: درد محسوس کرنا۔

أَوْصَبَ: مریض ہونا..... اللّٰهُ فُلَانًا: مریض کرنا..... الرَّجُلُ: بیمار اور لاولد والا ہونا..... الشَّيْءُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (..... وواضب) ہمیشگی مداومت کرنا۔

الوَصْب: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا ہے الوَصَب: ہنصر اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج أَوْصَاب.

الوَاصِب: فا۔ دائم۔

الوَاصِبَة. واصب: کا مؤنث۔ بہت دور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوَصِّب: بہت دردوں والا۔

وَصَدَ يَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑا اٹنا۔

وَصَدَ الثَّوْبَ: کپڑا اٹنا..... الكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر بھرکانا..... فُلَانًا: خوف دلانا۔

أَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا..... القِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا..... عَلَى فُلَانٍ: تنگی ڈالنا..... الكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا (..... واستَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔

الوَصَاد: جلاہا۔

الوِصَاد. أَوْصَدَ البَابَ وأَوْصَدَ القِدْرَ: کا اسم بمعنی بندش وڈھکائی۔

الوَصِيْد: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن. غار. پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا۔ وَصُد (..... الوَصِيْدَة) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وُصُدٌ.

المُوْصَد: پردہ۔

الوِصْر: عہد ج أَوْصِر (..... والوِصِرَة والأَوْصُر) عہدنامہ چک۔ دستاویز اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ يَصَعُ وَصْعًا الشَّيْءَ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصْع: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا مولا۔ ج وُصْعَان.

الوُصِيْع: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ يَصِفُ وَصْفًا وصِفَةً الشَّيْءَ: بیان کرنا۔ تعریف کرنا (..... وُصُوْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا (..... وصِفَة) الطَّبِيْبُ لِلْمَرِيْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وُصُفَ يَوْصُفُ وَصَافَةً الغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِيْف اور اسم الإِيْصَاف والوَصَافَة.

وَاصَفَهُ: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔

أَوْصَفَ إِيْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اتَّصَفَ الشَّيْءُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا..... بِالصِّفَاتِ الحَمِيْدَةِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِيْفًا او وَصِيْفَةً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّيْءَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّيْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِيْبَ: نسخہ تجویز کرانا..... الغُلَامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَة: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

اَوْصٰى اِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا..... لَهٗ بِكَذَا : کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا..... اِلَيْهِ : وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ : ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔

تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

اِسْتَوْصَى اِسْتِيْصَاءً بِفُلَانٍ : وصیت کو قبول کرنا۔

الْوَصِيَّة. اِيْصَاء : کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا. وَصَايَا اللّٰهِ : اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کئے ہیں۔ الْوَصِيَّة : کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وُصِيٌّ.

الْوِصَاة. ج وُصًى والْوَصَانَة والْوِصَانَة : وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الْمُوْصِى (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج اَوْصِيَاء.

الْوَاصِى : پیچیدہ گھاس۔ اَرْضٌ وَاصِيَةٌ : پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوْءًا وَوَضَاءَةً الشَّيْءُ : پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔

وَضَاهُ يَضُوْهُ وَضْأً : پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّأَ تَوْضِئَةً. بِالْمَاءِ : پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَاهُ : پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَاهُ فَوَضَأَهٗ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ : وضو کرنا..... الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ : بالغ ہونا۔

الْوُضُوْء : وضو کا پانی۔

الْوَضِيُّ ج وِضَاء واَوْضِيَاء والْوَاضِيُّ ج وَضَنَاةٌ والْوُضَّاء ج وُضَّاءُوْن ووَضَاضِيُّ : پاکیزہ و خوبصورت۔

الْاَوْضَأُ : زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔

الْمِيْضَاءَة والْمِيْضَاءَة : وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

الْمُتَوَضَّأ : وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ يَضِحُ ضَحَّةً وَضِحَةً وُضُوْحًا وتَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْاَمْرُ او الْكَلَامُ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِح وَوَضَّاح.

وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا : برص کے داغوں والا ہونا۔

اَوْضَحَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا..... الْاَمْرَ : ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ اَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّاْسِ : زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ اَوْضَحَ فِيْ رَاْسِهٖ : زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ اَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْاَمْرَ : واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيْضَاحًا عَنِ الْاَمْرِ : بحث کرنا..... هُ الْاَمْرَ او الْكَلَامَ : وضاحت کرانا..... الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ : آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا..... الشَّمْسَ : نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔

الْوَضَح : مص۔ روشنی و سپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الْوَضَح : چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھرا اور بہم۔ کہا جاتا ہے "ذِرَاهُمٌ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَاَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الْوَضَح : دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج اَوْضَاح وَضَحُ الطَّرِيْقِ : شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ : تلوے کی سپیدی۔ اَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ : مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الْوَضَحَة : گدھی۔

الْوَاضِح : فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ : پاک صاف حسب والا۔

الْوَاضِحُ مِنَ الْاِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الْوَاضِحَة : واضح کا مؤنث ج وَاضِحَات واَوَاضِح. الْوَاضِحَةُ : دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الْوَضَّاح : سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔ بِكْرُ الْوَضَّاحِ : صبح کی نماز۔

الْوَضِيْحَة : موتی۔ ج وَضَائِح.

الْمُتَوَضِّح : فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا..... مِنَ الْاِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَ الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

اَوْضَخَ الْبِئْرُ : کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔

اَوْضَخَ بِالدَّلْوِ : کم پانی کھینچنا۔

وَاضَخَهٗ وِضَاخًا ومُوَاضَخَةً : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَخَ الْقَوْمُ : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الْوَضُوْخ : پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا : میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِر صفت مؤنث وَضِرَة ووَضْرَى کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْاَخْلَاقِ وفِيْ اَخْلَاقِهٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَهٗ : میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَفِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهٗ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔

الْوَضَر : مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل

البُسْع: بنا۔
تَوَطَّنَ لَهُ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔
اِتَّضَنَ بِهٖ: متصل ہونا۔
الوَضِيْن: تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استرا۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ ج وُضُنّ.
المُوْضُوْنَة: باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔
المِيْضَانَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مَوَاضِين.
المِنْضَانَة: زنبیل۔ ج مَوَاضِين.
وَطِئَ يَطَأُ وَطْأً الشَّيْءَ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا ..... الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا ..... اَرْضَ عَدُوِّهٖ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
وَطَّأَ يُوَطِّئُ وَطَّأَ الشَّيْءَ: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وَطُؤَ يَوْطُؤُ وَطَاءَةً وُطُوْءَةً الْمَوْضِعُ: نرم ہونا۔
وَطَّأَ تَوْطِئَةً الشَّيْءَ بِرِجْلِهٖ: پیر سے روندنا ..... الفِرَاشَ: بچھونا نرم کرنا ..... الاَمْرَ: درست کرنا۔ آسان کرنا ..... المَوْضِعَ: نرم بنانا ..... الشِّعْرَ فِيْهِ: لفظاً ومعناً قافیہ دہرانا۔
اَوْطَأَ اِيْطَاءً فُلَانًا الاَرْضَ وَبِالاَرْضِ: روندوانا۔ اَوْطَأَهُ فَرَسَهٗ: سوار کرانا۔
اَرْطَأَهُ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا۔ اَوْطَأَ الشِّعْرَ وَفِي الشِّعْرِ: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
وَاطَأَ مُوَاطَأَةً فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا ..... فِي الشِّعْرِ: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
تَوَطَّأَ فُلَانًا بِرِجْلِهٖ: کچلنا۔ روندنا ..... هٗ عَلَى الاَمْرِ: موافقت کرنا ..... القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اِنْطَأَ اِنْطِاءً وَاِنْطَاءً اِنْطِاءً الشَّيْءُ: آسان ہونا۔ تیار ہونا ..... الاَمْرُ: درست ہونا اور انتہا کو پہنچنا۔
اِسْتَوْطَأَ الشَّيْءَ: نرم پانا۔
الوَطْءُ: مص (..... والوِطَاءُ) پست ونرم زمین۔ الوِطَاءُ والوَطَاءُ: فرش۔
الوَطَاءَةُ. وطا: کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔
الوَطَاءَةُ والوُطُوْءَةُ: مص۔ نرمی آسانی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّ وَطَاءَةَ الْعَيْشِ" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
الوَاطِئَةُ والوَطَأَةُ: راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الوَاطِئَةُ: گری ہوئی کھجوریں۔
الوَطِيُّ: پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
الوَطِيئَةُ. وَطِيٌّ: کا مؤنث۔ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
المَوْطَأُ والمَوْطِئُ: قدم کی جگہ۔
المِبْطَأُ: پست ونرم زمین۔
المُوَطَّأُ: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُوَطَّأُ الاَكْنَافِ" نرم اخلاق والا فیاض مہمان نواز مرد "وَهُوَ مُوَطَّأُ الْعَقِبِ" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔
الوَطْبُ: دودھ کی مشک ج اَوْطُب ووِطَاب واَوْطَاب و ج اَوْطِب کہا جاتا ہے صَفَرَتْ وِطَابُهٗ: یعنی مر گیا یا قتل کیا گیا۔
الوَطْب: بڑی پستان۔ سخت دل والا مرد۔
الوَطْبَاء: بڑی پستان والی عورت۔
وَطَحَهٗ يَطَحُهٗ وَطْحًا وَطَحَهٗ: ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تَوَاطَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تَوَاطَحَتِ الاِبِلُ عَلَى الْحَوْضِ: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
الوَطْح: مص۔ کھریا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وَطَّدَ يُوَطِّدُ وَطَّدَ الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا۔ بوجھل کرنا۔ صفت مفعولی وَطِيْد ومَوْطُوْد ..... الاَرْضُ: سخت ہونے کے لئے کوٹنا ..... الشَّيْءَ اِلَيْهِ: ملانا ..... لَهٗ مَنْزِلَهٗ: تیار کرنا ..... هٗ اِلَى الاَرْضِ: جھکانا دبانا ..... الشَّيْءُ: ثابت وقائم ہونا۔ چلنا ..... الصَّخْرَ عَلَى الغُبَارِ: تہ بتہ رکھنا۔
وَطَّدَ الشَّيْءَ: بمعنی وَطَّدَهٗ.
تَوَطَّدَ: مضبوط وثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَطَّدَهٗ فَتَوَطَّدَ" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وَتَوَطَّدَتْ لَهٗ عِنْدَهُمْ مَنْزِلَةٌ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔
الوَاطِد والوَطِيْد والمَوْطُوْد: مضبوط وثابت۔
الاَوْطَاد: بہت سے پہاڑ۔
الوَطِيْدَة: عمارت کی بنیاد۔ پایہ دیگدان ج وَطَائِد کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِنْ وَطَائِدِ الْحَقِّ" تو سچائی کا ستون ہے۔ "وَلَهٗ عِنْدَهٗ وَطِيْدَةٌ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
المِيْطَدَة: درمٹ۔
المُتَوَاطِد: مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
الوَطَر: حاجت۔ مطلوب۔ ج اَوْطَار کہا جاتا ہے "قَضَى مِنْهُ وَطَرَهٗ و اَوْطَارَهٗ" اس نے اپنی حاجت پوری کر لی۔
وَطَسَهٗ يَطِسُهٗ وَطْسًا: چمڑی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا ..... الشَّيْءَ: توڑنا۔ کوٹنا۔
تَوَاطَسَ. المَوْجُ: موجوں کا باہم ٹکرانا۔
القَوْمُ عَلَيْهِ: بھیڑ کرنا۔
الوَطَّاس: چرواہا۔
الوَطِيْس: تنور اور جواس کے مشابہ ہو۔ میدان جنگ۔ کہا جاتا ہے حَمِيَ الْوَطِيْسُ: یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ ج اَوْطِسَة ووُطُس.
الوَطِيْسَة: معاملہ کی سختی۔
وَطَشَهٗ يَطِشُهٗ وَطْشًا: مارنا ..... هٗ عَنْ فُلَانٍ: ہٹانا۔ دور کرنا ..... الحَدِيْثَ او الخَبَرَ: کچھ بیان کرنا ..... الكَلَامَ: وضاحت نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا وَطَشَ لَنَا بِشَيْءٍ"

الْمُوْعَب: کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا أَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔

وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا وَوَعَثًا وَرِعْثَ يَوْعَثُ وَعُوْثَةُ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار گزار ہونا..... الْأَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعِثٌ وَعِثٌ وَمُوْعِثٌ وَأَوْعَثُ.

وَعِثَتْ يَوْعَثُ وَعْثًا يَدُهُ: ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَةٌ.

وَعَثَهُ يَوْعِثُهُ عَنِ الْأَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔

أَوْعَثَ: سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا..... الرَّجُلُ: خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا..... فِي مَالِهِ: فضول خرچی کرنا۔ الْمُتَكَلِّمُ: گفتگو سے عاجز ہونا..... الْأَمْرَ: بگاڑنا۔ فساد کرنا..... فُلَانًا: دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔

الْوَعْثُ: مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُوْثٌ وَوُعُوْثٌ.

الْوَعْثَاءُ: مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔

الْوُعُوْثُ: سختی و برائی۔

الْمَوْعُوْثُ: ناقص حسب والا۔

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً وَمَوْعِدًا وَمَوْعِدَةً وَمَوْعُوْدًا وَمَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْأَمْرَ وَبِالْأَمْرِ: وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْأَرْضُ: عمدہ فصل ہونے کی امید ہونا (..... وَعْدًا) الرَّجُلُ: دھمکی دینا..... الْفَحْلُ: بڑبڑانا۔

أَوْعَدَ إِيْعَادًا: وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔

وَاعَدَهُ مُوَاعَدَةً: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا..... هُ الْمَوْضِعُ أَوِ الْوَقْتُ: وعدہ پورا کرنے کے لئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔

تَوَاعَدَ وَاتَّعَدَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔

تَوَعَّدَهُ: دھمکی دینا۔

اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا: وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا..... هُ: دھمکی دینا۔

اِبْتَعَدَ يَبْتَعِدُ فَهُوَ مُبْتَعِدٌ. اِبْتَعَدَ: میں ایک ضعیف لغت ہے۔

اِسْتَوْعَدَهُ: وعدہ کرانا۔

الْوَعْدُ: مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْدٌ آتی ہے۔

الْعِدَةُ: وعدہ۔

الْمَوْعِدُ: مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِدُ.

الْمِيْعَادُ: وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنی مَوْعَدَةٌ ج مَوَاعِيْدُ.

اَلْمَوْعُوْدُ: مفع۔ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ: قیامت کا دن۔

وَعَرَ يَعِرُ وَعُرَ أَلْفَلَانًا: روکنا۔ ہٹانا (..... وُعُرًا وَوُعُوْرًا وَوَعِرَ يَوْعَرُ وَوَيْعَرَ وَوَعُرَ يَوْعُرُ وَعَارَةً وَوُعُوْرَةً) الْمَكَانُ: سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعِرٌ وَوَعُرَ الشَّيْءُ: کم ہونا۔ صفت وَعُرٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعُرُ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔

وَعَّرَ الْمَكَانَ: سخت بنانا..... الرَّجُلُ: روکنا۔ ہٹانا..... الْمُتَكَلِّمُ: بات کاٹ دینا۔

أَوْعَرَ إِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا..... الرَّجُلُ: سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا..... الشَّيْءَ: کم کرنا (..... وَاسْتَوْعَرَ) الْمَكَانَ أَوِ الطَّرِيْقَ: دشوار و سخت پانا۔

تَوَعَّرَ الْمَكَانُ: سخت ہونا..... الْأَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا..... الرَّجُلُ: سختی کرنا..... فِي الْكَلَامِ: سرگشتہ و متحیر ہونا..... هُ فِي الْكَلَامِ: حیران بنانا۔

الْوَاعِرُ: فا۔ دشوار (..... وَالْوَعْرُ) ج أَوْعُرٌ وَوُعُوْرٌ وَأَوْعَارٌ وَوُعُوْرَةٌ. وَالْوَعِرُ ج أَوْعَالٌ.

الْأَوْعَرُ: سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعِرٌ أَوْ طَرِيْقٌ وَعْرٌ أَوْ مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الْوَعْرُ: خوفناک متوحش جگہ۔

الْوَعْرِيُّ مِنَ الْكَلَامِ: قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔

وَعِزَ يَعِزُ وَعْزًا وَوُعِزَ وَعْزًا وَأَوْعَزَ إِيْعَازًا إِلَيْهِ فِي كَذَا أَنْ يَفْعَلَهُ أَوْ يَتْرُكَهُ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔

وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّيْءَ: روندنا۔

الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا۔

أَوْعَسَ إِيْعَاسًا الْقَوْمُ: ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ أَوْعَسَتِ الْإِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

وَاعَسَهُ: رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَتِ الْإِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔

الْوَعْسُ: مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج أَوْعَاسٌ.

الْوَعْسَنَةُ: ریت جس میں قدم بیٹھ جائیں اور چلنا دشوار ہو۔

الْأَوْعَسُ: وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ وَأَوْعُسٌ وَج أَوَاعِسُ.

الْوَعْسَاءُ: نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔

الْمَوْعِسُ: ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔

الْمِيْعَاسُ: نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِيْسُ.

الْمُوَعَّسُ: چلا ہوا راستہ۔

الْوِعَاظُ: سرخ یا زرد گلاب۔

وَعَظَهُ يَعِظُهُ وَعْظًا وَعِظَةً: نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔

اِتَّعَظَ: نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔

اَلْوَعْظَةُ. وَعْظٌ: کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وُعُظَاتٌ.

جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَـــاب وِوُغْـــاب: مؤنث وَغْبَةٌ (..... والوَغْبَةُ) بے وقوف۔

وَغَدَ یَغِدُ وَغْدًا القَوْمَ: خدمت کرنا۔

وَغُدَ یَوْغُدُ وَغَادَةً: ضعیف العقل وکمینہ ہونا۔

وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً: کسی کے فعل کی نقل کرنا۔

وَاغَدَ فُلَانًا فِی السَّیْرِ: رفتار میں مقابلہ کرنا۔

الوَغْدُ: ضعیف العقل۔ بے وقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَـــادٌ وِوُغْدَان وِوُغْدَان مؤنث وَغْدَةٌ. الوَغْدُ: جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔

وَغِرَ یَغِرُ وُغْرًا الیَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

وَغِرَتْهُ الشَّمْسُ: تیز دھوپ پڑنا (..... وِوَغِرَ یَوْغَرُ ویَغِرُ وغَرًا) صَدْرُهُ عَلٰی فُلَانٍ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

وَغَرَهُ تَوْغِیرًا عَلَیْهِ: کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔

اَوْغَرَهُ اِیغَارًا: غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرُهُ: غصہ سے بھڑکانا..... المَاءَ: پانی گرم کرنا..... هُ اِلٰی کَذَا: پناہ لینے پر مجبور کرنا ..... الخِنْزِیرُ: سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کرکے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ المَلِکُ لِرَجُلٍ اَرْضًا واَوْغَرَهٗ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا..... القَوْمُ: گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ "اَوْغَرُوْا بَیْنَهُمْ وِغْرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔

تَوَغَّرَ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

الوَغْرُ والوَغَرُ: مص۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغَرُ الجَیْشِ: لشکر کا شور۔

الوَغْرَةُ: اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ فِی وَغْرَةِ الهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔

الوَغِیرُ: گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (..... والوَغِیرَةُ) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔

المِیْغَرُ: وقت معینہ۔ وعدہ۔

وَغَضَ تَوْغِیضًا فِی الإِنَاءِ: برتن میں بھرنا۔

وَغَفَ یَغِفُ وَغْفًا ووُغُوْفًا البَصَرُ: نگاہ کمزور ہونا..... الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔

اَوْغَفَ اِیغَافًا الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدر کفایت کھانا کھانا۔

الکَلْبُ: کتے کا ہانپنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑ پھڑانا۔

الوَغِیْق: چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔

وَغَلَ یَغِلُ وُغُوْلًا فِی الشَّیْءِ: داخل ہوکر چھپنا جانا اور دور جانا (..... وُغْلًا ووُغُوْلًا وُغْلَانًا) عَلَی القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔

اَوْغَلَ اِیغَالًا فُلَانًا فِی کَذَا: داخل کرنا..... فِی السَّیْرِ: تیز چلنا..... فِی العِلْمِ ونَحْوِهٖ: پوری طرح جدوجہد کرنا القَوْمُ: دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (..... وتوغل) فِی البِلَادِ: جانا اور دور تک جانا۔

الوَغْلُ: مص۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَـــال (..... والوَغْـل) جھوٹا نسب کا دعویٰ کرنے والا۔ بدخوراک۔

الوَغَّال: وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔

المُوْغِل: جلدی داخل ہونے والا۔

وَغَمَهُ یَغِمُهُ وَغْمًا: مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالخَبَرِ: خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَی الشَّیْءِ: خیال جانا۔

وَغِمَ یَوْغَمُ وَغْمًا عَلَیْهِ: کینہ رکھنا۔

اَوْغَمَهٗ: کینہ ور بنانا۔

تَوَغَّمَهٗ غَلَیْهِ: غضبناک ہونا (..... وتَوَاغَمَ) الأَبْطَالُ فِی الحَرْبِ: سخت جنگ کرنا اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔

الوَغْمُ: مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بے وقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَـام. رَجُلٌ وَغْمٌ: کینہ ور۔

تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا: جنگ میں پیش قدمی کرنا۔

عَلَی المَعَاصِی: اصرار کرنا۔

الوَغْنَةُ: کشادہ منکا۔

الوَغْی والوُغَی: شور وآواز۔ لڑائی۔

وَفَدَ یَفِدُ وَفْدًا ووُفُوْدًا ووِفَادَةً وِافَادَةً إِلٰی او عَلَی الأَمِیْرِ: قاصد بن کر آنا۔ صفت وافِد. ج وَفْـد ووُفُـوْد ووُفَّـاد ووُفْـد واَوْفَاد.

اَوْفَدَ اِیفَادًا: بلند ہونا..... عَلَیْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ مَوْفَدَتِ الإِبِلُ او الطَّیْرُ: ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔

تَوَافَدَ القَوْمُ عَلَیْهِ: اکٹھے وارد ہونا۔

اِسْتَوْفَدَ فِی قَعْدَتِهٖ: غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) .....هُ: وفد بھیجنا۔

اَلْوَفْد: مص۔ وافد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوفد: ریت کے ٹیلہ کی چوٹی ج وفود و اوفاد.

الوَافِد: فا..... مِنَ الإِبِلِ ونَحْوِهَا: سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت اُبھر جاتا ہے۔

الوَفَّاد: بہت وفد والا۔

وَفَرَ یَفِرُ وَفْرًا وِفْرَةً لَهُ المَالَ: زیادہ کرنا۔ پورا کرنا..... عِرْضَ فُلَانٍ: حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفِّرْ لَهٗ عِرْضَهٗ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو..... عَطَاءَهٗ: رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (..... وفَرًا ووُفُوْرًا وِفْرَةً وَفْرَ یَوْفُر وفَارَةً) المَالُ او المَتَاعُ: مال یا سامان بکثرت ہونا۔

الوُفْل: مص۔ تھوڑی چیز۔
تَوَفَّنَ الشَّیُٔ: کم ہونا۔
الوَفْنَة: کمی۔
وَفَهَ یَفِهُ وَفْهًا النَّصْرَانِیُّ: خادم گرجا ہونا۔
الوَافِه: گرجا کا ناظم ونگراں۔ سرپنچ۔
الوِفَاهَة: گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الوَفْهِیَّة: گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفٰی یَفِی وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا۔ محافظت کرنا..... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا..... الشَّیُٔ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو..... رِبْشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (..... وُفِیًّا) الشَّیُٔ: کامل ہونا اور بہت ہونا..... الدِّرْهَم المِثْقَال: برابر ہونا۔ ہم وزن ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیُٔ لَا یَفِی بِذَاکَ" یہ چیز اس کے برابر نہیں ہے۔
وَفّٰی تَوْفِیَةً. الرَّجُلُ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔
اَوْفٰی اِیْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا..... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا..... الکَیْلَ: پورا ناپنا..... فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا..... المَکَانَ: آنا..... عَلَی المَکَانِ: اوپر سے جھانکنا..... عَلَی الجِمَاةِ: سوے زائد ہونا..... عَلَی الشَّیُٔ وَفِی الشَّیُٔ: اوپر سے جھانکنا۔
وَافٰی مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا..... الرَّجُلَ: آنا۔ اچانک آنا۔ وَافَاهُ الحِمَامُ او الکِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافَی تَوَافِیًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔
تَوَفّٰی تَوَفِّیًا: پورا ہونا..... حَقَّهُ: پورا حق لینا۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّیْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِیْ عَلَیْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا..... المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا..... الشَّیُٔ: کامل بنانا..... عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ: موت دینا۔ تُوُفِّیَ فُلَانٌ: فلاں مرگیا۔ اللہ کو مُتَوَفِّی اور بندے کو مُتَوَفّٰی کہیں گے۔
اِسْتَوْفٰی اِسْتِیْفَاءً حَقَّهُ: کامل و پورا حق لینا۔
الوُفَاء: مص۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مرگیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوُفَاءٍ" وہ مرگیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الوَفَی والمِیْفَی والمِیْفَاة: زمین کا بلند حصہ۔ المِیْفَی: تنور کا ڈھکنا۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الوَفَاة: موت۔ ج وَفَیَات.
الوَفِیُّ: پورا۔ کامل۔ بہت وفا کرنے والا۔ حق دینے والا۔ حق لینے والا۔ ج اَوْفِیَاء.
الوَافِی: فا۔ مؤنث وَافِیَةٌ ایک درہم اور چار دانق..... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
المِیْفَاء: وفا کرنے والا۔
وَفَبَ یَفِبُ وَفْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا۔ آنا۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَفَبَتْ وَفْبًا وَفُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا..... الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا..... القَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا..... الرَّجُلُ: دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا..... عَیْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْفَبَ اِیْفَابًا: بھوکا ہونا..... الشَّیُٔ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا..... النَّخْلُ: درخت خرما کے پھلوں کا بدبودار ہونا۔
الوَفْب: مص۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے۔ روشن دان۔ جسم کا ہر گڑھا۔ جیسے آنکھ کا ج وُفُوْب ووِفَاب. الوَفْبُ: بے وقوف۔ کمینہ ج اَوْفَاب. الاَوْفَاب: گھر کا سامان۔
الوُفْبَان: بے وقوف۔ ج وُفْبِیّ.
المَوْفَبَة: پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو۔ ثرید وغیرہ سے جو پُر کیے۔
رَکِیَّةٌ وَفْبَاء: گہرے پانی کا کنواں۔
الوَفِبَة: اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الوُفْبِیُّ: بے وقوفوں کی صحبت کا حریص۔
المِیْفَب: کوڑی۔
المِیْفَاب: بہت شراب پینے والا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ لَسَیُرُوْنَ سَبْرَ المِیْفَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَّتَ یُقِتُ وَقْتًا الْاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الْاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔ کام کی مدت بیان کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الْاَمْرَ لِیَوْمِ کَذَا" اس نے کام فلاں دن کے لئے مقرر کیا۔
الوَقْت: مص۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات اَوْقَاتُ السَّنَة: سال کی فصلیں۔ وُقِّتَ مَوْقُوْتٌ ومُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔
المَوْقِت: تعیین۔ تعیین کا زمانہ۔ تعیین کی جگہ۔
المِیْقَات: وقت۔ وعدہ جس کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ اور کبھی اس مقام کے لئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ ج مَوَاقِیْت.
المُوَقِّت: اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقَحَ یَقِحُ فِحَةً وَقْحَةً ووَقَحَ یَوْقُحُ وَقَحًا وَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَةً ووُقُوْحَةً: بے حیا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ قبیح افعال پر جری ہونا۔ صفت وَقِحٌ..... خَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا..... حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ واسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔
الوَقَاح (مذکر ومؤنث) بے شرم ج وَقْح ووُقَح. حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِیْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔
المُوَقَّح: مفع۔ مبتلائے مصائب۔ بَعِیْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
وَقَدَ یَقِدُ وَقْدًا ووَقَدًا ووُقُوْدًا ووَقْدَانًا وقِدَةً وانْقَدَ: روشن ہونا..... النَّارُ: آگ

چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔
اَوْقَصَہٗ، اَوْقص: بنا دینا (دیکھئے اَوْقص)
نَوْقَصَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔
تَوَاقص: کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔
الْوَقْص: مص۔ عیب..... فی الْعَرُوْض: علم عروض کی اصطلاح میں حرف ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔
الْوَقَص: مص۔ آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقاص کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَاصٌ مِنْ بَنِیْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔
الْوَقَّاص: پرندوں کے شکار کا جال۔ ج وَقَاصِیْص: کہا جاتا ہے "خُذْ اَوْقَصَ الطَّرِیْقَیْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔
الْوَقِیْصَۃ: گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ ج وَقَائِص۔
الْمَوْقُوْص: مفع..... فِی الْعَرُوْض: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔
وَقَطَہٗ یَقِطُہٗ وَقْطًا: پچھاڑنا۔ مار کر سست کر دینا۔ وَقِطَ فِیْ رَأْیِہٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَکَلْتُ طَعَامًا وَقِطْتُ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے سست بنا دیا اور سلا دیا۔
وَقْط الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔
اِسْتَوْقَطَ اِسْتِیْقَاطًا الْمَکَانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔
الْوَقِط و الْوَقِیْطَۃُ: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط۔
الْوَقِیْط: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَاط و وُقْطَان و اِقَاط..... مارنا یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے سست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وُقْطی و فَاطی مؤنث وقیط (مذکر کی مانند)

وَقَطَہٗ یَقِطُہٗ وَقْطًا: مہلک ضرب مارنا۔ وَقَطَ عَلَی الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔
الْوَقِیْط: وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔
وَقَعَ یَقَعُ وُقُوْعًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ: گرنا۔ الْحَقُّ: ثابت ہونا..... الْقَوْلُ عَلَیْہِمْ: واجب ہونا..... الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا..... الدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا..... رَبِیْعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لئے سقط کا لفظ نہیں بولا جاتا..... الطَّیْرُ عَلَی شَجَرٍ او اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اترنا۔ صفت وُقُوْع و وُقَّع..... فِی الشَّرَکِ: جال میں پھنسنا..... فِی اَرْضِ فُلَانٍ: داخل ہونا..... الرَّجُلُ فِیْ عَمَلِہٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا..... فِی الْعَمَلِ: شروع کرنا..... الْکَلَامُ فِیْ نَفْسِہٖ: اثر کرنا..... الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ لَہٗ وَاقِعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (..... وُقُوْعًا وَقِیْعَۃً) فِیْ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ غیبت کرنا۔ (..... وُقُوْعًا) اِلٰی تَحْذَا: جلدی جانا..... مِنْ کَذَا وَعَنْ کَذَا: باز رہنا۔ الگ ہونا..... النَّصْلُ بِالْمِبْقَعَۃِ: تیز کرنا۔ صفت مفعولی وَقِیْع..... الْبَعِیْر: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (..... وَقْعًا و وَقْعَۃً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ عِنْدَ فُلَانٍ مَوْقِعًا حَسَنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "وَقَعَ الْاَمْرُ مِنْہُ مَوْقِعًا حَسَنًا او بِئْسًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وَفُلَانٌ لَیْسَ وَلَا یَقَعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَھٰذِہٖ نَعْلٌ لَا تَقَعُ عَلٰی رِجْلِیْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔
وُقِعَ فِیْ بُدْہٖ: نادم و پشیمان ہونا۔ مانند سُقِطَ فِیْ یَدِہٖ کے)
وَقِعَ یَوْقَعُ وَقَعًا: ننگے پیر ہونا۔ سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا دردمند ہونا۔ صفت

وَقِع.
وَقَعَ الْوَبَرُ ظَھْرَ الْبَعِیْرِ: نشان ڈالنا..... الْمَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا..... الْعَھْدَ او الْفِرْمَانَ: شاہی مہر لگانا..... الْکِتَابَ او الصَّکَّ: خط یا چیک پر دستخط کرنا..... الْکَاتِبُ فِی الْکِتَابِ: ازوائد کو حذف کر دینا..... الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا..... وَقَعَ طَلُّہٗ عَلَی الشَّیْءِ: اندازہ کرنا..... عَلٰی فُلَانٍ: گمان کرنا..... الصَّیْقَلُ عَلَی السَّیْفِ: تیز کرنے کے لئے متوجہ ہونا..... الْجَزَّارَۃُ خَافِرَۃَ: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا..... الْفَوْمُ: آخر رات میں آرام کے لئے اتر پڑنا۔
وَاقَعَہٗ وِقَاعًا وَمُوَاقَعَۃً: جنگ کرنا۔ وَاقَعَ الْاُمُوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سرانجام دینا۔
اَوْقَعَہٗ اِیْقَاعًا: واقع کرنا۔ اَوْقَعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا..... بِہِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا..... الدَّھْرُ بِہٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا..... الرَّوْضَۃَ: پانی روک لینا..... الْمُغْنِیَ: سر ٹھیک کرنا۔
تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔
تَوَاقَعَ الْاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا..... السَّیْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔
الْوَقْعُ: مص۔ کسی چیز کی ضرب کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ وَقْعَ حَافِرِ الدَّابَّۃِ وَوَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَۃ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ وَقْعٌ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔
الْوَقَع: مص۔ چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَۃ۔
الْوَقِع: بارش کی امید دلانے والا بادل۔

الْوَاقِف : فا۔ ج وُقْف و وُقُوف. عِنْدَ الْفُقَهَاء: فی سبیل اللہ وقف کرنے والا۔
الْوَقَّاف : دیر و سستی کرنے والا۔ لڑائی سے رکنے والا۔
الْوَقَّافَة : خوفزدہ جو ٹھہر جائے اور پیش قدمی نہ کرے۔
الْمَوْقِف والْمَوْقِفَة: ٹھہرنے کی جگہ۔
مَوْقِفُ الْمَرْأَةِ الْمُنْحَجِبَة : پردہ نشین عورت کے ہاتھ اور آنکھیں اور وہ اعضاء جن کا ظاہر کرنا ضروری ہو۔ الْمَوْقِفان: دو رگوں کا نام ہے جو ہر پیر کی ہڈی کے اردگرد ہوتی ہیں اگر ان میں شیخ ہو جائے تو انسان اُٹھنے پر قادر نہیں ہوتا اور اگر کاٹ دی جائیں تو مر جاتا ہے۔
هَيَّتَ تَهْيِيتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔
هَـاب: اسم فعل بمعنی أَعْطِنِي کہا جاتا ہے "هَابِ يَا رَجُلُ وهَابِي يَا امْرَأَةُ وهَابِيَا رَجُلَانِ و يَا امْرَأَتَانِ وهَابُوا يَا رِجَال وهَابِينَّ يَا نِسَاءُ".
الهِيت: بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے "هِيتَ وهِيتَ لَكَ (بتثليث التاء فيهما) بمعنی هَلُمَّ وتَعَالَ: یعنی آؤ حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے هِيتَ لَكُمَا وهِيتَ لَكُم وهِيتَ لَكُنَّ.
هَاكَ يَهِيكُ هَيْكًا وهَيْكَانًا لِفُلَانٍ: تھوڑا سا دینا..... مِنَ المَالِ: ضرورت کے مطابق پانا ..... فِي الشَّيْءِ: نساد ڈالنا اور ایسا ہی هَاكَ الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیئے نے بکریوں

اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمُ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔
الْهَيَضُ: پرندے کی بیٹ۔
الْهَيْضَاءُ: لوگوں کی جماعت۔
الْهَيْضَةُ. هاض: کا اسم مرۃ۔ رنج وغم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا هَيْضَةُ الْكَرَىٰ: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے ستی
عَظْمٌ مَهِيضٌ: جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔
الْمُنْهَاضُ: وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔
هَاطَ يَهِيطُ هَيْطًا: شور مچانا۔
هَابَطَ مُهَابَطَةً وَهِيَاطًا: شور مچانا۔
فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔
تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔
الْهَبْطُ: مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِي هَبْطٍ وَمَبْطٍ" وہ ہمیشہ شور وغوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِي هِيَاطٍ وَمِيَاطٍ: وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔
هَاعَ يَهُوعُ وَيَهَاعُ هَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا..... الرَّصَاصُ: پگھلنا..... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا..... الْإِبِلُ إِلَى الْمَاءِ: خواہش مند ہونا..... الرَّجُلُ: تکلف کرنا (..... هَيْعًا وَهَيْعَةً وَهُيُوعًا وَهُبُوعَةً وَهَيَعَانًا) بزدل ہونا۔ گھبرانا (..... هَيْعَةً وَهَاعًا) سخت حریص ہونا..... مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا، زچ ہونا۔
تَهَيَّعَ تَهَيُّعًا وَانْهَاعَ انْهِيَاعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّعَ وَانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔
الْهَائِعُ: فا۔ لَيْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔
الْهَائِعَةُ. الْهَابِعُ: کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔
الْهِيَاعُ: پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِبْحٌ هِيَاعٌ لِيَاعٌ" تیز ہوا۔
الْهَيَاعُ: سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَيَاعٌ لَيَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد اور ایسا ہی امْرَأَةٌ هَيَاعَةٌ لَيَاعَةٌ"۔
الْهَيْعَةُ: دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرْضٌ هَيْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔
رَجُلٌ هَيِّعٌ لَيِّعٌ: کمزور گھبرانے والا مرد۔
الْمُتَهَيِّعُ: برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔
الْمَهْيَعُ: کھلا ہوا کشادہ راستہ اور کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مَهْيَعٌ" ج مَهَايِعُ. بَلَدٌ مَهْيَعٌ: کشادہ شہر۔
هَيْعَرَتْ هَيْعَرَةً. اَلْمَرْأَةُ: بدکار ہونا (..... وَنَهْبَغَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔
الْهَيْعَرَةُ: مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔
هَيَّغَ تَهْيِيغًا الْمَطَرُ الْأَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔
اَهْيَغُ. الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔
الْأَهْيَغُ: تر وتازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ والْأَهْيَغَانِ: تر وتازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔
هَافَ يَهِيفُ هَيْفًا: بہت پیاسا ہونا (..... يَهَافُ هَيَفًا) الْعَبْدُ: غلام کا بھاگنا۔ (..... هَيَفًا وَهَيَافًا) الْإِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔
هَيِفَ يَهْيَفُ وَهَافَ يَهَافُ هَيَفًا وَهَيْفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْيَفُ. صفت مؤنث هَيْفَاءُ ج هِيفٌ.
اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اِهْتَافَ اِهْتِيَافًا: پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَافٌ.
اِسْتِهَافٌ: با هِيفٌ: کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هِيفٌ)
الْهَائِفُ: فا۔ سخت پیاس والا۔
الْهَائِفَةُ. هَائِفٌ: کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر ہوا هِيفٌ کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هِيفٌ)
الْهِيفُ: مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثال عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هِيفٌ لِأَذْنَابِهَا" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔
رَجُلٌ هَافٌ: پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔
الْهَيْهَافُ وَالْهَيْهَانُ وَالْهَيُّوفُ: پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔
اَهْيَقُ الظَّلِيمِ: شترمرغ کا لمبا ہونا۔
الْهَيْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شترمرغ۔ ج اَهْيُقٌ وَهُيُوقٌ: مؤنث هَيْقَةٌ.
الْأَهْيَقُ: لمبی گردن والا۔
هَيْكَ تَهْيِيكًا: جلدی کرنا۔ کھودنا۔
هَبْكَلَ: هـ ك ل کا مادہ دیکھئے۔
هَالَ يَهِيلُ هَيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَبَّلَ تَهْيِيلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)
تَهَيَّلَ تَهَيُّلًا وَانْهَالَ انْهِيَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ وَهَيَّلَهُ فَتَهَيَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوا عَلَى فُلَانٍ: فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔
الْهَالُ: ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔
الْهَيْلُ: مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَيْلِ

ی : الْبَاءُ: حروفِ تہجی میں سے اٹھائیسواں حرف ہے۔ یہ حرفِ جوف سے ہے۔

الْبَاءُ: ضمیرِ مؤنث کے لئے آتی ہے جیسے نَقُوْمِیْنَ وَقُوْمِیْ: اور ضمیرِ متکلم کا کام دیتی ہے۔ جیسے ضَرَبَنِیْ وَکَتَبِیْ.

یَا: حرفِ ندا ہے۔ بعید و قریب دونوں کے لئے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یَا "لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ" وَیَا "رُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَةٍ یَوْمَ الْقِیَامَةِ": اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لئے ہے۔

اور "اَنَا بِنَی رَجُلٌ وَیَالَهُ رَجُلًا اَوْمِنْ رَجُلٍ" و "یَافَکَ مِنْ فَارِسٍ": جیسی ترکیبوں میں یا حرفِ ندا اور لامِ تعجب کے لئے ہے۔

یَئِسَ یَئِسُ وَیَیْئَسُ یَأْسًا وَیَئَاسَةً مِنْهُ: ناامید ہونا۔ صفت فاعل یَائِسٌ وَیَؤُوْسٌ وَیَؤُوْسٌ جمع یُؤُوْسٌ اور صفت مفعول مَیْؤُوْسٌ مِنْهُ اور کبھی یَئِسَ: جاننے کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "اَلَمْ تَیْاَسُوْا اَنِّیْ اَبْنُ فَارِسٍ زَهْدَمٍ": کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔

یَئِسَتِ الْمَرْاَةُ تَیْئَسُ: بانجھ ہونا۔ صفت یَائِسٌ.

اَکَ یَاْسَهُ اِیْئَاسًا وَاٰیَسَهُ اِیَاسًا وَمُوَاٰیَسَةً: ناامید کرنا۔ اَکَ یَاْسَ اللّٰهُ الْمَرْاَةَ: بانجھ کرنا۔

تَاَیَّسَ اِیْئَاسًا وَاِسْتَاْیَسَ اِسْتِیْئَاسًا مِنْهُ: مایوس ہونا۔

الْبَاْسُ وَالْیَاْسَةُ: ناامیدی۔

بَاْیَاْیَاةً وَیَایَاةً الْقَوْمُ: پکارنا۔ بِالْاِبِلِ: اَیْ: کہہ کے ٹھہرانا (اَیْ ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو اٹھتے ہیں)

یَایَا: لوگوں کے جمع ہونے کے لئے پکارنے کا اسمِ صوت۔

الْبَاْیَاءُ: مص۔ یُؤْیُؤُ: نامی شکاری پرندہ کی چیخ۔

الْبُؤْیُؤُ: ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جلہم بھی کہتے ہیں ج یَایِیٌ.

یَبَّ الْمَنْزِلُ: ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَّبُوْهُ وَیَبُّوْهُ": انہوں نے اسے تباہ و ویران کیا۔

الْیَبَابُ: ویران۔ کہا جاتا ہے "مَنْزِلٌ خَرَابٌ یَبَابٌ": ویران منزل۔

الْاَیْبُدُ: ایک قسم کی نباتات۔

یَبِسَ یَیْبَسُ یَبْسًا وَیُبْسًا وَاِیْبَاسًا: خشک ہونا۔ صفت یَبِسٌ وَیَبْسٌ وَیَابِسٌ وَیُؤُسٌ وَیُبُسٌ وَاَیْبَسُ: کہا جاتا ہے "هٰذَا یَبِسٌ مِمَّا بَیْنَهُمَا": ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے۔

یَبَّسَ وَاَیْبَسَ الشَّیْءَ: خشک کرنا۔ اَیْبَسَ الْمَکَانُ: خشک نباتات والی ہونا۔ اَیْبَسَ الْقَوْمُ: خشک زمین میں چلنا۔ اَیْبَسَ الْعُوْدُ: خشک ہونا اور کہا جاتا ہے "اَیْبَسَ یَا رَجُلُ": یعنی چپ رہو۔

اِسْتَیْبَسَ الرِّیْقُ: تھوک خشک ہونا۔

اَلْیَابِسُ: فا۔ ج یَبَسٌ. رَجُلٌ یَابِسٌ: بے برکت آدمی۔ حَجَرٌ یَابِسٌ: سخت پتھر۔

الْیَبَسُ: خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو۔ خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو شَاةٌ یَبَسٌ بے دودھ کی بکری۔

الْیُبُسُ: مص۔ خشک۔ یَابِسٌ: کی جمع۔ جیسے رَاکِبٌ کی جمع رُکُبٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ یُبُسٌ": بے برکت شخص۔

شَیْءٌ یَبَاسٌ: خشک چیز۔

الْیَبُوْسَةُ: خشکی۔

یَبِیْسُ الْمَاءِ: پسینہ۔

الْاَیْبَسَانِ: کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا۔

الْاَیَابِسُ: سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے اَیْبَسُ کی جمع۔

الْمِیْبَاسُ: پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔

الْیَبُوْعُ وَالْیَتُوْعُ: دودھ والے پودے ج یَتُوْعَاتٌ.

یَتَمَ یَیْتَمُ وَیَئِمَ یَئِتَمُ وَیَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا وَیُتْمًا الصَّبِیُّ مِنْ اَبِیْهِ: یتیم ہونا۔

یَتَّمَ: (ض) یَتْمًا: کوتاہی کرنا۔ سستی کرنا۔ تھکنا۔ دیر کرنا..... مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ: رہائی پانا۔ یَتُمَ الصَّبِیُّ: یتیم ہونا۔

یَتَّمَهُ وَاَیْتَمَهُ: یتیم کرنا۔ اَیْتَمَتِ الْمَرْاَةُ: یتیم بچوں والی ہونا۔ صفت مُوْتِمٌ. ج مَیَاتِیْمُ.

الْیَتِیْمُ: نابالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو..... مِنَ الْبَهَائِمِ: جس کی ماں مر گئی ہو ج اَیْتَامٌ وَیَتَامٰی وَیَتْمَةٌ وَیُتَمَةٌ وَیُتُمٌ. الْیُتْمُ: اکیلا۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وَبَلَدٌ یَتِیْمٌ: علیحدہ ریگستان۔ بے نظیر۔ بے مثل۔

الْیَتِیْمَةُ: یتیم کا مؤنث۔ ج یَتَامٰی: علیحدہ ریگستان۔ دُرَّةٌ یَتِیْمَةٌ: بیش قیمت بے نظیر موتی۔

الْیَتْمُ: مص۔ غم۔

الْیُتْمُ: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔

الْیَتَمُ: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔ حاجت اور کہا جاتا ہے "فِیْ مَشْیِهٖ یَتَمٌ": اس کی چال میں ضعف و فتور ہے۔

صَبِیٌّ یَتْمَانُ: یتیم بچہ۔ کہا جاتا ہے اَلْحُرُوْبُ

یَسَرتِ الْمَرْاَۃُ: آسانی سے جننا(..... یَسْرًا) جوا کھیلنا..... الرَّجُلُ: بائیں جانب سے آنا..... الْفَوْمُ النَّاقَۃَ: حصے کر کے گوشت کو تقسیم کر لینا۔
یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا: کم ہونا۔ صفت یَیْسِرٌ.
یُسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا ویَسِرَ یَیْسَرُ یُسْرًا الْاَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت یَیْسِرٌ.
یَسَّرَ الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: آسان کرنا۔ توفیق دینا (خیر و شر دونوں کے لئے مستعمل ہے)
یَسَّرَ الْغَنَمُ: زیادہ دودھ دینے والی ہونا۔
یَسَّرَ الرَّجُلُ: آسانی سے بچے جننے والی بکری یا اونٹنی والا ہونا۔
أَیْسَرَ إِیْسَارًا: دولت مند ہونا۔ صفت مُوْسِرٌ ج مَیَاسِیْر. أَیْسَرَ الرَّجُلَ: مطالبہ میں سختی نہ کرنا۔
أَیْسَرَتِ الْمَرْاَۃُ: آسانی سے جننا۔
یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً: نرمی برتنا۔ بائیں جانب سے آنا۔ یَاسَرَ الشَّیْءَ: بائیں جانب لینا۔ یَاسَرَ الْقَوْمَ: باہم آسانی و نرمی کرنا۔
تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ: مقاتلہ کے لئے تیار ہونا..... الْبَلَاءُ: سرسبز ہونا..... النَّہَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (..... وَاسْتَیْسَرَ) الْاَمْرُ: آسان ہونا۔ وَاسْتَیْسَرَ لَہُ الْاَمْرُ: تیار ہونا۔
تَیَاسَرَ: باہم آسانی کرنا..... الرَّجُلُ: بائیں جانب سے کرنا..... الْقَوْمُ: بائیں جانب لینا (..... وَاتَّسَرَ وَایْتَسَرَ) الْقَوْمُ: جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا اور کہا جاتا ہے "تَیَاسَرَتِ الْاَھْوَاءُ قَلْبَہٗ": خواہشات نے اس کے دل کو تقسیم کر لیا۔
الْیُسْر والْیُسُر والْیَسَارَۃ: آسانی، نرمی۔ تونگری۔ الْیُسْر: ایک درخت کا نام جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے دھاگے میں پرو لیتے ہیں۔
الْیَسَار: آسانی۔ تونگری (..... والْیَسَار) بایاں۔ ج یُسُر ویُسُر.
الْمَیْسُر: مص۔ آسان۔ تیار کیا ہوا۔ جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج أَیْسَار کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَعْسَرُ یَسَرٌ": دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد اور مؤنث کے لئے عَسْرَاءُ یَسْرَاءُ.
الْیَاسِر: فا۔ آسان۔ بایاں۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم۔ تصانی ج أَیْسَار.
الْیَسْرَۃ: ہاتھ کی غیر متصل لکیریں۔ دونوں ران کے داغ ج أَیْسَار وَیَسْرَات الْیَسْرَات: ہلکی ٹانگیں۔
الْیُسْرٰی ج یُسْرَیَات والْیُسْرَۃ: بایاں۔
الْأَیْسَر: بائیں جانب والا۔ نرم و آسان۔
الْیَبْیَر: کم۔ نرم آسان (..... والْیَسُور) غالب۔ جوئے باز۔ ج یُسُر.
الْمَیْسِر: جوا۔ تیروں کا جوا۔ ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے۔ زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا۔
الْمَیْسَرَۃ: بائیں جانب۔ بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَیَاسِر (..... والْمَیْسِرَۃ والْمَیْسُرَۃ) آسانی۔ تونگری۔
الْمُیَسَّر: آسان کیا ہوا۔ آسان ج مَیَاسِیر.
الْیَاسِمِیْن والْیَاسْمُوْن: چنبیلی۔
یَبِسَ یَیْبَسُ یَبَسًا الْمَاءُ: متغیر ہونا۔
الْیَبَب والْیَبَسُ والْیَبْسُم: یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر۔
الْیَبَصُ والْیَبَصُف: یشب۔
الْأَیْبَصُر: سوکھی گھاس ج أَبَاصِر.
یَبَغَرَتْ تَیْبَغِرُ وتَیْبَغِرُ یَغَارًا الشَّاۃُ او الْمَعْزٰی: بکری کا ممیانا۔
الْیَبْغَر والْیَبْغَرَۃ: بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیئے کے شکار کے لئے گدھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج یَغَار.
الْیَعْسُوْب: شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ج یَعَاسِیْب.
الْیَعْفُوْر: ہرن۔
الْیَعْر: ایک جانور جو کتے سے چھوٹا اور بلی سے بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو عَرِیْر بھی کہتے ہیں۔
یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الْوَلَدُ: لڑکے کی چندیا پر مارنا۔
الْیَافُوْخ والْیَفُوْخ: نومولود بچے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج یَوَافِیْخ اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْفَوْمُ بِاَفُوْخِ اللَّیْلِ" جب کہ رات میں چلیں۔ "وَفَتَّ فِیْ یَافُوْخِہِ السَّنَاکُ": جبکہ تکبر کرے "وَوَطِئَ فُلَانٌ بِوَافِیْخِ الْقُرُوْمِ": جبکہ سب لوگ سرداری کو تسلیم کر لیں۔
یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا والْیَفَع الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ یَفَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
یَفَعَ الْغُلَام: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا..... الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ ٹیلہ پر آگ روشن کرنا۔
الْیَفَع والْیَفَاع: بلند ٹیلہ۔ بلند زمین۔ ج یُفُوْع. غُلَامٌ یَفَعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج أَیْفَاع.
الْیَافِع: فا۔ غُلَامٌ یَافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج یَفَعَۃٌ ویُفْعَان. مَجْدٌ یَافِعٌ: بڑی بزرگی۔
الْیَفَعَۃ: لڑکا جو نوجوان ہو اور بلوغ کے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے غُلَامٌ یَفَعَۃٌ وغُلَامَانِ یَفَعَۃٌ وغِلْمَانٌ یَفَعَۃٌ.
الْیَافِعَۃ. یافِع: کا مؤنث ج یَافِعَات الْیَافِعَاتُ مِنَ الْأُمُوْرِ: طاقت سے باہر کام..... مِنَ الْجِبَالِ: بلند پہاڑ۔
الْمَیْفَعَۃ: بلند زمین ج مَیَافِع.
الْیَفَن: بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ بوڑھا بیل صاحب فنون ج یُفُن.
یَقَّ یَیِقُّ یَقُوْقًا: سفید ہونا۔
الْیَقَق: روئی۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا۔ ایک ٹکڑے کو یَقَقَۃ کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے أَبْیَضُ یَقَقٌ ویَقِقٌ": بہت سفید ج یَقَائِق.
الْیَاقُوْت: ایک بیش قیمت پتھر واحد یَاقُوْتَۃٌ ج یَوَاقِیْت.
الْیَقْطِیْن: بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لئے ہوتا ہے واحد یَقْطِیْنَۃٌ.
یَقِظَ یَیْقَظُ یَقَظًا ویَقُظَ یَیْقُظُ یَقَاظَۃً: بیدار

الْبُوع: خون کی سرخی۔
الْبَوْغ: سرخ مہرہ۔ واحد بَوْغَةٌ: عقیق کی ایک قسم۔
الْبَوْم: ایک قسم کی نباتات واحد بَوْمَةٌ.
أَبْيَقَ إِبْهَاقًا. اللَّحْمُ: گوشت بدبودار ہونا۔
اِسْتَبْهَرَ: بے عقل ہونا..... فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں مدت گزارنا..... بِالْأَمْرِ: یقین کرنا۔
الْبَهْر والْبَهْر: کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گزاری۔
الْبُهْر: سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت جھوٹ اندرائن۔ زہر۔
الْبَهْرَى: بہت پانی۔ باطل۔
الْمُسْتَهْتِر: فا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔
الْبَهْفُوف: بزدل۔ بیوقوف۔ چپٹی زمین۔ تیز قلب۔
البهم: دیوانگی۔ جنون۔
الأَبْهَم: دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا۔ دلیر۔ چکنا پتھر بے نشان شہر لَيْلٌ أَبْهَم: بے تاروں والی رات۔ مؤنث بَهْمَاء ج بُهْم.

الْبَهْمَاء: أَبْهَم: کا مؤنث۔ بے پانی اور بے نشان بیابان۔ سخت سال۔ مضبوط اونٹنی أَرْضٌ بَهْمَاءُ: بے نام ونشان وبے چراگاہ زمین۔
بَهْنُون بُهْم: بے گھاس وپانی اور بے درخت والے سال۔
بَهُوذ: دیکھئے مادۂ ہود۔
يُوخ ويُوخى: آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَكَ اللّٰهُ أَعْمَرَ مِنْ نُوحٍ وَأَنْوَرَ مِنْ نُوحٍ": اللہ تعالیٰ عمر نوح علیہ السلام کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔
الْبُوذ: سیاہ خاکستری بلوری رنگ کا جسم جس کا دھواں تیزی سے پھیل جاتا ہے۔
الْبُوم الشمس الحقيقي: وہ وقت جب سورج خط جرہ سے دو دفعہ گزرتا ہے۔
بَاوَمَهُ يُبَاوِمُهُ ومُبَاوَمَةً: دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔
الْبُوم: دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَخَرْتُكَ لِهٰذَا الْبُوم": تم کو میں نے اسی دن کے لئے ذخیرہ بنایا تھا جَاءَ أَيَّامِ وَجَاءَ أَبَاوِيمِ أَيَّامِ اللّٰهِ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں أَيَّامُ الْعَرَب: جنگ ہائے عرب۔ ابن الْأَيَّام: زمانہ شناس۔ "ابْنُ الْيَوْم": زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ أَيُّوم": مہینے کا آخری دن۔ وَيَوْمٌ أَيُّومٌ وَيَوْمٌ وَيُوَمٌ وذُو أَيَّامٍ وذُو أَبَاوِيمَ وذُو أَبَايِيمَ: سخت طویل دن۔
الْيُونَان: یونانی لوگ۔ ایک ملک کا نام۔
يُونَانِيٌّ: یونان کا رہنے والا ج يُونَانِيُّونَ.
الْيَاوِيُّ: یا کی جانب منسوب۔
الْيَنْمِيَّة: خور۔
يَبَانْيَنَهُ. الْيَاء: لکھنا۔

تمت

پتھر پر جو لگا ہے لے لو۔ یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت جانو۔

خُذِ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِهٖ

(معاملہ کو اس کے مقدمات کے ساتھ لو) معاملے کے پیش آنے سے پہلے اس کی تدابیر اختیار کرو۔ اس میں باء بمعنی فی ہے یعنی بقوابلہ بمعنی فی بقوابلہ ہے۔

خُذْ مِنَ الدَّهْرِ مَا صَفَا وَمِنَ الْعَيْشِ مَا كَفٰى

زمانہ سے وہ چیز لو جو پاک ہو اور روزی اتنی جو کفایت کرے۔

خُذْ مَا طَفَّ لَكَ

جو چیز نزدیک ہو اس کو حاصل کرنا۔

لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ

آج کے کام کل پر مت ڈالو۔

آخر الدّاءِ الْكَيُّ

(مرض کی انتہا داغ دینا ہے) مرض کے انتہائی حد تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دوا سے علاج کیا جاتا ہے مگر کوئی دوا اس کو راس نہیں آتی۔ تب آخری علاج کے طور پر داغا جاتا ہے اس سے بھی تندرست نہ ہو تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا۔ اچھا ہو تو ہو ورنہ وہی موت ہے۔

آخِ الْاَكْفَاءَ ذَاهِنِ الْاَعْدَاءَ

(ساتھیوں سے بھائی چارہ کے ساتھ پیش آؤ اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو) اسی طرح ایک قول ہے: خالص المؤمن و خالق الفاجر: (مؤمن سے (دلی) اخلاص سے اور فاجر سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو)۔

اَخُوْكَ اَمِ الذِّئْبُ

(وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا) جو شخص تیری ہمدردی کے لئے آیا ہے وہ تیرا بھائی ہے یا تیرا چھپا دشمن۔ اسی طرح بولا جاتا ہے اصاحب انت فارکن البک ام عدو فاحذر منک (آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن ہے کہ تجھ سے عافیت مانگو)۔

اخوكَ مَنْ صَدَقَكَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے۔

اَخُوْكَ مَنْ وَاسَكَ بِنَشْبٍ لَا مَنْ وَاسَكَ بِنَسَبٍ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے فقط قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرتا رہے یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے (اکثر) سودمند نہیں۔

اَنَ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَكَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے۔

اَنَ اَخَاكَ مَنْ اَسَاكَ.

(تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے)۔ آسیٰ فلانا بمالی او غیرہ: ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی شخص کو مال دے کر اپنے برابر کر لیا جائے اور اپنے نفس پر اس کو ترجیح دی جائے۔ یہ بھائیوں کے ساتھ احسان کرنے کیلئے اُبھارنے پر بولا جاتا ہے۔

لِاَخِيْكَ عَلَيْكَ مِثْلُ الَّذِيْ لَكَ عَلَيْهِ

(تیرے بھائی کا تجھ پر وہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے)۔

رُبَّ اَخٍ لَمْ تَلِدْهُ وَالِدَةٌ

(بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے) سچے دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ مشکلات میں کام آتا ہے۔

اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبٍ

آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سودمند ہوتا ہے۔

اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ كَمَالٌ

علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے۔

نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ

زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا (استاد) ہے۔

مَاَرَبَةٌ لَاخَفَاوَةٌ

(حاجت سبب ہے نہ کہ اکرام) یعنی اکرام و احترام ضرورت کی بنا پر ہے محبت کی وجہ سے نہیں۔

اَلْاَرْضُ الْوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَ هَا وَمَاءَ غَيْرِهَا

گوڈی کی ہوئی نرم زمین اپنا پانی بھی پی جاتی ہے اور دوسرے کا بھی۔ ٹھنڈا لوہا گرم کو کھا جاتا ہے۔

بِالْاَرْضِ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ

(تیری ماں نے تجھے زمین پر ہی تو جنا ہے) "آدمی خاک کا پتلا ہے"۔ غرور و تکبر سے روکنے اور انسان کو اس کی حیثیت یاد دلانے کے لئے بولا جاتا ہے۔

لِلْاَرْضِ مِنْ كَاسِ الْكِرَامِ نَصِيْبٌ

سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی ہے۔

وَفِي الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيْمِ مَنَادِحٌ

زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بھرے پڑے

بخار کا وقفہ وقفہ سے اترنا چڑھنا۔

آلفُ مِنْ کَلْب

کتے سے زیادہ مانوس۔

کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔

اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ

ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔

ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

اُمُّ الاخرس تعرِفُ بِلُغَاتِ الْخُرْسَانِ

گونگے کی ماں گونگے کی رمز شناس ہوتی ہے۔

اُمٌّ سَقَتْکَ الغِیْلَ مِنْ غَیْرِ حَبَلٍ

(وہ ایسی ماں ہے جس نے بغیر حمل کے تجھے حالت حمل کا دودھ پلایا ہے۔ غیل: اس دودھ کو کہتے ہیں جو ماں کے حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ پیے۔ یہ دودھ بچہ کو مضر ہوتا ہے۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو پہلے تو کسی کو مقرب بنالے اور پھر بغیر کسی قصور کے اس کو نکال دے اور زیادتی کرے۔

اِلٰی اُمِّہٖ یَلْھَفُ اللَّھْفَانُ

(فریاد کرنے والا اپنی ماں ہی کے پاس فریاد کرتا ہے) آدمی اپنے اہل اور بھائیوں ہی سے اعانت چاہتا ہے۔ کھفان: مصیبت زدہ اور مبتلائے غم کے متعلق کہا جاتا ہے۔

اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَہُ الْاَمْرُ

ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے آتی رہتی ہیں۔

اَمْرٌ مُبْکِیْکَ لَا اَمْرٌ مُضْحِکَاتِکَ

رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔

یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس پر دھیان دو اور جو بے خوف کرے اس کو چھوڑ دو۔

لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قُصَیْرٌ اَنْفَہٗ

کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو فقط اپنا کام نکالنے کے لیے حیلہ سازی کرے۔

لِاَمْرٍ مَا یَسُوْدُ مَنْ یَسُوْدُ

(جو سردار بنتا ہے کسی وجہ ہی سے بنتا ہے) کوئی شخص استحقاق ہی کی وجہ سے قوم کا سردار رہا کرتا ہے۔ یعنی کوئی نہ کوئی خوبی تو ہوتی ہی ہے تو انسان سردار کہلاتا ہے۔

لَیْسَ لِلْاَمْوَرِ بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ

(جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر حاوی نہیں ہو سکتا)۔

اَلْاَمِیْرُ مَنْ لَا یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ

(امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے)۔

یَا حَبَّذَا الْاِمَارَۃُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَۃِ

حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔

اَمَلُ الْعَیْبِ عَیْبٌ

عیب تلاش کرنا بذات خود ایک عیب ہے۔

اَمِنَ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَہٗ

جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔

یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔

اَمَنُ مِنْ حَمَامِ مِلَّۃَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مامون) کیونکہ نہ اس کو شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان۔ آمن امن سے مشتق ہے۔

اَمَنُ مِنَ الْاَرْضِ

بہت امانت دار شخص۔ زمین سے زیادہ امین کیونکہ زمین میں جس جنس کی امانت رکھی جاتی ہے اسی جنس کو اُگا دیتی ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُہٗ فِیْ وَجْھِہٖ وَحُزْنُہٗ فِیْ قَلْبِہٖ

مومن کی کشادہ روئی اس کے چہرے پر ہوتی ہے اور اس کا غم دل میں چھپا ہوتا ہے۔

اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ

مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔

لَیْسَ عَلَی الْاِنْسَانِ اِلَّا مَا مَلَکَ

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔

اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ

انسان احسان کا غلام ہے۔

اَلْاِنْسَانُ ابْنُ یَوْمِہٖ

(انسان اپنے دن کا بیٹا ہے) یعنی وقت کا بندہ۔

اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْکِیْرِ وَاللّٰہُ بِالتَّدْبِیْرِ

انسان غور و فکر میں مشغول ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر میں ہے "تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ"۔

کُلُّ اِنْسَانٍ وَھَمُّہٗ

ہر شخص اپنے غم کی تدبیر خود بہتر کرتا ہے ہر شخص اپنا کام خود ہی جانتا

كل مَبْذُوْلٍ مَمْلُوْلٌ
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ و بیزاری ہو ہی جاتی ہے۔
بالبِرِّ يُسْتَعْبَدُ الْحُرُّ
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو بھی غلام بنایا جاسکتا ہے۔
بَرِئَتْ فَأَيْنَهُ مِنْ قُوْبٍ
(انڈا چوزہ سے بے تعلق ہو چکا ہے) قانبہ: انڈے کو اور قوب: چوزہ کو کہتے ہیں یعنی "بات بہت دور ہو گئی"۔ "تیر کمان سے نکل چکا" یا "اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئی کھیت"۔
بَرْدُ غَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمِإٍ
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا۔ مقولہ ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور پھر تپتی ہوئی دوپہر میں پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گیا۔ یعنی پیش بندی کرنا اور مارا جانا۔
أَبْرَدُ مِنْ غِبِّ الْمَطَرِ
بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد۔ غب المطر: دراصل غب یوم المطر ہے)۔
أَبْرَدُ مِنْ غَضُوْسٍ
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔
أَبْرَدُ مِنْ فَلْحَسٍ
فلحس (ایک سردار کا نام جو بغیر جہاد کئے مالِ غنیمت کا طالب ہوتا تھا) سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔
بَرَقَ مِنْ عَجَلٍ
بڑے خزانے سے تھوڑا۔
إِنَّمَا هُوَ كَبَرْقِ الْخُلَّبِ
(وہ تو دھوکہ دینے والے بجلی کی طرح ہے) یعنی بجلی چمکتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی "جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں"۔
مَا كُلُّ بَارِقَةٍ تَجُوْدُ بِمَائِهَا
(امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا) یعنی بارش کی امید پوری ہوگی۔ احسان کی امید میں بولا جاتا ہے۔
عَسَى الْبَارِقَةُ لَا تُخْلِفُ
ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برسایا کرتا۔
اَلَّذِيْ لَا يُبْصِرُ مِنَ الْبِرْبَالِ يَكُوْنُ أَعْمَى
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔
أَبْصِرْ وَغِ فَلْفَكَ
دیکھ اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف متوجہ کرنا۔
أَبْصَرُ مِنْ عِقَابٍ
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔
أَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ
(گدھ سے بھی زیادہ تیز نظر)
أَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔
أَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ الْيَمَامَةِ
یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر۔ زرقاء جدیس قبیلے کی عورت تھی جو تین منزل کے فاصلے سے دیکھ لیتی تھی۔
لَا يُبِضُّ خَيْرُهُ
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (رحم) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔
أَبْطَأُ مِنْ غُرَابِ نُوْحٍ
نوح کی کوّے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوّے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔
أَبْطَشُ مِنْ دَوْسَرَ
نعمان بن منذر کے لشکر۔ دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔
بَطْنِي غُبَيْرَاءُ وَسَائِرِي ذِرْنِي
(صرف میرے پیٹ پر عطر ملو اور میرے باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو) ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اہم چیز کو چھوڑ کر غیر اہم کو اختیار کرے۔
اَلْبَطْنَةُ تَأْبِنُ الْقَطِنَهْ
(زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے۔ افن الفصیل: اس وقت بولتے ہیں جب اونٹ کا بچہ اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ پی لے۔ مطلب یہ کہ مال و دولت نے عقل خراب کر دی۔
مَا أَبْعَدَ مَا فَاتَ وَمَا أَقْرَبَ مَا يَأْتِي
(جو نکل گیا وہ دُور گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت ہی قریب ہے)۔
أَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ
ثریا ستارے سے زیادہ دُور۔
أَبْعَدُ مِنْ بَيْضِ الْأَنُوْقِ
عقاب کے انڈوں میں سے بھی زیادہ دور یعنی ناحاصل ہونے والی

تنگ پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہا کو پہنچ چکا۔

بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبیٰ
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔ مراد: لوگ حد سے گزر چکے۔

بَلَغَ البَلَبَنُ العَظم
(چھری ہڈی تک پہنچ گئی) کسی معاملے کے انتہا تک پہنچنے کے وقت بولتے ہیں۔

بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَن
(خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔ ثُن، ثنۃ کی جمع ہے وہ بال جو چوپایہ کے نیچے ٹخنوں میں ہوتے ہیں۔ یہ مثال بھی شر کے انتہائی حد تک پہنچنے کے وقت بولا جاتا ہے۔

لَوْ بَلَغَ الرِّزْقُ فَاهُ لو لاهُ فَفَاه
(اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تب بھی وہ پشت پھیر لے گا۔ ہر حالت میں خیر سے محروم رہنے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔

مَا عَسٰی أن یَبْلُغ عَضُّ النَّمْلِ
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔

اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اوّل اَمَّا بَعْد اور اَلْبَیِّنَةُ عَلَی المُدَّعِی والیمین علی من انکر بولنے والا ہے۔

اَبْلَهُ مِنَ الحُبَارٰی
حبارٰی سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔

اِنَّ البلاءَ مُوَکَّلٌ بِالمَنْطِقِ
خاموشی ہر بلا سے بچاتی ہے۔ کہتے ہیں: ایک چپ سو سکھ

اَلبَلَایَا عَلَی الحَوَایَا
مصیبتیں حوایا پر بھی پڑتی ہیں۔ حوایا، حویۃ کی جمع ہے۔ اس تمدہ کو کہتے ہیں جس میں گھاس بھر کر اونٹ کے کوہان پر رکھا جاتا ہے۔ مثال کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہونا ضروری ہے۔

بَنَانٌ کَفٌّ لَیْسَ فِیهَا سَاعِدٌ
ایسے ہاتھ کی انگلیاں ہیں جن کا بازو نہیں۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس میں ہمت تو ہو مگر عمل کی طاقت نہ ہو۔

اَنَا اِبْنُ جَلَا
میں مشہور و معروف ہوں۔
اَنَا اِبْنُ جَلَا وَطَلَّاعُ الثَّنَایَا. مَتٰی اَضَعِ العِمَامَةَ تَعرِفُونِی
میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لو گے۔

رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابنِ عَمّ
کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی۔

بِنْتُ صَفَا تَقُوْلُ عَنْ سَمَاع
(بنت صفا ہر آواز کا جواب دیتی ہے) بنت صفا اور بنت جبل سے مراد صدائے بازگشت ہے۔ یہ مثال ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو کسی بھی کام کی طرف مدعو کیا جائے اور فوراً ہی قبول کر لے۔

یَبْنِیْ قَصْراً وَیَهْدِمُ مِصْرًا
(محل تعمیر کر رہا ہے اور شہر برباد کر رہا ہے) اس کو کہا جاتا ہے جس کی خیر کم اور شر زیادہ ہو۔

اَبْهٰی مِنَ القَمَرَیْنِ
(چاند سورج سے بھی زیادہ پُر رونق) ''چندے آفتاب چندے ماہتاب''۔

بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اُحَیْمِرَةٌ
ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروا دیا۔
اس قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔

بَالَتْ بَیْنَهُم الثَّعَالِبُ
ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا۔
اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد و اختلاف ہو جائے۔

لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَةِ خَیْرٌ مَا تَرَکَهَا الصَّیَّادُ
الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔

بَنِیْ یَبْخَلُ لَا اَنَا
(میرا مکان بخیل ہے میں نہیں) دینے کے لئے گھر میں کچھ بھی نہیں۔

اَبَادَ اللّٰهُ خَضْرَاءَ هُم
اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی کو برباد کرے۔ بددعا ہے۔

کَانَتْ بَیْضَةَ الدِّیْک
(وہ چیز مرغ کا انڈا تھی) اس چیز کے لئے بولا جاتا ہے جو صرف ایک مرتبہ پائی جائے پھر نایاب ہو جائے کیونکہ بعض عرب کے گمان میں مرغ بھی ایک مرتبہ انڈا دیتا ہے۔

بَیْضَةُ الیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الغَد

جاہل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

تَرَکُ مَا لَا یَصْلُحُ اَصْلَحُ

جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْکَلَامُ

جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔

تَمَامُ الرَّبِیْعِ الصَّیْفُ

(فصل ربیع کا ختم ہونا ہی گرمی ہے۔ اسی طرح عرب کا قول ہے الاعمال بخواتیمھا: اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔

اَتَمُّ مِنْ قَمَرِ التَّمِّ

پورے چاند (چودھویں کے چاند) سے بھی زیادہ پورا۔ تمّ کے معنی یہاں تمام کے ہیں یعنی بدرہ التمام.

اَلتمرہ والجمرۃ

(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهٗ

گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

تَاجُ الْمُرُوْۃِ التَّوَاضُعُ

عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

اَتْبَهُ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰی

قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ

(سڑی کیچڑ کے ساتھ پانی بھی ملے گا۔ ثاطۃ: اس بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ کوئی اور سڑی ہوئی چیز بھی شامل ہو۔ کریلا اور نیم چڑھا۔

اَثْبَتُ فِی الدَّارِ مِنَ الْجَوَارِ

دیوار سے بھی زیادہ گھر میں جمنے والا۔

اَثْبَتُ مِنَ الْوَسْمِ

گودنے کے نشانوں سے زیادہ پائیدار۔

مَالَهٗ ثَاغِیَةٌ وَلَا رَاغِیَةٌ

اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

اَثْقَلُ مِنْ رَضْوٰی

رضوی مدینہ کے پہاڑ سے بھاری۔

اَثْقَلُ مِنْ تَوْدٍ

بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ اَیَّ خِرْقٍ تَرْقَعُ

تیری ماں تجھے روئے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے۔ خرق: پرانے کپڑے کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو غلط اور غیر نافع کام کرے۔

اَلثَّکْلٰی تُحِبُّ الثَّکْلٰی

(گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے) ''کند ہم جنس با ہم جنس پرواز''۔

لَا یُثْمِرُ الشَّوْکُ الْعِنَبَ

کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا۔

ثَمَرَہ الْجُبْنِ لَا رِجْحٌ وَلَا خُسْر

بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

لِکُلِّ ثَوْبٍ لَابِسٌ

ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

ثَارَ حَابِلُهُمْ عَلٰی نَابِلِهِمْ

ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

اَثْوَرُ یَحْمِی اَنْفَهٗ بِرَوْقِهٖ

بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

اَجْبَنُ مِنْ نَعَامَةٍ

شتر مرغ سے بھی زیادہ بزدل۔

اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ

صافر سے زیادہ بزدل۔ صافر ایک پرندہ ہے جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ کو پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی کی آواز نکالتا رہتا ہے تاکہ وہ سو نہ جائے اور شکار نہ کر لیا جائے۔

اِنَّ الْجَبَانَ حَتْفُ مِنْ فَوْقِهٖ

بزدل کی موت اوپر سے نازل ہوتی ہے۔ نامرد کے لئے بولا جاتا ہے۔

بِجَبْهَةِ الْعِیْرِ یُفْدٰی حَافِرُ الْفَرَسِ

گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔

اَنْجِشْ لَمَّا فَاتَکَ الْاَعْیَارُ

جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔

قَدْ جَدَّ اَشْیَاعُکُمْ فَجِدُّوْا

سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔

اَلجرع اروی وَالوَشیف انقعُ

زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔

لاجرمُ بعد النَّدامۃ

ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا۔

اذا جَرَی المُدَبّی خسرتْ عنہُ الحُمُرْ

جب کامل گھوڑا چلتا ہے تو گدھے اس سے عاجز رہ جاتے ہیں۔
مذکی وہ گھوڑا جس کی قوت اور نشو ونما مکمل ہو چکی ہو۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی خوبیوں کی وجہ سے اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جائے۔ ''گھوڑے اور گدھے میں کیا مقابلہ''۔

یَجری بُلَیقٌ وَیُذَمّ

بلیق دوڑتا ہے پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے۔ بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا' پھر بھی اس کی برائی ہوتی تھی' یہ مثل اس موقع پر بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔

تَجری الرِّیاحُ بِمَا لَا تَشتَہِی السُّفُنُ

ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔

اَجرِ الاُمُورَ علیٰ اَذلالِہا

کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔

جَرْیُ المُذَکّیاتِ غلاءٌ

اچھے گھڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔

اَلجَزعُ عند المُصیبۃِ مُصیبۃٌ اُخریٰ

(مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے)۔

جزاہ جزاء بخار

(اس کو سمار جیسی جزا دی) سمار شاہ نعمان ابن امراء القیس کے مشہور اور پراسرار محل خوانق کا رومی معمار تھا جس کو محل کی تعمیر کے بعد نعمان نے اسی محل سے گرا کر ہلاک کر دیا تا کہ کسی اور کے لئے ایسا محل نہ بنا سکے ایسے محسن کے لئے کہا جاتا ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے۔

جَزَیتُہُ کَیلَ الصَّاعِ بالصَّاعِ

(میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا) یعنی بھلائی کا بدلہ بھلائی سے اور برائی کا بدلہ برائی سے۔

ھذا جزاءُ مُجیرٍ اُمَّ عامِرٍ

یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

اَلجَزاءُ مِن جِنسِ العَمَلِ

عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

نَجشَّا لُقمانُ مِن غَیرِ شِبَعٍ

لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

جُعجُعَۃٌ وَلا اَرَی لَہا طِحنًا

(چکی کا شور ہے مگر آٹا نظر نہیں آتا) ''شور اشوری و بے نمکی''۔

مَنْ جَعَلَ نَفسَہ عَظمًا اَکَلَتہُ الکِلابُ

(جو اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا اس کو کتے کھائیں گے)۔

لا تَجعَلْہا بَیضَۃَ الدِّیکِ

(اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ) مشہور ہے کہ مرغا اپنی عمر میں ایک بار انڈا دیتا ہے۔ اسی مفروضے پر ایک شاعر نے کہا ہے۔

زُرْنَا غِرَّۃً فی الدھر واحدۃً بَیْنِی وَلا تجعلہا بَیْضَۃَ الدِّیکِ

اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

جِلْدُ الخِنزِیرِ لا یَنْدَبِغُ

خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

اَجفیٰ مِنَ الدَّھرِ

زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

تَحتَ جِلدِ الضَّانِ قَلبُ الاَذْوَبِ

(بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیئے کا دل) یعنی ظاہر میں بھیڑ کی طرح بھولا اور دل بھیڑیئے کی طرح بے رحم۔

جَلِیسُ المَرءِ مِثلُہ

(آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)۔

جَلّیٰ مُجمًا نَظرُہُ

(دوست کو اس کی نظر نے ہی ظاہر کر دیا ہے) دوست کی نگاہ بتا دیتی ہے۔

لا یَجتَمِعُ سَیفانِ فی غِمدٍ

ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

مَا یَجتَمِعُ بَینَ الاَروٰی وَالنَّعَامِ

اَلْمُستجير بعمر وعند كُربَتِه. كَالْمُسْتَجِيرِ مِن الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا۔

اَلْجَارَ ثُم الدَّارَ
پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو۔

اَلرَّفِيقَ قَبلَ الطريق
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا۔

جَارَكَ الْاَدنى لاَ يَغلَبُكَ الاَقصٰى
ادنیٰ پڑوسی کی حفاظت کرو تا کہ اعلیٰ تم پر غالب نہ ہو سکے۔

جاوز الحِزَامُ الطِلبَيْنَ
(تنگ پستان سے بھی متجاوز ہو گیا) پانی کا سر سے گزرنا۔

تَجُوعُ الحُرَّةُ وَلاَ تَاْكُلُ بِثَدْيِهَا
(شریف عورت بھوکی رہتی ہے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی) یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی ''ذلیل پیشہ سے بچانے کے لئے کہا جاتا ہے)۔

اَجِعَ كَلْبَكَ يَتْبَعْكَ
اپنے کتے کا بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا۔

اَجْوَعُ مِنْ ذُوالة (الذئب)
بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا۔

اَجْوَعُ مِنْ كَلْبَةِ حَوْمَل
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا۔

اَجْوَعُ مِنْ فُرَادٍ
(چیچڑی سے زیادہ بھوکا) اذوالہ بھیڑیئے کا مخصوص نام ہے۔ کہتے ہیں کہ بھیڑیئے کے منہ میں کوئی چیز ہونی ضروری ہے گویا وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ بھیڑیئے کا پیٹ ہڈی کو پچھلا دیتا ہے۔ دشمن کو بددعا میں کہتے ہیں رماه الله بداء الذئب: خدا اس کو بھیڑیئے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے۔

مَنْ جَالَ نَالَ
(جو دوڑ دھوپ کرتا ہے حاصل کر لیتا ہے) ''حرکت میں برکت ہے''۔

اَجْوَلُ مِنْ قُطْرُب
(قطرب سے زیادہ چکر لگانے والا) قطرب ایک جانور ہے جو تمام رات نہیں سوتا بلکہ چکر لگاتا رہتا ہے)۔

جَوْلَه باطِلٍ سَاعَةٌ وَجَوْلَه الحق الى قِيام الساعة
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے۔

جَاءَ بِمُطْفِئَةِ الرَّصْفِ
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا پایا۔

جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا۔

جَاءُ الصِيَانُ فَالوى بالاسانيد
(مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا) مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

جَاءَ بماصاى وصَمَتَ
(وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا) یعنی چوپائے اور سونا چاندی وغیرہ۔

جَاءَ بِقَرنَى حِمَارٍ
(وہ گدھے کے دو سینگ لایا) یعنی جھوٹ اور ناممکن بات۔

جَاءَ بِذَاتِ الرعكِ وَالصَّلِيلِ
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا۔

جَاءَ فَاتِرًا اُذُنَيْهِ
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا۔

جَاءَ نَافِشًا عِفرِيته
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا۔

جَاءُ وَعَلى بَكْرَةِ اِبِيهِم
(وہ تمام کے تمام آ گئے) یعنی پیچھے کوئی باقی نہ رہا۔ بکرۃ: لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں۔ یہ مثل یوں بھی کہی جاتی ہے۔ جاؤا على بكرتهم وبكرة ابيهم: تمام ہی آ گئے۔

اذا جَاءَ الحِينَ حَارَتِ العُيُون
موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

اذا جاء القَدَرُ غَشِى البصر.
جب قضا آتی ہے تو آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں۔

جَاءُ واقَضَّا قُضيضا
وہ سارے کے سارے آ گئے۔

جَاءَ القَوْمُ قَضهم وَقُضَيضهم
قوم اور ساری کی ساری آ گئی۔

جيفة لا تُعكر بحراً
ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

اَلْحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الْوَقِیْعَۃِ
ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔
اِنَّ الْحَذَرَ لَا یَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ
احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتی۔
اَحْذَرُ مِنْ قُرْلِیٍّ
قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔
یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا ہے۔
اَحْذَرُ مِنْ غُرَابٍ
کوّے سے زیادہ محتاط۔ کوّے سے زیادہ سیانا۔
اَحْذَرُ مِنْ ذِئْبٍ
بھیڑیئے سے زیادہ چالاک۔ عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے۔
کُلُّ الْجَلْدَاءِ یَحْتَوِی الْخَافِیَ الْوَقِعُ
دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ وقع یوقع وقعا: ننگے پاؤں ہونا اور پتھریا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا۔ وقع: وہ برہنہ پا جس کے پاؤں سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے دکھنے لگے ہوں۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کے لئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے "بھوکے کو دو روٹی غنیمت ہیں"۔
اَلْحَاْحُوْ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔
جِرَّۃٌ تَحْتَ قِرَّۃٍ
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔
اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْقَضْ
عضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَاتِ
بچے کی سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔ مقلات: وہ عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ کہتے ہیں کہ غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔
اَلْحَرْبُ خُدْعَۃٌ
لڑائی دھوکہ ہے۔
اَلْحَرْبُ سِجَالٌ
لڑائی میں ردعمل ہے۔
اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ
لڑائی ظالم ہے۔
اَحْرَزَ اِمْرَأٌ اَجَلَهٗ
آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا۔ موت نے ڈھیر کر دیا۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب کی سب سے سچی ضرب المثل ہے۔
اَحْرَسُ مِنْ کَلْبٍ
کتے سے زیادہ نگہبان۔
اَلْجَرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ
لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے۔
اَلْحَرِیْصُ مَحْرُوْمٌ
لالچی محروم رہتا ہے۔
اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَۃٍ
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔
لَیْسَ الْحَرِیْصُ بِزَائِدٍ فِیْ رِزْقِهٖ
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔
اِنَّهٗ لَیُحَرْقِفُ عَلَی الْاَدَمِ
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ ارم: ڈاڑھوں کو کہتے ہیں مطلب یہ کہ اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے۔
حَرْکِ لَهَا حُوَارَهَا تَجِنُّ
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے گا تو وہ پکارے گی۔ حوار۔ اونٹنی کا دودھ پیتا بچہ۔ فصیل: وہ بچہ جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو حن: غم یا خوشی میں آواز نکالنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو غم یا ذلالت تب وہ حرکت میں آئے گا۔
اَلْحَرَکَۃُ بَرَکَۃٌ
حرکت میں برکت ہے۔
اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّیْتَ وَتَرْکُ مَا کُفِیْتَ
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔
اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔
اَحْزَمُ مِنَ الْعِرْبَاءِ
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

حَسَنٌ نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

تَحَفَّظْ اَخَاکَ اِلَّا مِنْ نَفْسِہٖ

اپنے بھائی کی حفاظت کرسکتا ہے مگر اس کی جان سے۔

یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا۔

حَفِظْتَ شَیْئًا وَغَابَتْ عَنْکَ اَشْیَاءُ

ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہوگئیں۔

حَافِظْ عَلَی الصَّدِیْقِ وَلَوْ فِی الْحَرِیْقِ

دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کود کر ہی ہو۔

اِحْفَظْ مَا فِی الْوِعَاءِ لِشَدِّ الْوِکَاءِ

جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کرو۔ وکاء مشکیزہ کا سربند۔

اَحْفَظُ مِنَ الْاَرْضِ

زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔

اَلْحَفِیْظُ تُحَلَّلُ الْاَحْقَادُ

غیرت دشمنی کو ختم کردیتی ہے۔

یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے۔

عِنْدَ الشَّدَائِدِ تَذْھَبُ الْاَحْقَادُ

سختیوں کے وقت مصائب ختم ہوجاتے ہیں۔

حَقٌّ یَضُرُّ خَیْرٌ مِنْ بَاطِلٍ یَسُرُّ

مضرت رساں حق مسرت رساں باطل سے بہتر ہے۔

اَلْحَقُّ خَیْرُ مَا یُقَالُ

کہنے کی چیزوں میں بہترین چیز حق بات ہے۔

اَلْحَقُّ اَبْلَجُ وَالْبَاطِلُ الْجَلَجُ

حق روشن اور باطل گڑبڑ ہوتا ہے۔ ابلج: روشن۔ لجلج: ملتبس غیر واضح۔

ھٰذَا حَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرَکٍ

یہ مقام چھوٹے کے مقامات میں سے اچھا ہے۔

اَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ

اونٹ سے زیادہ کینہ والا۔

مَنْ حَقَرَ حَزِمَ

جس نے حقیر سمجھا وہ محروم رہا۔

اَحْقَرُ مِنَ التُّرَابِ

خاک سے زیادہ حقیر۔

مَاحَکَّ جِلْدَکَ مِثْلُ ظُفْرِکَ

تیری کھال کو تیرے اپنے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی۔ یعنی تم اپنی ضرورت کو آپ اچھی طرح پوری کرسکتے ہو۔

اِذَا حَکَکْتُ قَرْحَۃً اَدْمَیْتُھَا

جب میں نے کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکال لیا۔ جب کسی مقصد کا ارادہ کیا تو اس کو انتہا تک پہنچا دیا۔

تُحَکِّکُ الْعَقْرَبُ بِالْاَفْعٰی

بچھو سانپ سے ٹکرایا۔ یعنی اپنے سے زیادہ طاقت ور سے ٹکرانا۔

اَحْکَمُ مِنْ لُقْمَانَ

لقمان سے زیادہ دانا۔

اَلْحِکْمَۃُ ضَالَّۃُ الْمُؤْمِنِ

دانائی مؤمن کی گم شدہ چیز ہے۔

اِذَا حَلَّتِ الْمَقَادِیْرُ بَطَلَتِ التَّدْبِیْرُ

تقدیر اتر آئی تو تدبیریں بیکار ہوگئیں۔

اَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الْاُمِّ

ماں کے منہ سے زیادہ حلال۔

حَلَبَ الدَّھْرُ اَشْطُرَہٗ

اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے۔ یہ قول کے عرب حلب اشطر الناقۃ سے مستعار لیا گیا ہے۔ شطر وہ دو تھن جو ایک ساتھ دوہے جائیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے زمانے کے دو شطروں کو آزمایا ہے یعنی خیر کو بھی اور شر کو بھی۔ زمانے کے سرد و گرم دیکھے ہیں۔

حَلَبْتُھَا بِالسَّاعِدِ الْاَشَدِّ

میں نے اس کو طاقتور کلائی سے دوہا۔

اُحْلُبْ حَلَبَ لَکَ شَطْرُہٗ

اچھی طرح دھولے تیرا بھی حصہ ہے۔

حَلُوْبَۃٌ نُفْلٌ وَلَا نُصُوْحٌ

ایسی دودھ دینے والی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے اور خالص نہیں دیتی۔

لَسْتَ مِنْ اَحْلَاسِھَا

تو اس کے ساتھیوں میں سے نہیں ہے۔ احلاس: جاننے پہچاننے والے ساتھی۔ احلاس الخیل: سائیس، گھوڑوں کے خدمت گار۔

حَلَّقَتْ بِہٖ عَنْقَاءُ مَغْرِبٍ

عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کرلیا ہے۔ ناپائیدار اور نامانوس چیز

وہ گرم ہوا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی۔

يَحْمِيْ جَوَابُهُ نَفْيَ الضِّفْدَعِ

مینڈک کی ٹرٹر اس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے۔

رُبَّ خَامٍ لِأَنْفِهِ وَهُوَ جَادِعُهُ

بہت سے اپنی ناک بچاتے ہیں مگر اصل وہ اس کو کاٹنے والے ہوتے ہیں۔

حِمَاكَ أَحْمٰى لَكَ

اپنا گھیرا ہی تیرا زیادہ محافظ ہے۔

أَحْمٰى مِنْ أَنْفِ الْأَسَدِ

ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ

حَانِيَةٌ مُخْتَضِبَةٌ

مہربان خضاب لگانے والی عورت۔

اَلْخَاجَةُ تَفْتَقُ الْحِيْلَةَ

ضرورت حیلہ کو پیدا کرتی ہے۔

حَالَ الْجَرِيْضُ دُوْنَ الْقَرِيْضِ

غم شعر کے آگے حائل ہوگیا۔ یعنی خوشی کے دن غمی آ گئی۔

حَالَ الْأَجَلُ دُوْنَ الْأَمَلِ

امید کے ورے موت حائل ہوگئی۔ یہ پہلی مثل کے قریب قریب ہی ہے۔

إِنْ خَالَبَ الْقَوْسُ فَسَهْمِيْ صَائِبٌ

اگر میری کمان ٹیڑھی ہے مگر میرا تیر انشانہ پر لگتا ہے۔

رُبَّ خَالٍ أَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ

بہت مرتبہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے۔

أَحْوَلُ مِنْ ابِيْ قَلْمُوْنٍ

ابوقلمون (کپڑا) سے زیادہ بدلنے والا۔

أَحْوَلُ مِنْ ابِيْ بَرَاقِشٍ

ابی براقش (پرندے) سے زیادہ رنگ بدلنے والا۔

اَلْحَاوِيْ لَا يَنْجُوْ مِنَ الْحَيَّاتِ

سانپوں کے منتر والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا۔

أَحْيَرُ مِنْ ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ متحیر۔ جو اپنے بل سے نکل کر واپسی کا راستہ بھول جاتی ہے۔

حِيْلَةَ لَا حِيْلَةَ لَهُ الصَّبْرُ

جس شخص کے لئے کوئی حیلہ نہ رہے اس کے لئے حیلہ صبر ہے۔ مصیبت کی کوئی تدبیر نہ ہو تو کم از کم صبر تو کیا جا سکتا ہے۔

مَا حِيْلَةُ الرَّامِيْ إِذَا انْقَطَعَ الْوَتَرُ

جب تانت ہی ٹوٹ جائے تو تیر انداز کیا کرے۔

إِذَا خَانَ الْقَضَاءُ ضَاقَ الْفَضَاءُ

جب قضا (موت) آئے تو فضا تنگ ہو جاتی ہے۔

لَا تُخْيِ الْبَيْضَ وَتَقْتُلِ الْقَرَائِحَ

چوزہ کو قتل کر کے انڈا کو باقی مت رکھ۔

یعنی بڑی چیز کو ضائع نہ کر۔

خَيَّاكَ مَنْ خَلَاقُوْهُ

تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے۔

لَا حَيَّ فَيُرْجٰى وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسٰى

نہ زندہ ہے جس سے امید کی جائے اور نہ مردہ جس کو بھلا دیا جائے۔ ناکارہ۔

أَحْيَا مِنْ فَتَاةٍ

نوجوان عورت سے زیادہ باحیا۔

أَحْيَا مِنْ مُخَدَّرَةٍ

پردہ نشیں عورت سے زیادہ حیادار۔

أَحْيَا مِنْ هَدِيَّ

دلہن سے زیادہ باحیا۔

أَحْيَا مِنْ ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ زندگی والا۔

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْايْمَانِ

حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

خ

إِمَّا خَبَّتْ وَإِمَّا بَرَّتْ

یا تیزی دوڑی یا بیٹھ ہی گئی۔ الخبب: تیز دوڑنا یا تیر کی انتہا یا ترکی انتہا۔

أَخْبَرْتُهُ بِعُجَرِيْ وَبُجَرِيْ

میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی۔ عجر: پیچ در پیچ رگیں۔

تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهِ مِزَّاتُهُ

اس کا ظاہر منظر ان جانے کی خبر دے رہا ہے۔ ظاہر باطن کی شہادت دیتا ہے۔

ہلکا پھلکا کھاؤ تا کہ بیماریوں سے محفوظ رہو۔

اَخف حطمًا من عصفورٍ

چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آ جانے والا۔ عقل کی کمی اور طیش کے لئے چڑیا کی مثال دی جاتی ہے۔ چڑا ہوتا بھی غضبناک ہے۔

اَخَفُّ مِنَ یَرَاعَةٍ

نرسل سے زیادہ ہلکا۔ یراعة: نرکل۔ نے۔

اَخَفُّ مِنَ رِیْشَةٍ

پر سے زیادہ ہلکا۔

اخف من النسیم

بادِ نسیم سے زیادہ ہلکا۔

اَخَفُّ مِنَ الْهَبَاء

غبار سے زیادہ ہلکا۔

وَهَلْ یَخفٰی عَلَی النَّاسِ القَمَرُ

کیا لوگوں پر چاند بھی مخفی رہتا ہے۔ ایسے معاملے یا خوبی کے لئے کہا جاتا ہے جو چھپ نہ سکے۔

مَا عِنْدَهٗ خِلٌ وَلَا خَمَرٌ

نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب۔ یعنی خیر ہے نہ شر۔

مَا اَنْتَ بِخِلٍ وَلَا خَمَرٌ

تیرے پاس تو نہ سرکہ ہے نہ شراب۔

اَلْخَلَاءُ تَدْعُوْا اِلَی السَّلَّةِ

فقر چوری کی طرف بلاتا ہے۔

تَخَلَّصَتْ فَاتِیَةٌ مِنْ فُوْبٍ

انڈہ چوزے سے نجات پا چکا ہے یعنی اپنی ذمہ داری سے آدمی نکل چکا ہے۔

اِخْتَلَطَ الْمَرْعٰی بِالْجَمَلِ

چڑیا ہوا اور اونٹ مخلوط ہو گئے۔

اِخْتَلَطَ الْهَابِلُ بِالْقَابِلِ

جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہو گیا یعنی معاملہ بگڑ گیا۔

اِخْتَلَطَ الْخَاثِرُ بِالزُّبَادِ

گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا۔ یہ مثلیں ایسے لوگوں کے لئے دی جاتی ہیں جن کا معاملہ گڑبڑ میں پڑ جائے۔

خَالِفْ نَفْسَکَ تَسْتَرِحْ

اپنے نفس کی مخالفت کرو تا کہ راحت پاؤ۔

خَالِفْ هَوَاکَ تَرْشُدْ

اپنی خواہش کے خلاف کرو تا کہ ہدایت پاؤ۔

خَالِفْ تُذْکَرْ

مخالف کرو تا کہ زیادہ ذکر کیا جائے۔

اَخْلَفُ مِنْ غَرْقُوْبٍ

غرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔

اَخْلَفُ مِنْ نَارِ الْحُبَاحِبِ

جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

خَلَقَ اللّٰهُ لِلْحَرْبِ رِجَالاً

اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لئے اور ہی مرد پیدا کئے ہیں۔

خَلَا لَکَ الْجَوُّ فَبِیْضِیْ وَاصْفِرِیْ

تیرے لئے میدان خالی ہو گیا۔ اب انڈے دے اور چہچہا۔

لَا یَخْلُوا الْمَرْءُ مِنْ وُدُوْدٍ یُمْدَحُ وَعَدُوٍّ یَقْدَحُ

کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

خَلِّ مَنْ قَلَّ خَیْرُهٗ لَکَ فِی النَّاسِ غَیْرُهٗ

اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ مل جائیں گے۔

خَلِّ الْحِسَابَ لِیَوْمِ الْحِسَابِ

حساب کو روزِ حساب کے لئے چھوڑ دو۔

خَلَاءُ وَکِ اَقْنٰی لِحَیَائِکِ

تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے۔

مَنْ لَا یَخَافُ اَحَدًا لَا یُخَافُهٗ اَحَدٌ

جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا۔

مَنْ خَانَ هَانَ

جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

بِاَرْبٰی خَانَ النَّصِیْحُ الْمُؤْتَمَنُ

کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر جاتا ہے۔

اَخْیَبُ مِنْ قَابِضٍ عَلَی الْمَاءِ

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام۔

اَخْیَبُ مِنْ حُنَیْنٍ

حنین سے زیادہ ناکام۔

لَاخَتَرْتُ

اگر تجھے اختیار دیا جاتا تو اختیار کر لیتی۔

اَلتَّدبیر نِصفُ الْمَعِیْشَۃِ
تدبیر آدھی روزی ہے۔

کَدابغَۃٍ وَقَدْ حَلِمَ الْاَدِیْمُ
کھال رنگنے والے کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی ہو۔

حَلِمَ الجِلْدُ
کھال خراب ہو گئی اور اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہو گئے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کسی معاملے کی اصلاح کی اس وقت کوشش کرے جب وہ فساد کی وجہ سے ناقابل اصلاح ہو چکا ہو۔

دَخَلَ فُضُولی نَارَ فَقَالَ حَطَبٌ رَطَبٌ
فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا۔ آگ میں گھس گیا اور کہنے لگا کہ ایندھن گیلا ہے۔

یُدْخِلُ شَعْبَانُ فِی رَمَضَانَ
شعبان کو رمضان میں داخل کر رہا ہے۔ یعنی بے سروپا باتیں کرتا ہے۔

لاتَدْخُلْ بَیْنَ الْبَصَلَۃِ وَقِشْرِھا
پیاز اور اس کے چھلکے کے درمیان مت گھسو۔

لاتَدْخُلَنَّ بَیْنَ اللِّصَاوَلِحَائِھا
ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو۔

لِکُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ
ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔

اَدِرُّھَا وَاِنْ اَبَتْ
اس کو دودھ لو خواہ وہ انکار کرے۔ یہ مقولہ اس اونٹنی کے لئے کہا جاتا ہے جو میانہ باندھے بغیر دودھ نہ دوہنے دے۔ یعنی ضرورت یا بھلائی کو بااصرار حاصل کرو۔

دَرُّ الْمَفَاسِدِ اَوْلٰی مِنْ جَلْبِ النَّعِیْمِ
مفاسد کو دفع کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

یَدْرُجُ فِی کُلِّ وَکْرٍ
ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے۔

اَلدَّرَاھِمُ مَرَاھِمُ
روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔

اَلدَّرَاھِمُ اَرْوَاحٌ تَسِیْلُ
روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔

مَنْ لَمْ یُدَارِ لِمَشْطِ بَنَّقَ لِحْیَتَہٗ
جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال اکھاڑے گا)

لاَیُدْعٰی لِلْحُلّٰی اِلَّا اَخُوْھَا
بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔

اُدْعُ اِلٰی طَعَامِکَ مَنْ تَدْعُوْہُ اِلٰی جَفَانِکَ
اپنی نیزہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو۔

اَرْفَعُ الشَّرِّ بِعُوْدٍ اَوْ عَمُوْدٍ
شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے۔

اَدَقُّ مِنَ الْھَبَاءِ
غبار سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنَ الْکُحْلِ
سرمے سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنَ الدَّقِیْقِ
آٹے سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنْ حَدِّ السَّیْفِ
تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔

دَلَّ عَلٰی عَاقِلٍ اِخْتِیَارُہٗ
عقلمندی کا انتخاب عقلمندی کو ظاہر کر دیتا ہے۔

اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ
نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

دَلِیْلُ عَقْلِ الْمَرْءِ فِعْلُہٗ وَدَلِیْلُ عِلْمِہٖ قَوْلُہٗ
آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔

لَیْسَ الدَّلْوُ اِلَّا بِالرِّشَاءِ
ڈول رسّی کے بغیر کچھ نہیں۔ ڈول رسّی کے بغیر بے کار ہوتا ہے۔ اسی طرح آدمی کو قوت و ہمت اپنے رشتہ داروں ہی سے ہوتی ہے۔

دَثِّثْ لِجَنْبِکَ قَبْلَ النَّوْمِ مُضْطَجَعًا
لیٹ کر سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو۔
تشریح: نرم کرنا مطلب یہ ہے کہ حادثات کے نازل ہونے سے پہلے ہی تیار رہو۔

دَمْعَۃٌ مِنْ عَوْرَاءَ غَنِیْمَۃٌ بَارِدَۃٌ
اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی غنیمت ہے۔

اَدْنَاءُ مِنَ الشَّسْعِ
تسمے سے زیادہ حقیر۔

لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَيْهِ الثَّعَالِبُ

وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں۔ یعنی بت کی پوجا ذلت والی ہے۔

ذُلٌّ لَوْ اَجِدُ نَاصِرًا

بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے اس مہم کی مدد جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں۔

اَذَلُّ مِنْ بَيْضَةِ الْبَلَدِ

شتر مرغ کے چھوڑے ہوئے انڈے سے زیادہ ذلیل۔۔

اَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ

حقیر بکری سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنْ وَتَدٍ

میخ سے زیادہ ذلیل۔ کیوں کہ میخ کو ہمیشہ ٹھوکا پیٹا جاتا ہے۔

اَذَلُّ مِنَ النَّعْلِ

جوتے سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنَ الشَّسْعِ

تسمہ سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنَ الْبَاسِطِ

سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔

اَذَلُّ النَّاسِ مُعْتَذِرٌ اِلٰى لَئِيْمٍ

سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔

اِنَّ الذَّلِيْلَ الَّذِىْ لَيْسَتْ لَهٗ عَضُدٌ

ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو۔ مددگار نہ ہو۔

اِنَّ الذَّلِيْلَ مَنْ ذَلَّ فِىْ سُلْطَانِهٖ

درحقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ بھی ذلیل ہو جائے۔

لَا ذَنْبَ لِىْ قَدْ قُلْتُ لِلْقَوْمِ اِسْتَقُوْا

میرا کوئی گناہ نہیں۔ میں نے قوم سے کہہ دیا کہ پانی لے لو۔

مَا ذَنْبِىْ يَدَاكَ اَوْ كَبِلُوْفَاكَ نَفَخَ

میرا کوئی قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے منہ کے پھینک بھری ہے۔ مشکیزے میں کم پھونک بھرنے کی وجہ سے دریا میں ڈوبنے والے کے لئے مثال ہے۔

ذَهَبَ اَمْسِ بِمَا فِيْهِ

کل اپنے حالات کے ساتھ گزر چکی۔

ذَهَبَ الْحِمَارُ بِطُلْبِ قَرْنَيْنِ فَعَادَ مَصْلُوْمَ الْاُذُنَيْنِ

گدھا سینگ لینے گیا تھا۔ کان کٹوا کے لوٹا۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو فائدے کے لالچ میں اپنا سرمایہ بھی کھو بیٹھے۔

ذَهَبَ دَمُهٗ مَذْجَ الرِّيَاحِ اَوْ اَذْرَجَ الرِّيَاحِ

اس کا خون ہوا کے راستے گیا۔ یعنی رائیگاں کہ اس کے قصاص کوئی طلب گار نہ ہوا۔

ذَهَبَ بَيْنَ الصَّحْوَةِ وَالسُّكْرَةِ

وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا۔ یعنی ایسی حالت میں کہ کچھ شعور تھا اور کچھ نہ تھا۔

ذَهَبَ فِى السَّمٰى

وہ فضا میں چلا گیا۔

ذُهِبَتْ حَيْفٌ لِاَدْيَانِهَا

گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی۔ یعنی آدمی عادت پر مجبور ہے۔

اِنَّ ذُهَبَ غَبَرْ فَغَبَرْ

ایک گورخر نکل گیا تو کیا' ایک تو جال میں موجود ہے۔

ذَهَبُوْا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ

ہر ستارہ کے نیچے گئے۔ ان لوگوں کے لئے کہتے ہیں جن کے سفر کے راستے مختلف اور متضاد ہوں۔

ذهبوا وتفرقوا يدى سبا اور ايادى سبا

وہ اہل سبا کی طرح چلے گئے یا منتشر ہو گئے۔ یعنی ایسے منتشر ہوئے کہ پھر اجتماع ہی نہ ہوا۔ مثل قصہ طلب ہے۔ سبا کے باشندوں کو سیلاب عرم سے ڈرایا گیا تو وہ یمن سے نکل گئے اور جس کا جدھر منہ اٹھا چلا گیا۔

يَذْهَبُ الْعُرْفُ بَيْنَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ

احسان خدا اور بندہ کے درمیان چلتا ہے۔ یہ مثال طیبہ کے شعر کا آخری مصرع ہے۔

وَمَنْ يَفْعَلِ الْعُرْفَ لَا يَعْدِمْ جَوَائِزَهٗ

جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا۔

اِذْهَبْ اِلٰى حَيْثُ اَلْقَتْ رَحْلَهَا اُمُّ قَشْعَمِ

الْهِرْكِلَة: بڑی بڑی مچھلیاں آبی کتے۔ بڑے چونچ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَلٌ.

الْهَرْكَلَةُ والْهِرْكِلَةُ والْهِرْكَلَةُ والْهِرْكُوْلَةُ والْهِرْكِيْلُ: خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔

الْهَرْكَلَة: خرام ناز۔

الْهَرَل: پہلے شوہر کا بیٹا۔

هَرِمَ (س) هَرَمًا ومَهْرَمًا ومَهْرَمَةً: کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِم ج هَرِمُوْن وهَرْمَى مؤنث هَرِمَة ج هَرِمَات وهَرْمَى.

هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلَانًا: تعظیم کرنا..... اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الْأَمْرَ او الْخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔

اَهْرَمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔

تَهَارَمَ الرَّجُلُ: تکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْرَمَهُ: بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔

الْهَرِم: ایک قسم کی رَسّی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرِمَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرِمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔

الْهِرِم: بہت بڑھاپا۔ نفس وعقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوَلِّعُ هَرِمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ فَدْحٌ هَرِم: ٹوٹا ہوا۔ الْهَرِم: عمدہ رائے۔

الْهَرَم: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الْهَرَم عِنْدَ اَرْبَابِ الْمَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَام وهِرَام اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْر" ہے جو اس لئے بنائے گئے تھے تاکہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔

اَلْهَرَمُ ج اهرام و هوام (ھ): وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو اور ضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنتا ہے۔ مشترک رأس ھرم کا رأس ہے۔ اور مثلثات ھرم کے اطراف جانبی ہیں اور ضلع ہرم کا قاعدہ ہے اور ہرم ثلاثی رباعی اور رخماس ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث مربع یا مخماسی ہو۔

الْهَرْمَى: خشک لکڑی۔

الْهُرْمَان: عقل۔ عمدہ رائے۔

اِبْنُ هِرْمَة: غیر مُصرف۔ بڈھے بڈھیا کی آخری اولاد۔

الْهِرْمَة. الْهَرِم: کا مؤنث۔ شیرنی۔

الْهِرْوَم: بدعادت۔ خبیث عورت۔

الْمَهْرُوْمَة: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الْهَرَامِيْت: پرانے کنوئیں۔

هَرْمَزَ هَرْمَزَةَ الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چپانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا.....

اللُّقْمَةَ: لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا.....النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهَهُ: تیوری چڑھانا۔

الْهَرْمَسَة: مص۔ لوگوں کا شور وچیخ۔

الْهَرَامِسَة: ماہرین علم نجوم۔

الْهِرْمُوس: مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔

الْهُرَامِس: لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔

الْهِرْمَاس: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔

الْهِرْمِيْس: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔

هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔

اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ الْعَيْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔

فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: تکلف رونا۔

الْهِرْمِع: جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت وتیزی۔

هَرْمَلَهُ هَرْمَلَهُ: بال اُکھیڑنا.....هَرْمَلَ الشَّعَرَ والْوَبَرَ والرِّيْشَ: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔ هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ الْعَجُوْزُ: بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا..... الْوَبَرَ: اُونٹ کے بالوں کا گرنا۔

الْهِرْمِيل: بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔

الْهُرْمُوْل: بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيل.

الْهُرْمُوْلَة: کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔

هَرْنَفَ هَرْنَفَةً: آہستہ ہنسنا۔

الْهَرْثَمُ وَالْهُرَاثِمُ: شیر۔
الْهَرْثَمَةُ: کتے کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔ شیر۔
هَرَجَ (ض) هَرْجًا النَّاسُ: فتنہ وفساد میں پڑنا..... الْبَابَ: دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا..... الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا..... فِي الْحَدِيثِ: بے جوڑ آور بہت باتیں کرنا۔
هَرِجَ (س) هَرَجًا الرَّجُلُ: گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔
هَرَّجَ بِالسَّبُعِ: ڈانٹنا۔ ڈرانا..... السَّبَذُ فُلَانًا: مست کر دینا۔ عوام کہتے ہیں۔ "هَرَّجَ فِي الْحَدِيثِ" اس نے بہتی کی باتیں کیں۔
تَهَارَجَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْهَرَجَ فُلَانٌ مِنَ النَّبِيذِ: مست ہونا۔
اِسْتَهْرَجَ لَهُ الرَّأْيُ: رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا۔
الْهَرْجُ: مص۔ فتنہ وفساد۔ آشوب۔
الْهِرْجُ: بیوقوف۔ ہر چیز سے کمزور۔
الْهِرْجَةُ. هَرَجٌ: کا اسم نوع۔ نرم کمان ج هِرَجٌ.
الْهَرَّاجُ: اسم مبالغہ۔ فَرَسٌ هَرَّاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الْهَرَّاجَةُ. الْهَرَّاجُ: کا مؤنث۔ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔
فَرَسٌ مِهْرَجٌ وَمِهْرَاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الْهِرْجَابُ وَالْهِرْجَبُّ: لمبا۔ ج هَرَاجِبُ.
الْهِرْجِسَةُ: عمر رسیدہ اونٹنی۔
الْهِرْجَعُ: لمبا و لنگڑا۔
الْهِرْجَفُ: مرد سست ونرم۔
هَرْجَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور قدم رکھنا۔
الْهَرَاجِلُ: لمبے لمبے لوگ۔ موٹے موٹے اونٹ۔
الْهُرْجُلُ: لمبے قدم ڈالنے والا ج هَرَاجِلُ.
هَرَدَهُ (ض) هَرْدًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ هَرَدَ اللَّحْمَ: گوشت کو گلا کر پکانا..... الشَّيْءَ: قادر ہونا..... عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا..... الشَّيْءَ: خراب کرنے کیلئے پھاڑ ڈالنا۔
هَرِدَ (س) هَرَدًا اللَّحْمُ: گوشت کا گل کر پکنا۔
هَرَّدَ: زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا..... اللَّحْمَ: گوشت کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "هَرَّدَا الشَّيْءَ يُهَرِّدُهُ هِرَادَةً" بمعنی اَرَادَ يُرِيدُ اِرَادَةً: ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاقَ وهَرَاقَ میں۔
الْهَرَدُ: مص۔ فتنہ وفساد۔
الْهِرْدُ: شتر مرغ۔ مرد بے وقار و بے اعتبار۔
الْهُرْدُ: زرد کرم۔ سرخ مٹی' ہلدی۔
الْهِرْدِيُّ وَالْهِرْدَاءُ: ایک قسم کی گھاس۔
الْهُرْدِيُّ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
رَجُلٌ أَهْرَدُ الشَّدْقِ: چوڑی باچھوں والا مرد۔
الْمَهْرُودُ. هُرْدٌ: سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَرْدَبَ هَرْدَبَةً: سست دوڑنا۔
الْهِرْدَبَّةُ: بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
هَرْذَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الْهِرْذِيشَةُ: عمر رسیدہ اونٹنی و بھیڑ' بڑھیا۔
هَرَزَهُ (ض) هَرْزًا: سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
هَرَزَ (س) هَرْزًا وَهَرْوَزَ: ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَهَرْوَزَ مِنَ الْجُوعِ: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَرَسَ (ن) هَرْسًا الشَّيْءَ: سخت کوٹنا۔ الطَّعَامَ: بہت کھانا۔
هَرِسَ (س) هَرَسًا: بہت کھانے والا۔ چھپا کر کھانا۔
الْهَرَّاسُ: بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَرَّاسَةٌ. هَرَاسَةُ الْقَوْمِ: قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ هَرَاسَةٌ" فلاں کی اولاد کے لئے عزت وقہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الْهَرَّاسُ: بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الْهَرْسُ: مص۔ بلی۔
الْهِرْسُ: بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَكَانٌ هِرْسٌ: ہر اس درخت اُگانے والی جگہ۔ مؤنث هِرْسَةٌ.
الْهَرُوسُ: سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الْهَرَّاسُ: اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر' ہریسہ بنانے والا' ہریسہ بیچنے والا۔
الْهَرِيسُ: باریک کوٹا ہوا (..... والْهَرِيسَةُ) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ: بہت کھانے والا۔
الْمِهْرَاسُ: ہاون۔ الْمِهْرَاسُ: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اونٹ۔ بھاری جسم کا اونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَهَارِيسُ.
هَرَشَ (ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ (س) هَرَشًا: بدخلق ہونا۔
هَرَّشَ بَيْنَ الْكِلَابِ: کتوں کے درمیان بھڑکانا..... بَيْنَ النَّاسِ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَارَشَ مُهَارَشَةً وَهِرَاشًا بَعْضَ الْكِلَابِ عَلَى بَعْضِهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا..... فُلَانٌ فُلَانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَارَشَتِ وَاهْتَرَشَتِ الْكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الْغَيْمُ: بادل کھل جانا۔
الْهِرَاشُ. هَارَشَ: کا مصدر' جھگڑا۔ مقاتلہ۔

الْهَذْبُ: صفائی۔ خلوص۔
فرسٌ هَذْبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
اِبِلٌ مَهَاذِبُ: تیز رو اونٹ۔ مفرد مِهْذَاب۔
الْمُهَذَّب: مفع۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ عیوب سے پاک صاف۔ کَلَامٌ مُهَذَّبٌ او شِعْرٌ مُهَذَّبٌ: عیوب سے پاک کلام یا شعر۔
فَرَسٌ او طَائِرٌ مُهَذَّبٌ: تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔
هَذَرَ (ن ض) هَذْرًا وَنُهْذَارًا الرَّجُلُ فِي كَلَامِهِ: بکواس کرنا (..... هَذْرًا: الْيَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔
هَذِرَ (س) هَذَرًا كَلَامُهُ: لغو و بیہودہ ہونا۔
اَهْذَرَ فِي مَنْطِقِهِ وَفِي كَلَامِهِ: بکواس کرنا۔
يَوْمٌ هَاذِرٌ: سخت گرم دن۔
الْهَذْرُ: مص۔ بکواس و بیہودہ گفتگو۔
رَجُلٌ هَذِرٌ وَهَذْرٌ وَهُذْرَةٌ وَهَذَرَّةٌ وَهَذَّارٌ وَهَبْذَرٌ وَهَيْذَارَةٌ وَهِذْرِيَانٌ وَمِهْذَرٌ وَمِهْذَارٌ وَمِهْذَارَةٌ: بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ وَرَجُلٌ هِذْرِبَانٌ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔ اِمْرَأَةٌ هَذِرَةٌ وَهُبْذَرَةٌ وَمِهْذَارٌ: بکواس کرنے والی عورت۔
هَذْرَبَ: جلدی جلدی بہت بولنا۔
الْهُذْرُبَانُ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔
الْهُذْبُرِيَّةُ: عادت۔
هَذْرَفَ: جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔
الْهُذْرُوفُ: تیز رفتار رَجُلٌ هَذَارِيفُ.
هَذْرَمَ هَذْرَمَةً: بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا..... الرَّجُلُ فِي كَلَامِهِ: گڑبڑی کرنا۔
الْهَذْرَمَةُ: مص۔ تیز رفتاری۔
الْهِذْرِمُ: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هِذْرِمٌ" بہت بولنے والا مرد۔
الْهُذَارِمُ وَالْهُذَارِمَةُ: پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ هَذْرَمِيٌّ: بہت شور و شرارت والی عورت۔
هَذَفَ (ض) هَذْفًا: تیز چلنا۔
رَجُلٌ هَذَّافٌ وَمُهْذِفٌ وَهَذِفٌ: تیز رفتار مرد۔
هَذَلَ (ض) هَذْلًا: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "اَهْذَبَ فِي مَشْيِهِ وَاَهْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔
الْهَاذِلُ: رات کا درمیانی حصہ۔
الْهُذْلُولُ: ہلکا پھلکا مرد۔ ہلکا تیر۔ چست بھیڑیا۔ لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش جو دور سے دکھائی دے۔ ج هَذُلٌ.
هَوْذَلَ هَوْذَلَةً فِي مَشْيِهِ: تیز چلنا۔ دوڑنے میں لڑکھڑانا..... بَوْلَهُ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔
الْهَوْذَلُ: بندر کا بچہ۔
الْهَيْذَلَةُ: جلد بازی۔ ہلکا پن۔
الْهُذْلُوغُ: موٹے ہونٹ والا۔
الْهُذْلُوغَةُ: بدصورت۔ بیوقوف۔
هَذْلَمَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
هَذَمَ (ض) هَذْمًا الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹنا..... الرَّجُلُ: جلدی سے کھانا۔ صفت هَاذِمٌ.
الْهُذَام: بہادر۔ تلوار قاطع۔ سِنَانٌ هُذَامٌ: تیز بھالا۔
سِكِّينٌ هَذُومٌ: تیز چھری۔
شَفْرَةٌ هُذَمَةٌ وَهُذَامَةٌ: تیز دھار۔
الْمِهْذَمُ مِنَ السُّيُوفِ: شمشیر براں۔
هَذْمَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
الْهَذْهَاذُ وَالْهُذَاهِذُ مِنَ السُّيُوفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار۔ قَرْبٌ هَذْهَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔
الْهَذَاهِذُ: وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔
هَذَاهُ يَهْذُوهُ هَذْوًا بِالسَّيْفِ: کاٹنا هَذَا فِي الْكَلَامِ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
هَذَى يَهْذِي هَذْيًا وَهَذَيَانًا: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
صفت هَاذٍ اور اسم الْهُذَاءُ.
اَهْذَى اِهْذَاءُ اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح سے گلا کر پکانا۔
هَاذَاهُ مُهَاذَاةً: باہم بکواس کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ يُهَاذِي اَصْحَابَهُ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔
تَهَاذَى تَهَاذِيًا الْقَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔
رَجُلٌ هَذَّاءٌ وَهَذَّاءَةٌ: بہت بکواس کرنے والا مرد۔
هَرَّ (ن ض) هَرًّا وَهَرِيرًا السِّنَّوْرُ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَرَّةُ النَّاسِ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ هَرَّ فِي وَجْهِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔ هَرَّتِ الْقَوْسُ: کمان سے آواز نکالنا (..... هَرًّا) الشَّوْكُ: کانٹے کا خشک و پرانا گندہ ہونا..... بِبِلْجِهِ: پائخانہ کرنا..... الدَّوَاءُ بِبِلْحَهُ: پیٹ چلانا۔
هَرَّ (ض) هَرِيرًا الْكَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (مباح سے کم)..... الْبَرْدُ الْكَلْبَ: بھونکانا..... هَرَّ الْكَلْبُ الضَّيْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔
هَرَّتْ هَرًّا وَهَرَارًا الْاِبِلُ: ہوا کی بیماری میں مبتلا ہونا..... بِلُحَهُ: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مر جانا۔
هَرَّ (س) هَرًّا: بدخلق ہونا۔
هَارَّهُ مُهَارَّةً: کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔
اَهَرَّ الْكَلْبُ: بھونکانا اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَهَرَّ ذَا نَابٍ" (بڑے شر نے کتے کو بھونکایا) اَهَرَّ بِالْغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر بلانا۔ یا گھاٹ پر لے جانا۔
الْهَبْرُ: فا۔ کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔
الْهَبْرُ: اونٹ کے گوشت اور کھال کے

چرمی موزہ۔
الهِدم: مخنث۔ بیوقوف۔
الهَدم: خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُهُ هَدْمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران و شکستہ ہو گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَكَ اِلَّى لَهَدْمٌ وَاِنَّ حَبْلَكَ اِلَّى لانْشُوطَةٌ" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِيْ دَمُكَ وَهَدْمِيْ هَدْمُكَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی پر تو اس نے تمہاری عزت پر ہاتھ لگایا اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ هَدَمٌ مِنَ الْحَائِطِ" دیوار منہدم ہو گئی۔
شَهْدُ الْهَدَمِ: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔
الهُدْمَة: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔
الهِدْمَة: پرانا کپڑا۔ ج هُدُوْم.
الهَدِيْم: پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔
عَجُوْزٌ مُهَدِّمَةٌ: بہت بڑھیا۔
المُهْدَم اوالمَهْدُوْم والمُهْدُوْمَة: گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مُهْدُوْمَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
خُفٌّ مُهَدَّم: بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔
هَدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔
الهِدْمِل: پرانا کپڑا۔ دیر پیہ۔ بہت بالوں والا۔
الهِدْمِل: پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔
الهِدْمَلَة: بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔
هَدَنَ (ض) هُدُوْنًا: آرام پانا۔ بزدل ہونا ..... ڈھیلا ہونا (..... هَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا ..... الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔
الشَّيْءَ: وزن کرنا ..... فُلَانًا: تُل کرنا۔
هُدِنَ عَنْكَ فُلَانٌ: کسی کا تم سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔
هَدَّنَهُ: تسکین دینا۔ بار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنُوْهُ بِالْقَوْلِ حَتّٰى هَدَنَ" اس کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہو گیا ..... الصَّبِيَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّنَتِ الْمَرْأَةُ صَبِيَّهَا بِكَلَامِهَا لِيَنَام" عورت نے اپنے بچے کو سوتے کے لئے لوری دی۔
اَهْدَنَ الْخَيْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔
هَادَنَهُ مُهَادَنَةً: صلح کرنا۔
نَهَاذَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا ..... الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔
اِنْهَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِهِ: سست ہونا۔
الهِدَان: اکھڑ۔ بے وقوف۔ جنگ میں سست۔ ج هُدُوْن.
الهِدَانَة: لڑائی کے بعد صلح۔
الهُدْن: سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔
الهَدِن: ڈھیلا۔
الهُدْنَة. هَدَن: کا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔
الهُدْنَة: مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج هُدَن.
الهُدُوْن: سکون۔ صلح۔
المُهْدُوْن: مقبح۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لئے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔
المَهْدَنَة: سکون۔ آرام۔
الهَيْدَان: بزدل۔ بخیل۔
هَدْهَدَ هُدْهُدَةً البعيرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ..... الطَّائِرُ: پرندہ کا گنگری کرنا۔ هَدْهَدَتِ الصَّبِيَّ اُمُّهُ: بچے کو سونے کے لئے ہلانا
هُدْهُدَ الشَّيْءُ مِنْ عُلُوٍّ اِلَى اَسْفَلَ: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "يُهَدْهِدُ اِلَيَّ كَذَا" مجھے ایسا خیال ہوتا ہے۔
الهُدْهُد: جنات کی آوازیں (اس کے لئے واحد نہیں)
الهُدْهُد والهُدَاهِد والهُدَاهِد هدهد: واحد هُدْهُدَة وهُدَهُدَة وهُدَاهِدَة ج هَدَاهِد وهَدَاهِيْد "اَبْصَرُ مِنْ هُدْهُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔
الهُدْهُد: ہرکوکو کرنے والا پرندہ۔ بہت کوکو کرنے والا کبوتر۔ ج هَدَاهِد وهَدَاهِيْد.
الهَدْهَدَة: مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔
الهَدَاهِد: نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَيْكَ بِالْهَدَاهِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔
هَدَاهُ يَهْدِيْهِ هُدًى وهَدْيًا وهِدْيَةً وهِدَايَةً: رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَدَاهُ الطَّرِيْقَ وهَدَاهُ اِلَى الطَّرِيْقِ وَلِلطَّرِيْقِ" اس نے اس سے راستہ بیان کر دیا اور پہنچوا دیا هَدَاهُ اللّٰهُ اِلَى الْاِيْمَانِ او لِلْاِيْمَانِ: ہدایت کرنا
هَدَى الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔
هَدَى يَهْدِي هَدَاءَ الْعَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ..... فُلَانًا: آگے ہونا "جَاءَ بِ الْخَيْلُ يَهْدِيْهَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔
هَدَى يَهْدِيْهِ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔
الهَدِيَّة لِفُلَانٍ واِلَيْهِ: تحفہ دینا ..... العَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
هَادَاهُ مُهَادَاةً وهِدَاءً: ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ هَادَى فُلَانٌ فُلَانًا: اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا ..... فُلَانًا: چلانا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَادِي بَيْنَ اِثْنَيْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔
اَهْدَى اِهْدَاءَ الْعَرُوْسِ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ..... الْهَدْيَ اِلَى الْحَرَمِ: ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا ..... لِفُلَانٍ واِلَى فُلَانٍ كَذَا: تعظیم و اجلال کے لئے تحفہ بھیجنا ..... الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔

میں)
الْهُدْأَة. هُدَأ: کا اسم مرۃ ..... مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الْهِدْأَة. هُدَأ: کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ هِدْأَةُ لَيْلَة" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔
اَلْهُدَاءَة: ایک قسم کی دوڑ۔
الْهُدَاءَة: دبلا گھوڑا (نر ہی کے لئے خاص ہے)
الْهُدُوْء: مص ..... مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ هُدُوْءً ا" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔
الْهُدَيُّ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الْاَهْدَأ: کبڑا کہا جاتا ہے "مَنْكِبٌ اَهْدَاءُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَهْدَاءُ وَامْرَاَةٌ هَدْاءُ" کبڑا مرد کبڑی عورت "وَهُوَ اَهْدَاءُ مِمَّا كَانَ" زیادہ مطمئن۔
الْمَهْدَأ. مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الْمَهْدَأَة: حالت کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ عَلَى مُهْدَبِيَةٍ: میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مُهْدَأَة کی تصغیر ہے۔
هَدَبَ (ض) هُدْبًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوھنا ..... الثَّمَرَةَ: پھل توڑنا۔
هَدِبَتْ (س) هَدَبًا الْعَيْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا ... الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔
هَدَبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھور بنانا هَدَّبَ وَاهْتَدَبَ الثَّمَرَةَ: میوہ توڑنا۔
اَهْدَبَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔
تَهَدَّبَتِ الْاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا تَهَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔
الْهُدْب وَالْهُدُب: پلک واحد هُدْبَةٌ وَهُدُبَةٌ: کپڑے کا جھور ج اَهْدَابٌ واحد هُدُبَةٌ.
الْهُدْبُ: ارطی اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں جیسے سرو ..... مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے نہ ہوں اور وہ خودرو پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جس میں چوڑائی نہ ہو۔
هُدْبُ الشَّجَرَةِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَهْدَاب.
الْهِدْب: شیر ..... مِنَ الْعُيُوْنِ وَالْاَشْجَارِ: لمبی پلکوں والی آنکھ لمبی شاخوں والا درخت۔
الْهُدُبُّ: کند خاطر و عاجز۔
الْهُدَّاب: کند خاطر و عاجز۔ پتے جو چوڑے نہ ہوں واحد هُدَّابَةٌ کہا جاتا ہے "قَطَعَ هُدَّابَ الشَّجَرَةِ وَهُدَّابَهَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "هُدَّابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں هُدَّابُ الثَّوْبِ کپڑے کے چھور۔
الْهَيْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ الْهَيْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا الْهَيْدَب: پستان۔
الْهَيْدَبِيُّ: گھوڑوں کی ایک چال۔
الْاَهْدَب: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث هُدْبَاء ج هُدْب. مِنْجَرٌ اَهْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَهْدَبُ: لمبے پروں والا کندھ۔ عَيْنٌ هَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجَرَةٌ هَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ هَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْيَةٌ هَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔
هَدَجَ (ض) هَدْجًا وَهَدَجَانًا وَهُدَاجًا: بوڑھوں کی چال چلنا ..... الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔
هَدَّجَتِ هَدْجًا وَهَدَجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا ..... الْقِدْرُ: ہانڈی کا زور سے ابلنا ..... الرَّبْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔
هَدَّجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔
تَهَدُّجُ الصَّوْتِ: کپکپی کی وجہ سے آواز منقطع ہونا۔ تَهَدُّجَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ سے پیار کرنا۔ تَهَدَّجَ الْقَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْدَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔
الْهَدَّاج: اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِيْمٌ هُدَّاجٌ: کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "فَنَافِذُ هَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُيُوْتِهِمْ" سیہیاں ان کے مکان کے اردگرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔
قِدْرٌ هَدُوْجٌ: جلدی اُبلنے والی ہانڈی۔
الْهَوْدَج: ہودہ ج هَوَادِج.
الْمِهْدَاج: بچہ سے پیار کرنے والی اونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔
الْمُسْتَهْدِج: فا۔ جلد باز۔
الْمُسْتَهْدَج: مفع۔ جلد بازی (مصدر میمی)
الْهَدْجَدُج: بوڑھوں کی چال چلنے والا شتر مرغ۔
هَدَرَ (ن ض) هَدْرًا وَهَدَرًا. الدَّمُ وَغَيْرُهُ: خون وغیرہ رائیگاں جانا ..... فُلَانٌ الدَّمَ وَغَيْرَهُ: باطل کرنا۔
هَدَرَ (ض) هَدْرًا وَتَهْدَارًا الْحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ گٹکری کرنا ..... الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ هَدَرَتْ جُرَّةُ النَّبِيْذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا ..... الرَّعْدُ: بادل میں گرجنا ..... النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا ..... هَدْرًا وَهَدِيْرًا) الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا (..... هُدُوْرًا وَهَدِيْرًا) الْعُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔
اَهْدَرَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔
اَهْدَرَ دَمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔
تَهَادَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔
اِهْدَوْدَرَ الْمَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔
الْهَادِر: فا۔ ناکارہ ج هَدْرَة: دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔
الْهَادِرَة. الْهَادِر: کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَادِرَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج هَوَادِر.

.....الْهَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا.....مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا(..... هَجْمًا وهُجُومًا) الشَّيُ: قرار وسکون پانا..... المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سُست پڑنا .....فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔ هَجَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

هَجَّمَهُ: اچانک لانا۔

هَاجَمَهُ مُهَاجَمَةً: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

اَهْجَمَهُ عَلَيْهِمْ: اچانک لانا۔ اَهْجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا..... الْإِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا..... اللّٰهُ الْمَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔

تَهَاجَمَا: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

تَهَجَّمَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔

اِنْهَجَمَ الْبَيْتُ: مکان کا شکستہ وویران ہونا..... الدَّمْعُ او الْعَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا۔ اِنْهَجَمَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

اِهْتَجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔

اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الْهَجْمُ: مص۔ بڑا پیالہ۔ پسینہ ج اَهْجَام.

الْهَجَمُ: بڑا پیالہ۔

الْهَجْمَةُ. هَجَم: کا اسم مرة.....مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی.....مِنَ الصَّيْفِ: سخت گرمی .....مِنَ الْإِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سو تک کا گلہ۔ الْهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ بَعْدَ هَجْمَةٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الْهَجَّامُ: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔ شیر۔

الْهَجُومُ: جلد ہجوم کرنے والا.....مِنَ الرِّيَاحِ: تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإِنَّ الْحَمَّامَ هُجُومٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الْهَجْمِيَّةُ: گاڑھا دودھ۔

الْإِهْتِجَامُ: رات کا آخری حصہ۔

الْمَهْجُومُ: مفع۔ بَيْتٌ مَهْجُومٌ: گرا ہوا گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الْهُجْمَانَةُ: موتی۔ نرمکڑی۔

هَجَنَ (ن ض) هَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ هَاجِن)

هَجُنَ (ک) هُجْنَةً وهَجَانَةً وهُجُونَةً: کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا..... الْكَلَامُ: غلط ہونا۔

هَجَّنَهُ تَهْجِينًا. هجين: بنانا (دیکھئے لفظ هَجِين) هَجَّنَ الْأَمْرَ: حقیر کرنا۔ عیب دار بنانا۔

اَهْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اونٹوں کا مالک ہونا..... الْجَارِيَةَ: بلوغ سے پہلے شادی کر دینا۔

اُهْتُجِنَتِ الشَّاةُ: حمل ظاہر ہونا۔

اِسْتَهْجَنَ فِعْلَهُ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا يُسْتَهْجَنُ ذِكْرُهُ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔

الْهَاجِنُ: فا۔ چقماق جس سے ایک دفعہ کے مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔ ج هَوَاجِن.

الْهِجَانُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: عمدہ وخالص مِنَ الْإِبِلِ: سفید نسل کا شریف اونٹ (اس میں مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ هِجَانٌ وَنَاقَةٌ هِجَانٌ وَإِبِلٌ هِجَانٌ" اور بسا اوقات هَجَانِين بھی بولتے ہیں رَجُلٌ هِجَانٌ: شریف النسل مرد۔ وَعَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ اِمْرَأَةٌ هِجَانٌ وَنِسْوَةٌ هِجَانِين اَرْضٌ هِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔

الْهِجَانَةُ: شرافت۔ سفیدی۔

الْهُجْنَةُ: مص.....مِنَ الْكَلَامِ: عیب و قباحت.....فِي الْعِلْمِ: علم کی بربادی ج هُجَن.

الْهَجِينُ: کمینہ۔ وہ جس کی ماں باندی اور باپ عربی ہو۔ ج هُجُن وهَجَنَاء وهُجَنَان ومَهَاجِين ومَهَاجِنَة مؤنث هَجِينَةٌ ج هُجُنٌ وهِجَانٌ وهَجَانِين کہا جاتا ہے "فَرَسٌ وبِرْذَوْنَةٌ هَجِينٌ" خراب نسل کا گھوڑا یا ترکی گھوڑا و الْهَجِينُ مِنَ الْخَيْلِ: ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ گھوڑا ج هُجُن وهَوَاجِن. لَبَنٌ هَجِينٌ: دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔

غُلَيْمَةٌ اُهَيْجِنَةٌ: بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے۔

الْمَهْجَنَةُ والْمَهْجَنِي والْمَهْجُنِي والْمَهْجُنَاء: ناکارہ لوگ۔

الْمُهَجَّنَةُ مِنَ النُّوقِ: ہجان کی جانب منسوب اونٹنی جو اچھی نسل ہونے کی وجہ سے خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔ کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ ہو۔

الْمُهَجَّنَةُ: کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچی۔

الْهَجَّفُ: لمبا چوڑا۔ ج هَجَافِيف.

هَجْهَجَ الْفَحْلُ فِي هَدِيرِهِ: زور سے آواز نکالنا۔

.....الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا..... الْجَمَلَ او بِالْجَمَلِ: "هج هج" کہہ کر روکنے کے لئے ڈانٹنا۔

الْهَجْهَاج: بے وقوف۔ بڑا شریر۔ کم عقل والا۔ بہت بڑبڑانے والا اونٹ۔ لمبا مرد یا اونٹ۔ مصنیف' بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ قَوْمٌ هَجْهَاج: تیز ہوا کا دن۔

الْهَجْهَاجَة: بمعنی هَجْهَاج: بنجر زمین۔ ج هَجَاهِج مَاءٌ هُجَاهِجٌ: پانی جو نہ کھاری ہو نہ میٹھا۔

هَجَاهُ يَهْجُوهُ هَجْوًا وهِجَاءً وتَهْجَاءً: معائب شمار کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ گالی

الْهَجِيْج: مص۔ گہری وادی۔ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچیں جائیں۔ ج هُجَان.

الْاَهْجَج: گہری وادی۔

عَيْنٌ مُهَجَّجَة: دھنسی ہوئی آنکھ۔

الْمُهَجِّج: فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الْمُسْتَهِجّ: ہر حق و ناحق میں بولنے والا۔

هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وَهُجُوْءً اجُوْعَهُ: بھوک بند ہونا (..... هَجْأٌ الطَّعَامُ: کھانا..... بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا..... هُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا۔

هَجِيَ يَهْجَأُ هَجَأً: بہت بھوکا ہونا۔

اَهْجَأَ اِهْجَاءً جُوْعَهُ: بھوک زائل کرنا۔

فُلَانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا..... فُلَانًا الشَّيْءَ: کسی کو کچھ کھلانا۔

نُهْجَأُ الْحَرْف: ہجے کرنا۔

الْهَجَأ: ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے۔

الْهَجْأَة: بے وقوف مرد یا عورت۔

هَجَبَ (ض) هَجْبًا: ہانکنا۔ دوڑنا۔ لاٹھی سے مارنا۔

هَجَدَ (ن) هُجُوْدًا: رات میں سونا۔ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُوْد دن میں سونے اور هُجُوْع رات میں سونے کیلئے ہے۔

هَجَّدَ تَهْجِيْدًا الرَّجُلُ: بیدار ہونا۔ رات میں سونا۔ رات میں نماز پڑھنا..... فُلَانًا: جگانا۔ سلانا (ضد)۔

اَهْجَدَ الرَّجُلُ: سونا..... فُلَانًا: سلانا۔ سوتا ہوا پانا۔

تَهَجُّدَ الرَّجُلُ: رات میں سونا۔ بیدار رہنا۔

الْهَاجِد: سونے والا۔ رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج هُجُوْد وهُجَّد.

الْهُجُوْد: رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج هُجُوْد وهُجَّد.

التَّهَجُّد: مص۔ رات کی نماز۔

الْمُتَهَجِّد: فا۔ رات کی نماز کے لئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں هَاجِد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور مُتَهَجِّد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔

هَجَرَهُ (ن) هَجْرًا وهِجْرَانًا: قطع تعلق کرنا۔ چھوڑنا۔ هَجَرَ الشَّيْءَ: ترک کرنا۔ اعراض کرنا..... زَوْجَهُ: بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا (..... هَجْرًا وهِجَّيْرَى وَاهْجِيْرَى) فِيْ نَوْمِهِ اَوْ مَرَضِهِ: نیند یا مرض میں بکواس کرنا (..... هَجْرًا) بِهِ فِي النَّوْمِ: خواب دیکھنا (..... هَجْوًا وهُجُوْرًا) الْبَعِيْرَ: پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا۔ هَجَّرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا..... النَّهَارُ: سخت گرم ہونا..... اِلَى الشَّيْءِ: سویرے جانا اور سبقت کرنا۔

هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ الْبَلَدِ وعَنْهُ: ہجرت کرنا۔

اَهْجَرَهُ اِهْجَارًا: چھوڑنا۔ اَهْجَرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا۔ اَهْجَرَ فِيْ مَنْطِقِهِ: بکواس کرنا..... بِفُلَانٍ: ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا۔

تَهَجَّرَ الْقَوْمُ: دوپہر میں چلنا..... فُلَانٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا۔

تَهَاجَرُوْا وَاهْتَجَرُوْا: باہم قطع تعلق کرنا۔

تَهَاجَرُوا الْمَاءَ: لینا۔

اِهْتَجَرَهُ: چھوڑنا۔

اَلْهَاجِر: اسم فاعل۔ شَيٌّ هَاجِرٌ: نہایت عمدہ چیز۔

الْهَاجِرَة. الْهَاجِر: کا مؤنث۔ گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت۔ سخت گرمی۔ ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَة وعَافِيَة وغیرہ۔ نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ: عمدہ اونٹنی اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال فاحشہ سے متہم کیا۔

الْهَاجِرِيُّ: بہت عمدہ۔ اعلیٰ و فائق۔ معمار۔ شہری۔

هَاجِرَة: حضرت اسماعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔

الْهَجْر: مص۔ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا۔ بہت عمدہ۔ مہار۔ دوپہر۔ سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "لُقِيْتُهُ عَنْ هَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیوبت کے بعد ملا۔ "وَذَهَبَ الشَّجَرَةُ هَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہو گیا۔

الْهِجْر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی۔

الْهُجْر: قبیح گفتگو۔ فحش گوئی۔ اِهْجَار کا اسم۔

الْهَجْر: نہایت عمدہ۔ آہستہ چلنے والا۔

اَلْاَهْجَر: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهْجَرُ مِنْ ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا بڑا ہے۔

الْهَجْرَاءُ: قبیح گفتگو۔ کفایت کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ غَنَاءٌ ذٰلِكَ وَلَا هَجْرَاؤُهُ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غنا ہے اور نہ کفایت۔

الْهَجْرَة. هَجَر: کا اسم مرۃ۔ موٹی عورت۔

الْهِجْرَة. هجر: کا اسم نوع۔ تہاجر کا اسم۔

الْهِجْرَة والْهُجْرَة: ترک وطن۔ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا۔

الْهِجِرُّ: دیہات میں منتقل ہونا۔

الْهَجِير: دوپہر۔ سخت گرمی۔ بڑا اور کشادہ حوض۔ بڑا پیالہ۔ جما ہوا دودھ۔ موٹا گورخر۔ پاؤں باندھنے کی رسی سے بندھا ہوا اونٹ ج هُجُر.

اَلْهَجَر: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔

الْهَجِيْرَة: دوپہر۔ سخت گرمی۔

الْهِجَار: تانت۔ طوق۔ تاج۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

الْهِجْبُر والْهِجِّيْرَة: عادت۔

الْهِجِّبْرَى. هَجَرَ فِيْ نَوْمِهِ اَوْ مَرَضِهِ: کا

هَبْهَبَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا ..... السَّرَابُ: سراب چمکنا۔ هَبْهَبَهُ: ڈانٹنا۔

هَبْهَبَ الْكَبْشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔

تَهَبْهَبَ الشَّيْءُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الْهَبْهَب: تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔

الْهَبْهَاب: تیز رفتار۔ چلانے والا۔ سراب۔

الْهَبْهَبِيُّ: اچھی حدی گانے والا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت و مشقت کرنے والا۔ تیز رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مؤنث هَبْهَبِيَّة.

هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا: سست چلنا ..... الْغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا ..... الْفَرَسُ: گھوڑے کا بھاگنا ..... فُلَانٌ: مرنا ..... الرَّمَادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔ أَهْبَى إِهْبَاءَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا غبار اڑانا۔ تَهَبَّى تَهَبِّيًا: دونوں ہاتھ جھاڑنا۔

الْهَابِي: فا۔ ج هُبَّى کہا جاتا ہے "نُجُومٌ هُبَّى" غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔

الْهَابِي: قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْضِعُ هَابِي التُّرَابِ" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے وَتُرَابٌ أَوْ مَادٌّ هَابٍ: فضا میں اڑنے والی مٹی یا راکھ۔

الْهَبَاء: غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج أَهْبَاء.

الْهَبَاءَة: غبار کا قطعہ۔

هُبَابَةُ الشَّجَرِ: درخت کی چھال۔

الْهَبْوَة: گرد و غبار۔ ج هَبَوَات وَأَهْبَاء (خلافِ قیاس) أَهْبَاءُ الزَّوْبَعَة: بگولا۔

الْهَبِيُّ: چھوٹا بچہ۔ مؤنث هَبِيَّة.

الْمُتَهَبِّي: کمزور نظر والا۔

هَتَّ (ن) هَتًّا الْكَلَامَ: پیہم نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا ..... الثَّوْبَ: کپڑے پھاڑنا ..... الْعِرْضَ: آبروریزی کرنا ..... الْمَاءَ: پانی گرانا ..... فُلَانًا: مرتبہ گھٹانا۔

..... الْمَرْأَةُ غَزْلَهَا: عورت کا کاتا ہوا سوت کا تار توڑنا ..... فُلَانٌ فِي كَلَامِهِ: جلدی جلدی بولنا ..... وَرَقَ الشَّجَرَةِ: درخت کے پتے جھاڑنا۔

الشَّيْءَ: توڑنا اور چورہ کرنا (..... هَتِيتًا)

الْبَكْرُ: جوان اونٹ کا آواز کرنا۔

الْهَتُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ هَتَّانًا" اس نے اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑا۔

الْهَتَّات: ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔

الْمِهَتُّ: بمعنی هَتَّات.

هَتَّاهُ يَهُتُّهُ هَتًّا بِالْعَصَا وَنَحْوِهَا: لاٹھی وغیرہ سے مارنا ..... الطَّعَامَ: کھانا۔

هَبِيَ يُهْنَأُ هَنَأً الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

تَهَتَّا تَهَتُّوَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الْهَتْءُ وَالْهِتْيُ وَالْهِتَاءُ وَالْهِتْيُ وَالْهِتَاءُ وَالْهُنْأَةُ وَالْهَنْأَةُ: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى مِنَ اللَّيْلِ هَتْءٌ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

الْهَنَا وَالْهُنُوءُ: شگاف۔ پھٹن۔

الاِهْتَاء: کپڑا۔

هَتَرَ (ض) هَتْرًا عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی کرنا ..... الْكِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔

هَتَّرَ عِرْضَ فُلَانٍ: بہت زیادہ آبروریزی کرنا۔

هَاتِرَهُ مُهَاتَرَةً: بری گالی دینا۔

أَهْتَرَ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التاء اور یہ شاذ ہے وَأُهْتِرَ فُلَانٌ کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لئے فریفتہ ہونا۔

أُهْتِرُوا فِي ذِكْرِ اللَّهِ: اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔

تَهَاتَرَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَاتُرَ الشُّهَادَاتِ" شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہونیں۔

اُسْتُهْتِرَ فُلَانٌ: لاپروائی کے ساتھ حواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔

اِسْتَهْتَرَ الرَّجُلُ بِكَذَا: بہت فریفتہ ہونا ..... الرَّجُلُ: لغو و لا طائل افعال کا مرتکب ہونا۔

الْهَاتِر: فا۔ ج هَاتِرُونَ وَهَتَرَة.

الْهُتْر: جھوٹ۔ مصیبت۔ امر عجیب۔ بے ہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج أَهْتَار کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هُتُرُ أَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے۔

الْهُتُر: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

التَّهَاتِر: ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں۔

التَّهْتَار وَالتَّهْتُر: حماقت و جہالت۔

الْمُهْتَر: کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رَجُلٌ مُهْتَرٌ گفتگو میں خطا کار۔

الْمُسْتَهْتِرُ بِالشَّيْءِ: سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔

الْهِتْرِك: شیر۔ سخت و مشکل زمانہ۔

هَتَشَ (ض) هَتْشًا الْكَلْبُ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اُکسانا۔ کہا جاتا ہے "هُتِشَ الْكَلْبُ فَاهْتَاشَ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لئے خاص ہے)

هَتَعَ (ف) هَتْعًا إِلَى قَوْمِهِ: جلدی متوجہ ہونا۔

هَتَفَتْ (ض) هَتْفًا وَهُتَافًا الْحَمَامَةُ: کبوتری کا کوکو کرنا (..... هُتَافًا) فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چلا کر بلانا ..... فُلَانًا وَبِفُلَانٍ: تعریف کرنا۔

هَتَفَتْ تَهْتِيفًا الْحَمَامَةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔

الْهَاتِف: فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے۔ ٹیلی فون۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ هَاتِفًا يَهْتِفُ" جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے ..... کہا جاتا ہے قَوْسٌ

ایک ٹکڑا۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا۔ صبح کی باقی ماندہ ساعت ۔ زمانہ کی ایک مدت۔

الْهَبُوْبُ والْهَبُوْبَةُ والْهَيْبُبُ. مِنَ الرِّيَاحِ: گرد وغبار اڑانے والی ہوا۔

الْهَبَّاب: بہت گرد وغبار اڑانے والی ہوا۔

الْمَهَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ۔ ج مَهَابُّ.

الْمُهِبُّ: کمزور۔ ج مُهِبُّوْنَ: بیدار کرنے والا۔

هَبْهَبَهُ (ض) هَبْهَبًا: مارنا۔ کسی کا سر جھکا دینا۔ مرتبہ سے گھٹا دینا۔ ذلیل کرنا۔

هَبْهَبَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔

هُبِتَ الرَّجُلُ: بزدل وہوش باختہ ہونا۔ صفت هَيْبَت ومَهْبُوْت.

الْهَبْهَبَةُ. هَبْتَ: کا اسم مرۃ۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِيْ عَقْلِهٖ هَبْهَبَةٌ" اس کی عقل کمزور ہے۔

الْهَبَنَّى: پستہ قد۔

هَبَجَهُ (ف) هَبْجًا بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔

هَبَجَ (س) هَبْجًا وَجْهَ الرَّجُلِ: چہرے کا سوجنا۔ صفت هَيْبَج.

هَبَّجَهُ: متورم کرنا۔

تَهَبَّجَ: سوجنا۔

الْمُهَبَّجُ: سست۔ بھدی طبیعت کا۔

هَبَدَ (ض) هَبْدًا وتَهَبَّدوا اِهْتَبَدَ الْهَبِيْدَ: اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ هَبَدَ فُلَانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔

الْهَبَد والْهَبِيْد: اندرائن یا اس کا دانہ۔ واحد هَبِيْدَة.

الْهَوَابِد: اندرائن کے دانے چننے والیاں۔

هَبَذَ (ض) هَبْذًا وهَابَذَ واهْتَبَذَ الفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ کا تیز اڑنا۔

الْهَابِذَة: تیز فتار اونٹنی ج هَوَابِذ.

هَبَرَ (ن) هَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَرَ لَهٗ مِنَ اللَّحْمِ هَبْرَةً" اس نے اس کے لئے گوشت کے ٹکڑے کاٹے "وَهَبَرْنَاهُمْ بِالسُّيُوْفِ" ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔

هَبَرَ (س) هَبْرًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا زیادہ گوشت والا ہونا۔

اَهْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔

اِهْبَرَّ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا دبلا پتلا ہونا..... فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الْهَبْر: مص۔ بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد هَبْرَةٌ. الْهَبْر: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج هُبُوْرٌ. وَهُبْر. الْهَبْر فِي الْقِرَاءَةِ: آیت پر وقف کرنا۔

الْهُبْر: انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔

الْهَبِر. مِنَ الْجِمَالِ: بہت گوشت والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْر هَبِرٌ ذَبِرٌ" بہت گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث هَبِرَةٌ.

الْهَبِر: کٹا ہوا۔

الْهَبْرَبَة: زردئی کے اڑنے والے روئیں۔ سر کی بھوسی۔ بالس اور ٹرکل سے جو بکھرے اور جمع ہو کر جم جائے۔

الْهَبُوْر: بکری۔

الْهَبِيْر: پست زمین کہ اس کے اردگرد بلندی ہو ج هُبُرٌ واهَبِرَةٌ: اندام نہانی۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ هَبْرٌ وهَبِرٌ" گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی ضرب۔

الْهُبَيْرَة: بجو۔ اَبُوْهُبَيْرَة: مینڈک۔ اُمّ هُبَيْرَة: مینڈکی۔

الْاَهْبَر: بہت گوشت والا۔ مؤنث هَبْرَاء ج هُبْر.

الْهَبَارِيَة: اڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی۔

رِيْحٌ هَبَارِيَّة: غبار والی ہوا۔

الْهَبَّار: بہت بالوں والا بندر۔

سَيْفٌ هَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔

الْهَبُوْرُ: چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے خوشے۔

هَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

الثَّوْبَ: منقش کرنا۔

الْهَبْرَج: تیز وسبک چال۔ مردمتکبر۔ ڈگمگا کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا دبیز گوشت بیل۔ بوڑھا ہرن۔

الْهِبْرِج: موٹا دبیز گوشت۔

الْمُهَبْرَج مِنَ الْاَوْتَارِ: خراب شدہ تانت۔

الْهِبْرِزِيّ: فارسیوں کا کنگن۔ نیا دینار۔ ہر خوبصورت وخوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص سونا۔ وَاُمُّ الْهِبْرِزِيّ: بخار۔

تَهَبْرَسَ: ناز وانداز سے چلنا۔

هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوْزًا وهَبَزَانًا: مرنا۔ یا اچانک مرنا۔

هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا الرَّجُلُ: پورے ہاتھوں سے دوہنا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ پہنچنا..... لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔ .....فُلَانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔

هَبَّشَ تَهْبِيْشًا الْمَالَ: جمع کرنا۔

تَهَبَّشَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَتَهَبَّشُ لِعِيَالِهٖ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے کمائی کرنے کے لئے نکلا۔

اِهْتَبَشَ الْمَالَ: اکٹھا ہونا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا..... مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔

الْهَابِشَة: جماعت۔ الْهَابِشَة والْهَبَاشَة: مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج هَوَابِش هَبَاشَات. الْهَبَاشَات: کمائیاں۔

الْهَبَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ بہت جمع کرنے والا۔

هَبِصَ (س) وهَبِصَ (ح) هَبَصًا وهَبَصًا: پھرتیلا وجلد باز ہونا..... الْكَلْبُ: کتے کا شکار کا حریص ہونا..... عَلَى الشَّيْءِ: مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت هَبِص.

اِهْتَبَصَ فِي الْعَمَلِ: جلدی کرنا..... فِي الْمَشْيِ: تیز چلنا (..... وانْهَبَصَ) لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

الْهَبَصَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے مَشَى الْهَبَصَى: وہ تیز چال چلا۔

هَبَطَهُ (ن) هَبْطًا مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے

بازو۔ گردن کا مہرہ۔ ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخذعان ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔ کہا جاتا ہے "اَنَا لَشَدِیْدُ الْوَاهِنَتَیْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے۔

الْوَهْنَانَةُ مِنَ النِّسَاءِ: نازونعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت۔

الْوَهْنُ مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد۔

الْمَوْهُوْنُ: کمزور۔ مؤنث مَوْهُوْنَةٌ.

وَهْوَهَ وَهْوَهَةً فِیْ صَوْتِهٖ: ثم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا..... اَلْاَسَدُ فِیْ زَئِیْرِهٖ: شیر کا دھاڑنا۔ صفت وَهْوَاهٌ.

الْوَهْوَاهُ وَالْوَهْوَهُ مِنَ الْخَیْلِ: تیز و چست رَجُلٌ وَهْوَاهٌ: بزدل مرد۔

وَهِیَ وَوَهِیَ بِهٖ وَهْیًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا..... الشَّیْءُ: بندش ڈھیلی ہونا۔ پوسیدہ ہونا۔ کمزور ہونا..... الْحَائِطُ: دیوار کرنے کے قریب ہونا..... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا..... السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا۔

اَوْهَی اِیْهَاءً اُفْلَانًا: کمزور کرنا۔ ست کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَاَوْهٰی یَدَهٗ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا۔

الْوَهْیُ: مص۔ شگاف۔ پھٹن ج وُهِیٌّ وَاُرْهِیَةٌ.

الْوَهِیَةُ: اسم مرۃ۔ شگاف۔

الْوَاهِی اسم فاعل ج وَاهُوْنَ وَوُهَاةٌ: مؤنث وَاهِیَةٌ.

الْمُوْهِیَةُ: موتی۔ ذبح کرنے کے لئے موٹا اونٹ۔

الْاَوْهِیَةُ: پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ۔

وَاهٍ وَوَاهَا وَوَاهَاهُ وَبِهٖ: چیز کی خوبی کے لئے کلمہ تعجب گویا تم کہتے ہو "اَعْجَبَ بِهٖ مَا اَطْیَبَهٗ" اور اظہار افسوس کے لئے بھی آتا ہے جیسے "وَاهًا عَلٰی مَافَاتَ".

وَیْ: کلمہ تعجب جیسے وَیْ لِزَیْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کے لئے بھی آتا ہے اور وَیْلٌ سے کنایہ ہے تم کہتے ہو "وَیْکَ اِسْتَمِعْ قَوْلِیْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ اور دھمکی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَیْ بِکَ یَا فُلَانُ.

وَیْبٌ: بمعنی ویل۔ کہا جاتا ہے "وَیْکَ وَوَیْبٌ لَکَ وَوَیْبٌ لِزَیْدٍ وَوَیْبًا لَهٗ وَوَیْبٌ لَهٗ وَوَیْبِهٖ وَوَیْبِ غَیْرِهٖ: کسرہ اور ضمیر و اسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ۔ وَوَیْبُ زَیْدٍ: فتحہ اور اضافت کے ساتھ۔ وَوَیْبُ فُلَانٌ کسرہ اور رفع کے ساتھ۔ اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں۔ یعنی اللہ اس کے لئے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَیْبًا لِهٰذَا" یعنی اس کے لئے تعجب ہے۔

الْوَیْبَةُ: بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَیْبَاتٌ (مولدۃ) الْوَیْبَةُ: مصیبت۔ بلا۔ رسوائی۔

وَیْحٌ: کلمہ ترحم و توجع۔ اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ وَیْلٌ کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَیْحٌ لِزَیْدٍ وَوَیْحًا لِزَیْدٍ وَیْحَهٗ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار کی فعل کی بنا پر۔ گویا کہ تم کہتے ہو الْزَمَهُ اللّٰهُ وَیْحًا.

الْوَاحُ وَالْوَاحَةُ: ریگستان میں سرسبز زمین ج الْوَاحَاتٌ.

وَیْخٌ: بمعنی وَیْحٌ.

وَیْسٌ: بمعنی وَیْحٌ اور اس کے احکام بھی وَیْحٌ کے احکام جیسے ہیں۔

الْوَیْسُ: محتاجی۔ ارادہ کی ہوئی چیز۔ نہ چاہی ہوئی چیز۔

وَیْکَ: کلمہ ہے جو وی اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

وَیْلٌ تَوْوِیْلًا فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: کسی کے لئے بہت ویل کہنا۔

تَوَیْوُلٌ: ویل کو پکارنا۔ ناویلی: کہنا۔

تَوَایُلُ الرِّجَالِ: ایک دوسرے کے لئے ویل ویل کہنا کہا جاتا ہے "هُمَا یَتَوَایَلَانِ.

الْوَیْلُ: شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ جہنم کی ایک وادی کا نام کہا جاتا ہے "وَیْلَهٗ وَوَیْلَکَ وَوَیْلِیْ وَوَیْلٌ لِزَیْدٍ وَوَیْلًا لَهٗ" نصب اضمار فعل کی بنا پر رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائے گا۔ کہا جاتا ہے "وَیْلٌ وَاَبِلٌ وَوَیْسَلٌ وَوَیْسَلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل۔

الْوَیْلَةُ: بلا رسوائی۔ ج وَیْلَاتٌ.

وَیْلُمِّهٖ: یہ مرکب کلمہ ہے اس کی اصل "وَیْلٌ لِاُمِّهٖ" ہے بمعنی بددعا کے مگر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَهُ اللّٰهُ" اور "لَا اَبَ لَکَ" کے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَیْلُمِّهٖ وَوَیْلِمِّهٖ" ضمہ لام و کسرہ لام کے ساتھ بمعنی چالاک و تیز فہم مرد۔

الْوَیْمَةُ: تہمت اور بقول بعض چغل خوری۔

الْوَیْنُ: کالا انگور۔ عیب۔

الْوَیْنَةُ: کالا خشک انگور۔

وَیْهَ وَوَیْهِ وَوَیْهَا: کلمہ تحریض و اغراء ہے مفرد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے یہی آتا ہے۔

الوَانِی: فا۔ کمزور بدن والا۔ نَبِیْمٌ وَانٍ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔
الوَانِیُّ: موتی۔
المِبْنَا والمِبْنَاء: بندرگاہ۔ اور "مِبْنَاءُ السَّاعَةِ" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔
وَهَبَ یَهَبُ وَهْبًا وَوَهَبَ المَالَ فُلَانًا ولِفُلَانٍ: ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبَنِیْ فَعَلْتُ کَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ اَنِّیْ فَعَلْتُ کَذَا نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (..... وَوَهِبَ یَهِبُ) الرَّجُلَ: داد و دہش میں غالب ہونا۔
وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً: ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَوْهَبَ اِبْهَابًا الاَمْرَ لِفُلَانٍ: تیار کرنا۔
..... الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: لینے کے لئے ممکن ہونا۔
الشَّیْءُ لَهُ: زیادہ بکثرت ہونا یہاں تک کہ اسی میں سے ہبہ کرے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْهَبُ لِکَذَا" یعنی میں اس پر قادر ہوا۔
تَوَاهَبَ القَوْمُ: بعض کا بعض کو ہبہ کرنا۔
اِنْهَبْ اِبْهَابًا الهِبَةَ: ہبہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْهَبَ اِسْتِیْهَابًا الهِبَةَ: ہبہ طلب کرنا ..... فُلَانًا ومِنْ فُلَانٍ الهِبَةَ: ہبہ کرنے کی درخواست کرنا۔
الهِبَةُ: مص۔ کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا۔ ہبہ کی ہوئی چیز ج هِبَات.
الوَهَّاب والوَهَّابَة والوَهُوْب: بہت ہبہ کرنے والا۔
المَوْهِب والمَوْهِبَة. وَهْبٌ: کا اسم ہے۔
المَوْهِبَة والمَوْهَبَة: عطیہ۔ ہبہ کی ہوئی چیز۔ چھوٹا سا تالاب جیسے "هُوَ اَشْهَى مِنْ مَاءِ مَوْهِبَةٍ عَلَى خَمْرٍ" وہ تالاب کے پانی سے شراب کا زیادہ راغب ہے ج "مَوَاهِب. المَوْهَبَة" پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔

وَهَتَ یَهِتُ وَهْتًا الشَّیْءُ: دہانا۔ سخت روندنا۔
اَوْهَتَ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
الوَهْتَة: پست زمین۔ ج وَهَتٌ.
لَحْمٌ مُوْهِتٌ: بدبودار گوشت۔
وَهِتَ یَهِتُ وَهْتًا وهِتَهُ فِی الشَّیْءِ: مشغول ہونا..... الشَّیْءُ: سخت روندنا۔
تَوَهَّتَ تَوَهُّتًا فِی الاَمْرِ: خوب غور کرنا۔
وَهَجَتِ تَهِجُ وَهْجًا ووَهِیْجًا ووَهَجَانًا النَّارُ او الشَّمْسُ: آگ بھڑکنا۔ آفتاب روشن ہونا۔
اَوْهَجَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَوَهَّجَ: بھڑکنا..... الحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔
یَوْمٌ وَهَّاجٌ: سخت گرمی والا ہونا..... الجَوْهَرُ: چمکنا ..... وَابْنَهُ الطِّیْبُ: بھڑکنا۔ خوشبو پھیلنا۔
الوَهَّج: آگ کی بھڑک یا آفتاب کی چمک۔ آفتاب کی یا آگ کی گرمی جو دور سے محسوس ہو وَهَجُ الطِّیْبِ خوشبو کی بھڑک۔
یَوْمٌ وَهْجَانٌ ووَهِجٌ: سخت گرم دن۔
الوَهَّاج: سخت بھڑکنے والا۔ نَجْمٌ وَهَّاجٌ: روشن ستارہ۔ اور ایسا ہی سِرَاجٌ وَهَّاجٌ.
وَهْدَلَهُ الفِرَاشَ: بچھونا بچھانا۔
تَوَهَّدَ الفِرَاشَ: بچھنا۔
الوَهْد: پست زمین ج اَوْهُد ووُهُدَان اور کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَهْدٌ" پست جگہ۔
الوَهْدَة: پست زمین۔ گڑھا۔ ج وِهَاد ووَهَد.
وَهَرَهُ یَهِرُهُ وَهْرًا ووَهَّرَهُ: سخت مشکل میں پھنسا دینا۔
تَوَهَّرَ اللَّیْلُ او الشِّتَاءُ: رات یا سردی کا اکثر حصہ گزر جانا..... هُ فِی الکَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
اِسْتَوْهَرَ واسْتَهْبَرَ اسْتِهْبَارًا بِهِ: یقین کرنا۔
الوَهَر: دھوپ کا زمین پر اس طرح تیزی سے پڑنا جس سے بخارات کی مانند اضطراب ظاہر ہو۔
لَهَبٌ وَاهِرٌ: بھڑک دار شعلہ۔
الوَهْرَةُ: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو۔
الوَهْرَان: ڈرنے والا۔
وَهَزَهُ یَهِزُهُ وَهْزًا: روندنا۔ ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا۔ وَهَزَهُ عَلَى کَذَا: برانگیختہ کرنا۔ وَهَزَ الشَّیْءَ: توڑنا..... الفَمْلَةَ بَیْنَ اَصَابِعِهِ: جوں کو انگلیوں کے درمیان مار ڈالنا۔
وَهْزَةٌ: بوجھل کرنا۔
تَوَهْزَ: سخت روندنا۔ بوجھل چال سے چلنا۔
تَوَهَّزَ لِحَلْفِ فُلَانٍ: کودنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ یَتَوَهَّزُ" وہ گزرا اس حال میں کہ زمین کو سخت دباتا ہوا چلتا ہے۔
الوَهِز: مص۔ پستہ قد مضبوط بدن والا۔
الوَهَّازَة: شرمیلی عورت کی چال۔
الاَوْهَز: اچھی چال والا۔
المُوَهِّز والمُوَهِّز: سخت روندنے والا۔
وَهَسَ یَهِسُ وَهْسًا الشَّیْءَ: توڑنا۔ سخت روندنا..... الرَّجُلُ: تیز چلنا..... فِی الاَمْرِ: حیلہ کرنا..... عَلَى قَوْمِهِ: ظلم کرنا۔ دست درازی کرنا۔
وَاهَسَ مُوَاهَسَةً: تیز چلنا..... هُ: جھگڑا کرنا۔
تَوَهَّسَ وتَوَاهَسَ: بوجھل چال چلنا۔ تیز چلنا۔ تَوَهَّسَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "تَوَهَّسَ الاَرْضَ فِیْ مِشْیَتِهِ" اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔
الوَهْس: مص۔ برائی۔ چغل خوری۔
الوَهْسَة: عام راستہ۔
الوَهَّاس: اسم مبالغہ۔ شیر۔
وَهَصَ یَهِصُ وَهْصًا الشَّیْءَ الرَّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ سختی سے پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا..... الرَّاسَ: سر کچل دینا۔ الحَیَوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔
الوَهْصَة. وَهَص: کا اسم مرۃ۔ پست زمین۔

الوَلِیف والوَلُوف: لگاتار چمکنے والی بجلی۔
الولاف والوَلِیف: مص۔ ایک قسم کی دوڑ جس میں ٹانگیں یکبارگی زمین پر پڑتی ہیں۔
وَلَقَ یَلِقُ وَلْقًا فِی السَّیْرِ: جلدی چلنا..... ہٗ بِالرُّمْحِ: ہلکا نیزہ مارنا..... ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا..... التَّخدِیث: پھیلانا۔ گھڑنا..... عَیْنَہ: آنکھ پر مار کر چھوڑ دینا..... فِی تَکْذِیبِہٖ او سَبِّہٖ: لگاتار جھوٹ بولنا یا ہمیشہ چلنا۔
اُولِقَ اِیلَاقًا وَالِقَ القَا: پاگل ہونا۔ صفت مألوف ومألوق.
الوَلَقی: اونٹنی کی ایک تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَۃٌ وَلَقِیٌّ" تیز رفتار اونٹنی۔
الوَلِیقَۃ: ایک قسم کا کھانا جو آٹا، دودھ اور گھی سے تیار ہوتا ہے۔
الاَوْلَق: پاگل پن۔
اَوْلَمَ اِیلَامًا: ولیمہ کرنا..... فُلَانٌ: خلقت میں یا اخلاق وعقل میں کامل ہونا۔
اَلْوَلْم والوَلَم: ہند۔ زین یا کجاوہ کا تنگ۔
الوَلْمَۃ: تمامی۔ کسی چیز کا اجتماع۔
الوَلِیمَۃ: شادی کی خوشی کا کھانا۔ ج وَلَائِم.
تَوَلَّمَ الرَّجُلُ: مصائب کی وجہ سے چیخ پڑنا۔
وَلِہَ یَلِہُ وَلِہَ یَلِہُ وَیَوْلَہُ وَلَہًا وتَوَلُّہًا واتِّلَہَ: بہت زیادہ غمگین ہونا یہاں تک کہ عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے شدت غم کی وجہ سے متحیر ہونا۔ صفت مذکر وَالِہٌ وآلِہٌ وَلْہَان: وصفت مؤنث وَالِہَۃٌ وآلِہَۃٌ ووَلْہَی وَلْہَۃ.
الصَّبِیُّ اِلَی اُمِّہٖ: بچے کا گھبرا کر ماں کے پاس جانا..... الاُمُّ اِلَی وَلَدِہَا: مشتاق ہونا۔
مِنْہُ: خوف کرنا۔
وَلَّہَ الرَّجُلَ: شدت غم میں ڈالنا..... المَرْأَۃُ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا (..... واَوْلَدَہ) الحُزْنُ او الوَجْدُ فُلَانًا: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔
اِتَّلَہَ النَّبِیذُ فُلَانًا: بدہوش کر دینا۔ عقل زائل کر دینا۔
اِسْتَوْلَہَ اِسْتِیلَاھًا: بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوَلَّۃٌ ومُوَلَّلَۃٌ: بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔ المُوَلَّۃ: بکری۔
المُوَلِّلَۃ: حیرانی وپریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔
المِیلَاد: تیز ہوا۔ اِمْرَأَۃٌ مِیلَاد: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ ج مَوَالِید.
وَلْوَلَتْ وَلْوَلَۃً ووَلْوَالًا المَرْأَۃُ: واویلا کرنا۔ چیخنا۔ وَلْوَلَتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
الوَلْوَال: شدت غم۔ نرالو۔
وَلِیَ ووَلِیَ یَلِی وَلْیًا فُلَانًا: قریب ہونا۔ متعدی ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا یَلِیہِ".
وَلِیَ یَلِی وِلَایَۃً ووَلَایَۃً الشَّیْءَ وعَلَی الشَّیْءِ: والی ہونا۔ متصرف ہونا..... الرَّجُلُ وعَلَیْہِ: مدد کرنا..... البَلَدَ: قابض ومتصرف ہونا (..... وَلَایَۃً) الرَّجُلَ محبت کرنا۔
وُلِیَ المَکَانُ: موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
وَلَّی تَوْلِیَۃً فُلَانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
وَلَّاہُ کَذَا: کسی کے پیچھے کرنا۔ وَلَّاہُ ظَہْرَہٗ: اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔ وَلَّی الشَّیْءَ وعَنِ الشَّیْءِ: اعراض کرنا۔ دور ہونا۔ وَلَّی ھَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا۔ وَلَّی الرُّطْبُ: خشک ہونے لگنا۔ غَیَّرَ زَبِیدٌ بُوذَہٗ: دوستی کا بدل جانا۔
اَوْلَی اِیلَاءً فُلَانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
.....ہٗ مَعْرُوفًا: کسی پر احسان کرنا۔ اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَوْلَاہُ لِلْمَعْرُوفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) اَوْلَاہُ عَلَی الیَتِیمِ: وصیت کرنا۔
وَالَی وِلَاءً ومُوَالَاۃً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مدد کرنا..... الشَّیْءَ: لگاتار کرنا..... الغَنَمَ: جدا جدا کرنا..... بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: پیاپے کرنا۔
تَوَلَّی تَوْلِیَۃً الاَمْرَ: ذمہ داری لینا۔ کسی کے کام کے لئے مستعد ہونا..... فُلَانًا: ولی مقرر کرنا..... عَنْہُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا
تَوَلَّی ھَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا..... الشَّیْءُ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا..... الرُّطْبُ: خشک ہونے لگنا..... عَلَی بُوذَہٖ: دوستی کا بدل جانا۔
تَوَالَی تَوَالِیًا: پیاپے ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الغَنَمُ عَنِ المَنْعِرِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔
اِسْتَوْلَی اِسْتِیلَاءً عَلَیْہِ: غالب ہونا۔ قدرت یافتہ ہونا..... عَلَی الغَایَۃِ: انتہا کو پہنچنا..... عَلَی الشَّیْءِ: قابض ہونا۔
الوَلْی: مص۔ قرب۔ نزدیکی۔ بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وسمی کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُہٗ وَلْیُ دَارِی" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔
الوَلَاء: محبت۔ دوستی۔ نزدیکی وقرابت۔ مدد۔ ملکیت۔ الوَلَاء: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عتق مولاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءُوا وَلَاءً اَوْ عَلَی وَلَاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔
الوَلِیُّ ج اَوْلِیَۃٌ: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج اَوْلِیَاء: محبت کرنے والا۔ دوست۔ مددگار۔ پڑوسی۔ حلیف۔ تابع۔ داماد۔ ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔ کہا جاتا ہے "اللّٰہُ وَلِیُّکَ" اللہ تمہارا حافظ ومددگار ہے۔ "وَالمُؤْمِنُونَ وَلِیُّ اللّٰہِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرمانبردار رہتا ہے۔
وَلِیُّ العَھْدِ: وارث تخت وتاج۔ وَلِیُّ اليَتِیمِ: یتیم کا والی۔
الوِلَایَۃ: مص۔ وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ ج وِلَایَات.
الوِلَایَۃ: حکومت۔ امارت۔ سلطنت۔ وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ الوِلَایَۃ والوِلَایَۃ والوَلَایَۃ: رشتہ داری۔ اور کہا جاتا ہے "ھُمْ عَلَیَّ وَلَایَۃٌ او وِلَایَۃٌ

کفایت کرنے والے کے معنی ہوتے ہیں۔
اَلْمَوْكُوْل: مفع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ مَوْكُوْلٌ اِلٰى رَاْيِكَ" یعنی یہ کام تمہارے سپرد ہے۔
وَكَمَ يَكِمُ وَكْمًا فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ: بہت سختی سے باز رکھنا..... اَلْاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ وُكِمَتِ الْاَرْضُ: روندی ہوئی اور چری ہوئی گھاس والی ہونا۔
وَكِمَ يَكِمُ كَمَةَ الرَّجُلُ مِنَ الشَّيْءِ: اوباس اور غمگین ہونا۔
اَلْوَكْمَة: اسم مرۃ۔ پیشہ جس میں درندے زیادہ ہوں۔
اَلْمَوْكُوْم: بہت غمگین۔
وَكَنَ يَكِنُ وَكْنًا وُكُوْنًا الطَّائِرُ بَيْضَهٗ او عَلٰى بَيْضِهٖ: پرندہ کا انڈے سینا۔ صفت مذکر: وَاكِن ج وُكُوْن صفت مؤنث وَاكِنَة: ج وُكُوْن وَوَاكِنَات..... اَلطَّائِرُ: گھونسلے میں داخل ہونا (..... وَكَنَا) اَلرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔
تَوَكَّنَ الرَّجُلُ: مجلس میں اچھی طرح تکیہ لگانا۔ کسی جگہ پر قرار پکڑنا۔
اَلْوَاكِن: بیٹھنے والا۔ مؤنث وَاكِنَة..... مِنَ الطَّيْرِ: درخت یا لکڑی یا دیوار میں وہ جگہ جہاں پرندہ بیٹھے۔
اَلْوَكْن ج اَوْكُن وَوُكُن وَوُكُوْن وَالْوَكْنَة وَالْوِكْنَة وَالْوَكِنَة وَالْوُكْنَة ج وُكُنَات وَوُكُنَات وَوُكَنَات وَوُكَن وَالْمَوْكِن وَالْمَوْكِنَة: گھونسلہ۔ اَلْمَوْكِن: وہ جگہ جہاں انڈے ہوں۔
وَكْوَكَ الْحَمَامُ: کوکو کرنا..... فُلَانٌ مِنَ الْحَرْبِ: لڑائی سے بھاگنا (..... وَتَوَكْوَكَ) اَلرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
اَلْوَكْوَك: بزدل۔ چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
وَكَى يَكِي وَكْيًا الْقِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔
وَاكِي مُوَاكَاةً وَوِكَاءً: دعا کے وقت دونوں ہاتھوں کو اٹھانا۔
اَوْكَى اِيْكَاءً الْقِرْبَةَ وَعَلٰى مَا فِي الْقِرْبَةِ: مشک کو بندھن سے باندھنا..... اَلرَّجُلُ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْنَاهُ فَاَوْكَى عَلَيْنَا" ہم نے اس سے مانگا اور اس نے بخل کیا۔
تیز دوڑنا (..... وَوَكَى) اَلْفَرَسُ الْمَيْدَانَ جَرْيًا: گھوڑے کا میدان میں چاروں طرف دوڑنا۔
اِسْتَوْكَى الْوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا..... اَلْبَطْنُ: قبض ہونا۔
اَلْوِكَاء: مشک وغیرہ کا بندھن۔ برتن وغیرہ جس کے سرے کو باندھ دیا گیا ہو۔ ج اوکیۃ۔
اَلْمُوْكَى: مقع۔ بندھے ہوئے سرے کی مشک۔
وَلَبَ يَلِبُ وُلُوْبًا: داخل ہونا اور جلدی کرنا..... اِلَيْكَ الشَّيْءُ: پہنچنا۔
اَلْوَالِب: کسی چیز میں داخل ہونے والا۔
اَلْوَالِبَة: کھیت کی روئیدگی..... مِنَ الْقَوْمِ او اَلْمَوَاشِي: اولاد و نسل۔
وَرَّمَ الجِلْدُ: سوجن پیدا کرنا..... أَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا..... بِأَنْفِهِ: تکبر کرنا۔
أَوْرَمَ إِيرَامًا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهِ مَا أَوْرَمَهُ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الوَرَمُ: مص۔ سوجن۔ ج أَوْرَامٌ.
الأَوْرَمُ: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا أَوْرِيَ أَيُّ الأَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
المُوْرِمُ: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
المُوَرَّمُ: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهُ مُوَارَنَةً: رُوبرُو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الوَرَنَكُ: مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ يَوْرَهُ وَرَهًا: بے وقوف ہونا۔ صفت أَوْرَهُ. مؤنث وَرْهَاءُ. وَرِهَتِ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَتْ قَرْهُ وَرْهَا المَرْأَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَوَرَّهَ فُلَانٌ فِي عَمَلِ هٰذَا الشَّيْءِ: ماہر نہ ہونا۔
الوَرِهُ مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔
الوَارِهُ: کشادہ۔ فراخ۔
وَرْوَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا..... فِي الكَلَامِ:

وَلَدَهٗ: تنہا وارث بنانا۔
تَوَارُثُ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ تَوَارَثُو الْمَالَ او الْمَجْدَ: زمانہ قدیم سے ایک دوسرے کا وارث ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَوَارَثُوا الْمَجْدَ كَابِرٌ عَنْ كَابِرٍ" انہوں نے اپنے باپ دادا سے بزرگی پائی "وَالْمَجْدُ مُتَوَارَثٌ بَيْنَهُمْ" بزرگی ان کے درمیان میراث میں ہے "وَهُمْ فِي إِرْثِ مَجْدٍ" ان لوگوں کے لئے بزرگی کی میراث ہے "وَتَوَارَثَتْنِي الْحَوَادِثُ" میرے اوپر حوادثات پے بہ پے واقع ہوئے۔
الْوَرْث: تازہ چیز۔
اِلْإِرْث والْوِرْث ولْوِرَاثَة والتُّرَاث: مصادر۔ میت کا ترکہ۔
الْوَارِث: فا۔ ج وَرَثَة ووُرَّاث.
الْمِيرَاث: میت کا ترکہ۔ ج مَوَارِيث.
الْمُوَرِّث: مفع۔ ترکہ چھوڑنے والا۔ میراث۔
وَرِخَ يَوْرَخُ وَرَخًا وتَوَرَّخَ الْعَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا ڈھیلا ہونا۔
وَرَّخَ الْكِتَابَ: ایک لغت ہے اَرَّخَهٗ میں۔
أَوْرَخَ الْعَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کو نرم کرنا۔
تَوَرَّخْتُ تَوَرُّخًا واسْتَوْرَخْتُ اِسْتِيرَاخًا الْأَرْضُ: تر ہونا۔
التَّارِيخ: دیکھئے مادہ ارخ۔
مَكَانٌ وَرِخٌ: گنجان گھاس والی جگہ۔
الْوَرِيخَة: نرم زمین۔ ڈھیلا گندھا ہوا آٹا ج وَرَائِخ.
وَرَدَ يَرِدُ وُرُودًا الْمَاءَ: پانی پر آنا۔ صفت وارد..... الْمَاءَ وَغَيْرَهٗ: متوجہ ہونا۔ قریب آنا۔ پہنچنا۔ اسم۔ الْوِرْد..... الرَّجُلُ: حاضر ہونا۔ وَرَدَتِ الْحُمَّى: باری سے آنا..... الشَّجَرَةُ: پھول والا ہونا اور "وَرَدْتُ الْبَلَدَ" (میں اس شہر میں پہنچا) "وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابٌ (میرے پاس خط آیا) مجاز ہیں۔
وُرِدَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔ وُرِدَ عَلَيْهِ بِفُلَانٍ: لایا جانا۔
وَرَّدَ يُوَرِّدُ وَرُوَّدَةً اِيْرَادًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا سرخی زردی مائل ہونا۔
وَرَّدَ الشَّجَرُ: درخت میں پھول نکلنا۔
وَرَّدَتِ الْمَرْأَةُ: رخسارے سرخ کرنا۔ وَرَّدَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گلابی رنگنا۔
وَارَدَ مُوَارَدَةً الرَّجُلَ: کسی کے پاس آنا۔
..... الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: دوسرے شاعر کے شعر کے مانند بغیر سنے ہوئے شعر کہنا۔
أَوْرَدَهٗ اِيْرَادًا: گھاٹ پر لانا۔ پھر مطلقاً حاضر کرنے کے معنی میں مستعمل ہونے لگا..... هٗ الْمَاءَ: پانی پر لانا۔ أَوْرَدَ الْكَلَامَ: تصریح کرنا..... الشَّيْءَ: ذکر کرنا..... الْخَبَرَ: بیان کرنا۔
تَوَرَّدَ: گھاٹ پر آنے کو کہنا..... الْمَاءَ: پانی پر آنا..... الْخَيْلُ الْبَلْدَةَ: آہستہ آہستہ داخل ہونا..... الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا۔ گلگوں ہونا۔
تَوَارَدَ الْقَوْمُ إِلَى الْمَكَانِ: یکے بعد دیگرے آنا۔ تَوَارَدُوا الْمَاءَ: پانی پر اکٹھا پہنچنا۔ تَوَارَدَ الشَّاعِرَانِ: بغیر سنے ہوئے لفظ اور معنی میں متفق ہونا۔
اِسْتَوْرَدَ الْمَاءَ: پانی پر پہنچنا..... هٗ: گھاٹ پر لے جانا..... الضَّلَالَةَ: مبتلائے گمراہی ہونا..... فُلَانًا الضَّلَالَةَ: مبتلائے گمراہی کرنا۔
الْوَرْد ج وُرُود ووِرَادٌ وأَوْرَادٌ: زعفران۔ شیر۔ بہادر۔ دلیر..... مِنَ الْخَيْلِ: سرخی زردی مائل گھوڑا..... ج وُرُودٌ: درخت کی کلی۔ گلاب۔ واحد وَرْدَةٌ۔ وَرْدٌ دُفْرَاء: ایک قسم کا پھول۔
الْوِرْد: بخار۔ پانی پر پہنچنا۔ وظیفہ۔ ج أَوْرَاد: پیاس۔ پانی کا حصہ۔ وہ پانی جس پر لوگ پہنچیں۔ پانی پر پہنچنے والے لوگ یا اونٹ۔ لشکر۔ پرندوں کی ڈار۔
بِنْتُ وَرْدَان: گہریلا۔ ج بَنَات وَرْدَان.
الْوَرْدَة: گھوڑے کا سرخ رنگ۔
الْوَرْدِيُّ: گلابی رنگ والی چیز۔ مؤنث وَرْدِيَّةٌ.
الْوَرُود: تیز رفتار اونٹ۔
الْوَرِيد: گردن کی رگ اور اسی کو حَبْلُ الْوَرِيد بھی کہتے ہیں۔ "وتین" اسی کے مترادف ہے۔ اور یہ بھی دو ہوا کرتی ہیں۔ ج أَوْرِدَة ووُرُود ووُرُودٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْتَفِخُ الْوَرِيدِ" یعنی غضبناک بدخلق مرد۔
الْوَرْدِيَّة: گلاب کے پھولوں کی ایک قسم جو کہ زیادہ تر جنگلات میں ہوتی ہے اور کچھ باغوں میں لگاتے ہیں۔
الْوَارِد: فا۔ ج وَارِدُون و وُرَّاد ووُرُود ووَارِدَة. الْوَارِد: دلیر۔ بہادر۔ راستہ۔ لمبے لٹکے ہوئے بال وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِدُ الْأَرْنَبَةِ" یعنی لمبی ناک والا اور ہر طویل کو "وَارِدٌ" کہتے ہیں۔
الْوَارِدَة. وَارِد: کا مؤنث۔ راستہ۔ پانی پر جانے والی قوم۔
الْوَرْدِيَّات: دو قلموں والے پودے اور مختلف چھوڑے درخت جیسے گلاب سیب زالزالہ آلو بالو جرہ اور بھی۔
الْمَوْرِد: گھاٹ۔ پانی کی طرف کا راستہ ج مَوَارِد.
الْمَوْرِدَة: پانی کی طرف کا راستہ۔ ہلاکت۔
الْمُوَرَّد: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مُوَرَّدَ الْقَدَّالِ" وہ اس حال میں واپس ہوا کہ اس کی گدی طمانچوں سے سرخ تھی۔
وَرِسَ يَوْرَسُ وَرَسًا الصَّخْرُ: چٹان کا کائی سے سبز اور پھسلن والا ہونا۔
وَرَسَ (ض) وُرُوسًا النَّبْتُ: نباتات کا سبز ہونا۔
وَرَّسَ الثَّوْبَ: کپڑے کو ورس سے رنگنا۔
أَوْرَسَ الشَّجَرُ: پتوں والا ہونا..... الْمَكَانُ: ورس والی ہونا۔
الْوَرْس: ایک قسم کی گھاس تل کے مانند ہے جس سے رنگائی کا کام لیتے ہیں۔

وَدَفَ يَدِفُ وَدْفًا : پگھل کر بہنا.....الْاِنَاءُ : برتن کا ٹپکنا.....لَهُ الْعَطَاءَ : کم دینا۔
نَوْدُفُ الْخَبَرَ : کھود کر بیدکرنا۔نَوَدَّفَتِ الْاَوْعَالُ فَوْقَ الْجَبَلِ : پہاڑی بکروں کا پہاڑ کی چوٹی سے جھانکنا۔
اِسْتَوْدَفَ الشَّحْمَ : چربی ٹپکانا.....اللَّبَنَ : دودھ برتن میں ڈالنا.....فِی الْاِنَاءِ : برتن کا سر اکھول کر جھانکنا.....الْخَبَرَ : کھود کر بید کرنا .....مَعْرُوْفَ فُلَانٍ : مانگنا.....الْبُنَاتُ : نباتات کا لمبا ہونا۔
الْوَدْفَةُ وَالْوَدِيْفَةُ : مرغزار سبز۔
الْوَدْفَةُ : چربی۔ایک نباتات کا نام جس کو نصی بھی کہتے ہیں۔
وَدَقَ يَدِقُ وَدْقًا الْمَطَرُ : ٹپکنا.....وَدْقًا وُدُوْقًا) اِلَيْهِ : قریب ہونا.....بِهٖ : مانوس ہونا .....بَطْنُهٗ : وسیع ہونا یا پیٹ چلنا.....السَّمَاءُ : برسانا.....السَّيْفُ : تلوار کا تیز ہونا۔
وَدِقَ يَدِقُ وَرِقَ يَوْدِقُ وَوَدُقَ يَوْدُقُ وَدَقًا وَوَدْقًا وُدُوْقًا وَوَدَاقًا وَوِذْقَانًا کہا جاتا ہے "وَدَقَتْ ذَاتُ الْحَافِرِ" یعنی سم دار مادہ جانور کا خواہش مند جفتی ہونا۔صفت وَادِقٌ وَوُدُوْقٌ وَدِيْقٌ اور اسم الوِذاق.
وَدِقَتْ تَدِقُ وَدَقًا غَبُهٗ : آنکھ میں سرخ پھنسی ہونا۔
اَوْدَقَتِ السَّمَاءُ : برسانا۔
الْوَدْقُ : مص۔بارش۔
الْوَدْقَةُ وَالْوَدَقَةُ : سرخ پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے ج وَدْقٌ وَدَوَقٌ.
الْوَدِيْفَةُ : سخت گرمی۔سبزہ زار ج وَدَائِقُ.
الْمُوْدِفُ : ہرن وغیرہ کے کھڑے ہونے کی جگہ جہاں سے وہ درخت کے پتوں کو کھا سکیں۔گھمسان لڑائی کی جگہ۔دو چیزوں کے درمیان آڑ۔
وَدِكَ يَوْدَكُ وَدَكًا : چربی دار اور موٹا ہونا۔
وَدَكَ النَّرِيْدَ : ثرید میں چربی ڈالنا۔
الْوَادِكُ وَالْوَدِكُ : موٹا۔
الْوَدَكُ : گوشت اور چربی کی چکناہٹ۔
رَجُلٌ ذُوْوَدَكٍ : موٹا۔وَدَكُ الْمَنِيَّةِ : وہ چیز جو مردہ سے بہے۔
الْوَدَّاكُ : چربی بیچنے والا۔
الْمِدْكَةُ : چربی۔
دَجَاجَةٌ وَدُوْكٌ وَوَدِيْكٌ وَوَدِيْكَةٌ : موٹی مرغی۔
الْوَدِيْكَةُ.وَدِيْكٌ : کا مؤنث۔چربی ملا ہوا آٹا۔بَنَاتُ اَوْدَكَ : مصیبتیں۔
وَدَلَ يَدِلُ وَدْلًا السِّقَاءُ : مشکیزہ میں بلونا۔
وَدَنَ يَدِنُ وَدْنًا الشَّيْءَ : چھوٹا کرنا.....هُ بِالْعَصَا : ڈنڈے سے مارنا.....الشَّيْءَ : گھٹانا' حقیر کرنا۔کوٹنا۔صفت مفعولی مَوْدُوْنٌ (.....وَدْنًا وَوِدَانًا) الشَّيْءَ : ترکرنا۔بھگونا .....الْجِلْدَ : کھال کو نرم ہونے کے لئے مٹی کے نیچے گاڑنا۔
وَدِنَتْ تَوْدَنُ وَدْنًا وَوَدَنَتْ تَدِنُ وَدْنًا الْمَرْاَةُ : کمزور جسم کے بچے جننا۔
وَدَنَ الشَّيْءَ : چھوٹا کرنا۔تر کرنا۔نرم کرنا۔گھٹانا۔
اَوْدَنَ الشَّيْءَ : چھوٹا کرنا۔حقیر کرنا۔اَوْدَنَتِ الْمَرْاَةُ : لاغر بچہ جننا۔
تَوَدَّنَ الْجِلْدُ : کھال کا نرم ہونا۔
اِتَّدَنَ الْجِلْدَ : کھال بھگونا.....الْجِلْدُ : کھال کا بھیگنا۔
الْاَوْدَنُ : نرم و نازک۔
الْمُوْدَنُ وَالْمَوْدُوْنُ : لاغر بچہ۔الْمَوْدُوْنُ : چھوٹی گردن اور چھوٹے ہاتھوں والا۔ناقص الخلقت۔تنگ کندھوں والا۔مؤنث مَوْدُوْنَةٌ.
الْمُوَدَّنُ : چھوٹا ناقص الخلقت۔
الْوَدِيْنُ : بھگویا ہوا۔
وَدَهَ بِدِهِ وَدْهًا فُلَانًا عَنِ الْاَمْرِ : ہٹانا۔
اَوْدَهَ اِيْدَاهًا بِالْاِبِلِ : اونٹ کو ڈانٹنا۔.....فُلَانًا عَنْ كَذَا : باز رکھنا۔
اِسْتَوْدَهَ الْخَصْمُ : مغلوب ہونا۔مطیع ہونا۔
اِسْتَوْدَهَ الْاِبِلُ : اکٹھا ہونا۔
اِسْتَبْذَهَ الرَّجُلُ : ہلکا سمجھنا.....الْاَمْرُ : درست ہونا۔
الْوَذْهَاءُ مِنَ النِّسَاءِ : خوبصورت سفید عورت۔
وَذَى يَذِى وَذْيًا وَذِيَةً الْقَائِلُ الْفَتِيْلَ : خون بہا دینا.....الْاَمْرَ : قریب کرنا(.....وَذْيًا) الشَّيْءُ : بہنا اور اسی سے وادی کا اشتقاق ہے اس لئے کہ اس میں پانی بہتا ہے۔اور وَذَى يَذِى سے امر کے صیغے یہ ہیں۔دِ.دِيَا.دُوْا.دِيْ دِيَا.دِيْنَ.
اَوْذَى اِيْذَاءً : ہلاک ہونا.....بِهِ الْمَوْتُ : ہلاک کرنا۔وَاَوْذَى بِالشَّيْءِ : لے جانا۔
اِتَّذَى اِتِّدَاءً : دیت لینا (اس کی اصل اِوْتَدَى : ہے)
اِسْتَوْذَى اِسْتِيْذَاءً بِحَقِّهٖ : حق کا اقرار کرنا۔
الدِّيَةُ : مص۔خون بہا۔ج دِيَات (اس کی اصل وَذْيٌ ہے) تاء واؤ محذوفہ کے عوض میں ہے جیسے عِدَةٌ وِزْنَةٌ میں۔
الْوَذْيُ : ہلاکت۔
الْوَادِي : فا۔پہاڑوں یا ٹیلوں کے درمیان کی کشادگی جو سیلاب کیلئے گزرگاہ ہو۔ج اَوْدِيَةٌ وَاَوَادٍ وَاَوْدَاءٌ وَاَوْدَاةٌ : طریقہ۔مذہب۔کہا جاتا ہے "هُمَا مِنْ وَادٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں ایک معنی ایک لفظ سے ہیں "وَسَالَ بِهِمُ الْوَادِي" وادی ان کو بہا لے گئی یعنی وہ ہلاک ہو گئے "وَاَنْتَ فِي وَادٍ وَنَحْنُ فِي وَادٍ" اختلاف مقاصد کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
الْوَذِيُّ : کھجور کے چھوٹے پودے واحد وَذِيَّةٌ.
الْوَذِيَّةُ : پست قد مرد۔لکڑی جو اونٹنی کے تھنوں پر باندھی جاتی ہے۔ج الْوَذَايَا.
الْمُوْذِي : فا۔شیر۔
وَذَاَ يَذَاُ وَذْاً فُلَانًا : ڈانٹنا۔حقیر سمجھنا۔عیب لگانا۔وَذَاَتِ الْعَيْنُ عَنِ الشَّيْءِ : چندھیا جانا۔
اِتَّذَاَ : جھڑکی برداشت کرنا۔

اَوْخَصَ اِیْخَاصًا فُلَانٌ لِیْ بِعَطِیَّةٍ: کم دینا۔
وَخَصَ یَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا..... هُ الشَّیْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔
اَلْوَخِیْصُ: نیزہ زدہ۔
وَخَطَ یَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّیْفِ: دُور سے تلوار سے کوچنا۔
..... هُ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
وَخَطَ فِی الْبَیْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔
وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
اَلْوَخَّاط: تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ اَوْ رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔
اَلْمِیْخَط: پار ہونے والا۔
وَخَفَ یَخِفُ وَخْفًا السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا..... اَلسَّوِیْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا..... اَلرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ بُرائی سے یاد کرنا۔
وُخِّفَ و اَوْخَفَ السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهُ لَیُوْخِفُ فِی الطِّیْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔
اِتَّخَفَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا پھسلنا۔
اَلْوَخْفَة: اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔
اَلْوَخِیْفَة: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔
اَلْمُوْخِف: بے وقوف۔
اَلْمِیْخَف: ستو گوندھنے کا برتن۔
وَخِمَ یُوْخُمُ وَخَامَةً وَوُخُوْمَةً وُخُوْمًا اَلْمَکَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا ناقابلِ ہضم ہونا۔
وَخِمَهُ یَخِمُهُ وَخْمًا: زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ یَوْخَمُ وَخْمًا وَاتَّخَمَ مِنْ وَعَنْهُ: بدہضمی ہونا۔
وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض) وَخْمًا: بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
اَتْخَمَهُ اِتْخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَهُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَمَ الشَّیْءَ: مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ وَاسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَکَانَ: کسی جگہ کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
اَلْوَخْم وَالْوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ: سست ج اَوْخَام. شَیٌّ وُخِمٌ: دوبازدہ۔
اَلْوَخَم: مص۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔
اَلْوَخِیْم وَالْوَخُوْم مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔ سست۔ ج وَخَامٰی وَوِخَامٌ. بَلَدٌ وَخِیْمٌ: ناموافق شہر۔ شَیٌّ وَخِیْمٌ: دوبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِیْمُ الْعَاقِبَةِ: مضر دردی۔
اَرْضٌ وَخْمَةٌ وَوَخِمَةٌ وَوَخَامٌ وَوُخُوْمٌ وَخِیْمَةٌ وَمُوَخِمَةٌ وَمُوَخَمَةٌ وَمُوْخِمَةٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔ دوبازدہ زمین۔
اَلتُّخْمَة: بدہضمی (اس کی اصل وُخْمَةٌ ہے) ج تُخَمَات وتُخَم کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ مُتْخَمَةٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مُوَخَمَةٌ ہے)
تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔
اَلْوَخْنَة: فساد۔
وَخَى یَخِی وَخْیًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخَى وَخَبَ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِیْ اَیْنَ وَخَى" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔
وَخَّى الْاَمْرَ: طلب کرنا..... هُ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
وَاخَى مُوَاخَاةً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا (آخَاهُ میں ایک ضعیف لغت ہے)

تَوَخَّى تَوَخِّیًا وَتَاخَّى تَاخِّیًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ طلب کرنا۔
اِسْتَوْخَى الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔
اَلْوَخِیُّ: مص۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِیٌّ ووُخِیٌّ.
اَلْوَخَى وَالْوَخِیَّة: ارادہ۔
وَدَّهُ یَوَدُّهُ وَدًّا وَوِدًّا وَوُدًّا وَوَدَادًا وَوِدَادًا وَوَدَادَةً وَمَوَدَّةً وَمَوْدِدَةً وَمَوْدُوْدَةً: خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ کَانَ کَذَا وَلَوْ اَنَّکَ فَعَلْتَ کَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)
وَادَّهُ وِدَادًا وَمُوَادَّةً: محبت ظاہر کرنا۔
تَوَدَّدَهُ: دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَیْهِ: دوستی کرنا۔
تَوَادَّ الرَّجُلَانِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
اَلْوَدُّ وَالْوِدُّ وَالْوُدُّ: محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "مُرَادِیْ اَنْ یَکُوْنَ کَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوْدَادٌ وَاُوْدٌ کہا جاتا ہے "هُوَ وُدُّکَ وَهُمْ اَوْدَادُکَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی حسین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ.
اَلْوَدُوْد: بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدٌ وَدُوْدَانِ وَدُوْدُوْنَ وَدُوْدَ.
اَلْوَدِیْد: محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّة وَاَوِدَّاءُ اور وَدِیْدَا اسم جمع بمعنی حسین بھی ہے۔
اَلْاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ.
اَلْمِوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔
وَدَأَ یَدَأُ وَادَأَ الشَّیْءَ: برابر کرنا..... بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔
وَدِیَ یَوْدَا وَدْءًا: منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔
وَدَّأَ تَوْدِیْئًا وَتَوْدِئَةً عَلَیْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا..... عَلَیْهِ وَبِهٖ: ہلاکت کرنا۔ وَدَّأَتْهُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

الوَحِيْد: اکیلا۔
اَلْاَوْحَد: واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اَللّٰهُ الْاَوْحَدُ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْحَدُ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان وَلَسْتُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدٍ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کے لئے وَحْدَاءُ کا صیغہ نہیں آتا۔
وُحَادٰی وَمَوْحَد: ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادٰی وَاُحَادَ وَمَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کے لئے بھی اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اَلتَّوْحِيْد: مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔
اَلْاِتِّحَادُ اَوِ الْجِسْمُ الْمُرَكَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔
اَلْاِتِّحَادِیّ: کام کرنے والوں کی تنظیم کا رکن سیاسی اتحادی کا ماہر۔ اَلْاِتِّحَادِیَّةُ: اتحاد کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔
اَلْمُوَحِّد: نا۔ اللہ کی واحدانیت کا معتقد۔
اَلْمُوَحَّد مِنَ الْحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔
اَلْمِيْحَاد: اکیلا ئیلہ۔ ج مَوَاحِيْد۔
وَحِرَ يَحِرُ وَيَوْحَرُ وَيَحَرُ وَحَرًا غَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ۔
وَحِرَ يَوْحَرُ وَحَرًا وَوَحِرَةً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا پینا اور زہر کا اثر کرنا..... اَلطَّعَامُ: وجہ سے زہر آلودہ ہونا۔ صفت وَحِر۔
اَوْحَرَهٗ: غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الْوَحِرَةُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔
اَلْوَحَر: کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔
اَلْوَحَر: مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں۔
اَلْوَحِرَة: چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اونٹ ج وَحِرٌ۔ اِمْرَأَةٌ وَحِرَةٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔
وَحِشَ يَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِهٖ اَوْ سِلَاحِهٖ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔
اَوْحَشَ اِيْحَاشًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔
اَلْمَكَانَ: خالی پانا..... اَلرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا..... اَلرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا۔
تَوَحَّشَ: وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا..... اَلْمَكَانُ: ویران ہونا۔
اِسْتَوْحَشَ: وحشت محسوس کرنا..... مِنْهُ: مانوس نہ ہونا..... اَلْمَكَانُ: ویران ہونا۔
اَلْوَحْش: مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوْش وُحْشَان واحد وَحْشِیٌّ۔ حِمَارٌ وَحْشٌ وَحِمَارٌ وَحْشِیٌّ: جنگلی گدھا۔ وَبَقَرُ الْوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ۔ "وَمَشٰى فِی الْاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "هُمْ اَوْحَاش" اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔
اَلْوَحْشَة: تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا طبیعت کا منقبض ہونا۔ غم۔ بے تعلقی۔ دوستی۔ محبت کی دوری۔ ویران زمین۔
اَلْوَحْشِیّ. وُحُش: کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا وایاں پہلو..... مِنَ الْقَوْسِ: کمان کی پشت..... اَلْوَحْشِیُّ مِنَ التِّيْنِ وَنَحْوِهٖ: جنگلی انجیر۔
اَلْوَحْشِيَّةُ. وَحْشِيّ: کا مؤنث۔ تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔
اَلْوَحِيْش: جنگلی جانور۔ اَلْجَانِبُ
اَلْوَحِيْش: وایاں پہلو۔
اَلْوَحْشَان: نمگین۔ ج وَحَاشٰى.
اَرْضٌ مَوْحُوْشَةٌ: جنگلی جانوروں والی زمین۔
وَحَفَ يَحِفُ وَحْفًا الْبَعِيْرُ او الرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا..... مِنْهُ: قریب ہونا..... اِلَيْهِ: توجہ کرنا..... اِلٰى كَذَا: تیز چلنا۔
وَحِفَ يَوْحَفُ وَحَفًا وَوَحُفَ يَوْحُفُ وَحَافَةً وَوُحُوْفَةً الشَّعْرُ او النَّبَاتُ: گنجان ہونا۔
وَحَّفَ: تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا..... فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔
اَوْحَفَ اِيْحَافًا: تیز چلنا۔ جلدی جانا۔
اَلْوَحْف: مص۔ خوبصورت گنجان کالے بال۔ تازہ گھاس (..... وَالْوَاحِف) مِنَ الْاَجْنِحَةِ: بہت پروں والا بازو۔
اَلْوَحَف: مص۔ خوبصورت گنجان بال۔
اَلْوَحْفَة. وَحِف: کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر۔ گول۔ بلند کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحَاف.
اَلْوَحْفَاء مِنَ الْاَرَاضِی: وہ زمین جو سنگستان نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں۔ سرخ زمین۔ ج وَحَافٰى.
اَلْمَوْحِف: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف.
اَلْمِيْحَاف مِنَ النُّوْقِ: ہمیشہ اپنے تھان پر رہنے والی اونٹنی۔ ج مَوَاحِيْف.
بَعِيْرٌ مُوْحَفٌ: ڈبلا اونٹ۔
وَحِلَ يَوْحَلُ وَحَلًا وَمَوْحَلًا: کیچڑ میں

گھر۔

الأَوْجَم: اسم تفضیل۔ أَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔

الوَجْمَة: ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوَجْمَة: ننگ وعار۔

الوَجِيم مِنَ الْأَيَّام: سخت گرم دن۔

الوَجِيمَة: گیہوں یا چارہ۔ آفت رسیدہ۔

المِبْجَمَة: دھوبی کی موگری۔

وَجَنَ يَجِنُ وَجْنًا بِالشَّيْءِ: پھینکنا..... الوَتَد: کھونٹی ٹھونکنا..... بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹکنا..... الْقَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔

وَجَّنَ الْجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کے لئے کوٹنا۔

تَوَجَّنَ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔

الوَجْنَة والوِجْنَة والوُجْنَة والوَجْنَة والوَجِنَة والاَجْنَة والإِجْنَة والأُجْنَة: رخسارہ میں اُبھری ہوئی جگہ ج وَجَنَات.

الوَجْن والوَجَن والوَاجِن: پتھریلی سخت زمین۔

الوَجِين: وادی کا کنارہ۔ سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُن.

الأَوْجَن: سخت پہاڑ۔ بڑے رخساروں والا۔ مؤنث وَجْنَاءُ. نَاقَةٌ وَجْنَاء: سخت اونٹنی۔

المُوَجَّن: بڑے رخساروں والا۔ بہت گوشت والا موٹا۔

المِبْجَنَة: موگری۔ ج مَبَاجِن ومَوَاجِن.

المَوْجُون: مفلس۔ شرمندہ۔

المَوْجُونَة: دلہن کا آراستہ کمرہ۔

وَجَهَهُ يَجِهُهُ وَجْهًا فُلَانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔ لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔

وَجُهَ يَوْجُهُ وَجَاهَةً: وجیہ ہونا۔ صاحب وجاہت ہونا۔

وَجَّهَ إِلَى فُلَانٍ: کسی کے پاس جانا..... هُ إِلَى فُلَانٍ: کسی کے پاس بھیجنا..... هُ الْأَمِيرُ: باعزت بنانا..... وَجَّهَ الشَّيْءَ: کسی طرف پھیر دینا۔ الْقَوْمُ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔ لِعَبْدِهِ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کے لئے کہنا..... الْمَطَرُ الْأَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا۔ سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا..... الرِّيحُ الْحَصَى: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا..... الْمَيِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔

أَوْجَهَ إِيجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔ وجیہ پانا۔ رد کرنا۔

وَاجَهَهُ وِجَاهًا ومُوَاجَهَةً: رُوبرُو مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ مُوَاجَهَةً ووِجَاهًا" اس نے اس سے رُوبرُو ملاقات کی۔

تَوَجَّهَ إِلَيْهِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا..... الْجَيْشُ: شکست کھانا..... الشَّيْخُ: بڈھا ہونا۔

تَوَاجَهَ الرَّجُلَانِ او الْمَنْزِلَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِتَّجَهَ إِلَيْهِ: متوجہ ہونا..... لَهُ رَأْيٌ: خیال سوجھنا۔

الوَجْه: چہرہ۔ ج أَوْجُه ووُجُوهٌ وأُجُوه. وَجْهُ الثَّوْبِ ونَحْوِهِ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔ وَجْهُ الدَّهْرِ: زمانہ کا اوّل۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى وَجْهِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجْه: مص۔ جانب۔ قصد ونیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔ عزت ومرتبہ وَجْهُ الْكَلَامِ: مقصود کلام۔ رضامندی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ لِوَجْهِ اللّٰهِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کے لئے کیا۔ "وَضَرَبَ وَجْهَ الْأَمْرِ وعَيْنَهُ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔ "وَمَضٰى عَلٰى وَجْهِهِ" وہ لاپروائی سے گزر گیا "اِبْيَضَّ وَجْهُهُ وبَيَّضَ اللّٰهُ وَجْهَهُ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل محمود کرے اور اس طرح "اِسْوَدَّ وَجْهُهُ ومَوَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے..... ج وُجُوهٌ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وُجُهٌ" یعنی صاحب عزت ومرتبہ مرد۔ الوَجْه: نوع وقسم جیسے "الْكَلَامُ فِيهِ عَلٰى وُجُوهٍ عَلٰى أَرْبَعَةِ وُجُوهٍ. وَلَيْسَ لِكَلَامِكَ وَجْهٌ" یعنی تمہارے کلام کے لئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالْوَجْهُ أَنْ يَكُونَ كَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا الْقَوْلِ وَجْهٌ" یعنی اس قول کے لئے ماخذ ہے "وَفُلَانٌ أَحْسَنُ الْقَوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّيْءَ عَنْ وَجْهِهِ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا۔ "وَرَجُلٌ ذُو وَجْهَيْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

الوَجْه والوَجَه: تھوڑا پانی۔

الوِجْه والوُجْه: جانب۔ گوشہ۔

الوَجِه والوَجُه: صاحب عزت ومرتبہ۔

الجِهَة والجَهَة والجُهَة ج جِهَات وجَهَات وجُهَات والوُجْهَة والوِجْهَة: جانب۔ گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔ اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وَجْهَةَ إِصْرِهِ" وہ اپنے مقصد سے چل گیا۔

الوَجَاهَة: مص۔ مرتبہ۔ عزت۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت وحرمت ہے۔

التَّوْجِيه: مص..... فِي عِلْمِ الْعَرُوضِ: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔ روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وِجَاهُ أَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَجَاهَهُ ووِجَاهَهُ وُجَاهُهُ وتُجَاهَهُ وتُجَاهَهُ وتَجَاهَهُ وتَجَاهَهُ: سامنے۔ مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوا تُجَاهَهُ وُجَاهَهُ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔

الوَجِيه: سردار قوم۔ آبرو والا۔ مرتبہ والا۔ ج

إِسْتَوْجَبَ إِسْتِيْجَابًا الشَّيْءُ : مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔
الْوُجُبُ : مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ (..... والْوُجَابُ والْوُجَابَةُ : بزدل۔ قَلْبٌ وَجَابٌ : بہت دھڑکنے والا دل۔
الْوَجْبُ : گھوڑ دوڑ یا تیر اندازی کی شرط۔
الْوَجْبَةُ : مص دھماکے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَاتٌ.
الْوُجُوْبُ : مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں محقق ہونا۔
الْوَجِيْبَةُ : وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدْ إِسْتَوْفَيْتُ وَجِيْبَتَكَ".
الْوَاجِبُ : فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الْوَاجِبُ : مقتول وَاجِبُ الْوُجُوْدِ : جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔
الْمُوْجِبُ : فا۔ سبب۔ باعث۔
الْمُوْجَبُ : مفع .....مِنَ الْكَلَامِ : جس میں نفی کی استفہام ہو۔
السُّمُوْجِبَةُ : بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔
الْمَوْجِبُ : موت۔ ج مَوَاجِبُ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ إِلَى مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔
وَجَحَ الشَّيْءُ : ظاہر ہونا۔
أَوْجَحَ : ظاہر ہونا.....الْحَافِرُ : کھودنے میں چٹان تک پہنچنا.....الْبَيْتُ : گھر پر پردہ لٹکانا .....هُ إِلَى كَذَا : مجبور کرنا۔ اوجحت النَّارُ : آگ کا چمکنا.....غُرَّةُ الْفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ أَوْجَحَ الْبَوْلُ فُلَانًا :..... پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔
الْوَجَاحُ : چکنا پتھر (..... الْوُجَاحُ والْوِجَاحُ) پردہ۔
الْوَجَاحُ : غار کے مانند۔
الْمُوْجَحُ : مفع۔ جائے پناہ۔ چکنا چمڑا (..... والْوَجِيْحُ) مضبوط وگف بنا ہوا کپڑا۔
الْمُوْجُوْحُ مِنَ الْأَبْوَابِ : بند کیا ہوا دروازہ۔
وَجَدَ وَوَجِدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُوْدًا وَجُدَانًا وَإِجْدَانًا الْمَطْلُوْبَ : پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا وَجَدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ غُلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدَةٌ ہے۔
وَجَدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوِجْدًا وَوُجْدًا.
وَجِدَةُ الْمَالِ وَنَحْوِهِ : مستغنی ہونا۔
وَجَدَ يَجِدُ وَيَجُدُ وَجْدًا وَجِدَةً وَمَوْجِدَةً وَوِجْدَانًا عَلَيْهِ : غضبناک ہونا (..... وَجْدًا) بِفُلَانٍ : بہت محبت کرنا.....لَهُ : غمگین ہونا۔
وَجِدَ يَوْجَدُ وَجْدًا : بہت محبت کرنا۔ لَهُ : غمگین ہونا۔
وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّيْءُ عَنْ عَدَمٍ : نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ.
أَوْجَدَ إِيْجَادًا اللّٰهُ الشَّيْءَ : موجود کرنا..... فُلَانًا : غنی کرنا۔ قوی کرنا.....هُ مَطْلُوْبَهُ : کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ حاصل کرانا۔
أَوْجَدَهُ عَلَى الْأَمْرِ : مجبور کرنا۔ أَوْجَدَهُ إِلَيْهِ : مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ بِهِ : محبت کرنا.....لَهُ : غمگین ہونا.....
الْمِهْرَ وَنَحْوَهُ : بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔
تَوَاجَدَ : محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔
الْمَوْجِدُ : مص پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَادٌ (..... والْوَجْدُ والْوِجْدُ) محبت۔ خوشی۔ توانگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وَجْدِيْ" یہ میری قدرت میں ہے۔
الْجِدَةُ : مص توانگری۔ قدرت۔
الْوِجْدَانُ : مص اور بعضوں کے نزدیک بمعنی نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔
الْوِجْدَانِيُّ : ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِيَّاتٌ.
الْوَاجِدُ : فا۔ توانگر۔ محب اور کہا جاتا ہے أَنَا وَاجِدٌ لِلشَّيْءِ : میں اس پر قادر ہوں۔
الْوَجَّادُ : بہت غضبناک۔
الْوَجِدُ : ہموار زمین۔ ج وُجُدَانٌ.
الْوُجُوْدُ : مص ہست۔ عدم کا خلاف۔
الْوُجُوْدِيُّ : عدمی کا خلاف۔
أَوْجَدَهُ إِلَى كَذَا : مضطر کرنا.....عَلَيْهِ : مجبور کرنا۔
الْوَجُدُ : پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَادٌ ووِجْدَانٌ.
مَكَانٌ وَجِدٌ : بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔
وَجِرَ يَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ كَذَا : خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِرٌ واَوْجَرُ صفت مؤنث وَجْرَةٌ ووَجْرَاءُ.
وَجَرَهُ يَجِرُهُ وَجْرًا : منہ میں دوا ڈالنا۔
وَجَرَ فُلَانًا : ناپسندیدہ باتیں سنانا۔
أَوْجَرَهُ إِيْجَارًا. الْوَجُوْرَ : منہ میں دوا ڈالنا .....هُ الرُّمْحَ : منہ میں نیزہ مارنا۔
تَوَجَّرَ السَّمَاعَ : ناپسندیدگی سے سننا..... الدَّوَاءَ : دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔
اِتَّجَرَ. وَجُوْر : سے علاج کرنا (اس کی اصل أُوْتُجِرَ ہے) دیکھئے وَجُوْر.
الْوَجْرُ : مص۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج أَوْجَارٌ.
الْوَجْرَةُ والْوَجُرَةُ : وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج أَوْجَارٌ.
الْوِجَارُ والْوَجَارُ : بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج أَوْجَرَةٌ ووُجُرٌ.
الْوُجُوْرُ والْوُجُوْرُ : منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

کام کرنا۔ وَاثَنَ الْمَكَانَ: دیر تک ٹھہرنا۔
اِسْتَوْثَنَ الْمَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔
الْوَاثِن: فا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ ج وُثَّن ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔
الْوَثْنَةُ: مقروض کا بیچھا۔ مخالفت۔
الْوَتِين: مص۔ شہ رگ۔ دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ ج وُتُنٌ وَاَوْتِنَةٌ.
وَثَأَ يَثَأُ وَثْأَ اللَّحْمَ: مروار کرنا..... الْوَثْءُ: کھوپڑی کے سرے کو پاش پاش کر دینا (..... وَاَوْثَأَ يَدَهُ: موچ ڈالنا۔
وَثِئَ يَثِئُ وَثْأً وَوَثَاً وَوُثُوْءً اوَوُثِئَ يَدُهُ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت وَثِئَةٌ وَمَوْثُوْءٌ۔ قو وَثِيَّةٌ.
وَثْوَثُوْ وَثَاءَةً: موچ لاحق ہونا۔
الْوَثَاءَةُ وَالْوَثْءُ: موچ۔
الْوَثِيءُ: ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔
الْمِثْأَةُ: بیخ گاڑنے کا آلہ۔
وَثَبَ يَثِبُ وَثْبًا وُثُوْبًا وَثَبَانًا وَوِثَابًا وَوِثْبًا وَثِبَةً: اُٹھنا۔ کودنا۔ عرب کا قول ہے "وَثَبَ اِلَى الشَّرَفِ وَثْبًا" وہ عزت پر دفعتاً پہنچ گیا۔
وَثَّبَهُ تَوْثِيبًا: گدی پر بٹھانا..... هُ الْوِسَادَةَ: بیٹھنے کے لئے بچھانا۔ وَثَبَهُ وِثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا۔
اَوْثَبَهُ اِيثَابًا: کودنا۔ اَوْثَبَهُ الْمَوْضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔
وَاثَبَهُ مُوَاثَبَةً: سبقت کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔
تَوَثَّبَ عَلَيْهِ فِي اَرْضِهِ: ظلماً قبضہ کر لینا۔
تَوَاثَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
الْوِثَاب: تخت۔ بچھونا۔ بیٹھنے کی جگہ۔
الْوَثَّابِي: بہت کودنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَوْ نَاقَةٌ وَثَّابِيٌ" بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
الْوَثَّاب: بہت کودنے والا۔ فَرَسٌ وَثَّابَةٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَلْوَثَابُ: ایک مخصوص بیماری جس میں جسم گرمی یا سردی کی وجہ سے سکڑ جاتا ہے پٹھے پھول جاتے ہیں اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔
الْمِثْعَبُ: کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ چھوٹا چشمہ۔
الْمَوْثَبَانُ: غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔
وُثُجَ يَوْثُجُ وَثَاجَةً: گاڑھا ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا ہونا..... الْمَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ صفت وَثِيجٌ.
اَوْثَجَهُ اِيثَاجًا: زیادہ کرنا۔
اِسْتَوْثَجَ الْمَالُ: زیادہ ہونا..... مِنَ الْمَالِ: زیادہ لینا..... الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا..... النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
الْوَثِيجُ: گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِيجٌ: گف بنا ہوا کپڑا۔
الْوَثِيجَةُ: بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔
اَرْضٌ مُوْتَثِجَةٌ وَمُتَّجَةٌ: بہت گھاس والی زمین۔
الْمَوْثُوجُ مِنَ الثِّيَابِ: نرم بنا ہوا کپڑا۔
الْوَثَخَةُ: پانی کی تری۔
الْوَثِيخَةُ: گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تروتازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین۔
رَجُلٌ مُوَثَّخُ الْخَلْقِ وَمُوْثُوخُهُ: کمزور جسم کا مرد۔
وَثُرَ يَوْثُرُ وَثَارَةُ الْفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِيرٌ..... لَحْمُهُ: بہت گوشت والا ہونا..... الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔
وَثَرَ يَثِرُ وَثْرًا وَوُثُورًا الْفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔
اِسْتَوْثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
الْوَاثِر: فا۔ ثابت قدم۔
الْوَثَر: مص چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لمبا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔
الْوِثْر: ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (..... والْمِبْثَرَةُ) زمین پر رکھنے کا گدیلا۔ ج اَوْثَارٌ وَمَبَاثِرُ.
الْوَثِر والْوَثِيرُ: نرم و ملائم۔ الْوَثِيرُ: بمعانی وِتْر.
الْوَثِيرَةُ. وثِير: کا مؤنث۔ بہت گوشت والی۔ ج وَثَائِرُ ووِثَارٌ.
الْوِثَار: نرم بچھونا۔
الْوِثَارَةُ والْوِثَارَةُ: بچھونے کی نرمی۔
الْمَوَاثِر والْمَبَاثِر: درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔
وَثَغَ يَثِغُ وَثْغًا رَاسَهُ: توڑنا۔ کچلنا۔
الْوَثْغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
الْوَثِيغَةُ: موسم بہار کی اُلجھی ہوئی گھاس۔
الْوَثِيغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
وَثَفَ يَثِفُ وَثْفًا وَثَّفَ واَوْثَفَ الْقِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔
وَثِقَ يَثِقُ ثِقَةً وَثُوْقًا ومَوْثِقًا بِفُلَانٍ: بھروسہ کرنا۔ صفت فاعل وَاثِق اور صفت مفعولی مَوْثُوقٌ بِهِ.
وَثُقَ يَوْثُقُ وَثَاقَةَ الشَّيْءُ: قوی و مضبوط ہونا۔
وَثَّقَ الرَّجُلَ: مضبوط و استوار کرنا۔
وَثَّقَ الْاَمْرَ: مضبوط کرنا..... الرَّجُلُ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔
اَوْثَقَهُ اِيثَاقًا: رسی سے باندھنا۔
وَاثَقَهُ وِثَاقًا ومُوَاثَقَةً: معاہدہ کرنا۔
تَوَثَّقَ: مضبوط و قوی ہونا..... فِي الْاَمْرِ: وثیقہ لینا۔
تَوَاثَقَ الْقَوْمُ: باہم عہد و پیمان ہونا۔
اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ: وثیقہ لینا..... مِنَ الْاَمْوَالِ: حفاظت میں مبالغہ کرنا۔
الثِّقَه: مص۔ قابل بھروسہ۔ لفظ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں اور کہا جاتا

وَبِشَ يَوْبَشُ وَبْشًا الظُّفْرُ: ناخن پر سفید داغ ہونا..... جِلْدُ الْبَعِيرِ: خارش کی وجہ سے اُونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت وَبِشٌ۔

وَبْشَ يَوْبِشُ الْجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا..... الْقَوْمُ فِي أَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا..... لِلْحَرْبِ: مختلف قبائل سے جنگ کے لئے اکٹھا ہونا۔ وَبَشَتِ الأَظْفَارُ! ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔

أَوْبَشَ: تیز چلنا۔ أَوْبَشَتِ الأَرْضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔

الوَبَش والوَبَش: کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ أَوْبَاش: کا واحد بمعنی سفلہ دکمینے لوگ وَبَشُ الْكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے "مَا بِهٰذِهِ الأَرْضِ إِلَّا أَوْبَاشٌ مِنَ شَجَرٍ أَوْ نَبَاتٍ" یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔

وَبَصَ يَبِصُ وَوَبَصَا وَبِيصًا وبِصَةً: چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ..... الجرحُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الأَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا۔

وَبِصَ يَوْبَصُ وَبَصًا: چست ہونا۔ صفت وَبِصٌ۔

وَبَصَ الْجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا..... لَهُ بِيَسِيرٍ: تھوڑا دینا۔

أَوْبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اُٹھنا۔ أَوْبَصَتِ الأَرْضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔

أَبْيَضُ وَابِصٌ: چمکدار سفید۔

الوَابِصَة والوَبِيصَة: آگ۔ الوَابِصَة: دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي النَّارِ وَابِصَةٌ" آگ میں چنگاری نہیں۔ "إِنَّهُ لَوَابِصَةُ سَمْعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔

الوَبْاص: چاند۔ چمکیلا۔ غارِضٌ وَبَّاصٌ: بہت چمکنے والا بادل۔

وَبْصَان ووُبْصَان: زمانہ جاہلیت میں ماہ ربیع الآخر کا نام۔

وَبَطَ يَبِطُ وَبْطًا الْجُرْحَ: زخم کھولنا۔

الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا..... فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: روک دینا۔ باز رکھنا (..... ووَبِطَ يَوْبَطُ ووَبُطَ يَوْبُطُ وَبْطًا وبُوطًا وبَاطَةً) کمزور ہونا۔ خسیس یا بزدل ہونا۔

أَوْبَطَهُ: اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل وغارت کرنا۔

الوَابِط: خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔

الوَبَاط: کمزوری۔

وَبَقَ يَبِقُ و وَبِقَ يَبِقُ وَبَقًا ووَبِقَ يَوْبَقُ وَبَقًا ووُبُوقًا ومُوبِقًا واسْتَوْبَقَ: ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِقٌ۔

أَوْبَقَهُ إِيبَاقًا: ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

المَوْبِق: ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْتَكِبُ الْمُوبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ الْمُوبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا فُلَانٌ بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا..... الصَّيْدَ: شکار کو تیر ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ بُوبُلَ وَبَلًا ووَبَالًا ووُبُولًا ووَبَالَةً المَكَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا..... الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

وَابَلَهُ مُوَابَلَةً: ہمیشگی کرنا۔

اسْتَوْبَلَ اسْتِيبَالًا المَكَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اسْتَوْبَلَتِ الإِبِلُ: چراگاہ کے مضرصحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْل والوَابِل: تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَة. وَابِل: کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَال: مص۔ سختی۔ بدہضمی۔ بُرا انجام۔

الوَبَلَة والاَبَلَة: گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ وَبَلَةُ الطَّعَامِ او ابَلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الوَبِيل: سخت۔ مَرْعًى وَبِيلٌ: مضرصحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِيلٌ: مضرصحت کھانا۔ الوَبِيل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ بھوبل کی موگری اور کہا جاتا ہے "أَبِيلٌ عَلَى وَبِيلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بدھا (..... والوَبِيلَة والمَوْبِل..... والمِبْيَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِبْيَل والمِبْيَلَة: کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لئے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل۔

وَبْنٌ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَة: تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ ووَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا ووَبَهًا ووُبُوهًا وأَوْبَهَ إِبْبَاهًا لِفُلَانٍ وبِهِ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُوبَهُ بِهِ أَوْلَهُ" فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔

وتَأْنًا وتَأَطِّي مِشْيَتِهِ: دست رفتار چلنا۔

وَانَاهُ مُوَانَاةً ووِتَاءً عَلَى الأَمْرِ: موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّة: قمری کی آواز۔

وَتَحَ يَوْتَحُ وَتَاحَةً ووُتُوحَةً ووُتُوحَةَ الْعَطَاءِ: داودہش کم ہونا۔

وَتَخَ يَتِخُ وَتَخَاوِتِحَةَ الْعَطَاءِ: داودہش کم کرنا۔

أَوْتَحَ إِيتَاحًا ووَتَّحَ تَوْتِيحًا الْعَطَاءَ: کم کرنا۔ أَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا..... فُلَانًا: رنج ومشقت میں ڈالنا..... لَهُ الشَّيْءَ: کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔

الوَتْح والوَتِح والوَتِيح: تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وتِح: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وتِحٌ: بے

الـــواوُ : یہ حرف حروف تہجی میں سے ستائیسواں حرف ہے۔ یہ حروف جوف سے ہے۔

الواو: چند معنی کے لئے مستعمل ہے۔

(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ و عَمْرٌو۔

(۲) واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ"۔

(۳) واو استناف جیسے "لَا تَاْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ۔

(۴) واو معیہ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَلَ"۔

(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِيَ مِثْلَهُ"۔

(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔

(۷) واو رُبَّ: جیسے وَلَيْلٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰى سُدُوْلَهُ:۔

(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا۔

(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے "يَلُوْمُوْنَنِيْ قَوْمِيْ"۔

(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی وجری میں تاکہ عمر سے فرق ہو جائے۔

(۱۱) واو زائدہ بعد الا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَلَهُ طَمَعٌ او حَسَدٌ"۔

وا: ندبہ کے لئے مخصوص ہے جیسے "وَازَيْدَاهُ" یا "وَاظَهْرَاهُ" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔

الوَاح والوَاحَة: ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین۔ ج وَاحَات.

وَأَبَ يَئِبُ وَأْبًا وَاَبَةً مِنْ فُلَانٍ: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ يَاَبُ وَأْبَةً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وَئِبَ يَوْأَبُ وَاَبًا: غضبناک ہونا۔

اَوْاَبَهٗ وَاٰبَاهُ: غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کے ساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

اِتَّابَ اِتَابَةً مِنْهُ: شرم کرنا۔

الاِبَةُ والاُوْبَةُ والمَوْبَةُ والمُوْبَةُ: رسوائی۔ عار۔ شرم۔

الوَأْبُ مِنَ القِدَاحِ: بڑا پیالہ..... مِنَ الخَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر۔ چوڑا۔ بڑا اونٹ۔ ج اَوْآب.

الوَأْبَة: پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (..... والوَبَة) بہت گہرا کنواں۔

قِدْرٌ وَأْبَةٌ: کشادہ ہانڈی۔

المُوْبِيَات: رسوا کرنے والی باتیں۔

الوَأْج: سخت بھوک۔

وَأَدَ يَئِدُ وَأْدًا. البِنْتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِيْدٌ وَنَئِيْدَةٌ ومَوْؤُوْدَةٌ..... فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

تَوَأَدُوْا اِتَّادَ فِي الْاَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وَتَوَأَدَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا..... المَرْأَةُ فِيْ قِيَامِهَا: بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

الوَاد: مص۔ سخت آواز۔ دھماکہ۔ اونٹ کی بلبلاہٹ۔

الوَئِيْد: سخت۔ اونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے اور کہا جاتا ہے "مَشٰى مَشْاً وَئِيْدًا" وہ متانت وسنجیدگی سے چلا (..... وَالسُّوْدَة والتُّوْآد) سنجیدگی۔ متانت۔

المَوَائِدِ: مصیبتیں (اس کی اصل الماود: ہے)

وَأَرَيْسُرُ وَأُرْوَارَةُ السَّرْجُلِ: گھبراہٹ میں ڈالنا..... النَّارَ وللنَّار: آگ روشن کرنے کے لئے گڑھا بنانا (..... ووَأَرَ تَوْئِيْرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

اَوْأَرَهٗ اِيْئَارًا: نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

اِسْتَوْأَرَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا ڈک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَائِر: فا۔ خوفزدہ۔

الاِوَرَة ج اِرَات وارُوْن والوُوْرَة ج وُأْرُوَاوُرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ الاِرَة: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

الوِئَار: لیپنے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔

اَرْضٌ وَئِرَةٌ: بہت گرمی والی زمین۔

وَأَصَ يَئِصُ وَأَصَابِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاصَّ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا۔

الوَئِيْصَة: جماعت مخلوق کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الوَئِيْصَةِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ

ارادہ کرے۔ اونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَاوِیُ القَوْمِ وَمُنْتَوَاهُمْ" فلاں قوم کا ذی رائے اوران کے امور کا مالک ہے۔

النَّوَّاء: کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔

النَّوَیٰ: مص۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر ومؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "اِسْتَقَرَّتْ نَوَیٰ القَوْمِ بِمَوْضِعِ کَذَا وَکَذَا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔

النَّیُّ: مص۔ چربی۔

النِّیُّ: موٹاپا۔

النَّوَاۃ: گٹھلی ج نَوًی ونَوِیَات و ج اَنْوَاءٌ ونِوِیٌّ ونَوِیٌّ۔

النِّیَّۃ: قصد۔ ارادہ۔ دل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر حاجت۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ نِیَّۃٌ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شَطَّتْ بِهِمْ نِیَّۃٌ قُذُفٌ" رحلۃ بعیدہ: نے ان کو دور پھینک دیا "وَنَوَوْا نِیَّۃً قُذُفًا" انہوں نے دور کی جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِیَّۃٌ ج نِیَات۔

النَّوِیُّ: ہم ارادہ ساتھی۔

نَاءَ یَنِیُّ نَیًّا ونُیُوْءًا ونُیُوْءَۃً اللَّحْمُ وَغَیْرُہٗ: گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔

نَیَّا تَنْیِیًا الْاَمْرَ: ناقص طور سے کرنا۔

اَنْیَا اللَّحْمَ اِنْیَاءً: گوشت کو کچا رکھنا۔

النِّیْءُ مِنَ اللَّحْمِ: کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نِیٌّ ابدال وادغام سے بھی جائز ہے۔ النِّیْءُ خالص دودھ۔

نَابَهٗ یَنِیْبُہٗ نَیْبًا: دانت مارنا۔

نَیَّبَتْ نَنِیْبًا النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بوڑھی ہونا۔

نَیَّبَ النَّبْتُ: نباتات کی جڑیں پھوٹنا..... فُلَانٌ السِّهَامَ: تیر پر دانت مار کر سختی معلوم کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا..... زَیْدًا: دانت کا ٹنا۔ دانت پیسنا..... فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظَفَّرَ فِیْهِ السَّبُعُ ونَیَّبَ" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔

نَیَّبَ تَنْیِیْبًا النَّبْتُ: جڑیں نکلنا..... الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

النَّاب: بچلی کا دانت (مؤنث) ج اَنْیُبٌ ونُیُوْبٌ واَنَایِیْب. النَّاب: بوڑھی اونٹنی اور اس کی تصغیر نُیَیْب. ج اَنْیَابٌ ونُیُوْبٌ ونِیَبٌ

نَابُ الْقَوْمِ: سردار قوم ج اَنْیَاب۔

النَّیُّوْب: بوڑھی اونٹنی۔

الْاَنْیَبُ: موٹے موٹے دانتوں والا۔

مؤنث نِیْبَاءُ ج نِیْبٌ۔

نَاءَ یَنِیْءُ نَیْئًا: کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

نَاحَ یَنِیْحُ نَیْحًا ونَیْحَانًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا (.....نَیْحًا) الْعَظْمُ: ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔

نَیَّحَ تَنْیِیْحًا اللّٰهُ عَظْمَهٗ: ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے مَا نَیَّحَتْهُ بِخَیْرٍ: میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ وَلَا نَیَّحَ اللّٰهُ عِظَامَهٗ: اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔

النِّیْح: سخت۔ کہا جاتا ہے "عَظْمٌ نِیْحٌ" سخت ہڈی۔

نَارَ الثَّوْبَ یَنِیْرُہٗ نَیْرًا ونَیَّرَہٗ تَنْیِیْرًا و اِنَارَۃً اِنَارَۃً: کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔

النَّائِر: فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّیَّار: کپڑے میں نقش ونگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔

النِّیْر: بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج اَنْیَار. ونِیْرَان النِّیْر: نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش ونگار۔ کپڑے کا چھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْنِیْرَیْنِ" اپنے ساتھی سے دگنی قوت والا۔ و "حَرْبٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ" سخت جنگ "وَنَاقَۃٌ ذَاتُ نِیْرَیْنِ واَنْیَار" بوڑھی اونٹنی جس میں ابھی جوانی کچھ باقی ہو اور کبھی اس کا استعمال عورت کے لئے بھی ہوتا ہے۔

النِّیْر والنِّیْرَۃ اسم ہے نَیَّرَ الثَّوْبَ کا۔ النِّیْرَۃ: بنائی کے آلات میں سے ایک آلہ کا نام کہتے ہیں "مَا اَنْتَ بِسَنَاۃٍ وَلَا لُحْمَۃٍ وَلَا نِیْرَۃٍ" اس شخص کے لئے جو نہ نافع ہو نہ نقصان دہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَنْیَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ مُنَایَرَۃٌ" ان کے درمیان فساد ہے۔

النَّمِیْر: موٹی کھال۔ ثَوْبٌ مُنَیَّرٌ: دوسوتی کپڑا۔

نَیْرَبَ. الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔ کلام میں گڑبڑ کرنا۔ گھڑنا..... الرِّیْحُ التُّرَابَ فَوْقَ الشَّیْءِ: ہوا کا کسی چیز کے اوپر خاک چڑھا دینا اور دھاری دھاری جیسی بنا دینا۔

النَّیْرَب: برائی۔ چغل خوری۔ چست و چابک مرد۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَیْرَبٌ وذُوْنَیْرَبٍ" یعنی بدکار مرد۔

نَیْرَجَ نَیْرَجَۃَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

النَّیْرَج: چغل خور۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ ہل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا ہو بِسَنْخٍ نَیْرَجٍ تیز ہوا۔ اِمْرَأَۃٌ نَیْرَجٌ: چالاک ومکار عورت اور کہا جاتا ہے "عَدَا غُدْوًا نَیْرَجًا" متردد ہو کر جلدی جلدی دوڑا۔ اور ہر جلدی کو نَیْرَج کہتے ہیں۔

النَّیْرُوْز. عِنْدَ الْفُرْس: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن عموماً۔

النَّیْزَک: چھوٹا نیزہ۔ نیزے کی مانند شعلہ اور یہ ٹوٹے ہوئے ستارے کی ایک قسم ہے۔ ج نَیَازِک (وثیل)

نَیْسَب والنَّیْسَبُ والنَّیْسَبَان: دیکھئے مادہ ن۔ س۔ ب۔

نَیْسَان: ماہ اپریل۔

النَّیْص: کمزور حرکت۔ موٹی سیہی۔

دوسرے اُمور میں عمدگی اختیار کرنا (مانند تَانُّق کے) تَنَوَّقَ بِهٖ: مہربانی برتنا۔ اِنْتَاقَ الشَّیْءَ: چننا۔

اِسْتَنْوَقَ اِسْتِنْوَاقًا الْجَمَلُ: اُونٹنی کے مشابہ ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ" اس موقع پر بولا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص بات کرتا کرتا ایک بات میں بغیر کسی جوڑ کے دوسری بات ملا دے۔

النَّوْق: تھوڑی سرخی کے ساتھ ملی ہوئی سپیدی۔

النِّیْق: پہاڑ کی بلند جگہ۔ ج نِیَاق وَاَنْیَاق وَنُیُوْق.

النَّاقَة: اونٹنی ج نَاق وَنُوْق وَاَنْوُق وَاَوْنُق وَاَبْنُق وَنِیَاق وَنَافَات وَاَنْوَاق وَج اَبَانِق وَنِیَافَات.

النَّاقَة: ایک قسم کی پھنسی جو ہاتھ میں نکلتی ہے۔ ستارے جو اونٹنی کی شکل کے ہوتے ہیں۔

النَّوْقَه: حذاقت۔ مہارت۔ ہوشیاری۔

النِّیْقَة: اسم ہے تَنَوُّق کا۔

النَّاوُق: لکڑی کا پرنالہ۔ ج نَاوُقَات (دخیل)

النَّوَّاق: وہ شخص جو اُمور کو ہوشیاری سے انجام دے۔

النَّیِّق: کھائے پہنے اور دیگر اُمور میں عمدگی اختیار کرنے والا۔

المُنَوَّق: سدھا ہوا اونٹ جو اونٹنی کی مانند بنا دیا گیا ہو۔ ...مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا پھول ڈالا ہوا۔

نَاقَة مُنَوَّقَة: سدھائی ہوئی اونٹنی۔

نَوِکَ یَنُوْکُ نَوْکًا وَنُوَاکًا وَنَوَاکَةً: بے وقوف ہونا۔

اَنْوَکَهٗ اِنْوَاکًا: بیوقوف پایا یا بیوقوف سمجھنا۔

اِسْتَنْوَکَ اِسْتِنْوَاکًا: بیوقوف ہونا۔

فُلَانًا: بیوقوف سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَکَهٗ" وہ کیسا بیوقوف ہے (اور اَنْوَکُ بِهٖ نہیں کہا جاتا حالانکہ یہ قیاس کے مطابق ہے)

الاَنُوک: بیوقوف۔ بہت زیادہ بیوقوف و عاجز و جاہل۔ بول چال میں عاجز ج نَوْکٰی وَنُوک مؤنث نَوْکَاءُ ج نُوْک.

المُسْتَنْوَک: بیوقوف۔

نَالَ یَنُوْلُ نَوَالاً وَنَوْلاً. فُلَانًا الْعَطِیَّةَ وَبِالْعَطِیَّةِ وَنَالَ لَهُ الْعَطِیَّةَ وَبِالْعَطِیَّةِ: دینا۔ جیسے "نَالَنِی بِالْخَیْرِ" اس نے مجھ کو خیر پہنچائی "وَنَالَ لَهٗ بِشَیْءٍ" بخشش کی اور کہا جاتا ہے "نَالَ لَهٗ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کے لئے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔

نَوَّلَهٗ تَنْوِیْلاً: عطیہ دینا۔ نَوَّلَهٗ مَعْرُوْفَهٗ: بھلائی پہنچانا۔ نَوَّلَ عَلَیْهِ بِشَیْءٍ: دینا۔

نَاوَلَهٗ مُنَاوَلَةً الشَّیْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔

اَنَالَهٗ اِنَالَةَ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ: دینا۔ کہا جاتا ہے "اَنَالَنِی بِخَیْرٍ" اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔ اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَلَهٗ: وہ کس قدر فیاض ہے۔

تَنَوَّلَ الشَّیْءَ: لینا..... عَلَیْنَا فُلَانٌ بِشَیْءٍ یَسِیْرٍ: تھوڑا سا دینا۔

تَنَاوَلَ الشَّیْءَ: لینا..... مِنْ یَدِهٖ شَیْئًا: لینا۔ پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاوَلْتُ بِنَا الرِّکَابُ فَکَانَ کَذَا" سواریوں نے ہم کو فلاں جگہ پہنچا دیا۔

النَّائِل: فا۔ مصدر۔ عطیہ۔ بھلائی۔

النَّائِلَة. النَّائِل: کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔

النَّوَال: داد و دہش۔ حصہ۔ درستی اور کہا جاتا ہے "نَوَالُکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔

النَّالُ: داد و دہش۔ رَجُلٌ نَالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا اور کہا جاتا ہے "رِجَالَانِ نَالَانِ وَرِجَالٌ اَنْوَالٌ.

النَّوْل: مص۔ بننے والی وادی۔ بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی اور کہا جاتا ہے "نَوْلُکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔ "وَمَا نَوْلُکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کر دیا ایسا کرو۔

النُّوْلَة. نَال: کا اسم مرۃ۔ داد و دہش۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نُوْلَةً" میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔ بوسہ۔

اَلْمُنَاوَلَة: قربان مقدس میں حاضر ہونا یعنی عیسائی مذہب کے نزدیک۔

النُّوْلَة: داد و دہش۔ عطیہ۔

المِنْوَل وَالمِنْوَال: بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ ج مَنَاوِیْل. المِنْوَال: کپڑا بننے والا اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مِنْوَالٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہیں قسم کی عادت کے ہیں "وَلَا اَدْرِیْ عَلٰی اَیِّ مِنْوَالٍ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے "وَافْعَلْ عَلٰی هٰذَا الْمِنْوَال" اس طریقہ پر کرو۔ "وَمِنْوَالُکَ اِلَّا تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔

نَامَهٗ یَنُوْمُهٗ نَوْمًا: سونے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِی فَنُمْتُهٗ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

اَلنَّاوُلُوْن: گاڑی یا کشتی کی اجرت۔ (یونانی لفظ)۔

نَامَ یَنَامُ نَوْمًا وَنِیَامًا: اونگھنا یا سونا۔ مرنا۔ اور اسم النِّیْمَة. نَامَتِ السُّوْق: بازار کا مانند پڑنا ..... الرِّیْحُ: ہوا کا رُک جانا..... النَّارُ: آگ کا بجھنا۔ نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا ..... الْعِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا..... الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا..... الرَّجُلُ: اللہ کے لئے تواضع و خاکساری کرنا..... اِلَیْهِ: اطمینان کرنا..... عَنْ حَاجَتِهٖ: غافل ہونا بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هِمَّهٗ" وہ بے ہمت ہے "وَفُلَانٌ لَا یَنَامُ وَلَا یَنِیْمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔

نَوْمَهٗ تَنْوِیْمًا: سلانا۔ نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا..... الاِبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔

نَاوَمَهٗ مُنَاوَمَةً: سونے میں غالب ہونا۔

ایک آبی پرندہ جو فضا میں اڑتا رہتا ہے پھر یکبارگی پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور سوائے مچھلی کے کچھ نہیں کھاتا اور اس کو زُمَّجُ الْمَاءِ بھی کہتے ہیں۔

نَوَّزَهُ تَنْوِيزًا: کم کرنا۔

نَاسَ يَنُوسُ نَوْسًا الإِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا (..... نَوْسًا ونَوْسَانًا) الشَّيْءُ: جھولنا۔ کہا جاتا ہے "لَهُ ضَفِيرَتَانِ تَنُوسَانِ عَلَى عَاتِقِهِ" اس کے دو گیسو ہیں جو اس کے کندھوں پر لٹک رہے ہیں۔

نُوِّسَ بِالْمَكَانِ تَنْوِيسًا: اقامت کرنا۔

أَنَاسَ إِنَاسَةً. الشَّيْءَ: ہلانا۔

تَنَوَّسَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا کے چلنے سے ہلنا۔

النَّاوُوس والنَّاوُوس: نصرانیوں کا قبرستان (دخیل) ج نَوَاوِيس: اس سنگی تابوت کو بھی کہتے ہیں جس میں لاش رکھی جائے۔

نُوَاسُ الْعَنْكَبُوتِ: مکڑی کا جالا۔ نُوَاسُ الدُّخَانِ: دھوئیں کا جالا۔

النَّاسُ: اسم ہے جو رہط وقوم کے مانند جمع کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ واحد انسان ہے اور تصغیر نُوَيْس.

النَّوَّاس: لٹکنے والا۔

النَّوَاسَاتُ: چوٹیاں۔

المَنُوس: کھجور جس کا کنارہ کالا ہو گیا ہو۔

نَاشَ يَنُوشُ نَوْشًا الشَّيْءَ: پکڑنا۔ ڈھونڈنا ..... فُلَانٌ: چلنا..... البَعِيرُ: اٹھنے میں جلدی کرنا۔

..... فُلَانًا: سر اور داڑھی پکڑنا..... زَيْدًا خَيْرًا: بھلائی پہنچانا۔ نَاشَ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔ نُشْبٌ مِنَ الطَّعَامِ: حاصل کرنا۔

نَاوَشُوهُمْ مُنَاوَشَةً فِي الْقِتَالِ: باہم حملہ کرنا۔ نَاوَشَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: ملانا۔

تَنَاوَشَ الشَّيْءُ: پکڑنا۔ تَنَاوَشُوا بِالرِّمَاحِ: نیزہ بازی کرنا۔

إِنَاشَةٌ إِنْيَاشًا: پکڑنا۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَاشَةٌ مِنَ الْهَلَكَةِ" اس نے اس کو ہلاکت سے بچالیا۔

النُّوُوش: قوی۔ رَجُلٌ نَوُّوشٌ: سخت پکڑنے والا مرد۔

نَاصَ يَنُوصُ نَوْصًا ومَنَاصًا ومُنْبِصًا عَنْ قِرْنِهِ: مقابل سے بھاگنا۔ جدا ہونا..... فُلَانًا: سبقت لے جانا..... إِلَيْهِ: اٹھنا..... الشَّيْءُ: کھینچنا..... لِلْحُرْكَةِ: تیار ہونا..... عَنْهُ: پیچھے ہٹنا (..... مَنَاصًا ونَوْبُصًا ونِيَاصًا ونِيَاصَةً ونَوْصًا ونُوصَانًا) الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَقْدِرُ عَلَى أَنْ يَنُوصَ" وہ حرکت کرنے پر قادر نہیں۔

نَاوَصَهُ مُنَاوَصَةً: باہم حملہ کرنا۔

أَنَاصَهُ إِنَاصَةً: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَنَصْتُ أَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے ارادہ کیا کہ اس سے کچھ لوں۔

إِنْتَاصَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

اِسْتِنَاصَةً إِسْتِنَاصَةً: حرکت دینا اور ہلکا سمجھنا اور اپنی ضرورت کے لئے لے جانا۔

اِسْتَنَاصَ الفَرَسُ: چلنے کے لئے حرکت کرنا ..... الرَّجُلُ: سر بلند کرنا۔ پیچھے رہنا۔

النُّوصُ: مص۔ گورخر۔ سخاوت (..... والنُّوصُ) گریز۔

النَّوْصَةُ. نَاصَ: کا اسم مرۃ۔ پانی وغیرہ سے دھلائی۔ کہا جاتا ہے "مَابِهِ نُوَيْصٌ" اس میں قوت یا حرکت نہیں۔

المَنَاصُ: مص۔ جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "مَالَكَ مِنْ مَنَاصٍ" تمہارے لئے نجات کی جگہ نہیں۔ سخاوت۔

نَاصَ يَنُوصُ نَوْصًا: ملکوں میں جانا۔ پیچھے ہٹنا..... الشَّيْءَ: اکھیڑنے کی کوشش کرنا.....

المَاءَ: پانی نکالنا..... البَرْقُ: بجلی کا چمکنا ..... الشَّيْءُ: ہلنا..... الرَّجُلُ: بھاگ کر نجات پانا۔

نَوَّصَ تَنْوِيصًا الثَّوْبَ بِالصِّبْغِ: کپڑے کو رنگنا۔

أَنَاصَ إِنَاصَةً: مشقت کا اثر آنکھوں میں ظاہر ہونا..... النَّخْلُ: درخت خرما کا تیار ہونا، پکنا۔

النَّوْضُ: پانی نکلنے کی جگہ۔ وادی۔ سرینوں کے درمیان کی ہڈی..... مِنَ الْبَعِيرِ: اونٹ کی پشت۔ اور چوتڑ کا درمیانی حصہ۔ ج أَنْوَاضٌ وأَنَاوِيضُ. الأَنْوَاضُ والأَنَاوِيضُ: بلند جگہیں۔

المَنَاضُ: جائے پناہ۔

نَاطَهُ يَنُوطُهُ نَوْطًا ونِيَاطًا: لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "نِيطَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ" اس پر فلاں چیز لٹکائی گئی۔ نَاطَتِ الدَّارُ: گھر کا دور ہونا۔ نَاطَ الشَّيْءَ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

نِيطَ بِهِ الشَّيْءُ: ملایا جانا۔

نَوْطَةٌ: لٹکانا۔ نَوْطَةُ الْقِرْبَةِ: مشک میں تیل لگانے کے لئے بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَبْطَأَ حَتَّى نَوَّطَ الرُّوحُ" اس نے تاخیر کی یہاں تک کہ تنگ دل وملول کر دیا۔

أَنَاطَهُ إِنَاطَةً بِكَذَا: لٹکانا۔ أَنَاطَ الْبَعِيرُ: نوطہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھئے لفظ نوطہ)

إِنْقَاطَ إِنْقِيَاطًا بِهِ: لٹکنا..... الشَّيْءُ: دور ہونا ..... الشَّيْءَ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

إِسْتَنَاطَ إِسْتِنَاطَةً فُلَانًا بَعِيرَهُ: خوراک لادنے کے لئے اپنا اونٹ ہمراہ کرنا۔

النَّائِطُ: فا۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ۔ (..... والنَّائِطَةُ) پوٹا۔

النِّيَاطُ: مص۔ دل..... مِنَ الْمَفَازَةِ: بیابان کے راستہ کی دوری اور کہا جاتا ہے "مَفَازَةٌ بَعِيدَةُ النِّيَاطِ" دور حد والا بیابان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ نِيَاطَ الْبَلَدِ" یعنی میں نے شہر کو طے کیا۔ النِّيَاطُ: چیز لٹکانے کی جگہ۔ دل کے متصل موٹی رگ کہ جب اس کو کاٹ دیتے ہیں تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ پیٹھ کی اندرونی رگ ج أَنْوِطَةٌ ونُوطٌ.

النُّوطُ: مص۔ جانور کے دونوں طرف کے بوجھ کے درمیان زائد بوجھ۔ کہا جاتا ہے "أَثْقَلَ النُّوطُ الدَّابَّةَ" جانور کو درمیان کے

متوجہ ہونا اور توبہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانِیْ فُلَانٌ فَمَا اَنْبَتُّ لَهٗ وَاِلَیْهِ" میرے پاس فلاں آیا میں نے اس کی پروا نہیں کی۔
تَنَاوَبُوْا تَنَاوُبًا عَلَی الْمَاءِ: تقسیم کی کنکری سے باشنا..... اَلْاَمْرُ: باری باری کرنا..... تَنَاوَبَتْهُ الْخُطُوْبُ: حوادث ومصائب کا پیش آنا اور کہا جاتا ہے "اَلْمَمَالِیْکُ تَتَنَاوَبُنَا" موت ہر ایک کی باری سے آتی ہے "تَنَاوَبُوْا الْخُطْبَ اَوِ الْاَمْرَ" باری باری سے وہ کام کرنے کے لئے مستعد ہوئے۔
اِنْتَابَهُمُ الْبَابَا: پیاپے آنا..... فُلَانًا اَمْرٌ: لاحق ہونا۔ پیش آنا..... زَیْدٌ عَمْرًا: قصد کرنا۔
اِسْتِنَابَةٌ اِسْتِنَابَةٌ: اپنا نائب بنانا۔
اَلنَّائِبُ: فا۔ قائم مقام۔ ج نُوَّبٌ وَنُوَّابٌ اور کہا جاتا ہے "خَیْرٌ نَائِبٌ" یعنی خیر کثیر۔
اَلنَّائِبَةُ. اَلنَّائِبُ: کامؤنث۔ حادثہ۔ مصیبت۔ ج نَائِبَاتٌ وَنَوَائِبُ. اَلنَّوَائِبُ عام اس سے کہ خیر ہوں یا شر۔ نَوَائِبُ الرَّعِیَّةِ: پل اور سڑک وغیرہ کی درستی کے لئے شاہی ٹیکس۔ اَلْحُمَّی النَّائِبَةُ: روزانہ کا بخار۔
اَلنِّیَابَةُ: مص۔ قائم مقامی۔ باری۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نِیَابَتُکَ" تمہاری باری آئی۔
اَلنُّوَّبُ: مص۔ نائب کی جمع۔ ایک دن رات کا سفر۔ نزدیکی۔ قوت۔
اَلنُّوْبُ: حبشیوں کا ایک گروہ۔ نُوْبِیٌّ: کا رہنے والا۔ واحد نُوْبِیٌّ: شہد کی مکھی۔ واحد النَّائِبُ.
اَلنَّوْبَةُ: مص۔ فرصت۔ باری۔ دولت۔ لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نَوْبَتُکَ" تمہاری باری آئی۔ ج نُوَبٌ. اَلنَّوْبَةُ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بخار شروع ہونے کا وقت۔
اَلنَّوْبَةُ: حادثہ۔ مصیبت۔ ج نُوَبٌ. نَابَهُ اَمْرٌ وَاِنْتَابَهُ: کا اسم۔ نوبہ کے رہنے والے صعید (مصر) کے جنوب میں ایک صوبہ۔

اَلْمَنَابُ: مص۔ کہا جاتا ہے "نَابَ مَنَابَ الْقَاضِیْ" وہ قاضی کے قائم مقام ہوا۔ پانی کی طرف راستہ۔
اَلْمُنِیْبُ: فا۔ بکثرت بارش۔ عمدہ بہار۔
نَاتَ یَنُوْتُ نَوْتًا: کمزوری کی وجہ سے جھک پڑنا۔
نُوتْرُون: ایٹم کے مرکزہ کے گرد منفی چارج والے ذرات جن کو الیکٹران کہتے ہیں۔ مختلف مداروں میں گردش کرتے ہیں۔ ایک الیکٹران برقی چارج کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے۔
اَلنُّوْنِیَّةُ: مکتی بان۔ جہازراں۔ ج نَوَانِیُّ اور بقول بعض معرب ہے۔
نَاجَ یَنُوْجُ نَوْجًا: ریاکاری کرنا۔ فریب دینا۔
اَلنَّوْجَةُ. نَاجٌ: کا اسم مرۃ۔ بگولا۔ ج نَوْجٌ.
نَاحَ یَنُوْحُ نَوْحًا وَنُوَاحًا وَنِیَاحًا وَنِیَاحَةً وَمَنَاحًا اَلْمَرْاَةُ الْمَیِّتَ وَعَلَی الْمَیِّتِ: مردہ پر واویلا کرنا۔ اِسْمُ النِّیَاحَةِ..... اَلْحَمَامَةُ: کوکو کرنا۔ صفت نَائِحَةٌ وَنَوَّاحَةٌ.
نَاوَحَهٗ مُنَاوَحَةً: مقابلہ کرنا۔
تَنَوَّحَ تَنَوُّحًا الشَّیْءُ: جھولنا۔
تَنَاوَحَ تَنَاوُحًا الْجَبَلَانِ: دو پہاڑوں کا باہم مقابل ہونا۔ تَنَاوَحَتِ الرِّیَاحُ: ہواؤں کا تیز چلنا۔ کبھی پروائی کبھی شمالی کبھی جنوبی ہوا کا چلنا۔
اِسْتَنَاحَتْ اِسْتِنَاحَةً الْمَرْاَةُ: نوحہ کرنا۔ واویلا کرنا۔ اِسْتَنَاحَ الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا بھونکنا..... اَلرَّجُلُ: رو کر دوسرے کو رلانا..... فُلَانًا: رلانا۔
اَلنَّائِحَةُ: اسم فاعل مؤنث۔ ج نَوْحٌ وَاَنْوَاحٌ وَنُوَّحٌ وَنَوَائِحُ وَنَائِحَاتٌ.
اَلنُّوَّحُ: مص۔ اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔ کہا جاتا ہے "نِسَاءٌ نَوْحٌ" بمعنی نَوَّاحٌ.
اَلنَّوْحَةُ: اسم مرۃ۔ میت پر بین۔ قوت۔
اَلنَّوَّاحُ: اسم مبالغہ۔ مؤنث نَوَّاحَةٌ قمری کی مانند ایک پرندہ۔
اَلْمَنَاحَةُ: نوحہ کی مجلس۔ نوح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "کُنَّا فِیْ مَنَاحَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے اوپر بین کرنے میں تھے۔ ج مَنَاحَاتٌ وَمَنَاوِحُ.
اَلْمَنَّاحَةُ: اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔
نَوَّخَ تَنْوِیْخًا اللّٰهُ الْاَرْضَ طُرُوْقَةً لِلْمَاءِ: ہموار کرنا اور برداشت کرنے کی طاقت دینا۔
اَنَاخَ اِنَاخَةً الْجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "اَنَخْتُ الْبَعِیْرَ فَبَرَکَ وَتَنَوَّخَ وَاِسْتَنَاخَ" میں نے اونٹ کو بٹھایا وہ بیٹھ گیا اور نَاخَ اور اَنَاخَ نہیں بولا جاتا..... فُلَانٌ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا..... اَلْبَلَاءُ اَوِ الذُّلُّ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ اَنَاخَ بِهِ الْحَاجَةَ: نازل کرنا۔
اِسْتَنَاخَ اِسْتِنَاخَةً الْجَمَلُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
اَلنَّائِخَةُ: دور کی زمین۔
اَلْمُنَاخُ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ اقامت گاہ۔ غیر پسندیدہ جگہ کے لئے کہا جاتا ہے "هٰذَا مُنَاخُ سُوْءٍ".
اَلْمُنِیْخُ: فا۔ شتر۔
نَادَ یَنُوْدُ نَوْدًا وَنُوَادًا وَنُوْدَانًا: نیند سے جھومنا۔
تَنَوَّدَ تَنَوُّدًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا۔
نَوْدَلَ نَوْدَلَةً الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔
اَلنُّوْدَلُ: پستان۔
اَلْمُنَوْدَلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا بڈھا۔ کہا جاتا ہے "مَشَی الرَّجُلُ مُنَوْدِلًا" مرد بدن چھوڑ کر چلا۔
نَارَ یَنُوْرُ نَوْرًا وَنِیَارًا: روشن ہونا..... اَلْبَعِیْرُ: اونٹ پر داغ لگانا..... اَلْفُوْمُ: شکست کھانا..... اَلنَّارُ مِنْ بَعِیْدٍ: آگ دور سے دیکھنا۔ (نَارَتِ الْمَرْاَةُ نَوْرًا وَنِوَارًا وَنَوَارًا) تہمت سے بچنا۔ شک وشبہ سے دور ہونا.....

ہے "نَہِیْفٌ نَہِیْکٌ" اچھے اخلاق والا (..... و النَّہِیْک) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔

المَنْہَکَۃ: باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَنْہَکَۃُ الْاَعْرَاضِ" یہ آبروریزی کا سبب ہے۔

نَہِلَتْ (ی) نَہَلاً وَمَنْہَلاً الْاِبِلُ: پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔

اَنْہَلَ الابِلَ: پہلی بار پلانا..... اَلنَّوْمُ: پہلی بار پڑے ہوئے اونٹوں والا ہونا..... اَنْہَلُوْا زَرْعَھُمْ: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ اَنْہَلَ فُلَانًا: غضبناک کرنا۔

النَّاہِل: فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَہْلٌ وَنُہُوْلٌ وَنَہَلَۃٌ وَنُہْلِیٌ وَنِہَالٌ.

النَّاہِلَۃ مؤنث النَّاہِل: چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نِہَال وَنَوَاہِل. النَّوَاہِل: بھوکے اونٹ۔

النَّہَل: مص۔ جمع نَاہِل: پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔

النَّہْلَان: پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نُہْلِیٌ اِبِلٌ نُہْلِیٌ: بھوکے اونٹ۔

النِّہَال: بہت عصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قہر۔ بہت فیاض۔

المَنْہَل: گھاٹ۔ پینا۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مَنَاہِل.

نَہَمَ (ف ض) نَہْمًا وَنَہْمَۃً وَنَہِیْمًا الابِلَ: اونٹ کو تیز دوڑنے کے لئے ڈانٹنا۔

نَہَمَ (ض) نَہْمًا: بہت کھانا۔

نَہَمَ (ض) نَہْمًا وَنَہِیْمًا الْفِیْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

نَہِمَ (س) وَنُہِمَ نُہْمًا وَنَہَامَۃً فِی الْاَکْلِ: حریص ہونا..... فُلَانٌ فِی الشَّیْءِ: مشتاق ہونا۔

نَاہَمَہٗ مُنَاہَمَۃً: باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔

اِنْتَہَمَ: جھڑکی کھانا۔

النَّاہِم: فا۔ چلانے والا۔

النِّہَام: ہتکیث النون۔ لوہار۔ بڑھئی۔

النُّہَام: اُلو۔ راہب۔ ج نُہُم.

النِّہَامِیُّ: ہتکیث النون: لوہار۔ بڑھئی۔

النِّہَامِی والنُّہَامِیُّ: راہب۔ آسان راستہ۔

النَّہِم: حریص۔

النَّہْمَۃ: مص۔ نَہَم: کا اسم مرۃ۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ نَہْمَۃٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وَقَضٰی مِنْہُ نَہْمَتَہٗ اس نے اپنی خواہش پوری کی۔

النِّہَام: اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔ النُّہَامَۃ. النُّہَام: کا مؤنث۔ شیر۔

النِّہْم: حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔

المِنْہَام مِنَ الابِلِ: ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مَنَاہِیْم.

المَنْہُوْم: مقع۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَنْہُوْمٌ بِالْمَالِ" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔

نَہْنَہَہٗ نَہْنَہَۃً عَنِ الشَّیْءِ: روکنا۔ ڈانٹنا۔

نَہْنَہَ: رکنا۔

النُّہْنُہ: باریک بناوٹ کا کپڑا۔

نَہَاہُ یَنْہُوْہُ نَہْوًا: ایک لغت ہے نَہَاہُ یَنْہَاہُ نَہْیًا میں۔

نَہَاہُ یَنْہَاہُ نَہْیًا عَنْ کَذَا: ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صیغہ بذکر ناہٖ صفت مؤنث نَاہِیَۃٌ اور جس سے منع کریں اس کو مَنْہِیٌّ عَنْہُ کہتے ہیں اور اسم النَّہْیِ نَہْیٌ. اَللّٰہُ عَنْ کَذَا: حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلٌ نَہَاکَ مِنْ رَجُلٍ" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "ھِیَ اِمْرَاۃٌ نَہَتْکَ مِنْ اِمْرَاۃٍ. وَھُمَا رَجُلَانِ نَہَاکَ مِنْ رَجُلَیْنِ وَھُمْ رِجَالٌ نَہَوْکَ مِنْ رِجَالٍ".

نَہِیَ وَنُہِیَ اِلَیْہِ الْخَبَرُ: پہنچنا۔

نُہِیَ یَنْہٰی نَہْیًا عَنِ الْحَاجَۃِ: چھوڑ دینا۔ (کامیاب ہونا یا ناکامیاب)

نُہُوَ یَنْہُوُ نَہَاوَۃً: کامل العقل ہونا۔

نَہَّاہُ تَنْہِیَۃً: منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) نَہَی الشَّیْءُ: انتہا کو پہنچنا..... اِلَیْہِ الْخَبَرَ: پہنچانا۔

اَنْہَی اِنْہَاءَ الشَّیْءِ: پہنچانا..... الْاَمْرَ اِلَی الْحَاکِمِ: اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَۃً حَتّٰی اَنْہٰی عَنْہَا" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی وعدم کامیابی ترک کر دی۔ انھی الرَّجُلُ مِنَ اللَّحْمِ: اکتنا کرنا اور آسودہ ہونا۔

تَنَاہٰی تَنَاہِیًا عَنِ الشَّیْءِ: رکنا..... اَلْقَوْمُ عَنِ الْمُنْکَرِ: بعض کا بعض کو منع کرنا..... الشَّیْءُ: انتہا کو پہنچنا..... الْمَاءُ: پانی کا تالاب میں ٹھہرنا..... تَنَاہَی الْخَبَرُ: پہنچنا۔

اِنْتَہٰی اِنْتِہَاءً ا. الشَّیْءُ: انتہا کو پہنچنا..... عَنِ الشَّیْءِ: رکنا..... اِلَیْکَ الْمَثَلُ او الْخَبَرُ: پہنچنا..... بِفُلَانٍ اِلٰی مَوْضِعِ کَذَا: پہنچنا۔

اِسْتَنْہَاہُ اِسْتِنْہَاءً ا: کسی سے کہنا کہ رک جاؤ۔ وَاِسْتَنْہَیْتُ فُلَانًا مِنْ فُلَانٍ: میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔

النَّاہِی: فا۔ ج نُہَاۃٌ: شکم سیر۔ سیراب اور کہا جاتا ہے "نَاہِیْکَ بِزَیْدٍ فَارِسًا" زید تمہارے لئے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب واستعظام میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "ھٰذَا رَجُلٌ نَاہِیْکَ مِنْ رَجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لئے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے اور پھر کثرت استعمال نے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لئے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "ھٰذِہٖ اِمْرَاَۃٌ نَاہِیَتُکَ مِنْ اِمْرَاَۃٍ وَعَلٰی ھٰذَا الْقِیَاسِ" اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَالَہٗ نَاہِیَۃٌ" فلاں کے لئے عقل نہیں جو اس کو قبیح

.....المَـاءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنا لینا..... النَّـهْـرُ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا..... السَّـائِلَ: سائل کو ڈانٹنا (..... ونَهِرَ (س) نَهَرًا) الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا کہا جاتا ہے "حَـفَـرْتُ البِـئْـرَ حَتّٰى نَهِـرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔

اَنْهَرَ النَّهْرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کے لئے بھی آتا ہے) ..... الدَّمَ: نکالنا۔ بہانا۔ الدَّمُ: خون کا بہنا..... العِـرْقَ: رگ سے خون نہ رکنا..... فُلَانٌ: بھلائی کو نہ پہنچنا..... فِي العَمَلِ: تاخیر کرنا۔ سستی کرنا..... الرَّجُلُ: دن کرنا..... البَطْنُ: پیٹ چلنا..... الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔

اِنْهَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا..... العِرْقَ: رگ سے خون نہ رکنا..... بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔

اِسْتَنْهَرَ النَّهْرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لئے مضبوط جگہ بنانا..... الشَّيْءُ: وسیع و کشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کے لئے اِسْتَنْهَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔

النَّاهِر: فا۔ سفید انگور۔

النَّهَار: دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْهُر و نُهُر۔

النَّهَاز: پھٹ تیتر۔ نر سرخاب۔ نر الو۔

النَّهَارِيّ: کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔

النَّهْر: ندی۔ دریا۔ ج اَنْهُر و اَنْهَار و نُهُر و نُهُوْر۔

النَّهْر: گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔

النَّهِر: سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهْرٌ نَهِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَهِرٌ" بہت پانی۔

النَّهِيْر: بہت۔

النَّهِيْرَة: بہت دودھ والی اونٹنی۔

اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ: غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا..... الشَّيْءَ: قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا..... فِي الضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

النَّاهِز: فا۔ نَاهِزُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔

النُّهَاز والنِّهَاز: قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُهَازُ ذَاكَ" یہ اس کے مقدار ہے۔

النَّهْز: مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کے لئے اٹھنا اور کہا جاتا ہے "نَهْزَةُ كَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔

النهز: شیر۔

النَّهَّاز: اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔

النُّهْزَة: فرصت۔ ج نُهَزٌ کہا جاتا ہے "هُوَ نُهْزَةُ المُخْتَلِس" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔

المُنْهَز مِنَ البِئْر: کنوئیں کا من۔

المُنَاهَزَة: مص۔ مسابقت۔

نَهَسَ (ف) ونَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الكَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔

اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا..... فُلَانًا: غیبت کرنا۔

النُّهَس والنَّهَس: لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان.

النَّهَّاس والنَّهُوس والمَنْهَس والمِنْهَس: بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔

المَنْهُس: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ كَثِيْرَةُ المَنَاهِس" بہت چراگاہ والی زمین۔

النَّهِيْس: کم گوشت والا۔ دُبلا۔ المَنْهُوس: مفع۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْهُوْسُ القَدَمَيْن: دبلے پتلے قدم کا مرد۔

نَهْمَرَ نَهْمَرَةً. اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا.....

المِنْمَل و المِنْمِل: چغل خور۔
المُنَمَّل و المُنَمَّل: لکھا ہوا۔ گنجان لکھا ہوا۔
المَنْمُوْل: زبان۔ طَعَامٌ مَنْمُوْلٌ: کھانا جس میں چیونٹیاں پڑ گئی ہوں۔
نَامَلَ نَامِلَةً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُنَامِلُ فِي قَيْدِهِ"۔
نَمْنَمَةٌ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا۔ منقش کرنا۔ نَمْنَمَتِ الرِّيْحُ الرَّمْلَ او الْمَاءَ: دھاری ڈالنا۔ لہر ڈالنا۔ نَمْنَمَ كِنَايَةٌ: گنجان ڈالنا۔
النِّمِيم و النِّمْنِيم: ریت پر کی دھاری۔ لہر۔
النُّمَنْمَنَةُ: نقش والی کتاب پر باریک تصویر کسی کا قلم۔
النِّمْنِم و النُّمْنُم: جوانوں کے ناخن پر کی سپیدی۔ واحد بِنِمْنِمَةٍ و نُمْنُمَةٍ۔
المُنَمْنَم: مفع۔ ثَوْبٌ نَمْنَمٌ: منقش کپڑا۔ بِنْتُ مُنَمْنَمٌ: گنجان نباتات۔ كِتَابٌ مُنَمْنَمٌ: منقش کتاب۔ نَاقَةٌ مُنَمْنَمَةٌ: موٹی اونٹنی۔
نِمَة (س) نَمَهَا: چیرانی جیسی لاحق ہونا۔ صفت نَامِةٌ و نِمَةٌ۔
نَمَا يَنْمُو نُمُوًّا: زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا ..... الخِضَابُ: سرخی یا سیاہی زائد ہونا ..... الحَدِيْثُ إِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا۔
النُّمُوُّ: بڑھاؤ۔ زیادتی۔
النَّمْوَة: زیادتی۔
النَّمُوْذَج والأُنْمُوْذَج: نمونہ۔ ج نَمُوْذَجَاتٌ و أَنْمُوْذَجَات۔
نَمَى يَنْمِي نَمْيًا و نَمِيًّا و نَمَاءً نَمِيَّةُ المَالُ وَغَيْرُهُ: زیادہ ہونا۔ بہت ہونا ..... السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا ..... الحِبْرُ فِي الكِتَابِ: روشنائی کا لکھنے کے بعد چمک اٹھنا ..... الخِضَابُ فِي اليَدِ او الشَّعْرِ: سیاہی زیادہ ہونا ..... الشَّيْءُ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز سے بلند کرنا ..... النَّارُ: آگ کو خوب بھڑکانا ..... الرَّجُلُ: موٹا ہونا ..... المَاءُ: پانی کا چڑھنا ..... الحَدِيْثُ إِلَى فُلَانٍ: کسی کی جانب نسبت کرنا ..... الرَّجُلُ إِلَى أَبِيْهِ: نسبت کرنا۔ نَمَتِ الإِبِلُ: موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک جانا ..... الصَّيْدُ: شکار کا زخم لگ جانے کے بدنگاہ سے اوجھل ہونا اور مر جانا۔
نَمَّى تَنْمِيَةَ الشَّيْءِ: بڑھانا ..... النَّارَ: آگ کو خوب بھڑکانا ..... الحَدِيْثَ إِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا۔ فساد انگیزی کے لحاظ سے پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُنَمِّي أَحَادِيْثَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی باتوں کو فساد انگیزی کے لئے پہنچاتا ہے۔
أَنْمَى إِنْمَاءَ الشَّيْءِ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ أَنْمَى: بڑھنا ..... الحَدِيْثُ: چغل خوری کے لحاظ سے پھیلانا ..... الصَّيْدُ: شکار کا زخم لگ جانے کے بعد نگاہ سے اوجھل ہو کے مر جانا اور اس کے مقابل میں "أَصْمَى" ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ تیر لگنے کے بعد فوراً مر جائے اور اسی سے عرب کا قول ہے "كُلْ مَا أَصْمَيْتَ وَدَعْ مَا أَنْمَيْتَ" ..... أَنْمَى الرَّاعِي الإِبِلَ: چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ إِنْمَاهَا الكَلَأ: گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ أَنْمَى الكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔ أَنْمَيْتُ لِفُلَانٍ: کسی کی معمولی غلطی کو چھوڑ دینا تاکہ بڑی غلطی میں مبتلا ہو جائے اور پھر اس کے لئے کوئی عذر باقی نہ رہے۔
تَنَمَّى تَنَمِّيَ الشَّيْءُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا اور بلند ہونا۔
اِنْتَمَى اِنْتِمَاءً فُلَانٌ إِلَى أَبِيْهِ: منسوب ہونا ..... البَازِي: ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔ وَانْتَمَى فُلَانٌ فَوْقَ الوِسَادَةِ: بلند ہونا۔
النَّامِي: فا۔ نجات پانے والا۔
النَّامِيَة. النَّامِي: کا مؤنث۔ بڑھنے کی طاقت مخلوق ..... مِنَ الإِبِلِ: موٹے اونٹ۔ نَامِيَةُ الكَرْمِ: گچھے دار شاخ۔ ج النَّوَامِي۔
النَّمَاة: چھوٹی جوں۔ ج نَمًى۔
نَهَا يَنْهَا نَهْأً الإِنَاءُ: بھرنا اور کہا جاتا ہے شَرِبَ فُلَانٌ حَتَّى نَهَا: فلاں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہو گیا۔
نُهِيَ يَنْهَا و نَهُوَ يَنْهُوُ نَهْأً و نَهًا و نَهَاءَةً و نُهُوءًا و نَهَازَةً اللَّحْمُ: گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَهِيٌّ۔
أَنْهَا إِنْهَاءً اللَّحْمَ: گوشت کچا رکھنا ..... الأَمْرُ: مضبوط نہ کرنا۔
النَّاهِي: شکم سیر۔ سیراب۔
النُّهُوْءَة: پختگی۔
نَهَبَ (ف ن) و نَهِبَ (س) نَهْبًا الغَنِيْمَةَ: مالِ غنیمت لوٹنا ..... القَوْمُ فُلَانًا: سخت سست کہنا۔ نَهَبَهُ الكَلْبُ: کتے کا ایڑی پر کاٹ لینا۔
نَاهَبَهُ مُنَاهَبَةً: دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔ نَاهَبَ القَوْمُ فُلَانًا: سخت سست کہنا ..... الغَنِيْمَةَ: مالِ غنیمت لوٹنا۔
أَنْهَبَ الرَّجُلُ مَالَهُ: لوٹنے کا موقع دینا۔ أَنْهَبَهُ المَالَ: لٹا دینا۔
تَنَاهَبَتِ الإِبِلُ الأَرْضَ: ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تَنَاهَبَ الفَرَسَانِ: باہم لوٹنا اور دوڑنے میں مسابقت کرنا۔
اِنْتَهَبَ الفَرَسُ الشَّوْطَ: غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَوَادٌ يَنْتَهِبُ الغَايَةَ" گھوڑا جو غایت تک مسابق ہوتا ہے "وَانْتَهَبَ النَّهْبَ" مالِ غنیمت کو لینا۔
النَّهْب: مص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَانُ النَّهْبِ" یہ لوٹ کا وقت ہے۔ غنیمت۔ ہر وہ چیز جو لوٹی جائے۔ ج نِهَابٌ. النَّهْبُ: ایک قسم کی دوڑ۔
النُّهْبَة و النُّهْبَى و النُّهَيْبَى و النُّهَيْبَى: لوٹ: لوٹی ہوئی چیز۔
النَّهَّاب: بہت لوٹنے والا۔
المِنْهَب: دوڑ میں فوقیت لے جانا والا گھوڑا۔
المُنْتَهَب: مصدر میمی بمعنی انتہاب۔ لوٹ کی

.....الشَّيُ: خوشبو پھیلنا۔ نَمَّتِ الرِّيحُ: ہوا کا بُو کو لانا۔
النَّام: فا۔ ج نُمَام.
النَّامَّة. النَّمَّام: کا مؤنث۔ حس۔ حرکت۔ زندگی۔ کہا جاتا ہے "اَسْكَتَ اللّٰهُ نَامَّتَهُ" یعنی اللہ اسے موت دے۔
النُّمّ: مص۔ چغل خور۔ ج نُمُوْن وَاَنْمَاء ونُمّ.
النُّمَّام: چغل خور۔ ایک خوشبودار تم کی نباتات۔ واحد نُمَّامَةٌ.
النَّمَّة. نُمّ: کا اسم مرۃ۔ نُمّ کا مؤنث۔ سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ اور کہا جاتا ہے "نَمِغْتُ نَمَّتَهُ" میں نے اس کی حرکت سنی۔
النِّمَّة. نُمّ: کا اسم نوع۔ جوں۔
النُّمِّيُ: خیانت۔ عیب۔ دشمنی۔ طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔ نُمِّيُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ نُمِّيٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔
النَّمِيَّة. نُمِّي: کا واحد۔ فاختہ۔ طبیعت۔
النَّمُوْم: چغل خور۔
النَّمِيْم والنَّمِيْمَة: چغل خوری۔ حرکت۔ لکھنے کی آواز۔ لکھائی۔ گفتگو کی نرم آواز۔ ج نَمَائِم.
النَّمْم: چغل خوری۔
المِنَمَّم: چغل خور۔
النَّمْءُ والنَّمَاءُ: چھوٹی چھوٹی جوئیں۔
نَمَرَ (ن) نَمْرًا فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
نَمِرَ (س) نَمَرًا الرَّجُلُ: غضبناک و بدخلق ہونا..... السَّحَابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔
نَمَرَ ونَمَّرَ: غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔
نَمَّرَ وَجْهَهُ تَنْمِيْرًا: ترش رُو کر دینا۔
اَنْمَرَ: صاف پانی پانا۔
تَنَمَّرَ: عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا..... لِفُلَانٍ: بگڑنا۔ خفا ہونا۔ دھمکی دینا۔

دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا۔
النَّامِرَة والنَّامُوْرَة: بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کے لئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔
النَّامُوْر: خون۔
النَّمِر والنِّمْر والنَّمَر: چیتا اور اس کی کنیت اَبُو الاَبْرَد اور اَبُو الاَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں۔ ج اَنْمُرٌ واَنْمَار ونُمَرٌ ونِمَارٌ ونِمَارَةٌ ونُمُوْرٌ ونُمُوْرَةٌ ونُمُرٌ" کہا جاتا ہے "لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَّمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا۔
النَّمِر: صاف پانی۔ خالص حسب۔ بہت مِنَ الْمَاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو۔ ج اَنْمَار.
النُّمْرَة: داغ۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِهٖ" ج نُمَرٌ.
النَّمِرَة. النَّمِر: کا مؤنث۔ مادہ چیتا۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں۔
النَّمِرَة: بھیڑیئے کو شکار کرنے کے لئے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔ چتکبرا رنگ۔ دھار کی دار چادر۔ اُون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں۔ ج نِمَارٌ.
النَّمِيْر: صاف پانی۔ خالص حسب۔ کہا جاتا ہے مَاءٌ نَمِيْرٌ وحَسَبٌ نَمِيْرٌ: بہت..... مِنَ الْمَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو۔
الاَنْمَر: سیاہ و سفید داغ والا..... مِنَ الْخَيْلِ والنَّعَمِ: داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں۔ مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَنْمَرُ" وہ شیر جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔
طَيْرٌ مُنَمَّرٌ: کالے کالے نقطے والا پرند۔
النُّمْرُق والنُّمْرُقَة والنَّمْرَق والنَّمْرَقَة والنِّمْرَق والنِّمْرِقَة: چھوٹا تکیہ۔ زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا۔ النِّمْرِقَة: پھٹے پھٹے بادل۔
نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِّرَّ: بھید چھپانا..... الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا..... بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔
نَمِسَ (س) نَمَسًا السَّمْنُ وكُلُّ طِيْبٍ ودُهْنٍ: گھی خوشبو اور تیل کا خراب ہونا۔ بگڑنا۔ صفت نَمِسٌ.
نَمَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: ملتبس کرنا۔ خلط ملط کرنا..... الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا..... السَّمْنُ او الْجُبْنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔ صفت مُنَمِّسٌ.
نَامَسَ مُنَامَسَةَ الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا..... فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا۔
اَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔
تَنَمَّسَ الْاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ خلط ملط ہونا۔
.....الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا۔
اِنْمَسَّ انْمِسَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا..... فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔
النَّامُوْس: رازدار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوْسُ الْاَمِيْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔ حاذق۔ جھوٹا۔ چغل خور۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ راہب کی کوٹھری۔ جال۔ مکر و فریب۔ حیلہ نہانی۔ چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔ شیر کی جھاڑی ج نَوَامِيْس.
النَّامُوْسُ الْاَكْبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل)
النَّامُوْسَة: شیر کی جھاڑی۔ مچھر۔
النَّامُوْسِيَة: مچھر دانی (دخیل)
النِّمْس: چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ ج نُمُوْس.
النَّمَس: گھی و خوشبو کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔
النَّمَسَة: بدبو۔

النَّكْزُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔
النَّاكِزُ: فا۔ بِئْرٌ نَاكِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو۔ ج نَوَاكِز۔
النَّكْز: رذیل اوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (..... والمُنْكِز) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَكْزًا وَمُنْكِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئْرٌ نَكِزٌ: کم پانی والا کنواں۔
النَّكَّاز: اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو منہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَكَاكِيز ونَكَّازَات۔
البِئْرُ النَّكُوز: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو ج نُكُز کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِمَنْكَزَةٍ مِنَ العَيْشِ: فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَكَسَهُ (ن) نَكْسًا: اوندھا کر دینا۔ نَكَسَ رَأْسَهُ: ذلت سے سر جھکانا..... الطَّعَامُ وَغَيْرُهُ دَاءَ المَرِيضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا..... السِّخْلَةَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَكَسْتُ فُلَانًا فِي ذَلِكَ الأَمْرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُكِسَ المَرِيضُ: دوبارہ بیمار ہونا..... الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا..... الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِهِ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَكَّسَهُ تَنْكِيسًا: اوندھا کرنا۔ نَكَّسَ الفَرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت مُنَكِّس۔
تَنَكَّسَ: اوندھا ہونا۔
اِنْتِكَاس: سر کے بل گرانا..... المَرِيضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاكِس: فا۔ سر جھکانے والا مرد۔ ج نَوَاكِس (شاذ)
النُّكَاس: صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔
النُّكْس: صحت یابی کے بعد مریض کا عود کرنا۔ گرتے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا اور کہا جاتا ہے نَعْسًا لِفُلَانٍ و نُكْسًا او ونَكْسًا کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لئے ہلاکت و سرنگونی ہو۔
النِّكْس: تیر کہ جس کا سر ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو۔ کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنا لیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و بیچ و بے برکت مرد۔ پستہ قد۔ کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج انْكَاس۔
النُّكُس: بہت بوڑھے لوگ۔ واحد نَاكِس۔
المُنْكِس: فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے۔
المَنْكُوس: مفع۔ دوبارہ بیمار ہونے والا۔
مِنَ الأَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں فُوسٌ مَنْكُوسَةٌ: کمان کہ جس میں شہی کے سرے کو نچلا حصہ بنا لیں۔
نَكَشَ (ن ض) نَكْشًا البِئْرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا..... الشَّيْءَ: فنا کر دینا..... الشَّيْءُ و مِنَ الشَّيْءِ: فارغ ہو جانا۔
اِنْتَكَشَ البِئْرُ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا۔
المِنْكَش: معاملات میں خوب غور کرنے والا۔
المِنْكَاش: کنواں صاف کرنے کا آلہ۔ ج مَنَاكِيش۔
المَنْكُوش: مفع۔ سَفَطٌ مَنْكُوشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو۔
نَكَصَ (ن ض) نَكْصًا ونُكُوصًا ومَنْكَصًا عَنِ الأَمْرِ: رک جانا۔ صفت نَاكِصٌ نَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)
نَكَّصَهُ: ہٹا دینا۔
اِنْتَكَصَ الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا۔
المَنْكَصُ: مفع۔ ہٹنے کی جگہ۔
نَكِظَ (ن) نَكَظًا: بہت بھوکا ہونا۔ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
نَكِظَ (س) نَكَظًا: اپنی ضرورت میں جلدی کرنا..... لِلْخُرُوجِ: نکلنے کے لئے جلدی کرنا۔
الرَّجِيلُ: قریب ہونا۔
نَكَّظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔ نَكَظَ حَاجَتَهُ: دشوار کرنا۔
اَنْكَظَهُ. عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
تَنَكَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا..... عَلَى فُلَانٍ: بخل کرنا..... الأَمْرُ عَلَيْهِ: پیچیدہ ہونا۔
النَّكْظُ والنَّكَظُ والنَّكْظَة والنَّكَظَة والمَنْكَظَةُ: کوشش۔ سفر کی تختی۔ جلدی۔
نَكَعَهُ (ق) نَكْعًا عَنِ الأَمْرِ: جلدی کرانا یا روکنا..... فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا..... فُلَانًا حَقَّهُ: حق روک دینا..... نَكْعًا وتَنْكَاعًا) المَاشِيَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا..... فُلَانٌ عَنِ الخَاجَةِ: سستی کرنا۔ اور مَا نَكَعَ: بمعنی مَا زَالَ: افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا أَدْرِي أَيْنَ نَكَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
نَكِعَ (س) نَكَعًا: چپٹی ہوئی ناک والا ہونا۔
نَكَّعَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹا دینا۔ جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا۔
اَنْكَعَهُ: رد کرنا۔ دفع کرنا۔ تھکانا۔ عَنِ الأَمْرِ: جلدی کرانا۔ ہٹانا۔ اَنْكَعَتْ فُلَانًا بُغْيَتُهُ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْكَعَهُ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "وَشَرِبَ فَانْكَعَهُ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی۔
النَّكِع: مرد سرخ فام۔ چپٹی ہوئی ناک والا۔ کہا جاتا ہے "أَحْمَرُ نَكِعٌ" یعنی بہت سرخی والا۔

نَاكِبَةٌ: مونڈھے کے مقابل ہونا۔
نَكَبَ عَنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا ..... عَلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا ..... كِنَانَتَهُ او قُوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "نَكَبْتُ عَنِّيْ وَجْهِيْ" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔
اِنْتَكَبَ الرَّجُلُ كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔
النَّكْب: مص۔ مصیبت۔ ج نُكُوب.
النَّكِب: وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
النُّكْب: مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔
الاَنْكَبُ: جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مردِ ستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْكَبُ عَنِ الْحَقِّ وَنَاكِبٌ عَنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔
النَّكْبَاء. الاَنْكَبُ: کا مؤنث۔ رِيْحٌ نَكْبَاء: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكُبٌ وَنُكْبَاوَات. نُكُبُ رِيَاح: چار ہیں۔
الاَزْيَب: صبا اور جنوب کے درمیان۔ ۲۔ الصَّابِيَة: صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُكَيْبَاء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کے لئے ہے اس لئے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے ہیں۔ ۳۔ الْجَرْبِيَاء: شمال اور دبور کے درمیان اور الْهَيْف: جنوب اور دبور کے درمیان۔
النَّكْبَة. نَكَبَ: کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَكَبَات.
النَّكْبَة: غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُكَب.
النَّكِب: کھرکا گرداگرد۔
المِنْكَاب: مردِ ستم گار و جفا کار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْكَابٌ عَنِ الْحَقِّ: حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔
المَنْكِب: مونڈھا۔ ج مَنَاكِب کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاكِبُ وَالرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هُزَّ مَنْكِبَهُ لِكَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَفُلَانٌ مُعِيٌّ عَلَى حَدِّ مَنْكِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْكِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِيْ مَنْكِبٍ مِنَ الاَرْضِ او الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔
المَنْكِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار ..... مِنَ الاَرْضِ: راستہ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْكِبُ الْجَوْزَاءِ وَمَنْكِبُ ذِي الْعِنَانِ وَمَنْكِبُ الْفَرَسِ: ستاروں کے نام۔
المَنَاكِب. مَنْكِب: کی جمع ..... فِيْ رِيْشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
المَنْكُوب: مفع۔ مصیبت زدہ (..... النَّكِب) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
نَكَتَ (ن) نَكْتًا الاَرْضَ بِقَضِيْبٍ او بِاِصْبَعِهٖ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا ..... النَّاسُ بِالْحَصٰى: زمین پر کنکری پھینکنا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کا اُچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الْفَرَسُ يَنْكُتُ" گھوڑا اُچھلتا ہوا گزرا ..... العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا ..... فُلَانًا: سر کے بل گرانا اور اسی سے ہے "لَاَنْكُتَنَّ بِكَ الاَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرا دوں گا ..... كِنَانَتَهُ: ترکش سے کھیر دینا۔
نَكَتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا ..... فِيْ قَوْلِهٖ: نکتہ چینی کرنا۔
اِنْتَكَتَ: سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَكَتَهُ فَانْتَكَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔
النُّكْتَة: داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُكَتٌ وَنِكَاتٌ. النُّكْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ، مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔
النُّكَات: بڑا نکتہ چیں، بڑا آہ گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔
النُّكِيْت: مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔
المَنْكُوْت: مفع۔ سر کے بل گرا ہوا۔
نَكَثَ (ن ض) نَكْثًا الْعَهْدَ او الْبَيْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا ..... الْحَبْلَ او الْكِسَاءَ: رسّی یا کمبل ادھیڑنا ..... المِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔
تَنَاكَثُوْا. عُهُوْدَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔
اِنْتَكَثَ. الْحَبْلُ وَغَيْرُهُ: رسّی وغیرہ کو اُدھیڑا جانا ..... السِّوَاكَ: کوچی بننا ..... فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلٰى اُخْرٰى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔
النُّكَاث: پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔
النُّكَاثَة: رسّی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔
النِّكْث: دوبارہ کاتنے کے لئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْكَاث کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِكْثٌ وَاَنْكَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسّی۔
النَّكِيْث: ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَكِيْثَة.
النَّكِيْثَة: نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَكِيْثَةَ فِيْهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِيْهِ نَكِيْثَتَهُ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَوَقَعُوْا فِي النَّكِيْثَةِ" وہ مشکل

"جَاءَا فِيْ نِفَافٍ وَّاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِفَاف: اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں اور کہا جاتا ہے "اَلْيَوْمَ فِحَافٌ وَغَدًا نِفَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔

النِّفْف والنَّفْنَف: بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔

النَّفَفَة: پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَّفَّاف: اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَفَّافٌ: مَرد دور اندیش۔

النَّفْنَفَة: سوال کرنے میں حریص۔

النَّفِيف: تند جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُفُفٌ۔

المِنْفَاف: پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔

المَنْفُوف: مفع۔ زرد رو۔ دبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْفُوفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْفُوفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔

نَفَلَ (ن) نَفْلاً الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا..... خُفَّ البَعِيْرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا..... الكَلَامَ عَنْ فَائِلِهِ: روایت کرنا..... الكِتَابَ: نقل کرنا..... الكِتَابَ إِلَى لُغَةٍ كَذَا: ترجمہ کرنا۔

نَفَّلَ. الشَّيْءَ: زیادہ منتقل کرنا..... الخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ نَفَّلَتِ الشَّجَّةُ العَظْمَ: زخم کا ہڈی توڑنا..... فُلَانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)

نَافَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑتے میں پتھروں سے بچنا۔ نَافَلْتُهُ الحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَافَلَهُ الأَقْدَاحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَافَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَافَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔

اِنْتَقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔

تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا..... الرَّجُلَ: نقل کھانا۔

تَنَافَلُوْا الحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے نقل کرنا۔

اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ: منتقل ہونا۔

فُلَانٌ إِلَى رَحْمَةِ اللّٰهِ او إِلَى رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَفَلَ الفَرَسُ: چلتے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔

النَّافِل: فا۔ ج نَافِلُوْنَ ونَفَلَةٌ۔

النَّافِلَة. النَّافِل: کا مؤنث ج نَوَافِل. ونَوَافِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔

النَّاقِلَة مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔ نَوَاقِلُ العَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔

النِّفَال: مصدر نافل: چوڑے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَفَلَةٌ. النِّقَال: اونٹ کا بغیر کسی کے خود بینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الإِبِلُ بِقَلَاةً" اونٹ نے خود بخود پانی پیا۔

النَّقَّال: اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نُقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

النَّقْل: مص۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نُحِلَ نَقْلٌ وخُفَّ نَقْلٌ" النَّقْل والنُّقْل: وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْل ونُقُوْلَات: مختصر راستہ۔

النَّقْل عِنْدَ أَهْلِ العَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لئے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لئے وضع کرنا۔

النِّقْل: پرانا جوتا یا چمڑی موزہ۔

النَّقْل: پرانا جوتا یا چمڑی موزہ۔ ج أَنْقَال

ونِقَال. النَّقْل: شور وشغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشُ سَهْمِيْ بِنَقْلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔

مَكَانٌ نَقِلٌ: چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔

رَجُلٌ نَقِلٌ: حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔

النَّقْلَة: نَقَل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔

النُّقْلَة: اسم ہے بمعنی انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ.

النِّقْلَة. نَقَل: کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبرسنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ.

النَّقِيل: مسافر (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيلٌ و امْرَأَةٌ نَقِيلٌ" مسافر مرد مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُوْ نَقِيلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے

النَّقِيل: مختصر راستہ۔ جوتے۔

النَّقِيلَة: مسافر عورت۔ جوتہ یا چمڑی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِل ونَقِيلٌ.

فَرَسٌ مُنَاقِلٌ ونَقَّالٌ ومِنْقَالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

المُنْقَل: پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا۔ یا پرانا چمڑی موزہ۔

المَنْقَلَة: سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔ أَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔

المِنْقَلَة: نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِل. والمِنْقَلَةُ عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔

نَقَمَ (ض) ونَقِمَ (س) نَقْمًا وبِنَقَامًا مِنْ فُلَانٍ: سزا دینا..... الأَمْرُ عَلَى فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا

عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ نَقْصٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَ عَقْلِهٖ" اور "دَخَلَ عَلَيْهِ نُقْصَانٌ فِيْ دِيْنِهٖ وَعَقْلِهٖ" نہیں کہا جاتا۔

النُّقْصَان: مص۔ گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "لُفَضَائَهُ كَذَا وَ كَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔

النَّقِيْض: خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔

النَّقِيْصَة: عیب گیری۔ بری خصلت ج نَقَائِص.

اَلْمُنَاقَضَة: ٹینڈر۔

المَنْقَصَة: کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِص.

نَقَضَ (ن) نَقْضًا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا .....العَظْمَ: ہڈی توڑنا.....الحَبْلَ: رسی کھولنا.....اَلْعَهْدَ او الْاَمْرَ: مضبوطی کے بعد خراب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَهٗ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔

نَقَضَ (ن ض) نَقْضًا الْمَفْصِلَ او الْاِدِيْمَ و نَحْوَهُمَا: جوڑ یا چمڑے کا تڑ تڑ کرنا۔

نَاقَضَ مُنَاقَضَةً وِنِقَاضًا قَوْلُهُ الثَّانِيْ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ: مخالف ہونا۔

اِنْتَقَضَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا آواز نکالنا۔

اِنْقَضَّ اَصَابِعَهٗ: انگلیاں چٹخانا.....الْكَمْأَةَ وَغَيْرَ الْكَمْأَةِ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا بالْمِعْزِ: بکری کو ہانکنا.....الْحِمْلَ الظَّهْرَ: بوجھل کرنا(.....وَنَقْضُ الْكَمْءِ) سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ وَنَقْضُ الْاَرْضِ: مٹی علیحدہ کر دینا۔

نَقْضُ الدَّمِ: خون ٹپکنا.....الْجُرْحُ: زخم سے خون بہنا.....الْحَبْلُ: رسی کا کھل جانا .....الْبَيْتُ: تڑ کنا۔ تَنَقَّضَتْ عِظَامُهٗ: ہڈیوں سے آواز نکلنا.....الْاَرْضُ عَنِ الْكَمْأَةِ: زمین کا پھٹنا۔

تَنَاقَضَ الْبِنَاءُ او الْحَبْلُ: عمارت کا تڑ کنا یا رسی کا کھلنا.....الْقَوْلَانِ: ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَاقَضَا الْبَيْعَ: بیع کو باہم توڑنا۔

اِنْقِضَاضُ الْبِنَاءِ: عمارت کا تڑ کنا..... الْحَبْلُ: رسی کھلنا.....الْجُرْحُ بَعْدَ بُرْئِهٖ: زخم کا خراب ہونا.....الْاَمْرُ بَعْدَ الْبِنَاءِ: فساد ہونا۔ بگڑنا۔ اِنْتِقَاضُ الطَّهَارَةِ: طہارت کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَقَضَ عَلَيْهِ الْبَلَدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔

النَّقَاضَة: بٹی ہوئی رسی کا جو حصہ کھول دیا جائے۔

النَّقْض: مص۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔

النِّقْض: عمارت۔ ملبہ۔ کثرت سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔ زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج اَنْقَاض وَنُقُوْض.

النُّقْض: عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج اَنْقَاض وَنُقُوْض.

النُّقَض: کشتی کا ایک پیچ۔

النَّقَض: خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔

النُّقْضَة. نقض: کا اسم مرۃ۔

النِّقْضَة. نقض: کا اسم نوع۔ کثرت سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ نِقْضَةٌ. ج اَنْقَاض.

النَّقِيْض: مخالف۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هُوَ نَقِيْضُكَ" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث نَقِيْضَةٌ النَّقِيْضُ مِنَ الْاَدَمِ وَ الرَّحْلِ وَالْوَتَرِ وَالْاَضَابِعِ وَالْاَضْلَاعِ وَالْمَفَاصِلِ وَنَحْوِهَا: برعکس۔ مخالف۔ آواز۔

النَّقِيْض: چوزے بچھو مینڈک عقاب شتر مرغ کی آواز۔ نَقِيْضُ السَّقْفِ: چھت کی چرچراہٹ۔ نَقِيْضُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "كُلُّ اِنْسَانٍ حَيَوَانٌ بِالضَّرُوْرَةِ" تو اس کی نقیض انہ لیس کذلک ہوگی۔

النَّقِيْضَان: دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب وسلب۔

النَّقِيْضَة: پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مُنَاقَضَة کا

وَالنَّقِيْضَةُ فِي الشِّعْرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ نَقِيْضَةُ قَصِيْدَةِ فُلَانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نَقَائِضُ جَرِيْرٍ وَ فَرَزْدَقٍ.

التَّنَاقُض: مص۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِيْ كَلَامِهٖ تَنَاقُضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نَقَطَ (ن) نَقْطًا الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نَقَّاط اور صفت مفعولی مَنْقُوْط (.....وَنَقَطَ) بِهِ الزَّمَانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ وَنَقَّطَ الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نَقَّطَ ثَوْبَهٗ بِالْبِذَادِ او الزَّعْفَرَانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تَنَقَّطَ الْمَكَانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا .....فُلَانٌ الْخَبَرَ: آہستہ آہستہ لینا۔

تَنَقَّطْتُ الْخُبْزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

النَّاقِط: فا۔ غلام کا غلام۔

النَّقْطَة. نقط: کا اسم مرۃ۔

النُّقْطَة. نقطه: فل اشاپ۔ ج نِقَاط ونُقَط کہا جاتا ہے "بِقَاطٌ او نُقَطٌ مِنَ الْحَلَا" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وَمَا اخْتَلَفُوْا فِيْ نُقْطَةٍ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔ نُقْطَةُ الدَّائِرَةِ: دائرہ کا مرکز۔

النَّقِيْط: غلام کا غلام۔

المَنْقُوْط: مفع۔ اَلْمَنْقُوْطُ مِنَ الشِّعْرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ كِتَابٌ مَنْقُوْطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا: آواز بلند کرنا.....

الْجَيْبَ: گریبان پھاڑنا.....فُلَانًا: قتل کرنا

کرنا۔ اِنْتَقَرَهٗ وَانْتَقَرَ بِهٖ: قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا..... اَلنَّقْرُ وَبِالْقَوْمِ: خاص خاص لوگوں کو بلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا نَقْرًا: گھوڑوں نے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السُّيُوْلُ نَقْرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: لکھنا۔

النَّاقِرُ: فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَوَاقِر۔

النَّاقِرَةُ النَّاقِر: کا مؤنث۔ مصیبت۔ درست دلیل۔ ج نَوَاقِر اور کہا جاتا ہے "اَتَتْنِيْ غُبْنَةٌ نَوَاقِر" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔

"وَاَخْطَأَتْ نَوَاقِرُهٗ" یعنی وہ راہ راست پر مستقیم نہیں رہا۔ "وَبَيْنَهُمْ نَاقِرَةٌ وَنَقِرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَّاقُوْر: صور یا بگل۔ دل۔ ج نَوَاقِيْر۔

النُّقَارَة: پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ عِنْدِيْ نُقَارَةً اِلَّا انْتَقَرَهَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَّقْر: مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔

النَّقْر: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَّقِر: غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِرٌ عَلَيْكَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔

نُقْرَه: کی بیماری میں مبتلا اور کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ بِمَوْضِعِ كَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔

النَّقَر: مص۔ کہا جاتا ہے "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْغَقَرِ وَالنَّقَرِ" میں لنجا پن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَّقْرٰى: عیب اور یہ نقر: فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوْتُهُمُ النَّقْرٰى" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔ اور اس کے مقابلے میں "الخفلی" ہے جس کے معنی دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَّقْرٰى" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَّقْرَة. نقر: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنَابَهٗ نَقْرَةٌ" اس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغْنٰى عَنِّيْ نَقْرَةً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِّقْرَة: گفتگو میں لوٹ پھیر اور جھگڑا۔

النُّقْرَة: چھوٹا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔ آنکھ کا گڑھا۔ سرین کے وسط کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔ پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ ج نُقَرٌ وَنِقَارٌ.

النُّقْرَة. النَّقَر: کا مؤنث۔ پست زمین میں بلند جگہ۔

النُّقْرَة: ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَّقَّار: اسم مبالغہ۔ امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔ رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔ اس کے پیشہ کو النِّقَارَة کہتے ہیں۔ النُّقَار: ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھتا ہے اور سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے۔

النُّقَارَة. النُّقَار: کا مؤنث۔

النَّقِيْر: آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔ تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔ النِّقِيْر: اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيْمُ النِّقِيْرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔ بہت محتاج' ایک کالے رنگ کی مکھی۔ ج اَنْقِرَة.

النِّقِيْرَة: چھوٹی کشتی۔

الاَنْقُوْر: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَّقْنَقِيْر: مص۔ سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنْقَر: کدال۔ چھینی۔ ج مَنَاقِر.

المِنْقَر والمُنْقَر: شراب بنانے کے لئے لکڑی کا کھدا ہوا برتن۔ ج مَنَاقِيْر (خلاف قیاس) تنگ منہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنْقِر: بہت کھٹا دودھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُنْقَرُ الْغَيْنِ وَمُنَقِّرُهَا" وہ دھنی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنْقَار: کدال۔ چونچ۔ المِنْقَار: چرمی موزہ کی نوک مِنْقَارُ الدَّجَاجَةِ وَمِنْقَارُ الْغُرَابِ: دو ستاروں کے نام۔ وَمِنْقَارُ الْغُرَابِ: مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخْرَم بھی کہتے ہیں۔

نُقْرُد نَقْرَدَةٌ فِي الْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مُنَقْرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِّقْرِس: پیر کے جوڑوں کا آماس۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس.

النِّقْرِيْس: ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقْزًا وَنَقَزَانًا وَنِقَازًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ صفت نَاقِزٌ. نَقَزَهٗ عَنْهُمْ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَقَّزَتِ الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچے کا اُچھلنا۔ نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنْقَزَ الرَّجُلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال جمع کرنا۔ نُقَاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔ اَنْقَزَ عَدُوَّهٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا..... عَنِ الشَّيْءِ: رُکنا۔ باز رہنا۔ اِنْتَقَزَتِ الشَّاةُ: نُقَاز: کی بیماری والی ہونا۔ اِنْتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: ردی مال دینا۔ اِنْتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الْاِبِلِ: کسی کے لئے بُرے اونٹ پسند کرنا۔ کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ وَذُوْ نَاقِزٍ گھٹیا عطیہ۔

النَّاقِزَة. النَّاقِزُ کا مؤنث۔ ج نَوَاقِز. نَوَاقِزُ الدَّابَّة: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُّقَاز بِالضَّمِّ: طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النَّقَر: خسیس مال۔ گھٹیا قسم کے لوگ۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الْخُفُّ الْمَلْبُوْسُ: پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا ..... النَّبِيْرُ: اونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا ..... الرَّجُلُ: پہاڑی راستوں میں چلنا ..... فِي الْبِلَادِ: سیر کرنا۔ ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) بِقَابَةً ونِقَبَ (س) نَقَبًا ونُقِبَ (ک) نَقَابَةً عَلَى الْقَوْمِ: سردار قوم ہونا (نِقَابَةٌ او نَقَابَةٌ یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَةٌ بالکسر اسم ہے اور نَقَابَةٌ بالفتح مصدر ہے)

نَقَبَ فِي الْأَرْضِ: بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا ..... عَنِ الشَّيْءِ: خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

نَاقَبَهُ بِقَابًا وَمُنَاقَبَةً: مناقب پر فخر کرنا۔ نَاقَبَهُ نِقَابًا: رو در رو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اَلنَّقَبُ فِي الْأَرْضِ: ملک میں چلنا

اَلنَّبِيْرُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا .....

اَلرَّجُلُ: قوم کا سردار بننا ..... فُلَانٌ: گھسے ہوئے کھرے والے اونٹ کا مالک ہونا۔

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّيْءِ: تفتیش میں مبالغہ کرنا۔

تَنَقَّبَتِ وَانْتَقَبَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔

اَلنَّقْبُ: مص۔ سوراخ۔ پہلو کا زخم (..... والنُّقْبُ) پہاڑی راستہ ج نِقَاب وانْقَاب ونُقْبُ الْعَيْنِ: موتیابند کا علاج۔

اَلنَّقْبُ والنُّقْبُ والنَّقَبُ: کھجلی۔

اَلنِّقْبَةُ: نقاب ڈالنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔ نیز کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَيْهِ نِقْبَةً مِنْ كَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے۔

اَلنُّقْبَةُ: ابتدائی خارش۔ زنگ۔ رنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ ج نُقَب۔

الانْقَاب: کان (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

اَلنِّقَابُ: مص۔ بڑا عالم۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔ سخت زمین کا راستہ۔ پیٹ اور "فَرْخَانِ فِيْ نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اَلنَّاقِبُ: فا۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

اَلنَّاقِبَةُ. اَلنَّاقِبُ: کا مؤنث۔ مذکورہ بالا زخم۔

اَلنَّقَّابُ: کاموں میں گھسنے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

اَلنَّقِيْبُ: قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ قوم کا چودھری وسردار۔ نَقِيْبُ الْأَشْرَافِ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ: لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ ج نُقَبَاءُ النَّقِيْبُ: بانسری۔ ترازو کی زبان۔ چھدا ہوا۔ نَقِيْبٌ: کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہو تا کہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تا کہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آ جائیں اور کھانا نہ دینا پڑے۔

اَلنَّقِيَّةُ: مؤنث النَّقِيْبُ: نفس۔ عقل۔ طبیعت۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَضْمُوْنُ النَّقِيَّةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

اَلْمَنْقَبُ: جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

اَلْمَنْقِبُ: پہاڑی راستہ۔ ج مَنَاقِبُ۔

اَلْمِنْقَبُ: پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔ (..... والْمِنْقَبَةُ) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

اَلْمَنْقَبَةُ: پہاڑی راستہ۔ دو مکانوں کے درمیان تنگ راستہ۔ دیوار۔ عمدہ فعل۔ فخر۔ ج مَنَاقِبُ. مَنَاقِبُ الْإِنْسَانِ: عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

اَلْمُنَاقَبَةُ: محنت کشوں کی پارٹی اپنے حقوق مشرکین کے دفاع کے لئے۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا وانْتَقَثَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا ..... اَلشَّيْءَ الْمَدْفُوْنَ: کھود کر نکالنا۔ نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الْأَمْرِ او السَّيْرِ: دوڑنا ..... الْحَدِيْثَ: بات میں گڑبڑ کرنا ..... فُلَانًا بِالْكَلَامِ: بات سے تکلیف پہنچانا ..... الْأَرْضَ بِيَدِهِ: کدال سے کھودنا ..... عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

تَنَقَّثَهُ: اپنی طرف مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔

تَنَقَّثَ ضَيْعَتَهُ: جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نَقَاثٌ: بجو۔

اَلنَّقْثُ: بجو۔ چغل خوری۔

نَقْنَقَ نَقْنَقَةَ الشَّيْخِ: بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا ونَقَّحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا ..... اَلْجِذْعَ: تنہ کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا ..... اَلشَّيْءَ: چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ وانْتَقَحَ الْكَلَامَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ نَقَحَتِ السِّنُّ الرَّجُلَ: کمزور کر دینا ..... وانْتَقَحَ الرَّجُلُ: قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ: چربی کم ہونا۔

اِنْتَقَحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

اَلنَّفْحُ: مص۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

اَلنَّفَحُ: خالص ریت۔

اَلتَّنْفِيْحُ: مص۔ ظہور۔ معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَفَحَهُ (ف) نَفْحًا: مارنا۔ نَفَحَ

نَفَطٌ اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النُّفَّاطُوْنَ بِمَنَافِيْهِمُ النُّفَّاطَاتِ" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النُّفَّاطَة: پھنسی۔

النُّفْطَان: کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النَّفِيْط والمَنْفُوْط: ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِيْطَة ومَنْفُوْطَة.

النَّفَاطِيْر: متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔ واحد نُفَّطُوْرَة.

نَفَعَهُ (ف) نَفْعًا بِكَذَا: نفع دینا۔

اِنْتَفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ بِهٖ ومِنْهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَهُ: فائدہ طلب کرنا۔

النَّفْع: فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَّفَاع والنَّفِيْعَة: منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَّفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَّفْعَة، نَفَع: کا اسم مرۃ۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفَعَات.

النِّفْعَة، نَفِع: کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع ونِفَع.

النَّفَاعَة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّافِع: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفْعِي: منفعی مذہب کا قائل النفعیۃ: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة: جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعَنِيْ فُلَانٌ بِنَافِعَةٍ" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَّفَّاع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَّفُوْع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُع.

المَنْفَعَة: ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع. مَنَافِعُ الدَّارِ: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفَقَتْ (ف) نَفْقًا ونُفُوْقًا ونَفَقَتْ (س) نَفَقًا وتَنَفَّقَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَاقًا ونَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّيْءُ: ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ البَيْعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَفَقَتِ السُّوْقُ: گرم بازار ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔ روح نکلنا..... الجُرْحُ: زخم کا پھٹ جانا۔

نَفَقَ (ن) ونَفِقَ (س) نَفَقًا اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً ونِفَاقًا فِيْ دِيْنِهٖ: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق. نَافَقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

اَنْفَقَ: محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا..... المَالَ: خرچ کرنا..... السِّلْعَةَ: سامان رائج کرنا..... القَوْمُ: رائج تجارت والی قوم ہونا ..... الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا..... اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد) .....

اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔

اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) .....

اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِسْتَنْفَقَ المَالَ: مال ختم کرنا۔

النَّفَق: سرنگ۔ ج اَنْفَاق.

النَّفِق: جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الجَرْيِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِّفَاق والمُنَافَقَة: مص۔ منافق کا فعل۔

النَّفَقَة، اِنْفَاق: کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات ونِفَاق وأَنْفَاق.

النَّافِق: فا..... مِنَ البَضَائِع: رائج سامان۔

النَّافِقَة. النَّافِق: کا مؤنث۔ مشک کا ناف۔

النَّافِقَاء ج نَوَافِق والنُّفَقَه والنُّفَقَاء: جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَيْفَق السَّرْوَال: پائجامہ کا نیفہ۔

المِنْفَاق: بہت خرچ کرنے والا۔

المُنَافِق: دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

المَنْفَقَة: باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "اَلْيَمِيْنُ الكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النَّفَكَة: کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نَفَلَ (ن) نَفْلًا: قسم کھانا..... الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نَفَلَهُ النَّفَل: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ الغَانِمُ الجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا..... الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِهٖ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهُ: قسم کھلانا۔ حصہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: رفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔ اَنْفَلَ لَهُ: قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ: نفل نماز ادا کرنا..... عَلٰى اَصْحَابِهٖ: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔ وتَنَفَّلَ مِنْهُ الشَّيْءَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَلَ: نوافل پڑھنا..... الشَّيْءَ مِنْ فُلَانٍ: طلب کرنا..... مِنَ الأَمْرِ

ونفسا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِیْسًا عَنْهُ الْکُرْبَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا نَفَّسَهُ فِی الْاَمْرِ: ترغیب دینا۔
نَافَسَ نِفَاسًا وَمُنَافَسَةً فُلَانًا فِی الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔ یا ہم مقابلہ کرنا..... فِی الشَّیْءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
اَنْفَسَ الشَّیْءُ: نفیس ہونا..... الشَّیْءُ فُلَانًا: پسند آنا..... فُلَانًا فِی الشَّیْءِ: رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ: سانس لینا..... الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا..... الْقَوْمُ: کمان کا چیخنا..... النَّهْرُ: نہر میں زیادہ پانی ہونا..... النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لمبی لمبی باتیں کرنا..... الرَّجُلُ فِی الْاِنَاءِ: برتن بغیر جدا کئے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اَنَّهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَتَنَفَّسُ فِی الْاِنَاءِ وَیَنْهٰی عَنِ التَّنَفُّسِ فِی الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تَنَافَسَ الْقَوْمُ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے لئے رغبت کرنا۔
النَّفْسُ: نفس۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وَفَقَ نَفْسُهُ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِیْمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّیْءِ: عَیْنُ شَیْءٍ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِیْ هُوَ نَفْسُهُ وَبِنَفْسِهِ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ: حقیقت امر۔ النَّفْسُ: عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
..... نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهُ: اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِیْ خَمْسَةُ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُسٌ وَنُفُوْسٌ اور کہا جاتا ہے "فِیْ نَفْسِیْ اَنْ اَفْعَلَ کَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلَانٌ یُؤَامِرُ نَفْسَهُ وَیُشَاوِرُهَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وَخَرَجَتْ نَفْسُهُ وَجَادَ بِنَفْسِهِ" یعنی وہ مر گیا۔
النَّفَسُ: مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَبْزَ وَاَنْتُمْ فِیْ نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو۔ اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ کِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِشْرَعْ مَا فِی الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج اَنْفَاس اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُوْنَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔ وَنَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ و نَفَسُ الشَّاعِرِ او الْمُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔
النِّفَاسُ: مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النُّفْسَةُ: مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَکَ فِی الْاَمْرِ نُفْسَةٌ" تمہارے لئے معاملے میں گنجائش ہے۔
النَّافِسُ: فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النَّفِیْسُ: بہت مال۔ شَیْءٌ نَفِیْسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِیْسٌ: حاسد مرد۔
مَالٌ نَفِیْسٌ وَمُنَفَّسٌ وَمُنَفَّسٌ: بہت مال۔
الْاَنْفَسُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ اَنْفَسُ مِنْ ذَاکَ" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وَهٰذَا الْمَکَانُ اَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وَهٰذَا اَنْفَسُ مَالِیْ" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النُّفَسَاءُ النُّفَسَاءُ والنِّفَاسُ: رُ چہ۔ مث نُفَسَاوَانِ. ج نِفَاسٌ و نُفُسٌ ونُفَّسٌ ونُفَّاسٌ ونَوَافِسُ ونُفَسَاوَاتٌ۔
النُّفُوْسُ: حاسد نگاہیں۔
الْمَنْفُوْسُ: نوپید بچہ۔ شَیْءٌ مَنْفُوْسٌ: مرغوب چیز۔
الْمُنْفِسُ: فا۔ بیش قدر چیز۔
الْمُتَنَفَّسُ: سانس لینے کی جگہ۔
نَفَشَ (ن) نَفْشًا ونَفَّشَ الْقُطْنَ او الصُّوْفَ: روئی یا اون دھننا۔
نَفَشَ نُفُوْشًا الْقَوْمُ: ارزانی میں ہونا۔
فُلَانٌ عَلَی الشَّیْءِ: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
نَفَشَتْ (ض ن) ونَفِشَتْ (س) نَفْشًا الْاِبِلُ او الْغَنَمُ: اونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لئے رات میں رنا۔ صفت نَافِشَةٌ ونَفَّاشٌ ونَوَافِشُ ونُفُشٌ اور اسم النَّفَشُ.
اَنْفَشَ الرَّاعِیُّ الْاِبِلَ: چرواہے کا اونٹ کو رات میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔
تَنَفَّشَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَتْ وانْتَفَشَتْ الْمِرْأَةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وانْتَفَشَ الصُّوْفُ: دھنی ہوئی ہونا۔
النَّفَشُ: دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعویٰ۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز و شاداب شہر۔
اِبِلٌ او غَنَمٌ نَفْشٌ: بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور عمل کا رات اور دن دونوں پر۔
النَّفِیْشُ: برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفْشٌ ونَوَافِشُ

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَعْجُنَۃ کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا وَنُفُخًا بِفَمِہٖ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِی النَّارِ وَنَفَخَ النَّارُ. نَفَخَ الضُّحٰی: بلند ہونا۔ نُفِخَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَیْہِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و"نَفَخَ الشَّیْطَانُ فِیْ اَنْفِہٖ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَہُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ: پھولنا۔

اِنْتَفَخَ: پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّیْءُ: بلند ہونا..... النَّھَارُ: دن چڑھنا..... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْنَفْخ.

النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ وَجَارِیَۃٌ نُفُخٌ."

النَّفْخَۃ: نفخ: کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَۃُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَۃُ الرَّبِیْعِ: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَّاخَۃ: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخَات.

النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرْمَۃٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخ: یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النُّفَیْخ: مص۔ جو خص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفُخَانُ وَاِنْفِخَانٌ وَاُنْفُخَانِیٌ وَاِنْفِخَانِیٌ" موٹاپے کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

النِّفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِیْخ وَمَنَافِخ. مَنَافِخُ الشَّیْطَانِ: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفْدًا وَنَفَادًا. الشَّیْءُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمِ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔ اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا..... القَوْمُ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَہٗ مُنَافَدَۃً: باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَدَ واِسْتَنْفَدَ الشَّیْءَ: نیست و نابود کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَہٗ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَدَ الحَقَّ: پورا حق لینا..... اللَّبَنَ: دودھ دوھنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّہٖ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَی القَاضِیْ: فیصلہ کے لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِدفاخصم مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُنْفِد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قُعُدٌ مُنْفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُنْفَد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِیْ ھٰذَا الشَّیْءِ مُنْفَدٌ عَنْ غَیْرِہٖ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "وَفُلَانٌ مُنْفَدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا ونُفُوْذًا ونَفَاذًا الشَّیْءُ الشَّیْءَ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّھْمُ الرَّمِیَّۃَ وَفِیْھَا وَمِنْھَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا..... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر جانا (نَفَذَ (ن) نُفُوْذًا وَنَفَاذًا) الاَمْرُ او القَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ المَنْزِلُ اِلَی الطَّرِیْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِیْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذٌ. نَفَذَ الکِتَابُ اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْھِہٖ: اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافِذَہٗ: فیصلہ کے لئے جانا۔

نَفِّذْ وَانْفُذِ السَّھْمُ الرَّمِیَّۃَ: تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا..... اِلْکِتَابَ اِلٰی فُلَانٍ: بھیجنا..... اَلْحَاکِمُ الاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا..... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا وَانْفُذْ عَھْدَہٗ: عمل میں لانا۔

تَنَافُذُ القَوْمِ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے حاکم کے پاس جانا۔

النَّفْذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَمْرُ بِنَفْذِ الکِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ پھٹن۔ نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ طَعْنَۃٌ لَھَا نَفْذٌ" یہ ضرب نیزہ ایسی ہے کہ آر پار ہے۔

النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طَرِیْقٌ نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّوَافِذ: یہ النَّافِذ: کا واحد ہے۔ نوافذ: جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک منہ وغیرہ۔

النَّافِذَۃ. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ اور کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ طَعْنَۃٌ نَافِذَۃٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.

النَّفَّاذ والنَّفُوْذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔

النُّفُذَۃ: مہرہ۔ ج نُفَذ.

النَّفِیْذ: نافذ۔ اَمْرٌ نَفِیْذٌ: مانا ہوا حکم۔

المَنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.

المُنْفِذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ ج

النَّغَاش والنَّغَاش والنُّغَاشِيُّ: بہت پست قد۔ النَّغَاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا الْبَعِيْرُ: سیراب نہ ہونا ..... الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا: پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نَغَّصَ وَانْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ وَنَغَّصَ عَيْشَهُ: زندگی مکدر کر دینا۔ وَنَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّهُ کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغْصٌ تَنْغِيْصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَضَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا وَنُغُوْضًا وَنَغَضَانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔
نَغَضُوْا اِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ..... الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغَضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا ..... السَّحَابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اِنْغَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَأْسَهُ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغِض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض: فا۔ ج نُغَّض. النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غُنْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلنے والا بادل (..... والنُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النُّغُوْض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَف: مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَةٌ. النَّغَف: خشک ریزے جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا وَنَغِيْقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّغَّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ..... الْجُرْحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهُ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ: کینہ رکھنا ..... بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ..... وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغَلَ (ک) نُغُولَةَ الْمَوْلُوْدُ: نسبت بگڑنا۔
النَّغْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة.
النَّغْل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغْل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النَّغْلَة: چغل خوری۔
النَّغْلُ وَالنَّغِلُ مؤنث نَغْلَةٌ وَنَغِلَةٌ وَالنَّغِيْلُ: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيْلَة: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) وَنَغَمَ (س) نَغْمًا وَنَغَّمَ وَتَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهُ مُنَاغَمَةً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم والنَّغَم: گانے میں سر۔ ج اَنْغَام اَنَاغِيْم اور اسی سے اَنْغَامُ الْمَوْسِيْقِي ہے۔

آہستہ گفتگو۔
النَّغَّام: بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة والنَّغَمَة. نغم: کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات.
النُّغْمَة: گھونٹ۔ ج نُغَم.
رَجُلٌ نَغُوْمٌ: اچھی آواز والا مرد۔
نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا وَنَغَى يَنْغِي نَغْيًا وَاَنْغَى اِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيُّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔
اَلْمَرْأَةُ: عشق بازی کرنا ..... الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ..... الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة: کلمہ۔
النَّغْوَة والنَّغِيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَة: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْبَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الْاَرْضُ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج نَفَائِيُّ.
النَّفِيَّة والنُّفَيَّة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النَّفِيف: اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفَاةٌ.
نَفَتَ (ض) نَفْتًا وَنَفَاتًا وَنُفُوْتًا وَنَافَتَ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوْت. نَفَتَ وَنَافَتَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ وَنَفَتَ الدَّقِيْقُ نَفْتًا:

کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَفَقَتُهُ وَقًا نِعِمًّا" (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعِمَ مَا دَفَقَتُهُ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلَتْ فَبِهَا وَنِعَمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نَعَمَتِ الفَعلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّیْءَ: نرم و نازک بنانا..... الرَّجُلُ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا..... القَوْمُ: لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ. الشَّیْءَ: نرم و نازک بنانا..... فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَاَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچانا القَوْمُ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَهُ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا..... اَنْعَمَ النَّظَرَ فِی الْمَسْأَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهُ کسی سے نَعَمْ: کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

تَنَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلُ: آسودہ حال بنانا..... الْحَبْلَ وَغَيْرَهُ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا..... قَدَمُهُ: مشغول کرنا..... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: ڈھونڈنا..... الدَّابَّةُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَنْتُمْ اَرْضُهُمْ فَتَنَعَّمُونِیْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

نَاعَمَ: خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ: کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعِمْ وَنِعِمَ وَنِعَامْ وَنَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنی قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد: ہوگا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کا جواب میں "نَعَمْ اَعِدُكَ بِضَرْبِهٖ" کے معنی میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہوگا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ: کے جواب میں نَعَمْ اُعْلِمُكَ بِقِيَامِهٖ کے معنی میں ہوگا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ.

النُّعْم: خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمٌ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

النَّعَم: اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام: ج اَنَاعِيْم.

النَّعْمَة: اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

النِّعْمَة: احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم وَاَنْعُم وَنِعَمات وَنِعْمات وَنِعْمات کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

النُّعْمَاء ج اَنْعُم وَالنُّعْمٰی: با برکت ہاتھ۔

وَالنُّعْمٰی: آرام۔ خوش عیشی، مال۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ نَعْمَ عَيْنٍ وَنُعْمَ عَيْنٍ وَنَعْمَةُ عَيْنٍ وَنُعْمَةُ عَيْنٍ وَنُعْمٰی عَيْنٍ وَنِعِيْمُ عَيْنٍ وَنَعَامُ عَيْنٍ وَنِعَامُ عَيْنٍ وَنُعَامٰی عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لئے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" تمہارے لئے آخری امر یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

النُّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعَامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام وَنَعَامَات وَنَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيَسْقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة: نفس، تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کچھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم پاتلو اور کہا جاتا ہے "نَفَرَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ كَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيْفُ النَّعَامَةِ" یعنی ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لئے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعَام: اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعَامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔ النَّعَائِم: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔

جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمَان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب خون شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ.

الْاِنْعَام: مص۔ انعام۔ ج انعامات.

گردن لمبی کرنا۔
النَعَب: مص۔ ض نَعْب: تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ: ج نَوَاعِب ونُعُوْب. ج نُعَّب ونَعَّابَة: تیز رفتار اُونٹنی۔
النَعَّاب: اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
المِنْعَب والمِنْعَب: تیز رفتار اُونٹنی۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔
نَعَّاب: چلانے والا۔ بے وقوف۔
نَعَتَهُ (ف) نَعْتًا: تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْكَلِمَةَ: کلمہ کے لئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعَتًا: تکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةَ الرَّجُلُ: خلقتہ عمدہ صفات والا ہونا..... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَهُ: تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَ الْمَرْأَةُ..... بِالْجَمَالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّيْءُ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَهُ الشَّيْءُ: بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعْت: مص۔ تعریف ج نُعُوْت.
النَّعْت والنَّعْتَة والنَّعِيْت والنَّعِيْتَة والمُنْتَعِت مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَيْءٌ نَعْتٌ" عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُعْتَةٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن جمال میں انتہا پر ہے۔
نَعَتَ (ف) نَعْتًا وانْتَعَتَ الشَّيْءُ: لینا۔
اَنْعَتَ فِيْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا..... الرَّجُلُ: سفر کے لئے سامان لینا..... القَوْمُ: کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعْتَلَ الشَّيْءُ: جمع کرنا..... الفَرَسُ فِيْ جَرْيِهِ: تیز دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔
النَعْتَل: بے وقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَعْتَلَة: بے وقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) ونَعِجَ (ن) نَعَجًا ونعوجا اللَّوْنُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا: اُونٹنی کا تیز دوڑنا۔ (نَعِجَ (س) نُعْجًا) النَعِجُ: اُونٹ کا موٹا ہونا..... الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ.
اَنْعَجَ القَوْمُ: موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَعْجَة: بھیڑ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَاتٌ.
ونِعَاجُ الرَّمْلِ: گانے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوْقِ: سفید عورت یا اُونٹنی۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ: تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ نَاعِجَةٌ: ہموار نرم زمین۔ ج نَوَاعِج.
النَعَج: مص۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعْرًا و نَعَارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا..... الجَرْحُ بِالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِيْ قَفَا الْإِفْلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا فِي الْبِلَادِ: جانا..... القَوْمُ: جوش وخروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا..... اِلَى فُلَانٍ: آنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ نَعَرْتَ اِلَيْنَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِي الْاَمْرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا..... الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا الْحِمَارُ او الفَرَسُ: ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَّرَ السَّهْمُ: سیدھائی معلوم کرنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
اَنْعَرَ الْاَرَاكُ: درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النَّعْرَة والنُّعَرَة: تکبر۔ غرور۔ ہتم بالشان کام۔
النُّعْرَة والنُّعَرَة: ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔ النُّعَرَة: ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ ونُعَرَاتٌ.
النَاعِر: فا۔ کہا جاتا ہے "كُلَّمَا نَعَرَ بِهِمْ نَاعِرٌ اِتَّبَعُوْهُ" جب بھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَعِر: وہ شخص جو ایک جگہ پر ثابت نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ.
النَّعِيْر: مص۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ وپکار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِيْرُ الْهَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَعَّار: نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانے والا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ. اِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ: شور مچانے والی۔ بدزبان عورت۔ النَعَّار: ایک قسم کا پرندہ۔
النَعَّار والنَّعُوْر والنَّاعُوْر: رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَاعُوْر: چکی کا پہلو۔ النَّعُوْر مِنَ الرِّيَاحِ: گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ نِيَّةٌ نَعُوْرٌ: دور کی نیت۔
النَعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْنَ: دستے والا مٹی کا آب خورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُوْر والنَّاعُوْرَة: رہٹ۔ ج نَوَاعِيْر.
نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ: اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ. ج نُعَّس. صفت مؤنث نَاعِسَةٌ ج نَاعِسَات ونَوَاعِس. نَعَسَ جِسْمُهُ او رَأْيُهُ: جسم یا رائے کا نرم وکمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا۔
اَنْعَسَهُ: سلانا..... فُلَانٌ: سست ہیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ: بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا

اَلْمُنْطَقُ: (علم حساب)۔
اَلْمُنْطَق: عالی مرتبہ۔ گرامی قدر اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْطَقاً حِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔
اَلْمَنْطُوْق عِنْدَ الْاُصُوْلِيِّيْن: مفہوم مخالف کے خلاف۔
نَطَلَ (ن) نَطْلاً اَلْخَمْرَ: نچوڑنا (..... ونَطَّلَ) رَاسَ النَّعِيْلِ بِالنَّطُوْلِ: تیز کرنا۔ آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِّ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔
اَلنَّطْل: مص۔ انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔ (..... والنِّطَل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔ اَلنِّطْل: شراب کا بقیہ۔
اَلنُّطْلَة والنَّاطِل: شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔ اَلنَّاطِل: فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
اَلنَّاطِل والنَّاطِل والنَّطَل والنَّأْطِل: شراب دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔ اَلنَّيْطَل والنَّطْلاء: مصیبت۔ والنَّيْطَل: ہلاکت۔ موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِل۔
الانطلة: مصیبتیں۔
اَلنَّطُوْل: پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو مأوف کو اس سے دھاریں۔
اَلْمَنَاطِل: شراب کشی کے آلات۔
نَطَنَطَ الشَّيْءُ: کھینچنا..... اَلرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا (..... وانْتَطَنْطَ) دور ہونا۔
اَلنَّطَنْط والنُّطُنْط والنَّطَنَاط: لمبے قد والا۔ ج نَطَانِط ونَطَانِيْط۔
نَطَا يَنْطُوْ نُطُوًّا. اَلْحَبْلَ: رسی کھینچنا..... اَلْغَزْلَ: کاتتے ہوئے سوت کا بانا کرنا..... اَلْمَنْزِلَ: دور ہونا..... عَنِ فُلَانٍ: چپ ہو جانا۔

نَاطَى مُنَاطَاةً الرَّجُلُ: باہم نزاع کرنا۔
اَنْطَى: دینا۔
تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تَنَاطَوُا الْكَلَامَ: آپس میں گفتگو کرنا۔
اَلنَّطْو: دوری۔
اَلنَّطِي: دور۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ" دور کا راستہ (..... والْمَنْطُوُّ مِنَ الْغَزْلِ: کاتتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
اَلنِّطَاء: کچی کھجور کا غلاف یا پٹھل ج اَنْطَاء.
نَظَرَ (ن) ونَظِرَ (س) نَظَرًا ومَنْظَرًا ومَنْظَرَةً وتَنْظَارًا ونَظْرَانًا. هٗ وإِلَيْهِ: دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَرَ (ن) نَظْرًا) فِي الْأَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا..... الشَّيْءَ: انتظار کرنا..... بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا..... لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا..... فُلَانًا: متوجہ ہونا۔ دیر کرنا..... فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ (اَنْظَر میں ایک لغت ہے) ..... الشَّيْءُ: مہلت سے بیچنا..... فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "أَنْظُرْ لِيْ فُلَانًا" میرے لئے فلاں کو طلب کرو۔ ودَارِيْ تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "ونَظَرَ الدَّهْرُ إِلَى بَنِيْ فُلَانٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔
نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً: مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَبَلُ الْآلْفَيْنِ: قریب پہنچنا..... فُلَانًا بِفُلَانٍ او الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِي تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَهُ الدَّيْنَ: ادائیگی قرض کے لئے مہلت دینا۔ اَنْظَرَ فُلَانًا لِفُلَانٍ: مشابہ بنانا..... اَلرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بچانا۔
تَنْظُرَهٗ: آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔
تَنَاظَرَا فِي الْأَمْرِ: باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدُّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔
اِنْتَظَرَهٗ: انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَهٗ: انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔
اَلنَّظَر: مص۔ نگاہ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ والِاسْتِدْلَالِ: علم کلام اور کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے "وبَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے۔ "ونَظَرٌ إِلَى كَذَا وبِالنَّظَرِ إِلَى كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ اَلنَّظَر: ہمسائے۔
اَلنِّظْر: مشابہ۔ مانند۔
اَلنَّظْرَة. نَظَر: کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت وعیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
اَلنَّظِرَة: مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔
اَلنَّظَرِي: نظر کی جانب منسوب۔
استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
اَلنَّظَرِيَّةُ فِي الْهَنْدَسَةِ: وہ قضیہ جو صحت ثبوت کے لئے دلیل کا محتاج ہو۔ ج نَظَرِيَّات.
اَلنِّظَار والنِّظَارَة: فراست۔ دانائی۔
اَلنَّاظِر: فا۔ آنکھ کی پتلی۔ والنَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِر خَارِجِيَّه ونَاظِر مَالِيَه. ج نُظَّار. اَلنَّاظِر: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لئے بھیجے اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لئے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ اَلنَّاظِرَان: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

نُضَال.
النِّضْل: مصیبت۔ بلا وسختی۔
تَضَنَّضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا
.....لِنَاتَهُ: حرکت دینا.....هُ: مبتلاء رنج کرنا۔
النَّضْنَاض والنَّضْنَاضَة.مِنَ الْحَيَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔
نَضَا يَنْضُو نَضْوًا. السَّيْفُ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا.....الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑا اتارنا.....الرَّجُلُ مِنْ ثَوْبِهِ: ننگا کرنا.....الْبِلَادَ: طے کرنا۔ نَضَا الْجُرْحُ: زخم کی سوجن اترنا.....الْمَاءُ: پانی کا جذب ہونا.....السَّيْفُ: تلوار کا پار ہونا(..... نُضُوًّا ونُضِيًّا) الفَرَسُ الْخَيْلَ: آگے بڑھ جانا (..... نَضْوًا ونُضُوًّا) الْخِضَابُ: رنگ اتر جانا۔
أَنْضَى إِنْضَاءً الْبَعِيرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔
الثَّوْب: کپڑا بوسیدہ کرنا.....فُلَانًا: دبلا جانور دینا۔
نَضَّى تَنْضِيَةً. ثَوْبَهُ عَنْهُ: کسی کا کپڑا اتارنا۔
تَنَضَّى الْبَعِيرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔
اِنْتَضَى اِنْتِضَاءً السَّيْفَ: تلوار کو میان سے سونتنا.....الثَّوْب: کپڑا بوسیدہ کرنا۔
النَّضْو: دبلا جانور مؤنث نَضْوَة: بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیراندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج أَنْضَاء.
النَّضَاوَة مِنَ الْخِضَاب: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "أَعْطِنِي نُضَاوَةَ جِنَابِكَ" عضوے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔
النَّضِيّ: دبلا جانور۔ بغیر پیکان اوپر کے تیر.....مِنَ السَّهْمِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج أَنْضِيَة.

الثَّوْب: کپڑا اتارنا(..... وانْتَضَى وانْتَضَى) الثَّوْب: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔
نَطَّ(ن) نَطًّا الشَّيْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔
نَطَّ(ض) نَطًا: بکواس کرنا.....فِي الْأَرْضِ جانا(..... نَطِيطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔
النَّطَّاط: بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔
النَّطِيط: مص۔ مکان نَطِيطٌ: دُور کی جگہ۔
أَرْضٌ نَطِيطَةٌ: دُور والی زمین۔
عُقْبَةٌ نَطَّاءُ: دُور کی گھاٹی۔
الأَنَطُ: دُور کا سفر۔ ج نُطُط.
نَطَبَهُ(ن) نَطْبًا وأَنْطَبَهُ: انگلی سے کان پر مارنا۔
نَاطَبَهُ مُنَاطَبَةً: برا بھلا کہنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔
أَنْطَبَ أُذُنَهُ: انگلی سے کان پر مارنا۔
النَّاطِبَة: چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.
النِّطَاب: سر۔ گردن کی رگ۔
المِنْطَب والمِنْطَبَة: چھننا۔
المُنْطَبَة: بے وقوف۔
نَطَحَهُ(ف ض) نَطْحًا الثَّوْرُ ونَحْوُهُ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَاطَحَهُ نِطَاحًا ومُنَاطَحَةً: سینگوں سے مارنا۔
اِنْتَطَحَ وتَنَاطَحَ الْكَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تُنَاطِحُ الْأَمْوَاجُ او السُّيُول: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔
النَّاطِح: فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ

منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّطْح: مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَّوَاطِح: سختیاں۔
النَّطْحَة. نَطَح: کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔
النَّطِيح: سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيحَة. ج نَطْحَى ونُطُح.
النَّطَّاح: بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔
نَطَرَ(ن) نَطْرًا ونِطَارَةً. الكَرْمَ او الزَّرْعَ: انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔
النِّطَارَة: مص۔ باغبانی کا پیشہ۔
النَّاطِر والنَّاطُور: باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار ونَطَرَة ونَوَاطِير ونُطَرَاء.
النُّطَار: اُپکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
نَطْرُون: بورۂ ارمنی۔
النَّاطُور: الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔
نَطِسَ(س) نَطَسًا: عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔
تَنَطَّسَ: گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْأَخْبَارَ وعَنِ الْأَخْبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔
النَّطْس والنَّطِس والنُّطُس: عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔
النَّطِيس والنِّطَاسِي والنُّطَاسِي: عالم۔ ماہر طبیب۔
النُّطُس: ماہر اطباء۔
النُّطُسَة: بہت احتیاط کرنے والا۔
النَّاطِس: جاسوس۔

العُوْدُ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا..... القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ المَلا: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔
نَضَّ (ض) نَضِيْضًا الأَمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا نَضَّ بِيَدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔
نَضْنَضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا..... الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنَضَّ وتَنَضَّضَ الحَاجَةَ: پورا کرنا۔
تَنَضَّضَ واسْتَنَضَّ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ المَعْرُوْفَ او الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔
النَّضُّ: محض۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهُ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ آمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَى بِأَمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نَضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔
النَّاضُّ: فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔
النِّضَاضُ: تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔
النُّضَاضَةُ مِنَ المَاءِ وَغَيْرِهِ: بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ: مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔
النَّضَّاضُ: اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَةٌ.
بِئْرٌ نَضُوْضٌ: کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔
النَّضْنَضُ: محض۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نَضَانِضُ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضْنَضُ اللَّحْمِ کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ القَوْمُ بِأَقْصَى نَضْنَضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِيْضَةُ: تھوڑی بارش۔ ج اَنِضَّةٌ ونَضَائِضُ اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِاَقْصَى نَضِيْضِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَابِلٌ نَضِيْضَةٌ ونَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔
النَّضَائِضُ: گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيْضَةٌ.
نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمُرُهُ: ختم ہونا۔
نَضَّبَ (ن ض) نُضُوْبًا المَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا..... عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ البَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا..... البَحْرُ: کم ہونا..... عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ المَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔
نَضَبَ القَوْمُ: دور ہونا..... فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا..... فُلَانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔
نَضَّبَ المَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ نَضَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
اَنْضَبَ القَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔
النَّاضِبُ: فا۔ غَدِيْرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دور کی جگہ ج نُضَّبٌ.
النَّضَبُ: ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج نِضَابٌ.
نَضِجَ (س) نَضْجًا النَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ وَنَضِيْجٌ (..... ونضجت) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔
اَنْضَجَ النَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔
اِسْتَنْضَجَ الغُرَابُ اَيَّ يَدَا الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔
النُّضْجُ والنُّضْجُ: پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيْجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ: مضبوط معاملہ۔
المِنْضَاجُ: گوشت بھوننے کی سیخ۔
نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا البَيْتُ بِالمَاءِ: پانی چھڑکنا..... عَلَيْهِ المَاءَ: پانی چھڑکنا..... الجِلْدَ: کھال تر کرنا..... عَطَشَهُ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا..... البَعِيْرُ المَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لئے نہر یا کنوئیں سے لانا..... فُلَانًا بِالنَّبْلِ: تیر اندازی کرنا۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا..... الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لئے پھٹنا..... النَّخْلَ: پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔
نَضَحَ (ف) نَضْحًا وتَنْضَاحًا الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا..... الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔ نَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا..... السَّمَاءُ القَوْمَ: برسانا۔
اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ بمعنی نضح..... عِرْضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔
نَاضَحَ مُنَاضَحَةً. عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔
اِنْتَضَحَ المَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا (..... واسْتَنْضَحَ المُتَوَاضِئُ) وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتِ واِنْتَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔
اِنْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔
النَّضْحُ: محض۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضْخُ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوْحٌ وانْضِحَةٌ.
النَّضْحُ: حوض۔ ج نُضُوْحٌ وانْضَاحٌ.
النَّضِيْحُ: حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُحٌ.
النَّاضِحُ: فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کے لئے لایا جائے۔ مؤنث نَاضِحَةٌ. ج نَوَاضِحُ: بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ج نصاریٰ: مؤنث نَصْرَانِیَّۃ.

النَّصْرَانِیَّۃ: نصاریٰ کا دین۔

النَّصْرَان: نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَۃ.

النَّاصِر: فا۔ ج نَاصِرُوْنَ وَنُصَّار وَنَصَرٌ وَأَنْصَار وَالأَنْصَار عَلَى الإِطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لئے اَنْصَارِیٌّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر کہا جاتا ہے "مُذِبَ الْوَادِی النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔

النَّاصِرَۃ النَّاصِر کا مؤنث۔ وَنَاصِرَہ: ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کے لئے نَاصِرِیٌّ.

النُّصُوْر وَالنَّصْر: مددگار۔

النَّصِیْر: مددگار۔ ج نُصَرَاء وَأَنْصَار.

النَّصِیْرَۃ. النَّصِیْر: کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر.

النُّصَیْرِیَّۃ: غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَیْرِیٌّ.

النَّاصُوْر: ناسور۔ ج نَوَاصِیر.

النَّصَّار: بہت مدد کرنے والا۔

الأَنْصَر: غیر مختون۔

المَنْصُوْر: مبتدع۔ أَرْضٌ مَنْصُوْرَۃٌ: بارش شدہ زمین۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا وَنَصَاعَۃً الشَّیْءُ: خالص ہونا (..... نُصُوْعًا) الأَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہوگیا..... اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا..... الشَّارِبُ: پیاسے کا پیاس بجھانا..... الأُمُّ بِہٖ: جننا۔ کہا جاتا ہے "قُبِّحَ اللّٰہُ أُمًّا نَصَعَتْ بِہٖ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (..... وَأَنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا۔ أَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْع وَالنِّصْع وَالنُّصْع: بہت سفید یا چڑایا کپڑا۔

النِّصْع: چمڑے کا فرش جس پر محرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِع وَالنَّصِیْع: خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے "اُصْفُرُ نَاصِعٌ أَبْیَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نُصَاعٌ: یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَۃٌ نُصَاعَۃٌ: خالص سرخی۔

المَنَاصِع: قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصِع.

نَصَفَہٗ (ن ض) نَصْفًا: آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمُرِیْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ "وَنَصَفْتُ الْکِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَیْرُہٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا (..... نَصْفًا وَنِصَافًا وَنِصَافَۃً وَنَصَافَۃً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا وَنِصَافَۃً وَنَصَافَۃً الشَّیْءَ: آدھا لینا..... القَوْمَ: آدھا وصول کرنا۔

..... الشَّیْءَ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔

..... القِدْحَ: پیالہ سے آدھا پینا (نَصْفٌ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

نَصَفَ الشَّیْءَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا..... رَأْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا..... الرَّجُلُ: اونٹ عمر والا ہونا..... الْجَارِیَۃُ: اونٹنی اُڑھانا..... النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

انْتَصَفَ الشَّیْءُ: آدھے تک پہنچنا..... الشَّیْءَ: آدھا لینا..... الرَّجُلُ: انصاف دار ہونا..... المُسَافِرُ: آدھے دن چلنا..... الْخَصْمَیْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا..... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا..... فُلَانًا: خدمت کرنا..... المَاءُ الإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَصَفَ المَاءُ الإِنَاءَ" آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔

نَاصَفَہٗ مُنَاصَفَۃً: آدھا آدھا بانٹنا۔ ناصفہ المَالَ: آدھا مال دینا۔

نَصَّفَ الأَمِیْرُ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا۔ الشَّیْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا..... الرَّجُلَ: خدمت کرنا..... فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا..... الشَّیْءَ: آدھا لینا اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاکَ بَیْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَیْرُہٗ: دن کا آدھے تک پہنچنا..... سَهْمُہٗ فِی الصَّیْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا..... الشَّیْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ وَانْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتِ وَانْتَصَفَتِ الْجَارِیَۃُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

نَاصَفَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ: انصاف کرنا..... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْف: بتثلیث النون: کسی چیز کا آدھا حاج انصاف.

النَّصَف: درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْن وَأَنْصَاف وَامْرَأَۃٌ نَصَفٌ ج نَصَفٌ وَنُصَفٌ وَأَنْصَاف اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانَۃَ لَعَلَى نُصْفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (..... والنَّصْفَۃ) انصاف وعدل۔

النِّصْف وَقَدْ تُثَلَّثُ النُّوْن: انصاف رَجُلٌ نِصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا اور اسی طرح کہا جاتا ہے "اِمْرَأَۃٌ نِصْفٌ وَرِجَالٌ او

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً ونَشًى وانْتَشَى واسْتَنْشَى الرِّيحَ: سونگھنا
نَشِيَ بالشَّيْءِ: بار بار کرنا۔
نَشِيَ يَنْشَى نَشْوًا ونَشْوَةً ونِشْوَةً ونُشْوَةً ونَشًى وتَنَشَّى وانْتَشَى: مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَشِيَ مِنَ الشَّرَابِ" وہ شراب سے مست ہوا۔
نَشِيَ واسْتَنْشَى الْخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
النَّشَا: عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج أَنْشَاء (..... والنَّشَاء) نشاستہ۔
النُّشَاة: خشک درخت۔ ج نَشًا۔
النَّشْوَة: اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔
النِّشْوَة: تازہ خبر۔
النِّشْيَة: بو۔ ج نَشَايا۔
النَّشْوَان: مست۔ مؤنث۔ نَشْوَى۔ ج نَشَاوَى۔
النَّشْيَان: پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَشْيَانٌ لِلْأَخْبَارِ او بِالْأَخْبَارِ"۔
نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا..... الْحَدِيثَ: حدیث کی سند بیان کرنا..... الرَّجُلَ: پوری طرح سے دریافت کرنا..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا..... الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا..... الْعَرُوسَ: دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھانا..... فُلَانٌ عُنُقَهُ: گردن اٹھانا..... الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشِّوَاءُ عَلَى النَّارِ: بھونے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ وناصَّ مُنَاصَّةً غَرِيمَهُ: قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَضَّدَ الْمَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ: تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
انْتَصَّ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ انْتَصَّ الرَّفْعُ: کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ انْتَصَّتِ الْعَرُوسُ: دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا۔

تَنَاصَّ الْقَوْمُ: ہجوم کرنا۔
النَّصُّ: مصـ۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوص.
والنَّصُّ: مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: انجام۔ انتہا۔
النَّصُّ مِنَ الْكَلَامِ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔
النُّصَّة: اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔
النُّصَّة: ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص ونِصَاص.
النَّصِيص: مصـ۔ نَصِيصُ الْقَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔
الْمِنَصَّة: حجلہ عروسی۔ دلہن کے لئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
الْمِنَصَّة: دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مَنَاصّ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص: ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْأَنْفِ"۔
الْمَنْصُوص: مقع۔ تصریح شدہ۔ معین۔
نَصَاهُ (ف) نَصْأً: پیشانی کے بال پکڑنا۔
الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الْهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا..... الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا..... لَهُ الْحَرْبَ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا..... لَهُ الشَّرَّ: برائی ظاہر کرنا۔ لَهُ رَأْيًا: رائے دینا..... لِفُلَانٍ: دشمنی کرنا..... الْكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا..... الْأَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا: تھکنا..... فِي الْأَمْرِ: کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّيْءَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کئے..... الْأَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
انْتَصَبَهُ: تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا.....ہ

المَرَضُ: تکلیف دینا۔ انْتَصَبَ الْحَدِيثَ: سند بیان کرنا..... السِّكِّينَ: چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً: دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا.....ہ الْحَرْبَ او الْعَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا' دشمنی ظاہر کرنا۔
انْتَصَبَ: کھڑا ہونا۔ بلند ہونا..... الْحَرْفُ: حرف پر زبر ہونا..... الطَّاهِي: پکانے والے کا ہانڈی پر چڑھانا۔
تَنَصَّبَ: کھڑا ہونا..... الْغُبَارُ ونَحْوُهُ: بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوا الشَّيْءَ: باہم تقسیم کرنا۔
النَّصَب: مصـ۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ تیجہ..... عِنْدَ النُّخَاةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النِّصْب: حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النَّصْب والنُّصْب: کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُصْبُ عَيْنِيَ" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ ة۔ ج أَنْصَاب: مرض۔ بلا و مصیبت۔ النُّصْب: حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب: کی جمع۔
الأَنْصَاب: پتھر جو کعبہ کے اردگرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصَب: مصـ۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج أَنْصَاب.
النَّصِب: بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَّصْبَة: نَصْب: کا اسم مرۃ۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔
النِّصْبَة: گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَة: ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب.
النِّصَاب: پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔ (مقررہ تعداد)

.....فِيْ غَضَبِهٖ او اِلٰى غَضَبِهٖ: پھرتیلا و چست ہونا۔صفت نَـاشِـطٌ وَنَشِـطٌ.
نَشِطَتِ الدَّابَّةُ: موٹا ہونا۔
نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا۔مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: عبور کرنا۔کہا جاتا ہے "نَشَطَ بِهِمُ الطَّرِيْقُ": راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔
نَشَطَ (ن) نَشْطًا الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا .....الْعُقْدَةَ: گرہ کو مضبوط کرنا.....الذَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا.....زَيْدًا: تیز مارنا۔نَشَطَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَشَّطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا.....هُ اِلَى او اِلَى الْعَمَلِ: چست بنانا۔جرأت دلانا۔
اَنْشَطَهُ: چست بنانا۔اِنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔
اَنْشَطَ بِ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔اَنْشَطَ الْحَبْلَ: رسّی میں گرہ دینا.....الْعُقْدَةَ او الْعِقَالَ: گرہ کھولنا.....الْبَعِيْرَ مِنْ عِقَالِهٖ: اونٹ کو رہا کرنا۔چھوڑنا.....الْكَلَا الدَّابَّةَ: موٹا کرنا۔
تَنَشَّطَ: بشاش بشاش ہونا.....لِلْعَمَلِ: تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔"تَنَشَّطَتِ النَّاقَةُ فِيْ سَيْرِهَا" تیز دوڑنا۔تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ: بیابان کو عبور کرنا۔
اِنْتَشَطَ الْحَبْلَ: رسّی کو کھلنے کے لئے کھینچنا .....الْحَبْلُ: رسّی کا کھلنا.....النَّشِيْطَةُ: بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا.....النَّـمْـكَةُ: مچھلی کے سفنے اتارنا .....الشَّيْءَ: چھیننا' مضبوط کرنا.....فُلَانًا اِلٰى كَذَا: کھینچنا یا بلند کرنا۔اِنْتَشَطَتِ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔
اِسْتَشْطَ الْجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔جھری دار ہونا۔
النَّشْطُ: مص۔جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنگ مارنا۔
النَّاشِطُ: فا۔چست۔پھرتیلا۔جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔طَرِيْقٌ نَـاشِـطٌ: بڑی سڑک سے دائیں نکلا ہوا راستہ۔
النَّاشِطَةُ. النَّاشِط کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ ونَوَاشِطُ. والنَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا نَاشِطٌ ہے۔
النَّشِيْطُ: چست پھرتیلا۔چست اہل وعیال والا یا چست جانوروں والا۔ج نِشَـاطٌ ونَشَاطَى.
النَّشُوْطُ: ایک قسم کی مچھلی۔بِئْرٌ نَشُوْطٌ: گہرا کنواں۔
بِئْرٌ انْشَاطٌ وانْشَاطٌ: کم گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔
النَّشِيْطَةُ: النَّشِيْط: کا مؤنث۔مالِ غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔
الاُنْشُوْطَةُ: گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔کہا جاتا ہے "مَا عِقَالُكَ بِاُنْشُوْطَةٍ" یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ج اَنَاشِيْط.
الْمُنْشَطُ: بہت چست۔
الْمَنْشَطُ: خوش دلی۔کہا جاتا ہے "اِفْعَلُوْا ذٰلِكَ عَلَى الْمَنْشَطِ والْمَكْرَهِ" اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔
نَشَطَ (ن) نُشُوْطًا النَّبَاتُ: نباتات کا نمودار ہونا۔
نَشِعَ (ف) نَشَعًا الرَّجُلُ: بسکی لینا۔
النُّشُوْعُ: ناک میں دوا چڑھنا۔النُّشُوْغُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔دوا جو مریض کے منہ میں پکائی جائے۔ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے۔
النَّاشِعُ: ابھرا ہوا۔
النَّشَعُ: خراب مزے کا پانی۔
النُّشَاعَةُ: ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔
الْمِنْشَعُ والْمِنْشَغَةُ: منہ یا ناک میں پکانے کی دوا کا برتن۔
نَشَغَ (ف) نَشْغًا الْمَاءَ: پانی بہنا.....هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا.....هُ الْكَلَامُ: تلقین کرنا۔سمجھانا.....الصَّبِيُّ: بچے کے منہ میں دوا پکانا.....الْمَاءَ: اوک سے پانی پینا .....الرَّجُلُ: بسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے۔
نُشِغَ الصَّبِيُّ: بچے کے منہ میں دوا پکایا جانا .....بِالشَّيْءِ: مشتاق ہونا۔فریفتہ ہونا۔صفت مَنْشُوْغٌ بِهٖ.
اِنْتَشَغَ عَنْهُ: علیحدہ ہونا.....هُ الْكَلَامُ: تلقین کرنا۔سمجھانا۔
تَنَشَّغَ: بسکی لینا یہاں تک کہ بے ہوشی طاری ہو جائے(..... وتَاشَغَ وانْتَشَغَ) الْكَلَامَ: سیکھنا اور حاصل کرنا۔
النَّاشِغُ فاج نُشَّغٌ مؤنث نَاشِغَةٌ. ج نَوَاشِغُ ونَاشِغَاتٌ. النَّوَاشِغُ: وادی میں بہنے کی نالیاں۔
النَّشْغَةُ: لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔موت کے وقت کی بہت ہلکی ہچکی۔ج نَشَغَاتٌ.
النُّشُوْغُ: ناک میں ڈالنے کی دوا۔بچہ یا مریض کے منہ میں پکانے کی دوا۔
المِنْشَغُ والمِنْشَغَةُ: منہ یا ناک میں دوا پکانے کا برتن۔
نَشِفَ (س) ونَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبُ الْعَرَقَ او الْحَوْضُ الْمَاءَ: کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا.....الْمَاءُ فِي الْاَرْضِ: جذب ہونا۔نَشَفَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں

سُوْءٍ او مِنْ نَسْلِ سُوْءٍ" وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِئ: اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ج نَشْأ۔

النَّشِئُ: بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔

النَّشْأَة والنَّشِيْئَة: نباتات کی نازک کونپلیں۔ النَّشِيْئَة بمعنی النَّاشِئَة۔

النَّاشِئ: فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ج نَشْءٌ ونَشْأٌ وناشِئَةٌ (خلاف قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ج نَوَاشِئ۔

النَّاشِئَة: ناشِئ کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ج نَوَاشِئ۔

المَنْشَأ: پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِذِيْ ومَنْشَأِيْ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ"۔

المَنْشَأ والمُنْشَأ: بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔

نَشِبَ (س) نَشْبًا ونُشُوْبًا ونُشْبَةً الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: چمٹنا..... العَظْمُ فِيْ حَلْقِهٖ: حلق میں ہڈی چبھنا۔ کہا جاتا ہے "نَشِبَ فُلَانٌ مَنْشَبَ سُوْءٍ" فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبَتْ افْعَلْ كَذَا" یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ يَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً مر گیا (.....نُشُوْبًا) الحَرْبُ بَيْنَ القَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا..... الأَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا..... فِيْهِ: خریدنا۔

نَشَّبَهٗ وانْتَشَبَهٗ فِيْ كَذَا: چمٹانا۔ چسپاں کرنا۔ کہا جاتا ہے "انْتَشَبَ البَازِيْ مَخَالِبَهٗ فِي الأَخِيْذَةِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا۔ انْتَشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسالیا۔

النَّشِيْجُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔

نَاشَبَهٗ مُنَاشَبَةً الحَرْبَ: کھلم کھلا جنگ کرنا۔

نَشَّبَ فِيْهِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِيْ قَلْبِهٖ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہوگئی۔

اِنْتَشَبَ فِيْهِ: چمٹنا..... الحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔

تَنَاشَبُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے ارد گرد بھیڑ لگائی۔

النَّشَب: مص (..... والنَّشَبَة) جائیداد غیر منقولہ۔ مال ومویشی۔ النَّشَب: ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔

النُّشْبَة: مص۔ (..... والنُّشْبَة) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔

نُشْبَة: بھیڑیا کا علم جنس۔

النُّشَاب: تیر۔ واحد نُشَّابَةٌ۔ ج نَشَاشِيْب۔

النَّاشِب: فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز۔

النَّاشِبَة: ناشِب کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔

النَّشِب: چمٹنے والا۔

النَّشَّاب: بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز وانداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَشَّابٌ" تیر انداز مرد۔ قَوْمٌ نَشَّابَةٌ: تیر انداز لوگ۔

المَنْشَب: چمٹنے کی جگہ۔

المَنْشَبَة: مال مویشی۔ کہا جاتا ہے بُرْدٌ مُنَشَّبٌ: تیر کی مانند نقش ونگار والی چادر۔

نَشَجَ (ض) نَشْجًا ونَشِيْجًا الْبَاكِي: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا کھدکھدانا۔ نَشَجَ الطِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا..... المُطْرِب: گویئے کا دو طرز کے سروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔

النَّشِيْج: پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَنْشَاج۔

النَّشِيْج: مص۔ آواز۔

عَبْرَةٌ نَشُوْجٌ: آنسو کہ جس کے ساتھ آواز بھی ہو۔

نَشَحَ (ف) نَشْحًا ونُشُوْحًا الرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔

النَّشُوْح: تھوڑا پانی۔

النُّشَّح: مست لوگ۔ واحد نَشُوْح۔

النَّشَّاح مِنَ الأَنِيَةِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔

نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا ونَشْدَانًا ونِشْدَةً الضَّالَّةَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا..... فُلَانًا: پہچاننا..... اللّٰهَ و بِاللّٰهِ: قسم دینا..... نَشْدَ الرَّجُلَ: کسی سے انْشُدُكَ اللّٰهَ: کہنا اور کہا جاتا ہے "نَشَدْتُكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کردو "نَشَدْتُهٗ عَهْدَهٗ او وَعْدَهٗ" اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔

انْشُدِ الضَّالَّةَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ پاچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَنْشَدَ الشِّعْرَ: شعر پڑھنا۔ اَنْشَدَ بِالقَوْمِ: ہجو کرنا..... زَبْدًا ولِزَيْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "نَشَدْتُهٗ فَاَنْشَدَنِيْ او اَنْشَدَنِيْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔

نَاشَدَهٗ مُنَاشَدَةً ونِشَادًا: قسم کھلانا۔ نَاشَدَهُ الأَمْرَ وفِي الأَمْرِ: متوجہ کرنا۔

تَنَشَّد. الأَخْبَارَ: اطلاع دینا۔

تَنَاشَدُوْا. الأَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔

اِنْشُدْهُ. الشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے نَشَدْتُكَ ونَشَدْتُكَ اللّٰهَ اِلَّا فَعَلْتَ: یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اللہ کی قسم دے کر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔

النَّاشِد: فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ النَّاشِدُوْن: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والا۔

النِّشْدَة: مص۔ آواز۔

النَّشِيْد: آواز کی بلندی (..... والنَّشِيْدَة ج نَشَائِد والأُنْشُوْدَة. ج اَنَاشِيْد: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ نَشِيْدُ الأَنْشَادِ: بائبل کی ایک کتاب۔

النَّشَّاد: گم شدہ کو تلاش کرنے والا۔

النُّشَاذِر والنُّوْشَادَر: نوسادر (دخیل)

نَشَرَ (ض ن) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا.....

النَّسِيف : بھید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ کَلَامٌ نَسِيفٌ : پوشیدہ گفتگو۔ شَيْءٌ نَسِيفٌ : چھانی ہوئی چیز۔

النَّسُوف : اُوٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ج مَنَاسِيف. عُقْبَةٌ نَسُوفٌ : لمبی دشوار گزار گھاٹی۔

النَّسَّاف والنَّسَّاف : ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سینگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ج نَسَانِيف.

النَّسْفان من الآبِيَةِ : لبالب چھلکتا ہوا برتن۔

المِنْسَف والمِنْسَف : گدھے کی تھوتھنی۔ ج مَنَاسِف. المِنْسَف : چھاج۔ سوپ۔

المِنْسَفَة : چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔

نسق (ن) نَسْقًا الدُّرَّ ونَحْوَهُ : موتی پرونا..... الكَلَامَ : کلام کو ترتیب دینا۔ نَسَقَ الشَّيْءَ : ترتیب وار رکھنا۔ نَاسَقَ بَيْنَهُمَا : دونوں کو ترتیب سے کرنا۔ نَسَقَ الرَّجُلُ : سچ کہنا۔

اِنْتَسَقَتْ وتَنَاسَقَتْ وتَنَسَّقَتِ الأَشْيَاءُ : منظم ہونا۔ بالترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تَنَاسَقَ كَلَامُهُ : اس کا کلام بالترتیب ہے۔ صفت مُتَنَاسِق.

النَّسَق : بالترتیب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ وجَاءَتِ الخَيْلُ نَسَقًا" لوگ بالترتیب آئے۔ گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔ "وغَرَسْتُ النَّخْلَ نَسَقًا" میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔ "وهٰذَا دُرٌّ نَسَقٌ وكَلَامٌ نَسَقٌ وثَغْرٌ نَسَقٌ" حروف النَّسَق والنَّسَق حروف عطف۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَسَقٌ عَلَى هٰذَا" یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔

النَّسِيق : بالترتیب۔ منظم۔

نَسَكَ (ن) نَسْكًا ونُسُكًا ونُسُوكًا ونَسْكَةً ومَنْسَكًا الرَّجُلُ : زاہد و عابد ہونا..... لِلّٰهِ : للہ عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا..... (نَسْكًا) الثَّوْبَ : کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔

النَّسْك : گھر میں آنا..... إِلَى طَرِيقَةٍ جَمِيلَةٍ : مداومت کرنا۔

نَسُكَ (ک) نَسَاكَةً : زاہد و عابد ہونا۔ تَنَسَّكَ : زاہد و عابد بننا۔

النُّسُك بثلثي النون والنُّسُك : عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النُّسُك : مانوس جگہ۔

النُّسُك والنُّسُك : نذر جو اللہ کے لئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے "مَنْ فَعَلَ كَذَا وكَذَا فَعَلَيْهِ نُسُكٌ" جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔

النَّسِيكَة : سونا۔ چاندی۔

السَّبِيكَة : ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج نَسَائِك.

النَّاسِك : فا۔ عابد زاہد۔ ج نُسَّاك. غُصْنٌ نَاسِكٌ : بہت سبز گھاس۔ أَرْضٌ نَاسِكَةٌ : تازہ بارش والی سرسبز زمین۔

المَنْسَك : مانوس جگہ (..... والمَنْسِك) قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ج مَنَاسِك ومَنَاسِكُ الحَجِّ : افعال و ارکان حج۔

المَنْسُوك : مفع۔ ثَوْبٌ مَنْسُوكٌ : پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوكَةٌ : چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ أَرْضٌ مَنْسُوكَةٌ : کھاد ڈالی ہوئی زمین۔

نَسَلَ (ن) نَسْلاً الصُّوفَ او الرِّيشَ : جھاڑنا اور گرانا..... الوَلَدَ وبِالوَلَدِ : جننا..... الرَّجُلُ : بہت اولاد والا ہونا۔

نَسَلَ (ن) نُسُولاً الرِّيشُ او الصُّوفُ : پر یا اون کا جھڑنا اور گرنا۔

نَسَلَ (ض ن) نَسْلاً ونَسَلاً ونَسَلاَنًا فِي مَشْيِهِ : تیز چلنا۔

أَنْسَلَ الصُّوفَ او الرِّيشَ : اُون یا پر گرانا۔ الصُّوفُ : اون گرنا..... الوَالِدُ الوَلَدَ : پیدا کرنا..... فِي غَدْوِهِ : تیز دوڑنا..... القَوْمَ : آگے بڑھ جانا..... الذَّابَّةُ : جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔

تَنَاسَلَ القَوْمُ : بعض کا بعض سے پیدا ہونا..... بُنُوفُلَانٍ : بہت اولاد والے ہونا۔

النَّسْل : مص۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ج أَنْسَال.

النَّسْل : مص۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ سہزا خمیر کا دودھ۔

النَّسَال : گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نَسَالَةٌ.

النَّسِيل : گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسِيلَة : نسیل : کا واحد۔ اولاد۔ بچی۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسُولَة بنَ المَوَاشِي : مویشی جو نسل بڑھانے کے لئے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔

النَّاسِل : فا۔ تیز رفتار۔ ج نَسْل.

النَّسُول والنَّسَّال : تیز دوڑنے والا۔

نَسَمَ (ض) نَسْمًا البَعِيرُ الأَرْضَ بِخُفِّهِ : اونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔

نُسِمَتْ (ض) نَسْمًا ونَسِيمًا ونَسَمَانًا الرِّيحُ : ہوا کا آہستہ چلنا (..... نَسْمًا ونَسَمَ (س) نَسْمًا النَّبْتُ : متغیر ہونا۔ نَسِمَ البَعِيرُ : سوراخ دار کھروالا ہونا۔

نَسَمَ (ک) نَسَامَةَ المَكَانُ : پانی کا رسنا۔ نَسَمَ فِي الأَمْرِ : شروع کرنا..... النَّسَمَة : زندہ کرنا آزاد کرنا..... الأَسِيرَ : قیدی کو رہا کرنا۔

نَاسَمَهُ مُنَاسَمَةً ونِسَامًا : چپکے چپکے بات کہنا۔

تَنَسَّمَ الرَّجُلُ : سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّيحُ : ہوا کا آہستہ چلنا..... الجَمْرُ : چنگاری کا بھڑکنا۔ تَنَسَّمَ المَكَانُ بالطِّيبِ : خوشبو سے مہک اٹھنا۔ فُلَانٌ الخَبَرَ او العِلْمَ : آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَسَّمْتُ مِنْهُ عِلْمًا" میں نے اس سے

مونا پے کی ابتدا۔
النسّاء: کھل مل کر رہنے والا آدمی۔
النَّسَاءُ والنَّسِيئَةُ: تاخیر۔ کہا جاتا ہے بَاعَهُ بِنَسِيئَةٍ: اس نے ادھار بیچا۔
النَّسِيُّ: تاخیر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
النِّسَاءُ والنَّسَاءُ والمَنْسَاةُ: چمڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "إِنِّي لَكَ مِنْسَاةٌ" میرے لئے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔
نَسَبَ (ن ض) نَسْبًا ونِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ دریافت کرنا۔ نَسَبَهُ إِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا (..... نَسْبًا ونِسْبَةً) النَّاعِرُ بِالْمَرْأَةِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔
نَاسَبَهُ مُنَاسَبَةً: مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔
تَنَسَّبَ الرَّجُلُ إِلَيْكَ: ہم نسب ہونے کا دعوی کرنا اور اسی سے مثل ہے "اَلْقَرِيبُ مَنْ تَقَرَّبَ لَا مَنْ تَنَسَّبَ" قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوی ہم نسبی کرے۔
تَنَاسَبَا: باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ القَوْمُ إِلَى أَحْسَابِهِمْ: منسوب ہونا۔
اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا۔ نسب ذکر کرنا..... إِلَى أَبِيهِ: منسوب ہونا۔
اِسْتَنْسَبَ: نسب بیان کرنا.....
الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔
النَّسَبُ: مص۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ ج أَنْسَابٌ۔
النِّسْبَةُ والنِّسْبَةُ: قرابت۔ دو چیزوں کے درمیان ربط، تعلق اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ اور کہا جاتا ہے "بِالنِّسْبَةِ إِلَى كَذَا" یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے۔
النَّسِيبُ: مص۔ مناسب۔ رشتہ دار۔ صاحب نسب۔ لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لئے "نَسِيبٌ نَاسِبٌ" کہا جاتا ہے جیسا "شِعْرٌ شَاعِرٌ" (اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے) ج أَنْسِبَاءُ ونُسَبَاءُ (جیسے شریف وشُرفاء)
النَّسَابَةُ: رشتہ داری۔
النَّسَّابُ ج نَسَّابُونَ والنَّسَّابَةُ ج نَسَّابَاتٌ: نسب کا علم رکھنے والا۔
الأَنْسَبُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الشِّعْرُ أَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ" یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔
اَلنِّسْبِيَّةُ: فلسفی مذہب جو علم ومعرفت کی طرف نسبت رکھتا ہے۔
المُنَاسِبُ: فا۔ رشتہ دار۔ مشابہ۔
المَنْسُوبُ: مفع۔ شعر منسوب۔ عشقیہ شعر
خَطٌّ مَنْسُوبٌ: مطابق قاعدہ۔ ج مَنَاسِيبُ۔
يُنْسَبُ بَيْنَهُمَا: چغل خوری کے لئے دوڑ دھوپ کرنا۔
النَّسَبُ: چیونٹیوں کی قطار۔ چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (..... والنِّسْبَانُ) سیدھا واضح راستہ۔
النَّاسُوتُ: طبیعت انسانی۔ ناس میں واو تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔
نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بُننا..... الكَلَامَ: خلاصہ کرنا۔ آراستہ کرنا..... الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔
الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نَسَجَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ او المَاءَ: لہریں پیدا کرنا۔ نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔
اِنْتَسَجَ: بنا جانا۔
النَّسْجُ: مص۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبُ نَسْجِ اليَمَنِ" کپڑا یمن کا بنا ہوا۔
النِّسَاجَةُ: بُننے کا پیشہ۔
النَّسَّاجُ: بُننے والا۔ کلام کو آراستہ کرنے والا۔ جھوٹا۔
المَنْسُوجُ: بنا ہوا۔ ج نُسُجٌ کہا جاتا ہے "هُوَ نَسِيجُ وَحْدِهِ" وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے۔ النُّسُجُ: جانے نمازیں۔
النَّسِيجَةُ، نسیج: کا مؤنث۔ ج نَسَائِجُ۔
المَنْسَجُ والمِنْسَجُ: بُننے کا کرگہ۔
المَنْسِجُ والمَنْسَجُ مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے مونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَجُ والمِنْسَاجُ: کرگہ۔
نَسِخَ (س) نَسْخًا: لالچ کرنا۔
نَسَحَ (ف) نَسْحًا التُّرَابَ: مٹی کا بکھیرنا۔
النَّسْحُ والنُّسَاحُ: کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاحُ: غبارا بڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّيْءَ: زائل کرنا۔ باطل کرنا۔ مٹانا..... الكِتَابَ: نقل کرنا۔
نَاسَخَهُ مُنَاسَخَةً: ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا: ایک دوسرے کو محو کرنا۔ تَنَاسَخُوا الشَّيْءَ: ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ تَنَاسَخَتِ الأَزْمِنَةُ: پے در پے آنا۔ تَنَاسُخُ المَوْرُوثِ: تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّيْءَ: زائل کرنا..... الكِتَابَ: نقل کرنا..... الشَّيْءُ الشَّيْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّيْءَ: بمعنی نسخہ۔ لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَةٌ نَسِيخَةٌ ونُسَخِيَّةٌ: دور کا شہر۔
النُّسْخَةُ: کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس سے نقل کی جائے۔ ج نُسَخٌ کہا جاتا ہے "كَتَبَ القَاضِي نُسْخَتَيْنِ بِحُكْمِهِ" قاضی نے اپنے فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔
النَّاسِخُ: فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔
النَّسَاسِخُ: مص۔ آواگون۔ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل اور اس کو تقمص ہونا بھی کہا جاتا ہے اور جو لوگ اس کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ "تناسخیہ" کہلاتے ہیں۔ تَنَاسُخُ الأَزْمِنَةِ والقُرُونِ: زمانہ

نَزَقَ (ض) نَزْقًا الْإِنَاءَ: برتن کو لبالب کرنا۔
نَزَّقَ وَانْزَقَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو کودانا۔
اَنْزَقَ الرَّجُلُ فِي الضِّحْكِ: بہت زیادہ ہنسنا۔
فُلَانٌ: عقل کے بعد خفیف العقل ہونا.....
اَنْعَبَهُمْ فُلَانًا: سکی پر برانگیختہ کرنا۔
نَازَقَهُ نِزَاقًا وَمُنَازَقَةً: قریب ہونا۔ گالی دینا۔
تَنَازَقَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
النَّزَقُ: مس۔ سکی۔ جہالت وحماقت کی وجہ سے جلد بازی۔ مَكَانٌ نَزِقٌ: قریب جگہ۔
النَّزْقَةُ: اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اُچھل کود۔
النَّيْزَكُ: نُبْزَكٌ: میں لغت ہے بمعنی چھوٹا نیزہ ج نَيَازِكُ۔
النَّزَاقُ وَالنَّزِقَةُ: مِنَ النُّوقِ: سرکش اونٹنی۔
النَّزَّاقُ: تیز رفتار اونٹنی۔
النَّزَّاقُ: بہت باتیں کرنے والا۔
نَزَكَهُ (ن) نَزْكًا: نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ بُرا کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔
النَّزَّاكُ وَالنَّزُوكُ: بہت عیب لگانے والا۔
النَّزَكَانُ: شریر لوگ۔
النَّيْزَكُ: چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِكُ۔
النَّبَازِكُ: ٹوٹے ہوئے ستارے۔
نَزَلَ (ض) نُزُولًا مِنْ عُلُوٍّ إِلَى اَسْفَلَ: اترنا..... بِهِ: اُتارنا..... بِهِ الْاَمْرُ: واقع ہونا..... فُلَانٌ عَنِ الْحَقِّ: چھوڑ دینا (..... نِزَالَةً) مسافرت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زِلْتُ اَنْزِلُ" میں ہمیشہ سفر کرتا رہا (..... نُزُولًا وَمَنْزِلًا وَمَنْزِلَا) الْقَوْمَ وَبِالْقَوْمِ وَعَلَى الْقَوْمِ: قوم کے پاس اترنا۔
نَزِلَ (س) نَزْلَةُ الرَّجُلُ: زکام میں مبتلا ہونا (..... نَزْلًا) الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا..... الْمَكَانُ: جگہ کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ ہونا۔
نَزَّلَهُ: اُتارنا۔ نَزَّلَ الشَّيْءَ: مرتب کرنا..... الشَّيْءَ مَكَانَ الشَّيْءِ: قائم مقام کرنا..... اللّٰهُ كَلَامَهُ عَلَى اَنْبِيَائِهِ: مدرجاً وحی نازل کرنا..... الْقَوْمَ: منازل میں اُتارنا..... الْحَاسِبُ الرَّقْمَ: رقم لکھنا۔
اَنْزَلَ اِنْزَالًا وَمُنْزَلًا الشَّيْءَ: اُتارنا۔ اَنْزَلَ الْمُضِيْفُ: مہمان اُترنا..... اللّٰهُ الْكَلَامَ: کبھی کبھی وحی نازل کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنْزَلَ حَاجَتَهُ عَلَى نَحْرِهِمْ" اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔
نَازَلَهُ نِزَالًا وَمُنَازَلَةً فِي الْحَرْبِ: مقابلہ میں اُترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے "خَازَبُوْا بِالنِّزَالِ" دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔
تَنَازَلَ الْقَوْمُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدان جنگ میں اتر کر جنگ کرنا..... الْقَوْمُ فِي السَّفَرِ: کبھی اس کے پاس کبھی اس کے پاس کھانا اور مولدین کے استعمال میں تَنَازَلَ الرَّجُلُ: کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔
تَنَزَّلَ: آہستہ آہستہ اترنا..... عَنِ الْحَقِّ: حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلَانًا: اُتارنا۔
اِسْتَنْزَلَهُ: اُتارنا۔ اِسْتَنْزَلَهُ عَنْ رَأْيِهِ او خِفْيَهِ: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لئے اُنْزِلَ فُلَانٌ: مرتبہ سے اتارا جانا۔
النُّزُلُ وَالنُّزُلُ: کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج اَنْزَالٌ. النُّزُلُ: بابرکت کھانا۔ الْمَنْزِلُ: اترنے والے لوگ۔
النُّزُلُ وَالنُّزُلُ وَالنَّزَالُ: کھیتی کی بالیدگی اور سرسبزی۔ داد و دہش وفضل۔ النَّزِلُ: بارش رَجُلٌ ذُوْ نُزُلٍ: بہت داد و دہش والا۔ بابرکت ج اَنْزَالٌ. اَنْزَالُ الْقَوْمِ: قوم کی روزیاں۔
النَّزِيْلُ: جمع شدہ۔ ج نُزُوْلٌ.
النُّزُلُ: جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزِلٌ.
النُّزْلَةُ. نُزُلٌ: کا اسم مرۃ اور کہا جاتا ہے "لَقَدْ رَآهُ نُزْلَةً اُخْرَى" اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا۔ زکام۔ نزلہ۔ اَرْضٌ نُزْلَةٌ: سبزہ کھیتی والی زمین اور کہا جاتا ہے "نُزُلَانِهِمْ وَنُزُلَانِهِمْ" میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔
السَّبَزْلَةُ: سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔
النَّزَالَةُ: سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِي نِزَالَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ و "فُلَانٌ مِنْ نِزَالَةِ سُوْءٍ" فلاں لئیم باپ سے ہے۔
النَّازِلَةُ. النَّازِلُ: کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج نَازِلَاتٌ وَنَوَازِلُ.
النَّزُوْلُ: بہت اُترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے والا۔
اَلْمُنْزَلَةُ: گوشت اور ہینگلین سے تیار کیا ہوا کھانا۔
النَّزِيْلُ: مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ نَزِيْلٌ" کامل کپڑا "وَفُلَانٌ نَزِيْلِي" فلاں میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے۔ ج نُزَلَاءُ.
النَّازِلُ: مس۔ قریب۔ اوپر سے نیچے اترنا۔
الْمَنْزِلُ: اترنے کی جگہ۔ مکان۔ چشمہ۔ ج مَنَازِلُ.
اَلْمَنْزُوْلُ: مہمان خانہ۔
الْمَنْزِلَةُ: اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے و "هُوَ رَفِيْعُ الْمَنْزِلَةِ" وہ بلند مرتبہ والا ہے۔
نُزْنِزَ الرَّجُلُ: سربلا ہونا..... الْاُمُّ صَبِيَّهَا: ماں کا بچے کو دانا۔ نچانا۔
نَزَهَ (ن) نَزْهًا الْاِبِلَ: اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔
نَزِهَ (س) وَنَزُهَ (ک) نَزَاهَةً

سوتا۔ ج نُزُوز۔ النَّزِر والنِّزِ: خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے اور کہا جاتا ہے مکانٌ نَزِرٌ سے کہ پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نِزُّ شَرٍّ" برائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔

النَّزْرَۃ: اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔

اَرْضٌ نَزِرَۃٌ: سست کہ پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَۃٌ نَزِرَۃٌ: سست اونٹنی۔

النِّزَاز: جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چھیننا اور کہا جاتا ہے "ھُمْ یَتَنَازَعُونَ شَرٌّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّزَّاز: اسم مبالغہ۔

النَّزِیز: مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَزِیزُ شَرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّزِق: بہت حرکت کرنے والا۔ گھوارہ۔ کہا جاتا ہے "اَلصَّبِیُّ فِی النَّزِقِ" بچہ گھوارے میں ہے۔

نزأ (ف) نَزْءًا و نُزُوْءًا بَیْنَ الْقَوْمِ: برا بھیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (..... نَزْءًا) غلبی فلان: حملہ کرنا..... فلانًا علیہ: اکسانا' برا بھیختہ کرنا..... عَنْ کَذَا: روکنا۔ ہٹا دینا۔

نُزِّیَ بِکَذَا: شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوْءٌ بِہٖ۔

رَجُلٌ نَزَّاءٌ: بہت شیفتہ و فریفتہ۔

النَّزِیُّ: چھوٹی مشک۔

نزب (ض) نَزْبًا ونُزَابًا ونَزِیْبًا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا آواز نکالنا۔

تَنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّزْب: لقب۔ ج اَنْزَاب۔

النَّزُوب: ہرن۔ دیکھ۔

نزج (ن) نَزْجًا الْغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔

نزح (ف) نَزْحًا ونُزُوْحًا: دور ہونا۔

نَزَحَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِحٌ ونَزُوْحٌ ونُزُحٌ: کہا جاتا ہے "مَاءٌ لَا یَنْزِحُ" پانی جو ختم نہ ہو (..... وانْزَحْ) الْبِئْرَ: پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔

الْقَوْمُ: کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔

نَزَحَ بِفُلَانٍ: اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔

اَنْزَحَ عَنْ دِیَارِہٖ: اپنے وطن سے دور ہونا۔

نَازِحٌ: دور ہونا۔

النَّزْح: گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاح۔

النَّازِح والنَّزِیح والنُّزُوح: دور۔

الْمُنْزَح: دوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِمُنْزَحٍ مِنْ کَذَا" وہ اس سے دوری پر ہے۔

قَوْمٌ مَنَازِیح: اپنے وطن سے دور لوگ۔

الْمِنْزَحَۃ: ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِح۔

نَزَرَہٗ (ن) نَزْرًا: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا..... فُلَانًا: حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا..... الشَّرَابَ فُلَانًا: مست کر دینا۔

نَزُرَ (ک) نَزَارَۃً ونُزُوْرَۃً ونَزَارًا ونَزَارَۃً ونُزُوْرَۃً: کم ہونا (..... نَزَارَۃً) الرَّجُلُ: بے برکت ہونا..... النَّاقَۃُ: کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ وانْزَرَ. الْعَطَاءَ: کم دینا۔

تَنَزَّرَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّیْءِ: کم لینا۔

النَّزْر والنَّزِیر: بہت کم۔ نزیر کی جمع نُزُر رَجُلٌ نَزُرٌ: بے برکت مرد۔ النَّزُور: اونٹنی کے تھن کا ورم اور کہا جاتا ہے "فَاجِئَتْ بِالنُّزُوْرِ" تم بہت تاخیر سے آئے۔

النَّزِرَۃ والنَّزُوْر. مِنَ النِّسَاءِ: کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَّزُوْر: کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر۔

المَنْزُوْر: بہت کم اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاہُ عَطَاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا "وعَطَاءً غَیْرَ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار نہ کرنا پڑے۔

نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ: اکھیڑنا..... الْاَمِیْرُ الْعَامِلَ: معزول کرنا..... بِالسَّھْمِ: تیر پھینکنا..... فِی الْقَوْسِ: کمان کھینچنا..... عَنِ الْقَوْسِ: کمان سے پھینکنا..... الدَّلْوَ وبِالدَّلْوِ: کھینچنا۔ ڈول نکالنا..... یَدَہٗ: گریبان سے نکالنا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا مغرب کی طرف جانا..... الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔

نَزَعَ (ض) نُزُوْعًا عَنْ کَذَا: رکنا۔ باز رہنا..... الْوَلَدُ اَبَاہُ وَاِلٰی اَبِیْہِ: مشابہ ہونا۔

نَزَعَ (ف) نَزْعًا مَعْنًی جَیِّدًا: عمدہ معنی نکالنا۔

نَزَغَ (ف) نَزْغًا ونُزُوْغًا اِلٰی اَھْلِہٖ: مشتاق ہونا (..... نَزْغًا) اِلَی الشَّیْءِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ نَزْغَۃٌ اِلٰی کَذَا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے۔

بِفُلَانٍ اِلٰی کَذَا: بلانا۔ دعوت دینا۔

نَزِعَ (س) نَزَعًا: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْزَع: مؤنث نَزْعَاءُ (مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)

نَازَعَ نِزَاعًا الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَازَعَہٗ نِزَاعًا ومُنَازَعَۃً: جھگڑا کرنا۔

نَازَعَہُ الثَّوْبَ: کپڑے سے کھینچنا اور اسی سے ہے "اَرْضِی تُنَازِعُ اَرْضَکُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَازَعَ اِلٰی اَھْلِہٖ: مشتاق ہونا..... فُلَانًا: مصافحہ کرنا..... الْکَاسَ: پیالہ دینا۔

نَزَّعَ الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِہٖ: اکھیڑنا۔

اَنْزَعَ الرَّجُلُ: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔

تَنَزَّعَ اِلَیْہِ: دوڑ کر جانا۔

تَنَازَعَ الْقَوْمُ: اختلاف کرنا۔ تَنَازَعُوا الشَّیْءَ: باہم کھینچنا..... الْکَاسَ: پیالہ دینا..... فِی الشَّیْءِ: جھگڑا کرنا۔

شرارت کرنے والا۔ ج مناذیص۔
اِمْرَأَةٌ مِنْذَاصٌ وَنُدَصَةٌ: بے وقوف بد زبان عورت۔ خفیف العقل عورت۔
نَدَغَهُ (ف) نَدْغًا: اُنگلی چبھونا..... هُ بالرُّمْحِ او الکَلَامِ: نیزہ مارنا۔ بُرا کہنا..... الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ نُدِغَتْهُ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا۔
نَدَغَ العَجِیْنَ: گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔
نَادَغَهُ: باہم عشق بازی کرنا۔
اَنْدَغَ بِهِ: بُرا سلوک کرنا۔
اِنْدَغَ: آہستہ ہنسنا۔
النَّدْغُ والبَدْغُ: جنگلی صعتر۔ النَّدْغُ: شہد۔
النَّدْغَةُ والمِنْدَغَةُ: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
المِنْدَغُ: نیزہ باز۔ کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔
نَدَفَ (ض) نَدْفًا القُطْنَ: روئی دھننا۔ ..... بِالعُوْدِ او المِنْزَهِرِ: بربط یا سارنگی بجانا..... الطَّعَامَ: کھانا..... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ تَدَفَتِ السَّمَاءُ بِالثَّلْجِ: آسمان کا برف برسانا۔
نَدَفَتْ (ض) نَدْفًا ونَدِيْفًا ونَدَفَانًا الدَّابَّةُ: رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔
اَنْدَفَ: بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا..... الکَلْبَ: کتے کو پلانا۔
نَدَّفَ نَدِيْفًا القُطْنَ: روئی دھننا۔
النُّدْفَةُ: تھوڑا سا دودھ۔
النَّدَّافُ: دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔
النَّدَافَةُ: روئی دھننے کا پیشہ۔
النَّدِيْفُ مِنَ القُطْنِ: دھنی ہوئی روئی۔
المِنْدَفُ والمِنْدَفَةُ: روئی دھننے کی کمان۔
نَدَلَ (ن) نَدْلًا الشَّيْءَ: جلدی سے اُچک لینا۔ منتقل کرنا..... الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے ڈول کھینچنا..... بِرِجْلِهِ: پائنچا نہ کرنا۔
نَدِلَتْ (س) نَدَلًا يَدُهُ: ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔
تَنَدَّلَ وتَمَنْدَلَ بِالمِنْدِيْلِ: رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔
اِنْدَلَ المَالَ: برداشت کرنا۔
النَّدَلُ: مص۔ میل کچیل۔
النُّدُلُ: کھانا کھلانے والے خدام۔
المِنْدَلُ: چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِل۔
المِنْدَلُ والمِنْدِيْلُ والمِنْدِيْلُ: رومال۔ ج مَنَادِلُ ومَنَادِيْلُ. المِنْدَلُ: اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔
النَّوْدَلُ: پستان۔
نَدِمَ (س) نَدَمًا ونَدَامَةً وتَنَدَّمَ عَلٰى مَا فَعَلَ: پشیمان کرنا۔
اَنْدَمَهُ: پشیمان کرنا۔
نَادَمَهُ بَدَامًا ومُنَادَمَةً عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشین ہونا۔
تَنَادَمَ القَوْمُ عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشینی کرنا۔
اِنْدَمَ الأَمْرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذْهَا اِنْدَمَّ" جو آسان ہو۔
النَّادِمُ: پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُوْنَ ونُدَّام.
النَّدْمَانُ: پشیمان وشرمندہ۔ ج نَدَامٰى ونَدْمَانٌ (مثل مفرد) مؤنث نَدْمَانَةٌ ونُدْمَى. النَّدْمَانُ: مجلس شراب کا ہم نشین۔
النَّدْمُ: تیز طبیعت۔ زیرک۔
النَّدْمُ: مص۔ نشان۔
النَّدِيْمُ والنَّدِيْمَةُ: مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق وساتھی۔ ج نُدَامٰى ونُدَمَاءُ ونُدْمَانٌ.
المُنْدَمُ: پشیمانی۔
المَنْدَمَةُ: باعث پشیمانی۔
نَدَهَ (ف) نَدْهًا الرَّجُلُ: آواز دینا..... الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا..... الإِبِلَ: اکٹھا ہانکنا۔
اِنْدَهَ واِسْتَنْدَهَ الأَمْرُ: درست ہونا۔
النَّدْهَةُ والنُّدْهَةُ: بہت مویشی۔ النُّدْهَةُ: آواز۔ النُّوَادِهُ: دھمکیاں۔
نَدَا يَنْدُو نُدُوًّا. القَوْمُ: جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا..... القَوْمَ: مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْدُوْهُمُ النَّادِي" مجلس میں ان کے لئے گنجائش نہیں..... الرَّجُلُ: بخشش کرنا۔ جدا ہونا..... الشَّيْءُ: متفرق ہونا۔
نَدِيَ يَنْدَى نَدًى ونَدَاوَةً ونُدُوَّةً الشَّيْءُ: تر ہونا..... الأَرْضُ: تری پہنچنا..... الطَّوْتُ: دور کی ہونا اور کہا جاتا ہا مَا نَدِيْتُ بِشَيْءٍ مِنْ فُلَانٍ: میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و"رُمِيْتُ بِصُرَى فَلَمْ يَنْدَلِ شَيْءٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لئے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِيَنِي مِنْ فُلَانٍ شَيْءٌ أَكْرَهُهُ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و"لَمْ يَنْدَ مِنْهُمْ نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔
نَدَّى تَنْدِيَةً الشَّيْءَ: تر کرنا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو پلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔
نَادَى مُنَادَاةً ونِدَاءً الرَّجُلَ وبِالرَّجُلِ: پکارنا..... فُلَانًا: مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مناخرت کرنا۔ نَادَى بِسِرِّهِ: بھید ظاہر کرنا..... الشَّيْءَ: دیکھنا اور جاننا..... فُلَانًا: مشورہ کرنا..... النَّبْتُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَى الطَّرِيْقُ لِفُلَانٍ و نَادَاهُ" یعنی فلاں کے لئے راستہ ظاہر ہو گیا۔
اَنْدَى اِنْدَاءُ الرَّجُلُ: بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا..... الشَّيْءَ: تر کرنا..... الكَلَامُ: بدانجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔
نَدِيَ الرَّجُلُ: سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰى نَدِيَ" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا..... المَكَانُ: گیلا ہونا۔

النَّخف: چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔
النَّخفة: پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔
النِّخاف: چرمی موزہ۔ ج اَنْخِفة.
نَخَلَ (ن) نَخْلاً الدَّقِيقَ: آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا..... الشَّيْءَ: چننا۔ صاف کرنا۔ النَّصِيحَةَ أو الوُدَّ لِفُلانٍ: سچی خیر خواہی یا خالص دوستی کرنا۔ (..... وَنَخَّلَ)
السَّحابُ الثَّلْجَ: بادل کا پتھر برسانا۔ برف گرانا۔
تَنَخَّلَ وانتخل الشَّيْءَ: چننا۔ عمدہ لینا۔
النَّخْل والنَّخِيل: کھجور کا درخت۔ واحد نَخْلة ونَخِيلة.
النَّغْلِيَّات: ایک تنے والے درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔
النُّخالة: بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔ غلہ جو چھانا جائے۔
النَّخِيلة: طبیعت۔ خالص خیر خواہی۔ ج نَخائل کہا جاتا ہے "لا يَقْبَلُ اللّٰهُ إلَّا نَخائِلَ القُلُوبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔
الناخِل: فا۔ کہا جاتا ہے "إنَّهُ نَاخِلُ الصُّدْرِ" وہ خیر خواہ ہے و "نَصِيحَةٌ ناخِلة" سچی خیر خواہی۔
النَّخّال: بہت کھجور کے درختوں والا۔ آٹا چھاننے والا۔
المُنْخُل والمِنْخَل: چھلنی۔ ج مَناخِل.
نَخِمَ (ل) نَخَماً: کھیلنا۔ عمدہ گانا۔ صفت ناخِم.
نَخِمَ (س) نَخَماً ونَخْماً وتَنَخَّمَ: کھنکھارنا۔ ناک صاف کرنا۔
نَخِمَ (س) نَخَماً الرَّجُلُ: تھکنا۔
النَّخامة: کھنکار۔ رینٹ۔ بلغم۔
النَّخْمة: اسم مرة۔ کھنکھار۔ رینٹ۔ خوبصورتی و زیبائی۔ بہادری۔ بطمانچہ۔
نَخْنَخَ البَعِيرَ: اونٹ کو بٹھانا..... نَخْنَخَ فُلاناً: ذلیل بنانا۔ نَخْنَخَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نَخْنَخَ بالإبِلِ إخْ إخْ: کہہ کر اونٹ کو بٹھانا۔
نَخْنَخَ البَعِيرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
نَخا يَنْخُو نَخْوَةً الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔
نَجَى نَخْوَةَ الرَّجُلِ: فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
اَنْخَى إنْخاءً: کبر وغرور زیادہ ہونا۔
إنْتَخَى إنْتِخاءً عَلَيْنا: بڑا بننا۔ تکبر کرنا..... مِنْ كَذا: ننگ جاننا۔
النَّخْوَة: مص۔ دلیری۔ مروت۔ بڑائی۔ کبر وغرور۔ فخر۔
نَدَّ (ض) نَدّاً ونَدِيداً ونُدُوداً وبِداداً البَعِيرُ: اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔ کہا جاتا ہے نَدَّبَ الكَلِمَةُ: شاذ ہونا۔ کم مستعمل ہونا۔
نَدَّدَ الإبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا..... بالشَّيْءِ: بدنام کرنا..... بِفُلانٍ: عیوب ظاہر کرنا۔ قبیح بات سنانا..... صَوْتَهُ: آواز بلند کرنا۔
نَدَّدَ الإبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا۔
نادَدَهُ مُنادَّةً: مخالفت کرنا۔
تَنادَّ القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بدکنا۔ متفرق ہونا۔ تَنادَّتِ الإبِلُ: اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔
النَّادُّ: فا اور کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهُمْ نادٌّ" ان کے لئے رزق نہیں۔ ج نُدَّاد.
النَّدّ: تیلہ۔ بلند پشت۔
النِّدّ: مثل۔ کہا جاتا ہے "مالَهُ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ ج اَنْدادٌ.
النَّدِيد: مثل ونظیر۔ ج نُدَداءُ مؤنث نَدِيدَةٌ ج نَدائِدُ کہا جاتا ہے "مالَهُ نَدِيدٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔
النَّادِ: مص "يَوْمُ النّادِ ويَوْمُ النّادِ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا أنادِيدَ ونَادِيدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہو گئے۔
نَدَأَهُ (ف) نَدْأً: خوف دلانا۔ نَدْأُ اللَّحْمِ: گوشت کو آگ میں دبانا..... المَلَّةُ: بھوبھل بنانا..... عَلَيْهِمْ: ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔
النَّدِيُّ: آگ میں دبایا ہوا گوشت۔
النَّدِيُّ والنَّدَاةُ والنُّدَاةُ: آفتاب کے طلوع وغروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔ قوس قزح۔ النَّدَاةُ والنُّدَاةُ: آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔
النَّدَاةُ والنُّدَاةُ: متفرق گھاس کا ایک حصہ ج نُدًى.
نَدَبَ (ن) نَدْبَ المَيِّتَ: میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا..... فُلاناً إلَى الأمْرِ او لِلأمْرِ: بلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ هُ إلَى الحَرْبِ: لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔ صفت فاعلی نادِبٌ صفت مفعولی مَنْدُوبٌ اور آمر کو مَنْدُوبٌ إلَيْهِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبة.
نَدَبَ (س) نَدْباً ونُدُوباً ونُدُوبَةَ الظَّهْرُ: پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت مُنْدَبٌ (..... نَدْباً وانْتَدَبَ) الجُرْحُ: نشان زخم ہونا۔ انْتَدَبَ فُلانٌ نَفْسَهُ وبِنَفْسِهِ: خطرے میں ڈالنا۔ انْتَدَبَ الجُرْحُ فُلاناً: نشان ڈالنا..... بِظَهْرِهِ وفِي ظَهْرِهِ: نشان چھوڑنا۔
نَدُبَ (ک) نَدابَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔
انْتَدَبَ لِفُلانٍ: تردید کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فانْتَدَبَ لَهُ فُلانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔ انْتَدَبَهُ لِلأمْرِ: بلانے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "خُذْهُ ما انْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔
النَّدْب: مص۔ فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔ شریف دانا۔ مروکم جاننے۔ ج نُدُوب ونُدَباء. فَرَسٌ نَدْبٌ: تیز گھوڑا۔
النَّدَب: مص۔ نشانِ زخم۔ ج نُدُوب: گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو لے لے۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْنا نَدَباً" یعنی تیز تیز پھینکنے والی کمان

النَّحْمَةُ: کھانسی۔
النَّجِیم: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
رَجُلٌ نَجِمٌ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد۔
النَّحَّام: بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا۔ شیر۔ بخیل۔
نَحْنُ: ہم۔ جمع متکلم کی ضمیر۔
نَحْنَحَ وتَنَحْنَحَ الرَّجُلُ: گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔ سینے سے آواز نکالنا۔ نَحْنَحَ فُلَانًا: بری طرح سے ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنَا بِمُنَحْنِحِ النَّفْسِ عَنْ کَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں۔
النَّحَانِخَة: بخیل و کمینے۔
نَحَا یَنْحُو نَحْوَ الشَّیْءِ: قصد کرنا۔ نَحَا نَحْوَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔ نَحَا بِبَصَرِهٖ اِلَیْهِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا..... اَلرَّجُلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا..... فُلَانًا عَنْهُ: پھیرنا۔ ہٹانا..... الشَّیْءُ: جھکانا۔
نَحَّی تَنْحِیَةَ الرَّجُلِ عَنْ مَوْضِعِهٖ: ہٹانا۔ معزول کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
تَنَاحَاهُ مُنَاحَاةً: باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا۔
اَنْحَی اِنْحَاءً: اعتماد کرنا۔ کسی جانب جھکنا..... عَلٰی فُلَانٍ ضَرْبًا: متوجہ ہونا..... بَصَرَهٗ عَنْهُ: نگاہ پھیر لینا..... عَلَیْهِ: اعتماد کرنا۔
اِنْحَی اِنْحَاءَ الشَّیْءِ او الرَّجُلِ: قصد کرنا..... لَهٗ: اعتماد کرنا اور جھکنا..... اَلْبَعِیرُ عَلٰی شِقِّهِ الْاَیْسَرِ: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا۔
اِنْحَی عَنْ مَوْضِعِهٖ: جدا ہونا..... لِلشَّیْءِ: اعتماد کرنا..... اَلرَّجُلُ: کلام میں اعراب استعمال کرنا۔
اَلنَّحْو: جانب۔ جہت۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار۔ قصد و ارادہ اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج اَنْحَاء، وعِلْمُ النَّحْوِ: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب و بنا و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو اس وجہ سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے۔ ج اَنْحَاء ونُحُوٌّ اور تصغیر نُحَیَّة جیسے دَلْوٌ ودُلَیَّةٌ۔
اَلنَّحْوِیُّ: علم نحو کا جاننے والا۔ ج نَحْوِیُّوْنَ۔
اَلنَّاحِی: نا۔ علم نحو کا جاننے والا۔ ج نُحَاة۔
اَلنَّاحِیَة: جانب و جہت۔ ج نَوَاحٍ ونَاحِیَات ونَوَاحٍ وانْحِیَة۔
نَحَی یَنْحَی ویَنْحِی نَحْیًا. اَللَّبَنَ: دودھ بلونا۔ متھنا۔ مسکہ نکالنا..... اَلشَّیْءَ: زائل کرنا..... بَصَرَهٗ اِلَیْهِ: نگاہ پھیرنا۔
نَحَاهُ یَنْحِیْهِ نَحْیًا: ایک گوشہ میں کرنا۔
اَنْحَی لَهُ السِّلَاحَ: ہتھیار سے مارنا..... عَلَیْهِ بِالسَّیْفِ: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنْحَی عَلَیْهِ بِاللَّوَائِمِ" وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا۔
نَحَّاهُ تَنْحِیَةً: زائل کرنا۔ جھکانا۔
تَنَحَّی تَنَحِّیًا: زائل ہونا۔ جھکنا۔
اِنْتَحَی فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا..... فِی الشَّیْءِ: اعتماد کرنا۔
اَلنَّحْی والنِّحْی والنُّحْی: گھی کی مشک۔ دودھ بلونے کا برتن۔ چوڑے پھل کا تیر۔ ج اَنْحَاء وانْحَاء ونُحِیّ۔
اَلنَّحْیَة: ارادہ۔ نشانہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَحْیَةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے۔
اَلْمَنْحَاة: پانی بہنے کی نیچی جگہ۔ پانی لانے والے اونٹ کا راستہ۔ ج مَنَاحٍ. اَهْلُ الْمَنْحَاةِ: بیگانے لوگ۔
نَخَّ (ن) نَخًّا: تیز چلنا..... اَلْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا..... اَلْاِبِلَ وبِالْاِبِلِ: اونٹ بٹھانے کے لئے اِخْ اِخْ یا نَخْ نَخْ کہنا۔
اَلنَّخُّ: مص۔ لسا فرش۔ ج اَنْخَاخ.
اَلنَّخَّة: اسم مرۃ۔ ملکی پارش۔ کام کرنے والے بیل۔ باندی غلام۔ خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔
اَلنُّخَة: کام کرنے والے بیل۔
اَلنُّخُّ والنُّخَاخَة: گووا۔ مغز۔
نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔ عمدہ حصہ لینا۔ نَخَبَتِ النَّمْلَةُ: چیونٹی کا کاٹنا..... اَلصَّقْرُ الصَّیْدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔
نَخِبَ (س) نَخَبًا: بزدل ہونا۔ صفت نَخْبٌ ونَخِبٌ ونَخَبٌ ونَخِبٌ وانْخَبٌ.
اَنْخَبَ الرَّجُلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا۔ بہادر بچہ پیدا کرنا۔
اِنْتَخَبَ الشَّیْءَ: کھینچ کر نکالنا۔ چننا۔
اَلنَّخَب: مص۔ بزدلی۔ دل کی کمزوری۔ بزدل۔ جام صحت اور عوام کہتے ہیں "اَشْرَبُ بِسُرَّةِ او عَلٰی صَحَّتِهٖ" (..... والنَّخْبَة) دُہرا۔ اَلنَّخْبَةُ: بزدل۔
اَلنُّخْبَة والنُّخْبَة: چنا ہوا۔ ج نُخَب.
اَلنُّخْبَةُ: منتخب لوگ۔ دوست کے جام صحت کا پینا۔ پلانا۔ ج نُخَبَات. اَلنُّخَبَات: بزدل لوگ۔
اَلنَّخِیب: ج نُخُب والمَنْخُوب والیَنْخُوب: بزدل۔ بے دل۔
اَلْمَنْخُوب: ذبلا کم گوشت والا والیَنْخُوب: لمبا۔
اَلنَّخَاب: دل کی جھلی۔
اَلْمَنْخَبَة: حلقہ دبر۔
اَلْمِنْخَاب: کمزور۔ ناکارہ۔ ج مَنَاخِیب.
نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّائِرُ الشَّیْءَ: پرندہ کا چونچ مارنا..... اَلْغُولَ: انتہا تک پہنچانا..... اَلشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
نَخَجَ (ض) نَخْجًا اَلسَّیْلُ فِی سَنَدِ الْوَادِی: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا اَلدَّلْوَ وبِالدَّلْوِ فِی الْبِئْرِ: ڈول کو بھر جانے کے لئے کنوئیں میں ہلانا..... اَلْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
اِنْتَخَجَ الرَّجُلُ: سختی کے بعد نرم ہونا۔
اَلنَّخِیجَة: باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔
نَخَذَ: ناخدا ہونا۔ جہاز کا کپتان ہونا۔
نَاخُذَاة: جہاز کا کپتان۔ ج نَوَاخِذ.
نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا ونَخِیرًا الْاِنْسَانُ او

حاجت ۔ ذلیل ۔ جوا ۔ تیز چال ۔ یا آہستہ چال ۔ نذر ۔ کہا جاتا ہے "قضٰی فلانٌ نحبَہٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کردی ۔ یعنی مرگیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی ۔

النُّحبۃ: قرعہ ۔

المُنْحِب: فا ۔ سَیرٌ مُنْحِبٌ: تیز چال ۔

نحتَ (ض ن) ونحتَ (س) نَحْتًا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا ..... الخجَرَ: پتھر کو ہموار کرنا ..... الخشَبۃَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا ..... ہٗ: بچھاڑنا ..... السَّفرُ البَعیرَ: دبلا کرنا ..... الجبَلَ: پہاڑ کھودنا ..... الکلمۃَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنانا جیسے صَہْصَلق. صہل وصلق: سے بَسْمَلَۃ. بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سے ۔ حَوْقَلَۃ لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ سے ۔ قَذْلَکَۃ قذلک کذا وکذا: سے نَحْتُہٗ بالعصا: لاٹھی مارنا ..... ہٗ بلسانہٖ: غیبت کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ گالی دینا ..... عِرْضَہٗ: طعن کرنا ۔ بے آبرو کرنا ..... اثْلَتَہٗ وفی اثْلَتِہٖ: مذمت کرنا ۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فلانٌ علی الکرمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے ۔

نحتَ (ن) نَحِیْتًا: پچیش ہونا ۔

اِنْتَحَتَ مِنَ الخشَبۃِ فاجْعَلْہُ فی النّارِ: آگ میں ڈالنے کے لئے چھپٹیاں کاٹو ۔ انْتحتُ الخشَبۃَ: لکڑی کا چھپٹیاں ہونا ۔

النُّحُت: مص (..... والنُّحاتۃ والنَّحِیتۃ) طبیعت ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کریمُ النُّحِیتۃِ" وہ کریم الطبع ہے ۔

النَّحِیتۃ: پچیش ۔

النُّحاتۃ: تراشہ ۔ چھیلن ۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں ۔

النحات: منگ تراش ۔ بہت چھیلنے والا ۔

النَّحِیت: مص ۔ چھیلا ہوا ۔ گریہ وزاری ۔ پچیش ۔ دبلا اونٹ ۔ ردی چیز ۔ کنجوس ۔ قوم میں اجنبی ..... مِنَ الحَوافِرِ: کنارے گھسا ہوا کھر ۔

المِنْحت ج مَناحِت والمِنْحات ج مَناحِیت: لکڑی تراشنے کا آلہ ۔ بسولہ ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَھُمْ کِرامُ المَنابت والمَناحِت" وہ لوگ فیاض واصل خاندان سے ہیں ۔

نحرَ (ف) نَحْرًا ونَحّارًا. البَہیمۃَ: سینہ پر مارنا ۔ ذبح کرنا ..... فلانًا: مقابلہ کرنا ۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَیْتِیْ بَیْتَہٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "ونَحَرَ الأُمُورَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا ۔ الصَّلاۃَ: اول وقت میں نماز پڑھنا ..... المُصَلِّی فِی الصَّلاۃِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا ۔

ناحَرَہٗ مُناحَرَۃً: جھگڑا کرنا ۔

تَناحَرَ القَومُ علی کذا: جھگڑا کرنا ۔ تَناحَرَتِ الدّارانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا ..... القَومُ عَنِ الطَّرِیقِ: راستہ سے تجاوز کرنا ۔ ہٹ جانا ..... علَی الطَّرِیقِ وغیرِہٖ: پے در پے آنا ۔

اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ: خودکشی کرنا ..... القَومُ علَی الأمرِ: جھگڑا کرنا ۔ اِنْتَحَرَ السَّحابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا ..... ہٗ بالعَصا: مارنا ۔

النَّحر: مص ۔ سینہ کا بالائی حصہ ۔ ج نُحُوْر کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِی نَحْرِ فُلانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا ۔ "نَحْرُ النَّہارِ او الشَّہرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ ۔ یَوْمُ النَّحرِ: ماہِ ذی الحجہ کا دسواں دن ۔

النَّحْر: حاذق ۔ ماہر ۔ سمجھدار ۔ دانا بینا ۔

الناحر: فا ۔ الناجِرانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام ۔

الناجِرۃ. الناحِر کا مؤنث ۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات ۔ ج نَواجِر و نَواجِرات. السّاجِرتان: سینہ کی دو رگوں کا نام ۔

النُّحُوْر: ذبح کرنے والا ۔

النِّحْرِیر: حاذق ۔ سمجھدار ۔ عقلمند ۔ ج نَحارِیر.

النَّحِیر: ذبح کیا ہوا ۔ ج نُحَری ونُحَراء ونَحائر.

النَّحِیرَۃ. نَحِیر: کا مؤنث ۔ طبیعت ..... مِنَ الشَّہرِ: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات ۔ ج نَحائر.

المُنْحَر: حلق میں ذبح کرنے کی جگہ ۔ مقام ذبح ۔

المُنْحَر: کشادہ راستہ ۔

المِنْحار: کریم ۔ فیاض ۔ بہت ذبح کرنے والا ۔ مہمان نواز ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لِمِنْحارٌ بِوَانِکُھا" وہ موٹے اونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے ۔

المَنْحُوْر: سینہ کا بالائی حصہ ۔ ج مَناجِیر.

نَحَرَہٗ (ف) نَحْرًا: وقع کرنا ۔ بنانا ۔ چھونا ۔ ہاون میں کوٹنا ..... بِرِجْلِہٖ: ٹھوکر مارنا ..... فِی صَدْرِہٖ.

نُحِزَ ونَحِزَ (ک) ونَحِزَ (س) نَحْزًا ونُحِّزَ البَعِیرُ: پھیپھڑے کی بیماری: الا ہونا ۔ صفت نَحِزٌ وناحِزٌ ونَحِیزٌ ومَنْحُوزٌ.

نَحِزَ (س) نَحْزًا. الرَّجُلُ: کھانسنا ۔

انْحَزَ القَومُ: پھیپھڑے کی بیماری والے اونٹوں کا مالک ہونا ۔

النَّحاز: اونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے ۔ جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (..... والنِّحاز) اصل ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیمُ النِّحازِ" وہ کریم الاصل ہے ۔

النَّجِیزَۃ: طبیعت ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَرِیمُ النَّجِیزَۃِ" وہ کریم الطبع ہے ۔ تخت راستہ ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ ۔ ج نَحائِز.

المِنْحاز: ہاون ۔ اوکھلی ۔

نَحِسَ (ف) نَحَسًا ونَحَسَ (ک) نَحاسَۃً ونُحُوْسَۃً طَابِعُ الإنسانِ: بدقسمت ہونا ۔ منحوس ہونا ۔ صفت نَحِسٌ ونَحِسٌ

مفعول نَجِيف ومَنْجُوف ..... الشَّجَرَةَ : درخت کو جڑ سے کاٹنا..... الشَّاةَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

نَجَّفَ لِفُلَانٍ نُجْفَةً مِنَ اللَّبَنِ : کسی کے لئے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَفَتِ الرِّيحُ الْكَثِيبَ او الرَّمْلَ : ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنْجَفَ واِسْتَنْجَفَ الشَّيْءَ : نکالنا۔ الرِّيحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا..... الشَّاةَ: بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

النَّجْف ج نِجَاف والنَّجَفَة : ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النَّجَاف : دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نِجَافُ الغَار : غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النَّجْف : چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف.

المِنْجَف : زنبیل۔ ٹوکری۔

المِنْجُوف : مفع۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قمیر۔

النُّجْفَة : تھوڑی چیز۔

نَجَلَ (ن) نَجْلاً الشَّيْءَ : ظاہر کرنا..... الأَرْضَ : زمین جوتنا۔ نَجَلَهُ أَبُوهُ ونَجَلَ بِهِ : پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الأَرْضُ : زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلَانًا : ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔

النَّاسَ : شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ نُجَلِ النَّاسِ نَجَلُوهُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں۔ نَجَلَ الْجِلْدَ عَنِ الْمَذْبُوحِ : دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُول کہتے ہیں۔

نَجَلَ (ض) نَجْلاً الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ : پھینکنا۔ هُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا..... الصَّبِيُّ اللَّوْحَ : بچے کا تختی کو مٹانا..... الرَّجُلُ : تیز چلنا۔

نَجِلَ (س) نَجَلاً الرَّجُلُ : بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت نَجْلاءُ ج نُجْل ونِجَال : آنکھ کی صفت۔ نَجْلاءَ ج نُجْل.

اَنْجَلَ الدَّابَّةُ. نَجَلَ (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تَنَاجَلَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

اِنْجَلَ الأَمْرُ: ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِسْتَنْجَلَ المَكَانُ: کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا..... فُلَانٌ النَّزَّ (زمین سے) سونا نکالنا۔

النَّجْل: مفر۔ اولاد۔ نسل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل وشریف الطبع ہے والد۔ ج انجال. النَّجْلُ: مُل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نِجَال وانْجَال.

النَّاجِل: فا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث نَاجِلَة. ج نَاجِلات ونَوَاجِل. النَّوَاجِل: بخیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اونٹ۔

الأَنْجَل: کشادہ و لمبا چوڑا۔ ج نُجْل ونِجَال مؤنث نَجْلاء ج نُجْل کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ طَعْنَةً نَجْلاءَ" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

المِنْجَل: ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجُل.

النَّجِيلَات: جو گندم وغیرہ کی فصلیں جن کی بالی کھول دار اور سیدھی ہو۔

المِنْجَل: درانتی۔ ج مَنَاجِل.

المِنْجَل: گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر۔ اونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "بِسَنَانٍ مَنْجَلٍ" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نَجَمَ (ن) نُجُومًا الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَجَمَتِ الكَوَاكِبُ" ستارے طلوع ہونے۔ ونَجَمَ النَّبْتُ: سبزی اُگی۔ ونَجَمَ السِّنُّ او القَرْنُ: دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نَجَمَ فِي بَنِي فُلَانٍ شَاعِرٌ او فَارِسٌ" بنو فلاں میں بے مثال شاعر یا شہسوار ظاہر ہوا..... كَذَا عَنْ كَذَا: فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا..... فُلَانٌ الدَّيْنَ: قسطوں میں ادا کرنا..... السَّهْمُ او الرُّمْحُ: تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نُجُم: احوال عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا..... الدَّيْنَ: قرض کو قسطوں میں ادا کرنا..... عَلَيْهِ الدِّيَةَ: دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنْجَمَ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔ اَنْجَمَ السَّمَاءُ: آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔ اَنْجَمَ الشِّتَاءُ او البَرْدُ: جاڑے اور سردی کا ختم ہونا..... الرَّجُلُ عَنِ الأَمْرِ: چھوڑنا۔ اَنْجَمَ الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا۔

اِنْجَمَ البَرْدُ و الشِّتَاءُ: جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

نَجَّمَ: احوال عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجْم ج نُجُوم وأَنْجُم وأَنْجَام ونُجُم: ستارہ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ مَا لِي عَلَيْهِ نُجُومًا مُنَجَّمَةً بِوُدِّي كُلُّ نَجْمٍ مِنْهَا فِي وَقْتِ كَذَا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجْم: بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هٰذَا الحَدِيثُ لَا نَجْمَ لَهُ" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجْمَة: ستارہ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمة (..... والنَّجْمَة) دو گھاسوں کے نام۔ النَّجْمَة: ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے اور کہا گیا ہے کہ "نَبْل" اور "نَجْمَة" اور "عِكْرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں "ذُو النَّجْمَةِ" گدھا۔

النَّجِيم مِنَ النَّبَاتِ: تازہ گھاس۔

النَّجَّام والمُنَجِّم والمُتَنَجِّم: نجومی۔

المَنْجَم: نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ واضح

سینا..... الدَّهْرُ فُلَانًا : تجربہ کار بنانا
..... الرَّجُلُ: دوڑنا۔
نَاجَذَہ مُنَاجَدَۃً: مدد کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جنگ کے لئے نکلنا۔
اَنْجَدَ: مدد کرنا۔ اَنْجَدَ الرَّجُلُ: پسینہ والا ہونا۔ نجد میں آنا یا نجد کی طرف سفر کرنا۔ اپنے اہل و عیال سے قریب ہونا ..... الْبِنَاءُ: عمارت کا بلند ہونا..... الدَّعْوَۃُ: قبول کرنا۔ اَنْجَذَتِ السَّمَاءُ: بادل سے صاف ہونا۔
تَنَجَّدَ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
اِسْتَنْجَدَ: دلیر ہونا..... فُلَانًا وَبِہٖ: مدد طلب کرنا..... عَلَیْہِ: خوفزدہ ہونے کے بعد دلیری کرنا۔
نَجْد: مص۔ ملک نجد۔
النَّجْد: بلند زمین۔ ج وَنُجُد ونُجُد ونِجَاد ونُجُود وانْجَاد وانْجِدَۃ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَلَّاعُ انْجُدٍ وانْجِدَۃٍ ونِجَاد وطَلَّاعُ النِّجَادِ" وہ مشکل امور پر غالب آنے والا ہے اور اسی معنی میں ہے "طَلَّاعُ الثَّنَایَا" گھاٹیوں کو عبور کر جانے والا۔
النَّجْد: مکان کی آراستگی کا سامان۔ ج نِجَاد ونُجُود۔ النَّجْد: ماہر رہنما۔ درختوں سے خالی جگہ۔ کرب وغم۔ پستان۔ بلند راستہ۔
رَجُلٌ نَجْدٌ ونَجِدٌ ونَجُدٌ: دلیر مرد۔ دوسروں کو عاجز کر دینے والے امور کا پورا کرنے والا۔ دعوت کو بہت جلدی قبول کرنے والا۔ ج اَنْجَاد۔
النَّجَد: پسینہ۔ گھر کا سامان۔ بچھونا۔ پردہ وغیرہ۔ ج اَنْجَاد۔
النَّجْدَۃ: مص۔ اسم مرۃ۔ بہادری و دلیری۔ طاقت وقوت۔ کہا جاتا ہے "لَاقَی فُلَانٌ نَجْدَۃً" فلاں سختی میں پڑ گیا۔ مقاتلہ۔ گھبراہٹ۔ ج نَجَدَات۔
النِّجَاد: پرتلہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَوِیْلُ النِّجَادِ" وہ لمبے پرتلے والا ہے۔ کنایہ ہے طویل القامت ہونے سے۔
النِّجَادَۃ: فرش سازی کا پیشہ۔
النَّجِیْد: بہادر۔ ایسے امور کو انجام دینے والا جو دوسروں کو عاجز کر دیں۔ شیر۔ غمگین۔ ج نُجُد ونُجَدَاء۔
النَّاجِد: قا۔ مؤنث نَاجِدَۃ ج نَوَاجِد۔
النَّجَّاد: فرش ساز۔
نُجُوْدُ الْبَیْتِ: مکان کو آراستہ کرنے کے لئے دیواروں کے پردے۔
النَّجُوْد مِنَ الْاِبِلِ والْاَتُن: لمبی گردن والا۔ چلنے میں آگے رہنے والا ..... مِنَ النِّسَاءِ: عقلمند عورت۔ شریف عورت۔ ج نُجُد۔
النَّاجُوْد: شراب۔ شراب کا برتن۔ خون۔ زعفران۔ ج نَوَاجِیْد۔
المِنْجَد: عورتوں کا ایک زیور جس کو گردن میں ڈالتی ہیں اور سینے کے نیچے تک ہوتا ہے۔ چھوٹا پہاڑ ج مَنَاجِد۔
اَلْمِنْجَدَۃ: اون وغیرہ دھننے کا لکڑی کا اوزار۔ جانوروں کو ہانکنے کے لئے چھوٹی سی چھڑی۔ ج مَنَاجِد۔
رَجُلٌ مِنْجَاد: بہت مدد کرنے والا مرد۔
المَنْجُوْد: مفع۔ مغموم۔ ہلاک ہونے والا۔
نَجَذَہٗ (ض) نَجْذًا: داڑھوں سے کاٹنا۔ اصرار کرنا۔
نَجَّذَہٗ: تجربہ کرنا۔ آزمانا۔ نَجَّذَتْہُ والتَّجَارِبُ: تجربہ کار بنانا.....ہٗ البَلَایَا: مصیبتوں کا لاحق ہونا۔
النَّاجِذ: قا۔ نَوَاجِذ: کا واحد بمعنی داڑھ۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی نَاجِذِہٖ" وہ بالغ ہو گیا کمال عقل کو پہنچ گیا۔ اس لئے کہ نواجذ بلوغ وکمال عقل کے بعد نکلتی ہے۔ "وَضَحِکَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ" وہ کھلکھلا کے ہنس پڑا۔ "وَابْتَدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْھَا" لڑائی تیز ہوگئی وعَضَّ الرَّجُلُ عَلٰی نَاجِذَیْہِ: یعنی اس نے صبر کیا۔
المَنَاجِذ: جمع جُلْد مِن غَیْرِ لَفْظِہٖ: بمعنی پچھوندر۔

نَجَرَ (ن) نَجْرًا الْیَوْمُ: دن کا گرم ہونا۔
المَاءَ: پانی کو گرم پتھر سے داغ کرنا.....
الرَّجُلَ: مار کر ہٹانا..... الخَشَبَ: لکڑی کو چھیل کر ہموار کرنا..... الشَّیْءَ: ارادہ کرنا
..... الْاِبِلَ: اونٹ کو ہانکنا۔
نَجِرَ (س) نَجَرًا: سخت پیاسا ہونا۔
اَنْجَرَ فُلَانًا: دودھ گھی آٹے سے بنا ہوا کھانا پیش کرنا۔
النَّجْر: مص۔ اصل۔ حسب۔ رنگ۔ گرمی۔
النَّجِر: سخت پیاس جو اونٹ وغیرہ کو لاحق ہوتی ہے اور بجھتی نہیں۔
النَّاجِر: گرمی کے مہینوں میں سے ہر ایک مہینہ۔
النِّجَار والنُّجَار: اصل۔ حسب۔ رنگ۔
النِّجَارَۃ: بڑھئی کا پیشہ۔
النُّجَارَۃ: لکڑی کا چھلن۔ رندہ کرتے وقت جو گرے۔
النِّجَار: بڑھئی۔
اَلْمِنْجَرُ: تیشہ۔
النَّجِیْرَۃ: لکڑی کی چھت۔ دودھ گھی آٹے سے بنا ہوا کھانا۔ گرم پتھر سے داغ کیا ہوا پانی۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "لَاَنْجُزَنَّ نَجِیْرَکَ" میں تم کو بدلہ دوں گا جس کے تم مستحق ہو۔
النَّجْرَان: لکڑی کی چول جس پر دروازہ گھومتا ہے۔ پیاسا اور یمن اور حوران کے دو شہروں کا نام نَجْرَان ہے۔
اِبِلٌ نَجِرَۃٌ ونَجْرَیٰ ونَجَّارَیٰ: پیاسے اونٹ۔
الاَنْجَرُ والاَنْجَرَۃ: لنگر۔ ج اَنَاجِر (دخیل)
المَنْجَر: مقصد جو راستہ سے ہٹا ہوا نہ ہو۔
المِنْجَرَۃ: پانی داغ کرنے کا گرم پتھر۔
المِنْجَرُ: اونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا۔ رندہ۔
المَنْجُوْر: مفع۔ کنوئیں سے پانی نکالنے کی

اَنْثَى اِنَاثَةً: پیچھے ہٹنا.....ہٗ: صورت وسیرت میں مشابہ ہونا۔
تَنَثَّى عَلَيْهِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔
اِسْتَنْثَى اِسْتِنْثَاءَ الْفَحْلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔
نَثَّ (ن ض) نَثًّا الْخَبَرَ: پھیلانا..... الْجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔
نَثَّ (ض) نَثًّا وَنَثِيثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا .....الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا..... الْعَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔
تَنَاثَّ الْقَوْمُ الْأَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔
النَّثُّ: مص۔ نمناک دیوار۔
النِّثَاثُ: زخم پر لگانے کا تیل۔
النَّثِيثَةُ: مشک سے ٹپکا ہوا۔
النِّثَاثُ والمِنَثُّ: بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔
النَّثَّاثُ: غیبت کرنے والے۔ واحد نَثَّاثٌ۔
المِنَثَّةُ: اُون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں۔ ج مَنَاثُّ ومِنَثَّات۔
نَثِثَ (س) نَثَثًا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَهُ بِالسِّكِّينِ: پیٹ پھاڑنا۔
نَافِي بَطْنِهِ: آنتوں کو خالی کر دینا۔
اِسْتَنْثَجَ أَحَدُ العِدْلَيْنِ: ڈھیلا پڑ جانا۔
النَّثِيجُ: بزدل۔ بے برکت۔
المِنْثَجَةُ: دبر۔
نَثَدَ (س) نُثُودًا الرَّجُلُ: ٹھہرنا..... الْحَمَاةُ: سانپ کی چھتری کا اگنا۔
نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا ونِثَارًا الشَّيْءَ: بکھیرنا۔ نثر میں گفتگو کرنا.....الدِّرْعَ مِنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نَثَرَتِ الْمَرْأَةُ بَطْنَهَا" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "وَاخَذَ فُلَانٌ دِرْعًا فَنَثَرَهَا عَلَى نَفْسِهِ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔
نَثَرَتْ (ض) نَثْرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کے لئے ہے جیسے عُطَاس: آدمیوں کے لئے۔
اَنْثَرَ: ناک جھاڑنا.....ہٗ: ناک کے بل گرانا۔
نَثَّرَ الشَّيْءَ: بکھیرنا۔
تَنَثَّرَ وتَنَاثَرَ وانْتَثَرَ. النَّبْتُ: بکھرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاثَرَ الْقَوْمُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔
اِنْثَارٌ واِسْتِنْثَارٌ: ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔
النَّثْرُ: مص۔ ضد نظم۔
النَّثْرَةُ: نثر کا اسم مرۃ۔ کلام نثر کا ایک ٹکڑا۔ نتھنا اور اس کا اردگرد۔ چھینک۔ کشادہ زرہ۔ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
النَّثِيرُ والمِنْثَارُ والنَّثُورَانُ: بہت بولنے والا۔ بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثُورٌ او امْرَأَةٌ نَثُورَةٌ: بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔
النَّثِيرُ: بکھیرا ہوا۔ کلام نثر۔ کہا جاتا ہے "كَأَنَّ لَفْظَهُ نَثِيرُ الدُّرِّ والدُّرُّ النَّثِيرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔
النَّثَارَةُ والنُّثَارُ والنَّثْرُ: بکھری ہوئی چیزیں۔
النِّثَارُ: مص۔ شادی کے موقع پر جو بکھیرا جائے۔
النَّاثِرُ: فا۔ نثر بولنے والا یا لکھنے والا۔ نَخْلَةٌ نَاثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المُنَثَّرُ: مفع۔ بیچ ونا کارہ آدمی۔
المِنْثَارُ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المَنْثُورُ: مفع۔ مِنَ الْكَلَامِ. ضد منظوم
المَنْثُورُ: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ۔ واحد مَنْثُورَةٌ.
نَثَطَهُ (ن) نَثْطًا.....فُلَانًا: بوجھل کرنا۔
الْحَمَاةُ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (..... نَثْطًا ونُثُوطًا) ساکن ہونا قرار پانا۔
نَثَطَهُ: آرام دینا۔
اَنْثَعَ: بہت قے کرنا.....القَيْءُ او الدَّمُ: قے یا خون نکلنا۔
نَثَلَ (ن) نَثْلًا الْفَرَسُ و كُلُّ ذِي حَافِرٍ: لید کرنا۔
نَثْلٌ (ن ض) وانْتَثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا..... الجِرَابَ: توشہ دان خالی کرنا..... الكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا۔ نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْهُ: زرہ کو اتار پھینکنا..... اللَّحْمَ فِي الْقِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈالنا..... عَلَى فُلَانٍ دِرْعَهُ: زرہ پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حُفْرَتُهُ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔
اَنْثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
تَنَاثَلَ الْقَوْمُ إِلَيْهِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔
اِسْتَنْثَلَ الْكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔
النَّثْلُ: کھودا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بِئْرُكَ نَثْلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔
النَّثْلَةُ نَثْلٌ: کا اسم مرۃ۔ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ کشادہ زرہ۔
النَّثِيلُ: لید۔
النُّثَالَةُ والنُّثْلَةُ: کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔ بقیہ النُّثْلَةُ: موٹا گوشت۔
المِنْثَلَةُ: زنبیل۔
نَثَمَ (ض) نَثْمًا وانْتَثَمَ: بخش بکنا۔
نَثَا يَنْثُو نَثْوًا الْحَدِيثَ: بیان کرنا۔ پھیلانا .....الشَّيْءَ: متفرق کرنا.....فُلَانًا: غیبت کرنا .....غَلَبَهُ فَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔
تَنَاثَى الْقَوْمُ الْحَدِيثَ: آپس میں ایک دوسرے سے کہنا.....الشَّيْءَ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَّاثِي: فا۔ غیبت کرنے والا۔
النَّثْوَةُ: لوگوں کی عیب جوئی۔
النَّثَا: کسی کے متعلق اچھی یا بُری خبر۔
نَثَى يَنْثِي نَثْيًا الْخَبَرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثَى مِنَ الشَّيْءِ: ناک بھوں چڑھانا۔ فُلَانًا: غیبت کرنا۔

النباہ: اونچا کوٹلا ہوا بلند۔
المَنْبَهَة: سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَة عَلٰى كَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔
رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الاسم: مشہور و معروف۔
نَبَا يَنْبُوْ نَبْوَةً وَنُبُوًّا وَنُبِيًّا بَصَرُهٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ ..... الشَّيْءُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (..... نُبُوًّا وَنَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ: تلوار کا اچٹ جانا ..... جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا ..... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا ..... الطَّبْعُ عَنِ الشَّيْءِ: نفرت کرنا ..... عَنِ الشَّيْءِ: زائل ہونا ..... بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا ..... غَلَبَهُ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: کھرا نہ ہونا۔ صاف نہ ہونا۔ نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔
اَنْبَى السَّيْفُ: تلوار کو کند کرنا۔
النَّبْوَة: مص۔ نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی (..... و النَّبَاوَة) بلند زمین۔
النَّبِيُّ والنُّبُوَّة: پیغامبر و پیغامبری۔ (دیکھئے مادہ نبأ) والنَّبِيُّ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین۔
النَّبَاهَة: شرافت و ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔
النَّبْوُ: بلندی و ارتفاع۔
النَّابِي: چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔
النَّابِيَة: النابي: کا مؤنث۔ کمان۔
نَثَّ (ض) نَثِيْثًا وَنَثِيْثَةً: ہانڈی کا اُبلنا۔
نَثَّ (ن) نَثًّا وَنِثَاثًا مِنْخَرَهٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
نَثَّ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔
نَثَّتِ الْمَرْأَةُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
النَّثَّة: چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔

نَثَا (ف) نَثْيًا وَنُثُوْءًا. الشَّيْءُ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا ..... الْقَرْحَةُ: زخم کا سوجنا ..... الثَّدْيُ: پستان اُبھرنا ..... الْجَارِيَةُ: بالغ ہونا ..... عَلَى الْقَوْمِ: ظاہر ہونا۔
اِنْتَثَا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
النَّاثِئ: فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِئ جیسے قَارِئ وقَارٍ.
النُّثُوْء: مص (..... والنَّثَاءَة) ٹیلہ۔
نَثَبَ (ن) نُثُوْبًا الشَّيْءُ: بمعنی نَثَا.
نَثَجَ (ض) نَثْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبَهَائِمِ: بچہ جننے میں خبر گیری کرنا۔ صفت نَاثِجٌ. بهيمة: کو مَنْثُوْجَة اور بچے کو نَثِيْجَة کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَثَجَهَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا۔ ونَثَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا۔ نَثَجَ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: نتیجہ نکلنا۔
نَثَجْتُ وَنَثَجْتُ نَثَاجًا وَانْتَثَجَتِ الْبَهِيْمَةُ وَلَدًا: جننا۔ ونُثِجَ الْوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نُثِجَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ" بارش برسانا۔ نُثِجَ الْقَوْمُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا۔
نَثَّجَ: بمعنی نَثَجَ تشدید تکثیر کے لئے ہے۔
اَنْتَجَ الْقَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ اَنْتَجَتِ الْبَهِيْمَةُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْج اور مُنْتِج نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: نتیجہ نکالنا۔
اَنْتَجَبَ الرِّيْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا۔
تَنَتَّجَتِ الْبَهِيْمَةُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجْتُ وتَنَاتَجَتِ الْاِبِلُ: بچہ جنانا۔ اِنْتَتَجَتِ النَّاقَةُ: غیر معروف جگہ میں بچہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ: بچہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔
النِّتَاج: جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَةِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل ہے۔

النَّتِيْجَة: بچہ۔ نتیجہ۔ ج نَتَائِج اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِج" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں۔
النَّاتِج: فا۔ لِلْبَهَائِم: جنانے والا۔
النُّتُوْج: حاملہ چوپایہ۔
المَنْتَج: بچہ جننے کا وقت۔
المِنْتَجَة: دُبر۔
نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا ونُتُوْحًا الْعَرَقُ: پسینہ نکلنا ..... الدَّسَمُ مِنَ الْاِنَاءِ: چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَهُ الْحَرُّ: پسینہ لانا۔
اِنْتَتَحَ الشَّيْءُ: اُکھیڑنا۔
النَّتْح: مص۔ پسینہ۔
النُّتُوْح: مص۔ درخت کا گوند۔
زِقٌّ نَتَّاحٌ: ٹپکنے والی مشک۔ المِنْتَح: جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِح.
المِنْتَحَة: دبر۔
نَثَخَ (ض) نَثْخًا الشَّيْءَ: اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَثَخَ الْقَلَّاعُ الضَّرْسَ" دانت اُکھیڑنے والے نے داڑھ اُکھیڑلی ونَثَخَتْهُ الْمَنِيَّةُ مِنْ بَيْنِ قَوْمِهٖ: موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نَثَخَ الْبَازِي اللَّحْمَ: باز کا چنگل سے چھیڑ مارنا ..... اِلَيْهِ بِبَصَرِهٖ: دیکھنا ..... الثَّوْبَ بِالذَّهَبِ: سونے سے بننا ..... فُلَانًا: اہانت کرنا (نَثْخًا ونَثْخًا) بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا نَثَخَ عَلٰى مِلَّةِ كَذَا: ثابت قدم رہنا۔
المِنْثَاخ: موچنا۔ تم کہتے ہو "نَثَخْتُ الشَّوْكَةَ مِنْ رِجْلِيْ بِالْمِنْثَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔
نَثَرَ (ن) نَثْرًا الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا۔ اُچک لینا ..... الْفُوْسَ: کمان کھینچنا ..... الثَّوْبَ بِالْاَصَابِعِ او الْاَضْرَاسِ: کپڑے کو پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ..... الْكَلَامَ: درشت کلامی کرنا ..... بِالْوُضُحِ: سخت نیزہ مارنا۔
نَثِرَ (س) نَثَرًا الشَّيْءُ: فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔
اِنْتَثَرَ: کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَثَرَهٗ فَانْتَثَرَ" اس

لغت ہے اور نَبَسَ افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
نَبَصَ (ض) نَبْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔
النَّبْص: مص۔ بھڑی کی کونپل۔
النَّبْصَة: نبص کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
نَبَضَ (ض) نَبْضًا ونَبَضَانًا الْعِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الْأَعْضَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (.....نَبْضًا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
نَبَضَ (ن) نُبُوضًا. الْمَاءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔
نَبَضَ فِي الْقَوْسِ وانْبَضَ الْقَوْسَ وعَنِ الْقَوْسِ و فِي الْقَوْسِ: آواز نکلنے کے لئے تانت کھینچنا انْبَضَ الْوَتَرَ وبِالْوَتَرِ: آواز نکلنے کے لئے کھینچنا۔
النَّبْض: دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج انْبَاض و النَّبْضَة: ایک ضرب نبض کی۔
كَيْفَ : اسم مبہم مبنی علی الفتح ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لئے ہوتا ہے جیسے "كَيْفَ زَيْدٌ" اور کبھی شرط کے لئے آتا ہے کبھی "مَا" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے كَيْفَمَا تَصْنَعْ أَصْنَعْ وكَيْفَ تَصْنَعْ أَصْنَعْ : اور کہا جاتا ہے "كَيْفَ لِي بِفُلَانٍ" اس کے جواب میں تم کہتے ہو كُلُّ الْكَيْفِ : جر کے ساتھ ۔ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے ۔

كَيْفِيَّةُ الشَّيْءِ : صفت ۔ حالت ج كَيْفِيَّات.

الكَيْفَة : کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں ۔ ج كِيَف.

الكَيْكَة : انڈا ۔ ج الكَيْكِي اور تصغیر كُيَيْكَة وكُيَيْكِيَة.

كَالَ يَكِيْلُ كَيْلًا ومَكِيْلًا ومَكَالًا وكَيَّلَ الْقَمْحَ وَغَيْرَهُ : ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا جیسے "كِلْتُ زَيْدًا الطَّعَامَ" اور کبھی مفعول اوّل پر لام داخل ہوتا ہے ۔ جیسے كِلْتُ لِزَيْدٍ الطَّعَامَ. كَالَ الدَّرَاهِمَ : تولنا ۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ لَا يَكِيْلُنِي" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لئے کافی نہیں ۔

كَالَ يَكِيْلُ كَيْلًا الزَّنْدُ : چقماق کا بے آگ ہونا ۔

كَيَّلَ الْقَمْحَ : گیہوں ناپنا ..... الرَّجُلُ : بزدل ہونا ۔

كَايَلَهُ مُكَايَلَةً : دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا ۔ گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے "كَايَلْتُ فُلَانًا" یعنی اس نے میرے لئے اور میں نے اس کے لئے ناپا ۔ دونوں مُكَايِلَانِ کہے جائیں گے "وتَكَايَلَ الفَرَسُ الفَرَسَ فِي الْجَرْيِ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "كَايَلْنَاهُمْ صَاعًا بِصَاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا ۔

تَكَيَّلَ الرَّجُلُ : میدانِ جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا ۔

تَكَايَلَ الرَّجُلَانِ : گالی اور کینہ میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا ۔ ایک کا دوسرے کے لئے ناپنا ۔

إِكْتَالَ إِكْتِيَالًا مِنْهُ وعَلَيْهِ : اپنے لئے ناپنا ۔

الكَال : ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے ۔

الكَيْل : مص ۔ ناپنے کا آلہ ۔ چنگاری جو چقماق سے گرے ۔ ج أَكْيَال.

لكھنا۔ الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔
تَكَوَّفَ الْقَوْمُ تَكَوُّفًا وَ تَكُوْفَانًا عَلٰى غَيْرِ الْقِيَاسِ: جمع ہونا..... الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔
الْكُوْفَةُ: عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔
الْكُوْفِيُّ: کوفہ کی جانب منسوب اور اسی سے ہے خط کوفی۔
الْكُوْفِيُّوْنَ: کوفہ کے نحوی حضرات۔
الْكُوْفِيَّةُ: كُوْفِي کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الْكُفِّيَّة کہتے ہیں۔
كَوْفَلَتِ الْمَرْأَةُ ابْنَهَا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا۔ الْكَوْفَلَةُ: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔
الْكُوْفَانُ وَالْكَوْفَانُ وَالْكَوَفَانُ وَالْكُوَّفَانُ: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت وشوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈا۔ اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ اَمْرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا "وَهُمْ فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِكَ" وہ لوگ اس سے عزت وشوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "اَلنَّاسُ فِيْ كُوْفَى مِنْ اَمْرِهِمْ".
اَلْكُوْكَةُ: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔
اَلْكُوْكَائِيْنُ: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔
كَوْكَبَ الْحَدِيْدَ: چمک اٹھنا۔ چم چم کرنا۔
الْكَوْكَبُ: ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی تختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ شیخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولہ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ كَوْكَبُ الْبِئْرِ: کوئیں کا سوت۔ ج كَوَاكِب کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ" یعنی متفرق ہو گئے "وَيَوْمٌ ذُوْ كَوَاكِبَ" سختیوں والا دن۔
الْكَوْكَبَةُ: ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔
الْمُكَوْكِبُ: آنکھ کے پھولے والا۔
كَوْكَى كَوْكَوَةً. الرَّجُلُ: تیر چلنے میں جھومنا۔ قد کا وہڑنا۔
الْكَوْكَاةُ وَالْكَوْكَبَةُ: پستہ قد۔
الْمُكَوْكِيْ: بے برکت۔ کیکڑا۔
تَكَوَّلَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا (..... وَانْكَالَ اِنْكِيَالًا) الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
تَكَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔
الْكَوْلَانُ وَالْكُوْلَانُ: بردی نام کی ایک گھاس واحد كَوْلَانَة.
الْاَكْوَلُ: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَكَاوِل.
كَامَ (ن) كَوْمًا وَ كَوْمَةً الْجَارِيَةُ: جماع کرنا..... الْفَرَسُ وَغَيْرُهُ: جفتی کرنا۔
كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔
كَوَّمَ تَكْوِيْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا..... الْمَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا..... ثِيَابَهُ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
اِكْتَامَ اِكْتِيَامًا الرَّجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔
الْكُوْمُ: اونٹوں کا گلہ۔ ج اَكْوَام: بلند جگہ۔ ٹیلہ ج کیمان.
الْكُوْمَةُ وَالْكَوْمَةُ: مٹی کا ڈھیر۔ ج كُوْم وَاَكْوَام.
الْاَكْوَمُ: بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث كَوْمَاء ج كُوْم.
اَلْكُوْبُوْن: بڑھئی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ کی اجرت۔ سیاسی و تجارتی معاملات کو درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں اَلْجَمْعِيَّةُ بولتے ہیں۔
اَلْكُوْمِسْيُوْنِجِي: سامان برآمد کرنے والا۔
كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا وَكِيَانًا وَكَيْنُوْنَةً الشَّيْءُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ كان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا وخبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم كان کہا جاتا ہے جیسے "كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "فَقَالَ اللّٰهُ لِكُنْ نُوْرٌ فَكَانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ وَلَا شَيْءَ مَعَهُ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ" اور بَغٰى: کے معنی میں جیسے "مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا" اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے "يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيْرًا" اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے "كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ" اور زمانہ حال کے لئے جیسے "كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَارَ اِلٰى كَانَ". یعنی مر گیا اور مثنی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَارُوْا اِلٰى كَانُوْا" اور "كُنْتُ الْكُوْفَةَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "وَ مَنَازِلُ اَقْفَرْتَ كَانَ لَمْ يَكُنْهَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہو گئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وَكُنَّاهُمْ" بمعنی كُنَّا لَهُمْ.
كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا وَكِيَانًا عَلٰى فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
كَوَّنَ تَكْوِيْنًا الشَّيْءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔
تَكَوَّنَ: پیدا کرنا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔
اِكْتَانَ اِكْتِيَانًا بِفُلَانٍ وَعَلَيْهِ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

كرنا۔
اَكْهَمَ بَصَرُهٗ : نگاہ کمزور ہونا۔
الكَهَام والكَهِيْم : ست۔عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ كُهَام" کہا جاتا ہے۔
كَهْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔
الكُهْمُس : شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔
الكَهْمَل : ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
كَهَنَ (ف۔ن) كَهَانَةً وتَكَهَّنَ تَكَهُّنًا وتَكْهِيْنًا لِفُلَانٍ : غیب کی باتیں بتلانا۔
كَهُنَ (ک) كَهَانَةً : کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
كَاهَنَ مُكَاهَنَةً : عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الكِهَانَة : کاہن کا پیشہ۔
الكُهُوْت : کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الكَاهِن : فا۔غیب دانی کا مدعی..... عِنْدَ اليَهُوْد وعَبَدَة الاَوْثَان : پروہت..... عِنْدَ النَّصَارٰى : جو کہنوت کے درجہ پر ہو
كَهَنَةٌ وكُهَّانٌ الكَاهِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
كَهِيَ يَكْهَى كَهًى : چہرے پر جھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل وکمزور ہونا۔
كَاهَى مُكَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔
اَكْهَى : انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا..... عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا۔
اِكْهَاه اِكْهَاءًا : تعظیم واجلال کرنا۔
الاَكْهَى : چہرے میں جھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل وکمزور۔ الاَكْهَى : بے شگاف کا پتھر۔
الاَكْهَاء : شرفاء۔
كَاءَ يَكُوْءُ كَوْءً او كَاْوًا عَنْهُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔
اَكَاءَ إِكَاءَةً وإِكَاءَةً : کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الكَاءُ والكَاءَة والكَيُّ والكَيْئَة : کمزور دل والا۔ بزدل۔
كَابَ يَكُوْبُ كَوْبًا وإِكْتَابَ : بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
كَوَّبَ الشَّيَّ : بٹے سے کوٹنا۔
الكُوْب : بے دستہ کا کوزہ۔ ج اَكْوَاب.
الكُوْبَة : فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔
الكُوْبَة : شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پینے کا بٹا۔
كَوْثٌ. الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔
الكُوْث : جونا۔
الكُوْثَة : فراخ سال۔
تَكَوْثَرَ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الكَوْثَر : بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الكَوْثَل والكَوْثَلُ : جہاز کا پچھلا حصہ۔
كَاحَهٗ يَكُوْحُهٗ كَوْحًا وكَوَّحَهٗ وكَاوَحَهٗ مُكَاوَحَةً واَكَاحَهٗ إِكَاحَةً : لڑائی میں غالب آنا۔ كَاحَ الشَّيَّ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ كَوَّحَهٗ : غالب بنانا۔ كَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ كَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِيْرَ : مغلوب کرنا۔ كَاوَحَهٗ : گالی گلوچ کرنا۔ اَكَاحَهٗ : ہلاک کرنا۔
تَكَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ وجدال کرنا۔
الكُحَاح والكِحَّة : دامن کوہ۔ ج كُحُوْح واَكْحَاح : کہا جاتا ہے "رَجَعَ إِلٰى كُحُوْحِهٖ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الكُحُوْخ والكَحَاخ : جھونپڑی اور اسی سے ہے كُحُوْخ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشت کار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنا لیا کرتے ہیں۔ ج اَكْوَاخ وكُوْخَان وكِيْخَان وكِيْخَة.
لَيْلَةٌ كُوْخ : تاریک رات۔
الكَاخِيَة عِنْدَ اَرْبَابِ السِّيَاسَة : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں كَنْخُدَا : تھا تحریف ہو کر كَاخِيَه بن گیا۔ ج كَوَاخٍ (دخیل)
كَادَهٗ يَكُوْدُهٗ كَوْدًا : روکنا۔ كَادَ بِنَفْسِهٖ : جان دینا۔
كَادَ يَكَادُ كَوْدًا ومُكَادًا ومُكَادَةً : فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "كَادَ يَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَكَادُ اُخْفِيْهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا اور "عَرَفْتُ مَا يَكَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے اور کاد کے عوض میں "يَكِيْدُ يَفْعَلُ كَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "مَكَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا" معنی میں لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا کے۔
كَوَّدَ الشَّيَّ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِنْكَوْذَذَ اِنْكِوْذَاذًا : بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الكُوْدَة : مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَكَادَة : مص۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّ لِيْ وَلَا مَكَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔
الكُوْدَن والكُوْدَنِيّ : غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر ٹٹو۔ كَوْدَن کی جمع كَوَاذِن.
كَوْذَالإِزَار : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آ جانا۔
الكَاذَة : ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔
الكَاذِيّ : کیوڑہ۔
كَارَ يَكُوْرُ كَوْرًا. العِمَامَةَ ونَحْوُهَا عَلٰى رَاْسِهٖ : سر پر پگڑی باندھنا..... الاَرْضَ : زمین کھودنا۔

الكُنَيْز : کھجوریں جو سردی کے زمانہ کے لئے جمع کی جائیں۔
الكَنَّاز : مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔
المَكْنَز : جس میں ذخیرہ کیا جائے ج مَكَانِز.
كَنَسَ (ن) كَنْسًا وكَنَّسَ البَيْتَ : گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "كَنَسَ فِيْ وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "ومُرُّوْا بِهِمْ فَكَنَسُوْهُمْ" وہ ان کے اوپر گزرے اور ان کی جڑ مٹادی۔
كَنَسَ (ض) كُنُوْسًا وتَكَنَّسَ الظَّبْيُ : ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَكَنَّسَ الرَّجُلُ : خیمہ میں داخل ہونا۔ تُكُنِّسَتِ المَرْأَةُ : عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔
اِكْتَنَسَ الظِّبَاءُ والبَقَرُ : ہرنیوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔
الكُنَاسَة : کوڑا کرکٹ۔ کوڑا کرکٹ کی جگہ۔
الكُنُس : تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔
الكَنِيْسَة عِنْدَ النَّصَارٰى : گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مؤمنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج كَنَائِس. الكُنَيْسَة : خوبصورت عورت۔
الكِنَاس : ہرن کی پناہ لینے کی جگہ۔ ج أَكْنِسَة وكُنُس.
الكَانِس : فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج كُنَّس وكُنُوس وكَوَانِس "والجَوَارِي الكُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔
الكَنَّاس : جھاڑو دینے والا۔
المِكْنَسَة : جھاڑو۔ ج مَكَانِس.
المُكَانِس : ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا۔
المَكْنُوس : وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ۔
كَنَفَ (ن) كَنْفًا الثَّوْبَ : کپڑے کے کنارے بٹنا..... المِسْوَاكَ الخَشِنَ : مسواک کا سرا نرم کرنا۔
أَكْنَفَهُ عَنِ الأَمْرِ : جلدی کرانا۔
الكُنَّاشَة : بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔
الكُنَّاشَات : جڑیں جن سے شاخیں پھوٹیں واحد كُنَّاشَة.
الكِنَاشُ مِنَ الرِّجَالِ : چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔
كَنَصَ : ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔
الكُنَاص : قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔
كَنِظَ (ن ض) كَنَظًا وكَنِظَ الأَمْرُ فُلَانًا : غمگین کرنا۔
الكُنْظَة : غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔
كَنَعَ (ف) كُنُوْعًا : سمٹنا..... عَنِ الأَمْرِ : بزدل ہونا اور بھاگنا..... النَّجْمُ : ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا..... إِلَيْهِ : فروتنی کرنا اور نرم ہونا..... فِيْهِ : لالچ کرنا۔ بِاللّٰهِ : اللہ کی قسم کھانا..... الأَمْرُ : قریب ہونا
البِسْكُ بِالثَّوْبِ : مشک کا کپڑے سے چپکنا العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا..... أَصَابِعَهُ : انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔
كَنِعَ (س) كَنَعًا : خشک ہونا۔ سکڑنا۔ صفت كَنِع. وكَنِعَ الرَّجُلُ : پچھاڑا جانا..... الشَّيْءُ : لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔
كَنَعَ الشَّيْءَ : قبضہ کرنا..... يَدَهُ : ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا..... فُلَانًا بِالسَّيْفِ : ہند دست پر تلوار مارنا..... عَنْهُ : علیحدہ ہونا۔
أَكْنَعَ : فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا.....
العُقَابُ : عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لئے بازوؤں کو سمیٹنا۔ القَوْمُ : اکٹھا ہونا..... الإِبِلَ : اونٹوں کو قریب کرنا۔
تَكَنَّعَ : قلعہ بند ہونا..... الأَسِيْرُ فِيْ قِدِّهِ : تسمہ سے باندھا جانا..... بِهِ : چمٹنا۔
اِكْتَنَعَ : حاضر ہونا۔ قریب ہونا..... عَلَيْهِ : مہربان ہونا..... القَوْمُ : اکٹھا ہونا۔ فُلَانٌ مِنِّيْ : قریب ہونا۔
الكَانِع : فا۔ وہ جو قریب ہو۔ جو چھوٹا ہو۔ جو بعض بعض سے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "أَنْفٌ كَانِعٌ" چپٹی ناک "أَسْبَرُ كَانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی "رَجُلٌ كَانِعٌ : وہ شخص جو مع اہل وعیال کے تمہارے پاس آ پڑے اور تمہارے فضل واحسان کا طامع ہو۔
الكَنِيْع : سکڑا ہوا۔ راستہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا..... مِنَ الجُوْعِ : سخت بھوک۔
الكُنَاع : مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔
الأَكْنَع والمُكْنَع اولمُكَنَّع : شل شدہ ہاتھ والا۔ والأَكْنَع مِنَ الأَمْوَرِ : ناقص۔ ادھورا۔ ج كُنَعٌ. يُدٌ مُكَنَّعَةٌ : شل ہاتھ۔
المَكْنُوع : مفع۔ دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔
كَنَفَ (ن) كَنْفًا الشَّيْءَ : حفاظت کرنا۔ اپنے میں ملانا..... الإِبِلَ والإِبِلَ : اونٹوں کے لئے باڑھ بنانا..... عَنْهُ : علیحدہ ہونا..... الدَّارَ : گھر میں پائخانہ بنانا..... يَدَهُ : پانی وغیرہ لینے کے لئے ہاتھوں کو ملانا..... فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ : روکنا۔
كَنَفَ وأَكْنَفَ وكَانَفَ الرَّجُلَ : مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔
كَنَّفَ الرَّجُلُ : احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔
اِكْتَنَفَ : اونٹوں کے لئے باڑھ بنانا..... وتَكَنَّفَ) القَوْمُ فُلَانًا : احاطہ کرنا۔ واكْتَنَفَ القَوْمُ : پائخانہ بنانا۔
الكِنَف : تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے والا برتن۔
الكَنَف : جانب۔ سایہ۔ پرندہ کا بازو۔ ج أَكْنَاف. وكَنَفُ الإِنْسَانِ : پہلو۔ یا دونوں بازو اور سینہ۔ کہا جاتا ہے "أَنْتَ فِيْ كَنَفِ اللّٰهِ" تم اللہ کے حفظ وامان میں ہو..... والكَنَفَة) گوشہ۔
الكَنِيْف : پردہ۔ پردہ کرنے والا۔ ڈھال۔ جانوروں کا باڑہ۔ پائخانہ۔ دروازہ کا

میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین (..... والکَمِیع) ہم خوابہ۔
الکَمَع: ران کی گرہ۔
المُکَامِع: فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کَمْکَمَ کَمْکَمَةَ الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔
تَکَمْکَمَ: گول ٹوپی پہننا..... فِی ثِیَابِہٖ: چھپنا۔
الکَمْکَام: پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کَمْکَامَةٌ.
کَمَلَ (ن) وکَمُلَ (ک) وکَمِلَ (س) کَمَالاً وکُمُولاً وتَکَمَّلَ وتَکَامَلَ واکْتَمَلَ: پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
کَمَّلَ واکْمَلَ واسْتَکْمَلَ الشَّیْءَ: پورا کرنا۔ کَمَّلَ واکْمَلَ الشَّیْءَ: مکمل کر دینا۔
الکَمَل: کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُہُ الْمَالَ کَمَلاً" میں نے اس کو پورا مال دیا اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اَعْطَیْتُہُ الْمَالَ کُلَّہٗ: جیسا ہے۔
الکَمَال: مص۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لَکَ کَمَالُ الشَّیْءِ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز مکمل ہے۔
الکَمِیل: کامل۔
اَلْکَامِیلِیَا: ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اسکے پتے چمکیلے پھول بڑے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ محض آرائش کے لئے اُگایا جاتا ہے
الکَامِل: فا۔ جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کَمَلَة.
تَکْمِلَةُ الشَّیْءِ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المِکْمَل: خیر یا شر میں کامل مرد۔
کَمَنَ (ن) وکَمِنَ (س) کُمُوْنًا: چھپنا۔ سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل دینا۔
کَمَنَ (ن) کُمُوْنًا الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔
کَمِنَ (س) وکَمُنَ کُمُوْنًا: آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کَمِنَتْ وکَمُنَتْ عَیْنُہٗ: تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔
اَکْمَنَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
تَکَمَّنَ واکْتَمَنَ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
الکُمَنَة: آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔
الکَمِین: بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمَنَاء: گھات اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ کَمِیْنٌ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو ناقل سمجھ ہے۔
الکُمُوْن: زیرہ۔ الکُمُوْنُ الحُلْو: انیسون واحد کُمُوْنَةٌ.
المَکْمَن: چھپنے کی جگہ۔ ج مَکَامِن.
المُکْتَمِن: عقلمند۔
الکُمَنْجَة: دوتارہ۔ سارنگی (دخیل)
کَمِهَ (س) کَمَهًا: اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا..... بَصَرُہٗ: تاریک ہونا اور بینائی کو نابید کرنا..... النَّهَارُ: دن کا غبار والا ہونا ..... الرَّجُلُ: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اَکْمَہ: مؤنث کَمْهَاء ج کُمْهٌ. الاَکْمَہ: اندھا۔ مادر زاد اندھا۔
تَکَمَّهَ فِی الْاَرْضِ: حیران پھرنا صفت کَامِهَة ومُتَکَمِّهَة۔ کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ اِبِلُہٗ کُمَیْهَی یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔
مُکَمَّهُ الْعَیْنَیْنِ: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔
کَمْهَلَ الرَّجُلُ: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا..... عَلَیْنَا: حق روکنا..... الحَدِیْثَ: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا..... المَالَ: جمع کرنا۔
تَکَمْهَلَ الشَّیْءُ: جمع ہونا۔
اِکْتَمْهَلَ الرَّجُلُ: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔
کَمَی یَکْمِیْ کَمْیًا واَکْمَی. شَهَادَتَہٗ وغَیْرَهَا: چھپانا کَمَی وکَمَّی نَفْسَہٗ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اَکْمَی عَلَی الْاَمْرِ: پکا ارادہ کرنا۔ اَکْمَی الْمَحَارِبُ: لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اَکْمَی الرَّجُلُ مَنْزِلَہٗ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔
تَکَمَّی الشَّیْءُ: چھپنا..... الشَّیْءَ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تَکَمَّیَ الْفِضَّةَ النَّاسَ: گھیر لینا۔
تُکُمِّیَ الْجَیْشُ: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا..... القَوْمُ: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔
اِنْکَمَی: پوشیدہ ہونا۔
اِکْتَمَی اِکْتِمَاءً: چھپنا۔
الکَمِیُّ: بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُمَاة واَکْمَاء.
المُکَمَّی: ہتھیار بند۔ دلیر۔
کَنَّ (ن) کَنًّا وکُنُوْنًا وکَنَّنَ واَکَنَّ الشَّیْءَ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا..... العِلْمَ وغَیْرَہٗ فِیْ نَفْسِہٖ: دل میں چھپانا۔
اِکْتَنَّ الرَّجُلُ: چھپنا..... الشَّیْءُ: سفید ہونا۔ ..... المَرْاَةُ: عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا..... الشَّیْءَ: چھپانا۔
تَکَنَّنَ تَکَنِّیًا: ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تَکَنَّنَ ہے)
اِسْتَکَنَّ: چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔
اَلْکِنُّ: ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اَکْنَان وکِنَّة.
الکِنَّة: کِنّ: کا اسم مرہ۔ بھونبھا ج۔ ج کَنَائِن.
الکِنَّة: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

ثانی تین میں سے۔
الْكَلَام: قول۔ گفتگو۔ جملہ۔
عِلْمُ الْكَلَام: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔
الْكَلَام: سخت زمین۔
الْكَلْمَانِيُّ وَالْكَلَمَانِيُّ وَالْكِلِمَانِيُّ وَالْكِلِمَانِيُّ: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔
رَجُلٌ تِكْلَامٌ وَبِكَلَّامٍ وَبِكَلَّامَةٍ وَبِكَلَّامَةٍ: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔
الْكَلِيمُ: مجروح۔ ج كَلْمَى..... تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء. الْكَلِيمُ وَكَلِيمُ اللّٰهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
رَجُلٌ كَلِيمٌ: بہت بولنے والا۔
الْمُتَكَلِّمُ: فاعل علم کلام کا ماہر۔
الْمُتَكَلَّمُ: گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا أَجِدُ مُتَكَلَّمًا: یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔
كَلِيَ يَكْلَى كَلَبًا. الرَّجُلُ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَكْلِيّ.
كَلِيَ (س) كَلًى وَاكْتَلَى: گردے پر لگنا۔
وَاكْتِلَاءٌ: گردے پر مارنا۔
كُلِيَ: وجعِ گردہ میں مبتلا ہونا۔
كَلًى يَكْلَبُهُ: چھپنے کی جگہ میں آنا۔
اِكْلَوْلَى اِكْلِيلَاءً: شکست کھانا۔
اَلْكَلَبُ وَالْكُلْوَةُ: گردہ۔ مثنی كُلْيَانِ وَكَلْوَتَانِ ج كُلًى وَكُلَيَاتٌ. كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف و جوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلَى" دبلی پتلی بکریاں "لَفِيتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اس سے آغاز جوانی اور ایام نشاط میں ملاقات کی۔ وَالْكُلْيَةُ مِنَ الْقَوْسِ: کمان کے قبضہ سے تین بالشت..... مِنَ السَّحَابِ: بادل کے نیچے کا حصہ الْكُلَى مِنَ الطَّيْرِ: بازو کے چار پر۔
الْكَلِيُّ: دردِ گردہ والا۔
كِلَا وَكِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنی ہیں اور كِلَا سے مذکر کی اور كِلْتَا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَأَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وَكِلَتَا الْمَرْأَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا وَرَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا وَالْمَرْأَتَيْنِ كِلَتَيْهِمَا" اور جب ضمیران کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلَتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ أُكُلَهَا" و "زَيْدٌ وَعَمْرٌو كِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ وعَمْرٌو كِلَاهُمَا فَاعِلَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهِ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔
اَلْاِكْلِيرُس: گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيرِيكِيٌّ. ج اِكْلِيرِيكِيُّونَ.
كَمْ: دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔
(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبْدَ مَلَكْتُ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔
كَمَّ (ن) كَمًّا: چھپانا۔ پوشیدہ ہونا۔ الْبَعِيرُ: اونٹ کے منہ پر توتھی چڑھانا..... النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
كَمَّتَ وَكَمَّتَ كَمًّا وَكُمُومًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُومٌ.
كَمَّمَ وَاكَمَّ الْقَمِيصَ: کرتے میں آستین لگانا۔ كَمَّمَتْ وَاكَمَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔
تَكَمَّمَ بِثِيَابِهِ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكْمِيمٌ: بند کرنا۔ لپیٹنا۔
تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھالا جانا۔
الْكَمُّ وَالْكَمِّيَّةُ: مقدار۔
الْكُمِّيُّ: کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كُمِّيَّةٌ.
الْكُمُّ: آستین۔ ج اَكْمَامٌ وَكِمَامٌ.
الْكُمَّةُ: گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔
الْكِمُّ: غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّةٌ وَاَكْمَامٌ وَكِمَامٌ وَاَكَامِيمُ.
اَكِمَّةُ الْخَيْلِ: توبڑہ۔ واحد۔ كِمَامٌ.
الْكِمَامَةُ: پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔
الْكِمَامَةُ وَالْكِمَامُ: تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
الْمَكْمُومُ: مفع..... مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔
الْمِكَمَّةُ: تھوتھنی۔
كَمِيَ (س) كَمًا: پوشیدہ ہونا..... عَنِ الْاَخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔
كَمِنَتْ يَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔
كَمَاهُ (ف) كَمْأً: سانپ کی چھتری کھلانا۔
اَكْمَا اِكْمَاءً ا. الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا..... الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا..... السِّنَّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔
تَكَمَّأَهُ: ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّأَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ: يَتَكَمَّؤُونَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔
الْكَمْءُ: ص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض: بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤٌ وَكَمْأَةٌ.
الْكَمَّاءُ: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کیلئے چننے والا۔

كَلْبُ الْبَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الْكَلْبُ وَكَلْبُ الْجَبَّارِ وَالْكَلْبُ الْأَكْبَرُ وَالْكَلْبُ الْأَصْغَرُ وَكَلْبُ الرَّاعِي: ستاروں کے نام۔ كَفُّ الْكَلْبِ: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الْكَلْبِ: ایک نباتات۔

الْكَلَبُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الْكَلَبُ. كَلِبَ: کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ كَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الْكَلَبَةُ: کتیا۔ کانٹا۔ أُمُّ كَلَبَةَ: بخار۔

الْكُلَبَانُ: لوہا کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو كَلَّابَةٌ بھی کہتے ہیں۔

الْكُلْبَةُ: بختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الْكَلَّابُ وَالْكَلُّوبُ: مہمیز۔ آگ نکالنے کے لئے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج كَلَالِيبُ. كَلَالِيبُ الْبَازِي: باز کے پنجے۔ كَلَالِيبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الْكَلَّابُ وَالْكَالِبُ: کتے والا۔ الْكَلَّابُ: کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کے لئے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لئے لوہے کا کنڈا۔ ج كَلَالِيبُ.

الْكَالِبُ وَالْكَلِيبُ: کتوں کا جھنڈ۔

الْكَلْبُ ج كِلَابُونَ وَالْكِلِبُّ ج كُلْبِيٌّ کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ كَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ كَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ كَلِبٌ: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَلِبٌ عَلَى كَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الْكَلِبُ: کتے کا مؤنث۔ خاردار درخت أَرْضٌ كَلِبَةٌ وَأَرْضٌ كَلِبَةُ السَّجَرِ: خشک زمین۔

الْمُكَلَّبُ: منع بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ كِلَابٌ مُكَلَّبَةٌ: سدھے ہوئے کتے۔

الْمُكَلِّبُ: کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

الْمُكَالِبُ: دلیر۔

أَرْضٌ مُكْلِبَةٌ: بہت کتوں والی زمین۔

كَلَتَ (ض) كَلْتًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَلَتَ بِهِ: پھینکنا۔ كَلَتَهُ فِي الْإِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الْفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْكَلَتَ الْمَاءُ: ڈھالا جانا..... الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِكْتَلَتَ الْمَاءَ: پینا۔

الْكُلْتَةُ: کھانے کا حصہ۔

الْكِلْتُ وَالْكِلْتُ: لمبا پتھر جس سے بچو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

كَلَتَبَ كَلْتَبَةً فِي أَمْرِهِ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الْكَلْتَبُ وَالْكُلْتُبُ: کاموں میں سستی کرنے والا۔

كَلْتَمَ كَلْتَمَةً لَحْمُ الْوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سکڑنا۔

الْكَلَجُ: بہادر نجی۔

الْكُلَجُ: قوی لوگ۔

كَلَحَ (ف) كُلُوحًا وَكُلَاحًا وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت كَالِحٌ: کہا جاتا ہے "كَلَحَ فِي وَجْهِ الصَّبِيِّ أَوِ الْمَجْنُونِ" یعنی بچے یا مجنوں کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

كَلَّحَ وَجْهَهُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اِكْلَاحَّ وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا..... وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔

تَكَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا..... الْقَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

نَكْلَحَ. الْوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا.....

الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا..... الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اِكْلَوَّحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ كُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

كُلَاحٌ: مبنی بر کسرہ۔ قحط زدہ سال۔

الْكُلْحَةُ: منہ اور اس کا اردگرد۔

الْكَالِحُ: فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "ذُهْرٌ وِشْنَاءُ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الْكُوَلَحُ: قبیح۔

كَلَدَ (ض) كَلْدًا وَكَلَّدَ الشَّيْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَكَلَّدَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الْكَلَدُ: سخت زمینیں۔ واحد كَلَدَةٌ.

الْأَكْلَبُ: کنجی۔ (دخیل)

كَابُورِيَا أَوْ خَرِيرَةٌ: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (١٠٠) درجہ کی حرارت۔

الْكَلُّورُ: کیمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر۔

كَلُورِين: ٣٥٫٤٥٧-L-C-17 جسم بسیط زرد سبزی مائل گیس جس کی ہوا سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ١٩١٥ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔

صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے مراد میں داخل کی جاتی ہے۔

الْكَلُورُومِيبُنُ: ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوا کا نام۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا وَكَلَّزَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ اِكْلَأَزَّ كَلْئِزَازًا. الْبَازِي: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا..... الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الْكَلِزُ: مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ الْبَيْتَ: گچ سے استرکاری کرنا۔ ..... الشَّيْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ كَلْسٌ عَنْ فِرْلِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا..... غَلَبَهُ: حملہ

كُفِيَ الرَّجُلُ: مرد کا قائم مقام ۔الکِفَی: بارش۔

الْكَاكَاو: وسطی امریکہ کا ایک درخت جس کے پتے چوڑے پھول چھوڑے پھل بڑے اس کے بیج سے کاکا (نکالا) جاتا ہے۔

الْمُكَافَاتُ: مص۔احسان کا احسان سے یا اس سے زیادہ سے مقابلہ اور کیا جاتا ہے "رَجَوْتُ مُكَافَاتَكَ" میں نے تمہارے کافی ہونے کی اُمید کی۔

كُلَّ (ض) كَلًّا وَكَلَّةً وَكَلَالًا وَكُلُولًا وَكَلَالَةً وَكُلُولَةً: تھکنا۔صفت كَالٌّ: بے والد اور بے اولاد ہونا..... السَّيْفُ وغَيْرُهُ: تلوار وغیرہ کا کند ہونا۔صفت كَلٌّ وكَلِيلٌ اللِّسَانُ او البَصَرُ: زبان یا نگاہ کا اچھی طرح سے کام نہ دینا۔

كَلَّلَ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا..... عَنِ الْأَمْرِ: بزدل ہو کر رکنا..... فِي الْأَمْرِ: کوشش کرنا..... الرَّجُلُ: اپنے اہل وعیال کو ضائع کرنے کے لئے چھوڑ دینا..... السَّبُعُ: درندہ کا حملہ کرنا۔کہا جاتا ہے "كَلَّلَ تَكْلِيلَةَ السَّبُعِ" یعنی اس نے درندہ جیسا حملہ کیا..... غَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا..... ہٗ: تاج پہنانا..... ہٗ بِالْحِجَارَةِ: پتھراؤ کرنا..... السَّحَابُ السَّمَاءَ: بادل چاروں طرف سے گھر آنا۔

اَكَلَّ الْبُكَاءُ بَصَرَهٗ: نگاہ کا مدہم کر دینا..... الْبَعِيرَ: اُونٹ کو تھکا دینا..... الرَّجُلَ: تھکنے ہونے والا ہونا۔

تَكَلَّلَ: تاج پہنانا..... الشَّيْءُ بِهٖ: احاطہ کرنا۔تَكَلُّلُهٗ: لوگوں نے اس کا احاطہ کرلیا (..... وَاكْتَلَّ) السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکنا وَاكْتَلَّ الْغَمَامُ بِالْبَرْقِ: بادل میں بجلی چمکنا۔کوندنا۔

اِنْكَلَّ السَّيْفُ: تلوار کا کند ہونا..... الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ آہستہ چمکنا..... الرَّجُلُ: مسکرانا..... السَّحَابُ عَنِ الْبَرْقِ: آہستہ آہستہ چمکانا۔

الْكَلُّ: مص کمزور۔وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو۔یتیم۔مرد گراں جان بے خیر۔چھری یا تلوار کی پیٹھ۔وکیل۔بت۔مصیبت۔فقیر۔عیال بوجھ اور كُلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر ومؤنث کی جمع كُلُول: کہتے ہیں۔

كُلٌّ: ایک اسم ہے جو متعدد کے افراد کے استغراق کے لئے یا واحد کے اجزاء کے عموم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور بغیر اضافت کے استعمال نہیں کیا جاتا عام اس سے کہ لفظاً ہو یا تقدیراً اور ما مصدریہ ظرفیہ کے داخل ہونے سے تکرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كُلَّمَا اَتَاكَ زَيْدٌ اَكْرِمْهُ" یعنی زید جب کبھی تمہارے پاس آئے تو تم اس کا اکرام کرو اور معرفہ ونکرہ کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے اور اس وصف کی انتہا پر دلالت کرتا ہے۔جیسے "هُوَ الْعَالِمُ كُلُّ الْعَالِمِ" وہ بڑا کامل عالم ہے اور معرفہ ونکرہ محدودہ کی تاکید میں واقع ہوتا ہے جیسے "سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ" و "اَقَمْنَا حَوْلًا كَامِلًا كُلَّهٗ" اور لفظ کل کا حکم افراد اور تذکیر کا ہے اور معنی باعتبار مضاف الیہ کے ہوں گے۔اگر نکرہ کی طرف اضافت ہوگی تو معنی کی رعایت واجب ہوگی اور اس کے بعد ضمیر مفرد مذکر کی آئے گی جیسے "كُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ بِحِكْمَةٍ" اور مفرد مؤنث کی بھی جیسے "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ" اور تثنی کی جیسے "وَكُلُّ وَفَّقَنِي كُلَّ رَجُلٍ وان هما" اور مجموع مذکر کی جیسے "وَكُلُّ اُنَاسٍ سَوْفَ تَدْخُلُ بَيْنَهُمْ" اور جمع مؤنث کی جیسے "وَكُلُّ مُصِيبَاتِ الزَّمَانِ وَجَدْتُهَا" اور اگر معرفہ کی طرف اضاف ہو تو لفظ کی بھی رعایت جائز ہے اور معنی کی بھی۔جیسے كُلُّ الْقَوْمِ حَضَرُوْا: اور مقطوع عن الاضافہ: کی صورت میں بھی لفظ ومعنی دونوں کی رعایت جائز ہے۔جیسے كُلٌّ حَضَرَ وكُلٌّ حَضَرُوْا اور کہا گیا ہے کہ جب مضاف الیہ مقدر، مفرد اور نکرہ ہو تو مفرد لانا واجب ہے اور اگر جمع معرف ہو تو جمع لانا واجب ہے اور مقطوع عن الاضافہ کی صورت میں تنوین مضاف الیہ کے بدلے میں ہے اور تقدیر پہلی مثال میں كُلُّ اَحَدٍ ہے اور دوسری میں كُلُّهُمْ اور اگر لفظ کل نفی کے بعد واقع ہو تو نفی بعض افراد کی ہوگی۔جیسے "مَا جَاءَ كُلُّ الْقَوْمِ" پوری قوم نہیں آئی کچھ آئے کچھ نہیں آئے اور اگر لفظ کل پہلے ہو اور نفی بعد میں ہو تو نفی سارے افراد کی ہوگی جیسے كُلُّهُمْ لَمْ يَقُوْمُوْا یعنی کوئی بھی نہیں کھڑا ہوا اور اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا مگر اس وقت جبکہ مضاف الیہ کے عوض میں ہو یا لفظ کل ہی کا ارادہ کیا گیا ہو جیسے الْكُلُّ لِاخَاطَةِ الْاَفْرَادِ.

كُلَّا: ہرگز نہیں۔حرف ردع ہے۔تنبیہ اور زجر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الْكُلَّةُ. كُلٌّ: کا اسم مرۃ۔کند چھری۔

الْكُلَّةُ: تاخیر۔دیر۔كُلٌّ کا مؤنث۔کہا جاتا ہے كُلَّةُ اِمْرَأَةٌ: جیسے كُلُّ امْرِئٍ.

الْكِلَّةُ: باریک پردہ۔مچھر دانی۔ہودج کے سرے پر سرخ اون۔ج كِلَلٌ وكِلَلَاتٌ (..... والْكَلَلُ) حالت۔کہا جاتا ہے "بَاتَ بِكَلَلِ سُوْءٍ" یعنی بری حالت میں رات گزاری۔

الْكَلَالَةُ: تھکن۔جس کے والد اور ولد نہ ہو۔وہ شخص جس کے لئے نسبی رشتہ دار نہ ہوں۔کہتے ہیں "هُوَ ابْنُ عَمِّ الْكَلَالَةِ وابْنُ عَمِّ كَلَالَةٍ" جبکہ قبیلہ کا تو ہو مگر قریبی نسبی رشتہ دار نہ ہو۔

الْكُلَيُّ: کل کی طرف منسوب۔الْعِلْمُ الْكُلِّيُّ: علم الٰہی۔

كُلَبَةُ الشَّيْءِ. بتامہ: کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِكُلَبَتِهٖ" یعنی بتمامہ لے لیا۔

الْكُلِّيَّةُ: ہائی تعلیمی مدرسہ جس میں مختلف علوم پڑھائے جائیں جس کو کالج کہتے ہیں۔

الْكُلِّيَّاتُ فِي عُرْفِ الْمَنْطِقِيِّينَ: وہ مفہوم

الكَفِيتُ: مص۔ توشہ دان..... مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا تیز مرد۔ وہ شخص جو تم سے آگے بڑھ جائے عَدْوٌ كَفِيتٌ: تیز دوڑ۔ کہا جاتا ہے فَاتَ كِفَاتًا وَمُكَافَتَةً: اچانک مر گیا۔

الكُفَاتُ: اسم مبالغہ۔ شیر۔

المُكْفَتُ: دو زرہوں کا پہننے والا جن کے درمیان میں کپڑا ہو۔

كَفَخَ (ف) كَفْحًا الْعَدُوَّ: دشمن کے روبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا..... بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا..... لِجَامَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا..... الشَّيْءُ: سر پوش اتارنا۔ الْمَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

كَفِخَ (س) كَفَخًا عَنْهُ: شرمندہ ہونا۔ بزدل ہونا۔

كَافَحَ الْقَوْمُ أَعْدَاءَهُمْ: بغیر ڈھال وغیرہ کے دشمن کے مقابلہ پر آنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُكَافِحُ الْأُمُورَ" وہ امور کو خود انجام دیتا ہے۔ كَافَحَ عَنْهُ: مدافعت کرنا۔ كَافَحَ الْمَرْأَةَ: عورت کا اچانک بوسہ لینا۔

أَكْفَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا..... فُلَانًا عَنْ نَفْسِهِ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

تَكَافَحَ الْقَوْمُ: آمنے سامنے مقابلہ کرنا۔ تَكَافَحَتِ الْأَمْوَاجُ: موجوں کا ٹکرانا.....

الكَبَاشُ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔

الكِفَاحُ: مص کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ كِفَاحًا" میں نے اس سے آمنے سامنے ملاقات کی۔

الكَفِيحُ: نظیر۔ کفو۔ شوہر۔ اچانک آنے والا مہمان۔

الأَكْفَحُ: کالا۔

الكُفْحَةُ: چھوٹی سی جماعت۔

كَفَخَهُ (ن) كَفْخًا: طمانچہ مارنا..... هُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

الكَفْخَةُ: جمع شدہ سفید مکھن۔

رَجُلٌ مِكْفَخٌ وَعَمُودٌ مِكْفَخٌ: مضبوط۔

كَفَرَ (ن) كَفْرًا وَكُفُورًا. الشَّيْءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "كَفَرَ دِرْعَهُ بِثَوْبِهِ" اس نے اپنی زرہ کو اپنے کپڑے سے چھپایا..... اللَّيْلُ الشَّيْءَ وَعَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا..... الْجَهْلُ عَلَى عِلْمِ فُلَانٍ: علم پر جہل کا غالب آنا..... كَفْرًا وَكُفُورًا وَكُفُورَانًا) ایمان کی ضد..... بِالْخَالِقِ: نفی کرنا..... كُفْرًا وَكُفُورًا وَكُفْرَانًا) نَعَمَ اللّٰهِ وَبِنِعَمِ اللّٰهِ: ناشکری کرنا..... بِكَذَا: بیزار ہونا۔

كَفَّرَ الشَّيْءَ: چھپانا..... الرَّجُلَ: کفر پر برانگیختہ کرنا۔ کفر کی طرف نسبت کرنا۔ کافر کہنا۔ كَفَّرَ لَهُ: تعظیماً کسی کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھنا اور سر جھکانا..... اللّٰهُ لَهُ الذَّنْبَ: معاف کرنا۔ گناہ مٹانا..... عَنْ يَمِينِهِ أَوْ إِثْمِهِ: کفارہ ادا کرنا۔

كُفِّرَ لِلْمَلِكِ: تاج پہنایا جانا کہ جس کے دیکھنے سے تعظیم لازم ہو۔

كَافَرَ مُكَافَرَةً. فُلَانًا حَقَّهُ: انکار کرنا۔

اكْفَرَّ: طاعت اور ایمان کے بعد گناہ اور کفر اختیار کرنا..... الرَّجُلُ: کافر کہنا۔ کفر کی طرف منسوب کرنا۔ کافر بنانا۔ کفر کرنے پر مجبور کرنا۔

اكْفَرَّ الرَّجُلُ: دیہات میں رہنا۔

اكْفَرَّ: دیہات میں رہنا۔

الكُفْرُ: مص دور کی زمین۔ قبر۔ چھوٹی لاٹھی۔ مٹی الكُفْرُ: دیہات۔ ج كُفُورٌ (..... والكِفْرُ والكِفْرَةُ) رات کی تاریکی۔

الكُفْرُ والكُفْرَانُ: ضد ایمان۔ الكُفْرَانُ: ناشکری۔ الكُفْرُ: فارسیوں کا اپنے بادشاہ کی تعظیم کرنا۔

الكَفَرُ والكَفَرَّى والكُفْرَّى والكِفِرَّى: کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ الكُفْرُ: پہاڑ کی گھاٹیاں واحد كَفْرَةٌ.

الكَفِرُ مِنَ الْجِبَالِ: بڑا پہاڑ۔

الكَافِرُ: فا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ ج كَافِرُونَ كَفَرَةٌ وَكُفَّارٌ (کفار اس کافر کی جمع میں اکثر استعمال ہوتا ہے جو ضد مؤمن ہے اور كَفَرَةٌ: کا استعمال اس كَافِرٌ: کی جمع میں ہے جو بمعنی ناشکرگزار ہے۔ الكَافِرُ: تاریک رات۔ سمندر۔ بڑی وادی۔ کالا بادل۔ تاریکی۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔ بڑا دریا۔ زرہ۔ وہ شخص جس نے زرہ کو اپنے کپڑوں سے چھپا رکھا ہو۔ دور کی زمین۔ ہموار زمین۔ نباتات۔ کاشتکار۔ ہتھیار بند۔ چھپا ہوا مقیم

الكَافِرُ مِنَ الْخَيْلِ: کالا گھوڑا۔

الكَافِرَةُ: کافر کا مؤنث۔ ج كَافِرَاتٌ وَكَوَافِرُ. الكَوَافِرُ: شراب کے مٹکے۔

الكَفُورُ: کافر۔ ج كُفُرٌ (اس کی جمع سالم نہیں آتی)

الكَافُورُ: ایک خوشبودار گھاس۔ کافور۔ کھجور کا شگوفہ۔ کھجور کے شگوفے کا غلاف۔ خوشہ۔ انگور نکلنے کی جگہ۔ ج كَوَافِيرُ. وَكَوَافِرُ.

الكَفَّارُ: اسم مبالغہ۔ رَجُلٌ كَفَّارٌ: اللہ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔

الكَفَّارَةُ: کفار کا مؤنث۔ گناہ کا کفارہ۔ صدقہ یا روزہ جو کفارہ میں ادا کیا جائے۔

المُكْفِرُ والمُتَكَفِّرُ: ہتھیار بند۔ ہتھیار میں چھپا ہوا۔

المُكْفَرُ: مفع۔ وہ احسان کرنے والا جس کی ناشکری کی گئی ہو۔ لوہے میں بندھا ہوا۔

طَائِرٌ مُكَفِّرٌ: پروں میں چھپا ہوا پرندہ۔

كَفِسَ (س) كَفَسًا الصَّبِيُّ: ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت أَكْفَسُ: مؤنث كَفْسَاءُ: ج كُفْسٌ.

كَفِسَتْ وَانْكَفَسَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔ انْكَفَسَ الرَّجُلُ: مرد کا دوہرا ہونا۔

الكِفَاسُ: بچے کے بدن پر باندھنے کا کپڑا۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے سے اوپر کا کپڑا۔ كَفْكَفَهُ عَنْ كَذَا: پھیرنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ كَفْكَفَ الدَّمْعَ: آنسو بار بار پونچھنا..... الرَّجُلُ: قرض دار سے نرمی

الكَعْسَم: گورخر۔ ج كَعَاسِم.
كَعْطَل كَعْطَلَةً: تیز دوڑنا..... بِيَدِهٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الكَعِيط والمُكَعْطَ: پستہ قد۔ موٹا مرد۔
كَعْطَلَ كَعْظَلَةً: تیز دوڑنا۔ آہستہ دوڑنا۔ ..... بِيَدِهٖ: انگڑائی لینے میں ہاتھ پھیلانا۔
الكَعْك: کیک۔ واحد كَعْكَة، ج كَعْكَات (دخیل)
كَعْكَلَ النَّمْرُ ونَحْوُهٗ: ایک دوسرے کے ساتھ گتھا ہوا ہونا۔
الكَعْل: بخیل مالدار۔ پانخانہ گوبر (..... والكُعْل) کالا پستہ قد مرد۔
المُكَعْمِل: غصہ سے پھولا ہوا۔ چوتڑوں کو حرکت دینے والا۔
كَعَمَ (ن) كَعْمًا الوِعَاءَ: برتن کا منہ باندھنا۔ البَعِيرَ: اُونٹ کو تھوتھنی لگانا..... الحَوْفُ فُلَانًا: ہٹانا..... المَرْأَةَ: عورت کا بوسہ لینا۔
الكَعْم: ہتھیار کا گیس۔ نیام۔ ج كِعَام.
الكِعَام ج كُعْم والكِعَامَة: تھوتھنی جس سے اُونٹ کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔
كُعُوْمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دہانے۔
بَعِيْرٌ مَكْعُوْمٌ: تھوتھنی چڑھایا ہوا اونٹ۔
اَكْعَنَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ نشاط میں کمی ہونا۔
تَيْسٌ مُكَعْنَبُ القَرْنِ: پیچیدہ سینگ والا بکرا۔
تَكَعْنَشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا جال میں پھنسنا۔ ..... فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ: مستغرق ہونا۔
كَعَا يَكْعُوْ كَعْوًا: بزدل ہونا۔
الكَاعِي: فالج زدہ۔ شکست خوردہ۔
الاِكْعَاء: بزدل لوگ۔
اَلْكَعْوَةُ: وہ جو کفایت کرے۔
الكَاغِد والكَاغَد: کاغذ۔
الكَاغِدِيّ: کاغذ بیچنے والا۔
كَفَّ (ن) كَفًّا وكَفَافَةً. الثَّوْبَ: لنگر کرنے کے بعد دوبارہ سینا (..... كَفًّا) الإِنَاءَ: برتن کو بہت بھرنا..... الشَّيْءَ: جمع کرنا ..... رِجْلَهٗ: پیر میں چیتھڑا لپیٹنا..... القَبِيلَةَ: قبیلہ کے ایک گوشہ کو اختیار کرنا..... وَجْهَهٗ: آبرو بچانا اور سوال کرنے سے رکنا ..... عَنِ الأَمْرِ: باز رہنا..... هُ عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا (..... كَفُوْفًا) النَّاقَةُ: بوڑھی ہونے کی وجہ سے چھوٹے دانت والی ہونا۔
كَفَّ وكَفُّ. بَصَرُهٗ: اندھا ہونا۔
تَكَفَّفَ النَّاسَ: لوگوں سے مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا..... الرَّجُلُ: ہاتھ میں لینا یا مٹھی بھر کر کھانا مانگنا۔ یا بھوک روکنے کے لائق مانگنا عَنِ الأَمْرِ: چھوڑنا..... دَمْعَهٗ: آنسو کا رکنا۔
نَكَافَ عَنِ الأَمْرِ: باز رہنا..... القَوْمُ: ایک دوسرے کو روکنا۔
اِنْكَفَّ: باز رہنا..... عَنِ المَكَانِ: چھوڑنا۔
اِسْتَكَفَّ الشَّيْءَ: ہاتھ میں لینا..... النَّاسَ: مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا..... هُ عَنِ الشَّيْءِ: رکنے کے لئے کہنا..... النَّاسُ خَوْلَهٗ: دیکھنے کے لئے احاطہ کرنا۔ اِسْتَكَفَّتِ الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا..... النَّاظِرُ: دھوپ سے بچنے والے کی طرح بھوؤں پر ہاتھ رکھنا ..... عَيْنَهٗ: دیکھنے کے لئے آنکھ پر ہاتھ کا سایہ کرنا۔ اِسْتَكَفَّتْ عَيْنُهٗ: ہاتھ کے نیچے سے دیکھنا..... فُلَانٌ بِالصَّدَقَةِ: صدقہ مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا..... بِهِ النَّاسُ: احاطہ کرنا ..... الشَّعْرُ: بال بکثرت ہونا..... الشَّيْءُ: گول ہونا۔
الكَفّ: مص۔ ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے (مؤنث) ج أَكُفٌّ وكُفُوْفٌ وكُفَفٌ. كَفُّ السَّبُعِ وكَفُّ الكَلْبِ وكَفُّ الذِّئْبِ وكَفُّ فَرَسٍ وكَفُّ آدَمَ وكَفُّ الأَسَدِ وكَفُّ الضَّبُعِ وكَفُّ القِرْدِ وكَفُّ الأَجْذَمِ وكَفُّ الجَذْمَاءِ وكَفُّ غَابِشَةَ: گھاس کی قسمیں۔ الكَفُّ: نمت..... عِنْدَ العُرُوْضِيِّيْنَ: ساتویں حرف ساکن کا ساقط کر دینا جیسے فَاعِلَاتُنْ: کا نون۔
الكُفَّة: کف کا اسم مرۃ۔ كُفَّةُ المِيْزَانِ: ترازو کا پلڑا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهٗ كُفَّةً كُفَّةً" مبنی برفتح وكُفَّةً بِكُفَّةٍ وكُفَّةً عَنْ كُفَّةٍ: یعنی میں نے اس کو رو در رو دیکھا۔
الكِفَّة: ہر گول چیز۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو..... مِنَ المِيْزَانِ: ترازو کا پلڑا..... مِنَ الدَّفِّ: ڈھول کا ڈھانچہ۔ كِفَّةُ الصَّائِدِ: شکاری کا جال۔ ج كِفَف وكِفَاف.
الكِفَّةُ الجَنُوْبِيَّة والكِفَّةُ الشَّمَالِيَّة: دو ستاروں کے نام اور کہا جاتا ہے "الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ والكِفَّةُ بِالكِفَّةِ" یعنی برابر سرابر جنسہٗ فِي كِفَّةِ اللَّيْلِ: میں رات کی ابتدا میں اس کے پاس آیا۔
الكُفَّة: چیز کا کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ الكُفَّة مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی انتہا..... مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔ نزدیک جگہ والے..... مِنَ القَبْرِ: بادل کا کنارہ..... مِنَ اللَّيْلِ: دن رات ملنے کی جگہ یا مشرق میں یا مغرب میں ..... مِنَ الدِّرْعِ: زرہ کا دامن..... مِنَ الرَّمْلِ: ریت کا ٹیلہ جو لمبا اور گول ہو..... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کے اوپر کی دھاری جس میں چھورنہ ہو..... مِنَ اللِّثَةِ: منسوڑھے کا لٹکا ہوا حصہ۔ كُفَّةُ القَمِيْصِ: دامن کے ارد گرد کی گوٹ۔ ج كُفَف وكِفَاف.
الكُفَف: سوال کے لئے ہاتھ پھیلانا..... مِنَ الرِّزْقِ: گزارہ کے لائق روزی..... فِي الوَشْمِ: گوندنے کے حلقے۔
الكِفَف فِي الوَشْمِ: گوندنے کے حلقے۔ گڑھے جس میں چشمے ہوں۔
الكَفَاف مِنَ الرِّزْقِ: گزارہ کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی کہا جاتا ہے "قُوْتُهٗ كَفَافُ حَاجَتِهٖ" یعنی اس کا گزارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے "وفُلَانٌ لَحْمُهٗ كَفَافٌ لِأَدِيْمِهٖ" یعنی فلاں کے بدن کے گوشت سے اس کا چمڑا بھرا ہوا ہے۔ كَفَافُ الشَّيْءِ: چیز

موٹے ستو کو دودھ میں بھگو کر خمیر اٹھنے کے بعد پکایا جاتا ہے۔ الكِشْك: گنبد دار محل (دخیل)

كَشْكَشَ تَكْشُكْشَةً: بھاگنا۔ كَشْكَشَ الحَيَّةُ: سانپ کا کھال سے آواز نکالنا۔

الكَشْكَشَة: مص ضمیر خطاب مؤنث کو شین سے بدل لینا۔ جیسے اكْرَمَتْشِ وعَلَيْشِ اكْرَمَتْك وعَلَيْك: میں۔

الكَشْكُوْل والكُشْكُوْلَة: بھکاریوں کا چنبل (دخیل) بہاء الدین عاملی کی ایک کتاب کا نام کشکول ہے اس لئے کہ اس میں مختلف موضوع پر مضامین ہیں۔

كَشَمَ (ن) كَشْمًا وكَشَّمَ وانْكَشَمَ. الأنْفَ: ناک جڑ سے کاٹنا۔

كَشِمَ (س) كَشَمًا: پیدائشی یا خاندانی عیب دار ہونا۔ صفت أكْشَم.

كَشَمَ (ض) كَشْمًا القِثَّاءَ والجَزَرَ: ککڑی یا گاجر بہت حرص سے کھانا۔

أنْفٌ كَشِيْمٌ وأكْشَمُ: جڑ سے کٹی ہوئی ناک۔

الكَشَم والأكْشَم: تیندوا۔

تَكَشْمَرَ: رونے کے لئے آمادہ ہونا..... أنْفَهُ: ناک توڑ دینا۔

الكِشْمِش: کشمش واحد كِشْمِشَة.

كَشَأَ يَكْشُوْه كَشْوًا: دانتوں سے کاٹ کھانا۔

الكُشْيَة: گوہ کے پیٹ کی چربی۔ یا اس کی دم کی جز۔ ج كُشًى.

كَصَّ (ض) كَصًّا القَوْمُ: اکٹھا ہونا (..... كَصِيْصًا) الماءُ بالناسِ: پانی پر لوگوں کی بہت بھیڑ ہونا (..... كَصًّا وكَصِيْصًا) الصَّوْتُ: آواز باریک ہونا۔

أكَصَّ: بھاگنا اور شکست کھانا۔

تَكاصَّ وانْكَصَّ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

الكَصِيْص: مص شدتِ مشقت کی وجہ سے پیچ و تاب۔ خوف۔ اضطراب۔ ہڈی کی آواز۔ موٹا پستہ قد مرد۔ مکروہ۔

الكَصِيْصَة: جماعت۔ ہرن کے پھنسانے کا پھندا۔ ج كَصَائِص.

كَصْكَصَ: تیز چلنا۔

كَضَمَ (ض) كُضُوْمًا: پشت پھیرنا۔ پیٹھ دکھانا (..... كَضْمًا) دانتوں سے کاٹنا۔

الزَّجُلَ: سختی سے ہٹانا۔

كَضِيَ يَكْضِيْ كَضًى: رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

كَضْكَضَ: تیز چلنا۔

كَضَلَ (ن) كَضْلًا: ہٹانا' دُور پھینکنا۔

كَظَّ (ن) كَظًّا الطَّعامُ فُلانًا: زیادہ بھرنے سے سانس نہ لینے دینا..... الغَيْظُ صَدْرَهُ: سخت غضبناک ہونا..... الحَبْلَ: رسّی باندھنا۔

خَصْمَهُ: چاروں طرف سے گھیر دینا (..... كَظَاظًا وكَظَاظَةً الأمْرُ فُلانًا) غمگین کرنا۔ مبتلائے کرب کرنا۔ بوجھل کرنا ..... السَّيْلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا۔

كَاظَّهُ كِظَاظًا ومُكاظَةً: جنگ میں سخت اور جم کر مقابلہ کرنا۔

تَكاظَّ القَوْمُ: میدانِ جنگ کو تنگ کرنا۔ دشمنی میں حد سے گزرنا۔

اكْتَظَّ مِنَ الطَّعامِ: سانس نہ لے سکنے کی حد تک بھر لینا..... المَسِيْلُ بالماءِ: پانی کی زیادتی سے بہاؤ کی جگہ کا تنگ ہونا ..... المَحَلُّ: لوگوں سے بھر جانا..... اكْتَظَّهُ الغَيْظُ: سینہ کا غصہ سے بھر جانا۔

الكِظَّة: بدہضمی۔ زیادہ پیٹ بھر جانے کی تکلیف۔

الكِظَاظ: مص۔ ٹھکن۔ سختی۔ غم جو دل کو بھر دے۔ عداوت۔

الكُظُّ: مص کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كُظٌّ" سخت گیر مرد (..... والكِظِبْظ والمُكْظِئ والمَكْظُوْظ) وہ شخص جس کو اُمور گرانبار کر دیں اور وہ عاجز ہو جائے۔ بہت زیادہ غضبناک۔

الكِظِيْظ والمُكْظُوْظ: کھانے سے بھرا ہوا۔ شکم سیر۔

الكَظِبْظ: بھیڑ۔ اٹبوہ۔ کہا جاتا ہے "عَلَى بَابِ فُلانٍ كَظِبْظٌ" فلاں کے دروازہ پر بھیڑ ہے۔

طَعامٌ مُكِظَّةٌ: بدہضمی والا کھانا۔

كَظَبَ (ن) كُظُوْبًا: بہت موٹا ہونا۔

كَظَرَ (ن) كَظْرًا. القَوْسَ: کمان کے کنارے پر تانت لگانے کے لئے دندانہ بنانا..... الزَّنْدَةَ: چقماق سے دندانہ بنانا۔

الكُظْر: کمان کے کناروں پر تانت کا حلقہ لگانے کی جگہ۔ گردہ کی چربی (..... و الكُظْرَة) گردہ کی جگہ جب کہ گردے نکال لئے جائیں۔

الكِظْر: پسلی کی ہڈی کے درمیان کی جگہ۔

كَظَمَ (ض) كَظْمًا البابَ: دروازہ بند کرنا..... النَّهْرَ: نہر کو روکنا..... القِرْبَةَ: مشک بھرنا اور منہ باندھنا..... البَعِيْرَ بالكِظَامَة: اونٹ کو نکیل لگانا..... الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: روکنا كُظُوْمًا البَعِيْرُ: اونٹ کا جگالی کرنے سے باز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَظَمَ فُلانٌ عَلَى جَرِيْمَةٍ" یعنی فلاں کے پیٹ میں بات پچتی نہیں (..... كَظْمًا وكُظُوْمًا) غَيْظَهُ: غصہ نگل جانا۔

كُظِمَ كَظُوْمًا: خاموش رہنا۔

الكَظْم: سانس کی نالی۔ ج أكْظَام وكِظَام کہا جاتا ہے "أخَذَ بِكَظْمِهِ" یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔

الكِظَام: بند کرنے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "أخَذَ بِكِظَامِ الأمْرِ" یعنی اس نے بھروسہ کے لائق چیز کو اختیار کیا۔

الكِظَامَة: وادی کا دہانہ۔ اُونٹ کی نکیل۔ ترازو کی رسیوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ الخُيُوْطَ فِي كِظَامَيِ المِيْزَانِ" یعنی اس نے ترازو کی ڈنڈی کے دونوں حلقوں میں دھاگے باندھ دیئے الكِظَامَة: زمین کے

الكُسُوْل: کاہل۔ ناز پروردہ لڑکی کے لئے وصف ہے جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔
الكِسْل والمِكْسَل: دھنیا کے کمان کی تانت جب کہ اُتار دی جائے۔ نَسَبٌ مِكْسَلٌ: وہ نسب جسے سرداری اور انعالِ خیر میں خودداری نہ ہو۔
المِكْسَال: کاہل (مذکر و مؤنث) ناز پروردہ لڑکی جو اپنی مجلس سے جدا نہ ہو۔ یہ اس کے لئے باعث مدح ہے۔
المَكْسَلة: سبب کاہلی۔ کہا جاتا ہے "النَّبْعُ مَكْسَلَة" آسودگی باعث کاہلی ہے "فُلانٌ لا تَكْسِلُهُ المَكاسِل" اسباب کاہلی فلاں کو کاہل نہیں بناتے۔
كَسْم (ض) كَسْمًا اليابِسَ: خشک چیز کو ہاتھ سے چورا کرنا..... غلى عِيالِهِ: کمائی حاصل کرنے کے لئے محنت کرنا..... نَاز الحَرْبَ: لڑائی بھڑکانا۔
الكَسْم: مص۔ خشک چیز کا چورہ جو تمہارے ہاتھوں میں باقی رہ جائے۔
الكَسُوْم: کرگزرنے والا۔
الكُسُوْم: بہت گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ رَوْضَةٌ كَسُوْمٌ وَاكْسُوْمٌ وَبَكْسُوْمٌ" یہ سرسبز و شاداب اور گنجان باغ ہے۔
خَيْلٌ اكاسِم: بہت سے گھوڑے جو ایک دوسرے کے اوپر ہوں۔
كَسَا يَكْسُو كَسْوًا واكْتَسَى الثَّوْبَ فُلانًا: کپڑے پہنانا۔ كَسَاهُ شِعْرًا: اشعار سے مدح کرنا۔
كَسِيَ يَكْسَى وكَسِيَ كَسَا الثَّوْبُ: کپڑا پہننا كَسِيَ يَكْسَى كَسَاءً: بزرگ ہونا۔
تَكَسَّى فَكَسَّيَا بالكِساء: اوڑھنا۔ پہننا۔
كَاسَى مُكَاسَاةً فلانًا: فخر کرنا۔
اِكْتَسَى: لباس پہننا۔ اِكْتَسَبَ الأرْضُ بالنَّبات: نباتات سے چھپ جانا۔ اِكْتَسَبَهُ ثَوْبًا: کپڑے پہنانا۔
اِسْتَكْسَى فُلانًا: کسی سے لباس مانگنا۔
الكاسِي: فا۔ لباس پہننے والا۔ ج كُسَاة.
الكُسَاء: بزرگی و شرف۔
الكِسَاء: کپڑا۔ کمبل۔ ج اكْسِيَة.
الكُسْوَة والكِسْوَة: لباس۔ ج كُسًى وكِسًى.
الاكْسَى: بہت پہننے والا۔ بہت لباس دینے والا۔ عرب کے امثال میں سے ہے "هُوَ اكْسَى مِنْ بَصَلَةٍ" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو بہت زیادہ کپڑے پہنے۔
الكُسَيّ: چوتڑ کا پچھلا حصہ۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ ج اكْسَاء۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ اكْسَاءَهُ" وہ گدی کے بل گرا۔
كَشَّ (ض) كَشًّا وكَشِيشًا الزِّنْدُ: آگ نکلتے وقت سانپ سانپ کی آواز نکلنا..... الجَرَّةُ: شراب کے مٹکے میں جوش آنا۔
كَشَّتْ كَشِيشًا الحَيَّةُ: سانپ کی کھال سے آواز نکلنا۔ كَشَّ الجَمَلُ: اُونٹ کا پہلی مرتبہ بڑبڑانا..... البَقَرَةُ: گائے کا آواز نکالنا..... كَشًّا) الرَّجُلَ وغَيْرَهُ: دھتکارنا۔ دُھتکارنا.....
تَكَاشَّ الأفاعي: سانپوں کا آپس میں آواز نکالنا۔
الكَشّ: وہ چیز جس سے درخت خرما کو گابھا دیا جائے۔
الكُشَّة: پیشانی یا سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا گچھا۔
الكَشِيش: مص۔ شراب کے جوش کی آواز۔
كَشَأَ (ف) كَشْأً الشَّيْءَ: چھیلنا۔ اگلے دانتوں سے کاٹ کر کھانا..... فُلانًا بالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا..... واكْشَأَ اللَّحْمَ) گوشت بھون کر خشک کرنا۔ صفت مفعولی كَشِيءٌ وكَشْأٌ الرَّجُلُ: بھونے ہوئے گوشت کا ٹکڑا کھانا۔ كَشَأَ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
كَشِئَ (س) كَشَأً وكَشَاءً اليَدُ: ہاتھ پھٹنا۔ جھری دار ہونا۔
كَشَأَ وكَشِيَ كَشًا وكَشَاءً وكَشًّا..... الرَّجُلُ مِنَ الطَّعام: شکم سیر ہو کر کھانا۔ صفت كَشِيٌّ وكَشِيٌّ. نَكْشَأَ الشَّيْءُ: چھل جانا..... اللَّحْمُ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
كُشْأَةٌ نَكْشِئَةُ اللَّحْمِ: خشک بھنا ہوا گوشت کھانا۔
الكُشَاءَة: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي جَسَدِهِ كُشَاءَة" اس کے جسم میں کوئی عیب نہیں۔
كَشَبَ (ض) كَشْبًا وكَشَّبَ اللَّحْمَ: گوشت بہت کھانا۔
الكُشْبَان انگشتانه ج كَشَابِين. وزهر الكُشْبَان: ایک قسم کی نباتات۔
الكُشُوث والكُشُوثي والكُشُوثى والكُشُوثا: ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت وغیرہ پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی جڑ نہیں ہوتی اور اس کے پتے بھی نہیں ہوتے۔
كَشَحَ (ف) كَشْحًا البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا..... القَوْمَ: پراگندہ کرنا دھتکارنا..... عَنِ الماءِ: پانی پر سے واپس ہونا..... لَهُ بالعَداوَة: دشمنی کرنا..... الدَّابَةُ: چوپایہ کا ٹانگوں کے درمیان دُم دبانا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز واپس آنا..... الظَّلامُ والضَّوْءُ: تاریکی یا روشنی کا زائل ہونا..... وكَشَّخَ) الغُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھال اُتارنا..... البَعِيرَ: اُونٹ کے پہلو میں داغ لگانا..... ہ: پہلو پر داغ دینا۔
كُشِحَ الرَّجُلُ: پہلو پر داغ دیا جانا۔ صفت مَكْشُوح. كُشِحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
كَشِحَ (س) كَشَحًا: درد پہلو والا ہونا۔
كَاشَحَ كِشَاحًا ومُكَاشَحَةً فُلانًا بالعَداوَة: دشمنی رکھنا۔
انْكَشَحَ القَوْمُ عَنِ الماءِ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔
تَكَشَّحَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
الكَشْح: مص۔ پہلو۔ ج كُشُوح: کہا جاتا ہے "طَوَى كَشْحَهُ عَنْ فُلانٍ او طَوَى

الْحِصَانِ: سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔
الْكُسَاب: بھیڑیا۔
الْكُسْب: کھلی۔
الْكُسْبُج: کھلی۔
الْكُسْبُر: ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر.
الْكُسْبُرَة: دھنیا۔
كَسَحَ (ف) كَسْحًا الْبَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ كَسَحَتِ الرِّيحُ الأَرْضَ: ہوا کا مٹی کو اُڑا لے جانا۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْنَا بَنِي فُلَانٍ فَكَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔
كَسِحَ (س) كَسَحًا: ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت أَكْسَح ج كُسْحَان: کہا جاتا ہے "مَا أَكْسَحَهُ" کس قدر بوجھل ہے۔
كَاسَحَهُ مُكَاسَحَةً: بہت سخت جھگڑا کرنا۔
إِنْكَسَخَ الشَّيْءُ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "أَغَارُوا عَلَيْهِمْ فَانْكَسَحُوهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔
الْكَسْح: مص۔ عاجزی۔
الْكُسَاحَة: کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
الْكَسِيح: وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔
الأَكْسَخ: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج كُسْخَان.
الْكَسِيح وَالْكُسَيْح وَالْكُسْحَان: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔
الْكُسَاح: اونٹوں کا ایک مرض۔
الْمِكْسَحَة: جھاڑو۔
الْمُكَسَّح: چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُودٌ مُكَسَّح.
الْمَكْسُوح: مقع جمل مَكْسُوح: سخت لنگڑا اونٹ۔
كَسَحَبَ كُسْحُبَةً: ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔
كَسَدَ وَكَسُدَ (ن) كُسَادًا وَكُسُودًا الشَّيْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ كَسَدَتِ السُّوقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شَيْءٌ کی صفت كَاسِدٌ وَكَسِيدٌ اور سوق کی صفت كَاسِدٌ وَكَاسِدَةٌ وَأَكْسَدُ.
أَكْسَدَ الْقَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔
اِكْسَدَّتِ السُّوقُ: بازار کا مندا ہونا۔
أَكْسَدَ الشَّيْءَ: غیر رائج بنانا۔
إِنْكَسَدَتِ الْغَنَمُ إِلَى الْغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔
الْكُسْد: قسط (ایک دوا کا نام)
الْكَسِيد: مندا۔ گھٹیا۔
كَسَرَ (ض) كَسْرًا الْعُودَ وَكُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔
الْعَسْكَر: لشکر کو شکست دینا..... الْوَصِيَّةَ: وصیت منسوخ کرنا..... الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا..... الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا اُترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا..... الْحَرْفَ: حرف کو زیر دینا..... الْوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا..... الْمَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ كَسَرَ مِنْ طَرْفِهِ وَعَلَى طَرْفِهِ: نگاہ پست کرنا..... فُلَانًا عَنْ مُرَادِهِ: پھیرنا۔
كَسَرَ (ض) كُسُورًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اُڑنے کے لئے پروں کو سمیٹنا۔
كَسِرَ (س) كَسَرًا: کاہل ہونا۔
كَسَّرَ: بمعنی كَسَرَ: تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے وَكَسَّرَتِ الْمَرْأَةُ وَنَحْوُهَا النُّورَ عَلَى كَذَا فَكَسَّرَ: آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ كَسَّرَ الْكَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا اور کہا جاتا ہے "كَسَّرَ الْكِتَابَ عَلَى عِدَّةِ أَبْوَابٍ" کتاب کو چند ابواب پر منقسم کیا۔
تَكَسَّرَ: ٹوٹنا..... الشَّيْءُ: توڑنا۔
المَلَّاحُ : چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلِهٖ : بغیر سمجھے بوجھے بک دینا..... الحَجَرَ و بالحَجَرِ : پتھر پھینکنا۔ قَذَفَهُ بِكَذَا : تہمت لگانا کہا جاتا ہے "هُمْ بَيْنَ حَاذِفٍ وقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (..... واسْتَقْذَفَ)
فُلَانًا بِالحَجَرِ : پتھر مارنا..... الرَّجُلُ : تہمت لگانا۔
قَاذَفَهُ : ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔
تَقَاذَفَ المَاءُ : پانی کا تیز بہنا..... الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑانا..... القَوْمُ : آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوْا بِالحِجَارَةِ : ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَتْ بِهِ الأَمْوَاجُ : تھپیڑے مارنا اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِهِ الأَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لئے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا۔
اِنْقَذَفَ : پھینکا جانا۔
القُذْف والقَذَف والقُذَاف : جانب۔ گوشہ۔
القُذْف والقَذَف : پھسلن کی جگہ۔
القُذْف والقَذَف والقَذُوْف والقَذِيْف : دُور کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ او بِيْدَةٌ قَذَفٌ وقُذُفٌ" دور کا بیابان۔ "بَلْدَةٌ قَذُوْفٌ" دُور دراز کا شہر۔ "قَوْسٌ قَذُوْفٌ" تیر کو دُور پھینکنے والی کمان۔
نَاقَةٌ قَاذِفٌ وقِذَافٌ وقُذُوْفٌ وقَذُوْفٌ : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
القُذْفَة : جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذَاف وقُذَف وقُذُفٌ وقُذْفَان.
القَاذِفَة : بمبار طیارہ۔ المِقْذَف : چھوٹی توپ۔
اَقْذَافُ القَصْرِ : محل کے کنگرے۔
القَذِيْفَة والقِذَاف : ہر وہ چیز جو پھینکی جائے ج قَذَائِف : اور اسی سے ہے قَذَائِفُ المَدَافِعِ : توپ کے گولے۔ القِذَاف : تیر روی۔
القَذَاف : تھوڑا پانی۔
القَذَّاف : اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔ منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دُور تک پھینکا جائے۔
المُقَذَّف : لعنت کیا ہوا۔ پُرگوشت کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّف" جنگ آزمودہ شہ سوار۔
المِقْذَف : چپو۔ ج مَقَاذِف، المَقَاذِف ہلاکتیں۔
المِقْذَاف : چپو۔ ج مَقَاذِيْف.
فَرَسٌ مُتَقَاذِف : تیز رفتار گھوڑا۔ سَيْرٌ مُتَقَاذِف : تیز چال۔
قَذَلَهُ (ن) قَذْلًا : گدی پر مارنا۔ عیب لگانا۔ پیچھا کرنا۔ قَذَلَ فُلَانٌ : برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا..... فِي الأَمْرِ : کوشش کرنا۔

المُقَدَّع : جھڑی دار۔
المِقْدَعَة : مورچھل۔ مکھی ہانکنے کی چوری لاٹھی جس سے ہانکا جائے۔
قَدَفَ (ن) قَذْفًا. الماءَ : چلو لینا۔ گرانا۔
القُدَاف : مٹی کا گھڑا۔ بڑا پیالہ۔
اَلسَّقَدِيْف : بحریہ کے نزدیک سَقْدِيْف سے تحریف ہوا ہے۔ یعنی کشتی کھیلنا۔ کشتی کے مقابلہ میں جیت جانا۔ المقذاف چپو : یہ لفظ مغذاف سے تحریف شدہ ہے۔
قَدَمَ (ن) قَدْمًا وقُدُوْمًا۔ القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا۔
قَدُمَ (س) قُدُوْمًا ومَقْدَمًا وقَدَمانًا المَدِيْنَةَ : شہر میں آنا..... مِنْ سَفَرِهٖ : سفر سے واپس ہونا..... اِلَى الأَمْرِ : قصد کرنا۔
قَدَمَ (ن) وقَدِمَ (س) قَدْمًا وقُدْمًا وقُدُوْمًا واقْدَمَ عَلَى قِرْنِهٖ : جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ واقْدَمَ عَلَى الأَمْرِ : بہادری کرنا۔ قَدِمَ واقْدَمَ عَلَى العَيْبِ : عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ يَمِيْنًا : قسم کھانا۔
اَقْدَمَ فُلَانًا : آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَهُ البَلَد : شہر کے آئے پر برا لیکھتہ کرنا۔
قَدُمَ (ک) قِدَمًا وقَدَامَةً : پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِيْم وقُدَام.
قَدَّمَ القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَهُ : آگے کرنا۔ قَدَّمَ يَمِيْنًا : قسم کھانا..... بَيْنَ يَدَيْهِ : آگے بڑھنا..... اِلَيْهِ بِكَذَا : حکم دینا..... قَدَّمَ اِلَى الحَائِطِ : قریب کرنا۔
تَقَادَمَ : بمعنی قَدُم : پرانا ہونا۔
تَقَدَّمَ : آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا..... القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا..... اِلَيْهِ بِكَذَا : حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْهِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔
اِقْتَدَمَ بمعنی تَقَدَّمَ : آگے بڑھنا۔
اِسْتَقْدَمَ : بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا..... الرَّجُلَ : آنے کو کہنا..... القَوْمَ : آگے کو بڑھ جانا۔

القَدَم : خاندانی شرافت۔ سرخ کپڑا۔
القِدَم : پرانا زمانہ کہا جاتا ہے كَانَ كَذَا قِدَمًا : یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔
القِدَم : حدوث کا ضد۔ اوّلیت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ قِدَمٌ فِيْ هٰذَا الأَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت ہے۔
القَدَم : پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے) ج اَقْدَام وقُدَام : اور تصغیر قُدَيْمَة.
القِدَم : آگے بڑھنا۔ اوّلیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ فِيْ كَذَا قَدَمُ صِدْقٍ او قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کے لئے اس معاملہ میں اچھی اوّلیت یا بُری اوّلیت ہے۔ و "لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ و "وَضَعَ قَدَمَهٗ فِي العَمَلِ" یعنی شروع کر دیا۔ "جَعَلَ دِمَاءَهُمْ تَحْتَ قَدَمَيْهِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا۔ "وَاجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو۔ یعنی معاف کر دو۔
والقَدَمُ فِي القِيَاسِ : پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔
القَدَم : بہادر (مذکر و مؤنث مفرد جمع) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ امْرَاَةٌ قَدَمٌ ورِجَالٌ قَدَمٌ ونِسَاءٌ قَدَمٌ : اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔
القَدِم : بہت اقدام کرنے والا سخت سنگستان۔
القُدَم والقُدْم : دلیر۔ القُدْم : آگے گزرنے والا کہا جاتا ہے "مَضٰى قُدْمًا" وہ سیدھا گیا ادھر اُدھر نہیں مڑا مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
القُدْمَة : دلیری۔ معاملہ میں اوّلیت۔
القُدْمَبَّة : مغرورانہ چال۔
القَدُوْم : دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُم القَدُوْم : کلہاڑا۔ مؤنث ہے ج قُدُم وقَدَائِم (اور قُدُوْم ضعیف لغت ہے)

القَدِمَة : مص قَدَّمَ کا ہدیہ۔ ج تَقَادِم.
القَادِم : فا۔ ج قُدُوْم وقُدَّام وقَادِمُوْن.
قَادِمُ الإِنْسَانِ : انسان کا سر۔ ج قَوَادِم.
قَادِمُ الرَّجُلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ القَادِمُ القَادِم : آئندہ سال القَادِمُ مِنَ الأَطْبَاءِ والضُّرُوْعِ : اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی پاکھ۔
القَادِمَة : مؤنث قادم : لشکر۔ القَادِمَة : بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں۔ ج قَوَادِم وقُدَامٰى اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو فوادم کے نیچے ہوتے ہیں۔ وقَادِمَةُ الرَّجُلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِم وقَادِمَةُ العَسْكَرِ : فوج کا اگلا دستہ۔
القَدِيْم والقُدَام : پرانا۔ ج قُدَمَاء وقُدَامٰى وقُدَائِم مؤنث قَدِيْمَة ج قَدَائِم وقَدَائِم القُدَامٰى : فوج کا اگلا دستہ۔
قُدَّام : آگے۔ مؤنث ہے اور اس کی تصغیر قُدَيْدِيْمَة : اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَيْدِيْم : آتی ہے۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ قُدَّامَ ذَاكَ او قُدَيْدِيْمَةَ ذَاكَ : یعنی میں نے اس سے اس کے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔
القُدَّام والقَدَّام والقِدِّيْم : شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار۔ بادشاہ۔ القَدَّام : قصائی۔
القَدَمَةُ : مِنَ الغَنَمِ : چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔
القُدُوْم والقُبْدَام : اگلا حصہ۔
قُدُوْمُ الجَبَلِ : پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔
الأَقْدَم : اسم تفضیل۔ شیر۔
المَقْدَم : آنے کا وقت۔
المُقْدِم والمُقَدَّم. مِنَ العَيْنِ : ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ..... مِنَ الوَجْهِ : چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو..... مِنَ الرَّجُلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج مَقَادِيم.

الخَابِيَةِ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔
.....الدُّودُ فِي الأَسْنَانِ او الشَّجَرِ : دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قَدَحَتِ العَيْنُ : آنکھ کا دھنس جانا۔
.....الشَّيْءَ : چلو لینا..... الطَّبِيبُ العَيْنَ : آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا۔
فِي القِدْحِ : تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔
قَدَحَ وَاقْتَدَحَ. بِالزَّنْدِ : چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال سے ہے "اَصْلِي لِي اَقْدَحَ لَكَ" یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ وَاقْتَدَحَ المَرَقَ : شوربا نکالنا..... القِدْرَ : چمچہ سے نکالنا..... وَاقْتَدَحَ الأَمْرَ : معاملہ کی تدبیر کرنا۔
قَدَّحَ الفَرَسَ : گھوڑے کو دلا کرنا۔
قَدَّحَتِ العَيْنُ : آنکھ کا دھنسنا۔
قَادَحَهُ وَتَقَادَحَا : ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔
اِسْتَقْدَحَ. زِنَادَهُ : چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔
القَدْح : مص۔ دانت یا لکڑی کا کیڑا۔
القِدْح : تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح وَاَقْدُح وَاَقْدَاح وَقِدَحَان و ج اَقَادِيح کہا جاتا ہے "صَدَقَهُمْ وَسْمَ قِدْحِهِ" یعنی ان سے سچ کہا۔
القَدَح : پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُونِي كَقَدَحِ الرَّاكِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔ اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ القَرْدُ : کنایہ ہے لے پالک سے۔ ج اَقْدَاح. القَدَح : اسم ہے اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔
القِدَحَة. قَدَح : کا اسم نوع۔
القُدَحَة. مِنَ المَرَقِ : چمچہ بھر۔
القِدَاحَة : پیالہ بنانے کا پیشہ۔
القَادِح : فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔
القَادِحَة : قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا۔ ج قَوَادِح کہا جاتا ہے "حُمَّى قَادِحَةٌ" بہت تیز بخار۔
القَدَّاح : کاسہ گر۔ تر و تازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (..... والقَدَّاحَة) چقماق کا لوہا۔
اَلقَدَّاحَة : سگریٹ جلانے کیلئے لائٹر۔
القَدِيح : شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔
الاَقْدَح والقَدُوح : مکھی۔ وَكِيٌّ قَدُوحٌ : وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔
المِقْدَح والمِقْدَاح : چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔
المِقْدَح والمِقْدَحَة : چمچہ۔
اِقْدَحَرَّ قِدْحُرَارًا. الرَّجُلُ : بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔
قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً ومِقْدَارًا وقَدَارَةً وقُدُورَةً وقُدُوزَةً وقُدْوزًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا. عَلَى الشَّيْءِ : توانا ہونا قوی ہونا۔
قَدَرَ (ض) قَدْرًا. الأَمْرَ : تدبیر کرنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا (..... قَدَارَةُ) الشَّيْءِ : تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا. الأَمْرَ كَذَا : غور و فکر کرنا۔
قَدَر (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰهُ : تعظیم کرنا (..... وقَدَّرَ) اللّٰهُ عَلَيْهِ الأَمْرَ وقَدَّرَ لَهُ الأَمْرَ : فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَرَ الرِّزْقَ : تقسیم کرنا۔ قُدِرَ وقُدِّرَ عَلَى عِيَالِهِ : اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَرَ عَلَى الشَّيْءِ : قادر ہونا اور جمع کرنا۔ وقَدَّرَ السَّرْجَلُ : معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔
وقَدَّرَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔
قَدُرَ (س) قَدَارَةً : چھوٹی گردن والا ہونا۔
.....عَلَى الشَّيْءِ : قدرت رکھنا۔
قَدَّرَ واقْتَدَرَ اللّٰهُ فُلَانًا عَلَى كَذَا : قادر بنانا۔ واقْتَدَرَ الإِنْسَانُ : ہانڈی میں پکانا۔
قَادَرَهُ مُقَادَرَةً : توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔
بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کے لئے اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُقَادِرُنِي" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ. الثَّوْبُ عَلَيْهِ : کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔ لَهُ كَذَا : آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ : ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اِنْقَدَرَ : اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ : یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔
اِقْتَدَرَ. عَلَيْهِ : قوی ہونا۔ قدرت پانا..... الرَّجُلُ : ہانڈی میں پکانا..... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ : اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ. اللّٰهَ خَيْرًا : خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا۔
اَلقَدْر : مص۔ چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاكَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ توانگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار.
﴿لَيْلَةُ القَدْرِ﴾ : رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
القِدْر : ہانڈی (مؤنث) ج قُدُور اور اس کی تصغیر قُدَيْرَة وقُدَيْر.
القَدَر : مص۔ چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔

بڑھیا۔ ج قِحاب۔
قَحَتَ (ف) قَحْتًا. الشَّیْءَ: کل لے لینا۔
قَحَذَ (ف) قَحْذًا وَاقْحَذَ. البَعِیْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَفْحَدَتِ. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ قَحْدَةٌ وَمِقْحَادٌ: بڑے کوہان والی اونٹنی ج مَقَاحِیْد۔
القَحْدَةُ: کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ج قِحَادٌ وَاَقْحُدٌ۔
القَحَادُ: وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَةُ: کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا: کودنا۔ رنجیدہ ہونا۔ مضطرب ہونا (..... قَحْوَزًا) مُرغ کی طرح کرنا (..... قَحْزًا وَقُحُوْزًا وَقَحْزَ) بِهٖ: پچھاڑنا۔ قَحَزَهٗ قَحْزًا وَقَحْزَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا (قَحَزَ قَحْزًا وَقُحُوْزًا وَقُحَزَانًا) الرَّجُلُ: ہلاک کرنا۔
قُحَزُو نَقَحَزُ. لَهُ الکَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات: سختیاں۔
القُحَازَةُ: پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
القَحِیْزُ: مص۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُقْحِزٌ: سخت بھوک۔
قحط (ف) قَحْطًا: سخت مارنا۔
فحط (ف) قَحْطًا وقَحِطَ (س) قَحْطًا المطرُ: بارش رکنا۔
فَحِطَ (ف) وقَحِطَ (س) قَحْطًا وقَحَطًا وقُحُوْطًا وقُحُوطًا واقْحَطَ الغَمُّ: بارش رکنا اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط واقْحَطَ اللّٰهُ الأَرْضَ: قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ وقُحِطَ واقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحَطَ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحِطٌ وقَحِیْطٌ ومَقْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ فَحِیْطٌ: خشک سال۔

اَلمِقْحَطَةُ: آلہ قحط۔
المِقْحَطُ: نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهٗ (ف) قَحْفًا: کھوپڑی کا ٹنا یا توڑنا۔
.....الشَّیْءَ: بہالے جانا..... فِی الإِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا..... الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔
.....الرُّمَّانَةَ: انار چھیلنا۔ چھلکا اتارنا (..... قَحَافًا) کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ. مَا فِی الإِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا..... السَّیْلُ کُلَّ شَیْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْفُ: کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج أَقْحَاف وقُحُوْف وقِحَفَةٌ: کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِأَقْحَافِ رَأْسِهٖ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔ اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالُهٗ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف: ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف: بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَةُ: ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف: فا۔ ج قُحَّف۔
عَجَاجَةٌ قُحَافَاءُ: آندھی جو سب چیز کو اڑا لے جائے۔
المِقْحَفَةُ: وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ج مَقَاحِف۔
قَحَلَ (ف) قُحُوْلًا وقَحِلَ (س) قَحْلًا وقَحَلًا وقَحِلَ. الشَّیْءُ: خشک ہونا۔ صفت قَاحِلٌ وقُحُلٌ وقَحِلٌ وانْقَحَلَ: اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّیْخُ: یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "کَیْفَ نَرُدُّ شَیْخَکُمْ قَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔
اَقْحَلَ الشَّیْءُ: خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے اَقْحَلَهٗ

الصَّوْمُ: روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَهٗ مُقَاحَلَةً: لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ. الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فِی لُبُوْسِهٖ وَخَالِهٖ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل: فا..... مِنَ الجُلُوْدِ: خشک کھال۔
القَحَّان: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُوْلَة: خشکی۔
المُنْقَحِل. مِنَ الرِّجَالِ: خشک کھال والا۔ بدحال۔
فَحَمَ (ن) فَحْمًا وقُحُوْمًا فِی الأَمْرِ: کسی معاملے میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا..... إِلَیْهِ: قریب ہونا۔
فَحَمَ (ف) فَحْمًا. المَفَاوِز: بیابان طے کرنا۔
فَحْمَهٗ وأَفْحَمَهٗ. فِی الأَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "فَحْمَ الفَرَسُ رَاكِبَهٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ أَفْحَمَ فَرَسُهُ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا..... الكَلِمَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْلُ کا لفظ اور یدفن کے درمیان اس قول میں قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ وَرِجْلَ مَنْ قَالَهَا: اس لئے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ مَنْ قَالَهَا وَرِجْلَهٗ.
أُفْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔
تَفَحَّمَ. الفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا..... الفَرَسُ رَاكِبَهٗ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ الأَمْرَ: کسی معاملے میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔
اِقْتَحَمَ الأَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت

القَصَد والقِتد : کچاوہ کی لکڑی ۔ ج اَقتاد واَقتُد وقُتُود.

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا. عَلٰی عِیَالِہٖ : بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا ۔ صفت (قَاتِر وقَتُور واَقتَر) ..... الشَیْءَ : بعض کو بعض سے ملانا ۔

..... الدِرْعَ : زرہ میں میخوں کے سرے بنانا ۔

..... الاَمْرِ : لازم ہونا (..... قَتْرًا وقَتَرًا وقُتُورًا) مَابَیْنَ الاَمْرَیْنِ : تخمینہ کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔

قَتِرَ الرَجُلُ : روزی کا تنگ ہونا ۔

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا وقُتِرَ (س) قَتَرًا. البَخُورًا واللَحْمُ : بدبودار ہونا ..... النَارُ : دھوئیں والی ہونا ۔

قَتَّرَ. عَلٰی عِیَالِہٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا ۔ اللَحْمَ : گوشت کا بدبودار ہونا ..... الصَیَّادُ لِلاَسَد : شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ..... ہ : خاک پر بچھاڑنا ..... الشَیْءَ : ایک دوسرے کے قریب کرنا ..... الرَجُلُ : پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ..... الوَحْشَ : اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ..... مَابَیْنَ الاَمْرَیْنِ : اندازہ کرنا ۔

اَقْتَرَ : مال کم ہونا ..... عَلٰی عِیَالِہٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا ..... الشَیْءُ : لازم ہونا ..... اللّٰہُ رِزقَہ : روزی تنگ کرنا ..... النَارُ : دھوئیں والی کرنا ۔ اَقْتَرَتِ المَرْاَۃُ : عود کی دھونی دینا ۔

تَقَتَّرَ : غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا ۔

..... لِلصَیْدِ : شکار کے لئے قترہ میں چھپنا ۔ (دیکھئے قُتْرَۃ) ..... فُلَانًا : فریب دینے کا ارادہ کرنا ..... عَنْہُ : جدا ہونا ..... الاَمْرُ : آمادہ ہونا ..... لِلاَمْرِ کَذَا : نرمی برتنا ۔

تقاتر. القَوْمُ : ایک دوسرے کو فریب دینا ۔

اُقْتِرَ. الصَائِدُ : شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَۃ)

القَتْر : مص ۔ زندگی بسر کرنے کے قابل ۔ اندازہ ۔

القِتْر : تیر کا پھل ۔ چھوٹا تیر ۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے ۔

القَتَر : گرد وغبار ۔ اندازہ ۔

القُتْر والقُتْر : گوشہ وجانب ج اَقْتَار : قطر میں ایک لغت ہے ۔

القَتِیر : متکبر ۔ مغرور ۔

القَتِیرَۃ. قتر : کا اسم مرۃ ۔ گرد وغبار ۔

القِتْرَۃ. قَتَر : کا اسم نوع ۔ القِتر : کا واحد ۔

اَبُو قِتْرَۃ : ابلیس کی کنیت ۔ اِبْنُ قِتْرَۃ : ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں ۔ ج بَنَاتُ قِتْرَۃ. قترۃ : ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے ۔

القَتْرَۃ : شکاری کا مچان ۔ زرہ کا حلقہ ۔ تنگی عیش ۔ روشن دان ۔ قَتْرَۃُ البُسْتَان : باغ کی نالی ۔ قَتْرَۃُ البَاب : دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قُتَر.

القُتَار : پختہ چیز کی بھاپ ۔ بخار یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو ۔

القَتِیر : زرہ کی میخوں کے سرے ۔ زرہ بڑھا یا بڑھاپے کی ابتداء ۔

القَاتِر والقَتُور والاَقْتَر : بخیل ۔ جو بال بچوں پر نان ونفقہ میں تنگی کرے ۔ کہا جاتا ہے "سَرْجٌ" (قَاتِرٌ ومُقْتِرٌ) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے ۔ "وَلَحْمٌ قَاتِرٌ" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو ۔

الاَقْتَر : خاکستری رنگ والا ۔

التَقْتِیر : مص ۔ قوت لایموت ۔

قَتَعَ (ف) قُتُوعًا : ذلیل ہونا ۔

قَاتَعَہٗ مُقَاتَعَۃً : مقاتلہ کرنا ۔

القِتَع : شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو ۔

القَتَع : ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ۔ واحد (قَتَعَۃ) اور کہا گیا ہے کہ قَتَع : بمعنی دیمک ۔

القَتْعَۃ : ذلیل ۔ کہا جاتا ہے ھُوَ (اَقْتَعُ مِنْہُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے ۔ مؤنث قَتْعَاءُ. ج قُتْع.

قَتَلَہٗ (ن) قَتْلًا وقَتَالًا : مارڈالنا ۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن وقَتَلَۃ وقُتَّال : کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ بِاَخِیْہِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا ۔ قَتَلَ الخَمْرَۃَ : شراب میں پانی ملانا الجُوْعُ او البَرْدُ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا ۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہُ اللّٰہُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَیْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا "وقَتَلَ عَلَیْلَتَہٗ" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی ۔

قَتَّلَ. القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا ۔

قَاتَلَہٗ قِتَالًا وقِتَالًا ومُقَاتَلَۃً : جنگ کرنا ۔ دشمنی کرنا ..... ہُ اللّٰہُ : لعنت کرنا ۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے "قَاتَلَہُ اللّٰہُ مَا اَشْعَرَہٗ" مُراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا ۔

اَقْتَلَہٗ : قتل کے لئے پیش کرنا ۔

تَقَتَّلَ : چلنے میں لچکنا ..... لِلاَمْرِ : مہلت دینا ..... لِفُلَان : جھکنا ۔ فرمانبردار ہونا (تَقَتَّلَ وتَقَاتَلَ واِقْتَتَلَ) القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا ۔

اِسْتَقْتَلَ : قتل ہونے کے لئے سر جھکانا ۔ (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا ۔ فِی الاَمْرِ : کوشش کرنا ۔ جان جوکھوں میں ڈالنا ۔

القَتْل : مص القَتْلُ العَمْد : قتل جو مقصود ہو القَتْلُ الخَطَا : قتل جو غیر مقصود ہو ۔

القِتْل : دشمن ۔ دوست ۔ ہمسر ۔ نظیر ۔ جنگجو ۔ بہادر ج اَقْتَال اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَقِتْلُ شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے ۔

القِتْلَۃ : قتل کا اسم نوع ۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَہٗ

قبلت (ن) قبلاً وقُبولاً. ریح القبول: پروائی ہوا چلنا۔
قبل (ن) قبلاً: علی الشیٔ: مشغول ہونا اور لازم ہونا..... المکان: متوجہ ہونا کہا جاتا ہے "قبلت الماشیة الوادی" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔
قبل (ف) قبلاً. الیوم: دن کا قریب ہونا۔
قبلتُ (س) قبالة المرأة: عورت کا دائی جنائی ہونا..... القابلة الولد: دایہ گری کرنا۔
قبل (س) وقبل (ن س) قبالة به: کفیل و ضامن ہونا۔
قبل (ن) قبلاً وقبل (س) قبلاً: آنکھوں میں بھینگی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔
قُبل القوم: پروائی ہوا لگنا۔
قبّلهُ: بوسہ دینا۔ قبّل العاملِ العمل: ضامن لینا اور ضمان کو (القبالة) کہتے ہیں۔ قبّلته الحُمّی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔
قابلهُ: سامنے ہونا..... قابلَ الشیٔ بالشیٔ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔
اقبلَ. الیومُ: دن کا قریب ہونا۔ اقبلت الارضُ بالنبات: زمین میں نباتات کا بہتات سے ہونا۔ اقبل علیه: متوجہ ہونا..... الیه: آنا..... علی الشیٔ: شروع کرنا اور لازم ہونا..... الفومُ: پروائی ہوا لگنا..... فلانًا الشیٔ: آگے کرنا کہا جاتا ہے "اقبلتُ زیدًا مرّةً واذبرتُه اُخرَی" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔ "اِذهب فی قبلة الطریق" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔
تقبّلهُ: لینا۔ تقبّل العملَ: کام کو لازم کرنا۔ ..... اللّٰه دعاءهُ: دعا قبول کرنا..... ابناهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔ تقبّلتهُ السعادةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔
تقابلَ. الرجلان: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِقتبلَ الکلامَ: فی البدیہہ کہنا..... الامرَ: کام از سر نو کرنا..... الرجلُ: بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔
اِقبلتُ واقبالتْ عینهُ اِقبالاً واِقبلالاً: نگاہ کا بھینگا ہونا۔
اِستقبلَ. الشیٔ: سامنے ہونا..... الرجلَ: توجہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
قُبل: پہلے۔ آگے اور یہ ظرفِ زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔ جیسے مات الخلیفةُ ومات الوزیرُ قبلَه ومن قبلِه: کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔ اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مات الخلیفةُ ومات الوزیر قبلُ ومن قبلُ: اور اگر مضاف الیہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مات الخلیفةُ ومات الوزیر قبلاً ومن قبلِ.
قُبَیل: قبل کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "جاء فلانٌ قُبیلَ العصرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔
القُبل والقُبُل: اگلا حصہ..... من الزمان: ابتدائی زمانہ..... من الجبل: دامن کوہ ج اُقبال: کہا جاتا ہے اَقبلَ قُبلهُ: یعنی اس نے اس کا قصد کیا "رأیتُه (قُبلاً وقَبلاً وقُبلاً وقبلاً وقَبیلاً وقُبیلاً) میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔
القَبل: ہنس۔ سامنے کی مرتفع زمین۔ واضح راستہ۔ بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "خیّا اللّٰه قَبلهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔ القَبل: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔ کلام کی برجستگی۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے والقَبل فی العَین: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا..... فی العَینین: ہر آنکھ کی نگاہ کا ایک دوسرے کی طرف جھکنا۔
القِبَل: طاقت۔ قدرت جیسے "مالی به قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں کہا جاتا ہے "لی قِبَلٌ فُلانٍ ذیْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "واتانی من قِبَلِه" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔ اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔
القِبلة. قِبل: کا اسم نوع۔ جہت اور اسی سے ہے قِبلة المصلّی: اس جہت کے لئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔ جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "صالةٌ فی هٰذا الامرِ قِبلةٌ ولا دِیزةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "واجعلوا بیوتکم قِبلةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔
القُبلة: بوسہ۔ کفالت۔ ضمان۔ ج قُبَل.
القَبلة: ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے ج قَبَل.
القُبلة بسکون الباء اور القُبلة بضم القاف وسکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔
القَبالة. من النعل: تسمہ۔ کہا جاتا ہے رجلٌ مُنقطعُ القَبال: مرد بدرائے۔
القَبالة: مص۔ ضمانت۔ کفالت۔ کہا جاتا ہے جلستُ (قُبالتَه) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔
القَبول: مص۔ اچھی بینت۔ بادصبا۔ دائی جنائی۔ عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔
القَبیل: ضامن۔ کفیل۔ شوہر۔ تین یا زائد کی جماعت۔ ج قُبُل وقُبَلاء. القِبل: خدا کی اطاعت (ذبر: خدا کی نافرمانی) القَبیل من النساء: دائی جنائی۔ کہا جاتا ہے "ما یَعرِفُ قَبیلاً من دَبیر" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "ومن قِبَلِ ذٰلک" اس کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رأیتُه قَبیلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔
القَبیلة: ایک باپ کے بیٹے۔ کنوئیں کے من

القَابِس : فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج قَبَاس.
القِبْس : اصل۔
القَبْس والمِقْبَاس : آگ کا شعلہ۔
القَبْسة. قَبْسة : کا اسم مرۃ۔ قَبْسَةُ العَجْلَان : جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہوا اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔
القَابُوس : خوبصورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔
القوابس : اچھی بات سکھانے والے لوگ۔
المِقْبَس : لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو۔ ج مَقَابِس.
المُقْبِس : آگ کا شعلہ۔
المِقْبَاس والمِقْبَس : وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْبَاس : وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔
القُبْشُور : وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔
قَبَصَ (ض) قَبْصًا. بِيَدِهِ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجے سے پکڑنا..... يَدَهُ عَنِ الشَّيْءِ : پکڑتے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ : ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ : وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّيْءَ : سمیٹنا..... الخَابِيَ الإِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا..... الطَّائِرُ جَنَاحَه : پرندہ کا باز و سمیٹنا..... الدَّارَ ونَحْوَهَا : قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّه يَقْبِضُنِيْ مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی وفُلَانٌ الخَيْرَ يَبْسُطُهُ والشَّرَّ يَقْبِضُه : فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ يَقْبِضُ ويَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا وإِقْتَبَضَ مِنْهُ المَالَ : اپنے لئے لینا..... قَبْضَةً : مٹھی بھر لینا۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ. فِيْ حَاجَتِهِ : جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا..... الفَوْمُ : چھوڑ

(.....والقِبَاح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔
القَبِيحَة : قَبِيح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قَبَائِح. وقَبَائِح.
قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا. المَيِّتَ : میت کو دفن کرنا۔
أَقْبَرَهُ : قبر بنانا۔ دفن کرنا..... القَوْمَ : مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔
القَبْر : مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر.
القُبَّرة والقُنْبُرة والقُنْبُرة والقُنْبَراء القُنْبُرَاء : ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَّر وقُبَّر وقَنَابِر.
القُبَّار : شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔
القُبُور : پست زمین۔
المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبُرة والمَقْبُرة والمِقْبَرة : قبرستان۔ ج مَقَابِر.
المَقْبَرِيّ والمَقْبُرِيّ : مقبرہ کی طرف نسبت۔
القُبَّرة والقُنْبَرة والقُنْبُرة والقُنْبَراء والقُنْبُرَاء : ج قُبَّر وقُبَّر وقَنَابِر : چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی چڑیا۔
القُبْرُس : عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس ج قَبَارِسة.
القُبْز : ایک قسم کا باجا۔
القِبْز : پستہ قد۔ بخیل۔
قَبَسَ (ض) قَبْسًا. مِنهُ النَّارَ : شعلہ لینا۔ .....النَّارَ : آگ جلانا..... العِلْمَ : علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَه النَّارَ : کسی کے لئے آگ لانا۔
(.....وأَقْبَسَ) فُلَانًا العِلْمَ : سکھلانا۔ وأَقْبَسَ فُلَانًا : کسی کو آگ دینا۔
إِقْتَبَسَ. مِنهُ النَّارَ او العِلْمَ : بمعنی قَبَسَ. .....مِنَ العِلْمِ : استفادہ کرنا۔ وإِقْتَبَسَهُ نَارًا : کسی سے آگ لینا۔

ڈھیر۔ کنکری۔
القَبُوْص : ہلکا پھلکا۔ چست۔
خَبْلٌ قَبِصٌ : چھوٹی رسّی۔ القَبِص : ہلکا پھلکا چست۔
القَبِصَى : تیز دوڑ۔
الأَقْبَص : بڑی کھوپڑی والا..... من الخَيْل : چست تیز رفتار گھوڑا۔ الأَقْبَص : وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصَاء ج قُبْص.
القَبْصَاء : بڑی کھوپڑی۔
القَبِيص : مٹی کا ڈھیر۔
القَوَابِص : جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قَابِصَة.
المِقْبَص : رسّی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقَابِص.
خَبْلٌ مُقْبَص : چھوٹی رسّی۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا. بِيَدِهِ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ : کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجے سے پکڑنا..... يَدَهُ عَنِ الشَّيْءِ : پکڑتے سے باز رہنا۔ قَبَضَهُ عَنِ الأَمْرِ : ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَهُ اللّٰهُ : وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّيْءَ : سمیٹنا..... الخَابِيَ الإِبِلَ : اونٹ کو تیز ہانکنا..... الطَّائِرُ جَنَاحَه : پرندہ کا باز و سمیٹنا..... الدَّارَ ونَحْوَهَا : قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّه يَقْبِضُنِيْ مَا قَبَضَكَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی وفُلَانٌ الخَيْرَ يَبْسُطُهُ والشَّرَّ يَقْبِضُه : فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ يَقْبِضُ ويَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا وإِقْتَبَضَ مِنهُ المَالَ : اپنے لئے لینا..... قَبْضَةً : مٹھی بھر لینا۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا وانْقَبَضَ. فِيْ حَاجَتِهِ : جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا..... الفَوْمُ : چھوڑ

دَاءُ الفِيل ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الفَيَّال: مہاوت، ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَة.
فَائِلُ الرأی وفَالُهُ وفِيلُهُ: کمزور رائے والا۔
فَيِّلُ اللَّحم: بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَّأی: کمزور رائے والا۔
الفَيَالَة: رائے کی کمزوری۔
المَفْيُولاء: ہاتھی کے بچے۔
الفِيلَجة: ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.
الفَيْلَق: بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيَالِق.
الفَيْلَم: بزدل۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت ج فَيَالِم (..... والفَيْلَمَانِي) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
الفِيلِيرِيَّة: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
فَانَ يَفِينُ فَيْنًا: آنا۔
الفَيْنَة: وقت۔
الفَيْنَان: خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَة.
تَفَيْهَق. فِي الكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔ .....فِي مَشْيَتِهِ: ناز سے چلنا..... عَلَيْهِ كَذَا: بڑا بننا۔
الفَيْهَق: ہر کشادہ جزء ج فَيَاهِق.
الفَيْهَق: بے وقوف عورت۔

نکلنا۔
الفُوَّةُ والفُوَّةُ: ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور لگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں بطور دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔
الفَوْهَة: فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔
الفُوْهَة. مِنَ الوَادِي والطَّرِيق وجَبَلِ النَّارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوَّهَات وأَفْوَاه فَوَانِه.
الفُوَّهَة: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلانٌ يَخَافُ فُوَّهَةَ النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ إِنَّهُ لَذُوفُوَّهَةٍ: وہ بڑا تیز زبان زبان زور ہے "وإِنَّ رَدَّ الفُوَّهَةِ لَشَدِيدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔
الأَفْوَه: چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهاء ج فُوْهٌ. طَعْنَةٌ فَوْهاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔
الأَفْوَاه: مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج أَفْوِيَة واحد فُوْه.
المِفْوَه: بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مِفْوَه شراب مفوَّه: خوشبو ملی ہوئی شراب (..... والمَفْوَّى) فُوْه سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّه.
الفُوْه: ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مفوهة) زمین جس میں فوہ بہت ہو (دیکھئے الفُوَّة)

فِي: حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے
(۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِي الزِّقِّ (۲) مصاحبت: جیسے جَاءَ فِي القَوْمِ. فُمْتُ فِي شُرُوقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِي ذَنْبِهِ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِي فِي بَحْرِهِ الا قَطْرَةٌ استعلاء جیسے لأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے أَنْتَ بِصَبْرٍ فِي عَمْلِكَ: بمعنی إلى: جیسے رَدَّهُ فِي جَيْبِهِ: بمعنی مِنْ: جیسے مَضَتْ عَلَى ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ فِي ثَلَاثِ سِنِينَ.
فَاءَ يَفِيءُ فَيْئًا: لوٹنا..... الظل: سایہ کا ہٹ جانا..... الغَنِيمَة: غنیمت حاصل کرنا..... (..... فَيْئًا وفُيُوْءًا) الأمر: لوٹ آنا۔
فَيَّأَ تَفْيِئَةً الشَّجَرِ: درخت کا سایہ دار ہونا۔ فَيَّأَتِ الرِّيَاحُ الغُصُونَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔
أَفَاءَ إِفَاءَةً. الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا..... هـ إِلَى كَذَا: لوٹانا۔ أَفَاءَ اللهُ عَلَيْهِ مَالَ القَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا..... عَلَى القَوْمِ فَيْئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔
تَفَيَّأَ تَفَيُّؤًا. الظِّلُّ: سایہ کا پلٹنا..... الشَّجَرَةَ وفِي الشَّجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا..... الأَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَيَّأَ بِفَيْئِهِ: سایہ میں پناہ لینا۔
اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً: لوٹنا..... المَالَ: مالِ غنیمت لینا..... الأَخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔
الفَيْءُ: مص۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج أَفْيَاء وفُيُوء. الفَيْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔
الفَيْئَةُ: فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔
الفِيْئَةُ: فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ حَسَنُ الفِيْئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلَى (تَفِيْئَتِهِ) فُلَانٍ: یعنی فلاں کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔
المُفَاء. افاء: کا اسم مفعول۔
المَفْيَاءَة والمَفْيُوْءَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔
أَفَاجَ. فِي عَدْوِهِ: دوڑنے میں دیر کرنا..... القَوْمُ فِي الأَرْضِ: مُلک میں پھیل جانا۔
الفَيْج: پیک۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُيُوج.
الفَانِجَة: دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَانِج.
فَاحَ يَفِيحُ فَيْحًا وفَيَحَانًا. الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (..... فَيْحًا وفُيُوحًا) الرَّبِيعُ: سرسبز ہونا..... الدَّمُ: خون گرنا..... الشَّجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔
فَاحَ يَفِيحُ وفَاحَ يَفَاحُ فَيْحًا: کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
فَيَّحَ الشَّيْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوَمَلَكْتُ الدُّنْيَا فَيَّحْتُهَا فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔
أَفَاحَ. القِدْرَ: جوش دینا..... الدِّمَاء: خون بہانا۔
الفُيُوح والفَيْح: کشادگی۔
فَيَاح: اسم ہے غارت کا کہا جاتا ہے "فيحي فياح" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑے کو کہتے ہیں۔
الفَيَّاح: اسم مبالغہ۔ فیاض۔ بَحْرٌ فَيَّاحٌ: بہت وسیع سمندر۔ رَجُلٌ فَيَّاحٌ: فیاض۔ بڑا دیالو مرد۔ مؤنث فَيَّاحَةٌ.
الأَفْيَح: کشادہ۔ مؤنث فَيْحَاء. ج فُيْح.
الفَيْحَاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔
فَاخَ يَفِيخُ فَيْخًا وفَيْخَانًا: بمعنی فاخ يَفُوخ: وادی۔
فَادَ يَفِيدُ فَيْدًا: مرنا..... المَالُ لَهُ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے۔ جاتا رہنا۔ فادت لَهُ فائدة: حاصل ہونا (..... وفَيَد) الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔ فَيْد: اُلو کی آواز سے بدفالی لینا۔
أَفَادَ افَادَةً. الرَّجُلُ عِلْمًا او مَالًا: فائدہ پہنچانا۔

الفَوْدَج: ہودج۔ دلہن کی پالکی۔
فارَتْ تَفُوْرُ فَوْرًا وفَوَرَانًا وفُوْرًا. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ فَارَ الْمَاءُ: پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا..... العِرْقُ: رگ کا مضطرب ہونا..... فَوَارًا وفُوَارَانًا الْمِسْكُ) خوشبو کا بھڑکنا۔
فَوْرًا وأفارَ. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
.....فارَ الْمِيزَانُ: ترازو کے زبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے ہلانا۔
الفار: چوہا۔ واحد فَارَةٌ. فَارَةُ الإبِلِ: کھال کے تر ہو جانے کے بعد گلی ہو۔
الفَوْر: حبس۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِهِ" جلدی واپس ہوا۔ فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اوّل۔
الفُوَر: ہرنیاں۔ واحد فَأْر: کہا جاتا ہے "لَا أَفْعَلُهُ مَا لَاحَ الْفُوَرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَة مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ: گرمی یا غصہ کی تیزی۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ: دن کی ابتدا۔
فَوْرَةُ النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
فَوْرَةُ العِشَاءِ: عشاء کی نماز کے بعد کا وقت کہا جاتا ہے "أَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِهِ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔
الفِيَازَان: ترازو کے زبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔
الفَائِر: فا۔ کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُهُ" اس کا غصہ بھڑکا۔
الفُوَارَة: ہانڈی کا اُبال۔
الفَوَّار: اسم مبالغہ۔
الفَوُور: بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔
الفُوَّارَة: مؤنث فَوَّار: پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔
فَازَ يَفُوْزُ فَوْزًا. بِالأَمْرِ: کامیاب ہونا..... مِنَ الْمَكْرُوْهِ: نجات پانا..... الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
فَوَّزَ تَفْوِيزًا الرَّجُلُ: گزرنا۔ مرنا..... الطَّرِيْقُ: ظاہر ہونا..... الرَّاعِي بِالْبِلِ: چرواہے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔
..... وتَفَوَّزَ: ایک مُلک سے دوسرے ملک میں جانا۔
أفَازَ فُلَانًا بِكَذَا: کامیاب کرانا۔
الفَازَة: دوکھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالْمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔
المَفَازَة: نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو جمع مَفَازَات ومَفَاوِز.
فَوَّضَ تَفْوِيضًا. إِلَيْهِ الأَمْرَ: سپرد کر دینا۔
الفُوَيْضَا: خوبصورت پھولوں کا پودا۔
.....المَرْأَةَ: بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔
فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً فِي الأَمْرِ: برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔
تَفَاوَضَ الْقَوْمُ فِي كَذَا: بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا..... الشَّرِيْكَانِ فِي الْمَالِ: شریک ہونا اور برابر ہونا فَاوَضُوْا فِي الْحَدِيْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضَى: ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وَأَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوْضَى وفَوْضُوْضَاءُ" ان کا معاملہ مخلوط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "أَفْوَاهُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوْضَى وفَوْضُوْضَاءُ" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے شَرِكَةٌ مُفَاوَضَةٌ وشَرِكَةٌ مُفَاوَضِيَةٌ: وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے ومُفَاوَضَةُ الْعُلَمَاءِ: علمی مسائل کا مذاکرہ۔
الْمُفَوَّضِيَّة: وہ دائرہ جس کو ذمہ دار افسر لگانے۔ منصب ذمہ دار افسر۔
الْفَوْضَوِيَّة: وہ غیر منظم سیاسی نظام حکومت جس میں عوام پر حکام کا غیر مؤثر یا معطل تصور کیا جائے۔
الْفَوْضَوِي: غیر منظم حکومت کا ساتھ دینے والا۔ لاقانونیت پر تلنے والا۔
فَوَّطَهُ: ازار پہنانا۔
الفُوْطَة: ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط: اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔
فاظَ بَفُوْظُ فُوْظًا وفُوَاظًا: مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فُوَاظُهُ" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔
الفُوْغَة. مِنَ الطِّيْبِ: خوشبو۔
مِنَ الشَّمِّ: زہر کی تیزی..... مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی ابتداء۔
فَاغَ يَفُوْغُ فَوْغًا الطِّيْبُ: خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔
الفَوْغَة مِنَ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک۔
الفَائِغَة: تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔
الفُوْغ: منہ کی موٹائی۔
الأَفْوَغ: موٹے منہ والا۔ کہا جاتا ہے فَمٌ أَفْوَغ: موٹا منہ "ورَجُلٌ أَفْوَغُ" موٹے منہ والا مرد۔
فاف يَفُوْفُ فَوْفًا: انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔
الفُوْف والفُوْف: گائے بیل کا مثانہ۔ جانوروں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فُوْفَةٌ وفُوْفَةٌ ج أَفْوَاف.
الفُوَف والفُوَفة: دانہ کا چھلکا۔
ثَوْبٌ أَفْوَافٌ وثَوْبٌ مُفَوَّفٌ: باریک کپڑا۔ سفید دھاری دار کپڑا۔
فَاقَ يَفُوْقُ فَوْقًا وفَوَقَانًا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
.....أَصْحَابَهُ بِالْفَضْلِ او الْعِلْمِ: بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
فُوَاقًا (بچی آنا)..... فَوَاقًا وفُوَاقًا) الرَّجُلُ: قریب المرگ ہونا یا مرنا (..... فُوْقًا) السَّهْمَ: سوفار تیر کو توڑنا الشَّيْءُ: توڑنا۔
فَاقَ يَفُوْقُ وفُوْقٍ يَفُوْقُ فَاقًا وفُوْقًا وفَوَقًا السَّهْمُ: سوفار میں کجی ہونا۔

اَفْنَخَ زَانَهُ: کچلنا۔
تَفْنِيْخَهُ: مشہور کرنا۔ بہت بُری طرح سے ذلیل کرنا۔
الْفَنِيْخ: نرم وکمزور۔ بڈھا۔
الْمِفْنَخ: دشمنوں کو بہت ذلیل کرنے والا۔ ان کے سروں کو بہت توڑنے والا۔
فَنَخَرَ وفَنْخَرَةً: نتھنے پھلانا۔
الْفُنَاخِرُ: بڑی ناک والا (..... والْفُنْخُر) بڑے ڈیل ڈول والا مؤنث فُنَاخِرَةٌ وفُنْخُرَةٌ.
الْفِنْخِيْرَة: بہت فخر کرنے والا۔
فَنِدَ (س) فَنَدًا وافْتَنَدَ: کھوسٹ ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا۔ جھوٹ بولنا..... فِي الرَّأْيِ او القَوْلِ: خطا کرنا۔ اَفْنَدَه: خطا کار ٹھہرانا۔ اَفْنَدَه الكِبْرُ: بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔
فَنَّدَهُ: جھٹلانا۔ ملامت کرنا۔ خطا کار ٹھہرانا۔ ضعیف العقل بنانا۔ فَنَّدَ فِي الشَّرَابِ: مداومت کرنا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو دولتی کرنا۔ چھریرا بنانا۔
وافْنَدَ وتَفَنَّدَ فُلَانًا عَلَى الأَمْرِ: طلب کرنا۔
تَفَنَّدَ مِنْ كَذَا: نادم وپشیمان ہونا۔
الفَنَد: مص۔ عاجزی۔ کفرانِ نعمت ج افناد.
الفَنْد: بڑا پہاڑ۔
الفِنْد: بڑا پہاڑ۔ ٹہنی۔ نوع۔ جمع شدہ قوم۔ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ ج فُنُوْد وافْنَاد: کہا جاتا ہے "اَتَوْا افْنَادًا" یعنی گروہ گروہ آئے۔ وافْنَادُ اللَّيْلِ: رات کے حصے۔
الفُنْدُق: سرائے ج فَنَادِق: بندوق۔
الفُنْدَاق: حسابِ کار جسٹر ج فَنَادِيْق.
الفَنَار: مشعل۔ روشنی کا منارہ۔ ج فَنَارَات.
الفَانُوس: چغل خور۔ مشعل۔ لالٹین ج فَوَانِيْس.
فَنَشَ فِي الأَمْرِ: سُست ہونا۔
..... عَنِ الأَمْرِ: رُک جانا۔
الفِنْطَاس: جہاز میں میٹھے پانی کا حوض۔ میٹھے پانی کے تقسیم کرنے کا پیالہ ج فَنَاطِيْس.
اَنْفٌ فِنْطَاس: چوڑی ناک۔
الفِنْطِيْس: کمینہ۔ چوڑی ناک والا۔ ناک جس کے نتھنے چوڑے ہوں اور بانسہ پست ہو۔ ج فَنَاطِيْس.
الفِنْطِيسَة: سور کی تھوتھنی۔
فَنِعَ (س) فَنَعًا: مالدار ہونا۔ صفت فَنِعٌ وفَنِيْعٌ.
الفَنَع: مص۔ بہت بخشش۔ فیاضی۔ مشک کی بھڑک۔
المِفْنَع: اچھی شہرت والا۔ نیک نام۔
فَنَقَ وفَانَقَ: ناز ونعمت سے پالنا۔
اَفْنَقَ: بختی کے بعد صاحب نعمت ہونا۔
تَفَنَّقَ الغُلَامُ: ناز ونعمت سے زندگی بسر کرنا..... فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا۔
جَارِيَة فُنُق ومِفْنَاق: ناز ونعمت میں پلی ہوئی لڑکی۔
الفَنِيق: نر اونٹ کہ جس کو بوجہ اس کی شرافت کے نہ تو سواری کے کام میں لائیں اور نہ اس کو تکلیف پہنچائیں ج فُنُق ج اَفْنَاق.
الفَنِيقَة: پوری ناز ونعمت میں پلی ہوئی عورت ج فَنَائِق.
عَيْشٌ مُفَانِق: خوش عیش زندگی۔
الفَنْقَع: موت۔
فَنَكَ (ن) فُنُوْكًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
..... وافْنَكَ عَلَى الأَمْرِ: مداومت کرنا۔
..... فِي الأَمْرِ: اصرار کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
فَانَكَ مُفَانَكَةً فِي الأَمْرِ: دخل دینا۔
..... وفَنَكَ تَفْنِيْكًا. فِي البِئْرِ او الكِذْبِ: اصرار کرنا۔
الفَنَك والفَنَك: تعجب۔ الفَنَك: رات کا ٹکڑا۔ لومڑی کی جنس سے ایک جانور ہے جو لومڑی سے چھوٹا ہوتا ہے اور جس کی کھال کی پوستین بہت اچھی ہوتی ہے۔
الفِنْك: دروازہ (..... والفُنْك) رات کا ٹکڑا۔
الفَنِيْك: انسان کے جبڑوں کے ملنے کی جگہ۔
اَلْفِنِيْك: ترشہ کار بالک۔ (فرانسیسی لفظ)
والإِلْفِنِيْك: پرندہ کا دمغزہ۔
المُتَفَنِّكَة: بے وقوف عورت۔
الفَنَاء: میدان ج فَنَوَات مکوے ج فَنَا.
شَجَرٌ فَنَوَاءُ: بہت شاخوں والا سایہ دار درخت۔
فَنِيَ وفَنِيَ يَفْنَى فَنَاءً: معدوم ہونا۔
..... الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا کہا جاتا ہے "صَارَ شَيْخًا فَانِيًا".
فَانَى مُفَانَاةً. الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ تسکین دینا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يُفَانِي الأَيَّامَ لاهِيًا" یعنی وہ زمانے کو کھیل کود میں بسر کرتا ہے۔
..... المَالَ: مال کا اچھا انتظام کرنا۔
اَفْنَى اِفْنَاءَ الشَّيْءِ: معدوم کرنا۔ ہلاک کرنا۔
نَفَانَى: بعض کا بعض کو ہلاک کرنا۔
الفَانِي: فا۔ پیر فانی۔ کھوسٹ بڈھا۔
الفَنَاء: مص۔ معدومی۔ ہلاکت۔
الفِنَاء: گھر کے سامنے کا میدان ج اَفْنِيَة وفُنِيّ: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَفْنَاءِ النَّاسِ" وہ غیر معروف النسب ہے۔
فَهَ (ف) وفَهِهَ (س) فَهَاهَةً: بول چال میں درماندہ وعاجز ہونا۔ صفت فَهٌ وفَهِهٌ.
فَهَّ (س) فُهًّا وغِنَ الشَّيْءُ: بھولنا۔
فَهَّهَ وافَهَّهُ اللّٰهُ الرَّجُلَ: عاجز کرنا۔ اَفْهَهَهُ الشَّيْءُ: بھلوانا۔
الفَهَّة: مؤنث فَهٌ: عاجزی۔ غفلت۔
فَهِدَ (س) فَهَدًا: تیندوے جیسا ہونا۔ صفت فَهِدٌ وفِهِدٌ. فَهِدَ غَنُهُ: غافل ہونا۔
فَهَدَ (ف) فَهْدَ الفلان: کسی کے کام کو اس کی غیر موجودگی میں اچھا کرنا۔
الفَهْد: تیندوا ج فُهُوْد وافْهُد.
الفَهِدَة: مادہ تیندوا ج فَهَدَات: ڈبر۔

فَلْفَلُ الطَّعَام: کھانے میں مرچ ڈالنا۔
فَلْفَلَ وتَفَلْفَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا اور تکبر سے چلنا۔ تَفَلْفُلٌ. حَلَمَاتُ الضَّرْعِ: پستان کی بھنٹی کا سیاہ ہونا۔ تَفَلْفَلَ شَعْرُ الأَسْوَدِ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔
الفُلْفُل والفِلْفِل: مرچ واحد فُلْفُلَة.
الفُلَيْفِلَة: ایک قسم کی نباتات ہے جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم مرچ کی مانند تیز ہوتی اور دوسری قسم میں تیزی نہیں ہوتی۔
شَرَابٌ مُفَلْفَلٌ: تیز شراب وشعر.
مُفَلْفَل: سخت گھنگھریالے بال۔
فَلَقَ (ض) فَلْقًا وفَلَقَ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
اللّٰهُ الصُّبْحَ: رات کی تاریکی دور کرنا اور صبح ظاہر کرنا۔
أَفْلَقَ الشَّاعِرُ: عجیب کلام کہنا۔ صفت مُفْلِق بالأَمْرِ: ماہر ہونا۔
تَفَلَّقَ: پھٹنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔
الصُّبْحُ: صبح ہونا۔
افلق: عجیب کام کرنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔
إِنْفَلَقَ: پھٹنا۔
الفَالِق: فا۔ پہاڑ کا شگاف۔
الفَالِقَة: کامونث۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
الفَلَق: مص پھٹنا ج فُلُوق. فَلَقُ الرَّأْسِ: مانگ۔
الفِلْق: امر عجیب۔ مصیبت۔ آدھا۔
الفَلَق: صبح۔ کل مخلوق۔ اشکال کے بعد حق کی وضاحت۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔ دوزخ۔ پہاڑ کا شگاف۔
ج فُلَقَان: پیالہ کی تلی کا دودھ۔ بطور حقارت کے کہا جاتا ہے "يَا ابْنَ شَارِبِ الفَلَقِ" مجرم کو سزا دینے کی ایک قسم کی لکڑی۔ والفَلَق مِنَ اللَّبَنِ: پھٹا ہوا دودھ ج أَفْلَاق.
الفَلْفَةُ: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔ داغ جو اُونٹ کے کان کے نیچے لگائیں۔
الفِلْقَةُ: ٹکڑا۔ ج فِلَق.

الفُلَاقَةُ: ٹکڑا۔ ج فِلَاق.
الفِلْفَةُ: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔ مصیبت ج فِلَق.
الفِلْبِق والفِلِبْقَة والمِفْلَقَة والفَلْقَى: مصیبت۔ أمر عجیب الفِلْبِق: گردن کی اُبھری ہوئی رگ۔
الفُلَقَان: سفید جھوٹ۔ خالص جھوٹ لَبَنٌ فُلَاقٌ وفُلُوقٌ پھٹا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "صَارَ اللَّبَنُ فُلَاقًا وفِلَاقًا وإِفْلَاقًا" یعنی ترشی کی وجہ سے دودھ پھٹ گیا۔
الثَّمَرُ الفُلَّيْق والمُفَلَّق: خشک پھل جو گٹھلی سے جدا ہو گیا ہو۔
الفِلِّق: بڑا لشکر۔ بڑا آدمی ج فَلَالِق. رَجُلٌ فَيْلَق: کانا مرد۔ اِمْرَأَةٌ فَيْلَق: بڑی چالاک شور مچانے والی عورت۔
المُفْلِق: فا۔ شَاعِرٌ مُفْلِقٌ: عجیب کلام کہنے والا شاعر۔
المِفْلَاق: ناپسندیدہ افعال کرنے والا مفلس ج مَفَالِيق. رَجُلٌ مِفْلَاق: کمینہ ورذیل آدمی۔
المَفْلَقَة: بلاوختی۔
المَفْلُوق: کان کے نیچے داغ لگا ہوا اونٹ۔
فَلْفَعَ مَا فِي الإِنَاءِ: برتن کا کل پی جانا یا کھا جانا۔
تَفَلْفَحَ إِلَى القَوْمِ: خوش خبری دینا۔
الفَلْفَحِيّ: ہنس مکھ۔
فَلَكَ (ن) فَلْكًا نَدْيُ الجَارِيَةِ: لڑکی کی پستان کا گول ہونا۔
فَلَكَتْ وفَلَّكَتْ الجَارِيَةُ: گول پستان والی ہونا۔ صفت فَالِك ج فَوَالِك.
فَلَّكَ وأَفْلَكَ الثَّدْيُ: پستان کا گول ہونا
..... الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں اصرار کرنا۔
تَفَلَّكَ وإِسْتَفْلَكَ ثَدْيُ الجَارِيَةِ: لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔
الفَلَك: آسمان۔ ج فُلُك وأَفْلَاك والفَلَك مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: گول اور بڑا مِنَ البَحْرِ: موج۔ ریت کا ٹیلہ جس کے اردگرد کھلا میدان ہو۔ زمین کے گول ٹکڑے جو اردگرد کی زمین سے بلند ہوں۔ واحد فَلَكَة وفَلْكَة ج فِلَاك.
الفَلِك: اُبھری ہوئی ہڈیوں والا۔ سخت جوڑوں والا۔ جس کے زانو کی چپنی میں درد ہو۔ رَجُلٌ فَلِكٌ: بڑے سرین والا۔
الفَلَكِيّ: فلک کی جانب منسوب۔ علم نجوم کا ماہر۔
الفَلْكَة: فلک کا واحد۔ ہر وہ چیز جو بلند اور گول ہو۔ ج فُلَك وفَلَك فَلَكَةُ المِغْزَل: چرخے کا دمڑکا ج فِلَك.
الأَفْلَك: گول زمین کے گرد گھومنے والا۔
الإِفْلِيكَان: حلق کے کوے کے اردگرد گوشت کے دو ٹکڑے۔
المُفْلَك والمُفَلَّك. مِنَ النِّسَاءِ: گول پستان والی عورت۔
أَفْلَكِسَرَةُ: انگور کے تنے کو چوسنے والا کیڑا۔
أَفْلَمَ. أَفْلَهُ: ناک کاٹنا۔
أَلْفِلْم ج أَفْلَام: کیسٹ۔ فوٹو گرافی میں استعمال والا نیگیٹو۔ قصہ کہانی۔
عِلْمُ الفَلَك: آسمان کے برجوں کا علم۔ یہ بات رکھنی ضروری ہے کہ ہر ماہ ستاروں کے طلوع ہونے میں دو گھڑیوں (گھنٹوں) کا فرق ضروری ہوتا ہے۔ اس وجہ سے جو ستارہ آٹھ بجے حزیران (جون) کے شروع میں طلوع ہوتا ہے وہی ستارہ دس بجے ایار (مئی) کے شروع میں طلوع ہوگا۔ اس کے برعکس یہ ستارہ چھ بجے (تموز) جولائی کے شروع میں طلوع ہوگا۔
الفِلِّم: بڑے جثہ کا مرد۔ چوڑا کنواں۔ کنگھی۔ بزدل۔ بڑی زلفوں والا۔ بہت لشکر۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔
فُلَانٌ وفُلَانَةٌ: ذوی العقول کے علم کا کنایہ کیا جاتا ہے اور اس صورت میں ان پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور فُلَانَة: غیر منصرف

الفَاكِهَة: مؤنث فاكه: ہر قسم کا پھل جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے ج فواکه
فَاكِهَةُ الشِّتَاءِ: آگ۔
الأفكه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مِنْ أَفْكَهِ النَّاسِ" فلاں بہت مزاح کرنے والا ہے۔
الفَاكِهَانِي: میوہ فروش۔
فَلَّ (ن) فَلاً وفَلِيلَ السَّيْفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا..... القَوْمَ: قوم کو شکست دینا۔
فَلَّ (ض) فَلاً عَنْ فُلانٍ عَقْلُهُ: عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا۔
أَفَلَّ. الرَّجُلُ: مال ضائع ہونا..... القَوْمُ: قوم کا بنجر زمین پر پہنچنا۔
تَفَلَّلَ وانْفَلَّ. القَوْمُ: قوم کا شکست کھانا۔
تَفَلَّلَ وانْفَلَّ وافْتَلَّ. السَّيْفُ: تلوار کا دندانہ دار ہونا۔
اِسْتَفَلَّ. السَّيْفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا..... الشَّيْءَ: کسی چیز کا ادنیٰ حصہ لینا۔ رَجُلٌ فَلٌّ وقَوْمٌ فَلٌّ: شکست خوردہ واحد جمع برابر اور کبھی أَفْلاَلٌ وفُلُولٌ: جمع آتی ہے۔
الفَلُّ: محض تلوار کی دھار میں ٹوٹ یا دندانہ ج فلول: جو کسی چیز سے گرے جیسے لوہے کا برادہ۔ آگ کی چنگاری۔ جماعت ج فُلُولٌ وفِلاَلٌ.
الفَلُّ: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے کہا جاتا ہے "هُوَ فَلٌّ مِنَ الخَيْرِ" وہ خیر سے خالی ہے ج فَلٌّ وأَفْلاَلٌ۔
الفِلُّ والفِلِّيَّة: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے ج فَلاَلِيّ.
الفُلُّ: پھول جو چنبیلی کے مشابہ ہوتا ہے اور خوشبو تیز ہوتی ہے۔
الفَلَل: تلوار کی دھار کا کند ہونا۔
الفُلَّة: تلوار کی دھار کا دندانہ۔
سَيْفٌ فَلِيلٌ وأَفَلُّ ومَفْلُولٌ ومُنْفَلٌّ: کند تلوار۔ دندانہ دار تلوار۔
كَتِيبَةٌ فُلَى: شکست خوردہ فوج۔
الفَلِيل: جماعت (..... والفَلِيلَة) مجتمع بال۔

فَلَهُ (ض) فَلْهًا وأَفْلَهَهُ: رہا کرنا۔ چھوڑنا۔
فَلَتَ وأَفْلَتَ وتَفَلَّتَ وانْفَلَتَ: رہا ہونا۔ چھوٹنا۔ أَفْلَتَ وتَفَلَّتَ إِلَى شَيْءٍ: جھگڑا کرنا۔ تَفَلَّتَ عَلَيْهِ: کودنا۔ حملہ کرنا۔
فَالَتَهُ فِلاَتًا ومُفَالَتَةً: اچانک آنا۔ پانا۔
اِفْتَلَتَ. الكَلاَمُ: فی البدیہ کہنا۔
الأَمْرَ: بغیر توقف کے کام کرنا۔ اِفْتَلَتَ عَلَيْهِ: بغیر کسی دوسرے کے کام کو پورا کر دینا..... الشَّيْءَ: جلدی سے لینا۔
أُفْتِلَتَ: اچانک مرنا..... بِأَمْرِ كَذَا: تیاری سے پہلے اچانک مشغول کیا جانا۔ أُفْتِلَتَ الشَّيْءَ: اچانک لیا جانا۔
اِسْتَفْلَتَ. الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: چھین لینا۔
الفَلَتَ: رہائی۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ فَلَتٌ" تمہیں اس سے رہائی نہیں۔
فَرَسٌ فَلَتَانٌ: تیز گھوڑا ج فِلَتَانٌ وَرَجُلٌ فَلَتَانٌ: چست، دلیر، قوی دل، شر کی طرف جانے والا۔
الفَلَتِيُّ: وہ شخص جو اپنے آپ کو برائیوں سے محفوظ نہ رکھے۔ الفَالِتُ: وہ جانور مویشی جو باندھا نہ گیا ہو۔ (عامی لفظ) اپنی ہوس پر چلنے والا نوجوان۔ الفَالِتَةُ مؤنث الفَالِتُ: برائی سے غیر محفوظ خاتون۔ النَّفْثَةُ الفَالِتَةُ: وہ گانا جو مروجہ موسیقی آوازوں کے مطابق نہ ہو۔
الاِنْفِلاَتُ: مختصر وقت کے لئے گیس کی تیزی سست پڑ جانا۔ جیسے انجن میں ہوتا ہے۔
فَرَسٌ فُلَتٌ وفُلَّتٌ: تیز گھوڑا۔
الفَلْتَةُ. فَلَتَ: کا اسم مرۃ۔ بغیر غور و فکر کے کام۔ مہینہ کی آخری رات ج فَلَتَاتٌ.
فَلَتَاتُ الكَلاَمِ: کلام کی لغزشیں۔ غلطیاں۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الرَّجُلُ فَلْتَةً" مرد اچانک نکل گیا وحدث الأَمْرُ فَلْتَةً: اچانک واقعہ ہو گیا وهو فِي بردة لَهُ فلتة: وہ ایسی چھوٹی اور تنگ چادر میں ہے جس کے دونوں کنارے مل نہیں سکتے۔
كِسَاءٌ فُلُوتٌ: چھوٹی تنگ چادر۔

فَلَجَ (ن ض) فَلْجًا وفُلُوجًا الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ دو ٹکڑے کرنا..... الحَرَّاثُ الأَرْضَ: کاشتکار کا زمین کو جوتنا..... الوَالِي الجِزْيَةَ بَيْنَهُمْ وعَلَيْهِمْ: والی کا جزیہ کو تقسیم کرنا..... مقرر کرنا..... فَلَجًا وفُلُوجًا القَوْمُ وعَلَى القَوْمِ: کامیاب ہونا..... سَهْمُهُ: غالب آنا..... الرَّجُلُ: مطلوب پر فتح مند ہونا..... لَهُ: موافق فیصلہ کرنا۔ فَلَجَ بِحَاجَتِهِ: ثابت کرنا۔
فَلِجَ (س) فَلَجًا وفَلَجَةً: قدموں یا ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔ صفت أَفْلَجُ: مؤنث فَلْجَاءُ ج فُلْجٌ.
فُلِجَ: فالج زدہ ہونا۔
فَالَجَهُ: کامیابی میں غالب آنا۔
فَلَّجَ الشَّيْءَ: تقسیم کرنا..... الأَمْرَ: غور کرنا۔ تدبیر کرنا۔
أَفْلَجَ: مطلوب پر فتح مند ہونا..... عَلَى خَصْمِهِ: غالب آنا اور کامیاب ہونا..... اللَّهُ فُلاَنًا عَلَى فُلاَنٍ: غالب کرنا..... بُرْهَانَهُ: دلیل ظاہر کرنا اور پیش کرنا..... لِي: موافق فیصلہ کرنا۔
تَفَلَّجَ: پھٹنا۔
اِنْفَلَجَ الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا۔
الفَلْج: محض آدھا۔ چاند۔ ج فُلُوج..... والفَلْج والفُلْجَة: کامیابی۔ فتح مندی۔
الفِلْج: آدھا (..... والفَالِج) ایک قسم کا پیمانہ ج فُوَالِج.
الفَلَج: محض دونوں قدم یا دانتوں کے درمیان فاصلہ۔ صحیح۔ ندی۔
الفَالِج: فا۔ ایک مرض ہے جس سے پورے بدن کا آدھا حصہ بالکل بے کار ہو جاتا ہے۔ دو کوہان والا اونٹ..... مِنَ السِّهَامِ: کامیاب تیر۔
الفَلِيجَة: خیمہ کا ایک تختہ۔
المُفَلَّجَة. مِنَ الأَسْنَانِ: علیحدہ علیحدہ

الْفَقْر: ترتیب وار کنوئیں۔ جن کا پانی ایک دوسرے میں جاتا ہو۔ زَکِیَّۃٌ فَقِیْرَۃٌ: کھدا ہوا کنواں۔

الْفَقْر: مصیبت۔

الْمُفْقِر: قوی مرد۔ سواری کے قابل بچھیرا۔

الْمَفَاقِر: اسباب فقر اور اس کے لئے کوئی واحد نہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ فقر کی جمع خلافِ قیاس ہے جیسے حسن کی جمع محاسن اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مُفْقِرَۃ: بمعنی فقر کی جمع ہے۔

الْمُفَقَّر: مضبوط ریڑھ والا کہا جاتا ہے "سَیْفٌ مُفَقَّرٌ" تلوار کہ جس کی پشت پر ہموار خراشے ہوں۔ رَجُلٌ مُفَقَّرٌ: بالکل فرمانبردار مرد۔

فَقَسَ (ض) فَقْسًا. البیضۃ: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا..... الطَّائِرُ بَیْضَتَہٗ: پرندہ کا انڈے کو توڑنا اور بچہ نکالنا۔

الْحَیَوَان: قتل کرنا..... الرَّجُلَ: بالوں کو پکڑ کر نیچے گھسیٹنا..... ہ عَنِ الْاَمْرِ: زبردستی ہٹانا۔

..... عَنِ الشَّیْءِ: چھین لینا۔

..... فُقُوْسًا: اچانک مرنا۔ کودنا۔

تَفَقَّسَ وانْفَقَسَ الشَّیْءُ: اُلٹ جانا۔

تَفَاقَسَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ کے نیچے گھسیٹنا۔

الْفُقَاسُ: جوڑوں کا مرض۔

الْفَقُوْس: خربوزہ کی ایک قسم واحد فَقُوْسَۃ.

الْمِفْقَاس: جال کی لکڑی جو پرند پر اُلٹ پڑتی ہے۔

فَقَشَ (ن) فَقْشًا الْبَیْضَۃَ: انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔

فَقَصَ (ض) فَقْصًا وفَقَّصَ. الْبَیْضَۃَ وَنَحْوَہَا: انڈا وغیرہ کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا۔ صفت مفعولی فَقِیْصَۃ ومُفَقَّصَۃ.

تَفَقَّصَ وانْفَقَصَ. الْبَیْضَۃُ عَنِ الْفَرْخِ: انڈے کا ٹوٹنا اور بچہ کا ظاہر ہونا۔

الْفَقُّوص: کچا خربوزہ۔

الْفَقِیْص: بل کے لوہے کا چھلہ۔

الْمِفْقَاص: گرز کے سرے کا گول حصہ۔

فَقَطَ: کلمہ ہے جو فا اور قط سے مرکب ہے اور اس کے معنی لاغیر کے ہیں۔ یعنی صرف۔ بس۔

فَقَطَ الْحِسَابَ: تعین مقدار کے بعد فقط لکھنا تاکہ کوئی کچھ بڑھا نہ سکے۔

فَقَعَ (ف ن) فَقْعًا وفُقُوْعًا. لَوْنُہٗ: رنگ کا صاف و خالص ہونا یا گہرا زرد ہونا.....

الرَّجُلُ: سخت گرمی سے مرجانا..... الْغُلَامُ: لڑکے کا بڑھنا (..... فَقْعًا) الشَّیْءَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "فَقَعَنْہُ الْفَوَاقِعُ" مصائب نے اسے ہلاک کر دیا۔

فَقِعَ (س) فَقَعًا: ہرخ رنگ ہونا۔ گہرا رنگ ہونا اور اکثر اس کا استعمال زرد رنگ کے لئے ہے۔

فَقَّعَ: بے معنی گفتگو کرنا..... اَصَابِعَہٗ: اُنگلیاں چٹخانا..... الْوَزَّۃَ: گلاب کی پتی کو ایک ہاتھ پر رکھ کر دوسرے ہاتھ سے مار کر پھاڑنا اور آواز نکالنا۔

..... الْاَدِیْمَ: چمڑے کو سرخ رنگنا۔

اَفْقَعَ: محتاج ہونا۔ بُرا حال ہونا۔

نَافِقَتَا عَیْنَاہُ: آنکھوں کا سفید ہونا۔

اِنْفَقَّعَ: پھٹنا۔

الْفُقَّع والْفِقِّع: سانپ کی چھتری جو نرم اور سفید ہوتی ہے۔ ج اَفْقُع وفُقُوْع وفِقَعَۃ

الْفَقْع: محتاجی۔

الْفَاقِع: فا۔ خالص صاف رنگ اور مشہور یہ ہے کہ یہ زرد رنگ کے لئے صفت کے طور پر مستعمل ہے۔

الْفَاقِعَۃ: مؤنث فاقع: مصیبت ج فَوَاقِع.

الْاَفْقَع: بہت زیادہ سفید مؤنث فَقْعَاء ج فُقْع.

الْفِقِّیْع: مروسرخ فام۔ کبوتر کی ایک قسم۔ واحد فِقِّیْعَۃ.

الْفَقْع: سخت سپیدی۔

لَوْنٌ (فُقَاعِیٌّ) گہرا رنگ کہا جاتا ہے اَبْیَضُ فُقَاعِیٌّ: بہت سفید۔

الْفُقَاع: بڑا سخت خبیث۔

الْفُقَّاع: جو کی شراب۔

الْفُقَّاعِی: جو کی شراب بیچنے والا۔

الْفُقَّاعَۃ: بلبلہ ج فَقَاقِیْع.

الْمُفَقَّع: نوکدار موزہ۔

الْمُفَقِّعَۃ: ایک کالے رنگ کا پرندہ ہے جس کے دم کی جڑ سفید ہوتی ہے۔

فَقْفَقَ فَقْفَقَۃً: سخت محتاج ہونا۔

الْکَلْبُ: کتے کا ڈر سے بھونکنا۔

(..... وتَفَقْفَقَ) الرَّجُلُ فِیْ کَلَامِہٖ: حلق سے نکالنا۔

الْفَقْفَاق والْفَقْفَاقَۃ: بے وقوف۔ بکواس کرنے والا۔

فَقَلَ (ن) فَقْلًا. الْبَیْدَرَ: کھلیان میں غلہ بکھیرنا۔

اَفْقَلَ. الْمَکَانُ: سرسبز ہونا۔

الْفَقْل: مص۔ سرسبزی۔

الْمِفْقَلَۃ: غلہ بکھیرنے کا آلہ۔ ج مَفَاقِل.

فَقَمَ (ن) فَقْمًا وتَفَقَّمَ الرَّجُلَ او الْکَلْبَ: ناک کو پکڑنا..... الْمَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

فَقِمَ (س) فَقَمًا الْاِنَاءُ: پُر ہونا کہا جاتا ہے "اَکَلَ الرَّجُلُ حَتّٰی فَقِمَ" مرد نے کھایا یہاں تک کہ تخمہ ہوگیا۔ (..... فَقَّمًا وفَقْمًا) الرَّجُلُ: سامنے کے دانتوں کا باہر نکلنا۔ صفت اَفْقَم: مؤنث فَقْمَاء ج فُقْم.....

الرَّجُلُ: اکڑنا۔

فَقِمَ (س) فَقَمًا وفَقْمًا وفُقُوْمًا وفُقْمًا (ک) فَقَامَۃً وفَقَامَۃً. الْاَمْرُ: عظیم ہونا اور ناہموار ہونا۔ صفت اَفْقَمُ فَقْمُ الشَّیْءُ: وسیع ہونا۔

الْفَقْم والْفُقْم: تھوتھنی کا کنارہ۔ جبڑا۔

الْفَقِم: سمجھدار آدمی جو مقابل پر غالب آئے۔

الْفُقْم: منہ۔

الْفُقْمَۃ والْفُقَّمَۃ: ایک قسم کی مچھلی اور یہ مچھلی دودھ دینے والے جانوروں میں سے ہے۔

الفَظُّ: مص۔ بہت بدخلق اور سخت کلام۔ ج افظاظ: اوجھ کا پانی جو جنگلوں میں نچوڑ کر پیا جاتا ہے۔ ج فِظاظ وفُظُوظ.

الفَظُّ: بُری شکل وصورت کا ایک آبی درندہ اور اس کے مذکر کے اوپر کے جبڑے میں دو لمبے لمبے دانت ہوتے ہیں۔

القَظاظة: ٹکڑا۔

فَظِعَ (ک) فَظاعةَ الأمرُ: قباحت بڑھ جانا۔ قباحت میں حد سے گزر جانا۔ صفت فَظِعٌ وفَظِيعٌ.

فَظِعَ (س) فَظْعًا الإناءُ: برتن کا بھر جانا۔

فُلانٌ بالأمرِ ومِنَ الأمرِ: کام کو بڑا سمجھنا اور اس کے انجام دینے کا اعتماد نہ کرنا۔

أفظَعَ الأمرُ: قباحت بڑھ جانا۔ افظعه: امر قبیح میں ڈالنا..... افظع الامر: قبیح پانا۔

أُفْظِعَ: امر قبیح نازل ہونا۔

فَظَّعَ الأمرَ: قبیح بنانا۔ مبالغہ کرنا۔

تفظّع واستفظع الأمرَ: قبیح پانا۔

الفَظِيع: خوشگوار پانی یا آب زلال۔

أفظى إفظاءً. الرَّجُلُ: بدخلق ہونا۔

الفَظى: بچہ دانی۔

فَعْفَعَ فَعْفَعَةً بالغنم: بکریوں کو فع فع کہہ کے ہانکنا اور اس آواز کو فَعْفَعَ یا فَعْفاع: کہتے ہیں۔

تَفَعْفَعَ الرَّجُلُ في امره: جلدی کرنا۔

فَعَلَ (ف) فَعْلًا: کرنا۔ بنانا اور اسم اس سے الفِعْل: ہے۔

فَعَّلَ النَّبْتَ الشِّغرِيَّ: تقطیع کرنا اور وزن تقطیع کا ایسے اجزاء سے ہے جس کا مادہ ف ع ل ہے۔

اِنْفَعَلَ: ہو جانا۔ متاثر ہونا۔

اِفْتَعَلَ الشَّيْءَ: ایجاد کرنا..... الخَطَّ: جعل سازی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَعَلَ عَلَيْهِ زُورًا وكَذِبًا" اس نے اس پر جھوٹ و بہتان باندھا۔

الفِعْل: کام۔ ج فِعَال وأفعال ج أفاعِيل. الأفاعِل والتَّفاعِيل. عِنْدَ العروضيين: علم عروض کی اصطلاح میں اشعار کے اوزان اور وہ چار ہیں فَعُولُن مَفاعِيلُن مُفاعَلَتُن وفَاعِلاتُن: اور بقیہ اوزان انہی سے ماخوذ ہیں۔

الفَعْلَة: فعل کا اسم مرۃ۔

الفَعْلَة: عادت۔

التَّفاعُل الكِيمَاوِي: دو یا دو سے زیادہ مادوں کا باہمی اثر کرنا۔ اس سے کیمیاوی اجسام کی طبیعت میں تبدیلی کا نتیجہ سامنے آتا ہے۔ جیسے آکسیجن اور ہائیڈروجن کی تاثیر میں۔

الفِعَال: اچھا فعل۔ کرم اور کبھی شر میں استعمال کیا جاتا ہے۔

الفِعَال: جمع فِعْل: جس کو بہت سے آدمی کریں۔ فِعَالُ الفَأس: کلہاڑے کا دستہ ج فُعُل.

الفَاعِل فاج فَاعِلُون وفَعْلة مؤنث فاعلة ج فاعلاتٌ وفواعل.

المُفْتَعَل: مفع ہر وہ چیز جو بغیر مثال سابق کے بنائی جائے۔ کہا جاتا ہے "جاء فُلانٌ بالمُفْتَعَل" یعنی اس نے بڑا کام کیا۔ شِعْرٌ مُفْتَعَلٌ: عجیب وغریب شعر۔

فَعِمَ (ف) فَعْمًا وفَعَمَ وأفْعَمَ الإناءَ: برتن بھرنا۔ أفْعَمَ المِسْكُ البَيْتَ: مہکانا۔ خوشبو سے بھر دینا۔ أفْعَمَ الرَّجُلَ: خوشی سے بھر دینا۔ خوش کرنا۔

فَعِمَ (ف) وفَعِمَ (س) فَعْمًا وأفْعَمَ الرَّجُلُ: غضبناک کرنا۔

فَعَمَ (ک) فَعَامةً وفُعُومةً الإناءُ او السَّاعِدُ: بھر جانا۔ صفت فَعْمٌ وفَعْمَلٌ: لام کی زیادتی کے ساتھ کہا جاتا ہے "هُوَ فَعْمُ الأعْضاءِ" وہ تنومند ہے۔

اِفْعَوْعَمَ: بھر جانا اور بہہ پڑنا۔

سَيْلٌ (مُفْعَمٌ) بھر دینے والا سیلاب۔ بطور اسناد مجازی۔

الأفْعَم: بھرنے کی وجہ سے چھلکنے والا۔

فَعْيٌ تَفْعِيَةُ الجَمَلِ: اونٹ پر سانپ کی شکل کا نشان لگانا۔

تَفَعَّى: بدخلقی میں سانپ کی طرح ہونا۔

الفَاعِي: غصے میں جھاگ نکالنے والا۔

الفَاعِيَة: مؤنث الفاعِي: چغل خورنی۔ حناء کے پھول۔

الأفْعَى: بڑا سانپ۔ خبیث قسم کا سانپ اور اس کی بہت سی قسمیں ہیں اور ہر ایک زہریلا ہوتا ہے۔ ج أفاعٍ.

الأفاعِي: رگیں۔ جو ہن ران کی رگ سے پھیلتی ہیں۔

الأفْعُوَان: نر سانپ۔

أرْضٌ (مُفْعَاةٌ) سانپوں والی سرزمین۔

الأفْعاء: خوشبوئیں۔

المُفْعَاة: نشان جو سانپ کی شکل کا ہو۔

فَغَّ (ن) فَغَّةً. الطِّيبُ: خوشبو بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "فَغَّتْنِي الرَّائِحَةُ فَغًّا" یعنی مجھے اچھی خوشبو مہکی۔

فَغَرَ (ف ن) فَغْرًا فاه: منہ کھولنا۔

(.....وانْفَغَرَ) فُوهُ: منہ کھلنا۔ انْفَغَرَ النَّوْرُ: کلی کا کھلنا۔

الفَغْر: مص۔ گلاب کا پھول جب کہ کھلے۔

الفَغْرَة. فَغْر: کا اسم مرۃ کہا جاتا ہے "وُلِدَ بالفَغْرَة" یعنی ثریا کے طلوع ہونے کی ابتداء میں پیدا ہوا اور یہ جاڑے کے زمانہ میں ہوتا ہے۔

الفُغْرَة: وادی کا دہانہ۔ ج فُغَر.

الفَاغِر: ایک چھوٹے سے جانور کا نام ہے۔

الفَاغِرَة: ایک قسم کی خوشبو یا کبابہ یا نیلوفر۔

المُفْغِرَة: وسیع زمین۔ پہاڑ کا شگاف۔ کہف سے چھوٹا۔

فَغْفُور: شاہانِ چین کا لقب۔

فَغَمَ (ف) فَغْمًا وفُغُومًا الطِّيبُ فُلانًا: ناک کو بس دینا۔

وفَاغَمَ مُفَاغَمَةً. فُلانًا: بوسہ لینا۔

فَغَمَ (ف) فُغُومًا وتَفَغَّمَ. الوَرْدُ: پھول کا کھلنا۔

لڑکی۔
فَضَلَ (ن) وفَضِلَ (س) فَضْلاً باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فَضْلَةٌ: فضل میں غالب ہونا کہا جاتا ہے "فَضَلَ فُلانٌ عَلٰی غَیْرِہٖ" جبکہ فضل میں غالب ہو جائے۔
فَضِلَ وفَضُلَ (ک) فَضَلاً: صاحب فضل ہونا۔ صاحبِ فضیلت ہونا۔
فَضَّلَهٗ عَلٰی غَیْرِہٖ: فضل کا حکم لگانا۔ ترجیح دینا (فاضلہ فِضالا ومُفاضلة) فضل میں فخر کرنا۔ فاضل بین الشیئین: دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔
اَفْضَلَ عَلَیْهِ: بڑھنا۔ بھلائی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ اَفْضَلَ عَلَیْهِ فِی الحَسَبِ: حسب میں بڑھ جانا..... عَلَیْهِ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ صَفَّهم قَدْ اَفْضَلَ عَلٰی صَفِّنا" ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے (..... واِسْتَفْضَلَ) مِنَ الشَّیْءِ: بقیہ چھوڑ دینا۔
تَفَضَّلَ عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔ فضل کا دعویٰ کرنا۔ تَفَضَّلَ الرَّجُلُ: شب خوابی کا لباس پہنا یا۔ کام کاج کے لئے لباس پہننا۔
تَفَاضَلَ الرَّجُلاَنِ: ایک کا دوسرے پر فضل کا دعویٰ کرنا۔
اِسْتَفْضَلَ مِنَ الشَّیْءِ: بقیہ چھوڑنا۔
الفَضْل: مص۔ احسان۔ زیادتی۔ بقیہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا یَمْلِکُ دِرْهَمًا فَضْلاً عَنْ دِیْنَارٍ"۔ فلاں درہم کا مالک نہیں چہ جائیکہ دینار۔ گویا یوں کہا گیا کہ لا یَمْلِکُ دِرْهَمًا فَکَیْفَ یَمْلِکُ دِیْنَارًا: یعنی درہم کا مالک نہیں تو دینار کا مالک کیسے ہو سکتا ہے اور کہا جاتا ہے "فِیْ یَدِهٖ فَضْلُ الزِّمَامِ" اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ ج فُضُوْل
الفُضُوْل: حاجت سے زائد مال فُضُوْل البَدَن: جو طبعی طور پر بدن کے منافذ سے نکلے جیسے پسینہ۔ تھوک۔
الفَضْلَة. فَضَلَ: کا اسم مرۃ۔ بقیہ۔ شراب ج فَضَلاتٌ وفِضَال.

الفَضْلَة والفُضْل والفِضَال: وہ کپڑا جو کام کے وقت یا نیند کے وقت پہنیں یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فُضُلٌ" یعنی ایک کپڑا پہنے ہوئے ہے اسی طرح "اِمْرَاَةٌ فُضُلٌ"۔
الفُضَالَة: بقیہ۔ ج فُضَالات.
الفُضَّال: بہت فضل والا۔
الفَضِیْلَة: خوبی۔ زیادتی۔ فضل میں بلند مرتبہ۔ ج فَضَائِل.
الفَاضِل: فا۔ صاحبِ فضل۔ صاحبِ فضیلت ج فَاضِلُوْن وفُضَلاء: مؤنث فَاضِلَةٌ ج فَاضِلات وفَوَاضِل.
الفَاضِلَة: فضل میں بلند مرتبہ۔ ہبہ نعمت۔
فَوَاضِلُ المَال: مال کا نفع۔
الفُضُوْل: بہت فضل کرنے والا۔
الفُضُوْل: غنیمت میں جو تقسیم سے بچ رہے۔
الفُضُوْلِیّ: لایعنی چیزوں میں مشغول ہونے والا۔
الفَضِیل: صاحبِ فضل۔ صاحبِ فضیلت ج فُضَلاء.
الاَفْضَل: فضل میں بڑھا ہوا ج اَفْضَلُوْن واَفَاضِل: مؤنث فَضْلَی ج فُضَلَیَات. فُضَلٌ.
المِفْضَل والمُفَضَّل: بہت فضل والا
المُفَضَّل: جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔
المِفْضَل والمِفْضَلة: کپڑا جو کام کے وقت یا سوتے وقت پہنا جائے یا گھر میں پہننے کا کپڑا ج مَفَاضِل.
المِفْضَال: بہت فضل والا۔ مؤنث مِفْضَالَةٌ.
فَضَأَ یَفْضُوْ فَضَاءً او فُضُوًّا المکانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ خالی ہونا صفت فَاضٍ (..... فُضُوًّا الشَّجَرُ بِالمَکَانِ) درخت بہت ہونا۔
اَفْضٰی اِفْضَاءً ا. المکانُ: جگہ وسیع ہونا۔
..... المکانَ: جگہ وسیع کرنا..... اِلَیْهِ: پہنچنا۔ ..... اِلَیْهِ بِسِرِّہٖ: بھید کو جتانا..... بِهٖ اِلٰی کَذَا: پہنچانا..... بِفُلانٍ: کشادہ میدان کی طرف لے جانا..... الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔
الفَاضِی: فا کشادہ کہا جاتا ہے "مَقَامٌ فَاضٍ" کشادہ مقام۔ کھلا ہوا۔ خالی۔
الفَضَاء: وسیع زمین۔ میدان ج اَفْضِیَاء: کہا جاتا ہے "مَکَانٌ فَضَاءٌ" یعنی کشادہ جگہ۔
الفَضَاء: زمین پر جاری پانی۔ بسا اوقات پاخانہ کے لئے کنایہ کرتے ہیں۔
الفَضَاء: خشک انگور کا دانہ۔ نَسَهُمْ فَضَا: اکہلا تیر۔ طَعَامٌ فَضَا: ملا جلا کھانا کہا جاتا ہے "اِنَّ اَمْرَهُمْ فَضَا عَلَیْهِمْ" یعنی ان کا کوئی امیر نہیں۔
فَطَأَهٗ (ف) فَطْأً: توڑنا۔ فَطَأَ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا..... فَطَأَ بِهٖ عَنْ رَاْیِهٖ: رائے سے ہٹا دینا..... الفَرَسَ: غیر پسندیدہ چیز لانا..... فَطَأَ المَرْاَةَ: جماع کرنا۔ فَطَأَ القِدْرُ بِزَبَدِهَا: ہانڈی کا جھاگ لانا۔
فَطِیَ (س) فَطَأً: دھنسی ہوئی پیٹھ اور ابھرے ہوئے سینہ والا ہونا۔ صفت اَفْطَا مؤنث فَطْآ ج فُطْحٌ.
فَاظَأَ مُفَاظَأَةً بِهِ الارض: زمین پر پٹک دینا۔
اِفْطَأَ اِفْطَاءً: فراخ حال ہونا۔ بدخلق ہونا۔
..... فُلانًا: کھلانا۔ بہت جماع کرنا۔
تَفَاطَأَ: سینہ ابھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔
..... عَنْهُ: پیچھے ہٹنا..... عَنِ القَوْمِ: شکست کھانا اور حملہ کے بعد لوٹنا۔
الفُطْأَة: سینہ کا ابھار اور پیٹھ کا دھنسنا۔
فَطَحَ (ف) فَطْحًا وفَطَّحَ. الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔
..... العُوْدَ: لکڑی کو چھیلنا اور چوڑا کرنا۔
فَطَحَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
فَطِحَ (س) فَطَحًا رَاْسَهٗ او انفه: سر یا ناک چوڑی ہونا۔ صفت اَفْطَح الاَفْطَح: گرگٹ۔
رَاْسٌ مُفَطَّحٌ: چوڑا سر۔
الفِطَحْل: بڑا سیلاب جَمَلٌ فَطِحِلٌ: موٹا

سفید اور دوسری سرخ۔ یہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ہڈیاں جوڑی جاتی ہیں اور کھاد بنانے کے کام آتا ہے۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَةً. الکلامَ: جلدی بولنا .....الدابَّةَ: فصفصہ: کھلانا۔

تَفَصْفَصَ. القومُ عن فُلانٍ: متفرق ہونا۔

الفِصْفِصَةُ: ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور کھاتے ہیں اور جب تک تر ہو اس وقت تک یہ نام ہے ج فَصافِص عوام "فِصّہ" کہتے ہیں۔

الفُصافِص: قوی اور مضبوط ارادہ والا۔

الفِصْفِل: بچھو یا بچھو کا بچہ۔ نالائق۔

فَصَلَ (ض) فَصْلاً. الشَّیءَ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا اور اسی سے ہے "فَصَلَ الخُصُوْمَ" یعنی جھگڑوں کا فیصلہ کرنا..... بَیْنَهُمَا: فاصلہ ہونا الوَلَدُ عَنِ الرضاع: بچے کا دودھ چھڑانا۔

فَصَلَ (ن) فُصُوْلاً. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا..... الرَّجُلُ عَنِ البَلَدِ: شہر سے نکل جانا۔

فَصَّلَ. الکلامَ: تفصیل کرنا..... الشَّیءَ: فصل فصل کرنا۔ متمیز کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

الثَّوْبَ: سینے کے لئے قطع کرنا۔

القصاب الشاة: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

العِقد: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ ڈالنا۔

فاصَلَ. شَرِیْکَهُ: جدا کرنا۔

اِنْفَصَلَ. المولود: دودھ چھڑانے کے قابل ہونا۔

اِنْفَصَلَ: جدا ہونا..... عَنْهُ: جدا کرنا۔

تَفَصَّلَ: عضو عضو کاٹنا۔

تَفاصَلَ. الاَشْیاءُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ. الوَلَدَ عَنِ الرَّضاعِ: بچہ سے دودھ چھڑانا..... النَّخْلَةَ عَنْ مَوْضِعِها: کھجور کے پودہ کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

اِسْتَفْصَلَ: تفصیل طلب کرنا۔

الفَصْل: مص۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ زمین کے درمیان حد..... مِنَ الجَنْبِ: ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ جوڑ کی جگہ۔ فرع۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ وفُصُوْلٌ" یعنی فروع..... مِنَ الکِتَابِ: کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ سال کے چار حصّوں میں سے ایک حصّہ اور وہ چار حصے یہ ہیں۔ بہار، گرمی، خریف، سردی۔ ج فُصُوْلٌ. الفَصْل: حق و باطل کے درمیان فاصلہ۔ قَوْلٌ فَصْلٌ: قول حق نَوْمُ الفَصْلِ: قیامت کا دن اور فَصْلُ الخِطَابِ: سے مراد وہ خطاب ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کن ہو اور فصل الخطاب خطیب کا قول ابا بعد بھی ہے۔

الفَصْلَة: فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔

الفَصِیْل: شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار، اونٹنی یا گائے کا بچہ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو ج فِصَال و فُصْلانٌ و فِصْلانٌ.

الفَصِیْلَة: فصیل کا مؤنث۔ ران یا اعضاء جسم کے گوشت کا ٹکڑا۔ کنبہ۔ ج فصائل کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِفَصِیْلَتِهِم: یعنی تمام آئے۔

الاِنْفِصالی: وہ شخص جو کہ اپنے دین اور ملک سے الگ ہونے کی طرف میلان رکھتا ہے۔ وہ شخص جس ہدف جماعت سے اختلاف اور اس سے خارج ہو جاتا ہے۔

الاِنْفِصالِیَّة: دین و ملک سے الگ ہونا۔ الگ ہونے کی طرف میلان رکھنا۔

الفَصَّال: انعام حاصل کرنے کے لئے مدح کرنے والا۔ سَیْفٌ فَصَّال: تلوار قاطع۔

الفِصَال: دودھ چھڑانا۔

الفَاصِل: فا۔ حکمٌ فَاصِلٌ: حکم نافذ۔

الفَاصِلَة: مؤنث فاصل: ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔

الفَاصِلَةُ الصُّغْرٰی فِیْ عِلْمِ العُرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں تین حروف متحرک اور چوتھا ساکن جیسے ضَرَبَتْ اور فَاصِلَہ کُبْرٰی: چار حروف متحرک اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبْنَکُمْ: اور فاصلہ صغریٰ میں ایسا ہی ہے جیسے قافیہ شعر مین ج فَوَاصِل.

الفَیْصَل: حاکم۔ قاضی حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ جو چیز امور میں فیصلہ کرے۔ تلوار قاطع ج فَیَاصِل. حکم فیصلٌ: حکم نافذ۔ حکومة فیصل: حکومت نافذہ۔ ضَرْبَةٌ فَیْصَلٌ: وہ مار جو دو ہمسر اور مقابل کے درمیان فیصلہ کن ہو۔

الفَیْصَلی: حاکم۔ جج۔

المَفْصِل: جوڑ۔ ج مَفَاصِل. المَفاصِل: جمع شدہ پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین جس میں سنگریزے اور ریت وغیرہ جمع ہو گئے ہوں جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہوتا ہے ذاءُ المَفاصِل. وَجَعُ مَفاصِل: ایک بیماری جس میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔

المِفْصَل: زبان۔

المِفْصَال: جس کی عادت ہی فیصلہ کی ہو۔

المِفَصَّلَة. فِیْ اِصْطِلاحِ النُّجَّارِیْن: دروازے وغیرہ کا قبضہ۔

اَلْفاصُولِیَّةُ اَوِ الفَصُوْلِیَّا: لوبیا، زرعی سبزی۔ پہلے پہلے امریکہ میں کاشت ہوئی اب براعظم ایشیاء میں بھی پائی جاتی ہے۔

فَصَمَ (ض) فَصْمًا. الدُّمْلُجَ ونَحْوَهُ: بازو بند وغیرہ کو بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا .....الشَّیءَ: کاٹنا۔

فُصِمَ. البَیْتُ: مکان کا گرنا۔

اَفْصَمَ. عَنْهُ المَطَرُ او الحُمّٰی: بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔

تَفَصَّمَ وانْفَصَمَ: منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔

الفَصِیْم والاَفْصَمُ: ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔

فَصَی یَفْصِیُ فَصْیًا. الشَّیءَ مِنَ الشَّیءِ وعنه: جدا کرنا۔ زائل کرنا۔

فَصْیٌ تَفْصِیَةٌ. اللَّحْمَ مِنَ العَظْمِ او عَنِ

الفُسَاء: مص۔ بلا آواز کے گوز۔ پھسکی۔
الفَسْوَة: ایک مرتبہ کی پھسکی ج فَسَوَات.
فَسَوَاتُ الضِبَاع: سانپ کی چھتری۔
الفَاسِيَة والفَاسِيَاء: گبریلا۔ ج فَوَاسٍ.
الفَسُوّ والفَسَّاء: بہت گوز کرنے والا۔
المَفْسَى: دُبر۔
اَلْفِيْسُولُوجِيَا او الفِيزُولُوجِيَا: اعضاء کے کاموں کا علم۔
فَشَّ (ن) فَشًّا: ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا..... الوَطْبَ: سر بند کھول کر ہوا نکال دینا۔ مکھن نکالنا..... النَاقَة: اونٹنی کو جلدی سے دوھنا..... البَابَ: دروازہ کو حیلہ سے بغیر کنجی کے کھولنا..... بَيْنَ القَوْمِ: چغل خوری کرنا۔
فَشّ. البِقاءُ: ہوا نکال دیا جانا۔
اِنْفَشّ. الجُرْحُ: زخم کی سوجن ڈھل جانا..... اللَبَنُ: دودھ جاری ہونا..... الرَجُلُ عَنِ الامر: کاہل ہونا۔ اِنْفَشَّتِ الرِيْحُ: دبانے سے ہوا کا مشک وغیرہ سے نکلنا..... عِلَّةُ فُلَانٍ: بیماری کا زائل ہونا۔
الفَشّ: مص (..... والفُشُوش) بے وقوف۔ کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ درخت خروب۔ پانی رہنے کی جگہیں۔ الفُشُوش: پانی ٹپکنے والی مشک۔
الفَشَّاش: صیغہ مبالغہ۔
الفَشِيْش: آواز اور اسی سے ہے "فَشِيْشُ الافْعَى" سانپ کے کھال کی آواز چلنے میں۔
الفَاشُوش: ضعیف رائے اور کمزور ارادہ والا۔
رَجُلٌ (مُنْفَشٌ) المَنْخَرَيْن: چھوٹے بانسہ کے ساتھ پھولے ہوئے نتھنوں والا۔
فَشَأَ (ف) فَشْأً: ناز کرنا۔
اَفْشَأَ: بزرگی جتانا۔ گردن کشی کرنا۔
تَفَشَّأَ. المَرَضُ بِالقَوْمِ: قوم میں بیماری پھیل جانا۔

فَشَجَ (ض) فُشُجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ. الرَجُلُ او البَعِيْرُ: مرد یا اونٹ کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔
فَشَّخَه (ف) فَشْخًا: ظلم کرنا۔ بچوں کے کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَّخَ فِي اللَعِبِ: کھیل کود میں جھوٹ بولنا اور ظلم کرنا۔
فَشَخَ. الرَجُلُ: جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔
اِنْفَشَطَ. العُوْدُ: ترکٹری کا ٹوٹ جانا۔
فَشَعَت (ف) فَشْعًا. الذُرَة: چنا کے اطراف کا سوکھنا۔
اَلْفَشَّاعُ وَالْفَشَّاعُ: امریکی علاقہ کا پودا جس کی ادویات بھی بنتی ہیں۔
فَشَغَهُ (ف) فَشْغًا: بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔
.....هُ بِالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ صفت (فَاشِغ) مؤنث فَاشِغَة..... الشَيُّ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
اَفْشَغَهُ بِالسَوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
فَشَّغَ: بمعنی فَشَغَ..... ه النَوْمُ: نیند غالب آنا۔
تَفَشَّغَ. الشَيْبُ فِيْهِ وتَفَشَّغَهُ: بڑھاپا ظاہر ہونا..... البَيْتَ: گھروں میں داخل ہونا۔
الرَجْلُ: موٹے کھردرے کپڑے پہننا۔
نَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ: پیشانی کی سفیدی کا پھیل کر آنکھ کو گھر لینا۔
اِنْفَشَغَ. الشَيُّ: کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَة: اسم مرة۔ عشق پیچان۔ نرکل کا گودا۔ ناصِيَة (فَاشِغَة وفُشَغَاء) پیشانی کے پھیلے ہوئے بال جو آنکھ کو ڈھانپ لیں۔
الفَشَاغ والفُشَّاغ: آکاس بیل۔
الفِشَاغ: کاہلی۔
الاَفْشَغ: مینڈھا جس کی سینگیں دائیں بائیں نکل گئی ہوں۔ رَجُلٌ اَفْشَغُ الاَسْنَان: مرد جس کے دانت پراگندہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاء ج فُشْغ.
المِفْشَغ: جو اپنے ساتھی کا برائی سے مقابلہ کرے۔

المُفْشِغ: بے خیر۔ بے فیض۔
فَشْفَش: کمزور رائے والا ہونا۔ خوب جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف نسبت کرنا۔ صفت (فَشْفَاش)..... بِبَوْلِه: پیشاب کرنا۔
الفَشْفَاش. مِنَ النُوْقِ: اونٹنی کہ جس کا دودھ دوھنے کے وقت پراگندہ نکلے۔
الفَشْفَاشَة: نرم چیز۔ کہا جاتا ہے "تُخْرِجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِئَ (س) فَشَفًا: آدھی کو چھوڑ کر ساری کو دوڑنا۔ آدھی رہے نہ ساری پانا..... هُ: اچانک آنا..... الظَبْيُ: ہرن کا دور دور سینگوں والا ہونا۔ صفت (اَفْشَى) مؤنث فَشْفَاء.
فَشَقَ (ض) فَشْقًا. الشَيُّ: توڑنا۔
فَاشَقَهُ: اچانک آنا۔
تَفَشَّقَ. بِثَوْبٍ: کپڑے کو بدھی جیسا بنانا۔
الفَشَق: مص۔ دوڑ۔ بھاگ۔ چستی۔
الفِشْك: کارتوس۔ واحد (فِشْكَة) رحیل۔
فَشِلَ (س) فَشَلًا: کمزور و بزدل ہونا۔ صفت (فَشِل وفَشِلٌ وفَشِيْل) ج فُشُل وافْشَال.
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا. لِحْيَتَه: داڑھی پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ وتَفَشَّلَتْ واِفْشَلَّت. المَرْأَةُ: عورت کا پالکی کا پردہ بنانا۔ تَفْشِيْل المَاءُ: پانی بہنا..... الرَجُلُ مِنْهُمْ اِمْرَاَةً: نکاح کرنا۔
الفِشْل: پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج فُشُوْل.
المِفْشَل: ہودہ کا پردہ۔ ہودہ کے اندر بچھانے کی چیز۔ ج مَفَاشِل. المِفْشَل: وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تاکہ اولاد لاغر نہ ہو۔
التَفْشِيْل: مص۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيْل.

اِسْتَفَزَّهٗ: ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے نکال دینا۔ قتل کرنا..... مِنَ الشَّیْءِ: نکالنا۔

الفَزُّ: مص۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج اَفْزَاز.

الفَزَّة: خوف و دہشت کی چھلانگ۔ کہا جاتا ہے قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا۔

فَزَرَهٗ (ن) فَزْرًا: پھاڑنا۔ نسخ کرنا۔ توڑنا..... بِالْعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا..... الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔

فَزَرَ (ن) فُزُوْرًا: پھٹنا۔

فَزِرَ (س) فَزَرًا: پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت (اَفْزَر)

فَزَّرَ وَاَفْزَرَ. الشَّیْءَ: ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَزَّرَ وَانْفَزَرَ: پھٹنا..... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الفِزْر: بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جڑ۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصے میں نکلے۔

الفِزَر: پھٹن۔ شگاف۔ گویا کہ یہ فِزْرَة کی جمع ہے۔

الفُزُوْر: پھٹن۔ شگاف۔

الفُزْرَة: پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج فُزَر.

الفَازِر: قاف۔ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔

الفَازِرَة: مؤنث فَازِر: ریگستان کا راستہ۔

الفَزْرَاء: مؤنث اَفْزَر: پُر گوشت عورت۔ قریب البلوغ لڑکی۔

الفَزَارَة: چیتا کی مادہ۔

المَفْزُوْر: مفتح۔ کبڑا۔ پیٹھ یا سینے میں گانٹھ والا۔

فَزِعَ (ف) فَزَعًا وفِزْعًا. مِنْهُ: خوف کرنا۔

فَزِعَ (س) فَزَعًا: دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا..... اِلَیْهِ: فریاد چاہنا۔ پناہ لینا..... الرَّجُلُ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔

مِنْ نَوْمِهٖ: بیدار ہونا (..... فَزْعًا) لِمَجِیْءِ فُلَانٍ: کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔

اَفْزَعَهٗ: خوف دلانا۔ گھبراہٹ دُور کرنا۔

اَفْزَعَ الْقَوْمَ: فریاد رسی کرنا..... مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا..... افزع عنه: گھبراہٹ زائل کرنا۔

فَزَّعَه: خوف دلانا۔

فَرَّعَ عَنْهُ: گھبراہٹ دور کرنا۔

الفَزَع: مص۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔

الفُزْعَة: وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔

الفُزَعَة: لوگوں سے بہت گھبرانے والا۔

الفَازِع: خائف۔ فریادی۔ ج فَوَزَعَة.

الفِزِع والمُفَازِع: خائف۔ فریادی۔

الفَزَّاعَة: بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ اُچکا (کھیت کا)

المَفْزَع والمَفْزَعَة: جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَةٌ لِلنَّاسِ" فلاں لوگوں کے لئے جائے پناہ ہے یعنی جب ان کو اہم معاملہ پیش آتا ہے تو اس کی پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے مستعمل ہیں۔

المُفْزِع: بزدل۔ بہادر۔

فَسَأَهٗ (ف) فَسْأً: لاٹھی سے مارنا..... عَنِ کَذَا: روکنا (..... وفَسَا تَفْسِیْنًا وتَفْسِئَةً)

الثَّوْبَ: کپڑا اُچاڑنا۔

فَسِئَ (س) فَسَأً: اُبھرے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ اُبھرے ہوئے پیڑو والا ہونا۔ صفت (اَفْسَأ) مؤنث فَسْآء.

تَفَسَّأَهٗ: لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا..... المَرَضُ فِیْهِمْ: بیماری پھیل جانا۔

تَفَاسَأَ تَفَاسُؤًا. الرَّجُلُ: پیٹھ اور چوتڑ کو ظاہر کرنا۔

الفُسْتُق والفُسْتُق: پستہ۔

الفُسْتُقِی: پستی رنگ کا۔

الفُسْتَان: عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قباء کے ج فَسَاتِیْن.

فَسَّجَ: پیشاب کرنے کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

اَفْسَجَ. عَنْهُ: چھوڑنا۔

فَسَحَ (ف) فَسْحًا: کشادہ قدم رکھنا۔..... لَهٗ فِی السَّفَرِ: پروانۂ راہ داری دینا۔ (..... فَسْحًا وفُسُوْحًا) لَهٗ فِی الْمَجْلِسِ: کشادگی کرنا۔

فَسُحَ (ک) فَسَاحَةً. المَکَانُ: وسیع ہونا۔ صفت (فَسِیْحٌ وفُسَاح وفُسَّح وفُسْحُم) مبالغہ کے لئے میم کی زیادتی کے ساتھ۔

اَفْسَحَ المَکَانُ: وسیع ہونا۔

تَفَسَّحَ: کشادہ ہونا..... لَهٗ: کشادگی کرنا۔ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجَالِسِ و (تَفَاسَحُوْا) کشادگی کرو۔

فَسَّحَ. المَکَانَ: کشادہ کرنا..... لَهٗ فِی الْمَجْلِسِ: کشادگی کرنا۔

اِنْفَسَحَ. المَکَانُ: کشادہ کرنا..... صَدْرُهٗ: کشادہ دل ہونا۔

الفَسْح: مص۔ پروانۂ راہ داری۔

الفُسْحَة: گنجائش۔ مکانوں کے درمیان کشادگی ج فُسَح.

الفَیْسَحَی: قدم کی چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِی الفَیْسَحَی" وہ کشادہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ (ف) فَسْخًا: جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا..... رَأْیَ فُلَانٍ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا..... الاَمْرَ او العَقْدَ: توڑ دینا..... الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا..... العُوْدَ او المَفْصِلَ: لکڑی یا جوڑ کو جگہ سے ہٹا دینا..... الثَّوْبَ عَنْهُ: کپڑے کو اُتار دینا۔

فَسَخَ (ف) فَسْخًا وفُسُخًا (س) فَسْخًا الرَّأْیُ: خراب ہونا۔

فَسَّخَهٗ: فسخ میں مبالغہ کرنا۔

فَاسَخَهٗ. العَقْدَ او البَیْعَ و (تَفَاسَخَا) العَقْدَ او البَیْعَ: عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق

جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا یا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفُرافِر: بے وقوف۔ بہت بکواس کرنے والا۔

الفَرَسُ: گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا۔

الفَرْفَار: ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔

.....الفِرْفَار: شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔

فَرَق (ن ض) فَرْقًا وفُرْقانًا. بَيْنَهُمَا: جدا کرنا.....البَحْر: سمندر کو پھاڑنا (..... فَرْقًا) الشَّعَر: بال میں مانگ نکالنا.....الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

فَرِق (س) فَرَقًا. مِنْهُ: گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "فَرَقٌ خَيْرٌ مِنْ حُبٍّ" خوف محبت سے بہتر ہے۔ یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔

فَرِقَ الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔

أَفْرَقَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

الطَّائِر: پرندہ سے بیٹ کرانا.....المَرِيضُ مِنْ مَرَضِهِ: مریض کا صحت یاب ہونا۔

غَنَمَهُ: بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔

فَرَّقَ تَفْرِيقًا وتَفْرِقَةً. الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا.....الرَّجُلَ: خوف دلانا.....شَعْرَةً بِالمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔

فارَقَهُ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً: جدا ہونا۔

فَرَّقَ تَفَرُّقًا وتَفَرَّقَ وافْتَرَقَ وتَفَارَقَ: ضد ہے تَجَمَّعَ اور اجْتَمَعَ وتَجامَعَ: کی کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ بِهِمُ الطُّرُقُ" یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہو لیا۔

اِنْفَرَقَ. عَنْهُمْ: جدا ہونا.....لَهُ الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح ہونا۔

الفَرْق: مص۔ مانگ۔ کتان۔

الفِرْق: لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔

الفَرَق: مص۔ گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداءِ صبح ج أَفْراق وأَفْرُق. الفَرْق: دو دانتوں کا فاصلہ فِي الخَيْلِ: گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ عیب محبوب ہے۔

الفُرْقان: مص۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صُبْح ﴿يَوْمُ الفُرْقانِ﴾: جنگ بدر کا دن۔ والفُرْق: توراۃ۔ قرآن۔ الفُرْق: ناپنے کا ایک برتن۔

الفُرْقَة: لوگوں کی ایک جماعت ج فِرَق.

الفِرْقَة والفِراق: جدائی۔

الفَرَق والفِرَق والفارُوق والفَرُوق والفَرُّوق: بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرُّوقَةٌ وفَرُّقَةٌ. نَبْتٌ فَرِقٌ: متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو نہ ڈھکیں۔

الفَرُوقَة والفَرُّوقَة والفارُوقَة (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔

الفَرِيق: ریوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت۔

فَرِيقُ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا ج أَفْرِقاء وأَفْرِقَة وفُرُوق.

الفَرِيقَة: بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔

الأَفْرَق: مانگ والا جس کے داڑھی کے بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو۔ جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيكٌ أَفْرَق: مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَيْسٌ أَفْرَق: مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دوری ہو۔ مؤنث فَرْقاء.

الفارِق: نا۔ مؤنث۔ فارِقَةٌ ج فَوارِق وفارِقات: اُبر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہو۔ درد زہ میں مبتلا اونٹنی ج فَوارِق وفُرَّق وفُرَّاق.

الفارِق: ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔

الفارُوق: وہ شخص جو اُمور کا فیصلہ کرے۔ لقب خلیفۂ دوم (رضی اللہ عنہ) کا کہا جاتا ہے "ضَمَّ" (فَفارِيقَ) مَتاعِهِ یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ "وأَخَذَ حَقَّهُ بِالفَارِيقِ" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔

المَفْرِق والمَفْرَق. مِنَ الطَّرِيقِ: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔

.....مِنَ الشَّعْرِ: مانگ ج مَفارِق: کہا جاتا ہے وَقَفَهُ عَلَى مَفارِقِ الحَدِيثِ: یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔

الفَرْقَد: قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدان: کہلاتے ہیں۔

مِنَ الأَرْضِ: سخت ہموار زمین۔

الفَرْقَد: نیل گائے کا بچہ ج فَراقِد.

فَرْقَعَ فَرْقَعَةً وفَرْقاعًا: تیز دوڑنا۔ گور کرنا۔ صفت (فِرْقاع)..... الأَصابِع: اُنگلیاں چٹخانا.....فُلانًا: گردن مروڑنا۔

تَفَرْقَعَ: اُنگلیوں کا چٹخنا۔

اِفْرَنْقَعَ: اُنگلیوں کا چٹخنا.....غُنْهُ: دُور ہونا۔ یکسو ہونا۔

الفُرْقَعَة: دُبر۔

فَرَكَ (ن) فَرْكًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو ملنا۔

السَّمْنَ عَنِ الثَّوْبِ: کھرچنا.....الجَوْزَ ونَحْوَهُ: اخروٹ وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اتارنا۔

فَرِكَهُ (س) فَرَكًا وفَرْكًا وفُرُوكًا وفِرِكَانًا: بغض رکھنا اور کہا گیا ہے کہ زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔

فَرِكَتْ (س) فَرَكًا. الأُذُنُ: کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ وفَرْكاءُ)

فَرَّكَهُ: ملنے میں مبالغہ کرنا۔

فَارَكَهُ مُفارَكَةً: چھوڑنا۔

السمفروض: مص اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔
الفرضم: بوڑھی بکری۔
فَرَطَ (ن) فُرُوطًا: آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا ..... فَرَطًا فِي الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔ فرط منه القول: بغیر سمجھے بوجھے کہنا ..... مِنْهُ شَيْءٌ: جاتا رہنا ..... عَلَيْهِ فِي الْقَوْلِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلَى فُلَانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ: غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا ..... وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا وفَرَاطَةً القَوْمَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فَارِط) جمع فَارِطُوْن وفُرَّاط.
فَرَّطَ. الشَّيْءَ وفِي الشَّيْءِ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا ..... فِي الشَّيْءِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهُ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا ..... عَنْهُ: مہلت دینا۔ ..... اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا ..... اللّٰهُ عَنْهُ مَايَكْرَهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفْرَطَ: جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا ..... رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا ..... الاَمْرَ: بھولنا اور چھوڑنا ..... الاِنَاءَ: برتن کو لبالب بھرنا ..... بِيَدِهٖ اِلَى السَّيْفِ لِسَلِّهٖ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا ..... عَلَى الرَّجُلِ ..... : طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا ..... فُلَانٌ وَلَدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا ..... الشَّيْءَ: بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْرَطَ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔
فَارَطَهٗ طِرَاطًا ومُفَارَطَةً: سبقت لے جانا۔ پا لینا۔
تَفَرَّطَ. الشَّيْءُ: وقت گزر جانا ..... الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَفَارَطَ: آگے بڑھنا ..... القَوْمُ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ..... الشَّيْءُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَّلَاةُ عَنْ وَقْتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہوگئی
تَفَارُطَهُ الهُمُوْمُ: غموں کا لاحق ہونا۔
اِنْفَرَطَ: کھلنا۔
اِقْتَرَطَ. وَلَدًا: چھوٹے بچے کا مرنا۔
اِلَيْهِ فِي الامرِ: آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُفْتَرَطُ اِحْسَانُهٗ" یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا۔
الفَرْط: مص۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُط واَفْرَاط الفَرَط: وقت اور کہا جاتا ہے اَتَيْتُهٗ فَرَطًا: میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا۔ آتِيْكَ فَرَطَ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ: یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا "وَلَا اَلْقَاءُ اِلَّا فِي الفَرَطِ" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔
الفُرْط: دامنِ کوہ۔
اَفْرَاطُ. الصَّبَاحِ: صبح کی پہلی شعاعیں۔
الفَرَطَ: پانی کی طرف قوم سے آگے بڑھنے والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرَطٌ قَوْمٌ فَرَط اور اسی سے ہے "اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ" الفَرَطَ: پہلا پہنچا ہوا اجر۔ جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔ نابالغ بچہ کہا جاتا ہے "سَبَقَهٗ فَرَطٌ تَبَشَّرَ" نابالغ بچے مرگئے اور مردہ بچہ کے جنازہ کی دعائیں کہتے ہیں ((اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا)) یعنی اے اللہ اس کو ہمارے لئے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے۔
الفُرُط: چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا' حد سے تجاوز' ظلم وزیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے۔
الفَرْطَة والفُرْطَة: نکلنا اور آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ فَرْطَةٍ فِي الْبِلَادِ" یعنی بہت سفروں والا ہے۔
الفُرَاطَة والمَاءُ الفُرَاط: پانی جو چند قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَةٌ: بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تَكَلَّمَ فِرَاطًا: بے سمجھے بوجھے بولا۔
مَفَارِط. البِلَادَ: اطراف بلاد۔
فَرْطَحَ فَرْطَحَةً. الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔
رَاْسٌ فِرْطَاحٌ ومُفَرْطَحٌ: چوڑا سر۔
فَرْطَسَ. الخَنْزِيْر: ناک لمبی کرنا۔
فُرْطُوْسَة وفِرْطِيْسَة: سور کی ناک۔
الفِرْطِيْسَة: ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِيْس.
الفِرْطَاس: چوڑا۔
فَرَعَ (ف) فَرْعًا وفُرُوْعًا. الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ..... الوَادِيَ: وادی میں اترنا ..... الارض: زمین میں چکر لگانا ..... القَوْمَ: قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا ..... الفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا ..... رَاْسَهٗ بِالعَصَا: سر پر لاٹھی مارنا ..... بَيْنَ القَوْمِ: روک بن جانا یا اصلاح کرنا کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوَّلُ صَيْدٍ فَرَعَهٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فَرِعَ (س) فَرَعًا: کثرت سے بالوں والا ہونا۔ صفت (اَفْرَع) مؤنث فَرْعَاء ج فُرْع.
فُرِّعَ. فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا ..... بَيْنَهُمْ: تفریق کرنا ..... المَسَائِلَ مِنْ هٰذَا الاَصْلِ: فروع کا استنباط کرنا ..... فِي الاَرْضِ: زمین میں چکر لگانا۔
اَفْرَعَ. مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا ..... بِالقَوْمِ: قوم کے پاس نازل ہونا ..... الشَّيْءُ: طویل وبلند ہونا ..... الامرَ: شروع کرنا ..... اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا۔ اَفْرَعَتِ الضَّبُعُ الغَنَمَ او فِي الغَنَمِ: بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الاِبِلُ: اونٹنی کا پہلا بچہ جننا ..... القَوْمُ مِنْ سَفَرِهِمْ: وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔

چھوڑ دینا..... الرَّاعِي: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا..... فُلانٌ الأَسَدَ جِمَارَهُ: اپنی نجات کے لئے گدھے کو پھاڑنے کے لئے شیر کے سامنے کر دینا۔
تَفَرَّسَ. فِيهِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِيهِ الخَيْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا..... الرَّجُلُ: بتکلف شہسوار ظاہر کرنا کہا جاتا ہے فُلانٌ لَيْسَ بِفَارِسٍ وَلٰكِنَّهُ يَتَفَرَّسُ: (فلاں) شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔
الفُرْس وفَارِس: مملکت فارس کے باشندے ان کے مُلک کو (فارس) اور ان کی زبان کو (الفارسیۃ) کہتے ہیں۔
الفَارِسِيُّ: فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا واحد۔
الفِرِس: ایک قسم کی گھاس۔
الفَرَس: گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور مؤنث کو حجر: کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لئے (فرسۃ) بھی استعمال کرتے ہیں اور فُرُسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے أَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑیوں کے لئے ثَلَاثَةُ أَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کے لئے ثَلَاثُ أَفْرَاسٍ کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوسٌ آتی ہے اور عرب کا قول ہے "هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ" مثل ہے ان دو شخصوں کے لئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔ فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دُم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ النَّهْرِ اور جَامُوسُ البَحْرِ بھی کہتے ہیں۔
الفُرَيْسَة: تصغیر فُرْس: کی مؤنث کے لئے۔
الفُرَيْس: تصغیر فُرْس: کی مذکر کے لئے۔
الفَرْسَة. فَرَس: کا اسم مرۃ (..... والفِرْسَة) گھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔
الفَارِس: فا۔ گھڑسوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَارِسٌ بِالْأَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔
الأَفْرَس: شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔
أَبُو فِرَاس والفَرَّاس: شیر۔ الفَرَّاس: ذکی۔
الفَرِيس: مقتول کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِيسٌ وبَقَرَةٌ فَرِيس ج فَرْسَى: جلقہ جو رسّی کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔
الفَرِيسَة. فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔
الفِرَانِس والفِرْنَاس: شیر۔ موٹی گردن والا۔
الفِرْنَاس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودھری۔ ج فَرَانِسَةٌ.
المَفْرُوس: گردن کے پھوڑنے والا۔
الفُرُوس: شیر۔
فَرْسَخَ فَرْسَخَةً. الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔
(..... وتَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔ تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ الهَمُّ عَنْهُ: غم کا دور ہونا۔ زائل ہونا۔
الفِرْسِخ: راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فِرْسِخُ الطَّرِيقِ: تین میل ہاشمی اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا ہے ج فَرَاسِخ (کلمۂ فارسیہ ہے) سراویل (مُطْرِسَخَةٌ) کشادہ شلوار۔
الفِرْسِن: اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث) ج فَرَاسِن.
رَجُلٌ (مُفَرْسَنٌ) الوَجْهِ: پُر گوشت چہرہ والا مرد۔
فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّيْءَ: بچھانا..... فُلَانًا أَمْرًا: کشادہ کرنا..... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا..... الأَمْرُ: پھیلانا..... عَنْهُ: ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔
..... فَرْشًا. النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیلنا۔
فَرَّشَ. فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔
..... فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا..... الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
أَفْرَشَهُ. بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔
أَفْرَشَ السَّيْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔ الشَّجُوجُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔
عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا..... الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بری بات کہنا..... المَكَانُ: زیادہ پڑنے والا ہونا..... الشَّاةَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کے لئے لٹانا..... الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔
تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
افْتَرَشَ. ذِرَاعَيْهِ: بازو پھیلانا..... الشَّيْءَ: روندنا..... الطَّرِيقَ: چلنا..... الرَّجُلُ: بچھاڑنا..... ابْنَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا..... عِرْضَهُ: بے عزتی کرنا..... الشَّجَّةَ الدِّمَاغَ: بغیر ٹوٹنے کے پھٹنا..... المَالُ: غضب کرنا..... الشَّيْءَ: پھیلنا۔
الفَرْش: مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں۔ گائے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں۔
الفَرْشَة. فَرْش: کا اسم مرۃ..... عِنْدَ العَامَّةِ: بچھونا۔
الفِرْشَة: بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ حَسَنُ الفِرْشَةِ: یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے۔
الفِرَاش: زمین پر خشک شدہ کیچڑ..... مِنَ النَّبِيذِ: شراب کے بلبلے زبان کے نیچے دو سرخ رگیں دو لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں۔ الفَرَاش مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہلکا پھلکا مرد۔
الفِرَاش: بچھونا۔ گھونسلہ۔ منہ کی جڑ میں

الفُرْثِيّ: بچو کا بچہ۔ زائیہ۔
فَرِثَ (ن) فَرْثًا وانْفَرَثَ. الحُبْلٰی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَثَ (ض) فَرْثًا. کَبِدَهٗ: جگر پر مارنا۔
فَرِثَ (س) فَرَثًا: شکم سیر ہونا۔ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اَفْرَثَ وفَرَّثَ. الکَرْشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا..... الحُبُّ کَبِدَهٗ: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَفَرَّثَ. القَوْمُ: متفرق ہونا..... تَفَرَّثَتِ الحُبْلٰی: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَرْثُ: گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوْث.
الفُرَاثَة: اوجھ کا گوبر۔
فَرْثَدَ فَرْثَدَةً. وجهه: چہرہ پر گوشت ہونا۔
فَرَجَ (ض) فَرْجًا وفَرَّجَ. الشَّیْءَ: کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ اللّٰهُ الغَمَّ عَنْهُ: غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔
اَفْرَجَ. الغُبَارُ: غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا۔..... القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ اَفْرَجَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِج)
تَفَرَّجَ. الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔
اِنْفَرَجَ: کھلنا..... الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔ مَا بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: کشادہ ہونا..... الرَّجُلُ مِنْ ضِیْقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔
الفَرْجُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان خلل۔ سرحد..... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا پھٹن۔
مِنَ الاِنْسَانِ: شرمگاہ اور قبل و دبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوْج فَرْجُ الوَادِی: وادی کا بطن۔ فَرْجُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیانی حصہ۔
الفَرْج والفُرْج: تانت سے علیحدہ کمان۔..... والفِرْجُ والفُرْجَةُ. مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔
الفَرَج: کشادگی۔
الفُرْجَة: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَج.
الفُرْجَة والفِرْجَة والفَرْجَة: سختی اور غم سے نجات۔
الفُرُوْج: بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑا لگایا ہو۔ ج فَرَاوِیْج.
والفُرُوْج: مرغی کے چوزے۔ ج فَرَاوِیْج: واحد الفَرُوْجَة.
التِّفْرِجَة: انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِیْج..... والتِّفْرَاجَة: کمزور بزدل ج تَفَارِیْج.
الفَرِیْج: ظاہر کھلا ہوا۔ قَوْسٌ فَرِیْج: تانت سے علیحدہ کمان۔
المُفْرَج: مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مال اولاد اور کنبہ نہ ہو۔
المُفَرَّج: کنگھی وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دور ہو۔
الفِرْجَار: پرکار۔ کہا جاتا ہے خَطَّ (فَرْجَارِیًّا) یعنی گول دائرہ۔
الفِرْجَوْن: کھریرا۔
اِفْرَنْجَم اِفْرِنْجَامًا: گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔
فَرِحَ (س) فَرَحًا. بِالشَّیْءِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)
فَرَّحَهٗ: خوش کرنا۔
اَفْرَحَهٗ: خوش کرنا اَفْرَحَهُ الدَّیْن: بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْرَحَنِیْ الدُّنْیَا ثُمَّ اَفْرَحَنِیْ" یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سب کے لئے ہے۔
الفَرْح: خوشی۔
الفَرْحَة والفُرْحَة: خوشی: خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بِشَارَةٌ کہتے ہیں۔
الفَرْحَان: خوشی والا۔ مؤنث فَرْحَی وفَرْحَانَةٌ ج فَرْحٰی وفَرَاحٰی.
الفُرُوْح: خوشی والا۔ ج فُرُحٌ.
المُفْرَح: مفلع۔ فقیر محتاج۔ گمنام نسب والا۔
المِفْرَاح: بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)
المَفْرُوْح: مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔
فَرِخَ (س) فَرَخًا. اِلَی الاَرْضِ: چمٹنا۔..... الرَّجُلُ: گھبراہٹ دور ہونا۔
فَرَّخَ. القَوْمُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا..... فَرَّخَتِ الطَّائِرَةُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخ)..... البَیْضَةُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا..... الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔..... الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔
اَفْرَخَ. الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَکَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَیْضَةُ والطَّائِرَةُ: بمعنی فرخت. اَفْرَخَ الاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَیْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔
اِسْتَفْرَخَ. الحَمَامَ: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا..... الحَمَامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔
الفَرْخ: پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان..... مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخ وأَفْرَاخ وأَفْرُخ وأَفْرِخَة وفِرْخَان وفُرُوْخ. الفَرِخ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَرْخُ الرَّأْسِ: دماغ۔
الفَرْخَة: پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخ: نیزے کی چوڑی ناک۔
المَفْرَخ: بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخ.
فَرَدَ (ن) وفَرِدَ (س) وفَرُدَ (ک) فَرْدًا وانْفَرَدَ: اکیلا ہونا..... بِالاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔
فَرَدَ عَنِ الشَّیْءِ: علیحدہ ہونا۔
فَرَّدَ: لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔
فَرَّدَ بِرَأْیِهٖ: رائے میں اکیلا ہونا۔
اَفْرَدَ. الشَّیْءَ: جدا کرنا..... اِلَیْهِ رَسُوْلًا:

الفَخم: عظیم المرتبہ.....مِنَ المَنطِقِ: درست بات۔
الفُخُمَّة: بڑائی۔ برتری۔ الأفخم: اعظم۔ بڑے مرتبہ والا۔
فَدَّ (ض) فَدِیدًا. الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا۔ دوڑنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا۔
فَدَّدَ: خرید وفروخت میں چلانا۔ تکبر وغرور سے چلنا۔
الفَدَّاد: متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون. الفَدَّادُون: چرواہے۔ اونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہے۔
الفَدَّادَة: مؤنث۔ فَدَّاد: مینڈک بزول۔
فَدَحَهُ (ف) فَدْحًا. الأَمرُ او الحَمل او الدَّینُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔
اَفْدَحَ واستَفْدَحَ. الأمرُ: بوجھل پانا۔
الفَادِح: مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِهِ أَمرٌ فَادِحٌ وَرَكِبَ دَينٌ فَادِحٌ" اس پر امر گرانبار آ پڑا۔ اس پر قرض گرانبار ہو گیا۔
الفَادِحَة: مصیبت ج فوادح.
فَوَادِحُ الدَّهرِ: مصائب زمانہ۔
فَدَخَ (ف) فَدْخًا. الشَّیءَ: توڑنا۔
الفَدْخ: تازہ لکڑی توڑنا۔
فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُورًا. اللَّحمُ المَطبُوخ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔
فَدَّرَ. الحِجَارَةَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔
تَفَدَّرَ. الحَجَر: پتھر کا ٹوٹنا۔
الفَدَر: پہاڑی بکرا۔ ج فُدُور.
الفُدُور: پہاڑی بکرا ج فُدُر.
الفَدِیر: بے وقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔
الفِذْوَة: پکے ہوئے گوشت کا سر ٹکڑا۔ پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِذَوٌ.
الفَذَرَة: قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔
الفُذُرُّ: چاندی۔ موٹا لڑکا۔
الفَادِر: پکا ہوا ٹھنڈا گوشت۔ پہاڑی بکرا۔ علیحدہ رہنے والی اونٹنی ج فُذُر وفَوَادِرُ وفُذُورٌ.
الفَادِرَة: مؤنث فَادِر: پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔
المَفْذَرَة: بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ۔
اَفْدَسَ. الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔
الفُدُس: مکڑی۔ ج فِدَسَةٌ.
الفَیْدَس: مٹکا۔ بڑا گھڑا۔
فَدَشَ (ن) فَدْشًا. رَاسَهُ: سر پھوڑنا۔
فَدَشَهُ (ض) فَدْشًا: دفع کرنا۔
الفَدْش: مادہ مکڑی۔
فَدِعَ (س) فَدَعًا: ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أَفْدَع) مؤنث (فَدْعَاء) ج فُدْع.
فَدَعَهُ (ف) فَدْغًا: کچلنا یا تھوڑا اچھاڑنا۔
فَدَّعَهُ: ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔
الفَدَع: ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی جوڑوں کی کجی۔
الفَدْغَة: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔
فَدَغَهُ (ف) فَدْغًا: توڑنا۔
اِنْفَدَغَ: ٹوٹنا..... الشَّیءُ اليَابِسُ: نرم ہونا۔
المِفْدَغ: توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ.
فَذْفَذَ فَذْفَذَةً: آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔
الفَذْفَذ: سخت آواز والا۔ بلند آواز والا۔ بہت زیادہ روندنے والا۔ الفُذْفُذ: جما ہوا دودھ۔
فَذَكَ. القُطنَ: روئی دھننا۔ فَذَّكَهُ القُطنَ: روئی دھنوانا۔
فَدَمَ (ض) فَدْمًا الإِبرِيقَ وعَلَى الإِبرِيقِ: چھاگل پر سر بند لگانا۔
فَدُمَ (ک) فُدُومَةً وفَدَامَةً: بے وقوف ہونا۔
فَدَّمَ وافْدَمَ. فَمَ الآنِيَةِ: برتن پر سر پوش رکھنا۔
الفَدْم: کلام میں عاجز۔ بے وقوف۔ کم سمجھ۔ گاڑھے خون والا۔ ج فِدَام: گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَة.
الفِدَام والفِدَام: چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم.
الفَدَّام والفَدَّامَة والفَدُّوم بمعنی الفِدَام.
الفِدَام والفِدَامَة: چھینکا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔
المُفَدَّمَات: قبضے والے لوٹے۔ مگے۔
فَدَّنَ. الإِبِلَ: اونٹ کو موٹا کرنا..... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا..... الثَّوبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔
الفَدَن: سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج أَفْدَان.
الفَدَان والفَدَّان: بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن وأَفْدِنَة وفَدَادِين. الفَدَن: کھیتی۔ وفي المَسَاحَة: چار سو مربع زمین۔
الفَادِن. في اصطلاحِ البنائين ساهل ج فَوَادِن.
الفَدَوْكَس: شیر۔ مضبوط مرد۔
فَدَى بِنَفْسِي فَدًى وفِدًى وفِدَاءً الرَّجُلُ مِنَ الأَسرِ ونَحوِهِ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعل (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِيّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَةُ نَفْسَهَا مِن زَوْجِهَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔
فَدَى وفَدَّى تَفْدِيَةً. فُلَانًا بنفسه: اپنے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔
فَادَى فِدَاءً ومُفَادَاةً. الرَّجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْجَن: سداب کھانے کی مداومت کرنا۔
الْفِجْن: سداب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا یَفْجُوْ فَجْوًا. الْبَابَ: دروازہ کھولنا ..... الْقَوْسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِیَ یَفْجَی فَجًا: پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجٰی) مؤنث فجواء قجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
تَفَاجٰی: کشادہ جگہ ہونا۔
اِنْفَجٰی. الْبَابُ: دروازہ کھلنا ..... الْقَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ الْقَوْسُ: کمان کھنچ جانا۔
الْفَجْوَةُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ۔ ج فَجَوَاتٌ وَفِجَاءٌ.
الْفَجْوَاءُ: مؤنث اَفْجٰی: کشادہ زمین۔
فَجِیَ یَفْجٰی فَجْیٌ: بمعنی فَجِیَ الْوَادِیَ.
فَجَّی تَفْجِیَةً. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّیْءَ عَنْهُ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفْجٰی اِفْجَاءً. الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فَحَّ (ن ض) فَحًّا وَفَحِیْحًا وَتَفْحَاحًا. النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا ..... الْاَفْعٰی: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحَّةُ. الْقِلْفِلِ: مرچ کی تیزی۔
الْفُحُّ: پھنکارنے والے سانپ۔
الْفَحِیْح: مص۔ فحیح الْاَفْعٰی: سانپ کے منہ کی آواز۔
فَحَجَ (ف) فَحْجًا: تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحَجًا وَفَحَجَةً وَفُحُجًا فِیْ مَشْیِهٖ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (اَفْحَجُ) فَحَّجَ رِجْلَیْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفْحَجَ. عَنِ الْاَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تَفَحَّجَ. الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنْفَحَجَ. سَاقَاهُ: کشادہ و بعید ہونا۔
فَحَسَ (ف) فَحْسًا. الشَّیْءَ: مِنَ الْمَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوں کو ہاتھ سے ملنا۔
تَفَحَّسَ. فِیْ مَشْیِهٖ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فَحْشًا وَفَحَاشَةَ الْاَمْرُ: برا ہونا۔ فَحُشَتِ الْمَرْاَةُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فَحَّشَ بِهٖ: طعن و تشنیع کرنا۔
اَفْحَشَ وَتَفَاحَشَ: بُری بات کہنا۔ بُری بات کرنا۔ اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
تَفَاحَشَ الْاَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تَفَحَّشَ. عَلَیْهِمْ بِلِسَانِهٖ: بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الْفَاحِشُ: قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبْنٌ فَاحِشٌ: جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ زَجُلٌ فَاحِشٌ: یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فَاحِشَةٌ.
الْفَاحِشَةُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِشُ.
الْفَحْشَاءُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الْفَحَّاشُ: فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَةٌ.
الْفُحْشُ: مص۔ قبیح قول یا فعل۔
الْمُتَفَحِّشُ: بدزبان بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا. عَنْهُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا ..... الْمَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ دینا ..... التُّرَابَ: کھودنا ..... بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے کھودنا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا تیز دوڑنا ..... لِلْخُجْزَةِ: روٹی کے لئے آگ میں جگہ بنانا۔
فَاحَصَهُ فِحَاصًا وَمُفَاحَصَةً: ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔
فَحَّصَهُ وَاَفْحَصَهُ. عَنْهُ: دور کرنا۔
تَفَحَّصَ وَاِفْتَحَصَ. عَنْهُ: کھود کرید کرنا۔
الْفَحْصُ: مص امتحان۔ ہر رہنے کی جگہ۔ ج فُحُوْصٌ.
الْفَحْصَةُ. حفص: کا اسم مرۃ۔ چاہ زنخدان۔
الْفَحِیْصُ: ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔
الْفَحَّاصُ: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
الْمَفْحُوْصُ: گڑھا جو سنگ خوارے انڈے دینے کے لئے بنایا ہو جو مَفَاحِصُ کہا جاتا ہے لَیْسَ لَهٗ مَفْحَصُ قَطَاةٍ.
الْاَفْحُوْصُ: بمعنی مفحص ج اَفَاحِیْصُ.
فَحَصَ (ف) فَحْصًا: توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کے لئے آتا ہے جیسے ککڑی وغیرہ۔
فَحْفَحَ: خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الْفَحْفَاحُ: وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَةٌ.
اَرْضٌ (فَیْحَقٌ) کشادہ زمین۔
اِنْفَحَقَ: کشادہ ہونا۔
فَحَلَ (ف) فَحْلًا وَاِفْحَلَ. اِبِلَهٗ فَحْلًا نَکَرِیْمًا: عمدہ سانڈ جفتی کے لئے ڈھونڈنا۔
تَفَحَّلَ: سانڈ کے مشابہ ہونا ..... الشَّجَرُ: درخت کا بے پھل ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ. الْاَمْرُ: بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔
الْفَحْلُ: سانڈ۔ ہر ہر حیوان کا۔ ج فُحُوْلٌ وَاَفْحُلٌ وَفِحَالٌ وَفِحَالَةٌ وَفُحُوْلَةٌ فُحُوْلُ الشُّعَرَاءِ: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الْفَحْلُ وَالْفُحَّالُ: نر کھجور ج فَحَاحِیْلُ.
الْفَحْلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔
الْفِحْلَةُ وَالْفُحُوْلَةُ وَالْفِحَالَةُ: مردانگی۔
الْفَحِیْلُ: بمعنی فحل. صاحب مردی۔ فَحْلٌ فَحِیْلٌ: شریف۔
فَحَمَ (ف) فَحْمًا: جواب سے ساکت ہونا۔

فعل: کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْکَ فَتِیْلَۃً او فَتِیْلَۃً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔

الفَتِیْل: بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِیْلَۃٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (..... والفَتِیْلَۃُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اغْنٰی عَنْکَ فَتِیْلًا" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔

الفَتِیْلَۃ: بتی۔ ج فَتَائِل وفَتِیْلَات.

الفَتَّال: بہت بٹنے والا..... بلبل۔

المِفْتَل: بٹنے کا آلہ۔

المَفْتُوْل: مفع۔ مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَہٗ (ض) فَتْنًا وفُتُوْنًا وفَتَّنَہٗ وافْتَنَّہٗ: تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان.

فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا وفِتْنًا. اِلَی النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَۃً ومَفْتُوْنًا فُلَانًا: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتَنَا. الشَّیْءَ: جلانا..... فُلَانًا عَنْ رَأْیِہٖ: روک دینا۔ پھیر دینا۔

فِتْنَۃُ الصَّائِغِ الذَّھَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِنَ وافْتُتِنَ: مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا..... فِیْ دِیْنِہٖ: اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ: فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَنَّہٗ: فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَہٗ: فتنہ میں ڈالنے کے لئے تکلف کرنا۔

الفَاتِن: فا۔ چور۔ شیطان۔ حق سے گمراہ کرنے والا۔

الفَتَنُ: مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "الْعُمْرُ فَتَنَانِ" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الفِتْنَۃ: مص۔ آزمائش۔ گمراہی وکفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال واولاد۔ اختلاف آراء ووقوع جنگ وجدال ج فِتَن.

الفَتَّان: بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی وسونا۔

الفَتَانَۃ: مؤمث۔ فتان: کسوٹی۔

الفَتِیْن: پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے ہوں جیسے ج فُتُنٌ. ذَھَبٌ فَتِیْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَتِیْن: بڑھئی۔

المَفْتُوْن: مص۔ مفع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا یَفْتُوْ فَتْوًا. الرَّجُلُ: سخاوت وجوانمردی میں غالب ہونا۔

فَتِیَ (س) فَتًی وفَتَی تَفْتِیًا: جوان ہونا۔ فُتِیَ تَفْتِیَۃً وتَفَتَّی تَفَتِّیًا: فُتِیت البنت وتفتت: پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّی الرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَرُ مِنْ شَیْخٍ یَتَفَتّٰی".

اَفْتٰی اِفْتَاءً. فُلَانًا فِی الْمَسْأَلَۃِ: فتویٰ دینا۔

فَاتَی. الرَّجُلُ: جوانمردی میں غالب ہونا۔

تَفَاتٰی: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَی الْعَالِمِ: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَفْتٰی اِسْتِفْتَاءً. الْعَالِمَ فِیْ مَسْأَلَۃٍ: فتویٰ طلب کرنا۔

الفَتَاءُ والفُتُوَّۃُ: جوانی۔ الفُتُوَّۃ: سخاوت کرم۔ مروت۔

الفُتْوٰی والفَتْوٰی والفُتْیَا: شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی والفَتَاوٰی.

الفَتٰی: نوجوان۔ فتی۔ غلام۔ اس کا مؤنث فَتَوان وفَتَیَان: اور ج فِتْیَان وفِتْیَۃٌ وفِتَوَۃٌ وفُتُوٌّ وفُتًی وفِتِیٌّ.

الفَتَیَان: دن رات۔

الفَتَاۃ: نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات وفَتَوَات.

الفَتِیُّ: ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ وافْتَاء: مؤنث فَتِیَّۃٌ.

اَلْفَتِیْتَۃ: سفید پھول کی ایک قسم۔

المُفْتِی: فا..... ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَثَّ (ن) فَثًّا. الْفُقَّۃَ: ٹوکری سے بکھیر دینا۔

الْحَارُّ بِالْبَارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَثَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا..... الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔

المَفَثَّۃ: زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْأً وفُثُوْءًا. الْقِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا..... الْغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا..... الشَّیْءَ عَنْہُ: روکنا۔

اَفْثَأَ: تھکنا' سست ہونا..... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا (..... وانْفَثَأَ) الْحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْجًا. الشَّیْءَ: کم کرنا..... الْمَاءِ الْحَارَّ بِالْبَارِدِ: گرمی کم کرنا (..... وفَثَّجَ وافْثَجَّ وانْفَثَجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا یُفْثَجُ" فلاں بحر ناپیدا کنار ہے۔

الفَاثِج: فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.

الفَاثُوْر: سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شربا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاسَہٗ: پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا. الْقَوْسَ: کمان کو کھینچنا۔ مابین رجلیہ: کشادہ وبعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّاقَۃُ لِلْحَلَبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجَّ (س) فَجَجًا: چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجّ) مؤنث (فَجْاء) ج فُجٌّ.

اَفَجَّ. مَابَیْنَ رِجْلَیْہِ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجٌّ)..... فِی الْمَشْیِ: جلدی چلنا۔ دورہ میں چلنا اَفَجَّ الْاَرْضَ بِالْمَحْرَاثِ: ہل چلانا۔

تَفَاجَّ: ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّتِ. الْقَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔

شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چکنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔

الفِئَة: جماعت۔ گروہ ج فِئات وفِئُون.

فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَتَ. الشَّیٔ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِی سَاعِدِہٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِی عَضُدِہٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و انصار کو متفرق کر دیا۔

اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ: ٹوٹنا۔

الفَتُّ: مص۔ چھتن۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اَھْلُ بَیْتٍ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔

بالوں میں کنگھا کرنا..... الْفَتِيْلَ :مقتول کی دیت ادا کرنا..... عَنْ فُلَانٍ :کسی کی جانب سے تاوان یا دیت ادا کرنا..... لَهٗ دَمَ فُلَانٍ : دیت پر راضی ہو جانا اور قصاص کو چھوڑ دینا۔

عَقَلَ (ض) عَقْلاً وَمَعْقُولاً الْغُلَامُ :لڑکے کا سمجھدار ہونا۔ دانا ہونا..... فُلَانٌ بُعْدَ الصَّبَا :غلطی کو پہچان لینا (..... عَقْلاً الشَّيْءَ :سمجھنا۔ تدبر کرنا۔ صفت عَاقِل. ج عَاقِلُوْنَ وعُقَلَاءُ وعُقَّال :صفت مؤنث عَاقِلَةٌ ج عَاقِلَاتٌ وعَوَاقِل.

عَقَلَ (ض) عَقْلاً وعُقُوْلاً الْمَصَارِعُ خَصْمَهٗ :ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانا..... الْوَعْلُ :بلند پہاڑ پر چڑھ جانا اور محفوظ ہو جانا۔ اِلَيْهِ :پناہ لینا۔

عَقِلَ (س) عَقَلاً. الْبَعِيْرُ :اونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَعْقَل. مؤنث عَقْلَاء ج عُقْل.

عُقِلَ. الْغُلَامُ :لڑکے کا عقل مند ہونا۔ الْغُلَامَ :لڑکے کو عقل مند بنانا..... الْبَعِيْرَ :اونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا..... الرَّجُلَ عَنْ حَاجَتِهٖ :روک دینا۔ عَاقَلَهٗ مُعَاقَلَةً :سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا۔

اَعْقَلَهٗ :عقل مند پانا۔ اَعْقَلَ الرَّجُلُ :سال کی زکوٰۃ واجب ہونا۔

تَعَقَّلَ الْغُلَامُ :لڑکے کا سمجھدار ہونا۔ تکلف عقل مند بننا۔ تَعَقَّلَهٗ :منع کرنا۔ روکنا۔ تَعَقَّلَ الرَّجُلَ :پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا..... الرَّجُلُ اَوِ السَّرْجَ :کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا۔

تَعَاقَلَ :تکلف عقلمند بننا۔ تَعَاقَلُوْا دَمَ الْقَتِيْلِ :دیت کے ادا کرنے میں شریک ہونا۔

اِعْتَقَلَ الرُّمْحَ :نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا..... الْبَعِيْرَ :اونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھنا..... الرَّحْلَ اَوِ السَّرْجَ :کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا..... مِنْ دَمِ فُلَانٍ :دیت لینا..... الدَّوَاءُ بَطْنَهٗ :دوا کا قبض کرنا۔ الرَّجُلَ :پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا۔ اِعْتَقَلَهٗ :روکنا۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر پچھاڑنا..... الشَّاةَ :بکری کی ٹانگ کو اپنی ران اور پنڈلی کے درمیان دبا کر دوہنا۔

اُعْتُقِلَ. لِسَانُهٗ :زبان بند ہو جانا۔

اَلْعَقْل :روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔ دل۔ دیت ج عُقُول.

اَلْعَقْلِيُّ :عقل کی طرف نسبت جس میں حس باطنی کو دخل نہ ہو۔

اَلْعَقْلَة :زبان کی روک۔

اَلْعُقْلَة :جس سے باندھا جائے ج عُقَل.

اَلْعِقَال :رسی جس سے اونٹ کے زانو کو باندھا جائے۔ سر پر باندھنے کی رسی۔

اَلْعِقَال :اونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوٰۃ۔ کہا جاتا ہے "اَدَّيْتُ عِقَالَ سَنَةٍ" یعنی ایک سال کی زکوٰۃ میں نے ادا کر دی۔

عِقَالُ الْمِئِيْنَ :وہ شریف جو قید کیا جائے تو دو سو اونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔

اَلْعَاقِل :فا۔ سمجھدار ج عُقَلَاء وعَاقِلُوْنَ وعُقَّال اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے

اَلْعَاقِل :پہاڑی بکرا دیت ادا کرنے والا۔ ج عَاقِلَه.

اَلْعَاقِلَة :مؤنث عاقل :سمجھنے کی قوت۔

عَاقِلَةُ الرَّجُلِ :باپ کی طرف کے رشتہ دار۔

اَلْعَقُوْل :سمجھ دار۔ قابض دوا۔

اَلْعَقِيْل :معقول۔

اَلْعَاقُوْل :دریا کا بڑا حصہ۔ موج۔ وادی یا نہر کا موڑ۔ بے نشان زمین۔ مبہم اُمور۔ ج عَوَاقِيْل.

اَلْعُقَال :جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

اَلْعَقِيْلَة. مِنَ النِّسَاءِ :شریف پردہ نشین عورت..... مِنَ الْاِبِلِ :عمدہ قسم کے اونٹ..... مِنَ الْقَوْمِ :سردار..... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ عَقِيْلَة الْبَحْرِ :موتی ج عَقَائِل.

اَلْمُعْقِل :جائے پناہ۔ اونٹ باندھنے کی جگہ۔ بلند پہاڑ ج مَعَاقِل.

اَلْمَعْقُلَة :خون بہا۔ تاوان۔ کہا جاتا ہے "صَارَ دَمُهٗ مَعْقُلَةً عَلٰى قَوْمِهٖ" یعنی اس کا خون تاوان ہو گیا جس کو ہر سال ادا کرتے ہیں۔ ج مَعَاقِل.

اَلْمَعْقُوْل :سمجھا ہوا۔ عقل ج معقولات.

عِلْم الْمَعْقُوْلَات :وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔

عُقِمَتْ (ن) عُقْمًا وعُقُمًا وعَقُمَتْ (ک) عَقْمًا وعَقِمَتْ (س) عَقَمًا وعُقِمَتْ عَقَمًا وعُقُمًا.

اَلْمَرْاَةُ اَوِ الرَّحِمُ :بانجھ ہونا۔ صفت عُقِيْم.

عُقِمَتْ مُفَاصِلُه :جوڑوں کا خشک ہونا۔

عَقِمَ (س) عَقَمًا :خاموش ہونا۔

عَقَمَ (ض) عَقْمًا وَاَعْقَمَ وعَقَّمَ اللّٰهُ الْمَرْاَةَ :بانجھ کرنا۔ عَقَّمَه :خاموش کرنا۔ عَقَّمَ الشَّيْءَ :جراثیم کو مار دینا۔

عَاقَمَه مُعَاقَمَةً :جھگڑا کرنا۔ خصومت کرنا۔ گالی دینا۔

اِعْتَقَمَ اِلَيْهِ :آنا جانا..... فِي الْاَمْرِ :دخل دینا۔

اَلْعَقْم والعَقْمَة والعِقْمَة :سرخ کپڑا۔ نقش ونگار کی ایک قسم۔

اَلْمَرْاَةُ الْعَقِيْم :بانجھ عورت ج عَقَائِم وعُقُم.

اَلرَّجُلُ الْعَقِيْم :بے اولاد مرد ج عُقَمَاء وعِقَام وعَقْمَى. عقل عقِيم :عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

حَرْبٌ عَقِيْم :سخت لڑائی۔ کہا جاتا ہے "اَلدُّنْيَا عَقِيْم" یعنی دنیا بے برکت ہے۔

حَرْب عُقَام وعُقَام :سخت لڑائی۔ دَاءٌ عُقَامٌ :لاعلاج مرض۔ يَوْمٌ عُقَامٌ :سخت دن۔

اَلْعُقَام :بے اولاد۔ بدخلق۔

اَلْعُقَيْمَة. مِنَ الْاَرْحَامِ :بانجھ۔ ج عَقَائِم.

اَلْعُقْمِيُّ والعِقْمِيُّ مِنَ الْكَلَامِ :پوشیدہ کلام۔

اَلْعُقْمِيُّ :خاندانی شرافت والا۔

اَلْمَعْقَم :ہڈیوں کا جوڑ۔ ریڑھ کی ہڈی کے

مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔
المُعَاقِب: فا۔ بدلہ لینے والا۔
المُعَقِّبَات: رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔
العُقُوب: نرچکور۔ ج عَقَاقِیب یا زائدہ ہے۔
العُقُول والعُقُولَة: سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل.
عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا۔ البَیْعَ او الیَمِینَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا..... الحَاسِبُ: حساب لگانا..... ہ عَلَی الشَّیْءِ: معاہدہ کرنا..... لَہُ الشَّیْءَ: ضامن ہونا..... الخَیْطَ: دھاگے میں گرہ لگانا..... البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا..... البِنَاءَ بِالجَصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا..... الزَّهْرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا..... العَسَلُ و نَحْوُہ: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَہ" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کے لئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَہُ إِلَیْہِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَہُ الرِّئَاسَةَ فِی قَوْمِہِ" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَہُ عَلَی الجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنا دیا۔
عَقِدَ (س) عَقَدًا: گرہ دار زبان والا ہونا..... اللِّسَانُ: زبان کا رکنا۔ صفت أَعْقَد وعَقِد.
عَقَّدَ البَیْتَ: محراب بنانا..... البَیْمِینَ: قسم کو پکا کرنا..... الحَبْلَ: رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا..... الکَلَامَ: مبہم کلام کرنا (..... وأَعْقَدَ) الدِّبْسَ ونَحْوَہ: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔
عَاقَدَہُ مُعَاقَدَةً: معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ. الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا..... الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا..... السَّحَابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا..... الأَمْرُ: دشوار ہونا..... الإِخَاءُ: مضبوط ہونا۔
اِنْعَقَدَ: گرہ لگنا..... الأَمْرُ لِفُلَانٍ: خالص ہونا..... الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا الزَّهْرُ: پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔
تَعَاقَدَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔
اِعْتَقَدَ المَالَ: جمع کرنا..... الأَمْرَ: تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا..... الشَّیْءُ: سخت ہونا اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے الإِخَاءُ بَیْنَہُمَا: سچی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا الدُّرَّ ونَحْوَہ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔
العَقْد: محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس بیس تیس نوے تک۔
العِقْد: ہار ج عُقُود.
العَقِد والعَقَد: ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَة والعَقَدَة.
العُقْدَة: گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت حاکموں کی بیعت..... مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقْدُہ" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔
العَاقِد: فا۔ ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَہ" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔
العَاقِدَة: مؤنث عَاقِد. ج عَوَاقِد وعَقَائِد العَقَدات: جادوگرنیاں۔
العَقَدَة: زبان کی جڑ۔
العَقَّاد: بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
العِقَادَة: دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔
العَقِید: معاہدہ کرنے والا..... مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیدُ الکَرَمِ أَوِ اللُّؤْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعاً کریم یا لئیم ہے۔
العَقِیدَة: جس پر پختہ یقین کیا جائے جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد.
الأَعْقَد: وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاء: ج عقد.
العُنْقُود والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ ونحوہ: گچھا۔ ج عَنَاقِید.
المِعْقَد: گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنِّی مَعْقِدُ الإِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد.
المَعَاقِد: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔
المِعْقَاد: بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔
المُعَقِّد: فا۔ جادوگر۔
المُعْتَقَد: اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔
عَقَرَہ (ص) عَقْرًا: زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔
عَقَرَ الإِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَہ: چلنے سے روک دینا..... بِالصَّیْدِ: شکار کے پیچھے لگنا۔
عَقِرَت (ض) عَقْرًا وعُقْرًا وعُقَارًا و عَقُرَت (ک) عُقْرًا وعَقَارَةً وعِقَارَةً و عُقِرَتْ. المرأةُ او النَّاقَة: بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر.
عَقُر (ک) عُقْرًا. الأَمْرُ: بے نتیجہ ہونا۔
عَقِرَ (س) عَقَرًا: دہشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا کانپنا۔
عَقَّرَ الإِبِلَ: اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔
عَاقَرَ مُعَاقَرَةً. الشَّیْءَ: لازم پکڑنا۔ ہمیشگی کرنا..... الخَمْرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا..... ہ: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔
أَعْقَرَہُ: دہشت زدہ کرنا۔ أَعْقَرَ اللّٰہُ المَرْأَةَ: عورت کو بانجھ کر دینا۔
تَعَقَّرَ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا..... شَحْمُ النَّاقَةِ: چربی کا گٹھا ہوا ہونا..... الرَّجُلُ: جائیداد زیادہ ہونا..... الغَیْثُ: لگاتار بارش ہونا (..... واِنْعَقَرَ) ظَهْرُ الدَّابَّةِ مِنَ الرَّحْلِ او السَّرْجِ: کجاوہ یا زین سے جانور

وعَفِيك: مؤنث عَفِيكاج عُفُك.
الأعْفَك: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
عَفَنَ (ض) عَفْنًا وعَفَّنَ اللَّحْمَ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَفِنَ (س) عَفَنًا وعُفُونَةً وتَعَفَّنَ الشَّيْءُ: تری کی وجہ سے خراب ہونا..... اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت عَفِنٌ ومَعْفُونٌ ومُتَعَفِّنٌ.
اَلعَفَنُ وَالعُفُونَةُ: موذی مرض جو کہ اعضاء تناسل سے شروع ہوتا ہے اور ان کو خراب کر دیتا ہے یہ مرض کثرت کے ساتھ جنگ عظیم دوم کے دنوں میں ظاہر ہوئی۔ اس وجہ سے ان امراض متعدیہ کو ختم کرنے کے لئے جراثیم مار ادویات ایجاد کی گئیں۔
أَعْفَنَ. الشَّيْءُ: بدبودار پانا۔
عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَلَهُ ذَنْبَهُ وعَفَا عَنْ ذَنْبِهِ: درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔ سزا کو چھوڑ دینا..... اللّٰهِ عنه: گناہوں کو معاف کرنا..... عَنِ الشَّيْءِ: رکنا..... عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا..... الشَّيْءُ: زیادہ کرنا..... عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا..... الصُّوفُ: اون کاٹنا..... فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے جانا۔ عَفَتِ الأَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا..... الشَّيْءُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ الأَثَرَ أَوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا..... (عَفَا عُفُوًّا وعَفًا وعُفُوًّا) الأَثَرُ أو المَنْزِلُ: مٹنا۔ أَثَرُ فُلَانٍ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
عَفَا يَعْفُوا عَفْوًا وعُفِيَ يَعْفِي عَفْيًا الشَّعَرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔ عَفَى تَعْفِيَةً: بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَّتِ الرِّيحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا..... عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَّتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔
عَافَى مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً اللّٰهُ فُلَانًا: صحت دینا' بلا اور برائی سے بچانا۔
أَعْفَى إِعْفَاءً اللّٰهُ فُلَانًا: عافیت دینا..... الشَّعَرَ: بالوں کو بڑھنے کے لئے چھوڑ دینا..... الرَّجُلُ: بہت مال دار ہونا۔ زائد مال کو خرچ کرنا..... هِ مِنَ الأَمْرِ: بُری کر دینا..... زَيْدًا بِحَقِّهِ: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا..... الرَّجُلَ: دینا..... المَرِيضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
تَعَفَّى تَعَفِّيًا: مٹنا اور مضمحل ہونا۔
تُعُافِيَ تَعَافِيًا: عافیت پانا..... الشَّيْءُ: چھوڑنا۔
اِعْتَفَى اِعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے آنا۔ اِعْتَفَتْ وَاسْتَعْفَتِ الإِبِلُ البَيْسَ: اُوپر اُوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔ اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَهُ: استعفیٰ دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفَى مِنَ الخُرُوجِ فَأَعْفَاهُ" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔
العُفَاءُ: مٹی۔ بارش۔ گھروں کی بربادی۔ ہلاکت۔ آنکھ کا پھولا۔
العِفَاءُ: زیادہ لمبے بال۔ شتر مرغ کے پر۔ اونٹ کے بال۔
العَفْوُ: عمدہ چیز۔ فضل ومعروف۔
مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
العَفَا والعَفَوَ والعِفْو والعُفُو: گدھے کا بچہ ج عِفَا وعُفُوّ.
العُفْوَةُ: دیت۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ ج عُفُو.
العُفْوة والعِفْوَة والعَفْوة: ہانڈی کا جھاگ۔ عفوة الشيء: چیز کا خالص۔ عُفْوَةُ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔ العِفْوَة والعُفْوَة: سر کے سر کے بال۔
العِفَاوَة: شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔
العِفَاوَة: دیگ کا نچلا شوربہ۔
العِفَاوَة والعَفَاوَة والعُفَاوَة: ہانڈی کا جھاگ۔
العَفُوُّ: معاف کرنے والا' بہت معاف کرنے والا۔
العَافِي: فا۔ بخشنے والا۔ درگزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا ج عُفِيٌّ: دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس' پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ ج عُفَاةٌ وعُفِيٌّ وعَافِيَة: کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الكَرِيمِ عُافِيَةُ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہونے۔
العَافِيَة: عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِيَات وعَوَافٍ.
المُعْفِي: فا۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔
عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ عُقَّتِ السِّرْبُحُ المُزْنَ: بارش برسانا..... الذَّلُوُ: کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا..... عُقُوقًا ومَعَقَّةً الوَلَدُ والِدَه: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ وعَاقٌّ ج عَقَقَةٌ وأَعِقَّةٌ وأَعِقٌّ وعُقَّقٌ وعُقُقٌ.
عَقَّ (س) عُقَقًا: پھٹنا۔
عَقَّتْ (ض) عُقَقًا وعُقَاقًا وعِقَاقًا الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوقٌ.
عَاقَ مُعَاقَّةً أَبَاهُ: مخالفت کرنا۔
أَعَقَّ الكَرْمُ: انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔ فُلَانٌ: نافرمانی کرنا۔ أَعَقَّتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق.
اِنْعَقَّ. الوَادِي: وادی گہری ہونا..... الغُبَارُ: غبار بلند ہونا..... العُقْدَةُ: گرہ مضبوط ہونا..... البَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا..... واِعْتَقَّ) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّيْفُ: تلوار سونتنا..... المُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
العَاقّ: اسم فاعل ج عَاقُّونَ وعَقَقَة وأَعِقَّة: مؤنث عَاقَّةٌ ج عَوَاقُّ وعَاقَّاتٌ.
العَقُّ والعُقَّة: گہرا گڑھا۔
العُقُّ والعُقَاق. مِنَ المَاءِ: کڑوا پانی۔
العِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال ج عِقَق.
العَقُوق مِنَ الخَيْلِ: حاملہ گھوڑی۔ غیر حاملہ

تَعَاظَمَ :تکبر کرنا۔تَعَاظَمَهُ الْاَمْرُ: بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ لَا یَتَعَاظَمُهُ شَیْءٌ :وہ ایسا اَمر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔

اِسْتَعْظَمَ :تکبر کرنا.....الْاَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا.....الشَّیْءَ: بڑا حصہ لے لینا۔

العَظْم :ہڈی ج اعظم وعِظام وعِظَامة.

عَظْمُ الشَّیْءِ وعُظْمُه :چیز کا بڑا حصہ۔ج اَعْظام.

العِظْم والعِظَم والعُظْم: بڑائی۔

عَظْمُ الطَّرِیق :راستہ کا درمیان۔

العُظَام والعُظَّام :بڑا۔مؤنث عُظَامَة وعُظَّامَة.

العَظْمَة: ہڈی کا ٹکڑا۔

العَظْمَة مِنَ السَّاعِد او اللِّسَان :کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات. عَظَمَاتُ الْقَوْمِ :سرداران قوم(..... والعَظْمُوت والعُظَّامَة) تکبر۔نخوت۔فخر۔

العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة والاعْظَامَة : گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

العَظِیمَة :مؤنث عَظِیم۔سخت مصیبت۔ج عظائم. عَظَائِمُ اللّٰهِ :اللہ کے بڑے بڑے امور۔

العَظْمِیُّ :سفیدی مائل کبوتر۔

مُعْظَمُ الشَّیْءِ :چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم: کہا جاتا ہے " اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ الْمُرَاعَاةِ" فلاں کے لئے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔

المُعْظَمَة :سخت مصیبت۔

عَظَا یَعْظُو عَظْوًا. فُلَانًا :غمگین کرنا۔غیبت کرنا۔بھلائی سے روکنا۔زہر پلانا۔

عَظَی یَعْظِی عَظْیًا فُلَانًا :غمگین کرنا۔

العَظَایَة العِظَایَة والعِظَاءَة والعَظَاءَة : چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ وعِظَاءٌ و عَظَایَات وعَظَایَا.

عَفَّ (ض) عَفًّا وعِفَّةً وعَفَافًا وعَفَافَةً وتَعَفُّفًا :حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔پاک دامن ہونا۔صفت مذکر عَفِیف وعِفٌّ ج اعِفَّةٌ واَعِفَّاءُ وعِفُّونَ :صفت مؤنث عَفِیفَةٌ وعِفَّةٌ :ج عَفِیفَات وعَفَائِف وعِفَّات

عَفَّ عَنْ كَذَا :باز رہنا۔تَعَفَّفَ :تکلف پاک دامن بننا۔تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔

اَعَفَّ اللّٰهُ فُلَانًا :پاکدامن کرنا۔

تَعَافَ النَّاقَةَ :اونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا.....المَرِیضُ: علاج کرنا۔

اِعْتَفَّ واِسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِیثِ :رکنا..... البَعِیرُ البَیْسَ :اونٹ کا مٹی کے اوپر اوپر خشک گھاس چرنا۔

العِفَّة :مص۔پارسائی۔پاکدامنی۔ طہارت بدن۔

العُفَّة والعُفَافَة :تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعْطَاهُ اِلَّا عُفَافَةً :یعنی تھوڑا سا دیا۔العِفَاف :دوا۔کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰی عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔

عِفْتَ (ض) عَفْتًا الشَّیْءَ :موڑنا اور توڑنا .....كَلَامَه وفِی كَلَامِهٖ :لکنت کی وجہ سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔صفت عَفَّات.

العَفْت :لکنت۔

الاَعْفَت :بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بے وقوف۔

عَفَجَه (ض) عَفْجًا بِالعَصَا :لاٹھی مارنا۔

العَفَج او لعِفَج والعَفَج والعَفِج :آنت ج اعْفَاج وعِفَجَة.

المِعْفَج :بے وقوف۔

المِعْفَجَة والمِعْفَاج :لاٹھی۔کپڑے دھونے کی موگری اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔

عَفَدَ (ص) عَفْدًا وعَفَدَانًا :دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔

اِعْتَفَدَ :بھوک کی وجہ سے مرنے کے لئے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔

عَفَرَه (ض) عَفْرًا فِی التُّرَابِ :مٹی میں لتھیڑنا۔زمین میں دھنسا دینا.....الشَّیْءَ : زمین پر پٹک دینا۔

عَفِرَ (س) عَفَرًا واِسْتَعْفَرَ: خاکستری رنگ ہونا۔خاک آلود ہونا۔صفت اَعْفَرُ.

عَفَّرَه. فِی التُّرَابِ :مٹی میں لتھیڑنا۔زمین میں دھنسا دینا۔جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کے لئے "قَدْ عُفِّرَ واُرْغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا .....الشَّیْءَ :سفید کرنا۔عَفَّرَتِ الْمَرْاَةُ فِی العِظَامِ :عورت کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی لگانا۔

اِعْفَرَّ. الشَّیْءُ :خاک آلود ہونا.....الثَّوْبُ فِی التُّرَابِ :کپڑے کو مٹی میں لتھیڑنا..... فُلَانٌ :قادر ہونا۔قوی ہونا.....الرَّجُلَ : زمین پر پٹک دینا۔کودنا.....ه الاَسَدُ :شیر کا پچھاڑنا۔

تَعَافَرَ. الشَّرِیدُ :شرید کا سفید ہونا۔

تَعَفَّرَ وانْعَفَرَ فِی التُّرَابِ :مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا.....الشَّیْءُ :خاک آلود ہونا۔تَعَفَّرَ الْوَحْشُ :وحشی جانور کا موٹا ہونا۔

العَفَر والعَفَر :مٹی۔خاک۔ج اَعْفَار.

العِفْر والعُفْر :نر سور یا مطلقاً سور۔بہادر۔ سخت موٹا۔العُفْر :بعد۔بے رونق بازار۔ مہینے کی ساتویں' آٹھویں' نویں رات۔مرد دلیر وچالاک۔موٹا۔ج اَعْفَار وعِفَار.

رَجُلٌ عِفْرٌ وعِفِرٌّ وعِبَرَّى وعُفَارِيَة :خبیث مرد۔

الاَعْفَر :ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔

العُفْرَة :خاکستری رنگ۔

العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِّيكِ :مرغ کے گردن کے بال.....مِنَ الاِنْسَانِ :وسط سر کے بال.....مِنَ الاَسَدِ :شیر کے بال۔

عُفْرَةُ الحَرِّ :گرمی کی شدت۔

العُفْر :زمانہ۔وقت۔مہینہ۔

العُفْرِيَّة :مخلوط لوگ۔عُفْرَة وعُفْرَة الحَرِّ والبَرْدِ :گرمی یا سردی کی شدت۔

العَفَار :بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔درخت جس

ہے عَطَسَ فُلَانٌ وَعَطَسَتْ بِهِ اللُّجُم : یعنی مرگیا۔
عَطَّسَ : چھینکوانا۔
العَاطِس : فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔
العَاطُوس : ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔
المَعْطَس والمَعْطِس : ناک۔ ج مَعَاطِس : کہا جاتا ہے "أُرْغِمَتِ المَعَاطِسُ" یعنی دشمن مغلوب ہوگئے۔
عَطِشَ (س) عَطَشًا : پیاسا ہونا۔ إِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعَطْشَى وعَطَاشَى مؤنث عَطْشَى وعَطْشَانَة ج عِطَاش.
أَعْطَشَهُ وعَطَّشَهُ : پیاسا کرنا۔ أَعْطَشَ الرَّجُلُ : پیاسے جانور والا ہونا۔
عَاطَشَهُ فَعَطَشَهُ : پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعولی مَعْطُوش.
تَعَطَّشَ : پیاسا بننا۔
العَطِش والعَطْش : پیاسا۔ مؤنث عَطِشَةٌ عَطْشَةٌ.
العُطَاش : بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔
المَعْطَش : پیاس کا وقت ج مَعَاطِش.
المَعْطَشَة : زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش.
المُعَطَّاش : بہت پیاسا (مذکر ومؤنث)
عَطْعَط. القَوْمُ عَطْعَطَةً : لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ : کلام میں خلط ملط کرنا۔
عَطَفَ (ض) عَطْفًا وعُطُوفًا إِلَيْهِ : مائل ہونا..... عَلَيْهِ : مہربانی کرنا..... عَنْهُ : پھر جانا..... ہ عَنِ الأَمْرِ : ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ : لگام پھیرنا..... كَلِمَةً عَلَى أُخْرَى : حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا..... الشَّيْءَ : جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا : اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللهُ قَلْبَهُ وبِقَلْبِهِ : دل کو مہربان کردینا۔
عَطِفَ (س) عَطَفًا : لمبی پلکوں والا ہونا۔
عَطَّفَ الوِسَادَةَ : تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا : مہربان کرانا۔ الشَّيْءُ : جھکانا۔
تَعَطَّفَ : جھکنا اور مائل ہونا..... عَلَيْهِ : رحم دل ہونا اور احسان کرنا..... الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔
اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ : کپڑا اوڑھ لینا۔
اِنْعَطَفَ : مڑنا۔
تَعَاطَفَ. القَوْمُ : بعض کا بعض پر مہربانی کرنا..... فِي مَشْيِهِ : ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔
اِسْتَعْطَفَهُ : مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔
العَطْف : مجی۔ جھکاؤ۔
العِطْف : بغل..... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ : کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ : مرد کے دونوں پہلو ج أَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوف کہا جاتا ہے "ثَنَى عَنِّي عِطْفَهُ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور زیادتی کی "هُوَ يَنْظُرُ فِي عِطْفَيْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِيَ عِطْفِهِ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔
العِطْفَة : انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔
العَطَف : پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَةٌ.
العِطَاف : چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف وأَعْطِفَةٌ.
العَاطِف : فا۔ ازار۔ گھوڑ دوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة. والعَاطِف عِنْدَ النُّجَاةِ : حرف عطف جیسے و او. فا. ثم. حتی: وغیرہ۔
العَاطِفَة : مؤنث عَاطِف : شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف.
العَطِيف. مِنَ النِّسَاءِ : نازک فرمانبردار عورت۔
العَطِيفَة : کمان۔ ج عَطَائِف.
العَطُوف : مہربان۔ محسن۔ اِمْرَأَةٌ عَطُوفٌ : شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (..... والعَاطُوف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيف.
قَوْسٌ عَطُفِيٌّ : ٹیڑھی کمان۔
المِعْطَف : چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف.
مُنْعَطَفُ الوَادِي ومُنْعَطَفُهُ : وادی کا موڑ۔
المَعْطِف : گلا ج مَعَاطِف.
عَطِلَ (س) عَطَلًا الوَجُلُ مِنَ المَالِ او الأَدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ : خالی ہونا۔ صفت عَاطِلٌ وعُطُلٌ وعُطُلٌ. ج أَعْطَال.
عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُولًا. المَرْأَةُ : عورت کے بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل وعَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات وعَوَاطِل وعُطَّل وأَعْطَال.
عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الأَجِيرُ : مزدور کا بیکار ہونا۔
عَطَّلَ. الشَّيْءَ : بے کار چھوڑ دینا..... المَرْأَةَ : زیور اتار لینا..... القَوْسَ : کمان سے تانت نکال لینا۔ عَطَّلَتِ الإِبِلُ : بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الإِبِلَ : بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا۔ البِئْرَ : کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع ذائع کر کے چھوڑ دیا جائے اس پر تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُودُ او الثُّغُورُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جو بوئی نہیں گئیں۔ "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہی ایسی قوم کو "مُعَطِّلُونَ" کہیں گے۔
تَعَطَّلَ : بے کار ہونا۔ تَعَطَّلَتْ واسْتَعْطَلَتِ المَرْأَةُ : عورت کا بے زیور ہونا۔
العَطْل : گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا أَحْسَنَ عَطْلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

..... ٥ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّیْءُ: لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضَّضَ: بہت کاٹنا۔
عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَّوَابُّ: جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّهُ. الشَّیْءُ: دانت سے کٹوانا۔ اَعَضَّتِ البِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضًّا: ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضُّ: بدخلق۔ خبیث۔ بخیل۔ بہت قوی۔ مصیبت۔ ہمسر، مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوض. العِضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض.
العُضُّ: جو۔ گیہوں۔ اسپست۔ سوکھی گھاس۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔
العَضَاض: جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔ موٹا درخت۔
العِضَاض: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيض: مص۔ سخت کاٹ۔ ہمسر۔
العَضُوض والعَضَّاض: بہت کاٹنے والا۔ بِئْرٌ عَضُوض: بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض العُضَّاض: ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا: قطع کرنا..... ٥ المَرْضُ: حرکت سے روکنا..... ٥ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا..... ٥ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا..... ٥ عَنِ الأَمْرِ: روک دینا..... ٥ بِلِسَانِهِ: گالی دینا عَضِبَ عَنْهُ: رجوع کرنا (..... واَعْضَبَ)
النَّاقَةَ ونَحْوَهَا: اونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الكَبْشُ: مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوبًا وعُضُوبَةً: چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَهُ مُعَاضَبَةً. القَرْنُ: سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب: تیز تلوار۔ چرب زبان۔
الأَعْضَب: پھٹے کان والا۔ ٹوٹے سینگ والا۔ جس کا بھائی نہ ہو۔ بے مددگار۔ مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب.
العَضَّاب: بہت کاٹنے والا۔ بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوب: کمزور۔ لنجا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمَعْضُوبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَرَ عَضْبَرَةَ الكَلْبُ: شیر کی مانند ہونا۔
العِضْبَارَة: چکی کا پاٹ۔ دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَه (ن) عَضْدًا: مدد کرنا۔ بازو پر مارنا۔
عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔ اونٹوں کے لئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضَدًا وعُضِدَ عَضَدًا: بازو میں درد ہونا۔ صفت عَضِد: مؤنث عَضِدَة.
عَضَّدَ واعْتَضَدَ السَّهْمُ: تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَهُ مُعَاضَدَةً: مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَهُ وتَعَضَّدَهُ: بغل میں لینا۔
اِعْتَضَدَ بِهِ: مدد مانگنا۔ مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَدَ. الشَّجَرَةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا..... الثَّمَرَةَ: پھل چننا۔
العَضَد: مص۔ مددگار۔ گوشہ۔ ج اَعْضَاد.
العَضَد والعُضُد والعَضِد: بازو ج اَعْضَاد واَعْضُد.
عَضَدُ كُلِّ شَيْءٍ وعَضُدُهُ واَعْضَادُهُ: وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔ جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔ عَضُدُ الطَّرِيقِ: راستہ کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِي عَضُدِهِ" یعنی اپنے اعوان وانصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد: کٹا ہوا درخت۔ قوۃ۔ اونٹ کے بازو میں ایک مرض۔ جھاڑے ہوئے پتے۔
العَضَاد: پستہ قد مرد یا عورت۔ موٹے بازو والا۔
العِضَاد: بازو بند۔ تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔ درانتی۔ ہنسیا۔ اونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَة مِنَ الطَّرِيقِ: راستہ کا پہلو۔ عِضَادَتَا البَابِ: چوکھٹ کے دونوں بازو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَةُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون ومددگار ہے۔
العِضَادِيُّ والعَضَادِيُّ والعُضَادِيُّ: موٹے بازو والا۔
العَضِيد: کھجور کے درختوں کی قطار۔ درخت سے کٹا ہوا۔ ج عِضْدَان.
الأَعْضَد: ڈبلے بازو والا۔ جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد: درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد: درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد.
المِعْضَاد: بازو بند۔ ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ ہنسیا۔ درانتی۔
المِعْضَدَة: تھیلی۔ بٹوہ۔
المَعْضَرَس والعُضَارِس: سردی اولے برف ٹھنڈا میٹھا پانی۔ گورخر۔ ج عَضَارِس.
العُضْرُط: کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ ج عَضَارِط وعَضَارِطَة.
العُضْرُط والعِضْرِط: کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِيط: فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا. عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ منع کرنا۔ بِهِ الأَمْرُ: سخت ہونا..... العَوْجَلُ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) وعَضِلَ (س) عَضَلًا وعِضَلًا وعِضَلَانًا المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا۔ منع کرنا..... الرَّجُلَ: رانڈ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا: بہت سخت گوشت والا

اَعْصَرَتِ الْمَرْاَةُ :عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔صفت مُعْصِر. ج مَعَاصِر ومَعَاصِیر.

الرِیْحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔

اَعْصَرَ الْقَوْمُ :بارش کیا جانا۔

عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً:ایک زمانہ میں ہونا۔

تَعَصَّرَ : نچوڑا جانا.....بِهٖ: پناہ لینا۔

اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ او الثَّوْبَ ونَحْوَهُمَا :انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا.....العَصِیْرُ :شراب بنانا .....العَطِیَّة: عطیہ واپس لینا.....مِنْ فُلَانٍ مَالاً :تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا.....مِنَ الشَّیْءِ :لینا.....بِفُلَانٍ: پناہ لینا.....عَلَیْهِ :بخل کرنا۔کہا جاتا ہے "اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ" کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کے لئے تھوڑا پانی پیا۔

اِنْعَصَرَ :نچڑنا.....العِنَبُ ونَحْوُهُ :شیرہ نکل جانا۔

العَاصِر :فاج عَصِرَة وعَاصِرُوْن :مؤنث عَاصِرَة ج عَوَاصِر وعَاصِرَات. رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت۔بخیل۔

العَصْر :دن۔رات۔دن کا آخری حصہ۔ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔صبح۔قبیلہ۔ گروہ۔عطیہ۔ج اَعْصُر وعُصُوْر.

العَصْرَان :صبح شام۔دن۔رات۔کہا جاتا ہے "جَاءَنِیْ عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر میں آیا۔

العَصْر والعِصْر والعُصُر :زمانہ ج عُصُوْر واَعْصُر وعُصُر واَعْصَار اور اَعْصَار کی جمع اَعَاصِر.

العُصَر والعَصَر والعُصَرة والمُعْتَصَر : جائے پناہ۔

العَصَر :عصر۔سکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنی زمانہ۔غبار۔خوشبو کی بھڑک۔

العَصَرة :خوشبو کی بھڑک عاصر کی جمع۔ غبار۔بگولہ۔

العَصِیْر والعَصِیْرَة والعُصَار :رس۔نچوڑ۔ العَصِیْر :نچوڑا ہوا۔

العِصَار :سخت غبار۔وقت۔

العُصَارَة :رس۔نچوڑ۔نچوڑنے کے بعد پھوکس۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرِیْمُ الْعُصَارَةِ" یعنی سوال کے وقت جواد وسخی۔

اِلْاِعْصَار :بگولہ ج اَعَاصِیر واَعَاصِیْر : کہتے ہیں "وَعْدُهٗ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَهٗ اِعْصَارٌ" یعنی اس کے وعدہ کے لئے وفا نہیں۔اس قول میں پہلا اعصار :بمعنی بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔اَعْصَرَ الْقَوْمُ : کا بمعنی بارش ہونا۔

المَعْصَرَة والمَعْصَر :نچوڑنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ الْمَعْصَرِ" یعنی سوال کے وقت سخی ہے۔

المِعْصَر والمِعْصَرَة :انگور وغیرہ نچوڑنے کا آلہ۔

اَلْعَصْرِیَّةُ :نمازِ عصر کے بعد اجتماع برائے ملاقات تسلی اور وقت گزاری کے لئے۔

المِعْصَار :وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔

المُعْصِرَات :بادل۔

العُصْعُص والعُصْعَص :دُم کی ہڈی۔ج عَصَاعِص. والعُصْعُص :مردکم خیر دشوار خو۔مضبوط توانا۔

العُصْعُوص :دُم کی ہڈی۔ج عَصَا عِیص.

عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا وعُصُوْفًا الرِیْحُ : ہوا کا تیز چلنا۔صفت عَاصِفَةٌ وعَاصِفٌ

النَّاقَةُ بِرَاکِبِهَا :اونٹنی کا تیز لے جانا..... الرَّجُلُ :دوڑنا۔عَصَفَ الشَّیْءُ :مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَفَتِ الْحَرْبُ بِالْقَوْمِ" جنگ نے قوم کو تباہ وبرباد کر دیا۔"عَصَفَ الدَّهْرُ بِهِمْ" زمانے نے ان کو ہلاک کر دیا (.....واِعْتَصَف) عِیَالَهٗ :بال بچوں کے لئے کمانا۔

عَصَفَ (ن) عَصْفًا. الزَّرْعَ :کھیتی تیار ہونے سے پہلے کاٹنا۔

اَعْصَفَ الزَّرْعُ :کھیتی کا کاٹنے کے لائق ہونا۔اَعْصَفَتِ الرِیْحُ :ہوا کا تیز چلنا۔ صفت مُعْصِفَةٌ ومُعْصِفٌ ج مَعَاصِف ومَعَاصِیْف ..... الرَّجُلُ :ہلاک ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔اَعْصَفَتِ الْحَرْبُ بِهِمْ :تباہ وبرباد کر دینا۔

اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ :تناور ہونا۔

العَصَف :مس۔کھیت کے پتے۔عَصْفُ الْبُرِّ :گھاس کے تنکے۔عَصْفُ الاُتْمُدِ وغَیْرِهٖ: اثمد وغیرہ کا غبار۔

العَصَفَة. عَصَفَ :کا اسم مرۃ۔شراب کی بُو۔کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔

اَلْعَصْعَصِیَّةُ :سرو کی مانند ایک درخت تیزی سے بڑھنے والا خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔

العَاصِف :فا۔سَهْمٌ عَاصِفٌ :نشانہ سے ٹیڑھا تیر۔یَوْمٌ عَاصِفٌ :تیز ہوا کا دن۔

العَاصِفَة :مؤنث عَاصِفٌ ج عَاصِفَاتٌ وعَوَاصِف.

العَصُوْف :تیز ہوا۔ج عُصُف.

العَصِیْف :تیز ہوا۔

العَصِیْفَة :پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ ہو۔

العُصَافَة :تنکے جو خوشے سے گریں۔کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا کر لائے۔

عَصْفَرَ. الثَّوْبَ :کپڑے کو زرد رنگ سے رنگنا۔

تَعَصْفَرَ. الثوب :زرد رنگ سے رنگا ہوا ہونا۔تَعَصْفُرِ الْعُنُقُ :گردن ٹیڑھی ہونا۔

العُصْفُر :زرد رنگ۔

العُصْفُوْر :چڑیا۔کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج عَصَافِیر :مؤنث عُصْفُوْرَة. العُصْفُوْرَة : پیشانی۔پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کی جڑ۔لکڑی جس سے پالان کے سرے باندھے جاتے ہیں۔گھوڑے کی پیشانی کی ہڈی اٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ہوتی ہیں۔کتاب۔کشتی کی میخ۔سردار۔کہا جاتا ہے "نَفَّتْ او صَاحَتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِهٖ" یعنی

لئے۔)
العِشْرَة: صحبت۔ مخالفت۔
العَاشِر: فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اونٹ ج عُشَّر: مؤنث عَاشِرَة ج عَوَاشِر. العَوَاشِر: پرندے کے اگلے بڑے پُر۔
العَشُوْرَیٰ والعَاشُوْر والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرَیٰ: محرم کی دسویں تاریخ۔
العَشَّار: دسواں حصہ وصول کرنے والا۔
العُشَرَاء. مِنَ النُّوْقِ: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اونٹنی ج عِشَار وعُشَرَاوَات یا وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔
العُشَرَاءُ والعُوَبْشُرَاءُ: گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے "جَاؤُوا عُشَارَا ومَعْشَرَ" یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔)
ثَوْبٌ عُشَارِيّ: دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ: دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة.
عُشَارَة: دسواں حصہ۔
الاعْشَارِي. اَعْشَار: جمع عشر: کی طرف منسوب۔
العَشِيْر: قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ج عُشَرَاء.
العَشِيْر: دسواں حصہ۔ ج اَعْشِرَاء.
العَشِيْرَة: قبیلہ۔ عَشِيْرَةُ الرَّجُلِ: برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔ ج عَشَائِر. وعَشِيْرَات.
الاعْشَر: بے وقوف۔
المَعْشَر: جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن۔ انسان ج مَعَاشِر.
المِعْشَار: دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَار: بہت دودھ والی اونٹنی۔
اَلْعُشْرِي: (ع ح) وہ عدد جو جزء صحیح یا صفر سے بنایا گیا ہو۔ جز عشری: ۱/۳، ۲/۳، ۱۴۵۔
اَلْكَسْرُ الْعُشْرِي: اس کی صورت صحیح عدد جس کا مخرج ۱۰ یا ۱۰ کے قوی میں سے کوئی ہو مثلاً: (۱۰/۴، ۱۰۰۰/۱) اس کو عشاری نظام سے لکھنا بھی ممکن ہے۔
اَلْعُشَرِيَّة: ایک درخت جس کے پھول کے دس اجزاء ہوتے ہیں شمالی امریکہ میں ہوتا ہے۔
اَلْعُشَرُ وَاحِد عُشَرَةٌ: ایک درخت کی قسم جس سے گوند کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔
العَشَارِب والعَشَرَّب: شیر رَجُلٌ عَشَارِب: دلیر مرد۔
عَشِزَ (ض) عَشَزَانًا: کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا..... عَلٰى عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔
العَشُوْز: دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (..... والعَشَوَّز) مضبوط۔ قوی۔ مونا۔
عَشِقَه (س) عِشْقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا: بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔
صفت مذکر عَاشِق: ج عُشَّاق وعَاشِقُوْن: صفت مؤنث عَاشِقَةٌ وعَاشِقٌ ج عَوَاشِق
عَشِقَ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔
تَعَشَّقَ: تکلف عاشق بننا..... ہ: بہت محبت کرنا۔
العِشْق: محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔
العَشْقَة: عشق۔ ہیجان۔ ہیلو۔ ج عَشْق.
العَشِيْق: عاشق۔ معشوق۔ العَشِيْقَ والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق.
العَشَّاق والعِشِّيق: بہت زیادہ عشق والا۔
عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُوْمًا وتَعَشَّمَ الشَّيْءُ: خشک ہونا۔
العَشَم: لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔
العَشَمَة: لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت۔ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "شَيْخٌ عَشَمَةٌ وعَجُوْزٌ عَشَمَةٌ". خُبْزٌ عَيْشَمٌ: خشک یا خراب شدہ روٹی۔
الاعْشَم: دوملوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء.
عَشَنَ (ن) عَشْنًا واعْشَنَ وعَشَّنَ واعْشَنَّ: رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْشَنَّ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔
العُشَان والعُشَانَة: گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔
عَشَا يَعْشُو عَشْوًا: رتوندوالے کی طرح کام کرنا..... الإِبِلَ: اونٹوں کو رات میں چرانا۔
الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا..... ہ والَيْهِ: قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا..... عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (..... عَشْوًا وعَشْيًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا (..... عَشْوًا وعُشُوًّا) النَّارَ والَى النَّارِ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا (..... عَشْوًا وعَشْيَ يَعْشَى عَشًا) نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ واعْشَى. عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْيَان.
عَشِيَ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ عَشِيَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِيَةٌ ج عَوَاشٍ.
عَشَّى تَعْشِيَةً. الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا..... الطَّيْرَ: آگ روشن کر کے اندھا بنا کر شکار کرنا..... عَنِ الشَّيْءِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا..... الإِبِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔
اَعْشَى إِعْشَاءُ الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھانا..... اللّٰهُ الرَّجُلَ: رتوندی میں مبتلا کر دینا۔
تَعَشَّى: رات کا کھانا کھانا۔
تَعَاشَى: رتوندی والا ظاہر کرنا۔
عُنْهُ: جاہل بننا۔
اِعْتَشَى اِعْتِشَاءً: عشاء کے وقت چلنا..... النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔
اِسْتَعْشَى اِسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا..... الرَّجُلَ: متحیر پانا۔

البِيدِ ومَعامِيَها" یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔
عَسِقَ (س) عَسَقًا وتَعَسَّقَ بِهِ: چمٹنا۔
عَلَيْهِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
العَسَق: تنگ خوئی۔ اول رات کی تاریکی۔
العَسِيقَة: ردی شراب۔
عَسْقَل. السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
عَسْقَلان: شام کے ساحل پر ایک شہر۔
العَرَاس: سر کا اوپر کا حصہ۔
العَسْقَل: سانپ کی چھتری۔ ج عَسَاقِل.
العَسَاقِل والعَسَاقِيل: سراب۔ متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔
عَسِكَ (س) عَسَكًا بِهِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَعَسَّكَ. الرَّجُلُ فِي مَشْيِهِ: مٹک کر چلنا۔
عَسْكَرَ القَوْمُ: جمع ہونا۔ اللَّيْلُ: تاریکی زیادہ ہونا۔ الشَّيْءُ: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْكَر کہتے ہیں۔
العَسْكَر: جمع۔ لشکر ج عَسَاكِر: ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ عَنْهُ عَسَاكِرُ الهَمِّ" غم کی کثرت اس سے دور ہو گئی۔
العَسْكَرَة: سخت وخشک سالی۔
عَسَلَ (ن ض) عَسْلاً وعَسَّلَ الطَّعَامَ: کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَّلَ وعَسَّلَ القَوْمَ: شہد کا کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔ عَسَّلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسَلَ الشَّيْءُ: شہد جیسا ہونا۔ عَسَلَ النَّائِمُ: اونگھنا۔
عَسَلَ (ض) عَسَلاً وعُسُولاً وعَسَلاَنًا: الرُّمْحُ: زیادہ حرکت کرنا۔ المَرْأَةُ: جماع کرنا۔
عَسَلَ (ن) عَسَلاً وعَسَلاَنًا المَاءُ: ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
اِسْتَعْسَلَ: شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے عَسَلاً لَهُ: بمعنی تَعْسًا لَهُ یعنی اس کے لئے ہلاکت ہو۔

العَسَل: شہد (مذکر ومؤنث) ج أَعْسَال وعُسُل وعُسُول وعُسْلان: تھوڑے سے کو عَسَلَة: کہتے ہیں۔ العَسَل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِفُلاَنٍ مَضْرَبُ عَسَلَةٍ" یعنی فلاں کے لئے نسب نہیں۔ "مَا تَرَكَ لَهُ مَضْرِبَ عَسَلَةٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔
أَبُو عُسَلَة: بھیڑیا۔
العَسَلِيُّ: شہد کے رنگ کا۔
العَاسِل: فا (..... والعَسُول) نیکوکار جس کی ثنا وصفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُل.
العَاسِل: شہد نکالنے والا ج عُسَّل وعَوَاسِل: بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُولٌ: نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
العَسَّال: بمعنی العَاسِل.
خَلِيَّةٌ عَاسِلَةٌ: چھتہ مع شہد کے۔
العَسَّالَة: چھتہ۔
العَسَّالَة: شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔
العَسِيل: عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے۔ ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل.
المَعْسَلَة والمُعْسُلَة: شہد کا چھتہ۔
المَعْسُول: مفع۔ رَجُلٌ مَعْسُول: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُولُ المَوَاعِيد: سچے وعدے۔
عَسْلَجَ. الشَّجَرُ: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسْلُج: نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِيج.
العُسْلُوج: نرم ٹہنیاں ج عَسَالِيج.
عَسْلَطَ: غیر مربوط کلام بولنا۔
كَلاَمٌ مُعَسْلَطٌ: غیر مربوط گفتگو۔
العَسْلَق: سراب۔ بھیڑیا۔ شیر۔ نر شتر مرغ۔ ہر شکاری درندہ۔ بدخصلت۔ چست چالاک۔ دراز گردن۔ اومڑی۔ ج عَسَالِق.

عَسَمَ (ض) عَسْمًا وعُسُومًا فِي الأَمْرِ: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا پھٹ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر أَعْسَم. صفت مؤنث عَسْمَاء.
أَعْسَمَ يَدَه: خشک کر دینا۔ أَعْسَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا سہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اِعْتَسَمَ: کمائی کرنا فُلاَنًا: کسی کو اس کے طمع کی چیز دینا۔
العَسُوم: بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔ ج عُسُم.
العَاسِم: بمعنی العَسُوم.
العَسْمَة والعَسُوم: خشک روٹی کے ٹکڑے
العُسُوم: قلت۔
المَعْسَم: جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مَالِكَ فِي بَنِي فُلاَنٍ مَعْسَمٌ".
عَسِنَ (س) عَسَنًا الكَلأُ فِي الدَّابَّةِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔
عَسِنَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ. الشَّيْءَ: پتہ نشان تلاش کرنا۔ أَبَاهُ: مشابہ ہونا)..... وأَعْسَنَ) المَكَانُ: کچھ سبزی اگانا۔
العَسَن: چربی۔ بالوں کی لمبائی وخوبصورتی مع سپیدی۔
العِسْن: مثل ونظیر (..... والعُسْن) چربی۔
العَسُون والأَعْسَن: موٹا۔ ج عُسْن.
أَعْسَانُ. الشَّيْءِ: نشان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى أَعْسَانِ مِنْ أَبِيهِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
العُسْنُج: نر شتر مرغ۔
عَسَا يَعْسُو عَسَاءً وعُسُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا..... اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَسَا يَعْسُو

العُزْلَة: جدائی۔ گوشہ نشینی۔
اَلْعَازِلُ: وہ مادہ جو بجلی اور گرمی کے داخل ہونے کو روکے۔
خشک لکڑی دونوں کو روکتی ہے اور شیشہ بجلی کو روکتا ہے۔
العُزُل: بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال.
الاَعْزَل: علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل۔ بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزال وعُزُل وعُزْلان: مؤنث عَزْلاء. الاَعْزَل مِنَ الدَّوَاب: دُم کو جھکا ہوا رکھنے والا..... مِنَ الطَّیْر: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو۔
الاَعْزَل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "زَامِح" ہے۔
العَزْلاء. الاَعْزَل: کا مؤنث۔ دیر۔ مشک کا منہ ج العَزَالِی والعَزَالَی: کہا جاتا ہے "اَعْزَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیَهَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید وجدا گانہ ہے۔
المُعْتَزِلَة والعُزَّال: قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعْزَال: علیحدہ چرانے والا۔ صبر میں علیحدہ اُترنے والا۔ خود رائے۔ بے ہتھیار۔ کمزور احمق۔ ج مَعَازِیل.
عَزْلَبَ عَزْلَبَةً: جماع کرنا۔
عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا ومَعْزِمًا وعَزِيمًا وعَزِيمَةً وعَزِيمَةً وعُزْمَانًا الاَمْرَ وعَلَيْهِ: پختہ ارادہ کرنا..... الرَّجُلُ: کوشش کرنا..... الاَمْرُ: واجب ہونا..... فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ: قسم دینا۔ کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَيْكَ لتفعلن الا فَعَلْتَ او لَمَا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (..... وعَزْمٌ) الرَّاقِي: منتر پڑھنا۔
اِعْتَزَمَهُ الامر وعَلَيْهِ: ارادہ کرنا.....
الطَّرِيق: بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا.....
الفَرَسُ فِي عِنَانِهِ: سرکشی کرنا۔
نَعْزَمَ. الاَمْرَ وعَلَى الاَمْرِ: ارادہ کرنا۔
العَزْم: پختہ ارادہ۔
العُزْمَة: خاندان۔ قبیلہ۔ ج عُزَم.
العَزِيمَة: حق۔ واجب ج عَزَائِم. عَزَائِم اللّٰه وعَزَائِمِ اللّٰه: اللہ کے حقوق وفرائض۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَزِيمَة" اس کے لئے ثابت وصبر نہیں۔
العَزُوم: کھلی بیچنے والا۔ وفادار۔ عہد کو پورا کرنے والا۔
اُمُّ العِزْم والعَزِيمَة واُمُّ عَزِيمَة: دُبر۔
العَزِيم: تیز دوڑ۔
العَزِيمَة: موکد ارادہ۔ منتر ج عَزَائِم.
العَازِم: فا۔ ج عَزَمَة وعَازِمُون. اَفَرّ عَازِمٌ: کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوم: ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا۔ بڑھیا۔ دُبر۔ ج عُزُم.
العَزَّام: صیغہ مبالغہ۔ شیر۔
المُعْزِم: فا۔ منتر پڑھنے والا۔
عَزَا يَعْزُو عَزْوًا. الشَّيْءَ او فُلَانًا اِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا (..... عَزَاءٌ) الرَّجُلُ: صبر کرنا۔
عَزَا يَعْزُو وعَزَوَ يَعْزِي وتَعَزَّى يَتَعَزَّى اِعْتَزَى اِعْتِزَاءً لِفُلَانٍ والَى فُلَانٍ: منسب ہونا۔ سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا۔ اسم (عَزَاء) ہے اور اسی سے ہے "اِعْتَزَوْا بِعَزَاءِ الجَاهِلِيَّة".
العِزْوَة: لوگوں کی جماعت ج عِزُوَ وعِزُوْن.
العُزُوَّة: انتساب۔ صبر۔
عَزَّى يُعَزِّي عَزْبًا الشَّيْءَ او فُلَانًا اِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا۔
عَزِيَ يَعْزَى عَزَاءً: مصیبت پر صبر کرنا صفت مذکر عَزٍ: صفت مؤنث عَزِيَّة.
عَزَّى تَعْزِيَةً. الرَّجُلَ: تسلی دینا۔
تَعَزَّى تَعَزِّيًا. اِلَيْهِ: منسوب ہونا..... عَنْهُ: صبر کرنا۔ تسلی حاصل کرنا۔
تَعَازَى تَعَازِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِيّ: صابر۔
العُزْبَة: انتساب۔
الاِعْتِزَاء: دعویٰ کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔
غَسَّ (ن) غَسًّا وغَسَسًا: رات میں پاسبانی میں پھرنا..... الخَبَرُ: دیر سے پہنچنا۔
غَسَّ. القَوْمَ: تھوڑا سا کھلانا۔
اِغْتَسَّ: رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔
الشَّيْءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا.....
البَلَد: شہر میں داخل ہونا اور احوال سے مطلع ہونا۔
العَسَس: رات کے چوکیدار۔ یہ جمع ہے غَاسٌّ کی۔
الغُسّ: بڑا پیالہ۔ بڑا برتن۔ ج عِسَاس وعِسَسَة واَعْسَاس وعُسُس.
الغَسَّاس: رات کا چوکیدار ج غَسَس وغُسُس.
الغَسَّاس: رات کا چوکیدار۔
اَلْغُسُوس: دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی۔ بے برکت مرد۔ شکار کو ڈھونڈنے والا۔
المَغَسّ: مطلب۔
اَغْسَبَ. الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا بھاگنا۔
اَغْسَبَهُ جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر دینا۔
اِسْتَغْسَبَ مِنْهُ: ناپسند کرنا..... فُلَانًا جَمَلَهُ: اُونٹ عاریت پر لینا۔
العَسَب: نسل۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ اللّٰهُ عَسَبَهُ اللّٰهُ اس کی نسل کو منقطع کر دے۔
العَسَبَة: اسم مرۃ۔ پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوب: رئیس اعظم۔
الغَسِيب: دُم کی ہڈی یا اس پر بال اُگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دُور کر دیئے گئے ہوں۔ پہاڑ کا شگاف۔ ج عُسُب وعُسُب وعُسْبَان.
العُسُوب: شہد کی نر مکھی۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ العَسُوب: رئیس اعظم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَسُوبُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا

.....مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِیْن.

العِرْنَاس: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کی مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام (عُرْنُوس) کہتے ہیں ج عَرَانِیْس.

عَرَا یَعْرُو عَرْوًا. فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کے لئے قصد کرنا۔ صفت فاعلی عار اور صفت مفعولی مَعْرُوٌ..... القَمِیْصَ: کرتے میں کاج بنانا (..... وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاةٌ اور مَعْرُوٌّ. وعُرِیَ الرَّجُلُ: خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَیٰ وعَرَّیٰ القَمِیْصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَیٰ صَاحِبَهٗ: چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَیٰ اِعْتِرَاءً. فُلَانًا: عطیہ مانگنے کے لئے جانا۔ اِعْتَرَاهُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔

العِرْو: گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاء: کہا جاتا ہے "اَنَا عِرْوٌ مِنْ کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِهَا اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرْوَاء: بخار کی سردی۔

العُرْوَةُ مِنَ الْاِبْرِیْقِ ونَحْوِهٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَة والعُرْیٰ والعِرْیٰ: کاج۔

العُرْوَة: گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَةٌ مِنْهُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقٰی اِلَیْهِ العُرْیٰ" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعْرٰی عُرْیَةً وعُرْیًا مِنْ ثِیَابِهٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ج عُرَاة: صفت مؤنث عَارِیَةٌ وعُرْیَانَةٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَات. عَرِیَ مِنَ العَیْبِ وغَیْرِهٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (جَمَلٌ عَرٍ: خارش زدہ اونٹ)۔

(.....عُرِیَ) اللَّیْلَةُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاهُ یَعْرِیْهِ عُرْیًا. الاَمْرُ: پیش آنا۔

عَرَّیٰ تَعْرِیَةَ الرَّجُلِ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا..... هُ مِنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا..... الرَّجُلُ: بے کار کر دینا۔ چھوڑ دینا..... الشَّیْءَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاهُ بِعُرًی وَثِیْقَةٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرَی اِعْرَاءَ الرَّجُلِ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ: ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا..... فُلَانًا النَّخْلَةَ: کسی کو ایک سال کے لئے پھل ہبہ کرنا..... فُلَانًا صَدِیْقَهٗ: دور ہونا اور مدد نہ کرنا..... الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّیٰ تَعَرِّیًا مِنْ ثِیَابِهٖ: کپڑے اُتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعْتَرَیٰ اِعْتِرَاءً: تنہا سفر کرنا..... الفَرَسُ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا..... اَمْرًا قَبِیْحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَیٰ: گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاء: کھلا میدان۔ ج اَعْرَاء.

العَرَاة: میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا۔ ج اَعْرَاء.

الاَعْرَاء: آزاد و لاپروا لوگ۔ واحد عُرِیٌّ.

العُرْبَة والعِرْبَة: ننگا پن۔

العَارِیَة: اُدھار لی ہوئی چیز۔

العُرْبَان: ننگا۔ عُرْبَانُ النَّجِیِّ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

عُرْیَانَاتُ البُرُوْرِ: (ن) بیج سے خالی پودے جیسے صنوبر کے درخت۔

العَرِیُّ: ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّة: ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کے لئے دے دیا ہو۔ ج عَرَایَا کہا جاتا ہے "نَخْلُهُمْ عَرَایَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کے لئے دے دیتے ہیں۔

المَعْرَیٰ والمَعْرَاة: ننگا پن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ، چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ. المِعْرَاة: پنجر مقامات۔ بچھونے۔

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّةً وعَزَازَةً: عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا..... الشَّیْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا..... المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیْهِ عِزًّا: کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّهٗ (ن) عَزًّا: قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَهٗ: مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَازَّهٗ مُعَازَّةً: حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔

اَعَزَّهٗ اِعْزَازًا: عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ البَقَرَةُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعَزَّنِیْ بِمَا اَصَابَکَ" جو کچھ تم پر گزرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

اِعْتَزَّ: قوی ہونا..... بِهٖ: اپنے آپ کو طاقتور، قوی سمجھنا۔ فخر کرنا..... عَلٰی فُلَانٍ بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔

تَعَزَّزَ: قوی ہونا..... بِهٖ: فخر کرنا..... لَحْمُهٗ: سخت اور ٹھوس ہونا۔

اِسْتَعَزَّ. عَلَیْهِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا۔

..... اللّٰهُ بِفُلَانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِحَقِنٍ" یعنی میرے اوپر غالب آ گیا "واُسْتُعِزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آ گئی۔

العِزُّ: عزت۔ سخت بارش۔

رَجُلٌ عَزٌّ: قوی۔ کہا جاتا ہے "جِئْنِیْ بِهٖ عَزَّ اَبْزَّ" اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔

العَزَّة: ہرن کا مادہ بچہ۔

العِزَّة: حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔

عَرِقَ (ن) عَرَقًا ومَعْرَقًا. العَظْمَ: ہڈی پر سے سارا گوشت کھالینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا..... الطَّرِيْقَ: قطع مسافت کرنا (..... عَرْقًا وعُرُوْقًا) فِي الأَرْضِ: سفر کرنا۔

عُرِقَ عَرَقًا: دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا۔

عَرِقَ (س) عَرَقًا: پسینہ آنا۔ عَرَقَانُ..... الحَائِطُ: دیوار کا تر ہونا..... الرَّجُلُ: کاہل ہونا۔

عَرَّقَ: پسینہ لانا۔ عَرَّقَ وأَعْرَقَ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ وأَعْرَقَ الخَمْرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ وأَعْرَقَ الإِنَاءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ أَعْرَقَ الرَّجُلُ: عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔

إِعْرَوْرَقَ. الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا..... العَظْمَ: ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھالینا..... القَوْمُ: عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوْبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔

إِسْتَعْرَقَ: پسینہ لانے کے لئے گرمی کے درپے ہونا..... الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔

العُرْقُ: ہڈی جس پر سے گوشت اتار لیا گیا ہو۔ ج عِرَاق وعُرَاق.

العِرْقُ: ہر چیز کا اصل..... مِنَ البَدَنِ: رگ بدن۔ دشوار گزار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج عُرُوْق وأَعْرَاق وعِرَاق. دَاءُ عِرْقِ النَّسَاءِ: وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔

العَرَقُ: مص۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اس لئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے جَرَى الفَرَسُ عَرَقًا او عَرَقَيْنِ: گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا..... مِنَ التَّمْرِ: کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ: دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ" و "تَجَشَّمْتُ إِلَيْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی جیسے کہ مشک کا اٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العُرْقِيَّةُ: عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العُرِقُ والعُرُقَّةُ: بہت پسینہ والا۔

العُرْقَةُ: اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔

العِرْقَةُ: اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج عِرَق وعِرْقَات.

العُرْقَاةُ والعِرْقَاةُ: اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العُرْقَاةُ والعَرْقَوَةُ: ڈول کے منہ کی لکڑی ج العَرَاقِي.

العَرَقَةُ: دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار۔ گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھنی۔ خیمہ کے اردگرد کا پھندنا ج عَرَق وعَرَقَات.

العَرِيْقُ والمُعْرِقُ: خاندانی شرافت یا کمینگی۔ غُلَامٌ عَرِيْقٌ: دبلا لڑکا (..... والأَعْرَقُ) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَعْرَقُ مِنْكَ فِي كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے۔

العِرَاقُ: طول میں سمندر کا کنارہ۔ پرکا جوف..... مِنَ الدَّارِ: گھر کا صحن..... مِنَ الظُّفُرِ: ناخن کے اردگرد گوشت..... مِنَ الأُذُنِ: کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ: ندی کا کنارہ ج أَعْرِقَة وعُرُق وعُرُوْق والعِرَاق: ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔

العِرَاقَانِ: کوفہ وبصرہ۔

العُرَاق: ہڈی جس کا گوشت کھالیا گیا ہو۔

كَثِيْرُ العُرَاقِ. عُرَاقُ الغَيْثِ: بارش کے بعد روئیدگی۔

العُرَاقَةُ: کثیر بارش۔

العَرَارِقُ: داڑھیں۔

المِعْرَقُ: چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اتارا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوْقُ العِظَامِ: دبلا۔

عَرْقَبَ. الرَّجُلُ: حیلہ کرنا..... الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لئے کونچیں اٹھانا۔

تَعَرْقَبَ: حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوْب) ..... عَنِ الأَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا..... لِخَصْمِهِ: دشمن کے لئے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوْبُ: کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ۔ ج عَرَاقِيْب وعَرَاقِيْبُ الأُمُوْرِ: مشکل کام۔ عُرْقُوْب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ: توسط سے ہٹ جانا..... الأَمْرَ: دشوار کردینا..... عَلَيْهِ الكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ الأَمْرُ: پیچیدہ ہونا..... الكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَالُ: گمراہ۔ کج رو۔

العُرْقُلُ: انڈے کی زردی۔

العَرَاقِيْلُ: مصیبتیں۔ عَرَاقِيْلُ الأُمُوْرِ: دشوار امور۔

العُرْقَلَى: ناز وتبختر کی چال۔

عَرَكَ (ن) عَرْكًا. الأَدِيْمَ: چمڑے کو ملنا۔ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا..... الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹا دینا..... المَاشِيَةُ النَّبَاتَ: جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا..... المَاشِيَةُ الأَرْضَ: چارے سے خالی کر

جانب۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ إِلَيْهِ عَنْ عُرْضٍ وَكَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ" گوشۂ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ وَخَرَجُوْا يَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ یعنی نکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ وَاضْرِبْ بِهٖ عُرْضَ الْحَائِطِ یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وَهُوَ مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض: متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْأَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت ..... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اعراض کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة: پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العَرْضَة: ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلْكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے و "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

العُرُضِّي: جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔

مِنَ الإِبِلِ: سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض: جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الْحَدِيْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض۔

العُرَاض والعُرُض: چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض: کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِبُض: وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوْض: اشعار کا وزن۔ مصرعۂ اولیٰ کا جزء اخیر۔ سرکش اونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج أَعَارِيض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ۔ مِنَ الْكَلَامِ: مضمون۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْمَسْأَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوْضِي: علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض: فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ۔ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَة: مؤنث العَارِض: دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں۔ پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج عَوَارِض. العَوَارِض: مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔ العَارِضَة: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

العَرِيْض: چوڑا۔ ج عِرَاض. دعاءٌ عَرِيْض: بہت زیادہ دعا "هُوَ عَرِيْضُ الْبَطْنِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔

العَرِيْض: خصی بکرا۔

العَرِيْضَة: مؤنث العَرِيْض: کیفیت کا پیش کرنا۔

العَرِيْض فِي الْكَلَامِ: دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا۔

المِعْرَاض: توریہ کرنا ..... مِنَ الْكَلَامِ: مضمون بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو ج مَعَارِيض.

المَعْرِض: پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرْتُهُ فِيْ مَعْرِضِ كَذَا".

المِعْرَض: دلہن کی شب عروسی کا کپڑا .....

الكَلَام المُعَرَّض: مبہم کلام۔ ج مَعَارِض

ومَعَارِيض: کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي الْمَعَارِيْضِ ..... لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْكَذِبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

المَعْرُوْض: حکام کے سامنے پیش کرنے کی عرضی۔

عَرَطَ (ن) عَرْطًا واعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔

عِرْبِطٌ و أُمُّ عِرْبِطٍ وأُمُّ العِرْبِطِ: بچھو۔

العَرْطَبِيْثَا: ایک درخت کی جڑ جس کا نام بجوز مریم ہے۔

عَرْعَرَ. الفَارُوْرَة: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا ..... العَيْن: آنکھ پھوڑ دینا۔

العَرْعَر: سرو کے مانند ایک درخت۔ واحد عَرْعَرَة.

العُرْعُر: بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ عُرْعُرَه" یعنی بدخلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔

العُرْعُرَة والعَرْعَرَة: شیشی۔ بوتل کی ڈاٹ۔ عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی ج عَرَاعِر.

العُرَاعِر: شریف۔ سردار ..... مِنَ الإِبِلِ: موٹا اونٹ۔ ج عَرَاعِر. العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔

العَارُوْرَة: منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اونٹ۔

العَرْعَر: صنوبر کی قسم کا ایک درخت۔ جس کے پھل پھل والے مشروبات میں استعمال ہوتے ہیں۔ العرعر الكادي: اس کی لکڑی سے سیاہ تیل جلدی امراض کے لئے نکالا جاتا ہے۔

عَرَفَ (ض) عِرْفَةً وعِرْفَانًا وعِرِفَانًا ومَعْرِفَةً الشَّيْءَ: پہچاننا۔ جاننا ..... بِذَنْبِهٖ: اقرار کرنا ..... ہ: بدلہ دینا ..... لِلْأَمْرِ: صبر

عَارَزَ وتَعَارَزَ الشَّیْءُ: سکڑنا۔
اَعْرَزَ. الشَّیْءَ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تَعَرَّزَ. عَلَیْہِ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ. الشَّیْءُ: سکڑنا..... الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
العِرْزَال: شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لئے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمبی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قُـــوْمٌ عَرَازِیْل: چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم: پرانا سانپ۔
العِرْزَم والعُرْزِم والعِرْزَام: شیر۔
عَرُسَ: (ن) عَـرْسًـا: خوشی میں رہنا..... عُنْہُ: پھر جانا (..... عَرْسًا وعُرُسًا): جماع کرنا۔
عَرَسَ: (ن ص) عَرْسًا. البَعِیْرُ: اُونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ: (س) عَـرَسًـا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ ..... بِہٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا..... مِنْہُ: بے خود ہونا۔ صفت عَـرِسٌ..... الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ الشَّرُّ بَیْنَھُمْ: ہمیشہ رہنا..... عَنْہُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا..... عَلٰی مَا عِنْدَہٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
اَعْرَسَ: دلہن لانا..... الشَّیْءُ: لازم ہونا اور محبت کرنا..... الرَّجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کے لئے رکھنا..... بِاَھْلِہٖ: جماع کرنا (..... وعَـرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لئے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِاَمْرَاَتِہٖ: فریفتہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القَوْمُ عَنْہُ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
العُرْسُ: مص۔ رسی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (..... والعُرُس): چھوٹا بچہ اُونٹ کا۔ ج اَعْرَاس.
العِرْس: دلہن۔ عِرْسُ المَرْاَۃِ: دولہا۔ ج اَعْرَاس. اِبْن عِرْس: نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْسٍ: (مذکر ومؤنث دونوں کے لئے)

العُرْس والعُرُس: زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج اَعْرَاس وعُرُسَات.
العِـرَاس: رسی جس سے اُونٹ کو باندھا جائے۔
العُـرُوْس: دلہا دلہن۔ جمع کے لئے بولا جاتا ہے "ھُمْ عُرُسٌ وھُنَّ عَرَائِسُ" اور القباس کے دفع کرنے کے لئے عورت پر عُرُوْسَۃ کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس.
العَرِیْس عِنْدَ المُوَلِّدِیْنَ: دلہن۔
العُرَیْس والعُرَیْسَۃ: شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس والمِعْرَس والمُعْرِس: اُونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعْرَس والمُعْرَس: آخر رات میں آرام لینے کے لئے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ: (ن ض) عَرْشًا: لکڑی کا مکان بنانا..... البَیْتُ: گھر بنانا..... العَرْشَ: چھت بنانا۔ تخت بنانا..... البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (..... عَرْشًا وعُرُوْشًا) الکَرْم: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھنا۔
الکَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔
عَرُشَ (ص) عُرُوْشًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
عَرِشَ: (س) عَرَشًا وعَرْشًا: متحیر ہونا۔ بِغُرَیْمِہٖ: سخت پکڑنا۔ عَنْہُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عَرَّشَ الکَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔
البَیْتَ: چھت بلند کرنا..... الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (..... واَعْرَشَ): ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔
تَعَرَّشَ وتَعَرْوَشَ بِالْاَمْرِ: چمٹا رہنا..... بِالمَکَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَۃَ: سوار ہونا۔
اِعْتَرَشَ: ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَالِی عَلَی الخَشَبِ: انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا..... واِعْرَوْرَشَ) الدَّابَۃَ: سوار ہونا۔
العَرْش: تخت شاہی۔ العَرْش: کسی چیز کا رکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُـلَّ عَرْشُہٗ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ العَرْشُ مِنَ البَیْتِ: چھت۔ مِنَ القَوْمِ: رئیس۔ سردار۔ العَرْش: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِر: گھونسلہ۔
عَرْشُ الکَرْم: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش وعُرُوْش وعُرُش وعُرْشَۃ.
العَرِیْش: جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (..... والعَرِیْشَۃ): پالکی۔
عَرَصَ: (ض) عَرْصًـا وعُرُوْصًا: (س) عَرَصًـا البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرُوْص..... الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔
عَرَّصَ البَعِیْرَ: اُونٹ سدھالینا..... اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کے لئے ڈالنا۔
اُعْرُوْصَ الشَّیْءُ: مضطرب ہونا۔
تَعَرَّصَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
اِعْتَرَصَ. الغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا..... الجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا..... البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا..... الرَّجُلُ: اُچھلنا۔ کودنا۔
العَرْصَۃ: گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِـرَاص واَعْـرَاص وعَرَصَاتٍ.
العَـرَّاص: بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔
المِعْرَاص: نیا چاند۔
عَرْصَفَہٗ. عَرْصَفَۃً: کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔
العُرْصُوْف والعِرْصَاف: بالان کی مُیخ۔ ج عَرَاصِیْف. العِرْصَاف: پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔
العَرْصَمُ: بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔
العِـرْصِـمُّ: لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر (..... العِرْصَام والعُرَاصِم) شیر۔

کاٹ کھانا..... الرَّجُلُ: اپنے آپ سے دفع کرنا..... ۵: ملامت کرنا۔
عَذِمَ: (س) عَذِمًا: گالی دینا۔
اَعْذَمَهٗ عَنْ نَفْسِهٖ: روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوْم: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم.
العَذَّام: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِیمَة: ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت ج عَذَائِم.
عَذَا یَعْذُ وعَذُوَّا وعَذِیَ یَعْذَی عَذًی وعَذُوَ یَعْذُو عَذَاوَةً المَکَانُ: اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دُور ہونا۔
اِسْتَعْذَیَ المَکَانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِبَةٌ وعَذِبَةٌ وعَذِبَّةٌ وعَذَاةٌ: عمدہ آب وہوا والی زمین۔
العِذْیُ: کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ ج اعذاء.
عَرَّ: (ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرُّ وعَارٌّ ومَعْرُوْر.
عَرَّهٗ: (ن) عَرًّا: غمگین ہونا۔ سائل بن کر آنا۔ عَرَّهٗ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا(..... وعَرَّ) الاَرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ: (ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً وعِرَارًا الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔
اَعَرَّتِ الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ: نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهٗ واِعْتَرَّبِهٖ اِعْتِرَارًا: بغیر سوال کے بخشش کے لئے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرْبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُوْر والعَارُوْرَة: منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرّ والعُرُوْر: خارش۔
العَرّ: خارش۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة: اسم مرۃ۔ مؤنث العَرّ: جنگ کی سختی۔ بُری عادت۔ عیب۔
العُرّ: خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة: خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔
الاَعَرّ: خارشی مردیا اُونٹ۔ مؤنث عَرْاء: ج عُرّ. العَرَّاءُ: لڑکی۔
العِرار: ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ چشم ہے جنگلی نرگس۔ واحد عَرَارَة.
العَرَارَة: قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرَار: گناہ۔ قصور۔
العَرَارَة: ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بدخلقی۔
العَرِیر: اجنبی۔
المَعَرَّة: گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔ قصور۔ عیب۔ امر قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَیْشِ: لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرّ: فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ: (ک) عُرُوْبَةً وعُرُوْبِیَّةً وعَرَابَةً وعَرْبًا وعُرُوْبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح عربی ہونا۔
عَرِبَ: (س) عَرَبًا: بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا..... المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا..... الجُرْحُ: سوجنا اور پیپ والا ہونا..... البِئْرُ: کنوئیں میں پانی بہت ہونا..... الرَّجُلُ: لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ: (ض) عَرْبًا. الطَّعَامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا..... الکِتَابَ ونَحْوَهٗ: عربی میں ترجمہ کرنا..... عَلَیْهِ فِعْلَهٗ: قباحت بتانا..... قَوْلَهٗ: رد کر دینا عَنْهُ لِسَانُهٗ: فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا..... عَنْ صَاحِبِهٖ: اپنے صاحب کی طرف سے بولنا اور حجت بیان کرنا..... الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا۔ المُشْتَرِی: بیعانہ دینا..... الرَّجُلُ: فصیح بات بولنا..... بِحُجَّتِهٖ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا..... الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا۔
اَعْرَبَ. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا..... عَنْ حَاجَتِهٖ: صاف بیان کرنا..... کَلَامَهٗ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا..... بِالْکَلَامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِهٖ: عمدہ دلیل لانا..... الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا..... الکَلِمَةَ: اعراب لگانا..... الفَرَسَ: دوڑانا..... الفَرَسَ العَرَبِیَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا۔ اَعْرَبَ الرَّجُلُ: اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا..... المُشْتَرِی: بیعانہ دینا..... الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ: اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا اور اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ: عربوں میں داخل ہو جانا۔ قبیح بات بولنا۔
العُرْب والعَرَب: باشندگانِ ملک عرب۔ ج اَعْرُب وعُرُوْب.
العُرُبُ والعَرْبَاء والعَارِبَة والعَرِبَة والعَرَبِیَّة: خالص عربی لوگ اور لفظ عرب اس موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُتَعَرِّبَة والمُسْتَعْرِبَة: غیر ملکی لوگ جو عرب میں آ کر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرَابَة والعِرَابَة: فحش وبدگوئی۔
العَرَب والعَرِب. مِنَ المَاءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عَرِب: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَةٌ عَرِبَةٌ: فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرْبَان: فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرَبَانِیُّ اللِّسَان: فصیح مرد۔
العَرَبِی: خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے ملک میں ہو۔
العَرَبِیَّة: مؤنث العَرَبِی. اللُّغَةُ العَرَبِیَّة: عربی زبان۔

درمیان۔
العِذْو والعِذَاء والعِذَیٰ: چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔
العِدَیٰ والعَدَیٰ: جانب ج اَعْدَاء۔
العِدَیٰ: اَعْدَاء: جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دُور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَیٰ: عدد کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔
العُدْوَیٰ: فساد۔ امراض متعدیہ۔
العَدَاوَۃ: دشمنی۔ دوری۔
العُدْوَۃ: دور جگہ (..... والعَدْوَۃ والعِدْوَۃ): بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء وعِدَوَات۔
العَدْوَۃ: ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَوَاء: سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت۔ عُدَوَاء الشَّوْق: شدائد و تکالیف۔ شوق۔ عُدَوَاء الشُّغْل: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہوگئی۔
العُدْوَان: خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَيَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
العَدَّوَان: تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوعَدَوَان: لاگو بھیڑیا۔
العَدَّاء: تیز دوڑنے والا۔
عَدِيّ: نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل وقتال کے لئے تیار ہو۔
العَدُوّ: دشمن۔ ج اَعْدَاء ج اَعَادٍ۔
العَادِي: قا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَادِي العَوَادِي: بہت ضروری امور جو دوسرے امور سے باز رکھیں ج عُدَاة۔ عَادِيَا اللَّوْح: تختی کے دونوں طرف۔
العَادِيَة: مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل وقتال کے لئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزیٔ غضب۔ عَادِيَةُ السَّمِّ: زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "زَعَبَتْ عَنْكَ عَادِيَةَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان دور کر دیا ج عَوَادٍ۔ عَوَادِي الدَّهْرِ: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذَا عَوَادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔
المَعْدَیٰ: گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِيَ عَنْ فُلَانٍ مَعْدَى" میرے لئے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔
عَذَبَ: (ض) عَذْبًا: سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوب وعَاذِب..... عَنْهُ: باز رہنا..... ہ: منع کرنا۔
عَذَبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔
عَذِبَ: (س) عَذَبًا الْمَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب۔
عَذُبَ: (ک) عَذُوبَةً واعْذَوْذَبَ الشَّرَابُ: میٹھا وخوشگوار ہونا۔
اَعْذَبَ: میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا..... القَوْمُ: میٹھے پانی والا ہونا۔ اللّٰهُ الْمَاءَ: میٹھا پانی کر دینا..... عَنْهُ: باز رہنا۔ ہ عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَعْذِبْ نَفْسَكَ عَنْ كَذَا" اپنے نفس کو اس سے روکو۔
عَذَّبَهُ: عذاب دینا۔ عَذَّبَهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّيْءَ: روکنا۔
اِعْتَذَبَ: عمامے کے دو شملے لٹکانا۔
اِسْتَعْذَبَ. الشَّيْءَ: میٹھا وخوشگوار پانا۔ میٹھا وخوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ الْمَاءَ" میٹھا پانی لانے کے لئے گیا..... عَنْ كَذَا: باز رہنا۔
العَذْب: مص۔ خوشگوار کھانا پانی۔ مَاءٌ عَذْبٌ: میٹھا پانی۔ العَذَب: ایک قسم کا درخت۔
العَذَب: مص۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَة۔
العَذَبَة: تنکا (..... والعَذْبَة والعِذْبَة): کائی

ج عَذَبَات۔
العَاذِب: فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔
مِنَ الدَّوَابِّ: وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب۔
العَذُوب: بمعنی عَاذِب..... مِنَ الدَّوَابِّ: شدتِ پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔
العَذَاب: ہر وہ جو انسان کے لئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج اَعْذِبَة۔
عَذَجَ: (ض) عَذْجًا. الْمَاءَ: پانی پینا..... فلانًا: گالی دینا۔
المِعْذَج: غیرت مند۔ بدخلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔
عَذَرَهُ: (ض) عُذْرًا وعُذْرًا وعُذْرَىٰ ومَعْذِرَةً عَلَى او فِي مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔
عَذَرَ: (ض) عَذْرًا وعُذْرًا: گناہ زیادہ ہونا (..... عَذْرًا) الْغُلَامَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔
عَذَرَ: (ض ن) عُذْرًا وعُذْرًا. الْفَرَسَ بِالعِذَارِ: پوزی لگانا۔ باگ ڈور سے باندھنا..... الصَّبِيَّ الْعَاذُورُ: حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔
عُذِرَ الصَّبِيُّ: حلق کا درد لاحق ہونا۔
عَذَّرَ: عذر ثابت نہ ہونا..... ہ: عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عَذَّرَ الْغُلَامَ: لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اُگنا۔ مسیں بھیگنا..... الدَّارَ: نشانات مٹانا..... فِي الأَمْرِ: کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔
اَعْذَرَ فِي او عَلَى مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا..... الرَّجُلُ: عذر ظاہر کرنا..... مِنْ نَفْسِهِ: بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا..... فِي الأَمْرِ: کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا..... الفَرَسَ: پوزی باندھنا باگ ڈور باندھنا..... الْغُلَامَ: لڑکے کا ختنہ کرنا..... ہ فِي ظَهْرِهِ: مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتَّى اَعْذَرَ

ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ عُدَّتَہ" معاملے کے لئے سامان کو لے لیا ج عُدَدَ (..... والعُدُّ): مہانے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
العُدَّان والعِدَّان: کسی چیز کا زمانہ وموسم یا زمانے کا اول وبہتر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ عُدَّانِ الشَّبَابِ وعَلٰی عِدَّانِ مِلَکِہٖ" ج عَدَادِیْن.
العَدَدِیّ: عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔
العَدِیْد: شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَکْثَرَ عَدِیْدَھُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہِ الدَّرَاھِمُ عَدِیْدُ ھٰذِہٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ العَدِیْد مِنَ القَوْمِ: جو قوم میں شمار کیا جائے اَیَّامٌ عَدِیْدَۃٌ: چند دن ج عَدَائِد العَدَائِد: بہت سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔
العَدِیْدَۃ: حصہ۔
المُعِدُّ: فا۔ پورے سامان والا۔
عَذَرَ: (ن) عَذْرًا وعُذْرَۃً: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔
عَبَرَ: (س) عَذْرًا واِعْتَذَرَ المَکَانُ: پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَذَرَ المَطَرُ: بکثرت برسنا۔
العَاذِر: فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
العَذَّار: ملاں۔
العَذْر والعُذْر: موسلا دھار کثیر بارش۔
عَذَسَہٗ: (ض) عَذْسًا: خدمت کرنا۔
عَذَسَ المَوَاشِیَ: جانوروں کو چرانا..... الشَّیْءَ: سخت روندنا (..... عَذْسًا وعَذَسَانًا وعِذَاسًا وعُذُوْسًا) فِی الاَرْضِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "عَذَسَتْ بِہِ المَنِیَّۃُ" موت اس کو لے گئی۔
عُذِسَ: پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْذُوْس.
عَاذَسَ. الرَّجُلُ: ہمیشہ سفر میں رہنا۔
العَذَس: مسور۔ واحد عَذَسَۃٌ العَذَسَۃ: پھنسی۔ العَذَسَۃ والعَذَسِیَّۃ عِنْدَ عُلَمَاءِ الطَّبِیْعَۃِ: شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلات نظر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَذَسٌ: خچر ہانکنے کے لئے اسم صوت۔ نام خچر۔
عَذَفَ: (ض) عَذْفًا وتَعْذَافًا: تھوڑا کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَذَفْتُ او مَا تَعَذَّفْتُ الیَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔ چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَذَفَ. الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
العَذْف: تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا اجارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْنَا عَذْفًا وعَذَفًا وعُذَافًا وعَذُوْفًا وعَذُوْفَۃً" ہم نے کھانے پانی سے کچھ بھی نہیں چکھا۔
العَذُوْف: تھوڑا اجارہ۔ ج عُذُف.
العِذْف: لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک حصہ۔
العِذْفَۃ: لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا دس سے پچاس تک (..... والعَذَفَۃ): زمین کے اندر درخت کی جڑ۔ ج عَذَف.
العُذُف: ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَذَقَ: (ض) عَذْقًا وعَذِقَ (س) عَذَقًا وعَذَّقَ واَعْذَقَ یَدَھَا: حوض یا کنوئیں کے کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لئے ہاتھ ڈالنا..... بِظَنِّہٖ: کسی کام کو اپنی غالب رائے سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
العُذْقَۃ: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عُذُق.
العَوْدَقِ والعَوْذَقَۃ: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عَذَق.
عَذَکَ: (ن) عَذْکًا. الصُّوْفَ: اُون دھننے کے لئے ڈنڈے سے مارنا۔
المِعْذَکَۃ: اون دھننے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ: (ض) عَدْلاً السَّھْمَ: تیر کو سیدھا کرنا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ: برابری کرنا۔
بِرَبِّہٖ: شرک کرنا۔ الطَّرِیْقُ: ٹیڑھا ہونا۔ (..... عَدْلاً وعُدُوْلاً) اِلَیْہِ: رجوع کرنا۔ واپس ہونا فُلَانًا: موازنہ کرنا۔ ہٗ فِی الحَمْلِ: ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْدِلُکَ عِنْدِیْ شَیْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں (..... عَدْلاً وعَدَالَۃً وعُدُوْلَۃً ومَعْدِلَۃً ومَعْدِلَۃً): انصاف کرنا۔ صفت عادل ج عُدُوْل.
عَدُلَ: (ک) عَدَالَۃً: عادل ہونا۔ گواہی کے قابل ہونا۔
عَدَلَ: (س) عَدَلاً: ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاھِدَ: معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ: شعر درست وزن پر کہنا۔ المَتَاعَ: سامان کو دو حصوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھری بنانا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتّٰی عَدَّلَ" یعنی اس قدر پیا کہ اس کا پیٹ مانند گٹھری کے ہو گیا (واَعْدَلَ) الشَّیْءَ: سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَہٗ عِدَالاً ومُعَادَلَۃً: موازنہ کرنا۔
ہٗ فِی المَحْمِلِ: ساتھ سوار ہونا۔ الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ فِی الاَمْرِ: متردد ہونا۔ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ بَیْنَ الاَمْرَیْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کون سا اختیار کرے "قَطَعَ العِدَالَ فِیْ اَمْرِہٖ" یعنی پختہ ارادہ کر لیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ: سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط اختیار کرنا۔
العَادِل: فا۔ مشرک۔ ج عُدُوْل.
العَدْل: انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَدْلٌ وامْرَاَۃٌ عَدْلٌ وعَدْلَۃٌ ورِجَالٌ عَدْلٌ" نظیر۔ مثال۔ ج اَعْدَال.
العَدْل: بیانہ۔ بدلہ۔ اُمور میں توسط۔ برابری۔ اَمر متوسط۔ سیدھا ہونا۔
العِدْل: نظیر ومثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے "خُذْ عِدْلَہٗ کَذَا وکَذَا" یعنی اس کی اتنی قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا بوجھ۔ ج عُدُوْل واَعْدَال.
العَدْل: دو گونوں کی برابری۔
العَدَالَۃ والعُدَالَۃ: معتبر گواہان اور بقول بعض عُدَالَۃ واحد ہے اور عَدَالَۃ جمع۔
العَدِل. العَادِل.

کرنا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی پکانا۔
اَعْجَلَهٗ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ الشَّیْءَ: جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَةُ: ناقص بچہ گرا دینا۔
عَاجَلَهٗ مُعَاجَلَةً. بِذَنْبِهٖ: جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا..... هُ بِضَرْبَةٍ: مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ فِی الْاَمْرِ: جلدی کرنا..... الامر: جلدی کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَهٗ: برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
اَلْعِجْل: بچھڑا۔ عُجُوْل وعَجَلَة وعِجَال
اَلْعِجْلَة: پہیا، رہٹ۔ ج عجل وعِجَال.
اَلْعَجَل والْعُجْلَة والْعُجَالَة: جو جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کے لئے جو جلدی تیار کیا جائے۔
اَلْعَجَلَة: جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَل وعِجَال واعْجَال.
اَلْعَاجِل والْعَجِل والْعَجُل: جلد باز۔
اَلْعَاجِلَة: مؤنث عَاجِل: دنیا۔
اَلْعِجَّوْل: بچھڑا۔ ج عَجَاجِیْل.
اَلْعَجْلَان: مؤنث عَجْلٰی: ج عَجَالٰی وعُجَالٰی وعِجَال والْعَجُوْل ج عُجُل والْعَجِبل ج عِجَال: جلد باز۔
اَلْعَجُوْل والْعَجَّال: بہت زیادہ جلد باز۔
اَلْعَجُوْل: موت۔ بچے کو کھونے والی۔ متحیر عورت۔
اَلْعُجَیْل: ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔
اَلْعُجَیْلَة والْعُجَیْلٰی والْعُجَیْلٰی: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سَارَا الْعُجَیْلٰی" تیز چال چلا اور اس کا ضد ھُوَیْنَا ہے۔
اَلْمِعْجَال: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِیْل. مَعَاجِیْل الطَّرِیْق: مختصر راستے اِمْرَاَةٌ مِعْجَال: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔

طَرِیْقٌ مُسْتَعْجَلَة: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔
اَلْمِعْجَل: رفتار ماپنے کا آلہ۔
عَجَمَ (ن) عَجْمًا وعُجُوْمًا. الْعُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا..... السَّیْفَ: تجربے کے لئے تلوار کو حرکت دینا..... الشَّیْءَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔
صفت عَاجِم: ج عُجُم (عَجْمًا) الْکِتَابَ او الْحَرْفَ: نقطہ لگانا..... الکتاب: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الْاُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَیْنِیْ مُنْذُ حِیْنٍ" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے۔ "رَاَیْتُ فُلَانًا فَجَعَلْتُ عَیْنِیْ تَعْجُمُهٗ کَاَنَّهَا تَعْرِفُهٗ وعَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" یعنی اس کی آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔
اَعْجَم وعَجَّم الْکِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے ابہام کو دور کرنا۔ اَعْجَمَ الْبَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الْکَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَم: مؤنث عَجْمَاء. ج عُجْم.
عَاجَمَهٗ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الْاُمُوْرَ وعَاجَمَتْنِیْ" میں نے امور کی آزمائش کی اور امور نے میری۔
تَعَاجَم. الْقَوْمُ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔
الرَّجُلُ: اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِنْعَجَمَ. عَلَیْهِ الْکَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔
..... الْقِرَاءَةَ: پڑھنے میں قادر نہ ہونا
..... عَلَیْهِ الْکَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اَلْعَجَم والْعُجُم: دُم کی جڑ۔
اَلْعَجَم: ملک فارس و فارسی لوگ (..... والْعُجُم): غیر عرب۔
اَلْعَجْمُ والْعُجَام: چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ

عَجَم" واحد عَجَمَة وعُجَامَة.
اَلْعَجَمَة: کھجور کا درخت۔
اَلْعَجْمَة: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَات.
اَلْعُجْمَة والْعِجْمَة: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔
اَلْاَعْجَم: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجُمُوْن. اَعَاجِم.
اَلْعَجْمَاء: مؤنث اَعْجَم: چوپایہ ج عَجْمَاوَات: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔
اَلْاَعْجَام: غیر عرب۔
اَلْعِجَام: بڑی چگادڑ۔
اَلْاَعْجَمِی والْعُجْمِی: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
اَلْعَوَاجِم: دانت۔ مفرد عَاجِمَة.
رَجُلٌ صُلْبُ الْمَعْجَمِ: آزمائش کے وقت سخت۔
اَلْمُعْجَم: مطبع۔ مصدر میمی۔ حروف تہجی باب
مُعْجَم: ہر دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم: کہتے ہیں۔
عَجَنَ: (ن ض) عَجْنًا. الدَّقِیْقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَی الْعَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا..... الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اٹھنا۔ صفت عَاجِن ج عُجُن: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ وخَبَزَ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
اِعْجَنَّ. الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
اِعْجَنَّ. الدَّقِیْقُ: آٹا گوندھنا..... فُلَانٌ: خمیر بنانا۔
تَعَجَّنَ. الشَّیْءُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔
اَلْعُجُن. مِنَ الْجِمَال: موٹا اونٹ۔
اَلْعَجْنَاء: کم دودھ والی اونٹنی۔ بہت موٹی اونٹنی۔
اَلْعَجِیْن: گندھا ہوا آٹا۔ ج عُجُن.
اَلْعُجُنُّ: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔

الدُّخان: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔
تَعَجُّج: دھوئیں سے بھر جانا۔
العُجَّة: ایک قسم کا کھانا جو انڈا، آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔
العَجاج: غبار۔ دھواں۔ بے وقوف۔ ادنیٰ لوگ۔ واحد العَجاجَة.
العَجاجَة: غبار۔ بہت اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَّدَ عَجاجَتَهُ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لَفَّ عِجاجَتَه عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔
العَجَّاج: چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار کو اُڑانے والا۔ يَوْمٌ عَجَّاجٌ: گرد و غبار کا دن۔
رِيحٌ مَعاجِيج: غبار اڑانے والی ہوا۔
عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الْأَمْرِ وَلَهُ: تعجب کرنا..... إِلَيْهِ: پسند کرنا۔
أَعْجَبَهُ وعَجَّبَهُ: تعجب میں ڈالنا۔ أَعْجَبَ بِالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا..... أَعْجَبَ بِنَفْسِهِ: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَعْجَبَهُ بِرَأْيِهِ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)
تَعَجَّبَ واسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِي فُلانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔
العَجْب: ہر شے کا پچھلا حصہ۔ دم کی جڑ۔ ج عُجُوب.
العُجْب: فخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔
العَجَب: حیرانی۔ تعجب..... مِنَ النَّبْتِ: رضامندی ج أَعْجاب.
العُجاب والعُجّاب والعَجِيب: جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجاب: تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے۔ عَجَبٌ عُجابٌ اور عَجَبٌ عَجِيبٌ کہا جاتا ہے۔
العَجِيبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجائِب.
الأُعْجُوبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج أَعاجِيب.
العَجْباء: عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے..... مِنَ الْبِناقِ: موٹی اُونٹنی۔
رَجُلٌ عَجَبَانَةٌ: صاحب عجائبات۔
العَجائِب: عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔
العَجْدَة: کوان۔ ج عَجَد.
العَجْد والعُجْد: دانہ۔ انگور۔ دانہ خشک انگور۔
عَجَرَ: (ن) عَجْرًا. عُنُقَهُ: گردن موڑنا..... بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا..... الْقاضِيَ عَلَيْهِ: قاضی کا تصرف سے روک دینا..... بِالْعَصَا: لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا..... الشَّيْءَ: پھاڑنا (عَجْرًا وعَجَرانًا وعاجَرَ): خوف سے جلدی گزرنا۔
عَجِرَ: (س) عَجَرًا: موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت أَعْجَر..... الفَرَسُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُهُ: موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا۔
إِعْتَجَرَ: عمامہ لپیٹنا۔ اِعْتَجَرَتِ الْمَرْأَةُ: اوڑھنی ڈالنا۔
العَجَر: اُبھار۔ مقدار جسم۔
العُجَرَة: گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی رگوں کی) کہا جاتا ہے "ذَكَرَ عُجَرَهُ وبُجَرَهُ" یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔
العُجُوز: خربوزہ کی ایک قسم۔
الأَعْجَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْراء ج عُجْر. العَجْراء: گرہ دار لاٹھی۔
العَجّار: گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔
العَجاجِير: گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
العُجْرُوز: ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجاجِير.
المِعْجَر: عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔
المُعَجَّر: عمامہ بندھا ہوا۔
عَجْرَدَه: ننگا کرنا۔
تَعَجْرَدَه: ننگا ہونا۔ صفت مُعَجْرِد.
العَجْرَد: ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔
العَجارِد: عضو تناسل۔
العَجَرَّد: ولا رور۔ ننگا۔
العَنْجَرِد: بدزبان عورت۔
تَعَجْرَفَ: تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
العَجْرَفَة: تکبر۔ کلام میں اکھڑپن۔ کہا جاتا ہے "فِي الْجَمَلِ عَجْرَفَةٌ وعَجْرَفِيَّةٌ فِي الْمَشْيِ" یعنی اُونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔
عَجارِفُ الدَّهْرِ وعَجارِفُهُ: حوادث۔ سختیاں۔ عَجارِفُ الْمَطَرِ وعَجارِفُهُ: بارش کی شدت۔
عَجْرَمَ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا۔
العُجْرُم والعُجُرُم والعُجارِم: سخت آدمی۔
العُجْرُم: چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔
العَجْرَمَة: اُونٹوں کا گلہ سو (۱۰۰) کا یا دو سو (۲۰۰) کا یا پچاس سے سو (۱۰۰) تک کا۔
عَجَزَتْ وعَجُزَتْ: (ن ک) عُجُوزًا. المَرْأَةُ: عورت کا بڑھیا ہونا۔
عَجَزَ: (ض) وعَجِزَ: (س) عَجْزًا وعُجُزًّا وعَجَزانًا ومَعْجَزًا ومَعْجَزَةً ومَعْجِزَةً عَنْ كَذَا: قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلانٌ عَنِ الْعَمَلِ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عاجِز. ج عَواجِز وعَجَز.
عَجَّزَه: عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا..... المَرْأَةَ: عورت کا بڑھیا ہونا۔

واجب ہونا۔
اَعْتَقَ الْعَبْدَ : غلام آزاد کرنا..... الْفَرَسَ : تیز دوڑانا..... مَالَهٗ : درست کرنا۔
عَتَّقَ. الْخَمْرَ : پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ : کپڑے کو پرانا کرنا..... فُلَانًا بِفِيْهِ : منہ سے کاٹ کھانا۔
اَلْعِتْق : محض۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجابت۔ آزادی۔ کہنگی۔
اَلْعُتْق : کہنگی۔ آزادی۔ عاتق یعنی کندھا کی جمع۔
اَلْعُتُقُ : ایسا درخت جس کی لکڑی اعلیٰ معیار کے اوزار بنانے کے کام آتی ہے۔
اَلْعَاتِق : فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِق وعُتُق : کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتُق. عَاتِقُ الثُّرَيَّا : نام ستارہ (والعَاتِقَة) : پرانی سرخ کمان۔
اَلْعُتَاق : پرانی عمدہ شراب۔
اَلْعَتِيْق : پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقَاءُ وعُتُقٌ. فَرَسٌ عَتِيْقٌ : خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتَاق. اَلْبَيْتُ الْعَتِيْق : خانہ کعبہ۔ اَمَةٌ عَتِيْقٌ : آزاد کردہ لونڈی۔
اَلْمُعَتَّقَة : پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔
عَتَكَ : (ض) عَتْكًا وعُتُوْكًا : لڑائی میں حملہ کرنا..... اَلْفَرَسُ : گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ الْبَلَدَ : شہر پر ظلم کرنا..... عَلَى الْاَمْرِ : کسی کام پر اقدام کرنا..... اِلَى الْمَكَانِ : مائل ہونا..... عَلَيْهِ بِخَيْرٍ اَوْ شَرٍّ : بھلائی یا برائی سے پیش آنا..... اَللَّبَنُ : دودھ کا کھٹا ہونا..... اَلْقَوْسُ : کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عَاتِكٌ ج عُوَاتِك۔
اَلْعَاتِك : قا۔ شریف۔ خالص۔ اَلنَّبِيْذُ الْعَاتِك : صاف شراب۔ اَحْمَرٌ عَاتِكٌ : تیز سرخ۔
اَلْعَتَك : محض۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلَيْهِ عَتَكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔
اَلْعَتِيْك : پرانے ہونے سے سرخ..... مِنَ الْاَيَّامِ : سخت گرمی والا۔
عَتَلَهٗ : (ن ض) عَتْلًا : سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهٗ اِلَى السِّجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچنا..... اَلشَّيْءَ : اٹھانا۔
عَتِلَ : (س) عَتَلًا اِلَى الشَّرِّ : برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌّ.
اِنْعَتَلَ : کھنچ جانا (..... وتَعَتَّلَ) : جگہ سے نہ ہٹنا۔
اَلْعَتَلَّة : بڑا ڈھیلا۔ گدالہ۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَل.
اَلْعُتُلُّ : بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عداوت والا۔ سخت۔
اَلْعَتَّال : باربردار۔ قلی۔ پٹھے کا نام۔ اَلْعِتَالَة.
اَلْعَتِيْل : مزدور۔ خادم۔ ج عُتُل وعُتَلَاء.
دَاءٌ عَتِيْلٌ : سخت مرض۔
اَلْمِعْتَل : کھینچنے میں قوی ومضبوط۔
عَتَمَ : (ض) عَتْمًا. اَللَّيْلُ : رات کا ایک حصہ گزرنا..... عَنِ الْاَمْرِ : کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَى الضَّيْفِ : مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔
عَتَّمَ عَنِ الْاَمْرِ : کام کرتے کرتے رک جانا..... قِرَاهُ : مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَتَّمَ اَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَيْهِمْ فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا..... اَلرَّجُلُ : تاریکی میں چلنا..... اَلطَّائِرُ : پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑ پھڑانا۔
اَعْتَمَ قِرَى الضَّيْفِ : مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم ومتعدی) ..... حَاجَتَهٗ : مؤخر کرنا..... حَاجَتُهٗ : مؤخر ہونا..... اَللَّيْلُ : رات کا ایک حصہ گزرنا..... اَلرَّجُلُ : تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا..... عَنِ الْاَمْرِ : کام کرتے کرتے رک جانا۔
عَتَمْتُ : (ن ض) عَتْمًا واِعْتَمْتُ وتَعَتَّمْتُ واِسْتَعْتَمْتُ النَّاقَةَ : عشاء کے وقت دوہا جانا۔ صفت عَاتِمَة. ج عَتَائِمَات وعَوَاتِم واِسْتَعْتَمَ الرَّجُلُ : دیر کرانا..... اَلنَّعَم : چوپایوں کے دوہنے میں دیر کرنا۔
اَلْعُتُم واَلْعُتْم : جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عُتْمَة وعُتُمَة.
اَلْعَتَمَة : رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی۔ دیر کرنا۔
اَلْعَاتِم : فا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا ضَيْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا۔ مؤنث عَاتِمَةٌ.
اَلنُّجُوْمُ الْعَاتِمَات : ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔
اَلْعَتُوْم : اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ اَلْعَتُوْمَة : بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
اَلْمِعْتَام : دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَام اَلْقِرٰى : دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔
عَتَنَهٗ : (ض ن) عَتْنًا. اِلَى السِّجْنِ : قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔
اَعْتَنَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ : قرض دار سے سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔
اَلْعَاتِن واَلْعَتُوْن : قوی ج عُتُن.
اَلْعَتِن مِنَ الرِّجَالِ : سخت حملہ کرنے والا۔
عَتِهَ : (س) وعُتِهَ عَتَهًا وعُتُهًا وعَتَاهًا وعُتَاهًا وعَتَاهَةً وعَتَاهِيَةً : کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوْهٌ ومُعَتَّهٌ وعَتَاهِيَة.
فِي الْعِلْمِ : حریص ہونا۔ عُتِهَ فُلَانٌ فِي فُلَانٍ : تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِيْه ج عُتَهَاء.
تَعْتَهٌ : جاہل بننا۔ پاگل بننا..... عَنْهُ : تغافل برتنا۔
اَلْعَتَاهِيَة واَلْعَتَاهَة : مص۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ اَلْعَتَاهَة : گمراہی۔ بے وقوفی۔
عَتَا يَعْتُوْ عُتُوًّا وعُتِيًّا وعِتِيًّا : تکبر کرنا۔ حد سے گزرنا۔ صفت عَاتٍ ج عُتَاة وعُتِيّ.....
عَنِ الْاَدَبِ : ادب قبول نہ کرنا۔

والعُبَشَة): عبادت۔ کند ذہنی۔
العَبْشَة والعَبَشَة: غفلت۔
عَبَط: (ض) عَبْطًا. الذَّبِيحَة: موٹے تازے کو ذبح کرنا..... الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا..... التُّرَابَ: مٹی اڑانا..... الرَّجُلَ: غیبت کرنا..... الدَّوَاهِيَ فُلَانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت پہنچنا..... الكَذِبَ: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا..... عِرْضَه: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَتِ الرِّيحُ وَجْهَ الأَرْضِ: سطح زمین کا صاف کر دینا..... الشَّيْءُ: پھٹ جانا۔
اَعْبَطَهُ المَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔
اِعْتَبَطَ. الذَّبِيحَةَ: موٹا تازہ ذبح کرنا..... هُ المَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا..... الرَّجُلَ: ظلماً قتل کرنا..... العِرْضَ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا..... الرَّجُلُ: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔
العَبْط: سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مَاتَ عَبْطَةً: یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا۔
العَبِيط: تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور۔ ج عُبُط و عِبَاط. اَدِيمٌ عَبِيطٌ: پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِيطٌ: تازہ خون۔
الاِعْتِبَاط: مصدر اِعْتَبَطَ. الحَذْفُ الاِعْتِبَاطِيُّ عِنْدَ النُّحَاةِ: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو۔
العُبُوط: مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ ج عَوَابِط.
عَبْعَبَ. الجَيْشُ: لشکر کا شکست کھانا۔
تَعَبْعَبَ. الشَّيْءُ: پورے کو ہلاک و برباد کر دینا۔
العَبْعَب: کشادہ کپڑا۔ اونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (..... والعُبْعَاب): بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔
عَبِقَ: (س) عَبَقًا وعَبَاقَةً وعَبَاقِيَةَ الطِّيبُ به: خوشبو لگانا..... المَكَانُ بِالطِّيبِ: جگہ کا خوشبو سے بھڑک اٹھنا..... فُلَانٌ بِالشَّيْءِ: حریص ہونا..... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
عَبَّقَ رَائِحَةَ الطِّيبِ: خوشبو پھیلانا۔
العَبَقَة: گھی وغیرہ کا بقیہ۔
العَبِق: خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ" یعنی ظریف مرد۔
العَبَاقِيَة: مص۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔
عَبْقَر عَبْقَرَةُ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
عَبْقَر: نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔
العَبْقَرِيّ: عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔ ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث عَبْقَرِيَّةٌ (..... والعَبَاقِرِيّ): ایک قسم کا نفیس فرش۔
عَبَكَ: (ن) عَبْكًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔
العَبَكَة: ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسی کی گانٹھ کہتے ہیں "يَبْلَى الحَبْلُ وتَبْقَى العَبَكَةُ" یعنی رسی جل جائے اور بل نہ جائے۔
عَبَلَ: (ض) عَبَلًا. الشَّجَرَةَ: درخت سے پتے گرانا..... الحَبْلَ: رسی بٹنا..... الشَّيْءَ: کاٹنا۔ رد کرنا۔ روکنا..... بِهِ: لے جانا..... الشَّجَرُ: پتے نکلنا۔
عَبِلَ: (س) عَبَلًا وعُبُلَ: (ک) عُبُولًا وعَبَالَةً: موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ وعَبِلٌ ج عِبَالٌ وعُبَّال ج عُبُل: مؤنث عَبْلَةٌ ج عَبْلَات وعِبَال.
اَعْبَلَ: موٹا ہونا۔ سفید ہونا..... الشَّجَرُ: درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔
العَبَل: لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔ ج اَعْبَال.
العَبِيل: موٹا۔ مؤنث عَبِيلَةٌ.
الاَعْبَل: سخت قسم کا پتھر جو سفید سرخ اور کالا ہوتا ہے ج اَعْبُل.
العَبَال: جنگلی گلاب۔
العَبْلَاءُ: چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان۔ ج عِبَال.
المِعْبَلَة: تیر کا لمبا چوڑا پھل ج مَعَابِل.
العَبُول: موت۔
عَبُمَ: (ک) عَبَامَةً وعَبَامًا: بے وقوف ہونا۔
مَاءٌ عُبَامٌ: بہت پانی۔
العَبَام: سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُم.
العَبَامَاءُ: بے وقوف۔
عَبَنَ: (ن) عَبْنًا: موٹا اور کھردرا ہونا۔
صفت عَفِنٌ وعَبِنٌ: مؤنث عَبَنَّاةٌ ج عَبَنِّيَات.
العَبَهَر: نرگس۔ چنبیلی (..... والعَبَاهِر): بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔
عَبْهَلَهُ: عتاب کرنا۔ عَبْهَلَ الإِبِلَ: اونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔
العَبَاهِل. مِنَ الإِبِلِ: آزاد چھوٹے ہوئے اونٹ۔
العَبَاهِلَة: یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیے گئے تھے۔ واحد عَبْهَل.
عَبَايَعْبُو عَبْوًا: چہرے کا ذبک اٹھنا..... المَتَاعَ: تیار کرنا۔
جَارِيَةٌ عَابِيَةٌ: خوبصورت لڑکی۔
عَبَّى تَعْبِيَةً. الجَيْشَ: لشکر کو ترتیب دینا۔
تَعَبَّى: تیار ہونا۔
العَبِيّ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَبِيُّكَ مِنَ الجَزُورِ" ذبح کیے ہوئے (اونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔
رَجُلٌ عَبَاءٌ وعَبْءٌ: بھاری جسم والا اکھڑ۔
العَبَاءَة: چغہ۔ ج عَبَاءَات وعُبِيّ.
عَتَّهُ: (ن) عَتًّا بِالمَسْأَلَةِ: سوال کرنے میں اصرار کرنا..... هُ بِالكَلَامِ: جھڑکی دینا۔
عَاتَّهُ: جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔
تَعَتَّتَ فِي كَلَامِهِ: بار بار کلام کو دہرانا۔
العَتَت: کلام وغیرہ میں سختی۔

ع : اَلْعَیْن : اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے۔حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے۔

عَبَّ : (ن) عَبًّا : تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا..... اَلْمَاءَ : جانوروں کی طرح منہ لگا کا پانی پینا۔عَبَّتِ الدَّلْوُ : ڈول کا پھرتے وقت گڑگڑانا (..... عُبَابًا) اَلْبَحْرُ : موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔

تَعَبَّبَ . اَلنَّبِیْذَ : ڈگڈگا کے پینا۔

الْاَعَبُّ : فقیر۔سخت ناک والا۔

اَلْعَبُّ : مص۔اولے۔عَبُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔

اَلْعُبُّ : آستین کا سرا۔ج عُبَاب.

اَلْعَبَّب : اُچھلنے والا پانی۔

اَلْعُبَاب : منہ لگا کر پانی پینا۔

اَلْعُبَاب : سیلاب کا چڑھاؤ۔عُبَابُ الْبَحْرِ : موج۔کہا جاتا ہے "جَاؤُ بِعُبَابِهِمْ" سب آئے۔اَلْعَبْبَة والعِبِّیَّة : نخوت۔فخر۔تکبر۔غرور۔

اَلْعَبْعُوْب : تیز بہنے والا دریا۔تیز رفتار لمبا گھوڑا۔بادل ج عَبَاعِیْب.

عَبَأَ : (ف) عَبْأً وعَبَّأَ تَعْبِئَةً وتَعْبِئًا الْمَتَاعَ : سامان کرنا..... اَلْجَیْشَ لِلْحَرْبِ : لشکر مرتب کرنا۔عَبَّأَ اِلٰی فُلَانٍ وَلَهُ : قصد کرنا۔کہا جاتا ہے "لَا اُعَبِّأُ بِهٖ" مجھے اس کی پرواہ نہیں۔

اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهُ : سب کچھ لے لینا۔

اَلْعَبْءُ : بوجھ۔بوری۔گٹھری۔ج اَعْبَاء (..... والْعِبْء) : مثل نظیر۔ج اَعْبَاء.

اَلْعَبَاء : چغہ۔ج اَعْبِئَة.

اَلْعَبَاءَة : چغہ۔

اَلْمَعْبَأ : راستہ۔

اَلْمِعْبَأ : حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَثَ : (ن) عَبْثًا یَدَهُ : ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ : (ن) عَبْثًا . اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا۔

عَبِثَ : (س) عَبَثًا : کھیل کود کرنا۔مذاق کرنا ..... بِالدِّیْنِ : حقارت کرنا۔صفت عَابِث وعَبِیْث.

عَبِیْثَةُ النَّاسِ : مختلف قسم کے لوگ۔

اَلْعَبَث : بے فائدہ۔لغو۔بے نتیجہ۔کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔

اَلْعَبِیْث : ایک قسم کا پھول۔

اَلْعَبْعُثَران والعَبَیْثَران : ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً وعُبُوْدَةً وعُبُوْدِیَّةً ومَعْبَدًا ومَعْبَدَةً . اَللّٰهَ : ایک جاننا۔خدمت کرنا۔ذلیل ہونا۔خضوع کرنا۔پرستش کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّیْ" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُوْدَةً وعُبُوْدِیَّةً : باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ : (س) عَبَدًا وعَبَدَةً عَلٰی فُلَانٍ : غضبناک ہونا..... مِنْهُ : ناک چڑھانا۔

مَا قَالَهُ : انکار کرنا..... عَلٰی نَفْسِهٖ : ملامت کرنا..... اَلرَّجُلُ : نادم وپشیمان ہونا.....هُ : لازم ہونا۔جدا ہونا..... عَلَی الشَّیْءِ : حریص ہونا۔صفت عَابِدٌ وعَبِدٌ.

عَبَّدَهُ : فرماں بردار بنانا۔غلام بنانا۔عَبَّدَ الطَّرِیْقَ : راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔پامال کرنا۔

اَلرَّجُلُ : جلدی کرنا۔بھاگنا..... اَلْبَعِیْرُ : قطران ملنا (دیکھئے اَلْقَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَدٌ یَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا۔"مَا عَبَّدَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

اَعْبَدَهُ الْغُلَامَ : غلام کا مالک بنانا۔اَعْبَدَ الْغُلَامَ : غلام بنانا..... اَلْقَوْمُ : جمع ہونا۔

تَعَبَّدَ : عبادت کے لئے علیحدہ ہونا.....هُ : اطاعت کے لئے بلانا۔غلام بنانا۔غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ الْقَوْمُ : متفرق ہونا۔

اِسْتَعْبَدَهُ واِعْتَبَدَهُ : غلام بنانا۔

اَلْعَبْد : آدمی۔غلام۔ج عَبِیْد وعِبَاد. وعَبْدَة وعَبْدُوْن واَعْبُد وعُبْدَان وعِبْدَان وعِبِّدان واَعْبَاد ومَعْبَدَة وعِبِّدآء وعِبْدِیّ وعَبْدٌ وعَبُدٌ ومَعْبُوْدَآءُ ج اَعَابِد ومَعَابِد واَعْبُدَة عَبْدَقِیّ وعَبْدَقِیّ : خاندانی غلام۔

اَلْعَبْدِیَّةُ والعُبُوْدَة والعُبُوْدِیَّة والتَّعْبِیْدَة : فرمانبرداری۔غلامی۔دَرَاهِمُ عَبْدِیَّة : پرانے دراہم۔

اَلْعِبَاد : عبد کی جمع۔حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔نسبت کے لئے عِبَادِیّ.

اَلْعَبَادِیْد والعَبَابِیْد : لوگوں کے فرقے۔گھوڑوں کے گلے۔دور کے راستے۔(ان

اکیسویں رائیں۔

الظُّلَامَةُ والمَظْلِمَةُ: ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظَالِم.

الظَّالِم: فا۔ ج ظَالِمُوْن وظَلَمَة وظُلَّام.

الظَّلَام و الظَّلْمَاء: تاریکی۔ ابتدائی رات۔ لَيْلَةٌ ظَلْمَاء: بہت تاریک رات اور لَيْلٌ ظَلْمَاء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظِّلَام: ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ إِلَيَّ ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَّلَّام و الظَّلِيم و الظَّلُوم: بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَّلِيم: مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان وظُلْمَان و اظْلِمَة.

الظَّلَامِيُّ: جو شخص ظلامیہ مذہب پر ہو۔

الظَّلَامِيَّة: وہ لوگ جن کا نظریہ ہے کہ عوام کو تعلیم و تعلم دینا بے فائدہ ہے۔

الظَّلِيمَة: جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مِظْلَام: دشوار و مشکل کام۔

ظَمِئَ (س) ظَمَأً وظُمْأً وظَمَاءً و ظَمَاءَةً: سخت پیاسا ہونا..... اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِئٌ وظَامِئٌ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِئَةٌ وظَامِئَةٌ وظَمْأَى وظَمْآنَةٌ. ج ظِمَاء: مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

ظَمَّأَهُ و اَظْمَأَهُ: پیاسا کرنا۔ دُہلا کرنا۔

تَظَمَّأَ: پیاس پر صبر کرنا۔

الظِّمْء: پیاس۔ ج اَظْمَاء.

الظَّمَا و الظَّمَاء: پیاس۔

المِظْمَاء: سخت پیاس والا۔

المَظْمَأ: پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِيَ يَظْمَى ظَمْيًا: گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمَى: مؤنث ظَمْيَاء ج ظُمْي. شَفَةٌ ظَمْيَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْيَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاقٌ ظَمْيَاء: کم گوشت والی پنڈلی۔

اظْمِيَاءُ: سیاہ اونٹنی۔

المُظْمِي: وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن) ظَنًّا: جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوْا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ".

ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اِظْنَّهُ و اِظْنَطَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ اَظَنَّهُ الشَّيْءُ: وہم میں ڈالنا۔

اَظَنَّ فِيْهِ النَّاس: تہمت کے لئے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ و تَظَنَّى: گمان کرنا۔

الظَّنُّ: گمان اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن ج اَظَانِيْن (خلاف قیاس)

الظِّنَّة: تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن و ظِنَانٌ.

الظَّنَانَة: تہمت۔

الظَّنَّان و الظَّنُوْن: بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَّنِين: متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء.

الاَظَنّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔

نَفْسٌ ظَنِيْنٌ: نفس متہم۔

مَظَنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَظَنَّةُ الخَيْرِ وفِي المَسْأَلَةِ مَظَنَّةُ اعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ.

الظُّنْبُوْب: قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب. کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا۔ "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظَنْبُوْبَه و سَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا: ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِعِلْمِه: فخر کرنا..... الشَّيْءَ وبِه: پیٹھ پیچھے ڈال دینا..... الثَّوْب: ابرہ بنانا (..... ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا..... عَلَيْهِ: اعانت کرنا..... بِفُلَانٍ وعَلَيْهِ: غالب ہونا..... عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا..... فُلَانٌ بِحَاجَتِيْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَهَرَ (ن) ظَهَارَةً: مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَهِرَ (س) ظَهَرًا: پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ.

اَظْهَرَ. الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا..... الكِتَابَ: از بر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلَى عَدُوِّه: دشمن پر غالب کرانا..... ه عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا..... بِه: مرتبہ بڑھانا (..... وظَهَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَهَّرَ و اِظْهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔

ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً وظِهَارًا: مدد کرنا ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْن: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا..... بِالشَّيْءِ: ظاہر کرنا..... القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْهَرَ: احتیاط کرنا..... الشَّيْءَ: بچانے کے لئے پیٹھ پیچھے کرنا..... بِه: مدد طلب کرنا..... لَهُ: تیاری کرنا..... عَلَيْهِ: چڑھنا غالب ہونا..... القُرْآن: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَّهْر: پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر وظُهُوْر وظُهْرَان. الظَّهْر: بار برداری کا اونٹ۔ مالِ کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَّهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قِدْرٌ ظَهْرٌ: پرانی ہانڈی کہا جاتا ہے "قُرَاه عَلَى ظَهْرِ قَلْبِه او عَلَى

وظُرُوْف وظَرِيْفُوْن: مؤنث ظَرِيْفَة ج ظَرِيْفَات وظَرَائِف. ظَرَفَهُ ظَرِيْف: تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِیْ فَظَرَفْتُهُ"۔

اَظْرَف: ظریف اولاد پیدا ہونا..... المَتَاعَ: برتن بنانا۔

تَظَرَّف وتَظَارَف: ظرف بننا۔

اِسْتَظْرَف: ظریف طلب کرنا.....ہ: ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْف: دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ المُهْدِی بِالظَّرْفِ" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام مشکیزہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظَّرْف: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَّمَانِ والمَكَان" اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِیُّ الظَّرْف" یعنی وہ امین ہے "رَاَيْتُهُ بِظَرْفِهِ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظِّرَاف والظُّرَّاف: ظریف ج ظُرَفَاء وظُرَّافُوْن.

المَظْرُوْف: مفع۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالوَسَائِلِ مَظْرُوْفَةً"۔

ظَرِیَ (ض) ظَرْیًا. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرًی. الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَی اِظْرِیْرَاءً: پیٹ پھولنا۔

الظَّارِی: فا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَّرْوَرِیّ: زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وظَعَنًا وظُعُوْنًا مَظْعَنًا: کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِيَارِهِمْ" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ: کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ. الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِّعَان والظَّعُوْن والظِّعَام: ہودہ باندھنے کی رسی۔

الظَّعُوْن والظَّعُوْنَة: بار بردار اونٹ۔ ہودہ اٹھانے والا اونٹ ج ظُعُن.

الظَّعِيْنَة: ہودہ ج ظَعَائِن وظُعُن وظُعُن ج اَظْعَان وظُعْنَات: بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان. مِنَ الخَيْلِ والنُّوْق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

ظَفَرَهُ (ض) ظَفْرًا: چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا واظْفَرَ المَطْلُوْبَ وبِهٖ وعَلَيْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَيْنُهُ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَةٌ اور مخصص کی مَظْفُوْر.

ظَفَّرَهُ: کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا..... الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا..... الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهُ واَظْفَرَهُ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَرَ فُلَانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِّفْر والظُّفْر والظُّفُر: ناخن ج اَظْفَار جج اَظَافِيْر: کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الدَّارِ ظُفْر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "وَرَاَيْتُهُ بِظُفُرِهٖ" یعنی میں نے اس کو دیکھا و "قَلَّمَ اَظْفَارَهُ عَنْ اَذَى النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا۔ و "كَسَرَ اَظْفَارَهُ فِیْ فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفُرُ القِطِّ وظُفُرُ النَّسْرِ وظُفُرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظَّفَر والظَّفَرَة: ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظَّفَرَة: ظافر کی جمع ہے۔

الظَّفِر والظَّفِيْر والظَّفِيْر: ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَر: لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَار: ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَّوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَار: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر والمِظْفَار: ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلًا. يَفْعَلُ كَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتَ وظَلِلْتُ وظَلِلْتُ".

ظَلَّ ظَلَالَةً. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا..... الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهُ: سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔

اَظَلَّ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ: سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔

اَظَلَّكَ الشَّهْر: یعنی مہینہ آ گیا۔

تَظَلَّلَ. بِالشَّجَرَةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا..... مِنَ الشَّیْءِ: سایہ لینا..... الكَرْمُ: انگور کی شاخ کا گچھ جانا..... العُيُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلّ: سایہ ج ظِلَال واَظْلَال و ظُلُوْل: عزت۔ آرام وآسودگی۔ ظِلُّ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی..... مِنَ الفَيْظِ: گرمی کی شدت..... مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَّبَابِ او الشِّتَاء: جوانی یا جاڑے کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عِنْدِیْ ظِلُّ النَّهَارِ" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء وزوال شئے کے زوال وبقا پر موقوف ہے۔ "وهُوَ فِیْ ظِلِّهٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "ومَشَيْتُ عَلٰی ظِلِّیْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّیْ" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "كَانَ ذٰلِكَ اليَوْمُ اَطْوَلَ مِنْ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ يُبَارِی

(۶) اَلْقَلْعَةُ الطَّائِرَةُ :دشمن کے علاقوں پر بمباری کرنے والا بڑا ہوائی جہاز۔
الطَّيَّار و المُطَار. مِنَ الخَيْلِ : تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔
اَرْضٌ مُطَارٌ : کثرت سے پرندوں والی زمین۔
الطَّيَّارَة :مؤنث طَيَّار :ہوائی جہاز۔
المَطَار :اڑنے کی جگہ۔
المُطَيَّر :مفع۔ پھٹا ہوا۔ٹوٹا ہوا۔ایک قسم کی چادر۔
المُسْتَطِيْر :فا۔ پھیلنے والا۔کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِيْرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔
طَاسَ يَطِيْسُ طَيْسًا الشَّيْءُ :زیادہ ہونا۔
الطَّيْس :عدد کثیر۔مٹی۔ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔جیسے مچھلی۔چیونٹی۔
طَاشَ يَطِيْشُ طَيْشًا :اوچھا ہونا۔عقل زائل ہونا..... السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔صفت طَائِش.

اَطَاشَ إطَاشَةً. السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔
الطَّيَّاش :بمعنی طَائِش: جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔
الطَّيْشَان :سبکی۔اوچھاپن۔
طَاعَ يَطِيْعُ طَيْعًا :بمعنی طَاعَ يَطُوْعُ طَوْعًا.
طَافَ يَطِيْفُ طَيْفًا و مَطَافًا الخَيَالُ :خواب میں خیال آنا۔
طَيَّفَ تَطْيِيْفًا و اَطَافَ إطَافَةً وتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا :بہت پھرنا۔
الطَّيْف :خیال وخواب میں آنے۔غضب۔جنون۔
الطِّيَاف :رات کی تاریکی۔
اَلطَّيْف :وہ صورت جو موشور میں سفید روشنی گزرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف رنگ سرخ' مالٹا' زرد' سبز بنفشی اور صورت کے ذریعے گیس کی تلاش میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔
طَامَ يَطِيْمُ طَيْمًا :نیکوکار ہونا.....اللّٰهُ فُلَانًا

غَلَى الخَبْزَ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔
الطِّيْمَاء :جبلت۔طبیعت۔
طَانَ يَطِيْنُ طَيْنًا وطَيَّنَ الحَائِطَ :دیوار کو گارے سے لیپنا۔طَانَ الكِتَابَ :خط پر مہر لگانا۔طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ :اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔
تَطَيَّنَ :گارے سے لیپا جانا۔گارے سے لتھڑنا۔لت پت ہونا۔
الطِّيْن و الطِّيْنَة :گارا۔مٹی اور چونہ یا رنیت چونہ ملا ہوا الطِّيْنَة :گارے کا ایک حصہ۔خلقت جبلت۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّيْنَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے۔"لَهُ طِيْنَةٌ طَيِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔
مَكَانٌ طَائِنٌ :بہت گارے کی جگہ۔
الطِّيَانَة :گارا بنانے کا پیشہ۔
الطَّيَّان :گارا بنانے والا۔
اَلطَّيُّوْنَ :ایک بدبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔اس کے ساتھ ایک کیڑے مار دوائی بھی تیار کی جاتی ہے۔

لَنَا بِهٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

اَلْمُطَوَّقَة: کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَالَ یَطُوْلُ طُوْلاً: لمبا ہونا..... عَلَیْہِ: غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَوَّلَهٗ: لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَهٗ: مہلت دینا..... لِلدَّابَۃِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً. عَلَیْہِ: احسان کرنا۔

اَطَالَهٗ وَاَطْوَلَهٗ اِطَالَةً وَاِطْوَالاً: لمبا کرنا۔

اَطَالَتِ الْمَرْاَۃُ: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَاوَلَهٗ مُطَاوَلَةً: ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَطَاوَلَ: دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا..... تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا..... عَلَیْہِ الْعُمُرُ: بڑھنا۔ تَطَاوُلاً: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً: طویل ہونا..... عَلَیْہِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا..... عَلٰی عِرْضِہٖ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَی الْقَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْل: فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْل: لمبائی ج اَطْوَال۔

اِضْتَغَطَ. عَلَيْهِ : تاوان وغیرہ میں سختی کرنا..... اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُّغْطَة : تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ فُلَانًا ضُغْطَةً" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔

الضَّغْطَة : قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضَغْطَةُ القَبْرِ : فشار قبر۔
الضَّاغِط : فائق۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضَّاغُوْط : کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَّغِيْط : کمزور رائے والا۔ ج ضَغْطَى : مؤنث ضَغِيْطَة.
اَلْمِضْغَطُ : ہواء فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔
المَضْغَط : پست زمین۔ ج مَضَاغِط.
ضَغْلَ ضَغْبَلًا : بچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضَّغْبَل : بچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔
ضَغَمَ (ف) ضَغْمًا. الشَّيْءَ وبِهِ : بھنبھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَغَمَهُ ضَغْمَةَ الأَسَدِ" اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضُّغَامَة : دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَّيْغَم : شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضَيَاغِم.
الضَّيْغَمِيُّ : شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا. عَلَيْهِ : کینہ رکھنا..... إِلَيْهِ : مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهُ : بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ وتضاغَنَ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلَى فُلَانٍ ضِغْنَهُ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِّغْن : کینہ۔ شوق۔ میلان۔ بغی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج اَضْغَان.
الضَّاغِن والضَّغِن : کینہ ور۔ فَرَسٌ ضَاغِنٌ وضَغِن : آڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِن : ٹیڑھی لکڑی۔
الضَّغِيْنَة : کینہ۔ ج ضَغَائِن.
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا. المُقَامُ : خیانت کرنا..... إِلَيْهِ : عاجزی کرنا (..... ضَغْوًا وضَغَاءً)
السِّنَّوْر : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اِضْغَاه اِضْغَاءً ا : میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغَى : بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُّغَاء : مص۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ : (ن) ضَفًّا وضَفَفًا. القَوْمُ عَلَى المَاءِ او الطَّعَامِ : بھیڑ کرنا (..... ضَفًّا) الشَّيْءَ : جمع کرنا۔
تَضَافَّ. القَوْمُ : بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ : بدحالی۔
الضَّفَّة : جماعت۔
الضَّفَّة والضِّفَّة : دریا کا کنارہ۔
..... مِنَ البَحْرِ : سمندر کا ساحل۔ ج ضِفَاف.
الضَّفَف : مال کی قلت اور اہل وعیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَّفَافَة : بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْفٌ : بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مُضْفُوْف : جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفْدَعَهُ : (ض) ضَفْدًا : طمانچہ مارنا۔
ضَفْدَعَ المَاءُ : پانی کا مینڈکوں والا ہونا
..... الرَّجُلُ : سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِّفْدِع : مینڈک۔ ج ضَفَادِع وضَفَادِي : اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَة.
ضَفَرَ : (ض) ضَفْرًا وضَفَّرَ. الحَبْلَ : رسی بٹنا..... الشَّعْرَ : بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ : عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔ الرَّجُلُ : دوڑنے میں کودنا..... الدَّابَّةَ : جانور کے منہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهُ : عَلَى الأَمْرِ : مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا. عَلَى الأَمْرِ : ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ : گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَّفَر : مص۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضُفُوْر واَضْفَار.
الضَّفَار : کجاوہ کا تنگ۔ ج ضُفُر.

کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِيْ الْيَاقُوْتِهٖ نَضَارِيْسُ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج نَضَارِيْس: نَضَارِيْسُ الْاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضَّرْضَم: شیر۔ نر درندے۔

ضَرَطَ: (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِيْطًا: گوز کرنا۔

ضَرِطَ: (س) ضَرَطًا: ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط۔

ضُرِّطَ واُضْرِطَ. الْحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔

ضَرَّطَ واَضْرَطَ الْحِمَارُ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

مُضَرِّطُ الْحِجَارَةِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔

الضَّرَّاط والضَّرُوْط والضَّرُوْط: گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُّرَيْط: موٹا۔ کہا جاتا ہے "كَبْشٌ ضُرَيْطٌ ونَعْجَةٌ ضُرَيْطَةٌ" امثلہ عرب میں سے ہے "الْاَخْذُ سُرَيْطٌ والْقَضَاءُ ضُرَيْطٌ يَا الْاَخْذُ سُرَيْطِي والْقَضَاءُ ضُرَيْطِي يَا الْاَخْذُ سُرَيْطِي والْقَضَاءُ ضُرَيْطِي يَا الْاَخْذُ سُرَيْطَاءُ والْقَضَاءُ ضُرَيْطَا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَوْذَى الْبَعِيْرُ اِلَّا ضَرِطًا: مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرَطُ واَنْتُ الْاَعْلٰي: مثال ہے قوی کے لئے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضِّرَاط والضَّرِيْط: گوز۔

الضِّرْطِم: بڑے پیٹ والا۔

ضَرُعَ (ن) ضُرُوْعًا. مِنَ الشَّيْءِ: قریب ہونا..... الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ: (ن) ضَرْعًا. قَرْسَهٗ: سدھانا۔

ضَرَعَ: (ف) ضَرَاعَةً وضَرِعَ: (س) ضَرَعًا وضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً: کمزور ہونا۔ اِلَيْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع وضَرِعٌ. ج ضَارِعُوْنَ وضُرُوْع وضَرْعَة.

ضَرُعَ. مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضُرِعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا..... الْقِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَعَ الرُّبُّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَهٗ: مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا..... الْقِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اُضْرُعَتِ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاءُ وضُرُوْع وضَرِيْع وضَرِيْعَةٌ: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا..... لِفُلَانٍ مَالًا: کسی کے لئے مال خرچ کرنا..... الْحُمّٰى فُلَانًا: کمزور کر دینا۔ مثال ہے الْحُمّٰى اَضْرَعَتْنِي لِلنُّوْمِ: اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَهُ الْحَاجَةُ اِلٰى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ: ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا..... اِلَى اللّٰهِ: عاجزی سے دعا کرنا..... الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ. لَهٗ: انکساری کرنا' ذلیل ہونا۔

الضَّرْع: تھن۔ ج ضُرُوْع.

الضِّرْع: مثل۔ رسی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع.

الضَّرَع: حمص۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ وقَوْمٌ ضَرَعٌ".

الضَّارِع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة. مِنَ الشَّاءِ والْبَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَّرُوْع: بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الْاَضْرَع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الْمُضَارِع: مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین): میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ وتَضَرْغَمَ: شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضَّرْغَم: شیر۔ ج ضَرَاغِم.

الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة: شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف. عِنْدَ الْعَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضُّرْفَة: کثرت۔

ضَرْفَطَهٗ. بِالْحَبْلِ: رسی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضُرِكَ: (ک) ضَرَاكَةً: بے وقوف ہونا۔

الضَّرِيْك: احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مذکر گدھ۔ ج ضَرَائِك وضُرَكَاء.

الضُّرَاك: موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ: (س) ضَرَمًا: بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَتِ النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا..... عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا..... فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَمَ وضَرَّمَ واسْتَضْرَمَ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَتْ وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔

تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرَمَ الْمَشِيْبُ: بڑھاپا آ جانا۔

الضَّرْم والضِّرْم: ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سحر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرْم. عقاب کا بچہ۔

الضَّرَم: بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن۔

درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَّرُوْرَة والضَّارُوْرَة والضَّارُوْرِ والضَّارُوْرَاء: حاجت۔ الضَّارُوْرَة: بمعنی ضرر۔
الضَّرَارَة: اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔
الضَّرِيْر: اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء واَضْرَار: مؤنث ضَرِيْرَة. ج ضَرَائِر.
الضَّرِيْر: غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارہ۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ضَرِيْرٌ وذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَّيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَّرُوْرِيّ: جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
النَّضِرَّة والنُّضْرَة: بدحالی۔
المَضَرَّة: نقصان۔ ج مَضَارّ.
ضَرَأً (ف) ضَرْأً. الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضِرَاءُ. اِنْضِراءً. الإبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا..... الشَّجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا. الشَّيْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا..... الجُرْحُ او القُرْحُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا..... العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا..... اللَّيْلُ: رات کا طویل ہونا..... الزَّمَانُ: گزرنا..... الطَّيْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا..... ہ: مارنا..... ہ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الأَجَلَ: مدت مقرر کرنا..... المَثَلَ: مثال بیان کرنا..... الدِّرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا..... الخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا..... الصَّلَاةَ: نماز قائم کرنا..... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا..... الحَاسِبُ كَذَا فِي كَذَا: ضرب دینا..... الجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا..... عَلَيْهِمُ الذِّلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا..... لَهُ سَهْمًا مِنْ مَالِهِ: مال سے حصہ مقرر کرنا..... عَلَى يَدِهِ: روک دینا..... القَاضِيْ عَلَى يَدِهِ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهِ الأَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا..... فِي المَاءِ: تیرنا..... بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا..... فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا..... بِيَدِهِ: اشارہ کرنا..... عَنْ فُلَانٍ كَذَا: روک لینا..... الدَّهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا..... بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا..... عَلَى أُذُنِهِ: سننے سے منع کرنا..... عَلَى المَكْتُوْبِ: مہر لگانا..... فِي البُوْقِ: بگل بجانا..... إِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَرْوَتِي" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِهِ الأَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِي الأَرْضِ ضَرْبًا و ضَرْبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لئے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا. النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَ. الأَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔
ضَرَّبَهُ: بہت مارنا..... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا..... المَظَلَّةَ بِالخُيُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا..... ہ النَّجَّادُ المُضَرِّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا..... ضَرَّبَتْ عَيْنُهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: بھڑکا دینا..... ہ فِي الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ ولاور کرنا۔
ضَارَبَهُ مُضَارَبَةً وضِرَابًا: ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهُ وضَارَبَ لَهُ فِي المَالِ وبِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔
اضْرَبْ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا..... عَنْهُ: اعراض کرنا..... القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا..... الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْرَبْ جَاشًّا لِأَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔
تَضَرَّبَ. الشَّيْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔
تَضَارَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا..... الأَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا..... فِي أُمُوْرِهِ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَ حَبْلُهُمْ: یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا..... مِنْ كَذَا: تنگ دل ہونا..... فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لئے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ. العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَّرْب: مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب
خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے..... فِي العَرُوْضِ: فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ واَضْرَابٌ. واَضْرُبٌ. دِرْهَمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَّرْبِ: ٹکسال۔
الضَّرْب والضُّرْب: سفید گاڑھا شہد۔
الضَّرْبَة: اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِيْ عَلَيْكَ إِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فساد۔
الضَّرْبَان: مص۔ ضَرَبَانُ الدَّهْرِ: زمانے کے حوادث۔
الضَّرُوب والضَّرِب: مارنے والا۔
الضَّرَّاب: زیادہ مارنے والا۔

اَضْجَعَهٗ : پہلو کے بل لٹانا..... الشَّیْءَ : پست کرنا..... الْحَرْفَ : حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا..... جَوَالِقَهٗ : بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَعَ. الشَّمْسُ : غروب کے لئے مائل ہونا (..... وَتَضَجَّعَ) فِی الْاَمْرِ : کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهٗ : ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع: کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الْهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ. عَنِ الْاَمْرِ : غفلت کرنا۔

الضَّجْعُ : مص۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَّجْعَة : صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

اَلضِّجْع : جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضَجْعَةُ اِلَیَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِّجْعَة : پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہل۔

الضُّجْعَة : رائے کی کمزوری (..... والضُّجَعَة والضُّجَعِی والضِّجْعِی والضُّجْعِیَّة والضَّجْعِیَّة) : بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَّاجِع : فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بے وقوف..... مِنَ الدَّوَابِّ : بے برکت جانور..... مِنَ النُّجُوْمِ : غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع. رَجُلٌ ضَاجِع : بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ ضَاجِعًا اِلَیْهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَة : مؤنث ضَاجِع : نہر کا دھانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (..... والضَّجْعَاء) : زیادہ بکریاں۔

الضُّجُوْع والْمِضْجُوْع : کمزور رائے والا۔ الضَّجُوْع : مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَّجِیْع : ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیْعَة.

الْمَضْجَع : خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع.

اَلْمُضْطَجَع : خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الْغَیْثِ : بارش کی جگہ۔

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الْفَمُ او الْعُنُقُ : منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فَمِهٖ ضَجَمٌ" یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔

تَضَاجَمَ. الْفَمُ : منہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الْاَمْرُ بَیْنَهُمْ : مختلف فیہ ہونا۔

الضَّحُّ : آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔

ضَحْضَحَ وتَضَحْضَحَ. السَّرَابُ : سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحْضَحَ الْاَمْرُ : ظاہر ہونا۔

الضَّحْضَح : تھوڑا پانی۔

الضَّحْضَاح : تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔ بہت اونٹ۔

ضَحِكَ (س) ضَحْكًا وضِحْكًا وضِحِكًا و ضِحِكًا : ہنسنا۔ کہا جاتا ہے "ضُحِكَ مِنْهُ وبِهٖ وعَلَیْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے۔

الضِّرْدُ : بندر کا آواز کرنا..... السَّحَابُ : بادل کا چمکنا..... الطَّرِیْقُ : راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِكَ الْاَرْضُ عَنِ النَّبَاتِ : اگانا..... الشَّیْبُ بِرَاْسِهٖ : بڑھاپا ظاہر ہونا..... طَلَعَ النَّخْلَةُ : درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (..... ضَحْكًا) الرَّجُلُ : تعجب کرنا۔

ضَاحَكَهٗ : ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔

اَضْحَكَهٗ : ہنسانا۔ اَضْحَكَ الْحَوْضَ : لبریز کر دینا۔

تَضَحَّكَ و تَضَاحَكَ واسْتَضْحَكَ : ہنسنا۔ وتَضَاحَكَ الرَّجُلُ : بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَكَ الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو ہنسانا۔

الضَّحُوْك : مص۔ مفید دانت۔ گلی۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔

الضَّاحِك : فا۔ ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهٗ زَائِیًا ضَاحِكًا" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔

الضَّاحِكَة : مؤنث ضَاحِك : دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِك کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهٖ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔

الضَّحْكَة والضُّحْكَة والضَّحَّاك والضَّحُوْك والمِضْحَاك : بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضُّحُوْك والضَّحَّاك : درمیان۔ راستہ۔ الضُّحُوْك : کی جمع ضُحُك.

الضُّحْكَة : جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔

الضُّحَكَة : جو لوگوں پر ہنسے۔

الْاُضْحُوْكَة : وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِیْك.

ضَحَلَ (ف) ضَحْلًا. الْغَدِیْرُ : تالاب کا پانی کم ہونا..... الْمَاءُ : پانی کا نایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَیْرَكَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔

الضَّحْل : نایاب پانی۔ ج ضِحَال واَضْحَال وضُحُوْل.

المَضْحَل : وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔

ضَحَا یَضْحُو ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِیًّا الرَّجُلُ : دھوپ کھانا..... الشَّیْءُ : دھوپ کا لگنا..... الطَّرِیْق : ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهٗ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِیَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِیَ یَضْحَی ضَحًا وضَحَاءً : دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِیَتِ اللَّیْلَةُ : بے بادل ہونا۔

ہونا۔ اَضَبُّوْا عَلَيْهِ: جو کچھ دل میں ہو اس پر خاموش رہنا..... عَلٰى غِلٍّ فِيْ قَلْبِهٖ: کینہ کو دل میں پوشیدہ رکھنا۔

تَضَبَّبَ. الصَّبِيُّ: بچے کا مونا ہونے لگنا۔

الضَّبُّ: گوہ۔ ج اَضُبٌّ وضِبَّان وضِبَاب ومَضَبَّةٌ: عرب کہتے تھے "لَا اَفْعَلُهٗ حَتّٰى يَرِدَ الضَّبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لئے کہ ان کو خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔

بَقْلَةُ الضَّبِّ: ایک خوشبودار نباتات۔

الضَّبُّ: اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔

الضَّبُّ والضِّبُّ: پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغاباز حیلہ گر مرد۔

الضَّبَّة. ضَبُّ: کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب.

الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ: وہ اونٹ جس کو (ضب): کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء. ج ضُبٌّ.

الضَّبُوْب: جھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔

ضَبُبُ. السَّيْفِ: تلوار کی دھار۔

الضَّبَابَة: کہرا۔ ج ضَبَاب.

الضَّبِيْبَة: ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لئے تیار کی جاتی ہے۔

اَرْضٌ مَضَبَّةٌ: زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابُّ.

المِضْبَاب: بخیل۔

ضَبَأَ: (ف) ضَبْأً وضُبُوْءًا. الرَّجُلُ: زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِئٌ.....

الضَّائِدُ: شکاری کا فریب دینے کے لئے چھپنا.....ه بِالْاَرْضِ: چمٹانا..... اِلَيْهِ: پناہ لینا..... مِنْهُ: شرم کرنا..... عَلَى القَوْمِ: اچانک آ جانا۔

اَضْبَأَ. الشَّيْءَ: چھپانا..... عَلَيْهِ: خاموش رہنا اور چھپانا..... مَا فِيْ يَدِهٖ وعَلَيْهِ: پکڑے رکھنا۔

اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً. مِنْهُ: چھپنا۔

الضَّابِيَ: راکھ۔

المَضْبَأ: چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِئ.

ضَبَثَ: (ض) ضَبْثًا واِضْطَبَثَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِهٖ: حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَيْهِ: مارا جانا۔

الضَّبْثَة: قبضہ۔ ج ضَبْثَات واَضْبَاث.

الضُّبَّاث: شیر کے پنجے۔

الضَّبَّاث والضَّبْث والضَّبُّوْث: شیر۔

المَضَابِث: چنگل اور شیر کے پنجے۔ مِضْبَث: واحد۔

ضَبَحَت (ف) ضَبْحًا وضُبَاحًا. الخَيْلُ فِيْ وِرْدِهَا: گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ (..... ضُبَاحًا)

الاَرْنَبُ والثَّعْلَبُ والقَوْسُ: آواز کرنا..... ضَبْحًا النَّارُ العُوْدَ: آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔

ضَابَحَه: رد در رد مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔

اِنْضَبَحَ. لَوْنُهٗ: راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔

تَضَابَحَا: ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

الضَّبْحَاء: کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔

الضِّبْح: راکھ۔

المَضْبُوْح: سنگستان کا پتھر۔

ضَبَدَ: (ن) ضَبْدًا: تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔

ضَبَّدَهٗ: غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَّبَد: غصہ۔ غضب۔

ضَبَرَ: (ن) ضَبْرًا. الحِجَارَةَ: تہ بتہ رکھنا۔ الكُتُبَ: جمع کرنا یا بنڈل بنانا (..... ضَبْرًا وضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَيَّدُ: ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔

ضَبَّرَ. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الضَّبْر: لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لئے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر. الضَّبْر: فقر۔ فَرَسٌ ضَبِرٌ: گھوڑا تمام الخلقة.

الضَّبْر والضَّبِر: جنگلی اخروٹ کا درخت۔

الضِّبَر: بغل۔

الضِّبَار والضُّبَار: کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔

الضَّبَارَة: خلقت کی مضبوطی۔

الضِّبَارَة والضُّبَارَة: کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.

الاِضْبَارَة: کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِيْر.

الضِّبَارَة: لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں "رَاَيْتُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ المَكَانِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔

الضَّبِر: بہت زیادہ کودنے والا۔

الضَّبِر والضَّبُوْر: سخت۔ شیر۔

الضُّبَّار: ملوط کی مانند ایک درخت۔ واحد ضُبَّارَة.

المِضْبَر: کودنے والا۔ شیر۔ المضبور: وارنتی۔

ضَبَزَهٗ: (ض) ضَبْزًا: تکھیوں سے تیز دیکھنا۔

الضَّبِز والضَّبْز. مِنَ الذِّئَاب: تیز نظر بھیڑیا۔

ضَبَسَ: (ن) ضَبْسًا عَلَى الغَرِيْمِ: قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَت: (س) ضَبَسًا. نَفْسُه: جی کا بگڑنا اور متلانا۔

الضَّبْس: بخیل۔

الضِّبْس: شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسٌ شَرٌّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔

الضَّبِس: سخت مزاج۔ فریبی۔

میں بھٹ بناتا ہے۔
الصَّیْدَنَانِی: بھٹ۔
صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا وَصَیْرُوْرَةً وَمَصِیْرًا: لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا" یعنی فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا..... اِلٰی کَذَا او اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ یہ افعالِ ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَهُ یَصُوْرُهُ وَیَصِیْرُهُ صَیْرًا: کاٹنا۔
..... الشَّیْءَ: روک دینا۔
صَیَّرَهُ وَاَصَارَهُ اِصَارَةً: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیُّرٌ: مشابہ ہونا۔
الصَّیْر: انجام۔
الصِّیْر: کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الْاَمْرِ": یعنی فلاں کام کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔ دروازے کی جھرمی۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔ یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّیَاحُ: گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّیَارَةُ والصِّیْرَةُ: گائے بکریوں کا باڑہ۔ ج صِیَر و صِیَر۔
الصَّائِرَةُ: خشک گھاس۔
الصَّیْر: جماعت۔ قبر۔
الصَّیُّوْرُ: عقل رائے (..... الصَّیُّوْرَةُ) انجام کار۔
الْمَصِیْر: انجام کار۔ پانی کا منتہی۔ ج مَصَائِر۔
الصِّیْصَةُ والصِّیْصِیَةُ: کپڑا بننے والے کا کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔ گڑھی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِیُ. صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا وَاَصَاعَ. الْغَنَمَ: متفرق کرنا..... الْقَوْمَ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَصَیَّعَ. الْمَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
..... الطَّیْرُ: فضاءِ آسمان میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا وَصَیَفًا وَتَصَیَّفَ وَاصْطَافَ. الْمَکَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لئے گرم موسم گرما بھر کے لئے کافی ہے۔
صَافَ: (ض) صَیْفًا وَصَیْفُوْفَةً. السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا..... عَنِی وَجْهَهُ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وَصُیِّفَ. الْمَکَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعولی۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ ومُصَیَّفٌ.
صَایَفَهُ مُصَایَفَةً وَصِیَافًا: موسم گرما کے لئے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَةً: بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا..... الْقَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا..... اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْف: موسم گرما۔ ج اَصْیَاف.
الصَّیْفَة: موسم گرما۔ یہ صَیْف سے اخص ہے۔ ج صِیَف.
الصَّیْف والصَّیْفَة: موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیْفَةٌ عَزِیْزَةٌ": ہم پر موسم گرما کی بارش بڑی زیادہ مقدار میں برسی۔
الصَّیْف والصَّیْفِی: گھاس جو موسم گرما میں اگتی ہے۔
الصَّائِف والصَّاف: گرم۔ صَیْفٌ صَائِفٌ: تاکید کے موقعہ پر بولا جاتا ہے۔ جیسے "لَیْلٌ لَائِلٌ".
الصَّائِفَة: مؤنث الصَّائِف: کا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانہ میں جنگ۔ "صَائِفَةُ الْقَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِف.
الْمَصِیْف والْمُتَصَیَّف والْمُصْطَاف: موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ الْمَصِیْف: ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَافٌ: زمین جس میں روئیدگی مؤخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوئی۔ ج مَصَائِف.
الْمَصَایِیْف: وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیْق: چڑا چڑے۔ ج صِیْقَان: پسینہ۔ بدبو۔ آواز (..... والصِّیْقَة): وہ غبار جو فضاءِ آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَق.
صَاکَ یَصِیْکُ صَیْکًا. بِهِ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَهُ کَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصِّیْم: بہت سخت۔
الصِّیْن: ملک چین۔
الصِّیْنِی: چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّة.
الصِّیْنِیَّة: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

صِنْعَتِہٖ" :یعنی وہ اس کی پیدائش پر پیدا کیا گیا۔ وَصَاغَ لَہُ الشَّرَاب :اس کے لئے شراب خوشگوار ہوئی۔
صَاغَ یَصُوْغُ صِیْغَۃً وَصِیَاغَۃً وَصَیْغُوْغَۃً. الشَّیْءَ : پگھلانا' ڈھالنا۔
اِنْصَاغَ اِنْصِیَاغًا : پگھلنا' ڈھلنا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَوْغُ اَوْ صَوْغَۃُ اَخِیْہِ" :یعنی وہ اس کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا کہ ان دونوں کے درمیان اور کوئی نہیں۔ "ھٰذَا صَوْغُ ھٰذَا" یعنی وہ اس کے مطابق ہے۔ "ھُمَا صَوْغَانِ" یعنی وہ پیدائش وغیرہ میں ایک جیسے ہیں۔
الصِّیْغَۃ :قسم۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صِبْغَۃٍ کَرِیْمَۃٍ" یعنی وہ اصل کریم سے ہے "وَ صِیْغَۃُ الْاَمْرِ کَذَا وَکَذَا :مراد وہ وزن ہے جس پر امر کا صیغہ بنایا جائے۔ ج صِیَغ.
الصَّائِغ :زرگر۔ سنار۔ ج صَاغَۃ وَصُیَّاغ وَصُوَّاغ. الصِّیَاغَۃ :زرگری۔ سناری کا پیشہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صَاغَۃِ الْکَلَامِ" یعنی وہ لپاڑیا ہے۔
الصَّوَّاغ وَالصَّیَّاغ وَالصَّیِغ :لپاڑیا۔ جھوٹا۔ المَصَاغ :ڈھالے ہوئے زیور۔
صَافَ یَصُوْفُ صَوْفًا. عَنْ کَذَا :اعراض کرنا..... السَّھْمُ عَنِ الْھَدَفِ :تیر کا نشانہ سے خطا ہو جانا(..... صَوْفًا وَصُنُوْفًا وَصَوِفَ یَصْوَفُ صَوَفًا الْکَبْشُ : مینڈھے کا بہت اون والا ہونا۔ صفت اَصْوَف. صَوَّفَہٗ :صوفی بنانا۔
اَصَافَہٗ :مائل کرنا۔ جھکانا۔
تَصَوَّفَ :صوفی بننا۔ صوفیوں کی سی عادت بنانا۔
الصُّوْف :اُون۔ ج اَصْوَاف. صُوْفَۃ : اُون کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِصُوْفِ رَقَبَتِہٖ" یعنی زبردستی پکڑ لو "اَعْطَاہُ اِیَّاہُ بِصُوْفِ رَقَبَتِہٖ" یعنی تمامہ یا مفت دے دیا۔
الصَّوَّاف :اُون کا بیچنے والا۔
الصُّوْفِیَّۃ :عبادت گزاروں کی جماعت۔ واحد صوفی۔
الصَّاف وَالصَّافِی وَالاَصْوَف وَ الصَّائِف :اُون والا۔
الصُّوْفَان :بہت اُون والا۔ مؤنث صُوْفَانَۃ.
الصُّوْفان :ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ پکڑ لیتی ہے۔
الصَّوِف وَالصُّوْفَانِی :بہت اُون والا۔
جُبَّۃٌ صَیِفَۃٌ :بہت اُون والا جبہ۔
صَاقَ. الدَّابَّۃَ :ہانکنا۔
الصَّوِیْق :ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔
الصَّاق :پنڈلی۔ ج صُوْق ساق میں ایک لغت ہے۔
صَاکَ یَصُوْکُ صَوْکًا. بِہِ الزَّعْفَرَانُ اَوِ الْمِسْکُ او نَحْوُھُمَا :زعفران یا مشک وغیرہ کا چپکنا۔
تَصَوَّکَ. فِیْ رَجِیْعِہٖ وَبَرَجِیْعِہٖ :گوبر میں لتھڑنا۔
صَالَ یَصُوْلُ صَوْلاً وَصَوَلَۃً. عَلَیْہِ :کود پڑنا(..... صَوْلاً وَصِیَالاً وَصَالاً وَصُؤُوْلاً وَصَیَلاَنًا وَمَصَالَۃً) عَلَیْہِ :حملہ کرنا اور زبردستی کرنا۔
صِیْلَ. لَہُ الاَمْرُ :کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔
صَوْل. الْیَدَر :کھلیان کے اطراف و جوانب کو جھاڑ دینا..... الشَّیْءَ :پانی سے نکالنا۔ پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
صَاوَلَہٗ مُصَاوَلَۃً وَصِیَالاً وَصِیَالَۃً :ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
تَصَاوَلاَ :ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔
الصَّوْلَۃ :حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ صَوْلَۃٍ" یعنی اول وہلہ میں ملاقات کی۔
صُوَلَۃُ. الْحِنْطَۃِ :پانی میں سے نکالا ہوا اور صاف کیا ہوا گیہوں۔
الصُّوَالَۃ :گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے اردگرد کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّوُوْل. مِنَ الرِّجَالِ :لوگوں کو مارنے والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔
المِصْوَل :بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِل.
المِصْوَلَۃُ :کھلیان کا جھاڑو۔
صَامَ یَصُوْمُ صَوْمًا وَصِیَامًا وَاِصْطَامَ : روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے' بولنے' کھانے پینے سے رُک جانا۔ صفت صَائِم ج صَائِمُوْنَ وَصُوَّام وَصُیَّام وَصُوْم صُیَّم وَصِیَام.
صَامَ الشَّھْر :روزہ رکھنا۔ مَنِیَّۃ :موت چکھنا..... النَّعَامُ :شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صَامَ النَّھَارُ :دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "حَبَنْتُہٗ وَالشَّمْس فِیْ مَصَامِّھَا" :یعنی میں اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِّیْحُ :ہوا کا رُک جانا۔
صَوَّمَہٗ :روزہ رکھوانا۔
الصَّوْم :روزہ۔ کام سے رکنا۔ روزہ دار یہ لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَوْمٌ ھِیَ صَوْمٌ ھُمْ صَوْمٌ. شَھْرُ الصَّوْمِ :رمضان۔ صَوْمُ النَّعَامِ :شتر مرغ کی بیٹ۔
الصَّوَام. مِنَ الاَرَاضِیْ :خشک بے پانی کی زمینیں۔
الصَّوْمَان :روزہ دار۔ ج صَیَامٰی.
الصَّائِم :روزہ دار۔ یَوْمٌ صَائِم :وہ دن جس میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِم :ٹھہرا ہوا پانی۔ الصَّائِمَۃُ مِنَ السَّکَاکِیْنِ :کند چھری..... مِنَ الْخَیْلِ :بغیر چارہ کے کھڑا ہونے والا گھوڑا۔ وَالصَّائِمَۃُ مِنَ الْبُکُرَاتِ :نہ گھومنے والی چرخی۔
الصَّوَّام :بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَوَّام قَوَّام" :یعنی وہ دن میں روزے رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا ہے۔

صَهْصَهَ. بِالْقَوْمِ: صہ صہ کہہ کے لوگوں کو خاموش کرنا۔
صَهَلَ (ف ض) صَهِيلاً وَصَاهِلَةً وَصُهَالاً. الفَرَسُ: ہنہنانا۔
تَصَاهَلَتِ. الخَيْلُ: ایک دوسرے کی طرف ہنہنانا۔
الصَّهَل: آواز کی تیزی مع گلا پڑنے کے۔
الصَّاهِل: فا۔ گھوڑا جیسے "نابح" کتے کے لئے۔ ج صَوَاهِل. الصَّوَاهِل: گھاس وغیرہ میں مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الصُّهَال والصَّهِيل: گھوڑے کی آواز۔
الصَّهَّال: بہت ہنہنانے والا۔
صَهَا يَصْهَى صَهْوًا وَصَهِيَ يَصْهَى..... صَهًى: زخم کا ہرا ہونا۔ زخم کا رسنا۔ صَهَا الرَّجُلُ: مالدار ہونا۔
صَهِيَ يَصْهَى صَهًا: عمر رسیدہ ہونا۔
صَاهَى. الدَّابَّةَ: جانور کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
أَصْهَى إِصْهَاءً. الفَرَسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا دردمند ہونا۔
الصَّهْوَة: گھوڑے کی پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "إِسْتَوَى عَلَى صَهْوَةِ العِزِّ" یعنی اسے عزت حاصل ہوئی۔ کوہان کا پچھلا حصہ۔ ج صِهَاء وَصَهَوَات..... پہاڑ کی چوٹی کا برج۔ ج صُهًى..... زمین کا پست حصہ جس میں پانی جمع ہو۔ پانی کا منبع۔ ج صِهَاء.
صَابَ يَصُوبُ صَوْبًا وَصَيْبًا. المَطَرُ: بارش ہونا..... الشَّيْءُ: اوپر سے اترنا (..... صَوْبًا) المَاءَ: بہانا..... السَّمَاءُ الأَرْضَ: برسانا..... هُ المَطَرُ: بارش کا پہنچنا (..... صَوْبًا وَصُيُوبَةً) السَّهْمُ نَحْوَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔
صَابَ يَصِيبُ صَيْبًا. السَّهْمُ الفِرْطَاسَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَوَّبَ. لَهُ رَأْيَهُ: تصدیق کرنا..... فُلَانًا: کسی کی تصدیق کرنا..... السَّهْمَ: سیدھا کرنا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لئے چھوڑنا..... الإِنَاءَ: جھکا دینا..... المَاءَ: گرا دینا..... زَانِيَهُ: پست کرنا..... المَكَانَ وَغَيْرَهُ: ڈھلوان ہونا۔
أَصَابَ السَّهْمَ: تیر کا نشانہ پر لگنا..... الرَّجُلُ: درست کرنا..... الشَّيْءَ: صواب سمجھنا..... مِنَ الشَّيْءِ: لینا..... الشَّيْءَ: پانا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ پست کرنا (..... إِصَابَةً وَمُصَابَةً) الدَّهْرُ القَوْمَ بِأَمْوَالِهِمْ او نُفُوسِهِمْ: تکلیف دینا۔ أَصَابَتِ المُصِيبَةُ فُلَانًا: نازل ہونا۔ أَصَابَهُ بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔
تَصَوَّبَ: نیچے اترنا۔
اِنْصَابَ اِنْصِيَابًا. المَاءُ: پانی کا بہنا۔
اِنْصَابَ اِنْصِبَابَةً او اِنْصَوَبَ اِنْصِوَابًا. الرَّأْيُ او الفِعْلُ: صواب سمجھنا۔
الصَّاب: ایک کڑوا درخت ہے صَابَةٌ واحد اور "صَابَة" اس درخت کے عصارہ کو بھی کہتے ہیں۔
الصَّوْب: جانب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُسْتَقْبِلُ الصَّوْبِ": جب کہ اپنے ارادہ سے دائیں بائیں جانب مائل نہ ہو۔ صوب مطر سے تشبیہ دے کر عطا کے معنی بھی آتے ہیں۔ ضد خطا (..... الصَّبّ): بارش والا بادل۔
الصَّابَة: مصیبت۔ عقل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِهِ صَابَةٌ": یعنی تھوڑا سا جنون ہے۔
الصُّوبَة: غلہ کا ڈھیر۔
الصَّوَاب: ٹھیک۔ لائق۔ حق۔
الصَّائِب: ٹھیک کرنے والا۔ ج صَيَاب.
الصَّوِيب والمُصِيب: درست کار۔
صَبُوب: ٹھیک کرنے والا۔ بارش۔
مَطَرٌ صَبُوبٌ: بہنے والی بارش۔
صُوَابَةُ القَوْمِ وَصَيْبَتُهُمْ وَصُيَّابَتُهُمْ: قوم کے منتخب لوگ۔
الأَصْوَب: سخت مصیبت والا۔
المُصِيبَة: بلا۔ ہر امر مکروہ۔ ج مَصَائِب ومَصَاوِب ومُصِيبَات.
المُصَاب والمُصَابَة والمَصُوبَة: بلا۔ ہر امر مکروہ۔
المُصَاب: جس میں کچھ جنون ہو۔
المِصْوَب: چمچہ۔ ڈوئی۔
الصَّوْبَج والصُّوبَج: بیلن۔
صَاتَ يَصُوتُ ويَصَاتُ صَوْتًا: آواز دینا۔ پکارنا۔
صَوَّتَ تَصْوِيتًا وَأَصَاتَ إِصَاتَةً: آواز دینا۔ أَصَاتَ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق غیر پسندیدہ چیز کو مشہور کرنا۔ أَصَاتَ الطَّسْتَ وضَوَّتَهُ: طشت بجانا۔
اِنْصَاتَ. الرَّجُلُ: چپکے سے جانا۔ جھکاؤ کے بعد قد کا سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَاتَ بِهِ الزَّمَانُ" یعنی مشہور ہو گیا۔ و "دُعِيَ فَانْصَاتَ": بلایا گیا پس متوجہ ہوا۔
الصَّوْت: آواز۔ ہر نغمہ کا راگ۔ ج أَصْوَات نحویوں کے نزدیک اسماء اصوات وہ ہیں کہ جن سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے پتھر پر پتھر کی آواز کے لئے طق. اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لئے هَلَا اور خچر کے لئے غدس. اور یا تعجب کے لئے جیسے وَی یا اظہار درد کے لئے جیسے اُح: یا اظہار حسرت وافسوس کے لئے جیسے آہ۔
الصَّوت والصَّات والصِّيت والصِّيتَة: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَ صَوْتُهُ بَيْنَ النَّاسِ" اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔ الصَّيْتَة: نوع آواز۔
الصَّات والصَّيِّت: بلند آواز والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَاتٌ وصَوْتٌ صَيِّتٌ".
المِصْوَات: بہت آواز دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مِصْوَاتٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الصَّوْجَان: خشک سخت۔ مؤنث صَوْجَانَةٌ. نَخْلَةٌ صَوْجَانَةٌ: خشک درخت خرما جس کے پتے بھی خشک ہوں۔ کہا جاتا ہے

اَدْرِیْ اَیُّ صَنْجٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔

الصَّنَّاجُ والصَّنَّاجَة: جھانجھ والا۔ صَنَّاجَة الْعَرَب: اعشیٰ قیس شاعر جاہلیت کا لقب

صَنَّاجَةُ الْجَیْشِ: طبل۔

الصِّنْدِیْد. مِنَ الرِّیْحِ او الْبَرْدِ: تیز۔ من الْغَیْثِ: بڑی بوند کی بارش (..... والصِّنْدِید) سردار۔ بہادر۔ ج صَنَادِیْد.

الصَّنَادِیْد: مصیبتیں۔ لشکر کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ حَامِیُ الصِّنْدِیْد او الصَّنَادِیْد" یعنی سخت گرم دن۔

الصُّنْدُوْق: بکس۔ ج صَنَادِیْق.

الصَّنْدَل: ایک خوشبودار لکڑی کا نام۔

الصُّنَادِل: بڑے سردالا۔

الصَّنْدَلَانِی: عطار۔ صَیْدَلَانِی: میں ایک لغت ہے۔ ج صَنَادِلَة.

الصِّنَار والصِّنَّار: چنار کا درخت۔ واحد صِنَارَة وصِنَّارَة.

الصِّنَّارَة: ٹکلے کے سرے پر منڈھا ہوا لوہا۔ صِنَّارَةُ الصَّیَّاد: مچھلی وغیرہ کے شکار کرنے کا کانٹا۔ بنسی۔ ج صَنَانِیْر کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صِنَّارَةٌ وصَنَّارَة: یعنی بدخلق مرد۔ ج صَنَانِیْر.

الصِّنْوُر: بخیل۔ بدخلق۔

صَنَعَ: (ف) صَنْعًا وصُنْعًا. الشَّیْءَ: بنانا ..... اِلَیْهِ مَعْرُوْفًا: احسان کرنا ..... بِهٖ صَنِیْعًا قَبِیْحًا: برائی کرنا (..... صَنْعًا وصُنْعَةً) الْفَرَسِ: اچھی تربیت کرنا۔

صَنَّعَ. الشَّیْءَ: مزین کرنا۔ کاریگری سے خوبصورت بنانا۔

اَصْنَعَ. الرَّجُلُ: سیکھنا۔ مضبوطی سے کام کرنا۔ دوسرے کو مدد دینا۔

صَانَعَهٗ مُصَانَعَةً: نرمی کرنا۔ مدارات کرنا۔ رشوت دینا۔ مثل مشہور ہے "مَنْ صَانَعَ بِالْمَالِ لَمْ یَحْتَشِمْ مِنْ طَلَبِ الْحَاجَةِ" جو شخص رشوت میں مال خرچ کرے وہ حاجت کے طلب کرنے سے منقبض نہیں ہو سکتا ..... هٗ عَنِ الشَّیْءِ: فریب دینا ..... الرَّجُلَ: رفیق بننا۔

تَصَنَّعَ: تزئین کا تکلیف کرنا۔ بناوٹ کرنا۔

اِصْطَنَعَ. شَیْئًا: تیار کرنے کا حکم دینا ..... عِنْدَهٗ صَنِیْعَةً: احسان کرنا ..... ہ: ادب سکھلانا ..... ہ لِنَفْسِهٖ: اپنے لئے اختیار کرنا ..... فُلَانٌ: خیراتی کھانا تیار کرنا ..... الرِّزْقَ: پیش کرنا۔

اِسْتَصْنَعَهٗ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو بنانے کے لئے کہنا۔

الصَّنْع: مص۔ ایک چھوٹا سا جانور۔ رَجُلٌ صَنْعُ الْیَدَیْنِ: کاریگری میں ماہر۔ ج رِجَالٌ صُنُعُوْنَ.

الصُّنْعُ: مص۔ عمل۔ احسان۔ رزق۔

الصِّنْعُ: بنا ہوا۔ کپڑا۔ عمامہ۔ حوض۔ قلعہ۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔ درزی۔ ج اَصْنَاع رَجُلٌ صِنْعُ الْیَدَیْنِ: کاریگری میں ماہر۔ ج رِجَالٌ صُنُعُوْنَ.

الصَّنْعَة: پیشہ کاری گری۔ صَنْعَةُ الْفَرَسِ: گھوڑے کے سدھانے کا فن۔

الصَّنَاع: لکڑی جو پانی کو کچھ دیر روکنے کے لئے نالی میں لگا دی جائے۔

رجل صَنَاعُ الْیَدَیْنِ وصَنْعُ الْیَدَیْنِ: کاریگری میں ماہر اور ایسا ہی اِمْرَاَةٌ صَنَاعُ الْیَدَیْنِ وامْرَاَتَانِ صَنَاعَانِ اونِسْوَةٌ صُنُعٌ اور شاعر و بلیغ کے لئے کہا جاتا ہے۔ هُوَ صَنَعُ اللِّسَانِ ولَهٗ لِسَانٌ صَنَعٌ.

الصِّنَاعَةُ والصَّنَاعَةُ: پیشہ۔ وہ علم جو مزاولت عمل سے حاصل ہے جیسے درزی کا کام جولاہ گری وغیرہ۔ وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو جیسے منطق۔

اور کہا گیا ہے کہ صَنَاعَة بالفتح کا استعمال محسوسات میں ہوتا ہے اور صِنَاعَة بالکسر کا معانی میں۔ ج صَنَاغات وصَنَائع.

الصِّنَاعِیّ: مصنوعی۔ طبیعی کا مقابل۔

الصَّنِیْع: مص۔ بنایا ہوا۔ صیقل شدہ تلوار۔ تیر۔ صاف ستھرا کپڑا۔ سدھا ہوا گھوڑا۔ کھانا۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَنِیْعِیٌّ" یعنی فلاں میرا تربیت یافتہ ہے "سَیْفٌ صَنِیْعٌ" جس کی جلاء کی دیکھ بھال کی جائے۔ "رَجُلٌ صَنِیْعُ الْیَدَیْنِ" کاری گری میں ماہر۔ مؤنث "صَنِیْعَةُ الْیَدَیْنِ" قَوْمٌ صَنِیْعُ الْاَیْدِی وصُنُعُ الْاَیْدِی وصَنِیْعِیُ الْاَیْدِی وصَنَائِعُ الْاَیْدِی: کاریگری میں ماہرین۔

الصَّنِیْعَة: احسان۔ ج صَنَائِع کہا جاتا ہے "هُوَ صَنِیْعَتِیْ" میرا تربیت یافتہ ہے۔

الصَّانِع: فا۔ کاریگر۔ ج صُنَّاع کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ صَانِعَةُ الْیَدَیْنِ" یعنی کاریگری میں ماہر عورت۔

صَنْعَاء: موجودہ یمن کا دارالحکومت۔ نسبت کرنے میں صَنْعَائی اور صَنْعَانِیّ کہا جاتا ہے۔

الصَّنَّاعَة: لکڑی جو پانی کو روکنے کے لئے نالی میں لگا دی جائے۔

الْمَصْنَعَة والْمَصْنُعَة والْمَصْنَع: حوض جس میں بارش کا پانی جمع کیا جائے۔ ج مَصَانِع المصانع: گاؤں۔ قلعے۔ محلات۔ الْمَصْنَعَة. کھانے کی دعوت۔ کہا جاتا ہے "کُنَّا فِیْ مَصْنَعَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے یہاں دعوت میں تھے۔ مقام شہد کی مکھیوں کے لئے جو آبادی سے علیحدہ بنایا جائے۔

صَنَّفَ. الشَّیْءَ: قسم قسم بنانا اور بعض کو بعض سے جدا کرنا ..... الْکِتَابَ: کتاب تصنیف و تالیف کرنا ..... الشَّجَرَ: پتے نکلنا ..... التَّمْرَ: کھجور کا ادھ پکچرا ہونا۔

تَصَنَّفَ. الشَّجَرُ او النَّبَاتُ: پتے نکلنا۔ مختلف قسمیں ہونا۔ تصنفت الشَّفَةُ: ہونٹ کا چھل جانا۔ تصنف الساق: پنڈلی کا پھٹ جانا۔

الصِّنْف: صفت۔ کہا جاتا ہے "صِنْفَةُ کَذَا" صِنْفُ الثَّوْبِ: کپڑے کا کنارا۔

الصِّنْف والصَّنْف: نوع۔ قسم۔ کہا جاتا ہے

مُضْمَتٌ ومُضْمَتٌ: کامل ایک ہزار۔
ضَمْخَهُ: (ف ض) ضَمْخًا. الحرُّ: گرمی کا دماغ کو پگھلا دینا.....ہ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ ضَمَخَ فُلَانًا: سوال کرنے میں سختی کرنا۔
الضَّمَاخ: بدبودار پسینہ۔ داغ لگانا۔ چربی جو پگھلا کر پیر کی پھٹن میں لگائی جائے۔
الاَضْمَخ: بہادروں کے سر پر ضرب لگانے والا۔
یَوْمٌ ضَامِخٌ وضَمُوْخٌ: سخت گرم دن۔
حَافِرٌ ضَمُوْخ: سخت کھر۔
الضِّمْخَاء والضِّمْخَاءَة: سخت زمین۔
ضَمَخَهُ (ن) ضَمْخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔ ضَمَخَ اَنْفَه: ناک توڑ دینا۔
الضِّمْخ: خشک چیز جو بکریوں کے تھن کے سوراخ میں بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے کہ اس کے نکل جانے کے بعد دودھ اچھی طرح آنے لگتا ہے۔ مار کا نشان جو چہرے پر پڑ جائے۔
الضِّمَاخ: کان کا سوراخ۔ ج ضُمُخ واَضِمَّخَةٌ.
الاَضْمُوْخ: کان کا سوراخ۔ کہتے ہیں "ضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى ضِمَاخِهٖ" یعنی اللہ اسے سلاوے۔
الضُّمَاخ: کم پانی کا کنواں۔ ج ضُمُخ.
اِضْمَخَدَّ: غصہ سے پھول جانا۔
ضَمَدَ (ن ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ. فُلَانًا وَلَهُ وَاِلَيْهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے ضَمَدَ ضَمْدَ هٰذَا الاَمْرِ": یعنی اس امر پر اعتماد کیا.....ہ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔
ضَمَدَتِ الشَّمْسُ وَجْهَهُ: آفتاب کا چہرے کو جھلس دینا۔ ضَمَدَ القَارُوْرَةَ: شیشی میں ڈاٹ لگایا۔ ضَمَّدَ الرَّجُلُ رَاْسَهُ: مرد کا اپنے سر پر بند لپیٹنا۔
ضَامَدَهُ ضِمَادًا ومُضَامَدَةً: تلوار بازی کرنا۔
اَضْمَدَ. اِلَيْهِ الاَمْرَ: سپرد کر دینا۔
تَضَمَّدَ. لَهُ بِالْعَصَاء: لاٹھی سے مارنا۔
الضَّمْد: بلند جگہ۔ ج اَضْمَاد وصِمَاد.
الصَّمَد: سردار جس کے بغیر امور پورے نہ ہوں۔ ٹھوس۔ ایسا شخص جو لڑائی میں بھوکا پیاسا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔ بلند اور صمد: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی وہ ذات جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو۔
اَلصَّمْدَةُ: عیسائیوں کے نزدیک قربان مقدس کے پاس رکھا ہوا روٹ مال۔
الصَّمْدَةُ والصُّمْدَة: بلند گڑی ہوئی چٹان۔
الصِّمَاد: شیشی کی ڈاٹ۔
الصِّمَاد والصِّمَادَة: پگڑی کے علاوہ سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
المُصَمَّد والمَصْمُوْد: قصد کیا ہوا۔ جس کا قصد کیا جائے۔
صَمَدَ. اليَوْمُ: دن کا بہت گرم ہونا۔
الصُّمَادِح والصُّمَادِحِي: بہت سخت چیز کا خالص۔
الصُّمَادِح: کھلا ہوا راستہ۔ شیر۔
الصَّمِيْدَح: بہت سخت گرم دن۔
صَمَرَ: (ن) صَمَرًا وصُمُوْرًا: بخیل ہونا۔ مَاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ نشیبی زمین سے ہموار زمین کی طرف بہنا۔
صَمَرَ: (ض) صَمْرًا وصَمِرَ (س) صَمَرًا. اللَّبَنُ: کھٹا ہونا۔
اَصْمَرَ. اللَّبَن: زیادہ کھٹا ہونا(..... وصَمَّرَ) الرَّجُلُ: جل کرنا۔ غروبِ آفتاب کے وقت آنا۔ اَصْمَرَ وصَمَّرَ المَتَاع: جمع کرنا۔
الصَّمَر: تازہ مشک کی خوشبو(..... والصَّمَر): بدبو۔
الصِّمْر: آہستہ آہستہ پانی بہنے والے کے جمع ہونے کی جگہ۔
الضِّمْر: برتن وغیرہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "مَلَأَ الكَاسَ اِلٰى اَصْمَارِهَا اَوْ اَصْبَارِهَا" یعنی پیالے کو اس کے کناروں تک بھر دیا۔
الصَّمِر: بدبودار۔ کہا جاتا ہے "يَدِيْ مِنَ السَّمَكِ صَمِرَةٌ" یعنی میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
الصَّامِر: بخیل۔ ج صَامِرُوْن.
الصَّمِيْر: دبلا پتلا خشک آدمی جس سے پسینہ کی بدبو پھیلے۔
الصُّمَيْر: آفتاب کے غروب ہونے کا وقت۔
الصمرة والصَّامُوْرَة: کھٹا دودھ۔
صَمْصَمَ صَمْصَمَةً. فِي الاَمْرِ او السَّيْرِ: استقلال سے کام جاری رکھنا۔ صَمْصَمَتِ القُنْفُذَةُ: سیہی کا آواز کرنا۔
الصَّمْصَام والصَّمْصَامَة: تلوار جس کی دھار نہ مڑے۔
الصِّمْصِم والصُّمَاصِم والصُّمَاصِمَةُ مِنَ الخَيْل: چلنے میں ثابت قدم گھوڑا۔
الصِّمْصِم: چھوٹا موٹا۔
الصَّمْصَم: بہت زیادہ بخیل۔
الصَّمْصَمَه والصِّمْصِمَة: قوم میں اچھا آدمی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج صَمَاصِم.
صَمْعَهُ: (ف) صَمْعًا. بِالعَصَا اَوِ السَّيْفِ: لاٹھی یا تلوار سے مارنا..... الطَّبْيُ: زمین کے اندر چل دینا۔
صَمِعَ (س) صَمَعًا: لاپروائی سے گزر جانا۔ فِي الكَلَامِ: غلطی کرنا۔ صَمِعَتْ اُذْنُهُ: کان کا چھوٹا ہونا اور سر سے چپٹا ہوا ہونا۔ صفت اَصْمَعُ مؤنث صَمْعَاءُ ج صُمْعٌ.
صَمَّعَ. عَلٰى رَاْيِهٖ: پختہ ارادہ کرنا۔
اِنْصَمَعَ. فِي غَضَبِهٖ: غضب پر قائم رہنا۔
الاَصْمَع: چھوٹے کان والا۔ مؤنث صَمْعَاء ج صُمْعٌ.....: اوپر چڑھنے والا۔ تلوار قاطع۔ تیز ذہن والا۔ روئیدگی کہ جس کا پھل ابھی غلاف سے نہ نکلا ہو۔ عمدہ پر۔ ج صُمْعَان. اَصْمَعَان: قلب ذکی و پختہ رائے۔
الصَّمِيع: ذکی القلب۔ تیز فہم والا۔ بہادر۔

صَلِفٌ ج صَلِفُوْنَ صُلَفَاء وصَلَافِی.....لِصَاحِبِہٖ : غیر پسندیدہ باتیں کرنا.....اَلْمَرْاَۃُ عِنْدَ زَوْجِھَا : شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔صفت صَلِفَۃٌ. ج صَلِفَات وصَلَائِف..... السَّحَاب : زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔

اَصْلَفُ : بے برکت ہونا۔گراں جان ہونا۔فلانًا : بغض رکھنا۔

تَصَلُّفٌ : بہ تکلف ڈینگ مارنا۔چاپلوسی کرنا.....الفَرَس : سخت زمین پر پڑنا۔

الصَّلْف : درخت خرما میں خالی ہونا۔صَلْفَۃٌ : واحد ہے۔

الصَّلِف : بے مزہ کھانا۔بھاری برتن۔اناءٌ صَلِفٌ : کم پانی لینے والا برتن۔سَحَابٌ صَلِفٌ : زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔

اَرْضٌ صَلِفَۃٌ : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

الصَّلِیْف : گردن کا پہلو۔کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِصَلِیْفِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔"طَعَام صَلِیْفٌ" بے مزہ کھانا۔

الاَصْلَف : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ج اَصَالِف.

الصَّلْفَاء والصِّلْفَاء والصَّلَفَاءَۃ والصِّلْفَاءَۃ : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ج الصَّلَافِی.

المُصَلِّف : بیوی کی بے قدری کرنے والا۔

صَلْفَعَ : مفلس ہونا۔رَاسَہٗ : سر مونڈ دینا۔

صَلَقَ : (ن) صَلْقًا. الرَّجُلُ : مصیبت میں چیخنا چلانا۔صَلَقَہٗ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔صَلَقَتْہُ الشَّمْسُ : آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔

صَلْق : (ن) صَلْقًا. نَابَہٗ : دانت پیسنا۔

اَصْلَقَ. الرَّجُلُ : مصیبت میں چیخنا چلانا۔..... النَّابُ : دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔

تَصَلَّقَ. المَرِیْضُ : درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا.....اَلْمَرْاَۃُ : درد زہ میں مبتلا ہونا۔

اِصْطَلَقَ. البَعِیْرُ بِنَابِہٖ : اونٹ کا دانت پیسنا۔

الصَّلَاقَۃ : پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔

الصَّلْق : سخت آواز۔

الصَّلَق : ہموار زمین۔ج اَصْلَاق ج اَصَالِیْق.

الصَّلِیْق : چکنا۔

الصَّلِیْقَۃ : پتلی روٹی۔چپاتی۔گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ج صَلَائِق.

المِصْلَق والمِصْلَاق. مِنَ الخُطَبَاء : بلیغ خطیب۔ج مَصَالِق ومَصَالِیْق.

المُصَالِیْق : بڑے بڑے پتھر ہلکے پھلکے اونٹ۔

صُلْفُعٌ : مفلس ہونا.....رَاسَہٗ : سر مونڈنا۔

صَوْنَہٗ : آواز تیز کرنا۔

الصَّلْقَع : خالی۔کہا جاتا ہے "مَکَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ وصَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان۔بَلْقَع وبَلَنْقَع صَلْقَع وصَلَنْقَع کے لئے تابع ہیں۔

الصَّلَنْقَع : مرد دلاور وتوانا۔

صَلَّمَ : (ن ض) صَلْمًا وصَلَّمَ. الشَّیْءَ : جڑ سے کاٹنا۔صَلَمَہٗ وصَلَّمَہٗ : جڑ سے ناک کان کاٹ لینا۔

اِصْطَلَمَہٗ : جڑ سے اُکھیڑنا۔کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَہُ الدَّھْر" یعنی زمانہ نے ان کو برباد کر دیا۔

الصَّلْم والصَّلَمَۃ : مضبوط اور بہادر لوگ۔واحد صَالِم.

الصُّلْمَۃ : خود۔

الصُّلَامَۃ والصِّلَامَۃ والصُّلَامَۃ : آدمیوں کی جماعت۔ستاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ج صُلَامَات صِلَامَات صَلَامَات.

رَجُلٌ اَصْلَمُ. الاُذُنَیْن : وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتاً ایسے ہی ہیں۔مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم.

الصُّلْم : تلوار۔سخت کام۔مصیبت۔دن میں ایک مرتبہ کا کھانا۔وَقْعَۃٌ صُلْمَۃٌ : جڑ مٹا دینے والی جنگ۔

صَلْمَعَ : مفلس ہونا.....الرَّاسَ : مونڈ دینا.....الشَّیْءَ : اکھیڑ دینا۔چکنا کر دینا۔کہا جاتا ہے "ھُوَ صَلْمَعَۃٌ قَلْمَعَۃٌ" یعنی وہ اور اس کے باپ غیر معروف ہیں۔

اِصْلَھَبَّ : دراز ہونا۔

الصَّلْھَب والمُصْلَھِب : لمبا آدمی۔

الصَّلْھَب : بڑا مکان۔

الصَّلْھَج : بڑی چٹان۔قوی اُونٹنی۔

اِصْلَھَمَّ : سخت ہونا۔

الصِّلْھَام : دلیر۔شیر۔

صَلَا یَصْلُو صَلْوًا. فُلَانًا : پیٹھ کے درمیان مارنا۔

صَلِیْتُ تَصْلَی صَلًا وَ اَصْلَیْتُ اِصْلَاءً. النَّاقَۃُ : قرب ولادت کی وجہ سے اونٹنی کے دُبر اور رُوم کے درمیان کا ڈھیلا پڑ جانا۔

صَلَّی صَلَاۃً : دعا کرنا۔نماز پڑھنا۔اَللّٰہُ عَلَیْہِ : برکت دینا۔اچھی تعریف کرنا.....نَصْلِیْہِ) الفَرَسَ : گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہونا۔صفت مُصَلِّی.

الصَّلَا : انسان اور چوپایہ کی پیٹھ کا درمیانی حصہ۔ج صَلَوَات واَصْلَاء.

الصَّلَاۃ والصَّلٰوۃ : دعا۔نماز۔تسبیح.....مِنَ اللّٰہِ : رحمت۔ج صَلَوَات.

المُصَلّٰی : نماز پڑھنے کی جگہ۔

صَلِیَ صَلًا. اللَّحْمَ : گوشت بھوننا۔صفت مفعول مَصْلِیّ.....فُلَانًا النَّارَ وفِیْھَا وعَلَیْھَا : آگ میں داخل کرنا.....الرَّجُلَ : فریب دینا.....لِلصَّیْدِ : جال لگانا۔

صَلِیَ (س) صَلًی وصِلًی وصُلِیًّا وصَلْیًا النَّارَ وبِھَا : آگ کی گرمی برداشت کرنا۔آگ میں جلنا.....الاَمْرَ وبِالاَمْرِ : معاملہ کی شدت برداشت کرنا۔

صَلَّی. العَصَا عَلَی النَّارِ اوبِالنَّارِ : آگ دکھلا کر سیدھا کرنا۔صَلِّی واَصْلِی یَدَہٗ : ہاتھ گرم کرنا۔

زمین۔ ج صِلَبَۃٌ و اَصْلَابٌ :ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں "اِنَّھَا لَا صُلَابَ مُنْذُ اَعْوَامٍ".

الصُّلْب :سخت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صُلْبٌ فِی دِیْنِہٖ" :وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "دَاءٌ صُلْبُ الْعَصَا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو۔

ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلَاب و اَصْلُب و صِلَبۃ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔

الصُّلْب :قوۃ۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَۃ.

الصُّلَب :ایک پرندہ ہے۔

الصَّالِب :فا۔ حُمّٰی صَالِبٌ :تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَّالِب و الصَّالَب :ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلْب :سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلْبَۃ :سان رکھنے کا پتھر۔

الصُّلْبِی :سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سِنَانٌ صُلْبِی :تیز نیزے۔

الصُّلَّبِیَۃ :بمعنی صُلْبِی :تا مبالغہ کے لئے ہے۔

اَلْمُضَالِبُ :وہ ستون جس کے چار حصے بنائے گئے ہوں۔

اَلْاَنْبُوبُ :وہ ستون لمبا جس کے حصے نہ ہوں۔

اَلْاَعْرَاجُ :وہ ستون جو دو پر قائم ہوا اور باقی لمبا ہو۔

الصَّلِیْب :وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ نیز وہ جو دو خط کی شکل پر جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبَان و صُلُب :قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِیْبَ الْعَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جِذْاً لَذِی صَلِیْبٍ عَلَی الْبَوْبَاءِ مَنْصُوْبٍ :اونٹ کا داغی۔ ج صُلُب :خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ صَلِیْبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُوالصَّلِیْب" لقب ہے "الاخطل" :نصرانی شاعر کا۔

الصَّلِیْبِی :واحد الصَّلِیْبِیَّۃ: یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔

بَعِیْرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوْبٌ :جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَۃٌ و مَصْلُوْبَۃٌ

سِنَانٌ مُصَلَّبٌ :تیز نیزے۔ شَیْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَیْہِ :جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ :جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ :(ن) صَلْتًا. الْفَرَسُ :گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ :(ک) صُلُوْتَۃً. الرَّجُلُ :کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ. السَّیْفَ :تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ. فِیْ عَدْوِہٖ :دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْت :کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِیْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْت و الصُّلْت :بڑی چھری۔ ج اَصْلَات.

الصَّلْتُ و الصَّلَتَانُ و الاِصْلِیْتُ و الاَصْلَتِیُّ و الاِصْلَاتُ و الْمِصْلَتُ و الْمِصْلَاتُ و الْمُنْصَلِتُ. مِنَ الرِّجَال :بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ مَصَالِیْتِ الرِّجَالِ" :وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔

الصَّلْت و الاِصْلِیْت و الْمُنْصَلِت مِنَ السُّیُوْف :صیقل شدہ تیز تلوار۔

الْمُصَالَتَۃ :باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنی لے لینا اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَحَ :(ن) صَلْحًا. الْفِضَّۃُ :چاندی پگھلانا۔ صَلَجَہٗ. بِالْعَصَا :لاٹھی سے مارنا۔

صَلِحَ (س) صَلَحًا. سَمْعُہٗ :بہرا ہونا۔

تَصَالَحَ. الرَّجُلُ :بہرا بننا۔

الصُّلُح :کھرے درہم۔

الصُّلَّجَۃ :ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَّج.

الصَّلِیْجَۃ :پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَان و الصَّوْلَجَانَۃ :ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَۃ.

الصَّوْلَج :خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔

الْاَصْلَج :سخت چکنا۔ بہرا۔

صَلُحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوْحًا و صَلَاحِیَۃً :درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہو گیا..... اَلرَّجُلُ :نیک ہونا ..... فِیْ عَمَلِہٖ :کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا یَصْلُحُ لَکَ صَلَاحًا" : یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَہٗ صَلَاحًا و مُصَالَحَۃً :موافق ہونا۔ صلح کرنا۔

اَصْلَحَ. الشَّیْءَ :درست کرنا۔ بَیْنَھُمْ :صلح کرانا..... اِلَیْہِ :اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰہُ فِیْ ذُرِّیَّتِہٖ وَمَالِہٖ".

تَصَالَحَ و اِصْلَحَ و اِصْطَلَحَ و اِصَّلَحَ. الْقَوْمُ :رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ. الشَّیْءَ. درستی چاہنا۔

الصَّلْح :سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ھُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِیَۃ :وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاح :عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت

جاتا ہے لَقِيَهُ صِقَابًا: یعنی رودررو ملاقات کی۔
اَصْقَبَهُ: نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَّیْءُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَکَ الصَّیْدُ": یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
الصَّقْب: مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا۔ ج صُقُوب..... لمبا۔ ج صِقَاب وصُقْبَان.
الصَّقَب والصَّقْب: قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِی مِنْ دَارِهٖ بِصَقْبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "اَلْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِهٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّقَّانِی: عطر فروش۔
الصَّقْح والصُّقْحَة: گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
الاَصْقَح: گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح.
صَقَرَهٗ: (ن) صَقْرًا بالعُصَاء: لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِی بِکَلَامِهٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی..... بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا..... الحِجَارَةَ: ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَر وصَقَّر. النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَت (ن) صَقْرًا وصَقَرَةً واُصْقِرَت: الشَّمْسُ اَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقِر (ن) صَقْرًا واِصْقَرَّ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ: شکرہ سے شکار کرنا..... بِالمَکَانِ: مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ واصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الصَّقْر: گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔

ج اَصْقُر وصُقُور وصُقُوْرَة وصِقَار وصِقَارَة وصُقُر: کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْر: بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُوْر وصِقَار.
الصَّقْر والصَّقْر: شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاکَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقْرَة: بہت کھٹا دودھ۔
صَقَر: طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِیر: مِنَ الرُّطَب اَوِ الزَّبِیب: تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصَّقَرِ والبُقَرِ اَوِ بِالصَّقَارِیٰ والبُقَارِیٰ": یعنی سفید جھوٹ بولا۔
الصَّقَرَة: پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔
الصُّقْرَة: حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُوْر: ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال..... والصَّاقِرَة: مصیبت۔ بڑی مصیبت۔
الصَّاقُوْرَة: کھوپڑی کا اندرونی حصہ۔
الصَّقَّار: چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهٗ (ف) صَقْعًا: سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الاَرْضَ: پچھاڑ دینا..... الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ صَقَعَ": یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا.....
الحِمَارُ بِکِیَّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَقَعَتْهُ الصَّاقِعَة": بمعنی صَعْقَتْهُ الصَّاعِقَة: یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔
صَقَعَ (ف) صَقْعًا وصَقَاعًا وصَقِیْعًا الدِّیْکُ: مرغ کا بانگ دینا (..... صَقْعًا وصَقَاعًا) بِصَوْتِهٖ: آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ: (س) صَقَعًا. الرَّجُلُ: بے ہوش ہونا۔
الفَرَسُ او الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَع. صَقِعَتِ البِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ واُصْقِعَ. المَکَانُ: یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔ صَقَّعَ. لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
اُصْقِعَ. الرَّجُلُ: یخ پر چلنا..... الصَّقِیْعُ الاَرْضُ: یخ پڑنا۔
الصُّقْع: جانب۔ گوشہ۔ ج اصقاع.
الصَّقَع: سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِع: گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَکَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصُّقْعَة: گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاء: مؤنث اَصْقَع: کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِع: جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعٌ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَة: مؤنث صَاقِعٌ: کا۔ بجلی۔
الصِّقَاع: برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس نے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔
صِقَاع الخِبَاءِ: وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِیع: یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
المِصْقَع: فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع.
صَوْقَعَهٗ: سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَة: عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔

الصَّفَرَة :ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَة :زردی۔سیاہی۔
صِفَارٌ: ایک قسم کی مچھلی۔
الصِّفْرِبْت :کثیر العیال محتاج۔ج صَفَارِبَت.
الصَّفْرِيّ والصَّفْرِيَّة :فعل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
اِشْتَهَرَ. الاَمْرُ :مشہور ہونا.....الاَمْرَ :مشہور کرنا.....بِالفَضْلِ :فضیلت میں مشہور ہونا۔

اَلشَّهْر :ماہ۔شمسی سال کے کل ماہ مع ایام درج ذیل :کانون الثانی (۳۱ دن)۔شباط (۲۸ دن)۔لیپ سال میں (۲۹ دن) اذار (۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن) حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب (۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرین الاول (۳۱ دن) تشرین الثانی (۳۰) کانون الاول (۳۱)۔

یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔

محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول (۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی الاول (۳۰ دن) جمادی الاخرۃ (۲۹ دن) رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن) رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن) ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن) عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب۔

عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔
شَنَّ (ض) وَاشَنَّ وشُنَّ. القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔
تَشَنُّن وتَشَان. الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا۔..... جِلْدُ الإِنْسَان: بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا (..... واشَنَّ) السِّقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَانُ الشَّأْنِ: باہم ملنا۔
إِشْنَانٌ: دہلا ہونا..... إِلَى اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ إِشْتَنَّتِ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔
الشَّن: مص۔ ج شِنَان واَشْنَان و(الشَّنَّة) چھوٹی پرانی مشک۔ قُوسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اَشْنَان: جمع لاتے ہیں۔
الشَّنُون: موٹا۔ دہلا (ضد) بھوکا۔
الشَّنِين: دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔
الشَّنَان: ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا بادل۔ ماءٌ شَنَانٌ: متفرق پانی۔
الشَّنَانَة: مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔
الأُشْنَان: ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشَنَاً وشَنْأَةً وشَنَآنًا وشَنَانًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُوأَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعل (شَانِئ) ج شُنَّأ: مؤنث شَانِئَة۔ شَوَانِئ وصفت مفعول (مَشْنُوء)
شَنِئَ (س) شَنْأَة. الشَّيْءَ: نکالنا..... حقه وبخقه: اقرار کر کے دینا۔
شَنِئَ: جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانُأ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ الشَّنَاءَة: بغض۔ دشمنی۔
الشَّوَانِئ. شَانِئَة: کی جمع۔ شَوَانِئ المَال: ایسے اموال جن کے لئے محل نہ کیا جائے۔
الشَّنُون: بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنُونَةٌ وشَنَأَى. رَجُلٌ (شَنَائِيَّة) بغض رکھنے والا مرد۔
المَشْنَأ: وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے امور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المَشْنَأ: قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. البَرْدُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة)
..... الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِب ومِشْنَب)
المَشَانِب: خوشبودار منہ۔
الشَّنْبَاء: سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنْبَث. الهَوَى قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنْبَث والشَّنَابِث: تیر۔ سخت۔
شَنْبَلَهُ شَنْبَلَة: بوسہ دینا۔
الشَّنْتَة: فاتل۔
شَنَّرَ. ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْبُرَة: انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَابِر۔ کہتے ہیں "لَأَضُمَنَّكَ ضَمَّ الشَّنَابِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واشْتَنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج واشْنَج)
شَنَّجَهُ: سکیڑنا۔
الشَّنَج: مص۔ اونٹ۔
شَنَّحَ. عَلَيْهِ: برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاجِي والشَّنَاجِيّ والشَّنَاجِنَة: موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَنَاجِيَة۔
شَنَّخَ. النَّخْلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔
الشِّنَاخ: پہاڑ کی نوک۔
الشِّنَّخَاب والشُّنْخُوب والشُّنْخُوبَة: پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيب. الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الشَّنْخَفَة: تکبر وغرور۔
الشِّنَّخْف: لمبا موٹا۔
الشَّخِيف: موٹا آدمی۔
الشِّنْخُم: موٹا۔
الشُّنْدُخ: گٹھے بدن کا مضبوط ولمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔ رَجُلٌ شِنْذِيرَةٌ وشِنْذَارَةٌ: گندی زبان والا مرد۔
شَنَّرَ: عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔
الشَّنَار: عار۔ بدترین عیب۔
الشِّنِّير والشِّنِّيرَة: بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔
الشَّنَارَى: بلی۔
شَنَزَ. الشَّوْنِيز والشِّنِّيز: کلونجی۔
الشَّنْزَب: بہت سخت۔
شَنْزَرَ شَنْزَرَةً. الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
الشَّنْزَرَة: مص۔ سختی۔
الشِّنْشِنَة: عادت۔ طبیعت۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن.
الشَّنْشَنَة: کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔
شَنَصَ (ن) شَنِصَ (س) شَنْصًا. بِهِ: چمٹنا۔ فرس (شَنَاصٌ وشَنَاصِيٌّ وشَنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔
الشَّنْصَرَة والشِّنْصِيرَ: موٹائی۔ سختی۔
الشِّنْصِير: جائے پناہ۔
الشَّنْط: پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المَشْنُوط: بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنَظَ. شِنَاظ. الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پُرگوشت عورت۔

الشَّمْس: مص۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَيْسَة. ج شُمُوْس الشَّمْس: ایک قسم کی مکھی۔ ایک قسم کا بار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّيْءَ فِي الشَّمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ و "دَخَلَتِ الشَّمْسُ فِي الْبَيْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہوگئی۔

اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔

الشَّمْس والشَّمُوس. مِنَ الْأَيَّام: دھوپ والا دن۔

الشَّمُوس: بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُس وشُمُس.

الشَّامِس: فا۔ مِنَ الْأَيَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے..... مِن الرِّجَالِ: دشوار خو۔ ج شَوَامِس.

الشَّمْسِيَّة. عِنْدَ الْمُوَلِّدِيْن: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّة یا مُظِلَّة کہا جائے اور بارش سے بچانے کو غَالِيَة.

الشَّمَاس: قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمہ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

المُتَشَمِّس: فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

الشِّمْشِل: باتھی۔

الشِّمْشِقَة: بمعنی۔ السِّقْسِقَة.

الشِّمَشْلِيْق: ڈھیلے ڈھالے اعضاء کی بڑھیا۔ تیز رفتار۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَّصَ. الدَّوَابَّ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَصَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا..... الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَّصَهُ الشَّيْءُ: بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا: جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ وانْشَمَصَ: خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ: سکڑنا۔

الشِّمَاص: نکل جانا۔

الشُّمَاص: جلدی۔

الشُّمُوْص. مِنَ الْخَيْلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمْشَرَ شَمْشَرَةً. عَلَيْهِ: کسی پر سختی کرنا۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا. الشَّيْءَ: ملانا..... الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا..... الشَّجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا وإِشْمَطَّ إِشْمِطَاطًا وإِشْمَاطًّ إِشْمِيْطَاطًا وإِشْمَاطًّ إِشْمِنْطَاطًا: سر میں کچھڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (أَشْمَط) ج شُمَط وشُمْطَان: مؤنث شَمْطَاء ج شُمُط.

شَمَّطَهُ وأَشْمَطَهُ. بِهِ: ملانا۔ أَشْمَطَ الرَّجُلُ: سر میں کچھڑی بالوں والا ہونا۔

الشَّامِط: وہ دیگ جس میں پوری بکری مع مسالا کے آجائے۔

الشَّمَط والشَّمْط والشِّمْط: مسالا۔ ج شِمَاط وأَشْمَاط.

الشَّمِبْط: مخلوط۔ صحیح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)

الشَّمَطَات. فِي الرَّأْسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشَّمُوْط. عِنْدَ الْعَامَّةِ: چینا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپیٹا ہوا گولا۔

الشِّمْطَاط والشُّمْطُوْط والشِّمْطِيْط: گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِيْط: کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِيْطَ: لوگ متفرق آئے۔

ثَوْبٌ شِمْطَاط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُّمْطُوْط: لمبا۔

الشُّمْطَالَة: گوشت کا ٹکڑا مع چربی کے۔

شَمْطَهُ (ض ن) شَمْطًا: منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برا بھلا کہنا اور معمولی حرکت دینا..... الشَّيْءَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا: کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْعٌ) کہا جاتا ہے "أَشَامِعٌ أَنْتَ أَمْ جَادٌّ: تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (.....

شُمُوْعًا) الشَّيْءُ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ. الشَّيْءَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا..... الرَّجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر اکسانا۔

أَشْمَعَ. السِّرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَّمْعُ والشَّمْعُ: موم بتی۔ واحد (شَمْعَةٌ وشَمْعَة) ج شَمَعَاتٌ. و (الشَّمَّاعُ) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (المَشْمَعَةُ) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِّمَاع والشِّمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔

الشَّمُوْع. مِنَ النِّسَاء: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَّمْعَدَان: چراغ دان۔ ج شَمَاعِد وشَمْعَدَانَات: دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں ضَائِلَة: ہے۔

مِسْكٌ (مَشْمُوْعٌ) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا: غصے سے بھر جانا۔

.....الْقَوْمُ فِي الطَّلَبِ: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا..... الإِبِلُ والخَيْلُ: اونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وشَمْعَلَ وإِشْمَعَلَّ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا..... الغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا..... الإِبِلُ: اونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا: جنون کی حد تک خوش ہونا۔

تَشَمَّقَ: شادماں ہونا۔

الشَّمَاقَةُ: جنون۔ شادمانی۔ چستی۔

الشَّمِقُّ والشَّمَقْمَق: لمبا۔ شادماں۔

ٹپکنا..... الماءُ وبالماءِ : پانی متفرق چھڑکنا
..... الماءُ: پانی ٹپکانا..... السَّيفُ الدَّمَ : گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَل ومُشَلْشَل ومُشَلْشَل)
تَشَلْشُل. الماءُ: پانی کا چھینکنا۔ بکھرنا..... السَّيفُ بالدَّمِ: گرانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وجُرْحُهُ يَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔
الشُّلْشُل: ٹپکنے والی مشک۔ ماءٌ شَلْشَل: لگاتار ٹپکنے والا پانی۔ مَاءٌ ذُو شَلْشَلٍ: ٹپکنے والا پانی۔ (الشَّلْشَل والشُّلْشُل) مِنَ الرِّجَالِ: تیز و سبک دست۔ خوش مزاج۔
الشَّلْطُ والشَّلْطَاءُ: چھری۔
البَلْطَة: باریک اور لمبا تیر۔ ج بِلَط.
شَلَغَ (ف) شَلْغًا. الرَّاسَ: کچلنا۔ توڑنا۔
البُلْف. مِنَ الْحَدِيدِ عِنْدَ الْعَامَّةِ: لوہے کی سلاخ۔
الشَّالُوف. عِنْدَ الْعَامَّةِ: آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔
الشَّلَّاقَة. مِنَ النِّسَاءِ: بدکار عورت۔
شَلَفَهُ (ن) شَلْفًا: لمبا پھاڑنا یا چیرنا..... ه. بالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
البِشْلِق والسَّبَلِق: نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج أَشْلَاق.
البِلْفَاء: چھری۔
الشَّلْفَة والبِلْفَة: گوہ کے انڈے۔
الشَّلَقَة: گھوڑوں کو سدھانے والے۔
السَّلَقَة: موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔
الشَّلَّاق: فقیروں کا تھیلا۔
الشُّولَقِيّ: مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔
المِشْلِق: ہنستے وقت منہ کھولنے والا۔
الشَّيْلَم والشَّوْلَم والشَّالَم: ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔
الشِّلَّم: چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شِلَّمُه" فلاں کے غصہ کی وجہ سے چنگاری اڑ رہی ہے۔

شَلَا يَشْلُو شَلْوًا: چلنا..... الشَّيءَ: بلند کرنا۔
أَشْلَى إِشْلَاءً. الكَلْبَ عَلَى الصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو دودھ یا چارہ کے لئے بلانا۔
إِشْلَى. فُلَانًا: چھڑانا۔
اِسْتَشْلَى: غضبناک ہونا..... ه: چھڑانا۔
الشِّلْو: عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جسم میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج أَشْلَاء. إِشْلَاءُ الْلِّجَامِ: لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ أَشْلَاءُ الإِنْسَانِ: اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ أَشْلَاءٌ فِي بَنِي فُلَانٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔
البِلْو الشَّلَاءُ: ہر چیز کا جسم۔
الشِّلْيُ: ہر چیز کا بقایا۔
الشَّلِيلَة: مال کا بقیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَلَايَا.
المُشَلَّى: الاغر و نحیف۔
شَمَّ (س ن) شَمًّا وشَمِيمًا وشَمْشَمَى. الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھنا (..... شَمَمًا) تکبر کرنا۔ الجَبَلُ: أَوِ الأَنْفُ: چوٹی بلند ہونا۔ صفت (أَشَمّ وشَمِيم)
شُمَّ: آزمائش کیا جانا۔
شَمْشَمَ. الزَّهْرَ: پھول سونگھنا..... ه الزَّهْرَ: پھول سونگھانا۔
أَشَمَّ: سر اٹھا کر گزرنا..... الوَرْدَ: گلاب کا پھول سونگھانا..... عَنِ الأَمْرِ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔ أَشَمَّ الفَارِئُ الحَرْفَ: اشمام: کر کے وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَشْمِمْنِي يَدَكَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و"عَرَضْتُ عَلَيْهِ كَذَا فَإِذَا هُوَ مُشِمٌّ لَا يُرِيدُهُ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھا لی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔
شَامَّهُ مُشَامَّةً وتَشَامًّا تَشَامًّا: ایک دوسرے کو سونگھنا۔
اِشْتَمَّ. الشَّيءَ: سونگھنا۔
نَشْمَمَه: آہستہ آہستہ سونگھنا۔
اِسْتَشْمَمَهُ: سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔
الشَّم: مص۔ سونگھانی۔
الشَّامَّة: سونگھنے کی حس۔
الشُّمَم: مص۔ نزدیکی۔ دوری (عند) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن و ہمواری کے ساتھ۔
الشَّمِيم: مص۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔
الأَشَمّ: مغرور سردار۔ کریم۔ اونچی ناک والا۔ مؤنث شَمَّاء. ج شُمٌّ.
الشَّمَّام والشَّمُّوم: بہت سونگھنے والا۔
الشَّمَّام: ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمَّامَة) ج شَمَّامَات. الشَّمَامَات: عمدہ خوشبوئیں۔
الإِشْمَام. عِنْدَ القُرَّاءِ والنُّحَاةِ: بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔
المَشْمُوم: مشم۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔
شَمِتَ (س) شَمَاتًا وشَمَاتَةً. بِفُلَانٍ: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی ..... (شَامِتٌ) ج شَمَّاتٌ اور صفت مفعولی (مَشْمُوتٌ) بِهِ.
شَمَّتَ. العَاطِسَ وشَمَّتَ عَلَيْهِ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ: کہہ کر دعا کرنا۔ یا دعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے..... ه: محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَيْنَهُمَا: جمع کرنا۔
أَشْمَتَهُ. اللّٰهُ بِعَدُوِّهِ: دشمن کے غم سے خوشی کرنا۔
تَشَمَّتَ. القَوْمُ: بلاغنیمت کے محروم واپس آنا۔
الشَّامِت: فا۔ ج شُمَّاتٌ.
الشَّامِتَة. الشَّامِت: کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوَامِت کہا جاتا ہے "بَاتَ بِلَيْلَةِ الشَّوَامِت" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ وبَاتَ طَوْعَ الشَّوَامِت:

الشَّكْزُ والشِّكِزُ: بدخلق۔
الشَّكْزُ: شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔
شَكَسَ (ک) شَكَاسَةً وشَكِسَ (س) شَكَسًا: بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَكِسٌ وشكسٌ) ج شُكُسٌ.
شَاكَسَهُ مُشَاكَسَةً: مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔
تَشَاكَسَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَّيْلُ والنهارُ يَتَشَاكَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔
الشِّكْبِس: بخوست۔
المِشْكَس: بخیل۔ سخت مزاج۔
الشَّكْس: نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔
الشِّكِص والشِّكِيص: بدخلق۔ الشَّكِيصَة: اونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔
الشِّكَاص: ناہموار دانتوں والی عورت۔
شَكِعَ (س) شَكَعًا. المَرِيضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ وشَكِعٌ وشَكُوعٌ) الزَّرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا..... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔
اَشْكَعَهُ: غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔
شَكَلَ (ن) شَكْلاً وشَكَلَ. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الدَّابَّةَ بالشِّكَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَكَلَ الشَّيْءَ: تصویر بنانا۔ شَكَلَتْ وشَكَّلَتِ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔
شَكِلَ (س) شَكَلاً: سرخ و سفید ہونا..... الشَّيْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا..... المَرْأَةُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔
اَشْكَلَ. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے اَشْكَلَتْ عَلَيَّ الأَخْبَارُ: میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔
..... العِنَبُ: انگور پکنے لگنا..... النَّخْلُ: درخت خرما پک کر تیار ہونا..... الكِتَابَ: اعراب لگانا..... الشَّيْءَ: مشکل ہونا..... المَرِيضُ: بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔
شَاكَلَهُ مُشَاكَلَةً: مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي فُلَانٍ مُشَاكَلَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔
تَشَكَّلَ: صورت اختیار کرنا..... العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔
اِشْتَكَلَ واِسْتَشْكَلَ. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
الشَّكْلُ: مص۔ مشابہت۔ مثل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد و ارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْتُهُ عَنْ شَكْلِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ و دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی۔ کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج أَشْكَال وشُكُول.
الأَشْكَالُ: چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "أُمُورٌ أَشْكَالٌ" یعنی مشتبہ امور۔ شَكْلُ الكِتَابِ: کتاب کی حرکات۔ الشَّكْلَةُ: ایک حرکت مثلاً زیر زبر یا پیش۔
الشِّكْل: مثل۔ عورت کا ناز و انداز۔
الشُّكْلَةُ: سرخی مائل بہ سفیدی (..... والشَّاكِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ شُكْلَةٌ أَوْ شَاكِلٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ امْرَأَةٌ (شَكِلَةٌ) ناز و انداز والی عورت۔
الشِّكَال: جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیٹ بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُكُلٌ. الشِّكَالُ فِي الخَيْلِ: تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔
الشَّاكِلَةُ. الشَّاكِلُ: کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاكِلَةُ الطَّرِيقِ: طریقہ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاكِل اور اسی سے ہے "أَصَابَ شَاكِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پالیا۔ و "فُلَانٌ يَرْمِي عَلَى شَاكِلَتِهِ الشَّوَاكِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پالیتا ہے۔ الشَّوَاكِل: بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِيقٌ ذُو شَوَاكِلَ: یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔
الأَشْكَل: سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا أَشْكَلُ بِهِ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُكْلٌ.
الشَّكْلاء. أَشْكَل: کا مؤنث۔ حاجت۔
الشَّوْكَلَة: ناحیہ۔ جانب (الشَّوْكَل) کا واحد بمعنی عوسج اور عوسج: ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔
الأَشْكَلَة: التِّمَاس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ أُشْكُلَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کر دے۔ تم کہتے ہو "لَنَا عِنْدَهُ أُشْكُلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔
الشِّكْبِل: خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔
المُشْكِل والمُشْكِلَة: امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاكِل ومُشْكِلَات.
المُشْكُول. مِنَ الخَيْلِ: تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔
المُشَكَّل: صورت و شکل والا۔
شَكَمَهُ (ن) شَكْمًا: دینا۔ بدلہ دینا۔ فلاناً: رشوت دینا۔
شَكَمَهُ (ن) شَكْمًا وشُكْمًا: دانت سے کاٹ لینا۔
شَكِمَ (س) شَكَمًا: بھوکا ہونا۔
أَشْكَمَهُ: بدلہ دینا۔
الشُّكْم والشُّكْمَى: ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

سخت زمین۔ بہت بارش.....مِنَ الْبَرْقِ: افق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِق. شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيقَةُ النُّعْمَانِ.

الأَشَقّ. مِنَ الْخَيْلِ: دائیں یا بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ أَشَقُّ الْمَنْخَرَيْنِ: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔

الْمَشَقَّة والْمِشَقَّة: دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقّ ومَشَقَّات.

شَفَأَ (ف) شَفْأً وشُفُوْءًا. النَّابُ: دانت نکلنا.....شَعْرَ الرَّاسِ: بال نکالنا اور کنگھا کرنا.....رَاسَهُ: سر پھاڑنا.....فُلَانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

الْمَشْفَأ: مانگ۔

المِشْفَا والمِشْفَاء والمِشْفَأَة: کنگھا۔

شَفُحَ (ک) شَفَاحَةً: قبیح ہونا۔ صفت (شَفِيح)

شَفَخَ (ف) شَفْحًا. الشَّيْءَ: توڑنا.....الْجَوْزَةَ: گری نکالنا.....هُ اللّٰهُ: قبیح بنانا.....الْكَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگ اٹھانا۔

شَاقَحَهُ مُشَاقَحَةً: باہم گالی گلوچ کرنا۔

أَشْقَحَهُ: دور کرنا (أَشْقَحَ وشَقَحَ) الْبُسْرُ: رنگ پکڑنا.....النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شُقِحًا وشُقِحَا) لَهُ: یعنی اس کے لئے دوری ہو۔

الأَشْقَح: سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ. ج شُقْح.

الشُّقَحِيُّ: سرخ رنگ والا۔

شَقِذَ (س) شَقَذًا: تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔ بے فیض ہونا۔ صفت (شَقِذ وشَقِيذ وشَقِيذ وشَقْذان)

شَقَذَ (ض) شَقْذًا وشَقِذَ (س) شَقَذًا: دور جانا۔

شَاقَذَهُ: باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔

أَشْقَذَهُ: دھتکارنا۔

الشَّقَذ والشُّقْذ والشِّقْذ: گرگٹ کا بچہ۔ ج شُقَّذان وشَقَاذِی. الشُّقْذ: مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَقْذٌ ولا نَقْذٌ" اس کے پاس کچھ نہیں و "هٰذَا لَبِسَ بِهِ شَقْذٌ ولا نَقْذٌ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔

الشِّقْذان: بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے چوزے۔

الشَّقْذان: مص ج شُقْذَان و (الشِّقْذ والشَّقْذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔

الشَّقْذَاء: بہت بھوکا عقاب۔

شَقِرَ (س) وشَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَةً: سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (أَشْقَر) مؤنث شَقْرَاء: ج شُقْر.

اِشْقَرَّ: گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔

الشَّقْر: امر مقصود دو لچیپ۔ ج شُقُور کہا جاتا ہے "أَفْضَيْتُ إِلَيْهِ بِشُقُوْرِي" میں نے اپنے ان امور کو اس پر مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بَثَّهُ شُقُوْرَهُ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔

الشُّقَر: مرغ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالشُّقَرِ والنُّقَرِ" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔

الشِّقِر والشِّقِرَّان والشُّقَار والشُّقَارَى: ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔

الشِّقْرَاق والشِّقْرَاق: فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شُقْرُف اور شَرْقَرَق بھی کہتے ہیں۔

شَقْلَقَ شَقْشَقَةً. الْجَمَلُ: اونٹ کا بلبلانا.....الطَّيْرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

الشِّقْشِقَّة: بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شَقَاشِق اور فصیح کے لئے "هَدَرَتْ شِقْشِقَتُهُ" کہا کرتے ہیں۔ و "فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم میں شریف وفصیح ہے۔

شَقَّصَ. الذَّبِيحَةَ: ذبح کئے ہوئے جانور کو حصہ داروں کے لئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔

الشِّقْص: حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔

الشَّقِيص: شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔

المِشْقَص: چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مَشَاقِص.

الْمُشَقِّص: قصاب۔

الشَّقِيط: مٹی کا مٹکا یا پکی ہوئی مٹی۔

الشَّقِيظ: پکی ہوئی مٹی۔

شَقَعَ (ف) شَقْعًا. فِي الْإِنَاءِ: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔

الشَّقْف: ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے واحد (شَقْفَة)

الشَّاقُوف. عِنْدَ الْبَنَّائِينَ: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ ملطاس اور ملطس ہے۔

شَقَلَ (ن) شَقْلًا. الدَّوَاهِمَ: تولنا..... الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

شَوْقَلَ شَوْقَلَةً: حلیم وبردبار ہونا۔

الشَّاقُول: معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔

شَقَنَ (ن) شَقْنًا وأَشْقَنَ. الْعَطِيَّةَ: کم دینا۔ وأَشْقَنَ الرَّجُلُ: کم مال ہونا۔

شَقُنَ (ک) شُقُوْنَةً. الْعَطَاءُ: کم ہونا۔ صفت (شَقُن وشَقِين وشَقِين)

الْمِشْقَن: ہیگا (جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ)

شَقَا يَشْقُو شَقْوًا واشْقَى. اللّٰهُ فُلَانًا: بدبخت بنانا۔ أَشْقَى شَعْرَهُ: کنگھی کرنا۔

شَقِيَ يَشْقَى شَقًا وشَقَاءً وشَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشَقْوَةً وشِقْوَةً: بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيٌّ) ج أَشْقِيَاء.

شَاقَى. فُلَانًا: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شَاقَانِي فَشَقَوْتُهُ" اس نے بدبخت ہوتے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت رہا.....هُ فِي الْحَرْبِ: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا.....هُ عَلَى كَذَا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

خادم۔ عیش (مُشْفِق) تنگ زندگی۔
المِشْفَر: شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لئے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشافِر.
الشُّفَارِج: میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔
شُفْزَةً (ص) شَفْزًا: لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔
شَفْشَفَ. الرَّجُلُ: کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِف ومُشَفْشَف) ..... بِهِ: خلط ملط ہونا..... الدَّوَاءُ عَلَى الجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا..... الهَمُّ فُلَانًا: ذلیل کرنا..... الصَّقِيعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا..... الحَرُّ والبَرْدُ الشَّيْءَ: خشک کرنا..... عَلَيْهِ: ڈرنا۔
تَشَفْشَفَ. النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔
الشَّفْشَاف: اولوں والی بارش۔ عوام فَفْنَاف: کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَاقٌ: چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔
شَفَعَ (ف) شَفْعًا. الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وِتْرًا فَشَفَعَهُ بِآخَرَ" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا..... جَارَهُ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا..... النَّاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شَفَعَ) لِي الأَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)
شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً. لِفُلَانٍ أَوْفِيهِ إِلَى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيْهِ بِالعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِينِي وَلَهُ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لئے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے..... لِفُلَانٍ فِي المَطْلَبِ: کسی کے لئے کوشش کرنا۔
شَفَّعَ. الشَّيْءَ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِي فِي فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔
تَشَفَّعَ. لِي وَإِلَيَّ بِفُلَانٍ أَوْ فِي فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔
اِسْتَشْفَعَ. زَيْدٌ إِلَى عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا..... لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔
الشَّفْع: مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "أَشَفْعٌ هُوَ أَمْ وِتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج أَشْفَاع وشِفَاع.
الشُّفْعَةُ: عِنْدَ الفُقَهَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ..... مِنَ الضُّحَى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع.
الشَّافِعُ: فا۔ نَاقَةٌ. شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ غَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَافَةٌ (شَفُوعٌ) ایک دفعہ کے دوھنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔
الشَّفِيعُ: سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء. الشَّفِيعُ مِنَ العَدَدِ: جفت۔
الأَشْفَع: لمبا۔
المُشَفَّع: وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔
المُشَفِّع: سفارش قبول کرنے والا۔
المَشْفُوع: پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَةٌ مَشْفُوعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔
شَفِقَ (س) شَفَقًا. عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔ خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوقٌ وشَفِيقٌ) شَفِقَ مِنَ الأَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا..... عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔
شَفَّقَهُ: مہربان بنانا۔ شَفَقَ الشَّيْءَ: کم کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔
أَشْفَقَ. الشَّيْءَ: کم کرنا..... عَلَيْهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا..... عَلَى الصَّغِيرِ: مہربان ہونا..... الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا..... الرِّيحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اڑانا۔
الشَّفَق: مص۔ غروب آفتاب کے بعد افق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیزیں دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوْبٌ شَفَقٌ: کمزور کپڑا۔ ج اشفاق.
الشَّفَقَة: مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْنِي مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيَ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔
المِشْفَلَة: اوجھ۔ ج مَشَافِل.
شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُونًا. الرَّجُلُ والِي الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُونٌ)
الشَّفْنُ والشَّفِنُ: زیرک دانا۔ الشَّفْن: انتظار۔ میراث کا منتظر۔
الشَّفُون: بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدت حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن.
الشَّفْتَرِيّ والشَّفْتَرَى: متفرق۔
شَفَهَ (ف) شَفْهًا. فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا..... الإِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ العِيَالُ تَشْفَهُ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہل وعیال میرے مال کو ختم کر دیں..... هُ عَنِ الأَمْرِ: غافل کر دینا۔
شَفِهَ. زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا..... الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا..... الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوهَة)
شَافَهَهُ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً: رو در رو گفتگو کرنا..... الشَّيْءُ: قریب ہونا۔
الشَّفَة والشِّفَة. مِنَ الإِنْسَانِ: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لئے (شَفَوِيّ وشَفَهِيّ وشَفَوِيّ) اور تصغیر (شُفَيْهَة) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيفُ الشَّفَةِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ "وَمَا أَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ". تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمْتُهُ بِبَنَتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

اَشْعَنَ. غَدُوَّہ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعَانٌ واِشْعَنٌّ. شَعْرَۃ: چمک جانا اور غبار آلود ہونا۔

اَشْعَنُ: خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُون) پراگندہ بال۔

اَشْغَابِیُّون: عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِین)

رَجُلٌ (مُشْعَانٌّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔

شَغَبَ. الکَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہونے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشْغَب ومُشَغَّب)

شَعَا یَشْعُو شَعْوًا. الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔

شَعِیَتْ تَشْعَی شَعًا. الغَارَۃ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)

اَشْعَی. بِہٖ: اہتمام کرنا..... القَوْمُ الغَارَۃَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غَارَۃٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَبْرَقَۃٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔

الشَّاعِی: فا۔ دور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِیَۃ ج شَوَاعٍ: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیْلُ شَوَاعِیَ وشَوَانِعَ" گھوڑے متفرق آئے۔

الشُّعَی: پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَۃ)

شَعْوَذَ شَعْوَذَۃً: شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ وَمُشَعْوَذٌ)

شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) وشَغْبًا وشَغَبَ. القَوْمَ وبِهِم وعَلَیْهِم: فساد برپا کرنا۔ تباہی ڈالنا۔ صفت (شَغِب وشَغُبَ وشَغَّاب ومِشْغَب ومُشَاغِب وذُو مَشَاغِب)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِیقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَہ: جھگڑا کرنا۔

تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْہُ کَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔

الشَّغْبُ والشَّغَبُ: مص۔ شور وغوغا۔

الشَّغُوبُ: فساد انگیز۔ جھگڑالو۔

تَشَغْبَرَ. الرِّیحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

الشَّغْبَر: گیدڑ۔

شَغَرَتْ (ن) شُغُورًا. الاَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَۃٌ).....

الرَّجُلُ: دور ہونا..... السِّغْرُ: بھاگ گھٹنا..... النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔

شَغَرَہٗ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِہٖ: جلا وطن کرنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الکَلْبَ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا..... النَّاقَۃَ: اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔

شَاغَرَہٗ مُشَاغَرَۃً وشِغَارًا: کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کردے..... الرِّجْلَانِ عَلَیْہِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔

اَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔ ..... الرُّفْقَۃُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔

..... الحِسَابُ عَلَیْہِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

اِشْغَرَّ. الحِسَابُ عَلَیْہِ: خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔

..... الاَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ ..... عَلَیْہِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا..... الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمَیْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِی الفَلَاۃِ: بیابان میں دور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِیرُ: تیز دوڑنا..... فِی اَمْرٍ قَبِیحٍ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوا (شَغْرَ بَغْرَ وشَغْرَ وبَغْرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔

الشِّغَار: مص۔ دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ وآبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنویں۔

الشَّغَارَۃ: چھتماق۔

الشِّغْبِرُ: بدخلق۔

المِشْغَر: وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔

الشَّوْغَر: مضبوط خلقت۔

الشَّوْغَرَۃ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔

الشَّغْرُور: ایک قسم کی گھاس۔

الشَّغْرَبِیَّۃ: ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔

شَغَرَ (ف) شَغْرًا. عَلَیْہِم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا..... بَیْنَہُم: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔

الشَّغْرَبِیَّۃ: بمعنی الشَّغْرَبِیَّۃ.

تَشَغْزَبَ. الرِّیحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

شَغْشَغَ. الشَّیْءَ: داخل کرنا نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے..... المُلْجِم: جانور کو سدھانے کے لئے لگام کو ہلانا۔ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا..... فِی الشُّرْبِ: کم کرنا..... فِی الاِنَاءِ مَاءَ او غَیْرَہٗ: بغیر بھرنے کے ڈالنا..... البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِی" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔

شَغَفَہٗ (ف) شَغْفًا: دل کے پردے کو زخمی کرنا..... فُؤَادَہٗ: دل پر غالب ہونا..... لِبِنْبِنٍ: سبزی نکل آنا۔

شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغُفًا. بِہٖ: فریفتہ ہونا۔ شَغِفَ حُبُّہٗ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔

کی تفریعات بہت ہیں۔
شَعْبَانُ: قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِین (کلمہ غیر منصرف ہے)
شُعُوْبٌ: موت کے لئے علم ہے اور غیر متصرف ہے۔
الاَشْعَبُ: جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔
الشَّعَّاب: شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔
الشَّعِیْب: کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُب۔
الشَّاعِبَان: دونوں کندھے۔
المَشْعَب: راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب۔
المِشْعَبُ: سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشَاعِب۔
المُشَعَّب: درست کیا ہوا۔
شَعْبَذَ: شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔
شَعِثَ (س) شَعَثًا. الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (..... شَعْثًا وشُعُوْثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔
شَعَّثَ. الشَّیْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ ہونا..... ہ بِخَیْرٍ: خیر پہنچانا۔ عَنْ فُلَانٍ: چشم پوشی کرنا..... مِنْهُ شَیْئًا: لے لینا۔ نکال لینا..... غُسْلَهُ: مدافعت کرنا..... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا..... الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)
تَشَعَّثَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا..... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا..... الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا..... الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔
الاَشْعَثُ: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء۔ ج شُعْث۔
الشُّعْث: پراگندگی معاملہ۔
الشَّعَث: مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔
الشَّعِیْث والشَّعْثَان: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔
شَعُرَ (ن) شَعْرًا وشَعَرًا. الثَّوْبُ: کپڑے میں بال بھرنا..... الرَّجُلُ: شعر کہنا..... بِفُلَانٍ: کسی کے لئے شعر کہنا۔
شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعَرِیً وشُعَرِیً وشِعْرَیً وشُعْرَةً بتثلیث الشین وشُعُوْرًا وشُعُوْرَةً ومَشْعُوْرًا وشَعُوْرَةً ومَشْعُوْرَاءَ بِهٖ: جاننا۔ محسوس کرنا..... لَهٗ: سمجھنا۔
شَعِرَ (س) شَعَرًا: زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔
شَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا..... الثَّوْبَ ونَحْوَهٗ: کپڑے میں بال بھرنا۔
اَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا..... الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا..... ہ الاَمْرَ وبِالاَمْرِ: جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَارَ: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا اور کہا جاتا ہے "اَشْعِرِ الهَمَّ قَلْبِی" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔
اَشْعَرَهٗ بِکَذَا: مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا۔
..... اَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا..... الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا..... ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔
شَاعَرَهٗ فَشَعَرَهٗ: شعروں میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔
اُشْعِرَ. المَلِکُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔
تَشَعَّرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔
تَشَاعَرَ: تکلف شاعر بننا۔
اِسْتَشْعَرَ. الجَنِیْنُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا..... الشِّعَارَ: پہننا..... القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا.....
بِالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لئے شعار بنا لو۔
الشَّعْرُ والشَّعَرُ: بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُوْر: واحد (شَعْرَةٌ) ج شَعَرَاتٌ. شَعَرُ الغُوْلِ: ایک قسم کی نباتات۔
الشِّعْر: مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار. "لَیْتَ شِعْرِیْ فُلَانًا او عَنْ فُلَانٍ اَوْ لِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہو گیا ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔
الشِّعْرَة: بال کا ایک ٹکڑا (..... والشِّعْرَاء) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔
الشَّعِر والشَّعْرَانِیّ: بہت اور لمبے بال والا۔
الشِّعَار: درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شِعَارُ الحَجِّ: احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)
الشِّعَار: مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّیْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت' بدن کے بالوں سے متصل لباس' گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرَة وشُعُر. شِعَارُ الحَجِّ: علامات ورسوم حج۔ وشِعَارُ المَمْلَکَةِ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)
الشَّعِیْرُ: جو۔ واحد (شَعِیْرَةٌ) ج شَعِیْرَاتٌ: اور شَعِیْرَةٌ: کا اطلاق اس پیمانش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہا جنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے

مُنْشَاطِرُونَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔

الشِّطْرَنْج: ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزین، فیل، اسپ، رخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ ج شَطْرَنْجات.

شَطَسَ (ن) شَطْسًا. فِي الْأَرْضِ: سفر کرنا۔

الشَّطْس: مص۔ چالاکی۔

الشُّطُس والشُّطْنة: مخالفت۔ دشمنی۔ عناد۔

الشَّطُوس: ہر طرف کو جانے والا۔ حکم کے خلاف چلنے والا۔

شَطِعَ (س) شَطَعًا. الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔

شَطَفَ (ن) شَطْفًا. الرَّجُلُ: جانا اور دور ہونا..... عَنِ الشَّيْءِ: ہٹنا..... الثَّوْبَ وغیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔

سَهْمٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ بَتَّةٌ (شُطُوفٌ) ارادہ بعید و بے پایاں۔

الشُّطْفَة. مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔ ج شُطَف.

شَطَمَ (ن) شَطْمًا. إِمْوَائَهُ: جماع کرنا۔

شَطَنَهُ (ن) شَطْنًا: مخالفت کرنا۔ دور کرنا۔ رسی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِي الْأَرْضِ: داخل ہونا (..... شُطُونًا) الدار: دور ہونا۔

الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دور ہونا.....

أَشْطَنَهُ: دور کرنا۔

شَيْطَنَ تَشْيِيطَنَةً وتَشَيْطَنَ: شیطانی فعل کرنا۔

الشَّاطِن: فاخبیث۔ حق سے دور ہونے والا۔

الشَّطَن: رسّی۔ ج أَشْطَان.

بِئْرٌ (شَطُونٌ) زیادہ گہرا کنواں۔ خَرْقٌ شَطُونٌ: بہت سخت جنگ۔ نِيَّةٌ شَطُونٌ: ارادۂ بعید رُمْحٌ شَطُونٌ: لمبا نیزہ۔

الشَّطِين: دور۔

الشَّيْطَان. ج شَيَاطِين: دیو۔ ہر سرکش و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی سے ہے "شَيَاطِينُ الْعَرَب" عرب کے سرکش و نافرمان لوگ۔ سانپ۔ شَيْطَانُ الْفَلَاة: پیاس۔ مُخَاطُ الشَّيْطَان: ترمرے یعنی وہ چیز جو گری کے زمانے میں لکڑی کے جالے کی مانند فضا میں معلوم ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "رَكِبَه شَيْطَانُه" یعنی وہ غضبناک ہوا و "غَيَاطِينُ الرَّاسِ" غصے کا جوش۔

الْمُشْيَطَنَة: اونٹ کے چوتڑ کا داغ۔

الْمُشَاطِنُ: ڈول کو دو رسیوں سے کھینچنے والا۔

شَطِيَ (س) شُطِيًا. الْمَيِّتَ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔

شَطَّى تَشْطِيَةً. الشَّاةَ: کھال اتارنا اور گوشت کو جدا جدا کرنا۔

اِنْشَطَى. الشَّيْءُ: پراگندہ و متفرق ہونا۔

شَظَّهُ (ن) شَظًّا. الْأَمْرُ: دشوار ہونا۔ سختی میں ڈالنا (..... وشَظَّظَ وانْشَظَّ) الْقَوْمَ: پراگندہ و متفرق کرنا۔ دھتکارنا۔ شَظَّ وانْشَظَّ الْجَوَالِقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا۔

الشَّظَّ: مص۔ دن کا بقیہ۔ ج أَشْظَاظ.

الشِّظَاظ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے دونوں گوشوں میں داخل ہو۔ ج أَشِظَّة.

الشِّظِنْظ: بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج أَشْظَاظ. کہا جاتا ہے "طَارُوا أَشْظَاظًا أَوْ شِظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔

شَظِفَ (س) شَظَفًا. الْعَيْشُ: تنگ گزران ہونا..... الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا۔ صفت (شَظِفٌ) الْعَيْشِ: شَظِفَتْ بَدَنُهُ: سخت اور کھردرا ہونا..... السَّهْمُ: تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا۔ (..... وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً) الشَّجَرُ: سخت ہونا صفت (شَظِيف)

شَظَفَه (ن) شَظْفًا. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔

الشَّظَف: مص۔ ج شُظَاف و (الشَّظَاف) تنگی و سختی۔

الشِّظَاف: دوری۔

الشَّظَف: مص۔ لاٹھی کی پھٹن۔

الشِّظَف: خشک روٹی۔ کھونٹی کی مانند لکڑی۔ چھٹی۔ ج شِظَفَة.

الشَّظِف: بدخلق۔ بڑا جنگجو۔ عُودٌ شَظِف: ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ أَرْضٌ شَظِفَةٌ: سخت و خشک زمین۔

الْمِشْظَف: بے ارادہ تعریض کرنے والا۔

الشَّظْم والشَّيْظَمِيُّ: لمبا تڑنگا جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مؤنث شَيْظَمَة ج شَيَاظِمَة. الشَّيْظَم: بوڑھا۔ سیہی۔ شیر۔

شَظِيَ (س) يَشْظَى شَظًى: پھٹنا۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

شَظِيَ يَشْظَى شَظَيًا. السِّقَاءُ: خوب اچھی طرح بھر جانا..... الْمَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔

شَظَّى تَشْظِيَةً. الْقَوْمَ: متفرق کر دینا..... الْفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔

اِشْظَى ه: گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا۔

تَشَظَّى: پھٹنا۔ متفرق ہونا..... الْعُودُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنْشَظَى: پھٹنا۔

الشَّظَى: مص۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان کے چھوٹے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں۔

الشَّظِيَّة: کمان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی۔ ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج شَظَايَا وشَظِيٌّ.

الشَّظْبَة: پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک طرف کو نکلا ہوا ہو۔

شَعَّ (ض) شَعًّا وشَعَاعًا. الْمَاءَ: بکھرنا۔ پھیلنا (..... شَعًّا وشَعْبًا) جلدی کرنا۔

شَعَّ (ن) شَعًّا وشَعَاعًا. الْمَاءَ: بکھیرنا۔ کہا جاتا ہے "شَعَّ الْغَارَةَ عَلَيْهِمْ" ہر طرف سے لوٹ ڈالنا۔

أَشَعَّ إِشْعَاعًا. الْمَاءَ ونَحْوَهُ: بکھیرنا..... الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا..... الزَّرْعُ: کھیتی

وشِيصٌ.
شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسْبًا وشُسُوْبًا: خشک ولاغر ہونا۔صفت (شاسِبٌ) ج شُسُبٌ.
الشِّسْبُ والشِّسْبُبُ. مِنَ القِسِيِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔
الشَّسُوْب. مِنَ النُّوقِ: اُونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے۔
شَسَعَ (ف) شَسْعًا وشُسُوْعًا. المَنْزِلُ: دور ہونا۔صفت (شَسُوْعٌ) ج شُسُعٌ و(شَاسِعٌ) (..... شَسْعًا وشَسِعَ واشْسَعَ) النَّعْلَ: جوتے کے لئے تسمہ بنانا۔
اشْسَعَ. الشَّيْءَ: دور کرنا۔
شَسِعَ (س) شَسَعًا. النَّعْلُ: جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔
.....بِهٖ: دور کرنا۔
الشِّسْعُ: جوتی کا تسمہ۔کہا جاتا ہے "اَوْنَى مِنَ الشِّسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین۔کسی جگہ کا کنارہ۔کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعٍ مِنَ الوَادِي" وہ وادی کے کنارے پر اُترا۔تھوڑا مال۔زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "هُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ج اَشْسَاعٌ.
شَسَفَ (ن) شَسْفًا (ک) شُسُوْفًا وشَسَافَةً وشَسَافًا: خشک ولاغر ہونا۔صفت (شَاسِفٌ وشَسِيْفٌ)
الشِّسْفُ: خشک روٹی کی ٹکیہ۔
الشَّسَف: کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔
الشَّسِيف: وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔
الشَّوْشَبُ: بچھو۔جوں۔
شَصَّ (ض ص) شُصُوْصًا وشِصَاصًا. النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا ..... المَعِيْشَةُ: تنگ گزران ہونا ..... الرَّجُلُ: دور ہونا۔کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِي اَيْنَ شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
شَصَّهُ (ن) شَصًّا واَشَصَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔دور کرنا۔ہٹانا۔اَشَصَّ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔اَشَصَّتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔صفت شَصُوْصٌ. مُشِصٌّ: نہیں کہتے۔
الشِّصُّ: مشاق چور۔ج شُصُوْص (.....والشَّصُّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سِنَّارَةٌ" بھی کہتے ہیں۔ج شُصُوْص.
الشَّصُوْصُ. مِنَ النُّوقِ او الشِّيَاهِ: کم دودھ والی اُونٹنی یا بکری۔ج شُصُص وشَصَائِص وشِصَاص. سَنَةٌ شَصُوْصٌ: خشک سال۔کہا جاتا ہے "نَفَى اللّٰهُ عَنْكَ الشَّصَائِصَ" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔
شَصَبَ (ن) شُصُوْبًا وشَصِبَ (س) شَصَبًا. العَيْشُ: تنگ گزارن ہونا۔صفت (شَاصِبٌ) ..... الأَمْرُ: دشوار ہونا ..... المَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔
شَصَبَ (ن) شَصْبًا. الشَّاةَ: بکری کی کھال اُتارنا۔
اَشْصَبَ. اللّٰهُ عَيْشَهُ: تنگ گزارن کرنا۔
الشِّصْبُ: سختی۔قحط۔خشک سالی۔حصہ۔ج اَشْصَاب.
الشَّصْبُ والسَّصْبُ: خشکی۔
الشُّصُب: کھال اتری ہوئی بکری۔عَيْشٌ (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی۔
الشَّصِيْب: حصہ۔مسافر۔
الشَّصِيبَة: سختی وخشک سالی۔کنوئیں کی گہرائی۔ج شَصَائِب. الشَّصَائِب: پالان کی لکڑی۔
الشَّصَّاب: قصاب۔
الشَّيْصَبَان: چیونٹیا یا اس کا سوراخ جنوں کا ایک قبیلہ۔شیطان کا نام۔
شَضَرَ (ن) شَضْرًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو دور دور سینا۔لنگڑانا ..... فُلَانًا بِالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا ..... ه: الثَّوْرُ: بیل کا سینگ مارنا۔
الشَّضَر: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔مؤنث شَضَرَة: ایک چھوٹا پرندہ۔ج اَشْضَار.
الشَّاضِرُ: فا۔الشَّاضِرُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَاضِرَة ج شَوَاضِر. الشَّاضِرَة: درندوں کے لئے ایک جال۔
الشَّوْضَر. مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔
الشَّضِير: کاٹنے کی چھین۔
شَضَا يَشْضُو شُضُوًّا وشَضِيَ يَشْضَى شَضًى. البَصَرُ: نگاہ کا پتھرا جانا ..... السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا ..... القِرْبَةُ: مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا ..... المَيِّتُ: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔کہا جاتا ہے "شَضِيَ بِرِجْلِهٖ" اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی۔
اَشْضَى. بَصَرَهُ: ٹکٹکی لگانا۔نگاہ اٹھانا۔
الشَّضُوُ: سختی۔مسواک۔
شَطَّ (ض ن) شَطًّا وشُطُوْطًا: دور ہونا۔ فُلَانًا: دور کرنا۔ظلم کرنا۔
شَطَّ (ض) شَطَطًا: زیادتی کرنا۔حق سے دُور ہو جانا ..... عَلَيْهِ فِي قَوْلِهٖ وحُكْمِهٖ: ظلم کرنا ..... فِي سِلْعَتِهٖ: حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔
اَشَطَّ اِشْطَاطًا واِشْتَطَّ اِشْتِطَاطًا: زیادتی کرنا۔حد سے تجاوز کرنا۔حق سے دور جا پڑنا ..... عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
شَطَّطَ: زیادتی میں مبالغہ کرنا۔
شَاطَّهٗ: زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَّطُّ: مص۔دریا یا سمندر کا کنارہ۔ج شُطُوط وشُطَّان: کوہان کی ایک جانب۔ج شُطُوْط.
الشَّطَّةُ: اسم مرۃ۔جَارِيَةٌ شَطَّةٌ: سڈول بدن والی لونڈی۔
الشِّطَّةُ والشَّطَاطَةُ والشَّطَاطُ والشِّطَاط: دوری۔الشَّطَاط والشِّطَاط: قد وقامت

وشَرِكَةٌ: شریک ہونا۔
شَرَّكَ. النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
اَشْرَكَهُ. فِي اَمْرِهٖ: کام میں شریک بنانا۔
اَشْرَكَ بِاللّٰهِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔
صفت (مُشْرِك ومُشْرِكِيّ) اور اسم (الشِّرْك)
.....النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
شَارَكَهُ وَشَارَكَهُ: باہم شریک ہونا۔
اِشْتَرَكَ. الاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَكَ القَوْمُ فِي كَذَا: باہم شریک ہونا۔
الشِّرْك. شَرِك واَشْرَك کا اسم۔ شریک حصہ اور اسی سے ہے "بِيعَ شِرْكٌ مِنْ دَارِهٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاك.
الشِّرْكَة: مص۔ شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے متمائز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاطیہ ہو۔
الشَّرَك: جال۔ پھندا۔ ج شُرُك واَشْرَاك: براستہ پرجانوروں کے قدموں کے نشانات۔ واحد (شَرَكَةٌ)
الشِّرَاك: جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پتی۔ ج اَشْرُك وشُرُك.
الشَّرْكِيّ والشُّرْكِيّ: تیز چال اور کہا جاتا ہے "لَطَمَهٗ لَطْمًا شُرْكِيًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پے در پے طمانچے مارے۔
الشَّرِيك: ساجھی۔ شریک۔ ج شُرَكَاء واَشْرَاك: مؤنث شَرِيكَةٌ. ج شَرَائِك.
المُشَارِك: ساجھی۔ حصہ دار۔
المُشْتَرَك: مفع۔ جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مُشْتَرَك ورَأْيٌ مُشْتَرَك وأَمْرٌ مُشْتَرَك" لفظ مشترک جس کے معنی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رَجُلٌ مُشَرْمَك: غمگین آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔

اَلاِشْتِرَاكِيَّة: اشتراکیت کو ماننے والا۔
اَلاِشْتِرَاكِيَّةُ: وہ نظریہ جس میں معاشرہ کے وسائل آمدن مشترکہ ہوں اور اس کو ان پر خرچہ کیا جائے ان سے کام لیا جائے اور خرچ دیا جائے۔ یعنی آمدن کا حق ملکیت یا وراثت بالکل نہ ہوگا۔
شَرَمَ (ض) شَرْمًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ الاَنْفَ: ناک کا بانسہ کاٹنا..... الثَّرِيدَةَ: ثرید کو کناروں سے کھانا..... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهٖ: تھوڑا سا دینا۔
شَرِمَ (س) شَرَمًا: کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مؤنث شَرْماء ج شُرْم.
شَرْمَهُ: پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَشَرْمَ وانْشَرَمَ: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
شُرِّمَ الصَّيْدُ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا۔
الشَّارِم: فا۔ نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔
الشَّرْم: مص۔ کھاری۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شُرُوم.
الشَّرْمَح: قوی ولمبا۔ ج شَرَامِح. وشَرَامِحَةٌ.
الشَّرَمْحِيّ: توانا وقوی۔
الشَّرَمَّح: لمبا۔
شَرَنَ (س) شَرَنًا. الصَّخْرُ: چٹان کا پھٹنا۔
الشَّرَن: شگاف۔
الشَّرَنْبَث والشَّرَنْبَث: موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔
الشَّرَنْبَى: ایک پرندہ۔
جَمَلٌ شِرْنَاصٌ: موٹی اور لمبی گردن والا اونٹ۔
الشُّرْنُوع: مینڈک۔
شَرْنَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔
الشِّرْنَاف: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لئے مضر ہیں۔
الشَّرَنْفَح: ہلکے قدم والا۔
شَرْنَقَ. الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الشَّرَانِق: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
والشَّرَانِق عِنْدَ المُوَلِّدِيْن: ریشم کے کیڑے کا کویا' واحد (شَرْنَقَةٌ) اس کو "قُلَّاج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد "قُلَّجَةٌ" ہے۔ نیز "صُلَّج" کہتے ہیں جس کا واحد "صُلَّجَةٌ" ہے۔
شَرِهَ (س) شَرَهًا وشَرَاهَةً. اِلَى الطَّعَامِ وعَلَيْهِ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِه وشَرْهَان)
الشَّرْهَاء. مِنَ السِّنِيْن: خشک سال۔
شَرْهَفَ. الصَّبِيَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔
الشَّرُوْر والشِّرُو: شہد۔
الشِّرْوَال: سروال میں ایک لغت ہے۔ بمعنی پاجامہ۔
شَرَى يَشْرِي شِرَاءً وشِرًى. الشَّيْءَ: خریدنا' بیچنا..... اللَّحْمَ اَوِ الثَّوْبَ: دھوپ میں خشک ہونے کے لئے ڈالنا..... بِنَفْسِهٖ عَنْ قَوْمِهٖ: آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔ ..... ہ: ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَا شَرَاهُ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا..... اللَّهُ فُلَانًا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
شَرِيَ يَشْرَى شَرًى. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا ..... رَمَامُ الدَّابَّةِ: بہت زیادہ ہلنا..... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا..... الجِلْدُ: جسم پر پتی اچھلنا۔ صفت (شَرٍ) ..... الشَّرْبَخَهْمُ: برائی پھیلانا..... الفَرَسُ فِي سَيْرِهٖ: تیز دوڑنا ..... الفَرَسُ فِي لِجَامِهٖ والبَعِيْرُ فِي زِمَامِهٖ: کھینچنا۔
اَشْرَى. الزِّمَامَ: حرکت دینا..... الشَّيْءَ: جھکانا۔ الحَوْضَ: حوض کو بھرنا..... البَرْقُ: بجلی کا تیز چمکنا..... بَيْنَهُمْ: بھڑکانا..... القَوْمُ: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔
شَرْيٌ. اللَّحْمَ او الثَّوْبَ ونَحْوَهُمَا: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔

جاری کرنا۔
الشَّرْعُ :مص ۔اللہ کے مقرر کردہ احکام اور کہا جاتا ہے "شَرْعُکَ مَا بَلَغَکَ المَحَلَّ" یعنی تمہارے لئے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا ہو(..... الشِّرْعُ والشَّرَعُ) مثل ۔برابر۔کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِیْ ھٰذا شَرْعٌ واحِدٌ ھُمْ فِی ھٰذا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔الشِّرْعُ : جوتے کا تسمہ۔
الشَّرْعَۃ والشِّرْعَۃ :تانت۔کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا عَلَی الشَّرَعِ" انہوں نے تانت کو بجایا۔الشِّرْعَۃ: قطا پرندہ کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔عادت۔ج شِرْعٌ شَرْعٌ وشِرَاعٌ.
الشَّرَعَۃ: کشتی۔ج اَشْرَاعٌ.
الشَّرِیْعُ :بہادر۔عمدہ کتاں.....مِنَ اللِّیْفِ : درخت خرما کی چھال کے کاٹے جو سخت ہو گئے ہوں۔
الشَّرِیْعَۃُ :طریقہ۔اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ج شَرَائِعُ. نَھْرُ الشَّرِیْعَۃ :دریائے اُردن۔
الشَّارِعُ :اسم فاعل۔مؤنث شَارِعَۃٌ. ج شُرَّعٌ وشُرُوْعٌ وشَوَارِعُ :کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔بَیْتٌ شَارِعٌ :وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔ والشَّارِعُ ج شَوَارِعُ :سڑک عام راستہ۔ ومَاحٌ شَارِعَۃٌ وشَوَارِعُ :کسی کی جانب سیدھے گئے ہوئے نیزے۔الشَّوَارِعُ مِنَ النُّجُوْمِ :غروب کے قریب ستارے۔
اَنْفٌ (اَشْرَعُ) لمبے بانسہ والی ناک۔
الشِّرَاعُ :ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔بادبان۔تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الاَنْفِ" لمبے بانسہ کی ناک والا مرد۔ج اَشْرِعَۃٌ وشُرُعٌ.
الشَّرَاعَۃ: دلیری۔
الشَّرَّاعُ :عمدہ کتاں بیچنے والا۔
الشَّرْعِیُّ :مطابق شریعت۔
الشَّرَاعِیُّ. مِنَ الاِبِلِ :لمبی گردن والا اونٹ۔
الشَّرَاعِیُّ. مِنَ الرِّمَاحِ :لمبے نیزے۔ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔
تَشْبِیَۃُ الاِشْرَاع :توریت کا پانچواں باب۔
المَشْرَعُ والمَشْرَعَۃ والمَشْرُعَۃ :دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ ج مَشَارِعُ.
المُشَرَّعُ. مِنَ البُیُوْتِ :بلند مکان۔
المَشْرُوْعُ :سیدھا کیا ہوا۔جس کو شریعت جائز رکھے۔والاَمْرُ المَشْرُوْعُ :وہ کام جس کو تم شروع کرو۔
شَرْعَبٌ. الاَدِیْمُ :لمبا کاٹنا۔
الشَّرْعَبُ :لمبا۔
الشَّرَعَبِیُّ :ایک قسم کی چادر۔لمبا خوبصورت جسم والا۔
الشُّرْغُوْبُ :ایک قسم کی گھاس۔
الشِّرْعَافُ :کھجور کے شگوفے کا پوست۔
الشُّرَعْفُ :ایک قسم کی گھاس۔
الشِّرْغُ والشَّرَغُ :چھوٹا مینڈک۔
الشُّرَعْفُ :ایک قسم کی گھاس' چھوٹا مینڈک۔
شَرَفَۃً (ن) شَرَفًا :کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔صفت مفعولی (مَشْرُوْفٌ) ..... الحَائِطَ :دیوار میں کنگرہ بنانا۔
شَرُفَ (ک) شَرَافَۃً وشَرَفًا :دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔صاحب عزت ہونا۔ (شَرُفَتِ النَّاقَۃُ شُرُوْفًا) بوڑھی ہونا۔
شَرِفَ (س) شَرَفًا :بلند ہونا۔
شَارَفَہ :شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
شَارَفَ المَکَانَ :چڑھنا.....الشَّیْءَ :اوپر سے جھانکنا۔قریب ہونا۔
شَرَّفَہٗ :تعظیم کرنا۔بزرگی دینا۔عزت کرنا۔
شَرَّفَ البَیْتَ :کنگرہ بنانا.....المَکَانَ : چڑھنا۔
اَشْرَفَ. الشَّیْءُ :بلند ہونا۔سیدھا کھڑا ہونا .....المَکَانَ :چڑھنا.....عَلَیْہِ :اوپر سے جھانکنا.....لَکَ الشَّیْءُ :ممکن ہونا۔قدرت وطاقت میں ہونا.....عَلَی المَوْتِ :قریب الموت ہونا.....عَلَیْہِ :ڈرنا یا مہربانی کرنا۔
اَشْرَفَ الحَبْلُ :تیز دوڑنا.....نَفْسُہٗ عَلَی الشَّیْءِ :حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔
تَشَرَّفَ. البَیْتُ :کنگرے دار ہونا .....الرَّجُلُ :عزت پانا.....بِکَذا :باعث عزت جاننا.....المَکَانَ :چڑھنا.....الشَّیْءَ :ہاتھوں سے اڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اٹھا کے دیکھنا.....لِلشَّیْءِ :جھانکنا.....عَلَی الشَّیْءِ :اوپر سے جھانکنا۔
تُشُرِّفَ. القَوْمُ :ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔
اِشْرَفَ :سیدھا کھڑا ہونا۔
اِسْتَشْرَفَ :سیدھا کھڑا ہونا.....الشَّیْءَ: ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اٹھا کے دیکھنا۔
اِسْتَشْرَفَہٗ حَقَّہٗ :ظلم کرنا۔حق مار لینا .....الشَّاۃَ :عیوب سے سالم لینے کے لئے دیکھ بھال کرنا۔
الشَّرَف :مص۔عزت و بزرگی۔شرافت ..... بلند مکان۔ناک ج اَشْرَاف. شَرَف البَعِیْر :کوہان۔الشَّرَف :شریف۔کہا جاتا ہے "ھُوَ شَرَفُ قَوْمِہٖ وکَرَمُھُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔
الشَّرَفَۃُ :خاندانی شرافت۔
الشَّرْفَۃ. مِنَ القَصْرِ :کنگرہ۔ج شُرَف والشُّرْفَۃُ مِنَ المَالِ :عمدہ مال اور کہا جاتا ہے " اُعِدُّ زِیَارَتَکُمْ شُرْفَۃً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔
الشَّرَفَۃ. شُرَفَاتٌ :کا واحد۔شَرَفَاتُ ان

کاٹنا..... المَسْئَلَةَ :مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا..... الکَلامَ : سمجھانا..... الشَّیْءَ :کھولنا' کشادہ کرنا۔حفاظت کرنا..... صَدْرَہ لِلشَّیْءِ وبِالشَّیْءِ :خوش ہونا..... اِلَی الشَّیْءِ :رغبت ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَشْرَحُ اِلَی الدُّنیا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔

شَرَّحَ. الشَّیْءَ :کاٹ کر جدا جدا کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک "علم التشریح" ہے شَرَّحَ قِطْعَةَ اللَّحْمِ :پتلا پتلا پارچہ کاٹنا ..... الشَّیْءَ :کھولنا' ظاہر کرنا۔

اَشْرَحَ. صَدْرَہٗ :خوش ہونا۔

اِنْشَرَحَ :کشادہ ہونا۔کہا جاتا ہے "شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہ بِقَبُوْلِ الْخَیْرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے اس کے سینہ کو قبول خیر کے لئے کشادہ کر دیا اور وہ کشادہ ہو گیا۔

الشَّرْحَةُ :گوشت کا ٹکڑا۔گوشت کا پارچہ۔

الشَّرِیْحُ والشَّرِیْحَةُ :گوشت کا ٹکڑا۔ موٹے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ج شَرَائِحُ.

الشَّارِحُ :فا۔بیان کرنے والا کھیت کی پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔

المَشْرُوْحُ :مفع۔سراب۔

المَشْرَحُ :اندام نہانی۔

الشَّرْحَبُ :لمبا۔

اِشْرَحَفَّ. لَہٗ :آمادۂ جنگ ہونا۔جلدی کرنا۔

الشُّرْحُوْفُ :دشمن پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ۔

الشِّرْحَافُ :چوڑا پائجامہ۔چوڑے پنجے والا۔

شَرَخَ (ن) شُرُوْخًا. الصَّبِیُّ :جوان ہونا۔صفت (شَارِخ) ج شَرْخ (جیسے صَاحِب. کی جمع صَحْب) (شُرُوْخًا وشُرُوْخَا) نَابُ البَعِیْرِ دانت نکلنا۔

الشَّرْخ :مص۔اصل۔ابتداء جوانی۔اول امر۔کسی چیز کا اُبھرا ہوا کنارہ۔مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ شَرْخِیْ" وہ میرا ہم عمر ہے۔و "ھُمَا شَرْخَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔"شَرْخَا الرِّحْلِ" کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یَزَالُ بَیْنَ شَرْحَیْ رَحْلِہٖ" یعنی فلاں ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ اونٹ کی سالانہ پیدائش۔ ج شُرُوْخ.

الشُّرْحُوْب :ریڑھ کی ہڈی۔ج شَرَاحِیْب.

شَرَدَ :(ن) شَرْدًا وشُرُوْدًا وشُرَادًا وشِرَادًا :بدک کر بھاگنا..... عَلَی اللّٰہِ : اطاعت سے نکل جانا۔صفت (شَارِد) ج شُرَّدٌ (شُرُوْدٌ): شُرُدٌ مؤنث شَارِدَةٌ ج شَوَارِد وشُرُدٌ. وشَوَارِدُ اللُّغَة :نوادر کلمات۔

اَلْمُسَطَّنُ: لمبی ٹانگوں والا۔
سَطَا یَسْطُوْ سَطْوًا وَسَطْوَۃً. بِہٖ وَعَلَیْہِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔
.....اَلْفَرَسُ: خوبصری سے دور دور قدم رکھنا
.....اَلْمَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَطُوْتُ فِی الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔
اَسْطٰی اِسْطَاءً. عَلَیْہِ: بمعنی سطا۔

الأَسَارِيع: کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ اَسَارِيع" لکیروں والی کمان۔
سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔ واحد (اُسْرُوع ویَسْرُوع)
المِسْرَع والمِسْرَاع: خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مَسَارِع ومَسَارِيع.
کائی کے بڑے بڑے پودے سمندری کناروں پر ہوتے ہیں ان کو الطرفا بولتے ہیں۔
السُّرْعُوف: نازک وسبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوفَة. السُّرْعُوفَة: لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔
سَرِفَت (ن) سَرَفًا. السُّرْفَةُ الشَّجَرَةُ: کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا..... الامُ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔
سَرِفَ (س) سَرَفًا. الامْرَ: بے کار چھوڑنا۔ جاہل ہونا۔ خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي عَطَائِهِمْ مَنٌّ ولا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔ سَرِفَ القَوْمَ: تجاوز کرنا..... الطَّعَامُ: گھن لگنا..... الرَّجُلُ بِالخَمْرِ: شراب کا حریص ہونا۔
أَسْرَفَ. المَالَ: فضول خرچی کرنا..... فِي كَذَا: حد سے تجاوز کرنا۔ زیادتی کرنا۔ خطا کرنا۔ جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ صفت (مُسْرِف)
السُّرْفَة: گھن۔ سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے۔ اسی سے مثال ہے "هُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَةٍ" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے۔
السَّرَف: حد اعتدال سے تجاوز کرنا۔ زیادتی۔ خطاء۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَهُ سَرَفًا" اس نے جلدی سے کھایا۔

السَّرَاف. سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔
رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُؤَاد: غافل مرد۔ سَرِفُ العقل: خراب یا کم عقل والا۔
ارض (سَرِفَة): زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں۔
السَّرُوف: سخت اور برا۔
السَّرِيف: انگور کی بیل کی قطار۔
سَرَقَ (ض) سَرْقًا وسَرِقًا وسَرَقَةً وسَرِقَةً ومَسْرُقَانًا. مِنْهُ الشَّيْءَ وسَرَقَهُ الشَّيْءَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "سَرَقُوا لَيْلَةً مِنَ الشَّهْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں۔ و "سَرَقَتْنِي عَيْنِي" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی۔
سُرِقَ. الرَّجُلُ: کسی کے مال ومتاع کا چوری ہو جانا..... صَوْتُهُ: آواز پڑنا۔ گلا بیٹھ جانا۔ صفت مَسْرُوقُ الصَّوْتِ.
سَرِقَ (س) سَرَقًا. الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔
سَرِقَتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا سخت سست ہو جانا۔
سَرَّقَهُ: چوری کی نسبت کرنا۔ سَرَّقَ الشَّيْءَ: چرانا۔
سَارَقَهُ. النَّظَرَ: ایک دوسرے کو زدیدہ نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو۔
سَارَقَ النَّظَرَ إِلَيْهِ: کسی کو زدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
تَسَرَّقَ: تھوڑا تھوڑا چرانا..... النظر والسمع: چوری سے دیکھنا یا سننا۔
اِسْتَرَقَ. عَنْهُ: جانے کے لئے پیچھے ہٹنا۔
اِسْتَرَقَتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا سست ہو جانا۔
اِسْتَرَقَ. مِنْهُ الشَّيْءَ: چرانا..... السَّمْعَ: چھپ کر سننا..... الكَاتِبُ بعض المحاسبات: چھپا لینا۔ ظاہر نہ کرنا۔
السَّرِقَة: مص۔ چرائی ہوئی چیز۔
السَّارِق: فا۔ ج سَرَقَة وسُرَّاق وسَارِقُون: مؤنث سَارِقَة. السَّارِقَة: لوہے یا چمڑے کا طوق۔ ج سَوَارِق.
السَّوَارِق: تالے کی زائد چھڑ۔
السَّرَقَة: مص۔ حریر کا ٹکڑا۔ ج سَرَق (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے۔)
السَّرَّاف: بہت چرانے والا۔
السُّرُوق: چور۔ ج سُرُق.
السُّرَّاقَة: چرائی ہوئی چیز۔
المُسْتَرِق: فا۔ ناقص، کمزور۔ مُسْتَرِق العُنُق: چھوٹی گردن والا۔
السُّرْقُع: ترش بیز۔
السُّرْقِين والسِّرْقِين: گوبر۔ کھاد۔
سَرِكَ (س) سَرَكًا: قوت وتوانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا۔
سَرَوَكَ وتَسَرْوَكَ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
سَرَّمَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَسَرَّمَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
السُّوم: مستقیم آنت کا کنارہ۔ ج اَسْرَام.
السَّرَم: دبر کا درد۔
السُّرْمَان والسِّرْمَان: زرد وسیاہ بھڑ۔
السَّرْمَد: ہمیشہ۔ لَيْلٌ سَرْمَدٌ: لمبی رات۔
السَّرْمَدِيّ: جس کی ابتداء وانتہا نہ ہو۔
تَسَرْمَطَ. الشَّعَرُ: بال ہلکے اور کم ہونا۔
السَّرْمَط والسَّرَامِط والسَّرَوْمَط والمُسَرْمَط والسُّرْمُطِيط: ہر ایک لمبی چیز۔ السَّرَوْمَط: ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے۔ وَجُلٌ سَرَوْمَطٌ: ہر چیز کو نگلنے والا مرد۔
السَّرْمَق: ایک گھاس کا نام۔
اَلسَّرَمَقِيَّات: انگوری کی ایک قسم۔
سَرْهَدَ. السِّنَامَ: کوہان کو کاٹنا..... الصَّبِيَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
السَّرْهَد: کوہان کی چربی۔ مَاءٌ سَرْهَدٌ: بہت پانی۔
المُسَرْهَد: مفع۔ موٹا۔
سَرْهَفَ. الغُلَامَ: غذا کو عمدہ بنانا۔ ..... الصَّبِيَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

السَّرِب: بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ: بہنے والی مشک۔
السَّرْبَة: قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
السُّرْبَة: ہرن، اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَب.
السَّرَاب: دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا عکس نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے جھوٹ اور مکر وفریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِب: فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَّرُوب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب. ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ وَمَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَشْرَبُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرَبَة والمَسْرُبَة: چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ.
المُسْرِب: بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔
سَرْبَخ. الرَّجُلُ: خفیف وسبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔
السَّرْبَخ: کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قفر (سِرْبَاخ ومُسَرْبَخ): بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ: کرتا پہنانا۔
سَرْبَلَ. بالسِّرْبَال: کرتا پہنانا۔
السِّرْبَال: کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرَابِيل.
سَرَجَ (ن) سَرْجًا: جھوٹ بولنا..... المَرْأَةُ شَعْرَهَا: چوٹی بنانا۔
سَرَّجَ (س) سَرْجًا: جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ. الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللهُ: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا..... الحَدِيثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ أُسْرُوجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ "وَإِنَّهُ لَيُسَرِّجُ الأَحَادِيثَ نَسْرِيجًا": وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں "سَرَّجَ الثَّوْبَ": اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرْجَهُ: شین معجمہ سے ہے۔
أَسْرَجَ. الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔
.....السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَيْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَّرْج: زین۔ ج سُرُوج.
السِّرَاج: چراغ۔ ج سُرُج. سِرَاجُ اللَّيْلِ: جگنو۔
السِّرْجِ: تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّرَّاج: جھوٹا۔ زین ساز و (السِّرَاجَةُ): زین سازی کا پیشہ۔
السُّرِيجِيَّات: سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المِسْرَجَة: چراغ دان۔ ج مَسَارِج.
المِسْرَجَة: چراغ۔ ج مَسَارِج.
السَّرْجَم: لمبے قد والا۔
السِّرْجِن والسِّرْجِين والسِّرْجُون: گوبر۔
سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا وسُرُوحًا. المَوَاشِي: جانوروں کا چرنے کے لئے جانا۔
..... السَّيْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (.....سَرْحًا) المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ سَرَحَهُ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
سَرِحَ (س) سَرْحًا. الرَّجُلُ: کسی کا اپنے امور کے لئے نکلنا۔
سَرَّحَ. المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا..... الفَوْمَ: آزاد کرنا، چھوڑ دینا ..... الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے۔ إِلَيْهِ رَسُولًا: پیغامبر بھیجنا..... الأَمْرَ: آسان کر دینا۔
..... اللهُ فُلَانًا لِلْخَيْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔
..... الشَّعْرَ: کنگھا کرنا..... عَنْهُ: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَرَحَتِ. الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا..... الرَّجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ. مِنَ المَكَانِ: نکلنا..... عَنْهُ: کشادگی کیا جانا..... الكِتَابُ: کتاب کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّرْح: مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوح.
السَّرْحَة: جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَيْلٌ (سُرُحٌ ونَاقَةٌ سُرُحٌ): تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْيَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر نال مثول کے فوری بخشش۔
السِّرْحَان: بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سِرَاحٍ وسَرَاحٍ وسَرَاحِين. ذَنَبُ السِّرْحَانِ: فجر کاذب۔
السِّرْحَانَة. سِرْحَان: کا مؤنث۔
السَّرِيح. مِنَ الأُمُورِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسَّرِيحُ مِنَ الخَيْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔
السَّرِيحَة: تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔ کپڑا کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح.
السَّارِح: فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المِسْرَح. ج مَسَارِح و(المِسْرَحَة)

السَّدِيم: کرہ آسمانی پر مدھم دکھائی دینے والے ستارے۔ اَلسَّدِیْمُ: تیز تلوار یا اس کی دھار۔
اَلسَّدِیْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔
سدن (ن ض) سُدْنًا وسَدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة: کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وَآذِنُهُ" یعنی فلاں کا دربان ہے۔
سَدَنَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
اَلسِّدْن وَالسَّدَن. ج اَسْدَان. وَالسِّدْران): پردہ۔
سِدَانَةُ. اَلْکَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔
السَّدِیْن: چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔
السَّدَّان: نہائی (صحیح لفظ سندان ہے)
سَدَا یَسْدُوْ. سَدْوًا. بِیَدِهٖ نَحْوَ الشَّیْءِ: کسی چیز کی طرف سے ہاتھ بڑھانا..... اَلصَّبِیُّ بِالْجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِی الْمَشْیِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَةً" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔
اَسْدَی اِسْدَاءً. اَلنَّحْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔
اِسْتَدَی اِسْتِدَاءً. بِیَدِهٖ: ہاتھ بڑھانا..... اَلصَّبِیُّ بِالْجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا..... اَلْفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔
اَلسَّادِی: فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِیَةٌ. ج سَوَادٍ. اَلنُّوْقُ السَّوَادِی: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔
سَدِیَ یَسْدَیْ سَدًی. اَلْبُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ)..... اَلْاَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا..... اَللَّیْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ).....
سَدَی یَسْدِی سَدْیًا. اَلثَّوْبَ: تانا تننا۔
سَدَّی. اَلثَّوْبَ (تَسْدِیَةً): تانا تننا۔
.....اِلَیْهِ: احسان کرنا..... مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا۔
.....الْاَرْضَ: نمناک کرنا۔
اَسْدَی اِسْدَاءً. اَلثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلْحِمْ مَا اَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو..... اِلَیْهِ: احسان کرنا..... اَلْاَرْضَ: نمناک کرنا..... بَیْنَهُمَا: اصلاح کرنا..... اَلْاَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔
تَسَدَّی تَسَدِّیًا. اَلشَّیْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا..... اَلثَّوْبَ: تانا تننا۔
اَلسَّدَی: تانا۔ ج اَسْدِیَة: نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (..... وَالسَّدَاء): سبز کچی کھجور۔
اَلسَّدَاة. مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔
اِبِلٌ (سُدًی وسُدَیٌ): بے کار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ کَلَامُهٗ سُدًی" اس کی گفتگو لغو بیکار گئی۔
اَلْاَسْدِیُّ وَالْاُسْدِیُّ: وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔
اَلْمِسْدَاة: تانا تننے کا آلہ۔
اَلسَّدَاب: ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صقر کی طرح ہوتے ہیں۔
اَلسُّدْبَة: ایک قسم کا برتن۔
اَلسَّاذَج: سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔
اَلسَّذَاجَة: سادگی۔
اَلسَّذَق: سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔
اَلسَّوْذَق السَّیْذَاق وَالسَّیْذَقَان وَالسَّیْذُقَان: کلغن۔ شکرا۔ اَلسَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔
اَلسَّوْذَقِیُّ: چست۔ چالاک۔ متکبر۔
اَلسُّذَانِق وَالسَّوْذَنِیْق وَالسَّوْذَانِق: شکرا۔
سَرَّهٗ (ن) سُرُوْرًا وَمَسَرَّةً وَسَرًّا وَسَرْیًا وَتَسْرِیَةً: خوش کرنا۔
سَرَّهٗ (ن) سَرًّا: ناف میں نیزہ مارا۔
اَلصَّبِیُّ: بچے کا نال کاٹنا..... فُلَانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارک باد دینا۔
سَرَّ (س) سَرًّا: ناف میں درد ہونا۔
سُرَّ سُرُوْرًا: خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْرٌ)..... اَلصَّبِیُّ: ولادت کے وقت نال کا ٹا جانا۔
اَسَرَّهٗ اِسْرَارًا: خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد)..... اِلَیْهِ بِکَذَا: چپکے سے بیان کرنا..... اِلَیْهِ الْمَوَدَّةَ وَبِالْمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو پہچانا۔
سَرَّرَهٗ: خوش کرنا۔ سَرَّرَهٗ سَرِیَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں لغت سَرَّاہُ: بھی ہے۔
سَارَّهٗ: پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔
تَسَرَّرَ: لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں سَرَّیَ: بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ: میں تَظَنَّیَ.....
اَلثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
تَسَارَّ. اَلْقَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارَّ زَیْدٌ اِلٰی عَاتِکَةَ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔
اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا: لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا..... عَنْهُ: چھپنا..... اَلْقَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے)..... اَلشَّیْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا..... اَلرَّجُلُ: خوش ہونا..... اَلرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔
اَلسَّرُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔
اَلسِّرُّ: ج۔ اَسْرَار: بھید۔ راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الْاَحْرَارِ قُبُوْرُ الْاَسْرَارِ: احرار کے سینے بھید کے لئے قبر ہیں۔ و "رَجُلٌ

التَّسَاخِين: ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے اس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَنُ یا تَسْخان: واحد ہے۔)

المِسْخَنَة: ہانڈی۔ ج مَساخِن.

سَخا یَسْخُو وسَخِیَ یَسْخَی وسَخُوَ یَسْخُو سَخاً وسَخاءً وسَخاوَةً وسُخُوًّا وسُخُوَّةً: فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخِیَتْ نَفْسِی وَنَفِسَتْ عَنِ الشَّیْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔

سَخَا النَّارَ یَسْخُوْھَا سَخْوًا ویَسْخاھَا سَخْوًا وسَخْیًا: راکھ نکال کر آگ جلانا..... السَّخْوُ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا..... الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تَساخَی وتَسَخَّی: بتکلف فیاض بننا۔

السَّخاوَة: فیاضی۔ بخشش۔

السَّخاءَة: ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخاءٍ.

السَّخِیُّ: فیاض۔ ج اَسْخِیاء وسُخَواء: مؤنث سَخِیَّة. ج سَخایا وسَخِیّات.

اَلاَرْضُ (السَّخواء): کشادہ نرم زمین۔ ج سُخاوِیٌ وسَخاوٍ.

اَرْضٌ (سَخاوِیَة) نرم کشادہ زمین۔ ج سَخاوِیُّ.

مَسْخَی النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

المِسْخاة: چھپٹی۔ آگ کی کریلنی۔

سَدَّ (س) سَدًّا. الاِناءَ: برتن بند کرنا..... الثَّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا..... البابَ: دروازہ بند کرنا۔

سَدَّ (س ض) سَدادًا وسَدادًا: درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَسِدُّ فِی قَوْلِہٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے و "قُلْتُ لَہٗ سَدادًا مِنَ القَوْلِ وسَدادًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی..... الشَّیْءُ: سیدھا ہونا۔

سَدَّدَ. البَرْمَحَ: سیدھا کرنا..... راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اَسَدَّ. الشَّیْءُ: سیدھا ہونا..... الرَّجُلُ: راہ راست کو پہنچانا یا طلب کرنا۔

تَسَدَّدَ: سیدھا ہونا..... الشَّیْءُ: درست ہونا۔

اِنْسَدُّوا سَدَّ اِنْسِدادًا واسْتِدادًا: بند ہونا۔

اِسْتَدَّ. الشَّیْءُ: درست ہونا۔

السَّدُّ والسُّدُّ اَنْسداد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتْ عَلَیْہِ الاَرْضُ بِالاَسْدادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔ والسَّدَّج اَسَدَّة: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدْ. ج سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَاذٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدّ. ج سِدَدَة: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ مسایلہ.

کَلامٌ (سِدٌّ) صحیح و درست کلام۔

السِّداد: مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَّداد: مص۔ درستی و راستی۔ ہدایت۔

السِّداد: ڈھکنا۔ دودھ جوہن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

السِّدادَة: ڈھکنا۔

السُّداد: ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رَجُلٌ (سَدَّاد): راہ راست پر رہنے والا مرد۔

السُّدَّة: دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد.

عَیْنٌ (سادَّة): اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدْد.

الاَسَدُّ. ج سُدْدٌ (السَّدِید): ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔

المَسَدُّ: بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّہٗ" یعنی قائم مقام۔

سَدَجَ (ن) سَدْجًا. بِالشَّیْءِ: گمان کرنا۔ (.....وتَسَدَّجَ): جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)

اِنْسَدَجَ: اوندھا گرنا۔

سَدَحَہٗ (ف) سَدْحًا: ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا..... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالمَکانِ: اقامت کرنا (سَدَحَہٗ وسَدَّحَہٗ) قتل کرنا۔

اِنْسَدَحَ: چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السَّادِح: فا۔ مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مؤنث سَادِحَة. السَّادِحَة: گھٹا ٹوپ بادل۔

السَّدِیح والمَسْدُوح: چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَحَ: پھیلنا۔

سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا وسُدُوْرًا. الشَّعَرَ: بال لٹکانا..... الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔

.....الرَّجُلُ فِی البِلادِ: جا کر واپس نہ آنا۔

سَدِرَ (س) سَدَرًا وسَدارَةً: حیران ہونا۔ لاپروا ہونا..... البَعِیرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ سادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

اِنْسَدَرَ. الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ یَحْفِرُ": وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اترنا اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ. بِثَوْبِہٖ: اوڑھ لینا۔

السِّدْر: بیر کا درخت۔ ج سُدُوْر.

السِّدْرَة: بیر کا درخت۔ ج سِدَرات. وسِدِرّات وسِدْرات وسِدَر. وسِدْرَة المُنْتَھٰی: ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔

السَّدِیر: حیران۔ سمندر۔ ناقَةٌ سِدَرَةٌ: بوڑھی اونٹنی۔

المِسْحَق: جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلاً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا..... الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ .....الغريمَ مالَه درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔
.....ه مالَه سوط: مارنا..... الثوبَ: کچے دھاگے سے بننا۔ الحبلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلاً وسُحُولاً. العينُ: رونا۔
سَحِلَ (ض) سَحَلاً وسُحالاً. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
سَاحَلَهُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القومُ بأولادِهم: ساحل پر لانا۔
اَلسَّحْلَة: گالی خوردہ پانا۔
اِنْسَحَلَ: چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالكلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدَّراهمُ: چمکدار ہونا۔
السَّحْل: مص (السَّحِل) ج اَسْحال وسُحول و(السَّحِيل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل: فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل.
السِّحَال: لگام۔
السَّحْلَة: چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَة: چاندی، سونے کا بُرادہ۔ گیہوں، جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
اَلإِسْحِل: ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الاَسَاحِل: پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل: سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست۔ ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت و فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.
السُّحَال والسَّحِيل: ہنہناہٹ۔
شاب (مُسْحِلانٌ ومُسْحِلانِيٌّ: لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحِلانَة و مُسْحِلانِيَّة)
المَسْحُول: مقع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
اَلمَسَاحِيلُ: سبزی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں۔ ان کا عرق بچوڑ کا پیا جاتا ہے۔
السَّحَلاَّل: بڑے پیٹ والا۔
سَحُمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَمًا: کالا ہونا۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء. ج سُحْم.
سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔
اَسْحَمَتِ. السَّمَاءُ: برسانا۔
السُّحَام والسَّحَام والسُّحْمَة: سیاہی۔
الاَسْحَم: سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھ کو ڈبوتے تھے۔
السَّحَم: لوبا (.....والسَّحِيم والاَسْحَمان): ایک درخت کا نام۔
السَّحَمَة: لوہے کا ٹکڑا۔
السُّحُم: لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا .....الخَشَبَةَ: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا .....الشَّيْءَ: باریک پیسنا۔
سَاحَنَه: ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ ساحَنَهُ الشَّيْءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا (.....وتَسَحَّنَه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسْحَنَة: پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن.
سَحَاهُ يَسْحَاهُ ويَسْحُوهُ ويَسْحِيهِ سَحْيًا: چھیلنا..... الطِّينَ: گھڑنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة وسَاحُون: مؤنث سَاحِيَة..... الشَّعْرَ: مونڈنا (.....واَسْحَى اِسْحَاءً وسَحَّى تَسْحِيَةً)
الكِتَابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِسْحَى اِسْحَاءً. الشَّيْءُ: چھیلنا۔ الشَّعْرَ: مونڈنا۔ اِسْتَحْلى مِنه: شرم کرنا۔
السِّحَاء. مِنَ الكِتَابِ: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَة. السِّحَاءَة: دماغ کی جھلی۔ ج سُحُوَات.
السَّحَاة: میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًى.
السِّحَايَة: بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِيَة: سیلاب، زور کی بارش۔ السَّحَّاء: بیلچہ بنانے والا۔
الاَسْحُوَان: بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاة: بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.
سَحَّتُ (ن) سَحًّا. الجَوَادَةَ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا..... فِي السَّيْرِ او الحَفْرِ: دور تک جانا یا کھودنا۔
السَّحَاخ: نرم عمدہ زمین۔
سَحَا (ف) سَحْوًا. النَّارَ تَحْتَ القِدْرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّحَب: شور۔
السِّحَاب: لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السَّحَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے نا سمجھ پایا۔ ج سُحُب.
اِسْحَنَّكَ اِسْحِنْتَاتًا. الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السُّحْت والسُّحْتِيت: سخت۔
السُّحْت: کھردار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

اس کو سو کوڑے مارے (..... سَحًّا و سُحُوْحًا وتَسَحَّحَ): بہت بہنا۔
سَحَّتَ (ض ن) سُحُوْحًا وسُحُوْحَةً: الشَّاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ وسَاحَّةٌ) ج سِحَاح وسُحَاح.
اَسَحَّ. اِبِطُ البَعِیْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔
السَّحُّ والسُّحُّ: خشک متفرق کھجوریں۔
السَّحَاح: فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سُحُوْحٌ): بہت بارش والا بادل۔
غَازَةٌ (سَحَّاءُ): اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔
عَیْنٌ (سَحَّاحَةٌ): بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (سِحٌّ): تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهُ (ف) سَحْبًا: زمین پر گھسیٹنا۔
اَلرَّجُلُ: بہت کھانا پینا کہا جاتا ہے "جَاءَ یَسْحَبُ ذَیْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ عَلَیْهِ: ناز کرنا..... مِنَ الاَکْلِ اَوِالشُّرْبِ: بہت کھانا..... پینا..... فِی حَقِّ فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
اَلسَّحْبُ: کھسٹنا۔
اَلسُّحْبَةُ: آنکھ کا پردہ (..... والسَّحَابَةُ) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
اَلسَّحَابُ: بادل۔ ج سُحُبٌ. واحد (سَحَابَةٌ) ج سَحَائِبُ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهُ سَحَابَةَ یَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
اَلسَّحْبَلُ: کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف) سَحْتًا وسُحْتًا: حرام مال کمانا.....ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔ سَحَتَ اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا..... وَجْهَ الاَرْضِ: مٹانا۔
اَسْحَتَهُ: خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اَسْحَتَ بِحَاوَتِهٖ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ: مال ضائع ہونا۔
اَلسُّحْتُ: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب اور کہا جاتا ہے "هَالَهٗ اَوْدَمَهٗ سُحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کے لئے جوان کو معدوم کرے مباح ہے۔
اَلسُّحْتُ والسُّحْتُ: حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث وقبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات.
مَالٌ (سُحْتٌ وسُحُتٌ وسَحِیْتٌ ومُسْحُتٌ ومَسْحُوْتٌ): تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ وسَحِیْتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ غلام (اَسْحَتُ)
وادٍ (سَحَّاءُ): بے نباتات والا سال یا زمین۔
اَلسُّحْتُوْتُ والسِّحِیْتُ: کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
اَلسُّحْتُوْتُ والسِّحِیْتُ: پرانا کپڑا۔
اَلسَّحِیْتَةُ: سب کچھ بہالے جانے والا بادل۔
ج سَحَائِتُ.
مَسْحُوْتُ. اَلجَوْفِ والمِعْدَةِ: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)
سَحْجَهُ (ف) سَحْجًا وسَحَّجَهُ: چھیلنا.....
اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعول (مَسْحُوْجٌ وسَحِیْجٌ) مَسْحَجُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ وانْسَحَجَ: چھلنا۔
اَلسَّحَّاجُ: بہت چھلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
اَلسَّحُوْجُ والمِسْحَاحُ: بہت قسم کھانے والی عورت۔
اَلمِسْحَجُ والمِسْحَاجُ. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔
اَلمِسْحَاجُ: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔ زمن مِسْحَاجٌ: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔
سَحَرَهٗ (ف) سِحْرًا: دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا.....ہ عن کَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔
سَحَرَ عن الاَمْرِ: کسی معاملہ سے دور ہونا..... وسَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا۔
سَحَرَهٗ (ف) سَحْرًا: پھیپھڑے پر مارنا۔ صفت مفعولی (مسحور ومَسْحُوْر).....
المطرُ الطین: خراب کرنا۔
سِحْر (س) سَحْرًا: صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر وسَحِیْر)
سَحَّرَهٗ: جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ: صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ: سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ اَلدِّیْکُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
اَلسِّحْر: مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اَسْحَار وسُحُوْر. اَلسِّحْر الکَلَامِی: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحْرًا".
اَلسَّحَر: صبح سے کچھ پہلے۔ اَلسَّحَر الاَعْلٰی: صبح کاذب۔ والسَّحَر الاَخِر: صبح صادق۔
اَلسَّحْرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَار.
اَلسَّحْر والسَّحَر والسُّحْر: پھیپھڑا۔ ج سُحُوْر وسُحْر واَسْحَار اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحْرِیْ" میں اس سے ناامید ہو گیا۔ "وانْتَفَخَ سَحْرُهٗ" وہ بزدل ہو گیا۔

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ الْمَنْخِرِ" وہ پست وذلیل ہے۔ و "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجَدَتْ (س) سَجْدًا. رِجْلُه: پیر کا پھولنا۔

اَسْجَدَ: سر جھکانا۔ عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔

الْاَسْجَدُ: پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَّجَّاد: بہت سجدہ کرنے والا۔

السِّجْدَة. سجد: کا اسم۔

السجادة والمسجدة: جائے نماز۔

المَسْجِد والمِسْجَد: سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَسَاجِد. المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔ المَسْجِد الاَقصٰی: مسجد بیت المقدس۔ المَسْجِدَانِ: مکہ ومدینہ کی مسجدیں۔

المَسْجَد: آدمی کی پیشانی۔ ج مَسَاجِد.

سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّور: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا..... الماءُ النَّهر: پانی کا دریا کو بھرنا..... البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا..... الماءَ فِی حَلْقِه: پانی ٹپکانا..... الکَلْبَ: گلے میں لکڑی باندھنا..... الشَّیْءَ: بھیجنا (..... سَجْرًا وسُجُوْرًا) النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔

سُجِرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔

ساجَرَهٗ: مخلص دوست بننا۔

اِنْسَجَرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا..... الابلُ فِی سَیْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔

السَّجْر: مص۔ بادل کی گرج۔ بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔

السُّجْرَة: پانی جو دریا کو بھر دے۔ ج سُجَر (..... والسَّجْر) فِی العَیْنِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔

السَّاجِر: فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آ کر بھر دے۔

السَّاجُوْر: لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِیر اور اسی سے ہے "سوجر الکلب" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِی اَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔

المِسْجَر والسَّجُوْر: تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔

السَّجِیْرُ: مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء.

الاَسْجَر: آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْرَاء: خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔

شَعَرٌ (مُسَجَّر ومُنْسَجِر): لٹکے ہوئے بال۔

المُسَجَّر: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔

المَسْجُوْر: مفع۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللَّوْنُ المَسْجُوْر: پروئے ہوئے موتی۔ لٹری سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَة: بہت آبدار موتی۔

السَّجُوْرِیَّ: بے وقوف۔

سَجِسَ (س) سَجَسًا. المَاءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجِسٌ وسَجِسٌ وسَجِیْسٌ)

سَجَّسَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار وخراب ہونا۔

السَّجَس: مص۔ فساد۔ گدلا پن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیکَ سَجَسَ اللَّیَالِیْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجْسَج: زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ "رِیْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِج وسَجَاسِیْج.

سَجَعَ (ف) سَجْعًا. الخَطِیْبُ: مقفّٰی کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع وسَجَّاع وسَجَّاعَة)

الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة وسَجُوْع). ج سُجَّع وسَوَاجِع.....

النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کہان کے لئے بھی مستعمل ہے)..... کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِکَ المَسْجَع" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ. الخَطِیْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

السَّاجِع: فا۔ گفتگو۔ رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ وَجْهٌ سَاجِع: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَة: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْعُ: مقفّٰی کلام۔ ج اَسْجَاع.

السَّجْعَة والاُسْجُوْعَة: قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج اَسَاجِیْع.

المَسْجَع: مقصد۔

سَجَفَ (ن) سَجْفًا وسَجَّفَ. البَیْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) سَجَفًا: تیلی کمر والا ہونا۔

اَسْجَفَ. السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔ البَیْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا..... اللَّیْلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْف والسِّجْف. ج سُجُوْف واَسْجَاف و(البَجَاف والسَّجِیْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ السِّجَاف: گوٹ۔ ستجاف۔ کہا جاتا ہے "اَرْخَی اللَّیْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجْفَة: رات کا ایک حصہ۔

البِجَافَة: پردۂ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجْلًا. بِهٖ: اوپر سے پھینکنا۔ ..... المَاءَ: پانی گرانا..... الکِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ. بِالشَّیْءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ الرَّجُلُ: عہدنامہ لکھنا..... الاَوْرَاقَ: کچہری

پورے قد والی ہونا۔
سَبَلَ (ن) سَبْلاً: گالی دینا۔
سَبَّلَ. المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا ..... الشَّیْءَ: مباح کرنا ..... السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
اُسْبُلٌ. السِّتْرُ: پردہ لٹکانا ..... الدَّمْعُ: آنسو بہانا ..... المَاءَ: پانی گرانا ..... الطَّرِیْقُ: بہت آمد و رفت والا ہونا ..... السَّمَاءُ: برسنا ..... الدَّمْعُ او المَطَرُ: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا ..... الزَّرْعُ: خوشہ نکلنا۔
غَلَی فُلَانٌ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔
السَّبَلُ: بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ ناک۔ اَسْبَلُ. الدَّمْعُ او المَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِیَابٌ سُبُلٌ" لٹکائے ہوئے کپڑے۔
السَّبَلَةُ: مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج سِبَال (..... والسُّبُوْلَة والسَّبُوْلَة): خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَأَ الإِنَاءَ إِلَی سَبَلَتِه" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَه" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے۔ و "بِعِیْرٌ حَسَنُ السَّبَلَة" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَه" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔
السَّبِیْلُ راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبُل وسُبُل وأَسْبُل وأَسْبِلَة وسُبُوْل ابْنُ السَّبِیْل: مسافر۔ سَبِیْلُ اللّٰه: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَکَ عَلَیَّ سَبِیْل" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَیْسَ عَلَیَّ فِی هٰذَا سَبِیْل" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَی المُحْسِنِ سَبِیْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ وسَبِیْلُنَا اَنْ نَفْعَلَ کَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔
السَّبِیْلَة: راستہ یا واضح راستہ۔
السَّابِلَة: رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَبِیْلٌ سَابِلَةٌ: راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل.
عَیْنٌ (سَبْلاء) لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَةٌ سَبْلاءُ: مونچھوں والی عورت۔
الأَسْبَل والمُسْبِل والمُسْبَل والمُسَبَّل: لمبی مونچھوں والا۔
المُسْبِل: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ مادہ ذی الحجہ۔
اَسْبَبَ. المَرْأَةُ: ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔
السَّبِیْبَة: عورتوں کا سیاہ تہ بند۔
السَّبَنَتُ والسَّبَنَة: عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَه سَبَنَتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔
السَّبَنْتَی: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت وسَبَانِت.
السَّبَنْدَی: دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِد.
سُبِهَ سَبْهًا وسَبَهَ تَسْبِیْهًا: بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْه ومُسْبَه)
السَّبَه: بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔
رَجُلٌ (سَبِهٌ وسَبَاهٌ): مغرور مرد۔
السُّبَاه: سکتہ۔ زوال عقل۔
رَجُلٌ (سَبَابِیٌّ): بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔
المُسَبَّه: فصیح زبان والا۔
سَبْهَلَ: کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبْهَلاً" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ و "هُوَ یَمْشِی سَبْهَلاً" وہ بے کار آتا جاتا ہے۔
سَبَی یَسْبِی سَبْیًا وسِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ..... الرَّجُلَ: دور کرنا۔ جلاوطن کرنا ..... الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا ..... الحَافِرَ المَاءَ: پانی تک کھودنا ..... فلانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔
اِسْتَبَی اِسْتِبَاءً. العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ..... قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا ..... الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔
تَسَابَی. القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔
تَسَبَّی. فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔
السَّبْیُ: مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْیٍ کَثِیْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کے لئے اور سَبِیٌّ: کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِیٌّ. وسُبَیُ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِیُّ: قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِیٌّ وجَارِیَةٌ سَبِیٌّ" ج سَبَایَا
سَبِیُّ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِیَّة: قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔
السَّبِیُّ والسَّبَاءُ: لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔
ج سَوَابِیُ. السَّابِیَا: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔
السَّبُّ: عیب۔ بری گفتگو۔
السِّتَّة: چھ۔ مذکر کے لئے مستعمل ہے اور مؤنث کے لئے سِتٌّ.
السَّاتُ: چھٹا۔
السِّتُّوْن: ساٹھ (مذکر و مؤنث)
السَّبُّ: ایک قسم کی تیز چال۔
سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا وسَتَرًا وسَتَّرَ. الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔
سَاتَرَه مُسَاتَرَةً. العَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔
تَسَتَّرَ واسْتَتَرَ وانْسَتَرَ: چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰه

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا وَاَسْبَرَ وَاسْتَبْرَ. الجُرْحَ او البِئْرَ او الماءَ: گہرائی کی آزمائش کرنا۔
.....الامْرَ: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَفَازَةٌ لَاتُسْبَرُ" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔
السَّبْر: مص۔ شیر (.....والسِّبْر) صل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الحِبْرِ والسِّبْرِ" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو۔ "وَرَأَيْتُهُ سَيِّئَ السِّبْرِ" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو۔ وقد غَلَبَ غَلَبَهِ سَبْرُ فُلَانٍ" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِّبْر: دشمنی۔ ج اَسْبَار.
السَّبْرَة: ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرَات.
السَّبْر والسُّبْرَة: ایک شکاری پرندہ۔
السِّبَار ج سُبُر (السِّبْر والمِسْبَار) ج مَسَابِر ومَسَابِيْر: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔ السِّبَار: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔
السابورة: مٹی ذخیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔
السَّبَارَة: ایک قسم کا جہاز۔
السَّابِرِي: سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔
السَّبُورَة۔ سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔
المَسْبَر: ہیئت وحسن وجمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَهُ ومَخْبَرَهُ".
المِسْبَار: زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسَابِيْر.
مَسْبَرَة. الجُرْح: زخم کی گہرائی۔
المِسْبَرة: آزمائش۔
المَسْبُوْر: مفع۔ اچھی ہیئت والا۔
سَبْرَت. الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔
السَّبْرَت والسُّبْرُوْت والسِّبْرِيْت والسِّبْرَات: مسکین ومحتاج۔ ج سَبَارِيْت وسَبَار. السُّبْرُوْت: تھوڑی چیز۔ امر ولڑکا۔
السُّبْرُوْت مِنَ الارْضِ: چٹیل بیابان۔
المُسَبَّرَت: وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔
سَبْسَبَ. المَاءَ: پانی بہانا..... الرَّجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بُری گالی دینا۔
تَسَبْسَبَ. المَاءُ: پانی بہنا۔
السَّبْسَب: بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَبَاسِب اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَبَاسِب او سُبَاسِب" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔
سَبَطَ (س) سَبْطًا وسَبَطًا وسُبُوْطًا وسَبَطَ (ن) سُبُوْطَةً وسَبَاطَةً.
الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔
سَبُطَ (ک) سَبَاطَةً. المَطَرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔
سُبِطَ سَبَطًا: بخار رہونا۔
سَبَطِتٌ. النَّاقَةُ والنَّعْجَةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسْبِط)
اَسْبَطَ: خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا ..... بالارْضِ: چمٹنا..... فِي نَوْمِهِ: نیند میں آنکھیں بند کرنا..... عَنِ الامْرِ: غفلت کرنا۔
السِّبْط: اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے۔ جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر..... مِنَ اليَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لئے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کے لئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْبَاط.
السَّبَط والسَّبِط. مِنَ الشَّعْرِ: سیدھے بال۔ السَّبْط مِنَ المَطَرِ: بکثرت بارش۔ ج سِبَاط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبْطُ اليَدَيْنِ اَوْسَبْطُ البَنَانِ" یعنی وہ فیاض وکریم ہے۔ و "سَبْطُ الجِسْمِ" عمدہ قد وقامت والا۔
السَّبَط: تروتازہ لفی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطَة) شَعْرٌ سَبَط: سیدھے بال۔ السَّبَط: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔
سَبَاط: بروزن قطام بمعنی بخار۔
سُبَاط: ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)
السُّبَاطَة: بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔
السُّبُوْط: ایک سمندری جانور۔
السَّبَاط: چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِيط وسَبَاطَات.
السَّبَطَانَة: نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔
اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا: دراز ہو کر لیٹنا۔
اِسْبَطَرَّتِ الابِلُ: تیز چلنا..... لَهُ البِلَادُ: کسی کے لئے ممالک وبلاد کا درست ہونا۔
السِّبَطْر: تیز خاطر وچالاک۔ لمبا۔ اَسَدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے "حَمَّامَات اور دِخَالَات" مذکر کی جمع میں۔)
السُّبَاطِيْر والسَّبَيْطَر: لمبا مرد۔
السِّبَطْرَى: متکبرانہ چال۔
سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا. القَوْمُ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا..... الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا..... الشَّيْءَ: سات بنانا..... الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا..... الشَّيْءَ: چرانا۔ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیئے کا بکری کو پھاڑنا۔
سُبِعَتِ. الوَحْشِيَّةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)
سَبَّعَهُ: سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا..... الإِنَاءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا..... اللَّهُ لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا..... المَرْأَةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا..... القَوْمُ: پورے سات سو ہونا۔
سَابَعَهُ مُسَابَعَةً وسِبَاعًا: گالی گلوچ کرنا۔
اَسْبَعَ. القَوْمُ: سات ہونا..... الرَّاعِيَ: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا..... الشَّيْءَ: سات بنانا..... المَكَانُ: بہت

کیا جائے اور کہا جاتا ہے "هُوَ بَعِيدُ السَّاوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔
سَبَّهُ (ن) سَبًّا وسِبَابًا: سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسّی کو کاٹنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔
سَبَّةٌ: بہت گالی دینا..... الأَسْبَابُ: اسباب پانا..... لِلْمَاءِ فَجْرَهُ: پانی کے لئے نالی درست کرنا..... الأَمْرُ: سبب بننا۔
سَابَّهُ مُسَابَّةً وسِبَابًا: گالی دینا۔
تَسَبَّبَ: اسباب ڈھونڈنا..... بِهِ إِلَيْهِ: وسیلہ بننا..... بِالأَمْرِ: سبب ہونا۔
تَسَابَّ. الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَبَّ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِسْتَبَّ. لَهُ: گالی کے لئے پیش کرنا۔
اِسْتَبَّ لَهُ الأَمْرُ: کام کا درست ہونا۔
السِّبُّ والسُّبَّةُ والمِسَبُّ والمَسَبَّةُ: بہت گالی دینے والا۔ السِّبُّ ج سُبُوبٌ: رسی۔ عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔
السَّبَّةُ. مِنَ الخِرَا او البَرْدِ او الدَّهْرِ: عرصہ مقعد۔
السَّبَّةُ: انگشت شہادت..... عِنْدَ المُوَلِّدِينَ: ہفتہ۔
السُّبَّةُ: جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار یا عزتی۔
السَّبَبُ: رسّی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِي إِلَيْهِ سَبَبٌ" میرے لئے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ و"قَطَعَ اللّٰهُ بِهِ السَّبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کر دی۔ دوستی۔ رشتہ داری۔ فِي العُرُوضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔ ج أَسْبَابٌ. أَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطَى الأَسْبَابَ" اس نے امورِ معیشت کے اسباب حاصل کئے۔ و"تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الأَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہو گئے۔
السَّبِيبُ والسَّبِيبَةُ: بالوں کا گچھا..... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ابال۔ ج سَبَائِبُ کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوا سَبَائِبَ نَحِيلِهِمْ" انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دم کے بال میں گرہ لگائی۔
السَّبِيبَةُ: کتاں کا باریک ٹکڑا۔
السَّبَّابُ: بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَةٌ.
الأُسْبُوبَةُ: باعث گالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أُسْبُوبَةٌ يَتَسَابُّونَ بِهَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔
السَّبَّابَةُ والمِسَبَّةُ: انگشت شہادت۔
سَبَأَ (ف) سَبْأً وسِبَاءً وسَبَأً. الخَمْرَ: شراب پینے کے لئے خریدنا۔
السَّجْلَدَ: کھال اتارنا..... الجِلْدَ بِالنَّارِ: کھال کو آگ میں جلانا۔
..... الرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔
..... النَّارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔
أَسْبَأَ..... لِأَمْرِ اللّٰهِ: حکمِ الٰہی کے لئے جھک جانا۔
..... عَلَى الشَّرِّ: مطیع ہونا۔
اِنْسَبَأَ. الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔
اِسْتَبْأَ اِسْتِبْاءً. الخَمْرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔
السِّبَا والسَّبِيئَةُ: شراب۔
السَّبَّاءُ: مے فروش۔
السُّبْأَةُ: دور کا سفر۔
السَّبِيُّ. مِنَ الحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی۔
المَسْبَأُ: پہاڑی راستہ۔ راستہ۔
سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا..... الشَّيْءَ: کسی چیز کو کاٹنا..... الرَّأْسَ: سر مونڈنا..... الرَّجُلُ: حیران ہونا..... الشَّعْرَ: بال لٹکانا..... عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔
سُبِتَ. الرَّجُلُ: نیند کا آ جانا۔
اِسْتَبَتَ: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔
اِنْسَبَتَ. الشَّيْءُ: کسی چیز کا دراز ہونا..... الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا..... الوَجْهُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔
اِسْتَبَتَ. اليَهُودُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔
السَّبْتُ: مص۔ سیچر۔ شنبہ۔ ج أَسْبُتٌ وسُبُوتٌ. السَّبْتُ: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (..... السَّبْتَةُ): زمانہ کا ایک عرصہ۔
السِّبْتُ: پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔
السُّبْتُ والسُّبْتُ: خطمی کی مانند ایک پودہ۔
السُّبَاتُ: نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔
اِبْنَا سُبَاتٍ: دن رات (السَّابُوتُ) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔
السِّبَانُ: بے وقوف۔
السَّبَاءُ: بیابان۔
السَّبَنْتَى: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِتُ وسَبَانَى: مؤنث سَبَنْتَاةٌ. السَّبَنْتَاةُ: زبان دراز عورت۔
المُسْبِتُ: فا۔ وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔
المَسْبُوتُ: مفع۔ میت یا بے ہوش سر منڈا ہوا۔
تَسَبَّجَ: سیاہ کمبل اوڑھنا۔
السُّبْجَةُ: کالا کمبل۔ ج سُبُجٌ: بغیر آستین کا کرتا۔
السَّبَجُ: سیاہ مہرے۔
السَّبَّاجُ: کالا کمبل بیچنے والا۔
ثَوْبٌ (مُسَبَّجٌ): چوڑا کپڑا۔
سَبَحَ (ف) سَبْحًا. الرَّجُلُ: اپنی معاش کے لئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا..... عَنِ الأَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِي الكَلَامِ: بہت بولنا..... فِي الأَرْضِ: کھودنا

کے دونوں ضلع نقطہ زاویہ کے دونوں جانب برابر ہوں۔ دونوں جانب کو دو ضلع کا نام دیا جاتا ہے۔ نقطہ کو اُس الزاویہ کہا جاتا ہے۔
زاویۃ قائمۃ مستقیمۃ: کانصب ہوتا ہے۔
زاویۃ حادۃ: قائمہ سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ زاویۃ منفرجۃ: قائمہ سے بڑا اور مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نافرۃ مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ منعکسۃ: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الزِّبْنَة: آرائش جس سے زینت کی جائے۔
اَمْرَاضُ الزِّبْنَةِ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔
الزَّیَّان: خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قَمَرٌ زَیَّانٌ" خوبصورت چاند۔
الزِّیَان: ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔
المُزَیِّن: فا۔ تا ئی۔ (مولد)

زَیَّاہ تَزْیِیَةً: پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ زَائِیٌ فَزَیِّهَا" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔
تَزَیَّا: آراستہ ہونا..... بِزِیِّ الْقَوْمِ: قوم کا لباس پہننا۔
الزِّیّ: ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ بِزِیِّ الْعَرَبِ" نو عرب کے لباس میں آیا و "جَاءَنَا بِزِیٍّ غَرِیْبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ خ اَزْیَاء۔

الزَّائِلَة . الزائِل : کا مؤنث ۔ زندہ یا متحرک چیز ۔ ج زَوَائِل . الزَّوَائِل : ستارے ۔ عورتیں ۔ شکار ۔

الزَّوِيْل : مص ۔ حرکت ۔ جانب ۔

الجِزْوَلَة : دھوپ گھڑی ۔ ج مَزَاوِل .

زَامَ يَزُوْمُ زَوْمًا . الزَّجُلُ : مرنا ۔

الزَّام : ہر چیز کی چوتھائی ۔ زَامٌ مِنَ النَّهَارِ : دن کی چوتھائی ۔ زَامَانِ مِنَ النَّهَارِ : دن کا نصف حصہ ۔

الزَّامَة : جماعت ۔ گروہ ۔ ج زَامَات .

الزُّوْم . عِنْدَ العَامَّةِ : عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لئے فصیح لفظ النسغ ہے وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کے لئے فصیح لفظ الغُسَالَة : ہے ۔

الزَّوِيْم : ہر چیز کا ڈھیر ۔

زَوْمَلَ . الإِبِلَ : اونٹوں کو ہانکنا ۔

الزَّوْمَلَة : مص ۔ گدھے مع بوجھوں کے ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِهَا" وہ اس کا جاننے والا ہے ۔

الزَّان : ہذھلی ۔

الزَّوْن والزُّوْن والزِّوْن : پست قد ۔ الزُّوْن : بُت یا مسدر ۔

الزَّوْنَة : زینت ۔ سمجھدار عورت ۔

الزِّوَان والزُّوَان والزَّوَان دیکھئے الزَّوَّان بالهَمْزَةِ .

زَوَى يَزْوِي زَوْيًا وزَيًا . الشَّيْءَ : جدا کرنا ۔ یکسو کرنا ۔ روکنا ۔ جمع کرنا ۔ قبضہ کرنا ..... المَالَ وغیرہ : اکٹھا کرنا عَنْهُ السِّرَّ : راز کو پوشیدہ رکھنا ۔ عَنْهُ حَقَّهُ : کسی کا حق روک لینا ..... الدَّهْرُ القَوْمَ : زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا ۔

زَوَى و تَزَوَّى وانْزَوَى : گوشہ نشین ہونا ۔ تَزَوَّى وانْزَوَى : سکڑنا ۔ زَوَّى الكَلَامَ : دل میں سوچنا ۔ انْزَوَى القَوْمُ بَعْضُهُم إِلَى بَعْضٍ : سمٹنا ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا ۔

الزَّاوِيَة . مِنَ النَّبْتِ : گوشہ ۔ ج زَوَايَا .

الزَّاوِيَة . عِنْدَ الحَجَّارِيْنَ والنَّجَّارِيْنَ وغَيْرِهِم" دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کے درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے ۔

تَزَيَّبَ . لَحْمُهُ : گوشت کے لوتھڑے بننا ۔

الزَّيْب : ہوا کی تیزی ۔

رَجُلٌ (زَيْبٌ وأَزْبٌ) : بہادر و دلیر مرد ۔

الأَزْيَب : شادماں ۔ پست قدم ۔ قریب قریب قدم رکھنے والا ۔ کمینہ ۔ منہ بولا بیٹا ۔ اجنبی ۔ امرد ۔ بلا مصیبت ۔ دشمنی ۔ بہت پانی ۔ شادمانی ۔ سیہی ۔ جنوبی ہوا ۔

الأَزْبَب : شدید ۔ بخیل ۔

الزَّيْق : پارہ ۔

زَاتَ يَزِيْتُ زَيْتًا وزَيَّتَ . الطَّعَامَ : کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا ..... الشَّيْءَ : کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا ..... القَوْمَ : لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا ۔

أَزَاتَ إِزَاتَةً : بہت تیل والا ہونا ۔

إِزْدَاتَ إِزْدِيَاتًا : روغن زیتون ملنا ۔

اِسْتَزَاتَ : روغن زیتون طلب کرنا ۔

الزَّيْت : مص ۔ زیتون کا تیل ۔ ج زُيُوْت و (الزَّيْتَات) : تیلی ۔ زیت کا اطلاق مطلقا تیل کے لئے بھی ہوتا ہے ۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو ۔

الزَّيْتُوْن : زیتون کا درخت ۔ زیتون کا پھل ۔ واحد زَيْتُوْنَة .

الزَّيْتُوْنِيَّة : وہ درخت جس کے پتے درخت زیتون جیسے ہوتے ہیں اس کے پھول زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں ۔ وہ مشرق وسطی میں بہت پیدا ہوتا ہے لوگ دوران سفر اس کو استعمال کرتے ہیں ۔

المِزْيَتَة : مخصوص تیل کی طویل بوتل جس کے ساتھ اوزار کو تیل لگایا جاتا ہے ۔

الزَّيْتُوْنِي : زیتون کے رنگ والا ۔

المَزْيَت والمَزْيُوْت : جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو ۔

الزَّيْج : گاڑی کا میٹر جس کے ساتھ گاڑی کی رفتار معلوم ہوتی ہے ۔

الزِّيْج : معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں ۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے ۔ جنتری ۔ ج زِيْجَات وزِنْجَة (دخیل)

زَاحَ يَزِيْحُ زَيْحًا وزُيُوْحًا وزِيْحًا وزَيْحَانًا وانْزَاحَ : دور ہونا ۔ چلے جانا ۔ زَاحَ اللِّثَامَ : نقاب اتارنا ۔ کھولنا ۔

أَزَاحَهُ : دور کرنا ۔ لے جانا ۔

المَزَاح : دور چلے جانے کی جگہ ۔

زَاحَ يَزِيْحُ زَيْحًا وزَيَحَانًا : ظلم کرنا ۔ علیحدہ ہونا ۔

أَزَاحَهُ : علیحدہ کرنا ۔

تَزَيَّحَ : فروتنی کرنا ۔

زَادَ يَزِيْدُ زَيْدًا وزِيْدًا وزَيَدًا و زِيَادَةً ومَزِيْدًا وزَيْدَانًا : بڑھنا ۔ زیادہ ہونا ..... الشَّيْءُ : بڑھانا زیادہ کرنا ..... فُلَانٌ : زیادہ دینا ۔

زَايَدَ : بڑھنے میں مقابلہ کرنا ۔

المُزَايَدَة : بولی کی بیع یعنی کوئی چیز بیع کے لئے پیش کی جائے اس پر مختلف افراد زیادہ قیمت لگائیں جو زیادہ لگا دے اس کو حق خرید مل جائے ۔

تَزَيَّدَ . السِّعْرُ : بھاؤ گراں ہونا ..... الرَّجُلُ فِي حَدِيْثِهِ : واقع سے زیادہ بیان کرنا ..... فِي الشَّيْءِ : بڑھانے میں تکلف کرنا ۔

تَزَايَدَ . فِي حَدِيْثِهِ : واقعہ سے زیادہ بیان کرنا ۔

تَزَايَدُوْا فِي ثَمَنِ السِّلْعَةِ : ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا ۔

ازْدَادَ : زیادہ ہونا ۔ زیادہ کرنا ۔ زیادہ طلب کرنا ۔

اِسْتَزَادَهُ : زیادہ طلب کرنا ۔ کوتاہی کرنے والا سمجھنا اور شکایت کرنا ۔

الزَّائِد : فا ۔ مؤنث زَائِدَة . زَائِدَةُ الكَبِد : جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک

پلٹ جانا۔
زَابَ یَزُوْبُ زَوْبًا: چپکے سے بھاگ جانا..... الْمَاءُ: جاری ہونا۔
زَاجَ: (ن) زَوْجًا. بَیْنَهُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَهُ. اِمْرَأَةً أَوْ بِامْرَأَةٍ او لامْرَأَةٍ: نکاح کرانا..... الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ وَاِلَیْهِ: ملانا۔
زَاوَجَهُ: باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا (..... وَازْوَجَ) بَیْنَهُمَا: قریب کرنا۔
تَزَوَّجَ. اِمْرَأَةً وَبِامْرَأَةٍ: نکاح کرنا..... فِیْ قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَّوْمُ": اس کو نیند آ گئی۔
اِزْدَوَجَ و تَزَاوَجَ. الْکَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا..... الْقَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔
الزَّاج: پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔
الزَّوْج: شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ وَاشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ": میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج وزَوْجَة. ج اَزْوِیْج.
الزَّوْجَة: بیوی۔ ج زَوْجَات.
الزَّوَاج: شادی بیاہ۔
زَاحَ یَزُوْحُ زَوْحًا وزَوَاحًا..... عَنِ الْمَکَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا..... الْعِلَّةُ: زائل ہونا (..... زَوْحًا) الْاِبِلَ: پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا (ضد)
اَزَاحَهُ: جگہ سے ہٹانا..... الْاَمْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَهَا اللّٰهُ الْعِلَلَ": اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و "اَزَحْتُ عِلَّتَهُ فِیْ مَا احْتَاجَ اِلَیْهِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی۔
اِنْزَاحَ: زائل ہونا۔
زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا: توشہ لینا۔
زَادَهُ وزَوَّدَهُ: توشہ دینا۔
اِزْدَادَ و اِسْتَزَادَ: توشہ مانگنا۔
تَزَوَّدَ: توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الْاَمِیْرِ کِتَابًا اِلٰی عَامِلِهٖ" وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے "وتَزَوَّرَ مِنِّیْ طَعْنَةً بَیْنَ اُذُنَیْهِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔
الزَّاد: توشہ۔ زادِراہ۔ ج اَزْوِدَة واَزْوَاد.
المِزْوَد والمَزَاد والمَزَادَة: توشہ دان۔ ج مَزَاوِد. نُفَاضَةُ المَزَاوِد: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے۔
وهُمْ مِلاء المَزَاوِد: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔
زَارَهُ یَزُوْرُهُ زِیَارَةً ومَزَارًا وزَوْرًا وزُوَارًا و زُوَارَةً وازْدَارَهُ: ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ وزُوَّرٌ وزُوَّارٌ: مؤنث زائرة ج زُوَّر وزُوْر وزَوَائِر.
زَارَ زَوَارًا. الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا (دیکھئے لفظ زیار)
زَوِرَ یَزْوَرُ زَوَرًا: کج ہونا۔ ٹیڑھے سینے والا ہونا۔
زَوَّرَ: جھوٹ کو آراستہ کرنا..... الکَلَامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا..... الشَّهَادَةَ: شہادت کو باطل قرار دینا..... نَفْسَهُ: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا..... عَلَیْهِ: کسی پر جھوٹ باندھنا..... عَنْهُ: کسی سے پھر جانا..... فُلَانًا عَلٰی نَفْسِهٖ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشَّیْءَ: درست کرنا' سیدھا کرنا..... الشَّیْءَ لِنَفْسِهٖ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا..... الزَّائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُهُمْ فَزَوَّرُوْنِیْ" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی..... القَوْمُ صَاحِبَهُمْ: بھلائی کرنا۔
اَزَارَهُ: زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا..... الشَّیْءَ: چلانا۔
اِزْدَارَهُ: ملاقات کے لئے جانا۔
تَزَوَّرَ: جھوٹ بولنا..... الشَّیْءَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا۔
تَزَاوَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ یَتَزَاوَرُوْنَ وبَیْنَهُمْ تَزَاوُرٌ" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں۔ (..... وازْوَرَّ اِزْوِرَارًا) عَنْهُ: انحراف کرنا۔
اِسْتِزَارَة: ملاقات کے لئے کہنا۔
الزَّوْر: محض۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِیْضُ الزَّوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی زَوْرَهٗ" یعنی اس نے اقامت کر لی۔ الزَّوَر: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع' مذکر' مؤنث سب کے لئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَأَةٌ زَوْرٌ ورِجَالٌ زَوْرٌ ونِسَاءٌ زَوْرٌ: سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔
الزُّوْر: عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا قوت۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ زُوْرٌ وَلَا صُبُوْرٌ": نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں۔
الزَّوَر: محض۔ کبڑی۔ سینہ کے بالائی حصہ کی کبڑی۔
الزِّنْر: منکا۔ کتان۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوَار واَزْیَار وزِیَرَة.
الزِّیْرَة: ملاقات کی ہیئت۔ کتان کا ٹکڑا۔
الزِّیَار: دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَیَّرَ الفَرَسَ (..... والزِّوَار): ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ

صاف رنگ والی ہونا..... الزَّنَدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِي أَوْرَيْتَ" :تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔

زَهِرَ: (س) زَهَرًا اوزُهُورًا (ک) زُهُوْرَةً. الرَّجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔ اَزْهَرَ. النَّبَاتُ: کلی نکلنا..... النَّارَ: آگ روشن کرنا۔

اِزْدَهَرَ: روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔

بِالأَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَإِنَّ لَهُ شَانًا": اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کے لئے ایک خاص شان ہے۔

اِزْهَرَّ وَازْهَارَّ. النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔

نَزَاهَرَ. السِّرَاجُ وَنَحْوَهُ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔

الزَّهْرُ والزَّهَرُ: کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَة وزَهَرَة) زَهْرَةُ الدُّنْيَا: دنیا کی رونق وخوبی۔ ج أَزْهَار وَزُهُوْر. جمع أَزَاهِر وَأَزَاهِيْر. زَهْرُ النَّرْدِ: تاش۔

الزَّهْرُ والزَّهْرَةُ: حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زِهْرِي وَزَهَرِي": اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الزَّهْرُ: مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)

الزُّهْرَةُ: خوبصورتی۔

اَلزُّهْرَةُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ۱۰۸ ملین کلومیٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔ شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اور اس کو العزیٰ کا نام دیتے ہیں۔ بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے۔

اَلزَّهَرِيَّة: بادیات۔ اَلزَّهَر: پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ۔

بَادِيَاتُ الزَّهْرِ: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کو الذکر کا نام دیا جا سکتا ہے۔

مَنْشُوْرَاتُ الزَّهَرِ: یہودیوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اور نہ ان کے دانہ نکلے۔ (باتھ پودے)

زَهْرَةُ الآلَامِ: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں' خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے۔

زَهْرَةُ الْحَوَائِشِ: خنازیری پھولوں کی قسم ہے۔ زینت کے لئے اور جوشاندہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

زَهْرَةُ الرَّبِيْعِ: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس قسم کے پھول کئی انواع پر ہیں۔

زَهْرَةٌ مِنْ فَصِيْلَةِ الْمُرَكَّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں۔

زَهْرَةُ الْعَسَلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں۔

زَهْرَةُ الصَّمَدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا۔

اَلزُّهَيْرَةُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول۔

اَلْمِزْهَرِيَّةُ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے۔

الزَّاهِر: فا۔ خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "أَحْمَرُ زَاهِرٌ": بہت سرخ۔

الزَّاهِرِيَّة: نازکی چال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الزَّاهِرِيَّةَ": وہ ناز سے چلتا ہے۔

الأَزْهَر: روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَهْرَاء ج زُهْر.

الزَّهَّار: بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَهَّارٌ وَقَمَرٌ نَوَّارٌ".

المُزْهِر: فا۔ مہمانوں کے لئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزْهَر: ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاهِر.

زَهْرَفَ. الشَّيْءَ: کھوٹا بنانا۔

زَهْزَقَ. الرَّجُلُ: بہت ہنسا۔ زَهْزَقَتِ الأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو کدانا۔

الزَّهْزَق: کمینہ۔ فرومایہ۔

زَهَفَ: (ف) زُهُوْفًا. الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا..... لِلْمَوْتِ اوإِلَى الْمَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔

زَهِفَ: (س) زَهَفًا. لِلشَّيْءِ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔

اَزْهَفَ. إِلَيْهِ الطَّعْنَةَ: قریب کرنا۔

اَزْهَفَتْهُ الطَّعْنَةُ: قریب بہ ہلاکت کرنا۔

اَزْهَفَ عَلَى الْجَرِيْحِ: حملہ کر کے فوراً مار ڈالنا..... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ بُرائی کی طرف جلدی کرنا..... فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا..... الشَّيْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لے جانا۔ خراب کرنا۔

..... هُ بِالشَّرِّ: برائی پر اکسانا..... بِمَا طَلَبَهُ: پورا کرنا..... بِالشَّيْءِ: تعجب کرنا..... الْخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا..... لَهُ حَدِيْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا..... إِلَيْهِ حَدِيْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔

اِنْزَهَفَتِ. الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔

تَزَهَّفَ. عَنْهُ: اعراض کرنا۔

اِزْدَهَفَ. إِلَى الْمَوْتِ: موت سے قریب ہونا..... عَنْهُ: اعراض کرنا..... الشَّيْءُ: منحرف ہونا..... هُ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا..... هُ الدَّابَّةُ: جانور کا گرا دینا..... الشَّيْءُ وَبِهِ: لے جانا..... الْعَدَاوَةَ وَبِهَا: دشمنی اختیار کرنا..... الْحِمْلَ: بوجھ اٹھانا..... فُلَانٌ: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا..... فِي كَلَامِهِ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔

زَهَقَ: (ف) زُهُوْقًا. الْعَظْمُ: ہڈی کا مغز

سرخ ہونا۔
الزَّمْهَرِيْر: سخت سردی۔
المُزْمِهِرّ: سخت غضبناک۔ جلنے والا۔
اِزْمَهَلَّ المطر: برسنا..... الثَّلْجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔
زَنَّ (ن) زَنًّا. عَصَبُهُ: پٹھے کا خشک ہونا۔
..... الرَّجُلُ: دُھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّهُ وازَنَّهُ) بِخَيْرٍ اوشَرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا..... بکذا: تہمت لگانا۔
زَنَنَ. الرَّجُلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزَّن: ماش۔
الزَّنَن: تنگ۔ مَاءٌ زَنَن: تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ (زَنَان): تھوڑا سایہ۔
حِنْطَةٌ (زَنَّةٌ): گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزَّنُن: پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَبُوْزَنَّة: لنگور۔
زَنَا: (ف) زَنًا وزُنُوْءًا. اِلَيْهِ: پناہ لینا..... فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا..... الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا..... الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹنا..... بَوْلَهُ زُنُوْءًا: پیشاب روکنا۔
..... بَوْلَهُ زُنُوْءًا: پیشاب رکنا۔
زَنَّا. عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔
اَزْنَاهُ اِزْنَاءً: مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزُّنَاء: پستہ قد۔ پیشاب یا پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔
الزِّنِيّ: چھوٹی مشک۔
زَنِبَ: (س) زَنَبًا: موٹا ہونا۔
الاَزْنَب: موٹا پستہ قد۔
الزُّنُب: بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَّانِبِيّ: آہستہ چال۔
زُنَابَةُ. العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنَّبَ. عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ ترفع کرنا۔
الزُّنْبُوْر: شیر۔
الزُّنْبُوْر: بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزُّنْبُرِيّ. بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی۔ کہا جاتا ہے سَفِينَةٌ زُنْبُرِيَّةٌ".
الزُّنْبَارُ: ڈسنے والی مکھی۔
اَرْضٌ (مَزْبَرَةٌ): بہت پھڑوں والی زمین۔
الزُّنْبُرَكُ: گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَّابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِّنْبَاعَة: چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
الزَّنْبَق: سوسن سفیدی یا سفید چنبیلی۔ واحد۔ (زَنْبَقَة): چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زَنَابِق
اُمُّ زَنْبَق: شراب۔
الزُّنْبُل: پستہ قد مرد۔
تَزَنْبَرَ: ناز سے چلنا۔
الزَّنْبَرَة: تنگی۔ عسرت۔
زُنِجَ (س) زَنَجًا: پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَهُ: برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ. عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔
الزَّنْج والزِّنْج: حبشی واحد (زَنْجِيّ) ج زُنُوْج.
الزِّنَاج: بدلہ۔
الزُّنْجُبُ والزُّنْجُبَان: کمر بند۔
الزَّنْجَبَة: گدی جس کو عورتیں اپنے سر پر بوجھ معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الزَّنْجَبِيْل: سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ: انگوٹھے کے ناخن کو انگشت شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزَّنْجَار: تانبے کا رنگ۔
الزُّنْجِيْر والزُّنْجِيْرَة: سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزُّنْجِيْر: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زُنْجِرَهُ فَتَزَنْجَرَ): یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا اور عوام کہتے ہیں جَنْزَبِرَ وجَنْزَرَهُ:
الزِّنْجَفَر والزُّنْجُفَر: شنگرف۔
الزِّنْجِيْل: کمزور و سست بدن والا مرد۔
زَنَحَهُ: (ف) زَنْحًا: تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَهُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّخَ وتَزَنَّخَ. المَاءَ: بار بار پانی پینا وتَزَنَّخَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزَّنُخ: بدلہ۔
زَنِخَ: (ف) زَنَخًا. الدُّهْنُ: تیل کا بگڑنا۔ خراب ہونا۔ صفت (زَنِخ)
زَنَخَ: (ن ض) زُنُوْخًا. الفَرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَهُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ: تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
اِبِلٌ (زُنَخَةٌ): پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زُنْخُر. بِمَنْخَرِه: خراٹے لینا۔
زَنَدَ: (ن ض) زَنْدًا. الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
..... النَّارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ: (س) زَنَدًا. الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ: جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
..... السِّقَاءَ: مشک بھرنا..... فِي الأَمْرِ: تنگ دل ہونا..... عَلَى أَهْلِهِ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزَنِّدُكَ أَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اُزْنُد. الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يُزْنِدُكَ أَحَدٌ عَلَيْهِ": یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا..... الرَّجُلُ فِي وَجَعِهِ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ: غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَأَلْتُهُ مَسْئَلَةً فَتَزَنَّدَ": میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
..... فِي الأَمْرِ كَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَّنْد: مص۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَّنْدَة): اور

میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ و "اَمْرُ الْقَوْمِ زَمٌّ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ و وَجْهِی زَمُّ بَیْتِهٖ: میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔

الزُّمَّام: اونچی گھاس۔

الاَزْمِم: مہینے کے آخر کا چاند۔

زَمُثَ: (ک) زُمَانَةً وتَزَمَّثَ: سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِیْثٌ) ج زُمَنَاء و (زُمُثٌ)

زَمَنَهُ (س) زَمْنًا: گلا گھونٹنا۔

زَمَجَ: (ن) زَمْجًا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ غلْبُهُمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔

زَمِجَ: (س) زَمَجًا: غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِجٌ) کہا جاتا ہے اَخَذَهٗ (بِزَامِجِهٖ) یعنی اس نے سارا لے لیا۔

الزُّمَّجُ: عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِجُ. زُمَّجُ المَاءِ: ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔

الزِّمِجَّى: پرندہ کی دم کی جڑ۔

زِمَجَّةُ الظَّلِیْمِ: شترمرغ کی چونچ۔

المُزْمِجُ: غضبناک۔

زَمْجَرَ زُمْجَرَةً: شور مچانا (.....وتَزَمْجَرَ) الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔

اِزْمَجَرَّ: آواز کرنا۔

الزُّمَجْرَةُ: مص۔ بانسری۔ زَمْجَرَةُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِرُ وزَمَاجِیْرُ.

الزُّمَّحُ الزَّرُمِّحُ: کمینہ۔ پست قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت و شریر۔

الزَّامِحُ: چھوٹا۔

زَمَحَ: (ف) زَمْحًا: تکبر کرنا۔ صفت (زَامِحٌ) ج زُمَّحٌ.

عَقَبَةٌ (زَمُوْحٌ وزَمُّوْحٌ): دور دراز و سخت گھاٹی۔

زُمَخَرَ. النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔ .....(العَشَبُ): شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔ .....(وازْمَخَرَّ): الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔

تَزَمْخَرَ. النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔

الزَّمْخَرُ: بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (.....والزَّمْخَرِیُّ): کھوکھلی ہڈی۔

الزَّمْخَرَةُ: زانیہ عورت۔ زُمَخَرَةُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی..... الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔

الزِّمْخِیْرُ: تھوڑا۔

زَمَرَ: (ض ن) زَمْرًا وزَمِیْرًا: بانسری بجانا .....بِالحَدِیْثِ: بات پھیلانا (.....زَمْرًا)

القِرْبَةَ: مشک بھرنا..... فُلَانًا بِفُلَانٍ: اُکسانا۔ کاتا زَمَرَ (ض) زَمْرًا (الظَّبْیُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (.....زِمَارًا) النَّعَامُ: شترمرغ کا آواز کرنا۔

زَمِرَ: (س) زَمَرًا: کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا..... الشَّاةُ: کم اون والی ہونا۔

زَمَّرَ: بانسری بجانا..... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

اِزْمَارٌ: غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔

اِسْتَزْمَرَ. الرَّجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔

الزَّمْرُ: مص (.....والزَّمَرُ): آواز۔ ج زُمُوْرٌ.

الزَّمِرُ: بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ مؤنث زَمِرَةٌ. عُطْبَةٌ زَمِرَةٌ: تھوڑی دادو دہش۔

الزِّمَارُ: مص۔ شترمرغ کی آواز۔

الزِّمِرُّ: سخت و درشت۔

الزَّمِیْرُ: مص۔ پستہ قد۔ ج زِمَارٌ (.....والزَّمُوْرُ): خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زَمِیْرٌ: عمدہ گانا۔

الزِّمِّیْرُ والزَّمِّیْرُ: ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔

الزَّمَّارُ: بانسری بجانے والا۔

الزَّمَّارَةُ: بانسری۔ زَمَّارَةُ الرَّاعِیْ: ایک قسم کی نباتات۔

الزُّمْرَةُ: گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَرٌ.

الزُّوْمَرُ: گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔

الزَّمَارَةُ والزُّمُوْرَةُ: کم مروتی۔

الزِّمَارَةُ: بانسری بجانے کا پیشہ۔

المِزْمَارُ: بانسری (.....المَزْمُوْرُ والمُزْمُوْرُ): گیت۔ ج مَزَامِیْرُ. مَزَامِیْرُ دَاوُدَ: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا اور اس کے مجموعہ کا نام زبور ہے۔

الزُّمُرُّدُ والزُّمُرُّدُ: ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَةٌ)

زَمْزَرَ. الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔

زَمْزَمَ زَمْزَمَةً. الشَّیْءُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا..... النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا..... المُغَنِّیْ: سُر سے گانا۔

العُلُوْجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمَهٗ: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا..... الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔

تَزَمْزَمَ. الجَمَلُ: بڑبڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِهٖ شَفَتَاهُ: حرکت کرنا۔

مَاءٌ (زَمْزَمٌ وزَمْزَامٌ وزُمْزُمٌ وزُمَازِمٌ): بہت پانی۔ کچھ کھاری پانی۔ زَمْزَمُ: کعبہ معظمہ جس کا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔

الزَّمْزَمَةُ: مص۔ بادلوں کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِمُ.

الزِّمْزِمَةُ: اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ۔ ج زَمَازِمُ وزَمَازِمُ.

الزُّمُزُّوْمُ والزَّمْزَمُ والزِّمْزِیْمُ. مِنَ الاِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج زَمَازِیْمُ.

زَمِعَ: (س) زَمَعًا: ہنسنا: سرگشتہ و حیران ہونا۔ گھبرانا۔

زَمَعَ (ف) زَمْعًا وزَمَعَانًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

اَزْمَعَ وزَمَّعَ. الاَمْرَ وعَلَیْهِ وبِهٖ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ و اَزْمَعَ الكَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گروہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزَّنْبُوْرُ:

گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زلّات۔

الزِلّة: چکنے پتھر واحد زِلّ۔

الزُلّة: احسان۔ دمہ۔

ماءٌ (زُلالٌ وزُلَلٌ وزُلَيلٌ وزُلَالِيٌّ): صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُلال: بہت پھسلنے والا۔

الاَزَلُّ: تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلّاءُ فَوْصٌ زَلّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔

المَزَلّة والمِزَلّة: پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزالُّ۔

المُزِلُّ: فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

زَلِبَ: (س) زَلَبًا۔ بِہٖ: لازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزَلَبة: لقمہ۔ تیر۔

الزَلابِيَة: جلیبی۔

زَلَجَ: (ض) زَلْجًا وزَلِيجًا وزَلَجانًا: تیزی سے چلنا۔

زَلَجَ: (ن) زَلْجًا وازْلَجَ. البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلاج)

زَلِجَ: (ن) زَلَجانًا. فُلانًا: آگے ہونا۔

زَلِجَ: (س) زُلُوجًا وتَزَلَّجَ: پھسلنا اور اسی سے مَزْلَجٌ ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پیسے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں ج مَزالِج. زَلِجَ الكَلامُ مِنْ فِيهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا..... الماءُ عَنِ الحَجُرَةِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔

زَلَّجَ. الكَلامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔

..... عَيْشَه: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔

تَزَلَّجَ. الشَيْءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَلَّجَ السَهْمُ عَنِ القَوْسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔

النَبِيذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔

مَكانٌ (زَلَجٌ وزَلَجٌ وزَلِيجٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الزالِج: فا۔ مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَهْمٌ زالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔

الزَلُوج: تیز رفتار۔ سَهْمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ فَدْحٌ زَلُوجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَقَبَةٌ زَلُوجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔

الزُلُج: چکنی چٹانیں۔

ناقَةٌ (زَلَجِيٌّ وزَلِيجَةٌ): تیز رفتار اونٹنی۔

الزِلاجُ والمِزْلاجُ والمِزْلاخُ: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔

المُزَلَّج: کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھنیا۔

زَلَحَ: (ف) زَلْحًا وتَزَلَّحَ: چکھنا۔

الزَلْح: باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ زَلْحٌ" امر باطل۔

الزُلْح: بڑے کشادہ پیالے۔

تَزَلْحَبَ. عَنْهُ: پھسلنا۔

زَلْحَفَهُ: علیحدہ کرنا۔

تَزَلْحَفَ وازْلَحْفَ: علیحدہ ہونا۔

الزِلْحَفَة: کھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)

الزَلْحَلِح: ہلکا پھلکا مرد۔

الزَلْحَلَحَة: ہلکا چپاتی۔ لگن۔

زَلِخَ: (س) زَلَخًا: موٹا ہونا۔

زَلَخَ: (ض) زَلْخانًا وزَلَخانًا. الرَجُلُ: چلنے میں آگے ہونا..... رِجْلُه: پھسلنا۔

زَلَخَ: (ض ن) زَلْخًا. فُلانًا بِالرُمْحِ: بھونکنا..... رَاسَهُ: زخمی کرنا۔

زَلَّخَهُ: چکنا و ہموار کرنا۔

ازْلَخَ. البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)

تَزَلَّخَ: پھسلنا۔

مَكانٌ (زَلِخٌ وزُلَّخٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الذَلُوخ: تیز رفتار۔ بِئْرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔

الزُلَحة: بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔

زَلْدَبَ زَلْدَبَةً. اللُقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

زَلِزَ: (س) زَلَزًا: بے قرار ہونا۔

الزَلَز والزَلِز: سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔

زَلْزَلَ زَلْزَلَةً وزَلْزالًا وزِلْزالًا وزُلْزالًا اللّٰهُ الاَرْضَ: بھونچال لانا..... ہ: ڈرانا، خوف دلانا..... الاِبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔

تَزَلْزَلَتِ. الاَرْضُ: بھونچال ہونا۔

نَفْسُه: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔

الزَلْزَلة: مص۔ بھونچال۔ ج زَلازِل.

الزَلازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔

الزُلْزُل: ماہر طبلچی۔ نقارچی۔ غُلامٌ زُلْزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔

الزُلْزُل: سامان خانہ۔

الزُلْزُول: سبک ظریف۔ سبکی۔ جنگ و بدی۔

زَلَغَ (ف) زَلْغًا. الشَيْءَ: فریب سے چھیننا۔

رِجْلَه: ہلانا..... الماءَ مِنَ البِئْرِ: پانی نکالنا۔

رَاسَهُ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَغْتُ لَهُ مِن مَالِي زَلَغَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔

زَلِغَ: (س) زَلَغًا وزُلُوغًا وتَزَلَّغَ. قَدَمُهُ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا..... كَفُّهُ: اوپر سے پھٹنا..... الجَرْحُ: خراب ہونا۔

تَزَلَّغَ رِيشُه: پر کا گر جانا۔

زَلَغَتْ: (ن) زُلُوغًا. الشَمْسُ: آفتاب طلوع ہونا..... النارُ: آگ کا بلند ہونا۔

ازْلَغَهُ. فِي الشَيْءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔

ازْدَلَغَ. الشَيْءَ: فریب سے چھیننا۔

خَقَّهُ: کسی کا حق کاٹ لینا..... الشَجَرَةَ: درخت کاٹنا۔

الزَلَعَة: خراب شدہ زخم۔

الزَوْلَع: پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔

الزَوْلَع: چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔

المُزَلَّع: پھٹے ہوئے پیروں والا۔

ازْلَعَبَّ. السَحابُ: گہرا گھرنا۔

سَيْلٌ (مُزْلَعِبٌّ): بڑا سیلاب۔

زَلَغَ: (ن) زُلُوغًا. النَجْمُ: ستارہ طلوع ہونا..... النارُ: آگ کا بلند ہونا۔

تَزَلَّغَتْ. رِجْلُه: پھٹنا۔ (جید لغت تَزَلَّغَتْ.

الزَّافِرَة: جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زَافِرَةُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زَافِرَةُ الْبِنَاءِ: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر الزَّوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيدُ الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ الْمَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔

الْمُزْفِر والْمُزْدَفِر: لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

الْمَزْفُور. مِنَ الذَّوَابِّ: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ. الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ..... الطَّائِرُ: پر پھیلا کر اُترنا ..... الرِّيحُ الحشيشُ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ..... الْمَرْكَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا: ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَفَنُونِي مِنْهُ فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِّفْن: چھت کے اوپر کا سامان۔ النَّاقَةُ (الزَّافِنَةُ والزَّفُون): لنگڑی اونٹنی۔

الزَّفَان: ناچنے والا۔

الِازْفِنَّة: حرکت۔ رَجُلٌ إِزْفِنَّة: متحرک مرد۔

الزَّبْزَفُون: ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔ نَاقَةٌ زَبْزَفُون: تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى يَزْفِي زَفْيًا وزَفَيَانًا: زَفَتِ الْقَوْسُ: آواز دینا ..... الرِّيحُ السَّحَابَ والتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اڑانا ..... الرَّجُلُ: بِنَفْسِهِ: جان دینا۔

أَزْفَى. الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "أَزْفَتُ الْعَرُوسَ"

جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَّافِي: سبک تیز رفتار۔

الزَّفَيَان: مص۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَيَانٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الْمَزْفِيُّ والْمُزْفِي والْمُزْفِي: ڈرایا ہوا۔

زَفَّ (ن) زَفًّا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ..... فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا ..... الْكَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الْجِلْدَ: بال کاٹنا۔

الزَّفّ: مشک۔ زِفُّ الْحَدَّادِ: لوہار کی بھٹی۔ ج أَزْفَاف وزِفَاق وزُفَاق وأَزُفّ.

الزُّفّ: شراب۔ ج زُفَفَة.

الزَّفَقَة: چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزُّفَاق: گلی: تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج أَزِفَّه وزُفَّان. الزُّفَان وبَحْرُ الزُّفَاقِ: جبرائیل کی آبنائے۔

الزُّفَّة والزُّفَّى: یمن کی ایک نامی پرندہ۔

الزَّفَاق: مشک بنانے والا۔

زَقَبَ (ن) زَقْبًا. الْجُرَذُ فِي الْحُجْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَهُ فِي الْحُجْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)

زَقَّبَ. الْمُكَّاءُ: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

اِنْزَقَبَ. الْجُرَذُ فِي الْحُجْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزَّقَب: تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُهُ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زَقَحَ: (ف) زُقَاحًا وزُقَاحًا. الْفَرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔

الزَّفِر: شکرا۔ (الصَّفِر: میں ایک لغت ہے۔

الزَّفِر: دوزخ۔ (السَّقَر: میں ایک لغت ہے)

زَفْزَقَ زَقْزَقَةً وزَقْزَاقًا. الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا چھچہانا ..... فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا ..... الصَّبِيَّ: بچہ کو کدانا ..... الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزَّفْزَاف: آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹیاں۔

زَفَغَ: (ف) زَفْغًا وزُفَاغًا. الذِّئْبُ: مرغ کا مگڑوں کوں کرنا ..... الْحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زَفَفَ: (ن) زَفًّا ونَزَفَّفَ وازْدَفَّفَ الشَّيْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا اور اسی سے ہے "نَزَفَّفَ الْكُرَةَ بِالصَّوْلَجَانِ" وہ گیند کو بلے سے جلدی لے گیا۔ نَزَفَّفَ وازْدَفَّفَ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

الزُّفَّة: ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زُوَفِّل. الْعِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زَوَافِيل. الْعِمَامَةِ: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔

الزُّفَل والزَّوَافِيل: چور۔ لٹیرے۔

الزَّفِيلَة: تنگ گلی۔

زَقَمَهُ: (ن) زَقْمًا وازْدَقَمَهُ: نگلنا۔

أَزْقَمَهُ. الشَّيْءَ: نگلوانا۔

زَقَّمَهُ: تھوہر کھلانا۔

تَزَقَّمَ: لقمہ کرنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔

الزَّقُّوم: جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ' مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزَّقْمَة. زقم: کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَفَنَ: (ن ض) زَفْنًا. الْحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔ أَزْفَنَهُ: اٹھانے میں مدد دینا۔

زَفَا يَزْفُو زَفْوًا وزُفَاءً وزُفِيًّا وزَفِيًّا وزَفْوًا وزَفَى (ض) زَفْيًا. الظَّنَابِرُ: پرندہ کا چھچہانا۔ صفت مذکر (زَافٍ) ج زُوَّاف: صفت مؤنث (زَافِيَة) ج زَوَافٍ ..... الصَّبِيُّ: بچہ کا بہت رونا۔

أَزْفَاهُ: رلانا۔

الزُّفْيَة: روپے پیسوں کا ذخیرہ۔

الزَّفْيَة: چیخ۔

زَغَقَ: (ف) زَغَقًا: چلانا' چیخنا.....ہ وزَغَقَ بہ: ڈرنا.....بالدَّابَّۃ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا.....ہ
العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا.....القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

زَغَقَ: (ک) زَغَقَۃً. الماءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔

زَغِقَ (س) زَغَقًا: شاداں ہونا(.....وزَغِقَ
انْزَغَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
انْزَغَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
اَزْغَقَہٗ: ڈرنا خوف دلانا.....السَّیْرَ: چلنے میں جلدی کرنا.....القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔

الزَّغِق: رات میں ڈرنے والا۔ شاداں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَّغْقَۃ: چیخ۔
الزُّغَاق: بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔
الزُّغُوْقَۃ. زُغَاق: کا اسم۔
الزَّغَاق. مِنَ الخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا۔ گھوڑا' پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَّغِیْق: خوفزدہ۔
المِزْغَق: زمین کھودنے کا اوزار۔

زَغِلَ (س) زَغَلاً: شاداں ہونا.....مِنَ المَرَضِ وغَیْرِہٖ: تنگ دل ومضطرب ہونا۔
اَزْغَلَہٗ: شاداں کرنا۔ مِنْ مَکَانِہٖ: ہٹانا۔
تَزَغَّلَ: شاداں ہونا۔
الزَّغَل والزُّغْلان والاُزْغِیْل: شاداں۔
الزَّغِل: بھوک سے بلبلانے والا۔

زَغَمَ: (ف ن) زَغْمًا وزُغْمًا ومَزْغَمًا: سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے(.....زَغَامَۃً).....عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
زَغَمَ: (ف ن) زَغْمًا. بالمَالِ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا.....اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا۔

زَغِمَ: (س) زَغَمًا. فِیْہِ: لالچ کرنا۔
اَزْغَمَ. الاَمْرُ: ممکن ہونا.....اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا.....اِلَیْہِ: فرمانبردار ہونا' تابع ہونا.....عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
الاَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا.....ہ: کھلانا۔ اَزْغَمَہُ المَالُ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاغَمَہٗ: بھیڑ کرنا۔
تَزَغَّمَہٗ: جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاغَمَ. القَوْمُ عَلَی الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعْم. مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا حس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَّغْمَۃ. زُغْم: کا اسم مرۃ۔ ج زُغْمات: کہا جاتا ہے "ھٰذَا ولا زُغْمَنَکَ اوزُغْمَاتُکَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزُّغْمِیُّ: جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزَّغَامَۃ: مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔
الزَّغُوْم: گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)
الزُّغْمُوْم: گفتگو میں عاجز۔
الزَّعِیْم: ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج زُعَماء.
المَزْغَم: مص۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ مُزْغَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ "وھٰذَا اَمْرٌ فِیْہِ مُزَاغَمٌ" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزْغَامَۃ: سانپ۔
زَغْفَبَ. المَاشِطَۃُ العَرُوْسَ: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِّغْفِبَۃ والزُّغْفُبَۃ: پست قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج زَغَافِب الزَّغَافِب: مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زَغَابَزَ عُوْزُغُوْزًا: منصف ہونا۔ عادل ہونا۔
زَغِبَ: (س) زَغَبًا وزُغُبًا وإزْغَابًا. الصَّبِیُّ او الفَرْخُ: بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔
صفت (زَغِب)
اَزْغَبَ. الکَرْمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔
الزَّغَب: پردوں یا بالوں کے روئیں۔ واحد (زَغَبَۃ)
الزُّغَابِی والزُّغَابَۃ چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْہُ زُغَابَۃً" میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔
الاَزْغَب: روئیں دار۔ مؤنث زَغْبَاء. ج زُغْب: قطا کا چوزہ۔
الزُّغْبَۃ: گلہری۔
الزُّغْبُب: پستہ قد بخیل۔
زُغْبُر. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
الزُّغْبُر والزِّغْبِر والزِّغْبُر: رواں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِزُغْبُرِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّغْبُرَۃ. عِنْدَ العَامَّۃِ: رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے۔
الزُّغْبُد: مکھن۔
زَغَدَ: (ف) زَغْدًا. السِّقَاءُ: مشک نچوڑنا.....فُلَانًا: گلا دبانا.....البَعِیْرُ: اونٹ کا سخت بلبلانا.....النَّہْرُ: دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا.....ہ بالکَلَامِ: اکسانا۔ بھڑکانا۔
اَزْغَدَتِ. المَرْاَۃُ وَلَدَھَا: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزِّغْبِد والزِّغْبِدَۃ: مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نَھْرٌ (زَغَّادٌ): بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المُزْغَبِد: غضبناک۔
زَغَرَ (ف) زَغْرًا. الشَّیْءَ: چھین لینا۔ زبردستی لینا.....الشَّیْءُ: بکثرت ہونا.....البَحْرُ: چڑھنا۔ موج مارنا۔

کھیتی۔
الزَّرِیْع: وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔
المَزْرَعَة والمَزْرُعَة: کھیتی۔ ج مَزَارِع۔
المُزْدَرَع: کھیتی کرنے کی جگہ۔ کشت زار۔
زَرَفَ: (ن) زَرْفًا: کودنا..... فِی الکَلَامِ: زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (..... زُرُوْفًا وزَرِیْفًا) اِلَیْہِ: قریب ہونا۔ دیر لگانا۔ جلدی کرنا (ضد)
زَرِفَ: (س) زَرَفًا۔ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
زَرَّفَہ: علیحدہ کرنا۔ دور کرنا..... الشَّیْءَ: زیادی کرنا..... فِی الکَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا..... القَوْمَ: جدا جدا کرنا..... الرُّمْحَ فِیْہِ: نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلَی السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔
اَزْرَفَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔
الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔
..... النَّاقَةَ: اونٹنی کو دُکسانا۔ تیز کرنا.....
الرَّجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)
اِزْدَرَفَ. القَوْمُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا..... الرِّیْحُ: گزر جانا..... الشَّیْءُ: آر پار ہونا۔
الزَّرَافَة والزُّرَافَة والزَّرَافَّة والزُّرَافَّة: ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زَرَافِیّ زَرَافِی زَرَافِیب. زَرَانِف.
الزُّرَافَة: بہت چھوٹا۔
الزَّرَافَة والزُّرَافَّة: دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ ج زَرَافَات اور اسی سے ہے "طَانُوا اِلَیْہِ زَرَافَات ووُحْدَانًا".
الزَّرَّاقَة. اَزْرَق: کا مؤنث۔ ج زُرُق: شراب۔ آسمان۔
الزُّرَیْق وابُوْزُرَیْق: چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔
الزُّرَیْقَاء: دودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔
الزَّرَّاقَة. والعَامَّةُ تُسَمِّیْھَا الزَّارُوْقَة: پچکاری (عوام اسے زَارُوْقہ کہتے ہیں۔)
الاَزَارِقَة: خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (الاَزْرَقِیّ)
المِزْرَاق: چھوٹا نیزہ..... مِنَ الاَبَاعِر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مَزَارِیْق.
زَرْفَفَ وازْرَنْفَفَ: جلدی کرنا۔
زَرْقَلَ زَرْقَلَةً. لِیْ بِحَقِّیْ: حق دینا۔ الشَّعْرَ: بالوں کو جھاڑنا۔
الزُّرْقُم: بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم.
الزَّرَاقِم: بہت سے سانپ۔
زَرِکَ: (س) زَرَکًا: بدخلق ہونا۔
زَرَمَہ (ض) زَرْمًا وزُرْمَةً وازْرَمَہ: کاٹنا۔ کہتے ہیں "زَرَمَتْ بِہِ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔ وزَرَمَہ الدَّھْرُ: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔
زَرِمَ: (س) زَرَمًا. الشَّیْءُ: منقطع ہونا۔
اِزْدَرَمَہ: نگلنا۔
اِزْرَأَمَّ: غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔
الزَّرِم: ذلیل تھوڑے جتھے والا۔ بخیل۔ تنگ حال۔
الاَزْرَم: منقطع۔ بلی۔
الزَّرِیْم: تھوڑے جتھے والا۔ ذلیل۔
الزُّرْمُوْح: جوتا۔
زَرْنَقَ زَرْنَقَةً. الاَرْضَ: چھوٹی نہر سے پانی

باقی۔
زُخمَر. الفِزنۃ: مشک بھرنا۔
زَخنَ: (ف) زَخنًا: دیر کرنا.....ہ عن المکان: دور کرنا۔
تَزَخَّنَ: دیر کرنا" سننا.....عن مکانہ: ہلنا.....علی الشیٔ وعنہ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔
زَجُلٌ زُخَنٌ: پستہ قد مرد۔ مؤنث زُخَنۃ۔
الزَخنۃ: سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَھُمْ زُخنۃٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے۔ "ولَہٗ زُخنۃٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔
الزُخنۃ: وادی کا موڑ۔
زَخَّ: (ن) زَخًّا: غضبناک ہونا.....بالابل: اونٹوں کو تیز چلانا.....ہ: گڑھے میں دھکیلنا.....المرأۃ: جماع کرنا۔
زَخَّ: (ن) زَخًّا وزَخِیخًا. الجمرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔
الزَخُّ: مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔
الزَخۃ: کینہ۔ غصہ۔ غضب (.....والمَزَخَّۃ والمِزخَّۃ): بیوی۔
زَخزَخَ. المرأۃ: جماع کرنا۔
زَخَرَ: (ف) زَخرًا وزُخُورًا وتَزخارًا. البحرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا..... الوادِی: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا..... النباتُ: نباتات کا لمبا ہونا.....القومُ: جنگ یا روانگی جنگ کے لئے پُر جوش ہونا..... الحرفُ او القِدْرُ: جوش مارنا.....ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا.....بِمَا عِندَہٗ: فخر کرنا۔
زَاخَرَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَہٗ فَزَخَرَہٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
مزخر. البحرُ او الوادِی: دریا یا وادی کا پڑھنا اور موج مارنا۔
زَخُورٌ. بِمَا عندہ: فخر کرنا۔
الزاخِر: فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ پھلنے والا.....بنَ الشَرَف: بلند عزت۔
زَوَاخِرُ. الوادِی: وادی کی گھاس۔
الزَخَّار. زخر: کا اسم مبالغہ۔
نَبَاتٌ (زُخُورٌ وزُخارِی وزُخُورِی): لمبا گنجان پودہ۔ زُخارِیُّ النَبَاتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخذَتِ الاَرضُ زُخارِیَّھَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی وطویل ہو جائے۔ کَلامٌ زُخُورِیٌ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔
الزُخُورِیّ: لمبا۔
زَخرَفَہٗ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا.....الکَلامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔
تَزَخرَفَ. الرَجُلُ: مزین ہونا۔
الزُخرُف: سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔
زُخرُفُ الکَلامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخرُفُ الاَرضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخارِف. الزَخارِف: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔
زَخارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔
زَخَفَ: (ف) زَخفًا وزَخِیفًا: تکبر کرنا۔
زَخَّفَ. فِی القَولِ: بہت بولنا۔
تَزَخَّفَ: مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔
المِزخَف: فخر کرنے والا متکبر۔
زَخَمَہٗ: (ف) زَخمًا: سختی سے ہٹانا۔
زَخِمَ: (س) زَخمًا وأزخم. اللَحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)
اِزدَخَم. الجملُ: بوجھ اٹھانا۔
الزَخَمَۃ: بدبودار گوشت۔
الزَخماء: بدبودار عورت۔
الزِخاب: حصہ۔ ج اَزخاب.
زَدَرَ: لوٹنا (صَدَرَ: میں ایک لغت ہے)
اَزدَرَ: لوٹنا (اَصدَرَ میں ایک لغت ہے)
الاَزدَران: دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَضرِبُ اَذْدَرَیْہِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔
اِزدَرَمَ: نگلنا۔
اَزدَفَ. اللَیلُ: تاریک ہونا (اَسدَفَ میں ایک لغت ہے)
الزِدْقُ: سچائی (الصِدْق: میں ایک لغت ہے)
زَدَا: (ن) زَدْوًا. الصِبیُّ الجَوزَ وبالجَوزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔
المِزدَاۃ والمِزْدَاء: اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔
اَزدَی اِزْدَاءً: سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔
زَرَّ: (ن) زَرًّا. القَمِیصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا.....الشَیءَ: جمع کر کے باندھنا.....المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا.....الرَجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔
زَرَّہٗ بِالرُمحِ: نیزہ مارنا.....الشَعرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَینَہٗ: آنکھ تنگ کرنا۔
زَرَّ: (س) زَرًّا. الرَجُلُ: گھنڈی لگانا' اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔
زَرَّ: (ض) زَرِیرًا. سِنَانُ الرُمحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا.....العَینُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔
اَزَرَّ. القَمِیصُ: بٹن لگانا۔
زَرَّرَ. ثَوبَہٗ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔
تَزَرَّرَ. القَمِیصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔
الزِرُّ: گھنڈی۔ بٹن۔ ج اَزرَار وزُرُور: دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَیفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَیءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "اَعطَاہُ الشَیءَ بِزِرِّہٖ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّہٖ" فلاں شخص بذات آیا۔
الزِرَّۃ: دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

اوپر کا لوہا سان ہے) مثل ہے "جَعَلَ الزُّجَّ قُدَّامَ اللِّسَانِ" یعنی اس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وأَزِجَّة وزُجَجَة اور کبھی الزِجَاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَجَاج والزُجَاج والزِجَاج: شیشہ (زَجَاجَة زِجَاجَة زُجَاجَة): شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِيشَةُ الزُجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُجَاجِيّ: شیشہ بیچنے والا۔

الزَجَّاج: شیشہ بنانے والا۔

الزِجَاجَة: شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُجُج: پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الأَزَجّ: لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ.

المِزَجّ: چھوٹا نیزہ۔ رُمح (مُزَجّ): نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة: وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُجَبَة: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْهُ زُجَبَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَهُ: (ن) زَجْرًا. عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا..... الرِيحُ السَحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا..... الكَلْبَ وبالكلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا..... الطَيْرَ: شگون لینے کے لئے پرندہ کو اڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت أن يكون كذا و كذا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجَرَهُ: منع کرنا۔ روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (..... وانزجر): رک جانا۔

تَزَاجَرَ. القَوْمُ عَنِ الشَرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَجْر: مص۔ (..... والزَجَر): ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجُور.

الزَاجِر: فا..... زَاجِرُ الأُنْسَانِ: ضمیر۔ اَبُو زَاجِر: کوا۔

الزَجَّار: بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُور): اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر: ڈانٹنے کی جگہ (..... والمَزْجَرَة): ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِكْرُ اللّٰه مَزْجَرَةٌ لِلشَيْطَانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ: (ن) زَجْلاً. ه وبه: تیر مارنا۔ دفع کرنا..... ه بالرُمح: نیزہ مارنا..... الحَمَامَ: کبوتر کو دور جانے کے لئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمَامُ الزَاجِلِ یا حَمَامُ الزَجَّال: کہتے ہیں۔

زَجِلَ: (س) زَجَلاً: خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزَاجِل)

القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَجَل: شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُوزَجَل: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَجْلَة: لوگوں کا شور۔ ج زَجَلَات.

الزُجْلَة: لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل. مَسَافَةٌ (زُجُون) دور کی مسافت۔

الزَاجِل والزَاجَل: حلقہ کی مانند لکڑی جو رسی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے پچھلے حصہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل.

الزَجَّالَة: چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجَال: چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل: کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زَجُلاء): تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَمَ: (ن) زَجْمًا: آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزَجَم: ایک قسم کا پرندہ۔

الزَجْمَة والزُجْمَة: آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ أَسْمَعْ لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وهُوَ لا يُخَالِفُهُ بِزَجْمَةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجْمَة: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْسٌ (زَجُوم): کمزور آواز والی کمان۔

الزَجْنَة: نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زَجْنَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا: (ن) زَجْوًا وزُجِّي تَزْجِيَةً وأَزْجَى إِزْجَاءً وازْدَجَى. ه: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "كَيْفَ تُزْجِي أَيَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "زَجَّى فُلانٌ حَاجَتِي" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ أَزْجَى الأَمْرَ: مؤخر کرنا۔ أَزْجَى الدِرْهَم: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجَا: (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجَاءً. الأَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا..... الخَرَاجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا..... فُلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجَّى تَزَجِّيًا. بالشَيْءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجَى: تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاة.

الأَزْجَى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ أَزْجَى مِنْ فُلانٍ بِهٰذَا الأَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزَجَّى: کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهُ: (ن) زَحًّا: دفع کرنا' ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا..... عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا وزُحُوبًا. إِلَيْهِ: نزدیک

الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔
تَزَبَّبَ. العِنَبُ: انگور خشک ہونا۔
الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا..... فِی الکَلَامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔
اِزْدَبَّ. اِزْدِبَابًا القِرْبَةُ: مشک کا بھر جانا۔
الزَّبَب: مص۔ بالوں کی زیادتی ولمبائی۔
الزَّبَابَة: ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَةٍ".
الزَّبِیب: خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّاب" کہتے ہیں۔ سانپ کے منہ کا زہر۔
الزَّبِیبَة: زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ منہ کے جھاگ۔
الزبیبتان: سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِیبَتَیْنِ" کہتے ہیں۔
الاَزَبّ: چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء. عَامٌ اَزَبّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ اَزَبَّ نَفُوزٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔
دَاهِیَةٌ زَبَّاء: بڑی مصیبت۔
الزَّبِیبِیّ: کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔
المُزِبّ والمُزَبِّب: فا۔ بہت مال والا۔
الزَّبَل: پستہ قد۔
زَبَدَ: (ن) زَبْدًا. مکھن کھلانا..... السِّقَاءَ: مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلوانا۔
زَبَدَ: (ض) زَبْدًا. السَّوِیقَ: ستو میں مکھن ملانا..... لَهُ: مکھن دینا۔
زَبَّدَ. اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا۔
شِدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا..... القُطْنَ: روئی دھننا۔
اَزْبَدُ. البَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْبَدَ الرَّجُلُ وَاَرْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آ گیا اور اس نے دھمکی دی۔
الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا..... السِّدْرُ ونَحْوُهُ: شگوفہ نکلنا۔
تَزَبَّدَ. الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُّبْدَةُ: مکھن لینا..... الشَّیْءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نگلنا..... الیَمِینَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔
الزُّبْدَة والزُّبْد: مکھن۔ ج زُبَد وزُبْدَةٌ الشَّیْءِ: چیز کا عمدہ وافضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ: ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔
الزُّبْد: داد و دہش۔
الزَّبَد: ج۔ اَزْبَاد و (الزَّبَدَة) ج زَبَد: جھاگ۔ میل اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَد" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔
الزَّبَاد: ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَاد وسِنَّوْرُ الزَّبَاد: اور قِطُّ الزَّبَاد: کہا جاتا ہے۔
الزُّبَّاد: ایک قسم کی نباتات۔ زُبَّادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّاد" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔
الزِّبْدِیَة: مٹی کا پیالہ۔ ج زَبَادِیُّ.
المِزْبَد: مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِد.
المُزْبِد: فا۔ جھاگ پھینکنے والا۔ بَحْرٌ مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
المُزَبِّد: مکھن والا۔
زَبَوَهُ: (ن ض) زَبْوًا. عَنِ الاَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا..... السَّائِلَ: جھڑکنا..... الرَّجُلَ: پتھر مارنا..... البِنَاءُ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا..... عَلَیْهِ: صبر کرنا (..... وزَبَّرَ واِزْدَبَرَ) الکِتَابَ: لکھنا۔
زَبُرَ: (ک) زَبَارَةً: بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِر)
اَزْبَرُ. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا. الکَبْشُ: موٹا کرنا۔
اِزْبَارٌّ واِزْبِرَارًا: کتے کے بال کھڑے کرنا..... الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا..... النَّبَاتُ والوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اگنا۔
الزَّبْر: مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔
الزَّبُر: کتاب۔ ج زُبُور: عقل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ زِبْر" اس کو عقل نہیں۔
اَخَذَهُ (بِزَبَرِهِ او بِزُأْبُرِهِ): یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔
الزَّبَر: بہت قوی۔
الزُّبْرَة: لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) نائی۔ ج زُبَر وزُبُر.
الزَّبُور: فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زبر۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب۔
الزَّبِیر: لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔
الاَزْبَر: بڑے کندھوں والا۔ ایذا رسان۔ مؤنث زَبْرَاء. ج زُبْر.
الزَّبْرَة. زَبْر: کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔
المِزْبَر: قلم۔
المِزْبِر: بڑے کندھے والا۔
اَرْضٌ (مَزْبَرَة): بہت بھڑوں والی زمین۔
اَسَدٌ (مَزْبَرانی): بہت ایال والا شیر۔
بِئْر. (مَزْبُورَة): پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں۔
زَبْرَجَ. الشَّیْءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
الزِّبْرِج: نقش ونگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِج.
الزَّبَرْجَد: زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِج.

زمین۔ ج اَرْیَاف وَرُیُوف. الرِیف : کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیف): سرسبز جگہ۔ مؤنث رِیفَة.

رَاقَ یَرِیقُ رَیْقًا. اَلْمَاءُ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ : سطح زمین پر پانی کا بہنا..... الشَّیْءُ : چمکنا۔ .....السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

(.....رَیْقًا وَرُبُوْقًا) بِنَفْسِهٖ : جان دینا۔

رَیَّقَهُ. الشَّرَابَ : نہار منہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَةً. الْمَاءَ : گرانا۔

تَرَیَّقَ. السَّرَابُ : سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

الرِیق : مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رِیقٌ : بغیر سالن کے خشک روٹی (.....والرِیَق والرِیْقُوق) مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کا اوّل و افضل۔

الرِیق : ج اَرْیَاق وَرِیَاق و (الرِیقَة) : تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّي عَلَی الرِیقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَی الرِیقِ وَعَلٰی رِیقِ النَّفْسِ اَوْ رِیقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِیق : قوت۔ بقیہ جان۔

الرَائِق : خا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔ خُبْزٌ رَائِقٌ : بغیر سالن کے خشک روٹی۔ الْمَاءُ الرَائِقُ : وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔

الرَیِّق : نہار منہ والا۔

رَالَ یَرِیلُ رَیْلًا. الصَّبِيُّ : بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِیَال : رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)۔

رَامَ یَرِیمُ رَیْمًا. حَمَلُ الْبَعِیرِ : بوجھ کا جھک پڑنا..... الْمَکَانَ وَمِنْهُ : دور ہونا۔ علیحدہ ہونا .....بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا..... عَنْهُ۔ ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے : "مَازَالَ یَفْعَلُ کَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے : "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَا یَرِیمُ مُتَیَّمًا" بمعنی لَا یَزَالُ مُتَیَّمًا.

(.....رَیْمًا وَرَیَمَانًا) الْجُرْحُ : زخم کا انگور باندھنا۔

رِیمَ. بِهٖ : چھوڑ دیا جانا۔

رَیَّمَ تَرْیِیمًا. بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔ .....عَلٰی کَذَا : بڑھنا..... السَّحَابَةُ : بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَیْم : مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "فِي هٰذَا الْعِدْلِ رَیْم عَلَی الْاٰخَر" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دے دی جائے۔ (.....والرِیم) : خالص سفید اونٹنی۔

رَانَ یَرِینُ رَیْنًا وَرُیُونًا. الشَّیْءُ فُلَانًا وَعَلَیْهِ وَبِهٖ : غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰی قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آ گئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهُ : جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَیْهِ وَبِهٖ : موت کا آ جانا۔

رِینَ. بِهٖ : لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَةً. الْقَوْمُ : ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔

صفت (مُرِینُون)

الرَان : موزہ کی طرح جوتا۔

الرَین : میل کچیل۔

الرَیْنَة : شراب۔ ج رَیْنَات.

رَجُلٌ (مَرِین) عَلَیْهِ : شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہو گئے ہوں۔

رَاهَ یَرِیهُ رَیْهًا. الرَّجُلُ : آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔

رَیَّهُ تَرْیِیهًا : آمد و رفت کرانا۔

تَرَیَّهَ. السَّرَابُ : سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْبٰی اِرْبَاءً. الرَایَةَ : جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَبّٰی. الرَایَةَ : جھنڈا بنانا۔

الرَایَة : علامت جو پہچان کے لئے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَات وَرَایٰ.

الرَیّ : مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے (الرازی)

الرِیّ : خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" : فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیَّة) : بہت پانی والا چشمہ۔

کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔ طبی فائدہ معدہ کو طاقت اور اخراج مادہ ہے۔

رَاهَ: (ن) رَوْهًا ورُوَاهًا. المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَى: (ض) رِوَايَةً. الحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ. ج رُوَاةٌ ورَاوُونَ..... الحَبْلَ: رسی بٹنا..... الرَّحْلَ: اُونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا..... القَوْمَ: قوم کے لئے پانی لانا۔

رَوِيَ: (س) رِيًّا ورَيًّا ورِوًى. مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّان): مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء..... الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّى تَرْوِيَةً: سفر میں پانی ساتھ لے جانا ..... هُ الشِّعرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا..... النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔ رَوَّى فِي الأَمرِ: غور وفکر کرنا۔

تَرَوَّى تَرَوِّيًا: سیراب ہونا۔ غور وفکر کرنا..... الحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا..... القَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَرَوَّتْ مُفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل ومضبوط ہونا۔

اِرْتَوَى. اِرْتِوَاءً مِنَ المَاءِ: سیراب ہونا۔ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ مفاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل ومضبوط ہونا۔

الرِّيُّ: سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی وزیادتی نعمت۔

الرَّوِيُّ: سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوُّ: سرسبزی (اس کی اصل رَوْیٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا: عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ): بہت پانی والا چشمہ اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ رَيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الرِّيَّة. رَوِي: کا اسم نوع۔ چھپکلی۔ رِيَّةُ البَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِيُّ. مِنَ الشُّرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتْ شُرْبًا ورَوِيًّا" میں نے خوب سیراب ہوکر پیا۔ مَاءٌ وَرِيٌّ اور سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "سَحَابٌ رَوِيَّةٌ" الرَّوِيُّ: سخت بارش والا بادل۔ تندرست وصحیح العقل۔ آنے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّة. الرَّوِيُّ: کا مؤنث۔ امور میں غور وفکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّان: سیراب۔ سرسبز ہنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا. ج رِوَاء. وَجْهٌ رَيَّانُ: پُرگوشت چہرہ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانٌ مِنَ العِلْمِ وهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء. ج أَرْوِيَة (المِرْوَى) ج مَرَاوٍ ومَرَاوٍ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاء: خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الرُّوَاء: خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهُ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِيَة: حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لئے ہے۔ ج رَوَاوِيَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الأُرْوِيَّة والإِرْوِيَّة: پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ ج أَرَاوٍ و أَرَاوِي وأَرْوًى.

يَوْمُ (الرَّوِيَّة): ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لئے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملے میں غور وفکر کیا تھا۔

أَرَابَهُ يَرِيبُهُ رَيْبًا: شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيبُهُ أَحَدٌ بِشَيْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

أَرَابَهُ إِرَابَةً: شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا..... الرَّجُلُ أَوِ الأَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَرَابَهُ مِنْهُ أَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا. مِنْهُ: خوف کرنا' ڈرنا..... بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِيَابًا. مِنَ الشَّيْءِ: شک کرنا بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً: شک میں پڑنا..... بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّيْب: تہمت۔ شک۔ حاجت۔

رَيْبُ المَنُونِ: گردش زمانہ۔

الرِّيبَة: شک وتہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِيَب.

أَمْرٌ (رِيَابٌ): ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ يَرِيثُ رَيْثًا وتَرْيِيثًا: تاخیر کرنا' دیر کرنا۔

رَيَّثَ: تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی..... الشَّيْءَ: نرم کرنا۔

أَرَاثَهُ إِرَاثَةً: دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهُ اِسْتِرَاثَةً: دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّيْث: مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَيْثَمَا) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و"مَا قَعَدْتُ عِنْدَهُ إِلَّا رَيْثَ أَعْقِدَ شِسْعِي": میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ رَيْث بغیر مَا: کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ يُرِيدُ يَفْعَلُ بجائے يُرِيدُ أَنْ يَفْعَلَ کہتے ہے۔

الرَّيِّث: سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَيِّثُ) العَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ يَرِيخُ رَيْخًا ورَيَخَانًا ورُيُوخًا: ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رِيَّخَهُ: کمزور کرنا۔

المَرِيخ: سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج أَمْرِخَة.

الرِّيد: پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُيُود.

الاَرْض :باغ کی مانند بنا دینا۔
رَاوَضَہ. عَلَی الاَمْرِ :کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔
اَرَاضَ. اِرَاضَۃ :سیراب ہونا۔
القَوْمَ :سیراب کرنا.....المَکَانُ :بکثرت باغات ہونا.....اللّٰہُ الاَرْض :سرغزار بنانا۔باغات بنانا.....الحَوْضُ :حوض کی تہ کا پانی سے ڈھکنا۔
اَرْوَض. المَکَانُ :بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا.....الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ :زمین کا بارش سے تر ہونا۔
تَرَاوَضَ. القَوْمُ فِی الاَمْرِ :کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا.....فِی البَیْعِ والشِّرَاءِ :آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔
اِرْتَاضَ. المُهْرُ :بچھیرے کا سدھ جانا۔کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَ القَوَافِیَ فِی الصَّعْبَۃِ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔
اِسْتَرَاضَ. اِسْتِرَاضَۃً: المَکَانُ :جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھکنا۔کشادہ ہونا۔النَّفْسُ: خوش ہونا.....المَکَانُ :بکثرت باغات والی ہونا۔
الرَّوْض :مص۔باغ۔وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔
الرَّوْضَۃ :باغ۔ج رَوْض ورِیَاض ورَوْضَات ورِیَضَان. رَوْضَاتُ الجَنَّات: باغوں کے بہترین ٹکڑے۔الرَّوْضَۃُ: حوض کا بقیہ پانی۔کہا جاتا ہے "فِی الحَوْضِ رَوْضَۃٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپا لیا ہے۔
الرِّیضَۃ. الرَّوْضَۃ :میں ایک لغت۔
الرِّیَاضَۃ :مص۔جسمانی ورزش۔بری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔
اَلعِلْمُ الرِّیَاضِی وعِلْمُ الرِّیَاضِیَّات :علم حساب۔الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّبِیض :وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔"اَمْرٌ رَبِیضٌ" غیر محکم کام۔
الرَّبِیضَۃ :باغ۔
المَرَاض :نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ج مَرَابِض ومَرَاضَات.
اَرْضٌ (مُسْتَرْوِضَۃٌ) :عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ :نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔
رَاطَ یَرُوطُ ویَرِیطُ رَوْطًا ورَیْطًا. بِالمَکَانِ :پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔
رَاعَ یَرُوعُ رَوْعًا ورُوُوعًا. مِنْهُ :گھبرانا۔صفت (رَائِع ورَوِیع).....فِی یَدِیْ کَذَا : فائدہ دینا۔رَاعَہُ الاَمْرُ :گھبرا دینا۔تعجب میں ڈالنا۔
رَاعَ یَرُوعُ ویَرِیعُ رُوَاعًا :لوٹنا۔واپس ہونا۔
رِیعَ. فُلَانٌ :گھبرانا۔ڈرنا۔
اَرَاعَہُ ورَوَّعَہُ :گھبرا دینا۔ڈرانا۔تعجب میں ڈالنا۔
رَوِعَ (س) رَوَعًا. اَرْوَع :ہونا۔(دیکھئے لفظ اَرْوَع)
اَرْوَعَ ارْوِاعًا. الرَّاعِی الغَنَمَ :چرواہے کا بکریوں کو ڈاننا۔
اِرْتَاعَ وتَرَوَّعَ. مِنْهُ ولَهُ :ڈرنا۔اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ :خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔
الرَّوْع :مص۔خوف۔ڈر۔لڑائی۔
الرَّوْعَۃ :ڈر۔حسن و جمال کا حصہ۔
الرُّوع :دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ذہن۔عقل۔کہا جاتا ہے "اِفْرَعْ رُوعَکَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔
الرَّوَع. اَرْوَع :کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)
الاَرْوَع :حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ہوشیار۔ذکی۔ج روع وارواع.:مؤنث رَوْعَاء. قَلْبٌ اَرْوَع : جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ. (رُوَاعُ) القَلْبِ :ہوشیار۔ذکی۔
الرَّائِع :فا۔حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ج رَائِعُوْن ورُوَّع : مؤنث۔رَائِعَۃٌ ج رَوَائِع ورُوَّع. کَلَامٌ رَائِعٌ :خوشگوار کلام۔
رَائِعَۃُ. الشَّیْبِ :بڑھاپے کی ابتداء میں
رَائِعَۃُ النَّهَارِ او الضُّحَی :دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔
المَرُوع :خوفزدہ۔درست الہام پانے والا۔
رَاغَ :(ن) رَوْغًا ورَوَغَانًا. الصَّیْدُ :شکار کا اِدھر اُدھر جانا.....الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِیقِ : مکر و فریب کے راستہ سے کترا کر چلنا۔
اِلَی کَذَا :چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔
.....عَلَیْهِ بِالضَّرْبِ :مارنے کے لئے ٹوٹ پڑنا۔
رَوْغ. اللُّقْمَۃَ فِی الدَّسَمِ :لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔
رَاوَغَہ مُرَاوَغَۃ :کشتی لڑنا۔فریب دینا۔
رَاوَغَہ عَلَی الاَمْرِ :پھسلانا' ورغلانا۔
رَاوَغَ القَوْمُ :مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔
اَرَاغَہُ اِرَاغَۃً وارْتَاغَہُ ارْتِیَاغًا :مکر و فریب سے طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اُرِیغُ خَاجَۃً لِی" :میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّیْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرنے میں اِدھر اُدھر جاتا رہا۔اَرَاغَہ عَلَی اَمْرٍ وعَنْ اَمْرٍ پھسلا بہلا کر طلب کرنا.....اَرَاغَ الرَّجُلَ : دھوکا دینا۔
تَرَوَّغَ. الحِمَارُ :گدھے کا خاک میں لوٹنا۔
تَرَاوَغَا :ایک دوسرے کو فریب دینا۔باہم کشتی کرنا۔
الرَّائِغ :فا۔طَرِیقٌ رَائِغٌ: کج راستہ۔
الرَّوَاغ والرُّوَیْغَۃُ :مکر و حیلہ۔
الرَّوَّاغ :بہت فریب و مکر کرنے والا۔لومڑی۔کہا جاتا ہے "هُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و

.....الدُّهْنَ : تیل کو خوشبودار بنانا۔
عَلَيْهِ بِالْمَرْوَحَةِ : پنکھا جھلنا۔
أَرَاحَ إِرَاحَةً. الْقَوْمُ : ہوا میں داخل ہونا.....
ہ : آرام پہنچانا.....عَلٰى فُلَانٍ حَقَّهُ : واپس کرنا.....إِلَى بَيْتِهِ : ہانڈہ کی طرف اُونٹوں کو واپس لانا'.....الْمَعْرُوْفَ : بھلائی حاصل کرنا پانا'.....الشَّيْءَ : بوُ محسوس کرنا.....الْمَاءُ او اللَّحْمُ : پانی یا گوشت کا بدبُو دار ہونا۔
الرَّجُلُ : سانس لینا۔شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے. "أَرَاحَ فَأَرَاحَ" اس نے مر کر آرام پہنچایا۔
أَرْوَخَ الْمَاءُ : پانی کا بدبُو دار ہونا.....الشَّيْءَ : بُو محسوس کرنا.....عَلَيْهِ حَقَّهُ : واپس کرنا۔
رَاوَحَ. بَيْنَ الْعَمَلَيْنِ : باری باری مشغول ہونا.....بَيْنَ رِجْلَيْهِ : باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
تَرَوَّحَ : شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا۔
.....الْقَوْمُ : قوم کے پاس شام کے وقت جانا
..... القومُ عليه: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا..... الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔
حَفِشَ (س) حَفَشًا. السحابةُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔
حَفَّشَ وتَحَفَّشَ. الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔
الحَافِشَة: پانی پینے کی جگہ۔ ج حَافِشَات وحَوَافِش.
الحِفْش: ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوبان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش وحِفَاش. اَحْفَاش البَيْتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاش الارضِ: جنگلی چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحِفش: اندام نہانی۔
حَفَصَ (ض) حَفْصًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
..... الشَّيْءَ من يده: ڈال دینا۔ گرا دینا۔
الحُفَاصَة: جمع کی ہوئی چیز۔
الحَفَص: مص۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص وحُفُوص.
الحَفَص: ہیرہ وغیرہ کی گٹھلی۔
المِحْفَصَة: چمڑے کا تھیلا۔
الحَفْصَة: بجو۔ (الحَفْصَة واُمُّ حُفْصَة) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمُّ حفصة) مرغی۔
حَفَّصَ (ن) حَفْصًا. العودَ: موڑنا (وحَفَّصَ) الشَّيْءَ: ہاتھ سے گرانا..... الارضَ: خشک کرنا..... القومُ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا..... اللّٰهُ عنه: تخفیف کرنا۔
الحَفْض: گھر کا سامان جو بار کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا۔ اونٹ۔ بورا۔ جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّه لَحَفْضُ عِلْمٍ": وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حَفْض: سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے "نِعْمَ حَفْضَ العِلْمِ هٰذا": یہ علم کا جاننے

الحَطُّ: نرم و چٹنی پیٹھ والا۔
المَحَطُّ والمَحَطَّة: اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ج مَحَاطُّ ومَحَطَّات.
المَحَطَّة: ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)
المِحَطُّ والمِحَطَّة: لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
المَحْطُوط: مفع ادیم محطوط: پالش کیا ہوا چمڑہ۔ سَيْفٌ مَحْطُوط: تیز کی ہوئی تلوار۔
خَطَّ (ف) خَطًّا. الارض بہ: پچھاڑنا۔
.....بہ عن کذا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔
.....بالشیٔ: پھینکنا۔
الخُطَّيْنَة: بدصورت پست قد مرد۔
الحَطْء: برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "حطء من تمر": پیٹھ پر اُٹھانے کے لائق کھجوریں۔
الخَطِيُّ. ابن الناس: ذلیل آدمی۔ کہا جاتا ہے "هو خَطِيٌّ بَطِيٌّ" وہ ذلیل ہے۔ بطی: کا لفظ تابع ہے۔
خَطَبَ (ض) خَطْبًا واخْطَبَ واخْتَطَبَ: لکڑی چننا۔ صفت (خَاطِبٌ) کہا جاتا ہے "هو خاطبُ لَيْلٍ" وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے۔
خَطْبَة: لکڑی لانا۔
خَطَبَ واخْطَبَ. المكانُ: بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (خَطِبٌ) مؤنث (خَطِبَة)
خَطَبَ. بہ وعلیہ: چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ فی حبلہ" اس نے اس کی مدد و اعانت کی۔ و "خَطَبَ عَلَيْهِ بِخَيْرٍ" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔
اخْطَبَ واسْتَخْطَبَ. الكرمُ: انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا۔
الخَطْب: ایندھن ج اَخْطَاب: ایک ٹکڑے کو خَطْبَة کہتے ہیں۔
الخَطِب مؤنث خَطْبَة و(الاَخْطَب) مؤنث خَطْبَاء: ج خُطْب: بہت دبلا۔
الحَطَّاب: لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔
الخُطُوبَة: لکڑی کا گٹھا۔
الحَطَّابَة. الحُطَّاب: کا مؤنث۔ لکڑی چننے والی۔
المِخْطَب: ہنسیا۔
.....القوسَ: کمان چڑھانا۔
حَطَمَهُ (ض) حَطْمًا وخَطَّمَهُ: توڑنا۔
حَطِمَ (س) حَطَمًا: بڑی عمر والا ہونا۔
تَحَطَّمَ وانْحَطَمَ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرَّجلُ غَيْظًا": وہ غصہ سے چور ہو گیا۔ "وانحطم الناسُ علیہ": لوگوں نے اس پر بھیڑ کی۔
الحُطَم: بے رحم چرواہا(.... والحُطَم) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔
الحُطَمَة والحُطَامَة والحُطَام: سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حُطَامُ الدنيا: دنیاوی ساز و سامان۔ حُطَامُ البَيْض: انڈے کا چھلکا۔
الحُطَام والحُطُوم والمِحْطَم: شیر۔ کہا جاتا ہے "ريحٌ حَطُوم": بہت تیز ہوا۔
الخاطُوم: ہضم کرنے والی دوا(والحُطَمة والحُطَمَة) سخت سال۔
الحُطَمَة: تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اُونٹ و بکریاں۔
الحَطِيم: کعبہ کے کنارے کی دیوار۔ وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے۔
الحُطَمِيَّات: زرہیں جو ایک شخص حُطَمَة: نامی کی جانب منسوب ہیں اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔
حَظَّ (س) حَظًّا وحُظًّا واحَظَّ: نصیب والا ہونا۔ صفت (حَظِيٌّ وحَظِيظٌ ومحظُوظٌ)
الحَظُّ: حصہ۔ بہرہ۔ نصیب۔ حصہ خیر و فضل۔ کبھی حصہ شر کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ دولت مندی و نیک بختی۔ ج حُظُوظ وحِظَاظ واحْظَظ.
خَظَبَ (ن) حُظُوبًا وحَظِبَ (س) حَظَبًا. الرجلُ: موٹا ہونا۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَظِب) مؤنث حَظِبَة.
الحُظُبُّ: بڑے پیٹ والا پست قد سخت اُجڈ۔ بخیل۔ تنگ خو۔
حَظَرَهُ (ض) حَظْرًا الشیٔ وحَظَرَ عَلَيْهِ الشیٔ: منع کرنا۔ روکنا..... الشیٔ: محفوظ کرنا۔ (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا) الماشی: باڑہ میں بند کرنا۔ (واحْتَظَرَ) اپنے لئے باڑہ بنانا۔ احْتَظَرَ بہ: بچنا۔
احْظَرَ: دوسرے کے لئے باڑہ بنانا۔
حَظَّرَ: بمعنی حَظَرَ: تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
الحَظِير: درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں۔ ترکا ٹنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الحَظِيرِ الرطب": یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں۔ "وأوقد فی الحظیر الرطب" اس نے چغل خوری کی۔ "وجاءَ بالحَظِيرِ الرَّطْبِ" وہ بہت مال لایا بہت جھوٹ بولا۔
الحَظِيرَة ج حَظَائِر (والحِظَار والحِظَار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو۔ باڑہ۔ "وإنَّهُ لَمُنْكَدُ الحَظِيرَةِ": وہ بخیل و بے فیض ہے۔ حَظِيرَةُ القُدس: جنت۔
المَحْظُور: روکا ہوا۔ حرام۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "الضَّرُورَاتُ تُبِيحُ المَحْظُورَاتِ."
حَظْرَب. القوسُ: سختی سے تانت چڑھانا..... الحبلُ: مضبوط بٹنا..... السقاءُ: بھرنا۔
تَحَظْرَب: بھر جانا۔
خَظَلَ (ن ض) خَظْلًا وخَظَلَانًا وخَظْلَانًا. عليه: حرکت اور تصرف سے

ہے "دِرْعٌ حَصِیْنٌ" مضبوط زرہ۔ و "حِصْنٌ حَصِیْنٌ" مضبوط قلعہ۔
اَبُو الْحُصَیْن. مُصَغَّرًا: لومڑی۔
الْمِحْصَن: زنبیل۔ تالا۔ محل۔
حَصَا (ن) حَصْوًا۔ ہ: روکنا۔ منع کرنا۔
الْحَصْوا: پیٹ کا درد۔
حَصَی (ض) حَصْیًا. الرجلَ: کنکری سے مارنا۔
حُصِیَ: مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت (مُحْصِیٌ)
حَصِیَ (س) حَصًا. الارض: بہت کنکری والی ہونا۔ صفت (مُحْصَاۃ)
حِصَاۃ تَحْصِیَۃ: بچانا۔
اَحْصَی. الشیٔ: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الاَمْرُ لَا اُحْصِیْہِ": یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔
تَحَصَّی: بچنا۔
الْحَصَی: کنکری۔ واحد (حَصَاۃ) ج حَصَیَات و حِصِیٌّ و حِصِیٌ و طُرُق الْحَصَی: کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ والْحَصَاۃ: عدد۔ عقل و رائے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ثَابِتُ الْحَصَاۃِ": فلاں عاقل ہے۔
الْحَصِیُّ: بڑا عقلمند۔
اَرْضٌ (حَصِبَۃٌ) بہت کنکریوں والی زمین۔ نہر (حَصْبَاوِیٌّ) بہت کنکری والی ندی۔
حَصَبَہٗ (ن) حَصًّا و حَصْبًا. علی الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَاصَّ. القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
اِحْتَصَّ نَفْسَہٗ: اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔
الْحَصَّ: چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ حَصَّۃٌ وَلَا بَصَّۃٌ": اس کے پاس کچھ نہیں۔
الْحَضُّ و الْحِضِّیضَی و الْحُضِّیضَی حَضٌّ کا اسم مصدر۔
الْحُضِّیُّ: دامن کوہ کا پتھر۔
الْحَضِیضُ: دامن کوہ۔ ج اَحِضَّۃٌ و حُضُض پست زمین اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔
الْحَضِیضَۃ: شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخْرَجْتُ اِلَیْہِ حَضِیضَتِی وَنَضِیضَتِی" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کر دی۔
الْحَضُوضِی: دودری۔ آگ۔
حَضَبَ (ض) حَضْبًا و اَحْضَبَ النارَ: ایندھن ڈالنا۔
تَحَضَّبَ: وشوار گزار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔
الْحِضْب و الْحُضْب: کمان کی آواز۔ وادی کوہ۔ ج اَحْضَاب۔
حَضَجَ (ن) حَضْجًا. النارَ: جلانا۔
..... الشیٔ فی الماء: ڈبانا..... بفلانٍ: پچھاڑنا۔
..... بہ الارض: پٹک دینا۔
خَضَّجَ. الکلامَ: کوتاہی کرنا۔
اِنْحَضَجَ. الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
الْحُضَاج: وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ لٹکا ہوا ہو۔
الْحِضَاج: بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگا دی گئی ہو۔
الْمِحْضَج و الْمِحْضَاج: آگ ہلانے کی کریلنی۔ الْمِحْضَاج: کپڑا دھونے کی موگری۔
اِمْرَاۃٌ مِحْضَاجٌ: کشادہ پیٹ والی عورت۔
حَضَاجِر. حَضَاجِر: بجو کا علم جنس ہے۔
حَضَرَ (ن) حُضُورًا و حَضَارَۃً: موجود ہونا۔ (..... حَضَارَۃً) شہر میں مقیم ہونا۔
حَضِرَ (س) و حَضَرَ (ن) حُضُورًا. الْمَجْلِسَ: حاضر ہونا..... عن المکان: منتقل ہونا۔ حَضَرَہ الاَمْرُ: دل میں گزرنا ..... ہ الموت: موت کا وقت آنا..... البہ: آنا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرَتُ الامرَ بخیر" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ و "حَضَرَتِ الصلوٰۃُ" نماز کا وقت آ گیا۔
حُضِرَ: موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُورٌ)
حَضْرَۃٌ و حَضِرَۃٌ و اَحْضَرَۃٌ: حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحْضَرَہُ الشیٔ" اس کے پاس چیز کو لایا۔ "اَحْضَرَ الفرسُ" تیز دوڑنا۔
حَاضَرَہٗ مُحَاضَرَۃً و حِضَارًا: ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا۔
حَاضِرُ الْجَوَاب: حاضر جواب ہونا۔
تَحَضَّرَ و اِحْتَضَرَ: حاضر ہونا۔ تَحَضَّرَ و اِحْتَضَرَ الرجلَ: حاضر کرنا۔ اِحْتَضَرَ الفرسُ: دوڑنا۔ تَحَضَّرَ الْبَدَوِیُّ: شہری جیسا بننا۔
تَحَضَّرَہُ الْھَمُّ: غم لاحق ہونا۔
اُحْتُضِرَ: قریب المرگ ہونا۔
اِسْتَحْضَرَ. الشیٔ: حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا..... الفرس: دوڑانا۔
الْحَضَر و الْحَضَارَۃ و الْحَاضِرَۃ: شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ الْبَدْو و الْبَدَاوَۃ و الْبَادِیَۃ کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مِنْ کَلَامِ الْحَاضِرَۃِ وَلَمْ اَرَ الْبَوَادِیَ لَفَظُوْا بِہٖ وَلَا عَرَفُوْہُ": یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں۔
الْحَضَارَۃ و الْحِضَارَۃ: شہر کی اقامت۔
الْحَضَر و الْحَضَرَۃ: موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔
حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الْحَضْرَۃُ الْعَالِیَۃُ تَامُرُ بِکَذَا: جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہٗ بِحَضْرَۃِ فُلَانٍ": میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔

الحُصُّ : زعفران ۔ مہندی ۔ ج حُصُوص واَحْصاص.
الحُصَاص : دوڑنے کی تیزی ۔ خارش ۔ گوز ۔
الحُصَاصة : انگور کاٹنے کے بعد ٹٹی میں جو باقی رہ جائے ۔
الحُضاصاء : خاک ۔
الحَاصَّة : ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں ۔
الأَحَصُّ : سر میں کم بالوں والا ۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں ..... مِنَ الطیور : پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں ۔ مؤنث حَصَّاء. یَوْمٌ اَحَصّ : بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن ۔ سَیْفٌ اَحَصّ : بغیر جوہر کے تلوار ۔ سَنَةٌ حَصَّاء : خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو ۔ رِیحٌ حَصَّاء : بغیر غبار کے ضاف ہوا ۔
الحَصِیص : عدد ۔ کہا جاتا ہے "خَصِیصُهُمْ کَذَا" : ان کی تعداد اتنی ہے ۔ گدھے اُونٹ کے گرے ہوئے بال ۔
الحُصَیْصَة : مونڈ کر یا اُکھیڑ کر حصے کئے ہوئے بال ۔ کان کے بال ۔
حَصَا وحَصِیَ (س) حَصًا : الرضیع : شکم سیر ہو کر دودھ پینا ..... مِنَ الماء : سیراب ہونا ۔
اَحْصَاهُ : سیراب کرنا ۔
حَصَبَه (ن ض) حَصْبًا : کنکری سے مارنا (وحَصَّبَ) المکانَ : کنکر بچھانا ۔
حَصَبَ فی الأرض : جانا ..... عنه : تیز بھاگنا حَصَبَه عن کَذَا : دور کرنا ۔
حَصِبَ (س) حَصَبًا وحَصَبَ : کھسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔ صفت (مؤنث حَصْبَاء) حَصِیبٌ. الوَتَرُ : تانت کا کمان سے اُلٹ جانا ۔
أَحْصَبَ. القَوسُ فی عدوه : کنکری اُڑانا ..... عنه : اعراض وروگردانی کرنا ..... ه عن کَذَا : دور کرنا ۔
تَحَصَّبَ. الحَمامُ : دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اُڑنا ۔
تَحَاصَبُوا : ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا ۔
الحَصْب : پتھر ۔ سنگریزہ ۔ ایندھن ۔
الحَصِب : دودھ جس کا مکھن سرد ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو ۔
الحَصْبَة والحَصَبَة والحَصَبَة : (ایک بیماری کا نام) الحَصْبة : کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا ۔ ارضٌ حَصِبَة : بہت کنکری والی زمین ۔ لَیْلَة الحَصْبَة : ایام تشریق کے بعد والی رات ۔
الحَصْبَاء : سنگریزہ کنکری ۔ واحد (حَصْبة)
الحَاصِب : فا ۔ کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا ۔ اولہ ۔ اولہ برسانے والا بادل ۔ ج حَواصِب.
المَحْصَبَة : بہت کنکریوں والی زمین ۔
حَصْحَصَ حَصْحَصَةً. الحقّ : پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا ..... الرجلُ : پیر میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا .....
الشَّیءُ فی الشَّیءِ : مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے حرکت دینا ..... الترابَ وغیرہ : دائیں بائیں ہلانا ۔
تَحَصْحَصَ : زمین سے چٹنا اور برابر ہونا ۔ ..... الوبرُ والزِّئبرُ : اون یا روئیں کا جھڑ جانا ۔
الحَصْحَاص والحِصْحِص : مٹی والحِصْحِص : پتھر ۔ رجل (حُصْحُص وحُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہنچنے والا ۔
حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا وحِصَادًا وحَصَادًا واحْتَصَدَ. الزرعَ : داتری سے کاٹنا ۔ اسی سے ہے "مَنْ زَرَعَ الشَّرَّ حَصَدَ النَّدَامَةَ" : جو برائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا ۔ صفت (حاصد) ج حَصَدَة وحُصَّاد.
القومَ بالسیف : قتل کرنا ۔
حَصِدَ (س) حَصَدًا. الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ..... الدرعُ : مضبوط بنا وٹ کا ہونا ۔
اَحْصَدَ. الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب ہونا ..... الحبلُ : بٹنا ۔
اِسْتَحْصَدَ. القومُ : جتھا بننا ..... الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا ..... الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ..... الرجلُ : غضبناک ہونا ۔
الحَصَّاد : کھیت کاٹنے والا ۔
الحِصَاد والحَصَاد : مص ۔ کھیت کاٹنے کا وقت ۔ الحَصَاد : کٹی ہوئی کھیتی ۔ حَصَادُ الشجرة : درخت کا پھل ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا حَصَادَ الشجر" : انہوں نے درخت کا پھل لیا ۔ حَصَادُ البُقول البَرِّیَّة : دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں ۔
الحَصَد والحَصِیدُ والحَصِیدَة : کھیت کا کٹا ہوا حصہ ۔ الحَصِیدَة : کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو داتری سے کٹنے کے بعد رہ جائے ۔ کھیتی ۔ ج حَصَائد. وحَصَائدُ الأَلْسِنَة : جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں ۔
الأَحْصَد : مضبوط بٹی ہوئی رسّی ۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو ۔ مگر کھڑا ہو ۔ مؤنث حَصْدَاء
دِرْعٌ حَصْدَاءُ : تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ ۔ شَجَرَةٌ حَصْدَاءُ : بہت پتوں والا درخت ۔
المِحْصَد : داتری ۔
حَضَرَهُ (ن ض) حَضْرًا : تنگی ڈالنا ۔ گھیرنا ..... الشَّیءُ : پورا لے لینا ..... القومُ : بفلان : تنگی ڈالنا ..... البَعِیرَ : اونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا ۔
حُصِرَ : قبض ہونا ۔
حَصِرَ (س) حَصَرًا : بخل کرنا ۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا ..... بالسِّرِّ : چھپانا ..... الرجلُ : تنگ دل ہونا ..... عن الشیء : شرم کر کے چھوڑ دینا ۔ صفت (حَصِر وحَصُور وحَصِیر)
حَاصَرُوا حِصَارًا ومُحَاصَرَةً. العدوَّ : محاصرہ کرنا ۔ گھیراؤ ڈال کر امداد کو روک دینا ۔
اَحْصَرَهُ. عن السفر : روکنا ..... ه المرضُ

الحَشْد :مص۔(.....والحَشَد) جماعت۔کہا جاتا ہے "عندی حُشْد مِنَ النّاس" :میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ج حُشود.

الحاشِد :فا۔بغیر کوتاہی کے اُونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔ بہت دانوں والا کھجور کا گچھا۔ مستعد و تیار۔کہا جاتا ہے "فلانٌ حافِدٌ حاشِدٌ" :فلاں خدمت میں پورن کوشش کرنے والا ہے۔

الحَشِد :وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ج حُشُد.عین حُشُد :چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔

الحَشُود :تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی۔

المَحْشُود :وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔

المَحاشِد :محفلیں مجلسیں۔

حشر (ن ض) حَشْرًا. الناسَ :جمع کرنا .....ہ عن وطنہ :جلاوطن کرنا۔حَشَر الجمعُ :ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا..... العود :چھیلنا اور باریک کرنا.....السنةُ الشديدةُ المالَ :مال یعنی اُونٹوں کو لاغر کر دینا اور ہلاک کر دینا۔

حُشِر واُحْشِرَ. في راسه :بڑے سر والا ہونا۔على هذا القياس. حَشِر في بَطْنه : بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کے ساتھ مستعمل ہے۔حُشِرَتِ الوُحُوش :مرنا و ہلاک ہونا۔

الحَشْر :مص.....مِنَ الاذان : باریک کان۔کہا جاتا ہے "اُذُنٌ حَشْرٌ" "واُذُنان حَشْرٌ واذان حَشْرٌ" :ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔الحشر مِنَ الالسنة :باریک نیزہ۔ج حُشُر. يوم الحشر :قیامت کا دن۔

الحُشارَة :معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الحُشارة" :کی تصحیف ہے۔)

الحاشِر :فا۔ج حاشِرون وحُشّار.

الحَشْرَة :چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ج حُشَر.

الحُشْرَة. ج حُشَرات :کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور۔

الحُشّ :بھوسی۔

الحَشُور :بڑے پیٹ والا۔پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔لطیف قد و قامت والا۔کہا جاتا ہے "فرس حَشُور" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔

المَحْشَر والمَحْشِر :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَشْرَجَ حَشْرَجَةً :جاں کندنی کے وقت گھگھر کا بولنا۔

الحَشْرَج :آب خورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔

حَشُف (ض) حَشْفًا. الضرعُ :دودھ خشک ہو جانا۔

اَحْشَفَت. النخلةُ :ردی کھجور والا ہونا..... ضرعُ الناقة :سکڑنا۔سٹنا۔

حَشَّف. عينه :آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔

تَحَشَّفَ :پرانا کپڑا پہننا۔

إسْتَحْشَفَ. اُذُنُ الإنْسان :خشک ہو کر سٹنا .....ضَرْعُ الأُنْثى :سکڑنا۔سٹنا۔

الحَشَف :ردی کھجور "اَحْشَفًا وسُوءَ كَيْلة" :(ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بُری عادتیں جمع ہوں۔جیسے اردو میں "کریلا اور نیم چڑھا"۔ خشک پستان۔

الحَشَفَة :ڈنٹھل جو کھیت کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔خشک خمیر۔گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ج حِشاف.

حَشَكَ (ض) حُشُكًا وحُشُوكًا. الضرعُ :دودھ سے پر ہونا..... السحابُ :بہت پانی والا ہونا.....النخلةُ: بہت پھلدار ہونا۔صفت (حاشِك).....

الوادي :پانی کو باہر پھینک دینا۔

..... القومُ :جمع ہونا.....الريحُ :مختلف جہات سے چلنا.....الناقةُ لبنها :تھن میں دودھ جمع کرنا۔صفت (حَشُوك).....

الناقةَ دودھ جمع ہونے کے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔صفت مفعولی (مَحْشُوكة)

حَشِكَت (س) حَشَكًا. الدابةُ جو وغیرہ چبانا۔حَشِكَ اللبنُ في الضرع :جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَكَ. الدابّة :جو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّكَ. الضرعُ :دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشْكة :بارش کی بوچھار۔

الحَشْكة :جماعت۔کہا جاتا ہے "جاءُوا وابْحَشَكَّتِهِمْ" :لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے۔

الحَشِيكة :جانوروں کے کھانے کے لئے جو وغیرہ (الرياح الحواشك) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حاشِكة)

الحُشاكة والحُشاك :لکڑی جو جانور کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تا کہ دودھ نہ پی سکے۔

حَشَل (ن) حَشْلاً. الشيءَ :حقیر و ذلیل کرنا۔

الحَشَل :حقیر و ذلیل چیز۔

خَشَمَهُ (ن ض) خَشْما :ناپسند بات سنا کر غضب ناک کرنا۔تکلیف پہنچانا۔شرمندہ کرنا۔

..... الشيءَ :طلب کرنا۔کہا جاتا ہے ماخَشَمَ الصَيْدَ :اس نے شکار کو نہیں پایا و "ماخَشَمَ مِن طَعامِنا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

خَشِمَ (ض) خُشُومًا :تھکنا۔لاغری کے بعد فربہ ہونا .....منه :منقبض ہونا۔

خَشِمَ (س) خُشْمًا :غضب ناک ہونا۔

خَشَّمَ :غضبناک کرنا۔

خَشَفَ. التمر: ردی کھجوروں سے صاف کرنا۔
تَخَشَّفَ. الجلد: چھلنا.....ادبارُ الابل: اُونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔
اِنْخَشَفَ. الشیٔ فی بدی: ریزہ ریزہ ہونا۔
الخشاف: کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔
الخُشافة: ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے "فلان لایعطی من التمر الاخشافته" فلاں گیہوں کی صرف پھلکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔
خَشافَةُ الناس: رذیل لوگ۔ (الخُشافة والحشیفة) دشمنی۔ غصہ۔ کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَشِیفَةِ نفسه": بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔
خَشِکَ (س) خَشَکًا. علیه: غضب ناک ہونا۔ صفت (خَشِک) الدابة: چارہ کھانا' دانہ چبانا۔
أَخْشَکَ. الدابة: چارہ دینا۔
النبات: کانٹے دار ہونا۔
الخَشَک: مص۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (خَشَکة)
الخَشِیکة: جانور کا دانہ۔ تیہی۔ (والخَشَکة والخَشاکة) دشمنی۔ کینہ۔
الخَشَبَک: پست قد۔
خَشَلَ (ن) خَشْلًا. الشیٔ: ذلیل کرنا۔ الدابة: تیز ہانکنا۔
خُشِلَ. به: ذلیل کیا جانا۔
خَشَّلَ. بنفسه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔
تَخَشَّلَ واخْشَنَّلَ: گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔
الخِشَل: گوہ کا بچہ۔ ج خِشَلَة واخْشال وخُشُول وخِشْلان: کہا جاتا ہے "لاآتیک سِنَّ الخِشَل" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت نبوت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اور اس وجہ سے کہ تقدیر مدة بقاء سن الحسیل ہے۔ ابوحِنْشَل وابُو حُنَیْل: گوہ۔
الخُشالة: چاندی۔ چاندی کے ذرات' جو وغیرہ کی بھوسی۔ (والخَشِیلة: قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الخَشِیل: گائے کے بچے۔ واحد۔ (خَشِیلة) گھٹیا چیز۔ ج خُشُل۔
المَخْشُول: گھٹیا۔ ردی۔
خَشَمَهُ (ض) خَشْمًا: جڑ سے کاٹنا۔
خَشَمَ العِرْق: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔ الداء: مرض کو دوا سے دور کرنا۔
خَشْمَةُ الشیٔ: روکنا' منع کرنا۔
اِنْخَشَمَ: جڑ سے کٹنا۔
الأخشم: باخبر فیصلہ کن مرد۔
الخُشُوم: نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "ایامٌ خُشُومٌ" (علی الوصف) "ایام خُشُومٍ" (علی الاضافة) یعنی نامبارک و منحوس دن۔
الخُشام: شمشیر بُران۔ خُشام السیف: تلوار کی دھار۔
المِخْشَمَة: کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هذا مَخْشَمَةٌ للداء": یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔
خَشُنَ وخَشِنَ (ک۔ن) خُشْنًا: خوبصورت ہونا۔ صفت (خَشَن) ج خِشَان و (خُشَان) ج خُشَانون و (خاشن وخَشِن) مؤنث خَشَنَةٌ وخَشْنَاءُ ج خِشَان وخَشَنات اور مبالغہ کے لئے (خُشَّان) مؤنث خُشَّانة۔
خَشَّنَهُ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
خَاشَنَهُ مُخَاشَنَةً: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "إنی لأحابِنُ بکَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔
أَحْسَنَ: نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
.....الشیٔ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلان یُحْسِن القرائة" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے.....الیه وبه: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔
تَحَسَّنَ: خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
بکذا: آراستہ ہونا۔ مونڈنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فتَحَسَّنَ": وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَهُ: اچھا جاننا۔
حُسْن: جمال و خوبصورتی۔ ج مَحَاسِن: (خلاف قیاس) المحاسن: بدن کے خوبصورت مواقع حُسْنُ ساعة: ایک قسم کی نباتات ہے' جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کے لئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ بیت الحسن: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔ الحُسْن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
الحَسَن: مص۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔ بلند ٹیلہ۔ الحَسَنان: سیدنا حسن وسیدنا حسین رضی اللہ عنہما۔
الحَسَنة: نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنات۔
الأحْسَن: حسن کا اسم تفضیل۔ ج أحاسن مؤنث حُسْنیٰ: اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُحَیْسِن: لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما أحَیْسِنَ زیدًا"..... احاسِنُ القوم: قوم کے خوبصورت لوگ۔
الحُسْنیٰ: اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَیات وحُسَن.....الاسماء الحُسْنیٰ: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔
الحُسْنَیان: فتح مندی وشہادت۔ کہا جاتا ہے "حُسْنَاه وحُسْنَاءُهُ أن یفعلَ

سختیاں۔
الحُزَانَة: اہل وعیال جن کی وجہ سے آدمی فکر مند رہتا ہے۔
العزین: بگلا۔
الحُزُونَة: زمین کی سختی۔
حزا (ن) حزوًا وحزی (ض) حَزْیًا وتَحَزّی الشَّیءَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
الطیرَ: شگون معلوم کرنے کے لئے اڑانا۔
حَزَا (ن) وحَزَی. السرابُ الشیءَ: نمایاں کر دینا۔
اَحزَی إحزاءً. الشیءُ: بلند و نمایاں ہونا..... بالشیءِ: جاننا۔
الحازی: فا۔ وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "غلبت الخازی هبطت": یعنی میں دانا اور واقف کار کے پاس پہنچا۔
الحَزی والحَزاءُ: واحد خزاءة و خزاه: اجوائن کی طرح پودا۔
الحَزّاءُ: نجومی و ستارہ شناس۔
حَسَّهُ (ن) حَسًّا: قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ حسّ الدابةُ: کھریرا کرنا البردُ الزرعَ: جلانا۔
اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے لئے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا واحَسَّ. الشیءَ وبالشیءِ: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ واحَسَّ منه خبرًا". اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حسّ (س ض) حَسًّا وحِسًّا. بالخبر: یقین کرنا فلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّهُ: معلوم کرانا۔
تحسّس: سننا' دیکھنا الخبر: معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ الشیءَ: حواس سے پہچاننا۔ تحسّس منهُ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنحَسَّتْ. اَسنانُه: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِحتَسَّ الشیءَ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الحِسّ: مص۔ حرکت۔ آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ له حِسًّا": میں نے اس کی آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد۔ حِسُّ الحُمّی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحَسّ: مص۔ حیلہ۔ شور۔
الحِسّة والحِسّة: حالت۔ کہا جاتا ہے "هو فی حِسّة سوء": وہ بری حالت میں ہے۔
الحاسّة. الحِاسّ: کا مؤنث۔ معلوم کرنے کی قوت۔ ج حواسّ الحَوَاسُّ الخمس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں۔ (سننا' دیکھنا' سونگھنا' چکھنا' چھونا) "حواسّ الارض خمس": زمین کے لئے پانچ آفتیں۔ سردی' اولے' ہوا' ٹڈی۔ مویشی۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بالقوم حَوَاسّ": لوگوں پر سخت سال گزرے۔
الحَسِیس: آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔
حِسّاس..... الحُمّی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسّی: وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسہ سے ہو اور اس کا ضد عقلی ہے۔
الحُسّاس: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد (حُسَاسَة) بدبختی۔ بدخلقی۔
حَسّاس: گاڑی کی ریس۔
الحَسُوس: سخت قحط کا سال۔
اَلمَذهَبُ الحِسّی: ان لوگوں کا نظریہ جن کا عقیدہ ہے کہ تمام عقلی ملکیات احساس کے ساتھ وجود پذیر ہوتے ہیں۔
حُسَاسَاتٌ. الحبا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔
المَحسُوس: حس ظاہری سے معلوم کیا ہوا۔ بدبخت۔ اَرضٌ مَحسُوسَة: ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین۔
المِحَسَّة: کھریرا۔
الحَاسُوس: جاسوس۔

حَسِبَهُ (ن) حَسْبًا وحِسَابًا وحِسْبَانًا وحُسْبَانًا وحِسْبَةً وحِسَابَةً: شمار کرنا۔
حَسِبَهُ (س ح) حِسْبًا ومَحْسَبَةً ومَحْسِبَةً: گمان کرنا۔
حَسُبَ (ک) حَسَبًا وحَسَابَةً: شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیب) ج حُسَبَاء.
حَسَّبَ: تکیہ دینا..... المیتَ: کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔
(..... واحْسَبَهُ) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اٹھے کہ بس۔ کہا جاتا ہے "اعطی فاحسب": یعنی اس نے دیا اور بہت دیا۔
حَاسَبَهُ مُحَاسَبَةً وحِسَابًا: حسابات کی جانچ کرنا۔
تَحَسَّبَ: قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا..... الخبرَ: دریافت کرنا..... ه: پہچانا۔ قصد کرنا۔
تَحَاسَبَا: ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔
اِحتَسَبَ. الامرَ: گمان کرنا۔ شمار کرنا..... ما عند فلان: آزمائش کرنا۔ اِحتَسَبَ علیه الامرَ: امر منکر سے منع کرنا..... به: قناعت کرنا..... عنه: رک جانا۔ باز رہنا۔
احتَسَبَ وَلَدَهُ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کے لئے افترطہ آتا ہے..... عند الله خیرًا: ثواب کی اُمید رکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایُحتَسَبُ به": یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں۔ و "فلانٌ استعطانی فاحتَسَبتُهُ": فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا اور میں نے اس کو کافی دیا۔
الحَاسِب: فا۔ حساب داں۔ ج حَسَبَة.
الحَسْبُ: مص۔ کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَسْبُکَ درهم" اور یاء کی زیادتی سے "بِحَسْبِکَ درهم" بھی کہا جاتا ہے یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے۔ وهذا رجلٌ حَسْبُکَ مِنْ رجلٍ" یہ مرد تمہارے لئے اس مرد سے کافی ہے۔ و "زید صدیقی فحَسْبِی او فحَسْبُ" زید میرا دوست ہے

کمائی ہوئی کھال سوط محرّم: کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔ اعرابی محرم: اُجڈ دیہاتی۔
المُحرَم: حرام۔ ج مَحارِم. محارِم اللیل: رات کے خطرات۔
المُحرِم: احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انہ لمُحرِم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔
المَحرُوم: خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کرسکتا ہو۔
المُحرِمة والمِحرَمة: ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحارِم.
حَرمَذ. فی الامر: اصرار کرنا۔
الحِرمِذ والحِرمِذ: رنگ بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔
حَرمَزَة: لعنت کرنا۔
الحَرمَل: کالا دانہ۔
خرن وخرُنَ (ن، ک) خُرُونًا وخُرانًا وحِرانًا. البَعلُ: اڑجانا۔ صفت مذکر مؤنث (خرون) ج حُرن. وحَرن فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُن (ک) حَرُونة. بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا..... العسلُ فی الخلیة: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکالنے میں دشواری ہونا۔ وحَرَنَ القطن: دھننا۔
المِحرَن: دُھننے کی کمان۔
الحَرا: گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نزلتُ بَحَراہُ" میں اس کے صحن میں اُترا۔ آواز۔ گرہ۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحراء.
الحرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا انْ یکون ذاک".
الحَرازة: رائی وغیرہ کی تیزی۔
الحَرزة: گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔
حَرِیَ (ض) حَرَیًا. الشَّیءُ: گھٹنا۔ کم ہونا۔
اَحرَیٰ. الشَّیءَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
تَحَرَّیٰ: قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا..... الامرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا..... بالمکان: ٹھہرنا۔
المَحرِی والمَحراة: لائق سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ھذا الامر محریٰ او محراة لذلک او بذالک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔
الحَرِی ج حَرِبون وأحرِیاء: مؤنث حَرِیَّة: ج حَرِیّات وحرایا (الحَرِی) ج اَحراء (الحَرِیٰ) لائق سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "انّهُ لحَرِیٌ او حَرٍ او حَرَیٰ بکذا بانْ یُفعَل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ (آخیر کلمہ کے تثنیہ وجمع نہیں آتے)
الحَرِیة: بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہوگیا ہو۔
اَحرِبہ: فعل تعجب ہے بمعنی کس قدر لائق۔ اس کی ترکیب اجر فعل امر بمعنی تعجب اس کے آخر میں ی حرف علت گرا دیا گیا ہے۔ بہ: با حرف زائد ہے اور ھا حالت رفع میں فاعل احر: کا۔
الاحرَیٰ: زیادہ لائق، زیادہ مناسب، زیادہ بہتر۔
رِجالُ التَّحرِی: پولیس کی تفتیشی پارٹی جو کہ جرائم اور مجرمین کے متعلق تفتیش کرتے ہیں۔
خزَّهُ (ن) حَزًّا واحتَزَّهُ: کاٹنا۔ خزّ العود: شگاف ڈالنا۔
تَحَزَّزَ: شگاف پڑنا۔
حَزَّ واحتَزَّ. علی کرم فلان: بڑھ جانا۔
حَزَّزَ. اَسنانَه: کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّهُ مُحَازَّةً وحِزَازًا: پوری کوشش کرنا۔ اچھی طرح سے تلاش وجستجو کرنا۔
الحَزُّ: مص۔ وقت۔ سخت گفتگو والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّة)
الحَزَّة: درد دل۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "اتیتُ حَزَّةَ اتَیتنی قضیتُ خاجتک": میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت۔
الحِزاز والحَزازة: سرکی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کے لئے قوباء ہے۔
الحَزازة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد، گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزازات.
الحَزّاز والحُزّاز: ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔
حُزاز. القلب: دل کو الم پہنچانے والے امور۔ واحد (حَازَّة)
الحَزِیز: سخت عمل کرنے والا۔ ج حُزز وحُزّان وحِزّان واحِزّة.
الحَزاز: بھوسا جو کہ چھلنی کے بعد گرتا ہے۔ ایک بیماری کا نام۔
الحَزّازی: سخت عمل کرنے والا۔ تیر ہانکنے والا۔
الحَزاز: سفید یا سبز پودا جو کہ پتھروں یا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔
المَحَزّ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قطع فاصاب المَحَزّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔
المِحَزّ: کاٹنے کا آلہ۔ ج مَحاز: سخت گفتگو والا۔
الحَزَز: سختی۔
الحُزّة: نیفہ۔
الغزات: سرخ یا زرد پھول کا نام۔
حَزَأَ (ف) حَزْأً. الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا..... السرابُ الشخص: نمایاں کرنا..... المرأة: جماع کرنا۔
إحزَوزَأَ. الطائرُ: پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا..... الابلُ: اکٹھا ہونا۔
حَزَبَه (ن) حَزْبًا. الوبلُ الغمُّ: پہنچنا، لاحق ہونا، سخت ہونا۔ حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کر کے پڑھنا۔
حَزَّبَ. القومَ: پارٹی پارٹی کر کے جمع کرنا۔

برا بھلا کہنا۔
الخرض: مص۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی..... حرض الثوب: کپڑے کا کنارہ۔
الحرض: قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بری گفتگو۔ ج احراض و حرضان و حرضة.
الحرض و الحرض: اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔
الحرضة: گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے۔ ج حرض.
حرف (ض) حرفا. الشیء عن وجه: پھیرنا، جھکانا..... عن الشیء: مائل ہونا۔
لعباله: ادھر اُدھر سے کمائی کرنا۔
خرف. فی ماله حرفة: کچھ ضائع ہو جانا۔
خرف. البغل: قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا..... القلم: نیزھا قط لگانا۔
..... الشیء: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔
حارفه: معاملہ کرنا اور اسی سے ہے: "فقد علموا فی الغزو کیف نحارف" انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں..... الرجل: شر یا خیر کا بدلہ دینا..... الجرح: سلائی سے اندازہ کرنا۔
احترف: فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا۔
الناقة: لاغر کرنا..... الرجل: خیر و شر کا بدلہ دینا۔
تحرف عنه و انحرف و احرورف: ایک جانب کو جھکنا۔ تحرف لعیاله: ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔
اختراف: پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا..... لاهله: کمائی کرنا۔
الحرف ج حرف: کنارہ، دھار۔ جانب "حرف الجبل" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حرف من امره" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔
الحرف: پانی بہنے کی جگہ۔ حرف السفینة او النهر: کشتی یا دریا کا کنارہ۔ الحرف: ج حروف و احرف: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے..... فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حرف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔
الحرف: رائی۔ واحد (حرفه)
الحرف: محرومی۔ بدبختی۔
الحرفة: پیشہ۔
حریف. الرجل: ہم پیشہ۔ ج حرفاء.
الحرفة: محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔
الحرافة: چرپراہٹ۔
الحریف: چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا بصل حریف" یہ تیز پیاز ہے۔
المحترف: پیشہ ور۔
المحرف و المحراف: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔
المحرّف: وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔
المحارف: محروم۔ کم نصیب۔
حرقه (ن) حرقا. بالنار: جلانا۔
بالمبرد: ریتی سے رگڑنا..... الشیء: بعض کو بعض سے رگڑنا۔
حرق (ن ض) حرقا و حریقا و حروقا. نابه علیه: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یحرق و یحرق علیّ الارم" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدت غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔
حرق (س) حرقا. شعره: کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (خرق) الشعر.
خرق و حرق: پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔
حرّقه و احرّقه. بالنار: جلانا۔
حرّق المرعی الابل: پیاس لگانا۔
تحرّق و احترق: جلنا۔
حارق محارقة. المرأة: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔
الحرق و الحرق: مص۔ جلنا۔ الحرق: دھوبی کے سُکھنے سے کپڑے کی پھٹن۔
الحروق: کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔
الحریق: سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔
الحرقة و الحرقة: گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی خوفه حرقة" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔
الحرقة و الحاروقة و الحرافة: شمشیر براں۔
الحراق و الحراق: ہر چیز کو پھاڑنے والا۔
الحراق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الحریق: آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حرقی.
الحریقة: عامۃ الناس کے نزدیک۔ کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا حرارت۔
الحراق: بہت کھاری پانی۔
حراق: عوام کے نزدیک لقمہ طعام۔
الحرافة: کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حرافات: عوام کے نزدیک حرافة: اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اٹھ آئے۔
الحروق و الحروق: چقماق کا سوختہ۔
الحریقة: گرمی (..... و الجروفة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔
المحرق: ریتی۔
المحرقة: ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کے لئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج محرقات.
الحارق: پیر کی رگ۔ پٹھا۔

حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا: الارض: ہل چلانا کھیتی کرنا۔ صفت (حارِث) ج حُرَّاث. خَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا۔ ..... النارَ: کریدنا۔ الشَّیءَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الامرَ: یاد کر کے بھڑکا اٹھنا ..... الخُبزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (واَحْرَثَ وإحْرَنْثَ) الدَّابَّةَ: تھکانا۔ دبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حَرِیثَة) ج حَرائِث.

اِحْتَرَثَ الارضَ: کھیتی کرنا۔ المالَ: کمائی کرنا۔

الحَرْث: مص۔ کھیتی۔

الحَارِث: فا۔ ج حُرَّاث. الحَارِث. وابو الحارث: شیر کی کنیت۔

الحَرِیثَة: کمائی۔ ج حَرائِث.

الحِرَاثَة: کھیتی۔ کاشتکاری۔

المِحْرَث. ج مَحَارِث و (المِحْرَاث) ج مَحَارِیث: ہل۔ کرینی۔

حَرِجَ (س) حَرَجًا. الشَّیءُ: تنگ ہونا ..... الرَّجُلُ: گنہگار ہونا ..... العَینُ: اندر دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔

عَلَیْهِ الشَّیءُ: حرام ہونا۔ الیہ: پناہ لینا ..... الغُبارُ: تنگ جگہ میں گھٹنا۔

حَرَجَ (ن) حَرْجًا. انیابَه: غصہ سے دانت پیسنا۔

حَرَّجَه: تنگ کرنا۔ حَرَّجَ عَلَیْهِ: کسی سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔

اَحْرَجَهٗ: گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔ تنگ جگہ کے لئے مجبور کرنا۔ فلانًا الیہ: مضطر کرنا۔ اَحْرَجَ عَلَیْهِ الامرَ: حرام کرنا۔

تَحَرَّجَ: گناہ سے بچنا۔

الحَرَج: گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ مردہ لے جانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لا حَرَجَ عَلَیْکَ" تمہارا کوئی قصور نہیں یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں۔

وَحَدِیثٌ عَنِ البَحْرِ وَلا حَرَجَ: سمندر کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔

الحِرْجُ: گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا حصہ۔ درندوں کے شکار کے لئے پھندا۔ بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَحْراج و حِرَاج.

الحَرِج: تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف کھائے۔

الحَرَجَة: درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا اونٹوں کا گلہ۔ ج حَرَج و حَرَجات.

الحُرْجَة: ڈولچی۔

الحَرِنْج: تنگ۔

المِحْراج. مِنَ اللیالی: بہت مسرورات۔

المُحَرِّج: تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "حَلَفَ بالمُحَرِّجات" اس نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔

حَرْجَلَ حِرْجَلَة: لمبا ہونا۔ دانیں بائیں دوڑنا۔

الحِرْجَلَة: مص۔ لنگڑا پن۔ (..... والحِرْجَل) گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جاءَ واخراجِلَةٌ" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔

الحُرْجُل والحُرْجُل: لمبا۔

خَرْجَمَ. الابلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔

اِخْرَنْجَمَ. القومُ او الابلُ: اکٹھا ہونا۔ عن الامر: ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔

حَرِدَ (س) حَرَدًا و حُرُودًا. عَلَیْهِ: غضب ناک ہونا۔ صفت (حارِد و حَرِد و حَرُدان) ..... الوَتَرُ: کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرَد)

حَرَدَه (ض) حَرْدًا: منع کرنا۔ ارادہ کرنا ..... الخَشَبَ: سوراخ کرنا۔ (حُرُودًا) قوم سے علیحدہ ہو کر اکیلا ہونا۔ صفت (حَرْدٌ و حَرِدٌ) ج حُرْدان.

حَرَّدَ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔ الشَّعْرُ: ایک بال کا تنہا اگنا ..... ہ: روکنا۔ حَرَّدَ الحَبْلَ: بٹنے سے گول ہو جانا۔ الشَّیءَ: ٹیڑھا کر دینا۔

اَحْرَدَهٗ: الگ کر دینا۔ اکیلا کر دینا۔ اَحْرَدَ فی المشی: تیز چلنا۔

تَحَرَّدَ. الادیمُ: بالوں سے پاک صاف ہونا۔

حَارِدَتِ. الناقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (حَرُود مُحَارِد) ..... السنةُ: کم بارش والا ہونا۔ حَارَدَ الرَّجُلُ: دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا۔

اِنْحَرَدَ: اکیلا ہونا ..... النجمُ: ٹوٹنا۔

الحَرَد: مص۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔

الحَرُود: کم دودھ والی اونٹنی۔

الحَرِیدَة: دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں سے تھوڑی چیز۔

الاَحْرَد: اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد.

المِحْراد: بے بارش کا سال۔ جمع مَحَارِد.

الحَرْدَبَة: سخی بے عقلی۔

الحِرَذُون: نرگوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

حَرَزَ (ن) حَرْزًا. المالَ: حفاظت کرنا اکٹھا کرنا۔

حَرِزَ (س) حَرَزًا: پرہیزگار ہونا۔

حَرُزَ (ک) حَرَازَةً وحُرُوزًا. المکانُ: مضبوط ہونا۔

حَرَزَ. الشَّیءَ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔ (..... واحْرَزَ) المکانَ الرجلَ: جانے پناہ ہونا اَحْرَزَ الشَّیءَ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ. منہ: بچنا۔

اِنْحَرَزَ: محفوظ جگہ میں آ جانا۔

الحِرْز: مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "جِرْزٌ حَرِیزٌ وحارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَهٗ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع

الحَذَف: مص۔ چھوٹی بھیڑیں۔ حَذَفُ الزرع: کھیتی کے پتے۔
الحَذَف: ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفَة.
الحُذَفَة: پست قد عورت۔
الحُذَافَة. مِنَ الشَّیءِ: تھوڑا۔ تراشہ۔
الحِذفار والحُذفُور ج حَذَافِیر: جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادۂ جنگ لوگ۔ کہا جاتا ہے "اشدُدْ حَذافِیرَک" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و"اَخَذَہٗ اوَنالَہٗ بِحَذافِیرِہٖ وبِحُذُورِہٖ وبِحَذافِیرِہٖ" اس نے اس کو تمامہ لے لیا۔
حَذَقَ (ض) حَذِقَ (س) حَذَقًا وحِذقًا وحِذاقًا وحَذَاقَةً وحِذاقَةً: ماہر ہونا۔ صفت (حاذِق) ج حُذَّاق وحِذاق. الکتاب: پوری پڑھ لینا۔ العمل: ماہر ہونا۔
حَذُقَ (ض) حُذُوقًا. الخلُّ: بہت کھٹا ہونا۔
حذق (ض) حَذْقًا. الشَّیءَ: کاٹنا..... الخلُّ فاہ: چرپراہٹ لگنا۔
حَذَّقَہٗ: ماہر بنانا۔
تَحَذَّقَ: ماہر ہونا۔ وتَحَذَّقَ عَلَیہ: مہارت ظاہر کرنا۔
اِنحَذَقَ: کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقَتِ الحَبلُ فانحَذَقَ" میں نے رسّی کو کوٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحِذقَة: ٹکڑا۔ ج حِذَف وحُذاق: (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحاذِق: نا۔ ج حُذّاق وحِذاق..... من النحل: بہت تیز سرکہ۔
الحَذِیق: کٹا ہوا۔
الاحذاق: ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "حبلٌ اَحذاق" کئی ہوئی رسّی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوب اَخلاق میں)
الحِذاق: بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذافة: تھوڑا کھانا۔
الحُذافِیّ: فصیح زبان والا۔ تیز چھری، گدھے کا بچہ۔
حَذِلَ (س) حَذَلاً. العینُ: گری ہوئی پلکوں والا ہونا۔ صفت (حَذْلاء)
اَحذَلَ. العینَ: پلک گرا دینا۔
تَحَذَّلَ. عَلَیہِ: مہربان ہونا۔
الحَذَل: میلان (..... والحَذَل والحُذُل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذالَة: ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ گُرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذلَقَ ونَحَذلَقَ: حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَتَحَذلَقُ فی کلامِہٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔
حُذلِقَ. الشَّیءُ: تیز کیا جانا۔
رجل (حِذلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا گپی۔
حَذلَمَ: جلدی کرنا۔ العوذ: چھیل کر تیز کرنا..... السفاء: بھرنا۔
تحَذلَمَ: جلدی کرنا، باادب ہونا۔
الحُذلُوم: ہلکا پھلکا، جلد باز۔
حَذَمَہ (ض) حَذمًا: کاٹنا..... (حَذمانًا) فی مشیتہ: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحَذِم والحِذیَم والمِحذَم. مِنَ السیوف: شمشیر براں۔
الحذم: باز و کٹے ہوئے پرندہ کی اُڑان۔
حَذام: ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔
الحُذام: سست و کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عَبدًا حُذامَ المشی" اس نے سُست رفتار غلام خریدا۔
حَذا (ن) حَذوًا وحِذاءَ النَّعل: نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النَّعلَ بالنَّعلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذاہُ وحَذا حَذوَہٗ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا (حَذاہُ وحَذالَہٗ واَحذاہ) نَعلاً: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشرابُ لِسانَہ: زبان کو چھیل دینا..... الثوابَ فی وجوھھم: خاک ڈالنا۔ زیدًا شیئًا: کسی کو کچھ دینا۔
حَذاہُ وحاذاہُ مُحاذاۃً وحِذاءً: مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحاذَیا: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان یَتَحاذُونَ المَاءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحتَذیٰ: جوتہ پہننا..... مثال فلان وعلی مثالہ: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِستَحذاہُ: جوتہ طلب کرنا۔
الحِذاء والحِذوۃ والحَذو والحُذوۃ والجُذوۃ: مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری حِذاءَ دارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجَلَسَ حِذاءَہ وبِحِذائِہٖ" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔
الجِذوۃ والحُذوۃ: عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الحُذاوۃ: ہیئت۔
الحِذاء: جوتہ۔ اُونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحذِیَہ.
الحَذّاء: جوتہ بنانے والا۔ ج حَذّاؤُون کہا جاتا ہے۔ ھُو (مُحاذِیکَ) وہ تمہارے مقابل ہے۔
حَذیٰ (ض) حَذْیًا. الخلُّ لِسانَہ: زبان کو چھیل دینا..... بذہ: کاٹنا..... ہ بلسانہ: گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحذاہ اِحذاءً: مال غنیمت کا حصہ دینا اَحذاہُ طَعنَۃً: نیزہ مارنا۔
الحُذیا والحُذیّا والحُذانۃ والحُذیّۃ: مال غنیمت کا حصہ۔ والحُذیّا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحِذیۃ: ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحذاء: لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حَرَّ (س) حَرارًا. العَبدُ: آزاد ہونا (حُرِّیَۃ) شریف الاصل ہونا۔ (..... حَرَّۃً). پیاسا ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا وحَرَّۃً وحُرُورًا وحَرارَۃً: گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا. الماءَ: گرم کرنا۔

وابتداء۔
الحُدْثی: نئی۔
الحُدُوْثَة: آغاز وابتداء۔
الحِدْثَان: آغاز وابتداء حدثانُ الدھر وحَدَثانہ: زمانہ کی سختیاں۔
الأُحْدُوثة: بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج أحادِیث۔
حُدُوْثُ العالَم: فلاسفہ کے نزدیک دنیا کا حادث ہونا۔ اس کے صانع نے اس کو نیا بنایا ہے وہ ازل سے نہیں۔
الحَادِث: نو پید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج حَوادث۔ وحَادثات۔ حَوَادِثُ الدھر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدِیْث ج حِدْثان وحُدَثاء: نیا۔
الحَدِیْث ج أحَادِیْث وحِدْثان وحُدْثان: خبر۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا اَحَادِیْث" یعنی وہ لوگ ختم ہو گئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحدیث: نبی کریم ﷺ کے اقوال افعال واحوال بتانے والا علم۔
الحَدِیْث: بہت گفتگو کرنے والا۔
الحُدَّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔
الحِدِیْثی: خبر حدیث۔
المُحْدَث: مخالف کتاب وسنت واجماع کے خلاف نئی بات۔ ج مُحْدَثات: نیا۔
مُحْدَث. القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔
خدَجَ (ض) خَدْجا. البعیرَ: اُونٹ پر کجاوہ باندھنا..... الاحمالَ: باندھنا..... الابلَ: داغ لگانا.....ہ: مارنا۔ خَدَجَہٗ بالسھم: تیر اندازی کرنا.....ہ بالذنب: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "خدجہ ببیع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کردی جس میں گھاٹا ہے۔
خدَجَ وخَدَّجَ، ببصرہ: گھورنا۔ تیز دیکھنا۔
أخْدَجَ. البعیرَ: اُونٹ پر بوجھ لادنا۔ اُونٹ پر کجاوہ کسنا۔
الخِدْج: بوجھ۔ ج خُدُج وخُدُوج وأخْدَاج. (.....والخِداجَة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری۔ ج خَدَائج.
الخدَج: کچا اور سخت اندرائن۔ کچا خربوزہ۔
أبُوْ خُدَیج: قلق پرندہ کی کنیت۔
المِخْدَج: اُونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار۔
خَدَرَ وخَدُرَ (ن وک) خَدْرًا وخُدُوْرًا وخَدَارَةً. الرجلُ: مضبوط وموٹا ہونا۔
.....الجلدُ: سوجنا۔ خدرُوْا وحَوْلَہٗ وبہ: گھیر لینا۔
خَدَرَ (ن وض) خَدْرًا وخُدُوْرًا: نیچے اُترنا۔ الشَّیءُ: نیچے اُتارنا..... الظلامُ عن خُنکہ: جھکانا..... العَیْنُ الدمعَ: آنسو بہانا۔
القراءَةَ فی القراءَةِ: تیزی سے پڑھنا۔
..... الدواءُ بَطْنَہ: اسہال لانا۔
تَخَدْرَوَ تَخادَرَ: اُترنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیتُ الدمْعَ یَتَخادَرُ عَلٰی لِحْیَتِہٖ" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔
اِنْخَدَرَ: نیچے۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَدَرْتُ مِنَ الجَبَلِ اِلَی المَدِیْنَة" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اترا۔ الجلدُ: سوجنا۔
الخَدَر: ڈھلواں جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ آنکھ کا بھینگا پن۔
الخَدُرُ والخُدْرَاء والخَادُوْر: وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ الخَادُور: اسہال لانے والی دوا۔ ج خَوَادِیر۔
الخُدْرَة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ غُبَّ خُدْرَةٌ: پُر گوشت آنکھ۔
الخُدْرَة: اُونٹوں کا ریوڑ۔
الخَادِر: فا۔ موٹا خوبصورت جَبَلٌ خادِرٌ: بلند پہاڑ۔ خَبْلٌ خَادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ حَیٌّ خَادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔ الخادر: شیر۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ خَادِرَةُ العَیْنَیْن" پُر گوشت خوبصورت آنکھوں والی اُونٹنی۔
الأخْدَر. مِنَ الخیل: پُر گوشت گھوڑا۔ مِنَ الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث خَدْرَاء۔
الخَدُوْرَة والخُدُوْرَة والخَادُوْرَة: نسوں کا بہاؤ۔
الخُنْدُر والخُنْدُوْر والخُنْدُوْرَة والخِنْدَارَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج خَنَادِر کہا جاتا ہے "جُعِلَہٗ علی خُنْدُوْرَةِ عَیْنِی وخُنْدِیْرَةِ عَیْنِی" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الخُنْدَر: شیر۔ پست قد۔
الخَیْدَرَة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہ بالخَیْدَرَة" اللہ اس کو مصیبت وہلاکت میں مبتلا کرے۔
خَدَسَ (ن ض) خَدْسًا. فی الامر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشَّیءَ بِرِجْلِہٖ: روندنا۔ زَبْدًا: پھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاةِ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔ فی الارض: نکل سے چلنا۔ فی السیر: تیز چلنا۔ خَدَسَ بہ الارضَ: پٹک دینا۔
تَخَدَّسَ. الاخبارَ وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الخَدِیْس والمَخْدُوْس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔
الخَدُوْس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔
الخَدْس: مص۔ دانائی۔ زیرکی۔
الخَدْسِیَّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الخِدَاس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ بہ الخِدَاسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔
المَخْدِس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ المَخْدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔
خَدَقَ (ض) خَدْقًا. القومُ: گھیر لینا۔
خَدَقَ بَعَیْنِہٖ: کسی کی طرف دیکھنا.....ہ: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المریضُ خُدُوْقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔
أخْدَقَ. القومُ بہ: گھیر لینا۔ أخْدَقَتِ الرَّوْضَةُ: باغ میں چاردیواری ہونا۔

الحَجَل واحد حَجَلة ج. حِجْلان و حُجَلی: چکور۔
الحَجَل والحِجْل والحِجِل: پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی۔ ج اَحْجال و حُجُول.
الحَجَلة: پردہ جو دلہن کے لئے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لئے آراستہ کیا جائے۔ ج حِجال و حَجَل: عربوں کے قول "الخُجول لِرَبّات الحِجال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لئے ہے۔
الحُجَیلا: پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔
الحَوْجَلة والحَوْجَلَة: شیشی۔ ج حواجِل و حَواجِل.
المُحَجَّل. من الخیل: ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ یومٌ مُحَجَّل: خوشی کا دن اور کہا جاتا ہے "اَمرٌ اغرُّ مُحَجَّل" بہت مشہور معاملہ۔
حَجَمَ (ن ض) حَجْمًا. البعیرَ: منہ پر جالی لگانا..... الحَجّامُ المریضَ: پچھنا لگانا..... الحبَّةُ: ڈسنا..... الصبیُّ لدی امه: چوسنا۔ حجمه عن الشیٔ: منع کرنا۔ حجم طرفه عنه: نگاہ پھیرنا۔
حَجَمَ (ن) حَجْمًا و اَحْجَمَ. الثدیُ: اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ اَحْجَمَتِ المرأة للمولود: پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ اَحْجَم عن الشیٔ: ڈر کر باز رہنا یا پیچھے ہٹنا۔
اِحْتَجَمَ: پچھنا لگوانا۔
الحِجامة: پچھنا لگانے کا پیشہ۔
الحَجْم: مص۔ جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حُجُوم.
الحِجام: اُونٹ کے منہ میں لگانے کی جالی۔
الحاجم ج خجام و حَجَمة و (الحَجّام) پچھنے لگانے والا۔
المِحْجَم: پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج مَحاجم
المِحْجَم والمِحْجَمة: پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج مَحاجِم.
المِحْجام: خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔
حَجَنَ (ن) حَجْنًا و حَجَّنَ. العودَ: موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ (..... و اِحْتَجَنَ) الشیٔ: ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَجَنَ المالَ" اس نے مال کو جمع کیا۔ نیز اس نے منتشر مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی۔ اِحْتَجَنَ عَلَیْه: روک دینا۔
حَجَنَ (س) حَجَنًا. بالدار: اقامت کرنا..... عَلَیْه وبه: بخل کرنا۔
تَحَجَّنَ: مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔
الحَجَن والحُجْنة: کجی۔ ٹیڑھا پن۔
الحُجْنَة: اپنے لئے مخصوص طریقہ سے جمع کی ہوئی چیز۔ الحَجَنُ: چیڑی۔
الاَحْجَن: ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "صفر اَحْجَنُ المخالب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا۔ مؤنث حَجْنَاء ج حُجْن.
الحَجُون: کاہل۔ کہتے ہیں "سِرْنا عَقَبَةً حَجُونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے۔
المِحْجَن والمِحْجَنة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔ ٹیڑھے سر والا۔ کہا جاتا ہے "هو محجنُ مال" وہ مال کا یعنی اُونٹوں کا بہترین منتظم ہے۔ مَحْجَنُ الطائر: چونچ۔
حَجَا (ن) حَجْوًا: ٹھہرنا..... بالمکان: اقامت کرنا..... بالشیٔ: بخل کرنا..... به خیرًا: گمان کرنا..... السرَّ: حفاظت کرنا..... حَجاه: قصد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ منع کرنا..... القومَ: بدلہ دینا..... الامرَ: گمان کر کے دعویٰ کرنا۔
حَجِیَ (س) حَجِیً. به: فریفتہ ہو کر لازم ہونا۔
اَحْجاه اِحْجاءً. بکذا: لائق بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما اَحْجاه بکذا" وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔
حاجاهُ مُحاجاةً: پہیلی پیش کرنا۔ یا عقل وزیرکی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حاجَیْتُه فَحَجَوْتُه" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔
تَحَجّی. بالشیٔ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا.....
بالمکان: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّیتکم لی هذا المکان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا..... الشیٔ: قصد کرنا۔
اِحْتَجی. الشیٔ: چھپانا۔
تَحاجَوا: آپس میں پہیلی پیش کرنا۔
الحِجی: عقل وزیرکی جمع اَحْجاء.
الحِجا: کنارہ۔ گوشہ۔ ج اَحْجاء: پردہ۔
الحَجا: وادی کا موڑ۔ زمین کا بلند حصہ۔ ج اَحْجاء و حِجا. الشیٔ: کنارہ۔
الحَجاة: بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ۔ ج حَجا.
الحَجِی و الحَجِیّ: لائق۔
الاُحْجِیَّة: چیستاں۔ پہیلی۔ ج اَحاجی و اَحاجِ کلمة (مُحْجِیَة و مُحْجِیَّة) پہیلی دار کلمہ کہ جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں۔ کہا جاتا ہے "انه (المَحْجاة) ان یفعل کذا" یعنی وہ یقیناً اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔
حَدَّ (ن) حَدًّا و حَدَدًا. الدارُ: حد مقرر کرنا..... المذنبَ: حد جاری کرنا..... الشیٔ عن الشیٔ: جدا کرنا..... اللّٰه عنّا الشر: روکنا۔ باز رکھنا۔ پھیرنا۔
حَدَّتْ (ن ض) حَدًّا و حِدادًا. المرأةُ: سوگ منانا۔ صفت (حادّ) ج حواد.
حَدَّ حَدًّا و حَدَّدَ و احَدَّ. السِّکِّینَ: تیز کرنا۔
حَدَثَ (ض) حِدَّةً و احْتَدَّتْ. السکینُ: تیز ہونا..... باریک دھار ہونا۔
حَدَّ (ض) حَدًّا و حَدَدًا و حِدَّةً. علیه: غضب ناک ہونا۔
حَدَّدَ. الارضَ: حدود قائم کرنا..... الیه ولَه: قصد کرنا..... الامرَ: معلوم کرانا..... علیه: غضب ناک ہونا..... الزرعُ: بارش مؤخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا۔
حادَّهُ: دشمنی کرنا۔ باہم غضب ناک ہونا۔

الحَثْل: برے طریقہ سے دودھ پلانا۔ تباہ حالی۔
الحَثَل: لاغر۔ کمزور۔
الحَثَلة: حوض کا بقیہ پانی۔
الحُثَال والحُثالة: چاول وغیرہ کا چھلکا۔
حُثالة الدهن: تیل کا تلچھٹ..... الناس: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الحُثْمة والحَثَمة: چھوٹا ٹیلہ۔ والحَثَمة: ناک کا بانسہ۔ ج حِثام۔
الحُثْمة: بند کے نزدیک پانی کے گزرنے کی جگہ۔
حثا (ن) حَثْوًا وحَثْيًا (ض) حَثْيًا ونَحْثاءً: النراب: گرانا۔ ڈالنا۔ النراب: گرنا..... له: تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَثَا فِي وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کر دیا۔ "وحثا في وجه النراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔
استَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔
الحَثَا والحَثْي: بھوسہ کے ریزے۔ ڈالی ہوئی مٹی۔
الحَثْواء: بہت مٹی والی زمین۔
الحَثْي: مص۔ لپ ج حَثَيات۔
الحُثوة: مٹی کا ایک حصہ۔ ج حثيٌ۔
حَجَّهُ (ن) حَجًّا: دلیل میں غالب ہونا۔
الجُرْح: سلائی لگا کر دیکھنا.....ه: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَجَّ بنو فلان فلانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمد و رفت کی "وحَجَجْتُ فلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ حَجَّ الأماكن المقدسة: زیارت کرنا۔ صفت (حاجّ) ج حُجّاج وحَجيج وحُجّ: مؤنث حاجّة ج حواجّ' حجّ غلبه: آنا..... عن الامر: باز رہنا۔
حاجّهُ حجاجًا ومُحاجّة: جھگڑا کرنا۔
حَجَّجَهُ تحجيجًا واحْجَّهُ واحْجاجًا: حج کرنے کے لئے بھیجنا۔
تحاجّا تحاجًّا: باہم جھگڑا کرنا۔
احتجّ: دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا..... بالشيء: دلیل یا عذر بنانا..... البيت: زیارت کرنا۔
استَحَجَّ: حجت طلب کرنا۔
الحاجّ: فا۔ مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجّاج۔ کہتے ہیں "قَدِمَ الحاجُّ حتى المُشاة" حاجی صاحبان آ گئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔
الحِجّة: حج کا اسم۔ سال۔
ذُوالحِجّة: قمری سال کا بارہواں مہینہ ج ذوات الحِجّة. الحِجة: کان کی لو۔
الحَجَبة: بالی۔ کان کی لو۔
الحُجّة: دلیل۔ برہان۔ ج حُجج وحِجاج.
الحُجاج: ابرو کی ہڈی۔ ج حُجُج واحِجّة وحِجاج. حَجاجُ الشمس: آفتاب کا کنارہ۔
الحَجِج: دلیل میں غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کے زخم کو سلائی میں ڈال کر معلوم کیا جائے۔
المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ۔
المَحَجّة: راستہ کا درمیان۔ ج مَحاجّ.
المِحْجاج: بڑا جھگڑالو۔ زخم معلوم کرنے کی سلائی۔
المِحْجوج: دلیل میں مغلوب۔ مطلوب و مقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔
حَجا (ف) حَجْأً. بالشيء: خوش ہونا۔ عنه الشيء: روکنا۔
حَجِيَ (س) حَجْأً وحَجاً وحَجًّا: بالشيء: بخل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔
الحَجِي: سزاوار۔ لائق۔ تم کہتے ہو "حجي بكذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ تم کہتے "هو حجي اليهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔
المَحْجا: پناہ لینے کی جگہ۔
حَجَبَهُ (ن) حَجْبًا وحِجابًا وحَجَّبَهُ: چھپانا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَبَ بَيْنَهُمَا: حائل ہونا۔ حَجَبَ صدرُه: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "فلان يَحْجُبُ للامير" فلاں امیر کا دربان ہے۔
تَحَجَّبَ واحْتَجَبَ: چھپنا۔
اسْتَحْجَبَهُ: حاجب بنانا۔ دربان بنانا۔
الحِجاب: مص..... ج حُجُب: پردہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ تعویذ۔ حجاب الشمس: آفتاب کی روشنی۔ حِجابُ القلب: پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔
الحاجِب ج حَواجِب وحَواجِبُ: ابرو..... حواجبُ الشمس: آفتاب کی شعاعیں..... الشيء: چیز کا کنارہ۔ حاجِبُ الشمس: آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔ الحاجب ج حُجّاب وحَجَبة: دربان۔
الحِجابة: دربانی۔
حَبَّذا: اس کا اعراب یعنی ترکیب۔
حب: فعل ماضی ذا: اسم اشارہ اس کا فاعل فعل فاعل مل کر خبر مقدم ضمیر یا بعد والا اسم اس کا مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔
الخاجبية: معتدل علاقوں کی ایک پھولدار انگوری۔
المَحْجوب: اندھا۔
حَجْحَجَ: گفتگو سے رکنا..... بالمكان: اقامت کرنا..... الرجلُ: پچھلے پاؤں واپس ہونا۔
حَجَرَهُ (ن) حَجْرًا وحُجْرانًا. بثلث الحاء في المصدرين: منع کرنا۔ حَجَرَ عليه القاضي: مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔ (..... حَجْرٍ ومَحْجَرًا) عَلَيْهِ الامرَ: محروم کرنا۔
حَجَّرَ. القمرُ: ہالہ والا ہونا..... الطينُ: پتھر کی مانند سخت ہونا۔

خَبِنَ (س) خَبَنًا وخُبْنَ خَبَنًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔صفت (خابن ومَخبُون وأخبَن) ..... غَلَيْهِ: غصہ سے بھرنا۔

أَخْبَنَهُ. الداءُ: سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔

الخَبْن والخَبِين: کپڑے کا درخت۔

أُمّ خُبَيْن والخُبَيْنَة: گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

الجَبَن: بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا۔ج حُبُون.

خَبَا (ن) خَبْوًا: قریب ہونا۔کہا جاتا ہے "خَبَوَت الى الخمسين" میں پچاس سال کے قریب ہو گیا..... الوَلَدُ: چوتڑوں کے بل گھسٹنا..... السفينةُ: جاری ہونا۔ خَبَا ما خَوَله: حفاظت کرنا اور منع کرنا..... الشيءُ له: پیش آنا۔ السهمُ: نشانہ خطا کرنا.....ہ كذا وبكذا: بغیر کسی بدلہ کے دینا.....ہ عن كذا: منع کرنا۔

خَبَّاه: حفاظت کرنا اور منع کرنا۔

خابَى مُخابَاةً وخِبَاءً. الرجلَ: مدد کرنا۔ دوسروں کے علاوہ مخصوص کرنا.....ہ في البيع: سہولت برتنا..... القاضي زيدًا في الحكم: انصاف سے ہٹ کر مائل ہونا۔

أَخْبَى. الرامي: نشانہ سے خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَمى فَأَخْبَى" اس نے تیر پھینکا اور نشانہ سے خطا کی۔

إِخْتَبَى إِخْتِبَاءً. بالثوب: کسی کپڑے میں لپٹ جانا۔ پیٹھ اور پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے باندھ لینا۔

الجِبَاء والجِبْوَة والحَبْوَة والحُبْوَة: عطیہ۔ الجِبَاءُ: عورت کا مہر۔

الحَبْوَة والحُبْوَة: وہ کپڑا جس سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھ لیا جائے۔ ج حُبًى وجِبًى.

الجِبِيّ والخَبِيّ: گہرا بادل جو زمین سے قریب ہو۔

الحَابِي: فا۔ گردن تک بلند کندھوں والا۔

تَارَبَهُ : ہمعصر ہونا۔دوست ہونا۔
تَتَرَّبَ : مٹی ہونا۔خاک آلود ہونا۔
التُّرَاب : مٹی۔ج اَتْرِبَه و تُرْبَان.
التِّرْيَاب : بکری کا دست۔
التِّرْب : ہم عمر۔اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لئے ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے " هٰذِهِ تِرْبُ فُلَانَةَ" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔
التُّرْبَاء : مٹی۔زمین۔کہتے ہیں " بَيْنَهُمَا مَا بَيْنَ الْجَوْزَاءِ وَ التُّرْبَاءِ" ان دونوں کے درمیان آسمان وزمین جیسا فرق ہے۔
التُّرْبَة : مٹی۔قبرستان۔ج تُرَب. تُرْبَةُ الْاِنْسَان : انسان کی قبر۔
التَّرِب : فقیر۔" رِيحٌ تَرِبَةٌ" خاک اڑانے والی ہوا۔" لَحْمٌ تَرِبٌ" خاک آلود گوشت۔" مَكَانٌ تَرِبٌ" بہت مٹی والی جگہ۔
التَّرْبَة ج تُرَب : ایک قسم کی گھاس.....ج تَرِبَات : انگلیوں کے کنارے۔سرانگشت۔
التَّرْبِيَة : سینہ کی ہڈی۔سینہ کا بالائی حصہ۔
تَرِيبَةُ الْبَعِيرِ : اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ۔ج تَرَائِب.
المَتْرَبَة : فقر وفاقہ۔کہا جاتا ہے " مِسْكِينٌ ذُو مَتْرَبَةٍ" یعنی خاک آلود مسکین۔
تَرْتَرَ. تَرْتَرَةً : جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔گفتگو میں نرم ہونا۔بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا.....الشَّيْءُ : خوب بلانا۔
تَتَرْتَرَ : ہل جانا۔
التَّرَاتِر : سختیاں۔
تَرِجَ (س) تَرَجًا : الرَّجُلُ : دشوار پانا' مشکل ومشتبہ پانا۔
تَرَجَ (ن) تَرْجًا. : چھپنا۔پوشیدہ ہونا۔
التَّرِيج : مضبوط پٹھوں والا۔مؤنث تَرِيجَة اور کہا جاتا ہے "رِيحٌ تَرِيجَةٌ" تیز ہوا۔
تَرْجَمَ. الْكَلَامَ : ترجمہ کرنا۔صفت (تُرْجُمَان وتُرْجُمَان) ج تَرَاجِمَة وَ تَرَاجِم. الرَّجُلَ عادات واخلاق بیان کرنا۔عَنْهُ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔کہا جاتا ہے " تَرْجَمَهُ بِالتُّرْكِيَّةِ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
تُرْجِمَ. الكَلَامُ : مشتبہ ہونا۔
التَّرْجَمَة : ترجمہ۔سوانح عمری۔ج تَرَاجِم وَ تُرْجَمَةُ الْكِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔
تَرَحَ (ف) تَرْحًا و تَتَرَّحَ : غمگین کرنا۔
تَرَّحَهُ و اَتْرَحَهُ : غمگین کرنا۔
التَّرْح : غم محتاجی۔فقیری۔ج اَتْرَاح
التَّرِح : کم خیر والا۔بہت غم والا۔
المِتْرَاح. مِنَ النُّوقِ : اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہوجائے۔ج مَتَارِيح.
تَرَزَ (ض) وتَرِزَ (س) تَرْزًا و تَرُوزًا : الشَّيْءُ : خشک ہونا۔مضبوط ہونا۔سخت ہونا.....المَاءُ : پانی کا جم جانا۔
تَرَزَهُ (ض) تَرْزًا : پچھاڑنا۔

التاء :حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مؤنث) ج تاء ات :نسبت کے لئے ثانی و ثانوی و ثَنَوِیّ کہا جاتا ہے "قَصِیْدَۃٌ ثَانِیَۃٌ و ثَانَوِیَّۃٌ و ثَنَوِیَّۃٌ" اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے قُمْتُ قُمْتَ و قُمْتِ و قُمْتُمَا و قُمْتُمْ وقُمْتُنَّ اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قَائِمَۃٌ وذَھَبَتْ اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لئے جیسے شَجَرَۃٌ.

اور کبھی مبالغہ کے لئے جیسے فَھَّامَۃٌ. علّامَۃ اور کبھی یہ حرفِ جر ہوتا ہے اور قسم کے لئے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔جیسے تَاللّٰہِ.

اور کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبِّی۔

اور کبھی کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لئے جیسے مھالبۃ۔

اور کبھی حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَہ زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ وَ اقْتَتَلَ.

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء اور کبھی اوّل کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَۃٌ.

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَۃٌ.

تا :مؤنث مفرد کے لئے اسم اشارہ ہے۔ اس کا تثنی تَانِ ج اُولَاءِ اور اس پر "ھاء تنبیہ" بھی داخل ہوتا ہے جیسے ھاتَا ھاتَانِ و ھٰؤُلَاءِ.

خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔جیسے تَاک و تَلک و تِکَ و تِلک (تلک میں تاء کا فتحہ لغت رویہ ہے) تثنی کے لئے تَانِک و تَانِّک اور جمع کے لئے اولئک و اُولَاکَ و اولالکَ اور تَلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں ھاء تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَّابُوت :لکڑی کا صندوق اور اسی سے تابوت میّت ہے۔کشتی۔ج تَوَابِیْت.

تَأَتَّأَ تَأْتَأَۃً و تَأْتَاءً :بولتے ہوئے تتلانا۔صفت تَأْتَاء..... الطِّفْلُ :چلنا.....المحَارِبُ : لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لئے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَأَزَ (ف) تَأْزًا :جھڑکنا۔

تَأَزَ إِتْأَزًا :دیکھنا۔ٹکٹکی لگانا.....بِالْعَصَاء : لاٹھی سے مارنا۔

التَّأْرَۃ :ایک مرتبہ۔ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔کہا جاتا ہے " فَعَلْتُ تَأْرَۃَ ھٰذَا وَ تَارَۃَ ذَاکَ"و " تَارَۃً بَعْدَ تَارَۃٍ" ج تَآرَات و تِیَر و تُئُر.

تَأَزَ (ف) تَأْزًا. الْجُرْحُ :زخم کا بھر جانا۔ مندمل ہونا.....القَوْمُ فِی الْحَرْبِ :لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَئِقَ (س) تَأَقًا. الْاِنَاءُ :برتن کا بھر جانا۔ الرَّجُلُ :غصہ سے بھر جانا۔صفت (تَئِق و متّاق)

اَتَاقَ. الْاِنَاء :برتن بھرنا۔

التَّأَفَّۃ :غصہ کی تیزی اور برائی کی طرف تیز قدمی۔

اَنْأَمَ. المَرْأَۃُ :جڑواں جننا۔صفت (مُئْنِم) :اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِئْنَام) کہتے ہیں ج مَئَانِیم.

تَاءَمَ. اَخَاہُ :جڑواں پیدا ہونا۔صفت (تَئِم و تُؤُم و تُئْم) الثَّوبَ :تانا بانا دونوں میں دو سوتی بننا۔صفت مفعولی (مِتْأَم)

التَّوْأَم :جڑواں۔ج تَوَائِم و تُؤَام مؤنث تَوْأَمَۃ کہا جاتا ہے "ھٰذَا تَوْأَمُ ھٰذَا وَ ھٰذِہٖ تَوْأَمَۃُ ھٰذِہٖ" اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو تُؤَامَان و تَوْأَمَان کہتے ہیں جیسے زَوْجَان وَ زَوْج. التَّوْأَم :جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔تَوَائِمُ النُّجُومِ أَوِ اللُّؤْلُؤ : ستارے یا موتی جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

تَبَّ (ن) تَبًّا. الشَّیْءُ :کاٹنا.....فُلَانًا : ہلاک کرنا۔

تَبًّا و تَبْبًا و تَبَابًا و تَبِیْبًا :ہلاک کرنا اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَہٗ":یعنی اللہ اس کے لئے خسران و ہلاکت لازم کرے۔" وتَبَّتْ یَدَاہ" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ. فُلَانًا :کسی سے تبالک کہنا۔ہلاک کرنا۔

اَتَبَّہٗ :کمزور وضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ. الْاَمْرُ :درست ہونا۔درست طریقے سے جاری رہنا۔الرَّجُلُ :کمزور و عاجز ہونا.....الطَّرِیْقُ :چلتا ہوا ہونا۔

التَّبَاب :کمی۔نقصان۔ہلاکت۔

کے لئے ایک خاص عید۔ (یونانی لفظ)
البَزَّار: بازر کھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَزَّازَة.
البزدَرة: کاشتکاری۔ بازی کی رکھوالی۔
بَشَّ. اللّٰهُ وَجْهَه: خوبصورت بنانا۔
اَبَاشَ: الشَّجَرَةَ: جڑ بیٹھنے دینا۔
البِیش: ایک قسم کی زہریلی گھاس۔
البَیْش: تھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبیاش
البَیْص و البَیص: تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِیْ حَیْصِ بَیْصٍ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔
باضَ (ض) بَیْضًا. الطَّائِرُ: انڈے دینا۔ صفت مذکر (بَاضٌ) مؤنث بَائِضٌ. ج بَوَائِض اور اسم مبالغہ (بَیُوض) ج بُیُض و بِیض ..... باضَ الحَرُّ: گرمی سخت ہونا.....
فُلَانًا .....: سفیدی میں غالب ہونا.....
السَّحَابُ: بارش ہونا..... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔
بَیَّضَهٗ: سفید کرنا اور اسی سے ہے "تَبْیِیض الْکِتَابَة" ہے۔ بمعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور "تَبْیِیضُ الْاٰنِیَة" بمعنی قلعی کرنا اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔
اَبَاضَتِ: الْمَرْاَةُ: سفید بچے جننا۔
بَاضَهٗ: سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔
اِبْیَاضَّ: خود پہننا..... الْقَوْمُ: فنا کر دینا قوم کے میدان میں داخل ہونا۔
اِبْیَضَّ و اِبْیَاضَّ: سفید ہونا۔
البَیَاض: سفیدی۔ دودھ۔ بَیَاضُ الْعَیْنِ: آنکھ کی سفیدی۔ بَیَاضُ الْبَیْضَة: انڈے کی سفیدی۔ بَیَاضُ الْجِلْدِ: بے بال چمڑا۔ بَیَاضُ الْوَجْهِ: شہرت و نیک نامی۔ بَیَاضُ النَّهَار: دن کی روشنی..... الْیَوْم: تمام دن ..... الْاَرْضِ: عمارت سے خالی زمین.....
البُطْن: گردہ کی چربی اور کہتے ہیں "فُلَانٌ بَیْنَ السَّوَادِ وَ الْبَیَاضِ: وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے اور کبھی سواد کو فساد کے لئے اور بیاض کو صلاح کے لئے بے مثال قرار دیتے ہیں۔
البَیْضَة: البیض کا واحد۔ انڈا۔ ج بیضات اور بَیْض کی جمع بُیُوض ہے۔ خصیہ۔ خود۔ بَیْضَةُ الْقَوْمِ: چوپال۔ بَیْضَةُ الْبَلَد: شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گمنام نسب والا۔ بَیْضَةُ الدِّیک: مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے جیسے اردو میں بھینس کا انڈا)
..... الْحَرّ: گرمی کی شدت..... الْخِدْر: لڑکی۔
..... الْعُقْر: آخری اولاد۔
اَلْاَبْیَض: مؤنث بَیْضَاء ج بِیض: سفید۔ تلوار۔ الْمَوْتُ الْاَبْیَض: ناگہانی موت۔ وَالْخَبَطُ الْاَبْیَض: کنایہ ہے سفید صبح سے۔ اَلْبِذ الْبَیْضَاء: نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ فِیْ بَیْضَاءِ الْقَیْظِ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا و تَکَلَّمْتُهٗ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ بَیْضَاءَ وَلَا سَوْدَاءَ: میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ اللَّالِی الْبِیض: چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرہویں، چودہویں، پندرہویں راتیں۔ وَاَیَّامُ الْبِیض: انہی راتوں کے دن۔ اَلْاَبْیَضَان: دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی اور کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ مُنْذُ ابْیَضَّ" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور هٰذَا بَیِّضٌ مِنْ ذَاکَ شاذ ہے۔ قیاس اَشَدُّ بَیَاضًا ہے۔
البَیْضَاء: چاندی۔ گیہوں۔
البَیَّاضَة: بہت انڈوں والی۔
البَیْضَان. مِنَ النَّاسِ: سفید فام لوگ۔
بَاظَ (ض) بَیْظًا: الاغری کے بعد موٹا ہونا۔
البَیْظ: چیونٹی کے انڈے۔
بَاعَ (ض) بَیْعًا و مَبِیْعًا. فُلَانًا کِتَابًا اَوْ مِنْ فُلَانٍ کِتَابًا: بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) ج جمع باعة صفت مفعولی (مَبِیْع).
بَایَعَهٗ مُبَایَعَةً: باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَایَعُوْهُ بِالْخِلَافَةِ وَ بُوْیِعَ لَهٗ بِالْخِلَافَةِ": لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔
بَاعَ: الشَّیْءَ: بیچنے کے لئے پیش کرنا۔
تَبَایَعَا: باہم خرید و فروخت کرنا۔
اِبْتَاعَ: الشَّیْءَ: خریدنا۔
اِبْیَاعَ: الشَّیْءُ: رائج ہونا۔
البَیْع: فروختگی۔ خرید۔
البَیْعَة: عہد و پیمان۔
البِیْعَة: کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ۔ ج بِیَع وَ بِیَعَات و بُیُعَات.
البِیَاعَة: سامان فروختنی۔ ج بَیَاعَات.
البَیِّع و البَیَّاع: بیچنے والا۔ خریدار۔
بَاغَ یَبِیْغُ بَیْغًا وَ تَبْیَغَ. الدَّمُ: جوش میں آنا۔
البَیْقَة: ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔
بَیْقَرَ: تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا..... فِیْ مَالِهٖ: جلدی سے تباہ و برباد کر دینا..... الدَّارَ: اُترنا۔
اَلْاَبْیَقُر: بے خیر و بے فیض آدمی۔
البَیْکَار: پرکار۔
البَیْلَسَان و البَلَسَان: ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البِیمَارِسْتَان و المَارِسْتَان: شفاخانہ۔ اس کے لئے عربی لفظ "مُسْتَشْفًی" ہے۔
بَانَ (ض) بَیْنًا و بُیُوْنًا و بَیْنُوْنَةً عَنْهُ: جدا ہونا۔
بَانَ (ض) بَیَانًا و تَبْیَانًا و تِبْیَانًا: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن و بَائِن) ج اَبْیَنَاء و بُیَنَاء و اَبْیَان.
اَبَانَ. الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا..... الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَاَبَانَ رَاْسَهٗ مِنْ جَسَدِهٖ" اس نے اس کو مارا اور

بَوَّصَ : میدان میں آگے بڑھنا..... الشَّیْءُ : صاف رنگ والا ہونا۔
اِنْباصَ : منقبض ہونا۔
اَلْبَوْص : دوری (..... اَلْبُوْص) : رنگ۔ صورت، شکل۔ چوتڑ۔ ریشم یا کتاں۔ ج اَبْوَاص اَلْبُوْضِیُّ : ایک قسم کی کشتی۔
طَرِیْقٌ (بائِصٌ) : دور کا راستہ۔
بَاصَ (ن) بَوْصًا : جھائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا..... بِالْمَکَانِ : اقامت کرنا۔
بَاطَ (ن) بَوْطًا : دولت مندی کے بعد محتاجی یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔
اَلْبَوْطَہ : کٹھالی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقشہ۔ ج بُوْط۔
بَاطَ (ن) بَوْطًا : لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
بَاعَ (ن) بَوْعًا : عطیہ دینے کے لئے ہاتھ بڑھانا..... اَلْفَرَسُ : دور دور قدم ڈالنا۔
(..... وبَوَّعَ) اَلْحَبْلَ : باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع۔ باغ و تَبَوَّعَ لِلْمَسَاعِی : باع پھیلانا۔
اِنْباغ. اَلْعِرْقُ : بہنا..... اَلْحَیَّۃُ : اُچھلنے کے لئے لمبا ہونا۔ اَلشُّجَاعُ مِنَ الصَّفِّ : بہادر کا صف سے نکلنا..... اَلرَّجُلُ اِلَیْہِ : کشادہ روئی سے بڑھنا۔ اِنْباعَ لَہٗ فِیْ بِضَاعَۃٍ : بیچنے میں سہولت برتنا۔
اَلْباع : دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار کہا جاتا ہے "طَوِیْلُ الْبَاعِ وَرَحْبُ الْبَاعِ" یعنی فیاض۔ "وَقَصِیْرُ الْبَاعِ وَضِیْقُ الْبَاعِ" یعنی بخیل عاجز۔ ج اَبْوَاع و بَاعَات و بُعَان.
اَلْبُوْع : مص دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار اور اسی سے مثل ہے "لَا یَعْرِفُ کُوْعَہٗ مِنْ بُوْعِہٖ" : وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا۔ پوری جہالت کے لئے ضرب المثل ہے۔
بَاعَۃُ الدَّارِ : گھر کا صحن۔
اَلْبَیِّع : دور دور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَیِّعٌ" : دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
بَوْعَاءُ. اَلطِّیْبِ : خوشبو کی مہک۔
اَلْبُوْغَنْفِیْلَۃ : چھونے والے انگوری جو بنفشی اور سرخ رنگ کے پتوں والی امریکی انگوری بطور زینت استعمال ہوتی ہے۔
بَاغَہ (ن) بَوْغًا : غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّکَ لَغَالِمٌ لَا تُبَاغُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔
تَبَوَّغَ. اَلدَّمُ بِہٖ : جوش مارنا..... فُلَانٌ عَلَیْہِ : غالب ہونا۔
اَلْبَوْغَاء : خاک۔ غبار۔ بُوْغَاءُ الطِّیْبِ : خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن) بَوْقًا و بُوُوْقًا : لڑائی جھگڑا برپا کرنا..... اَلْقَوْمَ : بے وفائی کرنا۔ چوری کرنا۔ بَافِتِ الْبَائِقَۃُ الْقَوْمَ : مصیبت پہنچنا۔
بَاقَ الْقَوْمُ عَلَیْہِ : اکٹھے ہو کر ظلماً قتل کرنا۔
بَاقَتِ السَّفِیْنَۃُ : ڈوبنا۔ بَاقَ الشَّیْءُ : غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔
بَوَّقَ. فِی الْبُوْقِ : بگل بجانا۔
تَبَوَّقَ : جھوٹ بولنا..... اَلْوَبَاءُ فِی الْمَاشِیَۃِ : جانوروں میں وبا پھیلنا۔
اِنْباق. عَلَیْہِمُ الشَّرُّ : برائی اور مصیبت پہنچنا..... بِہٖ : ظلم کرنا۔
اَلْبُوْق : بگل۔ ترہی۔ نرسنگھا۔ ج اَبْوَاق و بِبْقَان و بُوْقَات : اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالْبُوْقِ وَنَفَخَ فِی الْبُوْقِ" اس نے ٹوکے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بے ہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔
اَلْبُوْقَہ : بارش کی سخت بوچھار۔ ج بُوَق.
اَلْبَاقَہ : گلدستہ۔ ساگ پات کا مٹھاج
بَاقَاتٌ۔
اَلْبَائِق. مِنَ الْمَتَاعِ : بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "مَتَاعٌ بَائِقٌ" : بے قیمت سامان۔
اَلْبَائِقَۃ : مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْکَ بَائِقَۃَ فُلَانٍ" : یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اُٹھا دیا ج بَوَائِق.
اَلْبَوَّاق : بگل بجانے والا۔
اَلْمُبَوَّق : کلام باطل۔
اَلْبُوْقِیْصَاء : ایک قسم کے درخت کا نام۔
بَاکَ (ن) بَوْکًا. اَلْمَتَاعَ : بیچنا یا خریدنا..... اَلْاَمْرُ : مخلوط ہونا..... اَلْقَوْمُ رَایُہُمْ : رائے میں گڑبڑ ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔ اَلرَّجُلَ : مزاحم ہونا۔
اِنْبَاک. عَلَیْہِ الْاَمْرُ : گڑبڑ ہو جانا۔
بَالَ (ن) بَوْلًا و مَبَالًا : پیشاب کرنا۔
بَوَّلَہٗ و اَبَالَہٗ : پیشاب کرانا۔
اَلْبَال : دل۔ کہا جاتا ہے "مَا خَطَرَ الْاَمْرُ بِبَالِی" : یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال و شان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُحَ الْبَالِ" : فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "کَاسِفُ الْبَالِ" : جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ھٰذَا مِنْ بَالِی" : یعنی یہ ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پروا کرتا ہوں۔ "وَاَمْرٌ ذُوْبَالٍ" : یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔ "وَمَا بَالُکَ" : یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔
اَلْبَال : سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔ ویل مچھلی۔
اَلْبَالَہ : شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔
اَلْبَوْل : پیشاب۔ البول : لڑکا۔ عدد کثیر.....
بَوْلُ الْغَجُوْز : شراب۔
اَلْبَوْلَہ : لڑکی۔
اَلْبُوَال : ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔
اَلْبَوَّلَہ : بہت پیشاب کرنے والا۔
اَلْمُبْوِلَہ : وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔
اَلْمِبْوَلَہ : پیشاب کرنے کا برتن۔
اَلْبُوْلِیْصَۃ اَوِ الْبُوْلِصَۃ : رسید۔ ہنڈی۔ ج بَوَالِص.
بولغار : موٹروے وسیع اور کھلا روڈ جس کے دونوں اطراف فٹ پاتھ اور کشادہ سرسبز علاقہ ہو۔

مؤنث بَهْكَنَة ج بهاكِن. شَبَابٌ بَهْكَن : نئی تر و تازہ جوانی۔
بَهَلَهُ (ف) بَهْلاً. اللّٰهُ : لعنت کرنا۔
..... وَاَبْهَلَهُ : چھوڑنا۔ (..... وَاسْتَبْهَل)
الْوَالِيُ رَعِيَّتَهُ : ہلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔
بَهْلَنَ. النَّاقَةُ : اونٹنی کے تھن سے بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔
اِبْتَهَلَ. اِلَى اللّٰهِ : گڑگڑا کر دعا کرنا۔
بَاهَلَ. بَعْضُهُمْ بَعْضًا : ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تَبَهْلُوْا و تَبَاهَلُوْا : باہم لعنت کرنا۔
اِبْتَهَلَ : ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
البَهْله و البُهْلة : لعنت۔
البَاهِل : بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار۔
نَاقَةٌ بَاهِله : وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهُل و بُهَّل : مؤنث بَاهِلَة. البَاهِلَة بیوہ عورت۔
البُهْلُوْل : بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِيْل.
اَلبَهْلَوَان : مداری۔ رسی پر چلنے والا۔
بَهْلَقَ بَهْلَقَةً : تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ روبرو گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
تَبَهْلَقَ : جھوٹ بولنا۔
البَهَالِيْق : جھوٹی باتیں۔
البَهْلَق : سختی و بلا۔
بَهَّمَ. بِالْمَكَانِ : مستقل اقامت کرنا۔
..... البَهْم : ماں سے علیحدہ کر کے چرانا۔
اَبْهَمَ. البَابَ : بند کرنا (..... المَكَانُ : بَهِمَ : گھاس والی ہونا۔ (..... وتَبَهَّمَ و اِسْتَبْهَمَ) الْاَمْرُ عَلَيْهِ : مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔
اُسْتُبْهِمَ عَلَيْهِ : شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
البَهْم و البَهَم و البُهَام : گائے بھیڑ بکری کے بچے۔ واحد (البَهْمَة و البَهَمَة)
البُهْمَة : دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُهَم.
البُهَم : مشکل اُمور۔
البُهْمَى : جو کی مانند ایک قسم کی نباتات۔
البَهِيْم : کالا۔ فَرَسٌ بَهِيْم : ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لَيْلٌ بَهِيْم : پوری تاریک رات۔ ج بُهْم و بُهَم.
البَهِيْمَة : چارپایہ۔ ج بَهَائِم. البَهِيْمَة : ہر وہ جس میں قوتِ گویائی نہ ہو۔
الْاَبْهَم : گونگا۔ ج بُهْم : خاموش۔
الْاِبْهَام : عص۔ انگوٹھا (مؤنث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج اَبَاهِمْ و اَبَاهِيْم.
المُبْهَم. مفع. اَمْرٌ مُبْهَمٌ : غیر معروف معاملہ كَلَامٌ مُبْهَمٌ : غیر معروف کلام۔
طَرِيْقٌ مُبْهَمٌ : غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْهَمٌ : دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَهَنَ (س) بَهْنًا : بہت خوش ہونا۔
البَهْنَانَة : اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بَهَنَانَات.
البَهَن : نسترن۔
تَبَهْنَسَ : ناز سے چلنا۔
البَهْنَس : شیر۔
بَهَا (ن) وبَهِيَ (س) وبَهُوَ (ک) بَهَاءً : حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا صفت (بَهِيٌّ) : مؤنث بَهِيَّة. بَهَاءُ : خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَهِيَ (س) بَهًى. البَيْتُ : ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَهَّى. البَيْتَ : کشادہ کرنا۔
بَاهَاهُ. فِي الْحُسْنِ : حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
اَبْهَى : خوبصورت چہرہ والا ہونا (..... الْاِنَاءَ : خالی کرنا۔ الْخَيْل : جنگ کے لئے کام نہ لینا۔
اِبْتَهَى. بِهٖ : فخر کرنا۔
تَبَاهَوْا : باہم فخر کرنا۔
البَهْو : مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج اَبْهَاء و بُهُوّ بُهِيّ۔
بَاءَ يَبُوْءُ بَوْئًا. اِلَيْه : لوٹنا۔ بَاءَهُ و بَاءَ بِهٖ : لوٹانا..... بِالْحَقِّ او بِالذَّنْب : اقرار کرنا ..... فُلَانٌ بِفُلَانٍ بَوَاءٌ : بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءُ دَمٍ" خون خون کے برابر۔ بوء بہٖ : یعنی ان لوگوں میں سے ہو جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلہل کا قول بجیر کے لئے ہے۔ "بُؤْ بِشِسْعِ نَعْلِ كُلَيْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسمے کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ. الْمَكَانَ : اُترنا۔ نازل ہونا..... الرُّمْحُ نَحْوَهٗ : کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ بَوَّاهُ و بَوَّأَ لَهٗ مَنْزِلًا : کسی کے لئے تیار کرنا۔
اَبَاءَ. مِنْهُ : بھاگنا..... بِالْمَكَان : اقامت کرنا۔ الشَّيَّ و بِالشَّيِّ اِلَيْه و عَلَيْه : لوٹانا .....وَمَنْزِلًا وَ فِي الْمَنْزِل : اتارنا ..... القَاتِلَ بِالْقَتِيْلِ : مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
تَبَوَّأَ. الْمَكَانَ وَ بِهٖ : اقامت کرنا۔
تَبَاوَأَ. الشَّيْئَان : مساوی ہونا۔
البَائَة و البِيْئَة و المَبْوَأ و المَبَاءَة : منزل۔ و البِيْئَة : حالت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ حَسَنُ البِيْئَةِ" وہ اچھی حالت والا ہے۔
حَاجَةٌ (مُبِيْئَةٌ) : شدید حاجت۔
بَابَ (ن) بَوْبًا. لَهٗ : دربان ہونا۔
بَوَّبَ. الْكِتَاب : ابواب میں تقسیم کرنا۔
تَبَوَّبَ. الرَّجُلُ : دربان بنانا
البَابُ : دروازہ..... مِنَ الْكِتَاب : کتاب کا باب۔ ج اَبْوَاب و بِيْبَان.
البَابَة : فِي الْحِسَابِ وَ الْحُدُوْدِ : غایت انتہا۔ شرط۔ قسم۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لئے مناسب ہے ج بَابَات.
بَابَاتُ الْكِتَاب : سطریں۔
البَوَّاب : دربان۔ ج بَوَّابُوْن.
البَوَّابَة : دربانی۔ دربانی کی اُجرت۔
البَوْت : ایک پہاڑی گھاس کا نام۔

کرنا۔ مکانات بنانا..... عَلٰی اَهْلِهٖ و بِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا..... الرَّجُلُ : بہتر سلوک کرنا..... الطَّعَامُ بَدَنَهٗ : موٹا کرنا..... الْكَلِمَةَ : مبنی بنانا..... عَلٰی كَلَامِهٖ : کسی کے کلام کی نقل کرنا۔

بَنَّاهُ تَبْنِيَةً : بنانا۔ تشدید کثرت کے لئے ہے۔

اَبْنَاهُ : عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔

بَانَاهُ : تعمیر میں مقابلہ کرنا۔

تَبَنَّى. هٗ : بیٹا بنانا..... الرَّجُلُ : بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے " اِذَا جَلَسْتَ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔

اِبْتَنٰى. بَيْتًا : بنانا..... الرَّجُلُ : بیٹوں والا ہونا..... الرَّجُلَ : احسان وسلوک کرنا۔ ..... عَلٰی اَهْلِهٖ وَبِهَا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔

اِسْتَبْنَى. الْمَنْزِلَ : گرا کر بنانا..... الرَّجُلُ : دلہن لانا۔

الْبِنَاء : عمارت۔ ج اَبْنِيَة و ج اَبْنِيَات. اور کہا جاتا ہے " بِنَاءٌ عَلَيْهِ" : نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہ ہے۔

الْبَنَائِيَّة : مص : شرف۔

الْبُنْيَة و الْبِنْيَة : عمارت۔ ج بُنًى و بِنًى وَ الْبِنْيَة : ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَحِيحُ الْبِنْيَةِ" فلاں صحیح الفطرت ہے۔ بِنْيَة الْكَلِمَة : صیغہ اور مادہ۔

الْبُنْيَان : مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے " كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔

البَانِي : قا۔ ج بُنَاة مؤنث بَانِيَة ج بَوَانِي.

البَوَانِي : سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے " بَنَى الْبَيْتَ عَلٰى بَوَانِيه" : اس نے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔

البَنَّا معمار ج بَنَّاؤُون

الِابْن : بیٹا۔ ج بَنُون و اَبْنَاء. تصغیر بُنَيّ اور نسبت کے لئے اِبْنِيّ اور بَنَوِيّ (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کر کے) مؤنث ابنة. اِبْنُ السَّبِيل : مسافر۔ اِبْنُ جَلَا : مشہور آدمی۔ اِبْنُ لَيْلَهَا : بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذَكَاء : صبح اِبْنُ الطَّوْد : آواز بازگشت۔ " هُوَ اِبْنُ يَوْمِهٖ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ " هُوَ اِبْنُ بَطْنِهٖ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔

الْاِبْنَم : بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔

البِنْت : جمع بَنَات : بیٹی اور نسبت کے لئے بِنْتِيّ و بِنَوِيّ. بِنْتُ الشَّفَة : کلمہ..... الْاَرْض : کنکری..... الْعِنَب : آنسو..... الْعُنْقُود اَوِ الْكَرْم : شراب۔ بِنْتُ الدَّهْر : وَبَنَاتُ طَبَق : سختیاں۔ بَنَاتُ اللَّيْلِ وَ بَنَاتُ الصَّدْر : افکار۔ بَنَاتُ اَخْدَر : جنگلی گدھے۔ بَنَاتُ الْمِثَالِ : عورتیں۔ بَنَاتُ الْاَرْضِ : چھوٹی چھوٹی ندیاں۔

بَنَاتُ نَعْشِ الْكُبْرٰى : سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرٰى ہیں۔

بَنَاتُ الْقَنْصَل : لمبے پتوں والے ایک پودے کا نام۔ بِنْتُ وَرْدَان : گہریلا۔

الْبَنِيَّة : عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (الْبَنِيَّةُ الْخَضْرَاء) آسمان۔

بُنَيَّاتُ الطَّرِيق : چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں اور اسی سے ہے "دَعْ بُنَيَّاتِ الطَّرِيق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکر وفریب کو چھوڑ دو۔

الْمَبَانِي : شرانتیں۔ حُرُوفُ الْمَبَانِي : حروف تہجی۔

الْبُنُوَّة : فرزندی۔

بَهَا (ف) وَبَهِيَ (س) وبُهُوًّ (ک) بَهَاءً وَ بَهَاءً و بُهُوًّا. بِهٖ : مانوس ہونا..... لَهٗ : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَابُهَاتُ لَهٗ وَمَا بَاهَتُ لَهٗ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔

بَهَا (ف) بَهْاً وَاَبْهَاً. الْبَيْتُ : سامان سے خالی کرنا۔

اِبْتَهَا. بِهٖ : مانوس ہونا۔

بَهِتَ (س) وبَهُتَ (ک) وبُهِتَ بَهْتًا و بُهْتًا : ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔)

بَهَتَهٗ (ف) بَهْتًا : اچانک پکڑنا (..... ہ بُهْتًا و بَهْتَانًا : تہمت لگانا۔ صفت (بَهَّات) و (بُهُوت) ج بُهُت.

بَهَتَهٗ و بَاهَتَهٗ : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔ باهَتَ الرَّجُلَ : بہتان لگانا۔

الْبَهِيتَة : حیرانی (..... و الْبُهْت و الْبُهْتَان) : جھوٹ، تہمت۔

الْبَهُوت : جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُهُت.

الْبُهْت و الْبُهْتَان : جھوٹ۔

الْبُهْتُر : پست قد۔ ج بَهَاتِير.

الْبَهْتَرَة : جھوٹ۔

الْبُهْتَة : جنگلی گائے۔

بَهَتَ (ف) بَهْتًا. اِلَيْهِ : کشادہ روئی سے پیش آنا۔

بَهْجَهٗ (ف) بَهْجًا وَ اَبْهَجَهٗ : خوش کرنا۔

بَهِجَ (س) بَهَجًا. بِهٖ : خوش ہونا۔ صفت (بَهِج و بَهِيج)

بَهُجَ (ک) بَهَاجَةً و بُهْجَانًا : خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَهِيج) وصفت مؤنث (مِبْهَاج)

بَهَّجَهٗ : خوبصورت بنانا۔

بَاهَجَهٗ : خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔

اَبْهَجَ و تَبَاهَجَ. الْمَكَانُ : سرسبز ہونا۔

اِبْتَهَجَ و تَبَهَّجَ و تَبَاهَجَ و اِسْتَبْهَجَ بِهٖ : خوش ہونا۔ تَبَهَّجَ : خوبصورت ہونا۔

الْبَهْجَة : خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا ظہور خوشی۔

الْبَهِج : خوش۔

.....الْغُلَامُ : بالغ ہونا۔صفت (بالغ) مؤنث (بَالِغَةٌ و بالِغٍ) ..... العِلَّة : تیز ہونا اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنِّی کَلَامُکَ" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ. الرَّجُلُ : مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَةً : بلیغ ہونا۔صفت (بَلِیغ) : بُلَغَاء۔

بَلَّغَهُ و اَبْلَغَهُ. اِلَیْهِ : پہنچانا۔بَلَّغَ عَنْهُ الرِّسَالَةَ اِلَی الْقَوْمِ : پیغام رسانی کرنا۔بَلَّغَ الْفَارِسُ : تیز دوڑنے کے لئے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ. فِی الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ. بِالشَّیْءِ : اکتفا کرنا۔قناعت کرنا۔

..... بِهِ الْعِلَّةُ : تیز ہونا۔

تَبَالَغَ. فِیهِ الْمَرَضُ : سخت ہونا اور انتہا کو پہنچنا.....الرَّجُلُ فِی الْکَلَامِ : تکلف بلاغت سے کام لینا.....الدَّبَّاغُ فِی الْجِلْدِ : دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔

البِلْغُ و البَلْغ : بلیغ۔خوش بیان۔انتہا کو پہنچنے والا۔کہا جاتا ہے "هُوَ اَحْمَقُ بِلْغٌ" : وہ انتہائی بے وقوف ہے۔ایسا ہی "هِیَ حَمْقَاءُ بُلْغَة" اور کہا جاتا ہے "اَمْرُ اللّٰهِ بَلْغٌ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے۔وجَیْشٌ بَلَغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔

رَجُلٌ (بِلْغٌ بِلَغٌ) : خبیث مرد۔

البُلْغَة : انتہائی بے وقوفی۔

البُلْغَة و البَلَاغ و التَّبَلُّغ : گزارہ کی مقدار۔

البَلَاغ : پیغام ..... کسی چیز تک پہنچنا۔کفایت۔کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے۔ج بَلَاغَات. البَلَاغات : چغل خوریاں۔

البَالِغ : سن بلوغ کو پہنچنے والا۔کہا جاتا ہے "غُلَامٌ بَالِغٌ و جَارِیَةٌ بَالِغٌ وَ بَالِغَةٌ. وَاَمْرٌ بَالِغٌ" نافذ حکم۔

البَالِغَاء : جانور کے پائے۔

البَلَاغِی و البُلَاغِی : مافی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا۔

الْاَبْلَغ : ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہنچا دیا گیا ہو۔

المَبْلَغ : روپے پیسے کی مقدار۔کسی چیز کی حد وانتہا۔ج مَبَالِغ.

التَّبْلِغ و التَّبْلِغَة : چھوٹی رسّی جس کو بڑی رسّی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہنچ جائے۔

البَلْغَم : قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔

بَلَقَ (ن) بُلُوقًا : جلدی کرنا (..... و اَبْلَقَ)

البَابَ : چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا۔بَلَقَ الْجَارِیَةَ : بکارت زائل کرنا۔

بَلَقَ (س) وَبَلُقَ (ک) بَلَقًا وَ اَبْلَقَ و اِبْلَقَّ و اِبْلَاقَّ و اِبْلَوْلَقَ : سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا۔صفت (اَبْلَق) مؤنث بَلْقَاء ج بُلْق.

بَلِقَ (س) بَلَقًا. : متحیر ہونا۔ششدر ہونا۔

اِبْلَقَّ : اَلْبَابُ : بالکل کھلنا۔

اِبْلَقَّ : چمکنا۔

البَلَق : سنگ مرمر۔بڑا خیمہ۔بالوں کا خیمہ (.....والبُلْقَة) : سیاہی وسفیدی۔

الْاَبْلَقُ الْفَرْد : سموأل بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔کہا جاتا ہے "طلب الابلق العقوق" یعنی اُس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا۔اس لئے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔

البَلُوق و البُلُوقَة : جنگل۔زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ سہ اُگے۔ج بَلَالِیق.

البَالُوقَة : موری۔بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)

المُبَلَّق : سیاہ سفید داغوں والا۔

بَلْقَعَ : اَلْمَکَانُ : خالی ہونا۔صفت (بَلْقَع) کہا جاتا ہے "دَارٌ بَلْقَع" خالی مکان۔

البَلْقَع و البَلْقَعَة : خالی زمین۔ج بَلَاقِع (البلقع والمراۃ البَلْقَعَة) : ہر خیر سے خالی عورت۔

البَلْقَعِیّ : صاف۔کہا جاتا ہے "سهم اوبِسنان بلقعی" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ۔

بَلَّمَ : الرَّجُلَ : برائی بیان کرنا۔

اَبْلَمُ : شَفَتُهُ : سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔صفت (اَبْلَم) البَلَمَة : ہونٹ کی سوجن۔

البَلَم : ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

البَلْمَاء : پورے چاند کی رات۔

بَلِهَ (س) بَلَهًا و بَلَاهَةً : ضعیف العقل ہونا۔کمزور رائے والا ہونا۔صفت (اَبْلَه) مؤنث بَلْهَاء ج بُلْه.

اَبْلَهَ. الرَّجُلَ : بے وقوف پانا۔

تَبَلَّهَ : بے وقوف ہونا۔حجت میں عاجز ہونا۔

..... الطَّرِیقَ : بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا۔گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا۔

بَالَهَهُ : فریب دینا۔

تَبَالَهَ : تکلف بے وقوف بننا

بَلْهَ : چھوڑ دے (اسم فعل ہے)

بُلْهِیَة : الْعَیْشِ : زندگی کی فراخی و آسودگی۔

بَلْهَسَ : تیز چلنا۔

بَلْهَصَ : خوف سے بھاگنا۔

بَلَا (ن) بَلْوًا و بَلَاءً. الرَّجُلَ : آزمانا۔تجربہ کرنا۔امتحان لینا۔

بَلِیَ (س) بِلًی و بَلَاءً. الثَّوْبُ : بوسیدہ ہونا۔صفت (بَالٍ و بَلِیٌّ)

بَلَّی تَبْلِیَة و اَبْلَی اِبْلَاءً. الثَّوْبَ : بوسیدہ کرنا۔

بَالَی مُبَالَاةً و بِلَاءً و بَالَةً و بَالًا. الْاَمْرَ وَ بِالْاَمْرِ : پروا کرنا۔

تَبَالَاهُ : مقابلہ پر فخر کرنا۔ایک دوسرے کو گھٹانا۔

اَبْلَی. فُلَانًا عُذْرَهُ : کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا۔ملامت زائل کرنے کے لئے عذر بیان کرنا..... فِی الْحَرْبِ بَلَاءً حَسَنًا : میدانِ جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔

رضی اللہ عنہ کا قول ہے " لَا اُحِلُّهَا لِمُغْتَسِلٍ وَهِيَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وَبِلٌّ" میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کے لئے حلال و مباح ہے۔

چالاک۔ کہا جاتا ہے " هُوَ بِلُّ اَبْلَالٍ" : وہ بڑا چالاک ہے۔

البَلَّة : جوانی کی تروتازگی۔

البِلَّة : تری۔ رزق۔ خیر۔

البَلَال وَ البِلَال وَ البِلَال : تری، پانی، دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کر دے۔

البُلَالَة : اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔

البَلَل : بیج

البَلِيل و البَلِيلَة : نمی کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

البَلْبَلَة : صحت۔

دُوبِلّی و بِلّیٰ و بِلَّان : دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے " هُوَ بِذِي بِلّٰى" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔

اَلْبَلُّ : بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔ مؤنث۔ بَلَّاء ج بُلٌّ اور کہا جاتا ہے " لَا مَسَّ اَبَلُّ لِلْجِسْمِ مِنْ كَذَا" جسم کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاةٌ بَلَّاءُ : چکنا پتھر۔

البَلَّان : حمام میں نہلانے والا۔ مؤنث بَلَّانَة۔ والبَلَّان ج بَلَّانَات : حمام۔

البُلَّة : ہیئت وحال۔ کہا جاتا ہے " طَوَيْتُ السِّقَاءَ عَلٰى بُلَّتِهِ وَ بَلَّتِهِ" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ وَطَوَيْتُ فُلَانًا عَلٰى بُلَّتِهِ وَ بُلَّتِهِ وَ بُلَّتِهِ و بُلَّابَتِهِ : باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔

المِبَلّ : بروزن مِفْعَل : مستقل۔ کہا جاتا ہے "خَصْمٌ مِبَلٌّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔

اَلْبَلَان : وہ کانٹے دار پودا جو زمین میں پھیل کر زمین کو ناقابل کاشت بنا دیتا ہے۔

البَالُول : تھوڑا پانی۔

البَلَّال وَ المُبَلِّل : بہت شور کرنے والا مور۔

مُبَلِّل : شیر۔

بَلْبَلَ بَلْبَلَةً وَ بَلْبَالًا. القَوْمَ : بھڑکا دینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کر دینا..... اَلْاَلْسِنَةَ : مخلوط کرنا..... اَلْاِبِلَ : متفرق کرنا۔ بکھیرنا..... اَلْاِنَاءَ : خراب کرنا، بگاڑنا۔

تَبَلْبُل : بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

البَلْبُل : بلبل۔ ج بَلَابِل. بُلْبُلُ الاِبْرِيقِ : لوٹے کی ٹوٹنی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ "دُوَامَةٌ" (لٹو) ہے۔

البَلْبَال : شدتِ غم۔ بھیڑیا۔

بَلَتَ (ض) بَلْتًا. الشَّيْءَ : کاٹنا۔

بَلَتَ (ن) بَلْتًا وَ بَلَتَ (س) بَلَتًا و اِبْتَلَتَ کٹنا۔ بَلُتَ (ک) بَلَاتَةً : فصیح ہونا۔

اَبْلَتَهُ. يَمِينًا : قسم دلانا۔ اَبْلَتَ الرَّجُلُ : گفتگو سے رک جانا۔

اَلْبَلِيت وَ اَلْبَلِيت : مختصر کلام کرنے والا۔ فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔

المُبَلَّت : آراستہ کلام۔

البَلْتَع : ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔

البَلْتَعِيّ : زبان آور۔ فصیح۔

البَلِيت : دو سالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔

بَلَجَ (ن) بُلُوجًا و اَبْلَجَ و تَبَلَّجَ و اِنْبَلَجَ وَ اِبْلَجَّ. الصُّبْحُ : روشن ہونا۔

بَلِجَ (س) بَلَجًا. صَدْرُهُ : مطمئن ہونا..... الحَقُّ : واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (ابلج) مؤنث بَلْجَاءُ و اَبْلَجُ : علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا۔

تَبَلَّجَ. اِلَيْهِ : ہنسنا۔ خوش ہونا۔

اِبْلَاجًّا و اِبْلَاجًّ اِبْلِجَاجًا : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔

البُلْجَةُ و البَلْجَة : سپیدۂ صبح (..... والبَلَج) : ابروؤں کے درمیان کشادگی۔

البَلْجَة : دبر۔ اور بَلْحَة بالحاء افصح ہے۔

البَلَج و البَلِج : کشادہ رو۔

بَلَحَ (ف) بَلْحًا. الثَّرَى : خشک ہونا۔

..... اَلْبُسْر : پانی ختم ہونا۔ صفت (بَلُوح)

..... الرَّجُلُ بِالْاَمْرِ : انکار کرنا..... الغَرِيمُ : مفلس ہونا..... الرَّجُلُ بِشَهَادَتِهِ..... : چھپانا۔ (..... بُلُوحًا و بَلْحًا و بَلَحًا) : تھکنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے " بَلَحَ و بَلَّحَ غُلَامِيْ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔

اَبْلَحَ. النَّخْلُ : کچی کھجوروں والا ہونا۔

بَالَحَ. القَوْمَ : حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہو جانا۔

تَبَالَحَا : باہم انکار کرنا۔

البَالِح : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج بَوَالِح.

البَلَح : کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع : کہتے ہیں۔ پھر اس کے بعد خلال پھر بَلَح پھر بُسْر، پھر رُطَب، پھر تَمْر.

البَلَح : ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج بلحان.

بَلَحَاء : پھولوں کی پیداوار اور عطر والا پودا جو کہ زیادہ تر مصر میں بویا جاتا ہے۔

البَلُوح : اندھا کنواں۔ قطع رحمی کرنے والا۔

بَلِخَ (س) بَلَخًا و تَبَلَّخَ : تکبر کرنا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت (اَبْلَخ) مؤنث بَلْخَاء و (بِلْخ و بَلِخ)

البَلْخ و البَلَاخ : ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔

البَلْخَش : ایک قسم کا قیمتی جوہر۔

بَلَدَ (ن) بُلُودًا. بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔ شہر بنانا۔ صفت (بَالِد) ج بَلَدَة.

بَلِدَ (س) بَلَدًا : کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (اَبْلَد)

بَلُدَ (ک) بَلَادَةً : سست و کند خاطر ہونا۔ صفت (بَلِيد و اَبْلَد)

بَلَّدَ : کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔

..... الفَرَسُ : آگے نہ بڑھنا..... السَّحَابَةُ : نہ برسنا۔

..... الرَّجُلُ : بخل کرنا..... ةً فِي اِصْطِلَاحٍ

اَبْقَاط :بیر کا ٹکڑا۔ اَلْبُقْعَة: زمین کا ایک حصہ۔

بَقِعَ (س) بَقَعًا. الطَّیْرُ :مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت(اَبْقَع) :مؤنث بقعاء ج بُقْع ..... فُلَانٌ بِالشَّیْءِ :اکتفا کرنا..... اَلْاَرْضَ مِنْهُ :خالی ہونا۔

بَقَعَ (ف) بَقْعَاو بَقْعٍ :جانا۔ تم کہتے ہو" مَا اَدْرِی اَیْنَ بَقَعٌ" :میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

بَقَّعَ الثَّوْبَ :رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔

تَبَقَّعَ :داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَتِ الثِّیَابُ : کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی رہے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔

اِنْبَقَعَ :تیز جانا۔

اُبْتُقِعَ. لَوْنُه :خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔(اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ افصح ہے)

اَلْبُقْعَة و البَقْعَة :زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقَاع و بُقَع :کہا جاتا ہے" فُلَانٌ حَسَنُ الْبُقْعَةِ عِنْدَ الْاَمِیْرِ" :فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ وَالْبَقْعَةُ :پانی جمع ہونے کی جگہ۔

اَلْبَقِیْع :وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ اِبْنُ بَقِیْع :کتا۔

اَلْبَاقِعَة :الیاقع کا مؤنث۔ ہوشیار وزیرک مرد جس کو فریب نہ دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے" مَا فُلَانٌ اِلَّا بَاقِعَةً مِنَ الْبَوَاقِعِ" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔

اَلْاَبْقَع :سیاہ سفید داغوں والا۔ مؤنث بقعاء ج بُقْع :کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بَقْعَان. سَنَةٌ بَقْعَاء :سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔

اَلْاُبَیْقِع :کم بارش والا سال۔

بَقَلَ (ن) بَقْلًا وَبُقُولًا وَاَبْقَلَ :ظاہر ہونا ..... نَابُ الْبَعِیْرِ :نکلنا..... اَلْمَکَانُ :سبزی اگنا۔ صفت(بَاقِل و بَقِل و بَقِیل) وَجْهُ الْغُلَامِ :سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ لِبَعِیْرِهٖ بَقْلًا :ساگ پات جمع کرنا۔ وَاَبْقَلَ الْقَوْمُ :سبزی پانا' قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔

بَقَّلَ: وَجْهُ الْغُلَامِ :سبزہ آغاز ہونا۔

تَبَقَّلَ و اِبْتَقَلَ :سبزے کی تلاش میں جانا ..... اَلْمَاشِیَةُ :سبزہ چرنا۔

اَلْبَقْلُ :سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و اَبْقَال.

اَلْبَقْلَة: اَلْبَقْلُ کا واحد(بَقْلَةُ الْحُمَقَاء و بَقْلَةُ الزَّهْرَاء وَ بَقْلَةُ الْیَمَنِیَّة) خرفہ کا ساگ۔

اَلْبَقْلَةُ الْبَارِدَة :عشق پیچہ۔

بَقْلَةُ الْاَنْصَار :کرم کلا۔

اَلْبَاقِلَاء و اَلْبَاقِلِیّ و اَلْبَاقِلِی :لوبیا۔ اَرْضٌ (بَقِیلَة و بَقِیلة و بَقَّالَة وَ مَبْقَلَة) :سبزی والی زمین۔

اَلْبَقَّال :سبزی فروش۔

اَلْمَبْقَلَة :سبزی کی جگہ۔

اَلْبُوقَال و اَلْبَاقُول :بو یام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِیل

اَلْبَقْلَاوِیُّ : حلوی کی ایک قسم۔

بَقَّمَ. اَلثَّوْبَ :کپڑے کو قسم سے رنگنا۔

اَلْبَقَّم :ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔

اَلْبُقَّم :دھتورا۔

اَلْبُقَامَة: مِنَ الصُّوْفِ :اون جو دھنئے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔

بَقَا (ن) بَقَاوَةً و بَقًی (ض) بَقْیًا. فُلَانًا بِعَیْنِهٖ :دیکھنا۔ نظر ڈالنا.....هٗ :انتظار کرنا۔

بَقِیَ (س) بَقَاءً و بَقًی (ض) بَقْیًا : ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔

اَبْقَی. عَلَیْهِ :رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (.....وبَقَّی و تَبَقَّی و اِسْتَبْقَی)هٗ :ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ اِسْتَبْقَی مِنْهُ :کچھ باقی رکھنا۔ تَبَقَّی :باقی رہنا۔

اَلْبَاقِی :فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلْبَاقِیَة :الباقی کا مؤنث۔ ج الباقیات و البَوَاقِی.

اَلْبَقْوَی و اَلْبُقْوَی و اَلْبُقْیَا و اَلْبَقِیَّة :باقی ماندہ۔ ج بَقَایَا :کہا جاتا ہے" فُلَانٌ بَقِیَّةُ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔

اَلْمَبْقَی :بقا۔ زندگانی۔ ج اَلْمَبَاقِی

بَکَّهٗ. (ن) بَکًّا :مزاحمت کرنا۔ اَلشَّیْءَ : پھاڑنا۔ کھینچ کرنا..... اَلدَّابَّةَ : چلا کر تھکانا۔

بَکَّ الرَّجُلُ :محتاج ہونا۔

تَبَاکَّ. اَلْقَوْمُ :ہجوم کرنا..... اَلشَّیْءُ :تو بر تو ہونا۔

اَلْبَاکُّ :فا۔ بے وقوف۔

بَکَّة :مکہ مکرمہ۔

بَکْبَکَ و تَبَکْبَکَ. اَلْقَوْمُ عَلَیْهِ :ہجوم کرنا جمع (بَکْبَاک) :بہت بڑی جماعت۔ رَجُلٌ بَکْبَاکٌ :سخت مزاج مرد۔

بَکَأَ (ف) و بُکُوْءًا (ک) بُکُوْاً و بَکَائَةً و بُکَأً و بُکَاءً. النَّاقَةُ :کم دودھ والی ہونا..... اَلْبِئْرُ :کم پانی والا ہونا..... اَلْعَیْنُ : کم آنسو والی ہونا۔ صفت(بَکِیءٌ و بَکِیَةٌ و بَکِّی و بَکِیَّةٌ) ج بِکَاء و بُکَاءَ. اَیْدٍ بِکَاء :کم داد و دہش والے ہاتھ۔

بَکِیَّ (س) بَکَأً :اپنی حاجت سے محروم رہنا۔

اَبْکَأَ. اَلدَّلْوَ :کم پانا۔

اَلْبَکْءُ و اَلْبَکَا :ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَکْأَة۔

بَکَتَهٗ (ن) بَکْتًا :تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے" بَکَتَهٗ حَتَّی اَسْکَتَهٗ" :وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔

بَکَّتَهٗ :بمعنی بَکَتَهٗ :زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔ جھڑکنا اور اسی سے ہے تَبْکِیْتُ الضَّمِیْرِ.

بَکْتِیْرِیَا :ابتدائی باریک جراثیم اس کو فقط دوربین کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔ (بکٹیریا)

اَلْبَکْتِیْرُولُوْجِیَا :جراثیم کا علم اس علم کا طب

البُغُوْطَة : گہریلا کی گولی۔
بَغِكَ (س) بَغَكًا. الجِسْمُ : بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
البَاغِكُ : بے وقوف۔
بُغْكُوْكَةُ النَّاسِ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ..... الصَّيْفِ : گرمی..... البُغْكُوْكَةُ : کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَغَلَ (ن) بَغَالَةً و بُغُولَةً. الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ : شوہر ہونا۔ بَغَلَتِ الْمَرْأَةُ : شوہر والی ہونا۔
بَغِلَ (س) بَغَلاً. بِأَمْرِهِ : متحیر ہونا۔ صفت (بَغِل) مؤنث بَغِلَة
تَبَغَّلَتِ. الْمَرْأَةُ : شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاغَلَ. الْقَوْمُ قَوْماً : آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِنْبَغَلَ : الْمَكَانُ : باراني ہونا۔ الرَّجُلُ لِلْمَرْأَةِ : شوہر ہونا۔
البَغْل ج بُغُول و بِغَال و بُغُولَة : شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَغْلَة بھی کہتے ہیں۔ البَعْلُ : مالک۔ سردار۔ کہتے ہیں "مِنْ بَعْلُ هٰذِهِ النَّاقَةِ" : اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
البَعْلُ مِنَ الْأَرْضِ : باراني زمین۔
بَعْلَبَكّ : ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے بَعْلَبَكِيّ و بَعْلِيّ.
البَعْبَع : ایک بت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بَعْبَعٌ : شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَغَا يَبْغِي و يَبْغُو بَغْوًا و بَغَى يَبْغِي بَغْيًا : گناہ کرنا۔ خطا کرنا..... هُ بِالعَيْنِ : نظر بد لگانا..... غُلَامُهُمُ الشَّرَّ : کسی کے ساتھ برائی کرنا..... الشَّيْءَ : منگنی لینا۔
بَغَّ (ن) بَغًّا. الدَّمُ : خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً. البَسَاطَ : بچھونا روندنا۔
المُبَغْبِغ : گفتگو میں گڑبڑ کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا و بَاغِتَةً : اچانک آنا۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَاتِ الْعَدُوِّ" : میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا : سبزی مائل سفید ہونا۔ گرو آلود ہونا۔ صفت (أَبْغَث) : مؤنث بَغْثَاء.
الأَبْغَث : ایک آبی پرندہ۔ ج بُغُث و أَبَاغِث. الأَبْغَث : شیر۔
البُغْثَة : سبزی مائل سفیدی۔
البَغْثَاء. مِنَ النَّاسِ : لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلْنَا فِي الْبُغْثَاء" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہو گئے۔
البُغَاث : بضم الباء : سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بِغْثَان' عرب کے قول "إِنَّ الْبُغَاثَ بِأَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
البُغَيْث : گیہوں۔
بَغْثَرَ. القَوْمُ : جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَهُ : جدا جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔
بَغْثَرَتْ نَفْسُهُ و تَبَغْثَرَتْ : جی متلانا۔
البَغْثَر : بے وقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
بَغْدَاد : عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینة السلام اور زوراء اور دار السلام بھی کہتے ہیں۔
تَبَغْدَدَ : بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغَرًا و بَغْرًا : پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِر و بُغَر) ج بَغَارَى و بُغَارَى بَغِرَتْ (ن) بُغُورًا.
السَّمَاءُ : برسانا..... النَّجْمُ : ستارہ گرنا۔
بُغِرَتِ. الأَرْضُ : بارش ہونا۔
البَغَر : بیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (والبَغَر) : سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے۔
البَغْرَة : پانی کی قوت۔
بَغَرَهُ (ف) بَغْرًا : لاٹھی سے مارنا۔
البَغْز : سرعت حرکت۔ چستی۔
البَاغِز : چست۔ فسق و فجور میں منہمک۔
البَاغِزِيَّة : حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوْغَاز : آبنائے۔ ج بَوَاغِز
بَغَشَتْ (ف) بَغْشًا. السَّمَاءُ : ہلکی بارش برسانا..... الصَّبِيُّ إِلَى أُمِّهِ : روتا ہوا بچہ متوجہ ہونا۔
بُغِشَتِ. الأَرْضُ : ہلکی بارش پڑنا۔
البَغْشَة : ہلکی بارش۔
بَغَضَ و بَغُضَ (ن ک) و بَغِضَ (س) بَغَاضَةً : دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ (مَا أَبْغَضَنِي لَهُ وَمَا أَبْغَضَهُ إِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم "مَا أَبْغَضَنِي لَهُ" کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اس کے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب تم "مَا أَبْغَضَهُ إِلَيَّ" کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔
بَغَّضَهُ. إِلَيْهِ : نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔
أَبْغَضَهُ : دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔
تَبَغَّضَ. إِلَيْهِ : دشمنی کرنا۔
تَبَاغَضُوْا : ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔
البُغْض : نفرت۔ دشمنی۔
البَغْضَة و البُغْضَاءُ و البَغَاضَة : سخت دشمنی۔ البَغْضَة : دشمنی کرنے والے لوگ۔
البَغِيض : سخت دشمنی رکھنے والا۔
بَغَلَهُمْ (ف) بَغْلاً : باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔
بَغَّلَ : بمعنی بَغَلَ..... فِي الْمَشْيِ : تھک جانا۔ عاجز ہونا۔
البَغَل : خچر۔ ج بِغَال و أَبْغَال : مؤنث بَغْلَة ج بَغْلَات و بِغَال.
البَغَّال : خچر والا۔ یا خچر ہانکنے والا۔
بَغْمَتْ (ف ن ض) بُغُوْمًا و بُغَامًا و تَبَغَّمَتْ. الظَّبْيَةُ : بہت نرم آواز نکالنا۔

تَبَطَّلَ : بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوْا بَيْنَهُمْ" : انہوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل اُمور کئے۔

البِطَالَة : بیکاری۔ کام سے فراغت۔

البَطَالَة : بہادری۔

البَاطِل : فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِيْل : شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة

البُطْل : باطل۔ جھوٹ اور کہا جاتا ہے " ذَهَبَ دَمُهُ بُطْلاً" اس کا خون رائیگاں گیا۔

البُطْلَان : لغویات۔ فضولیات۔

الاَبْطَاله و الاُبْطُوْلَة : باطل۔

البُطُم و البُطْم : بن۔ بن کا پھل۔

بَطُنَ (ف) بُطُوْنًا و بَطَانَةً : پوشیدہ ہونا صفت (باطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْنًا. الْوَادِيَ : داخل ہونا.....

هُ وَنَحْوَهُ : پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الاَمْرَ : کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (..... بُطُوْنًا و بَطَانَةً) بِفُلَانٍ وَ مِنْه : کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَنًا و بَطَنَ (ک) بَطَانَةً : بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِيْنٌ و مِبْطَانٌ)

بُطِنَ. بَطَنًا : مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُوْن

بَطَّنَ و اَبْطَنَ. الثَّوْبَ : استر لگانا۔ الدَّابَةَ : تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشَّيْءَ : پوشیدہ کرنا۔

بَاطَنَهُ : سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ : اَلْمَكَانُ : دور ہونا۔

تَبَطَّنَ و اِسْتَبْطَنَ : الشَّيْءَ : اندر داخل ہونا ..... الاَمْرَ : معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن : پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الاَرْضِ : زمین کا پست حصہ..... مِنَ الْقَوْمِ : گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُوْن و اَبْطُن و بُطْنَان : کہا جاتا ہے " اَلْقَبَ الدَّجَاجَةُ ذَابَطْنِهَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ "وَضَاحَتْ عَضَافِيْر بَطْنِه" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن : پیٹ کی بیماری۔

البَطِن : حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البَطِنَة : ڈبر۔

البِطْنَة : زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پُری۔

البِطَان ج اَبْطِنَة و بُطُن : تنگ جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لئے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ عَرِيْضُ الْبِطَان" : فلاں غنی یا آسودہ حال ہے۔ "وَالْتَفَتْ حَلْقَتَا البِطَان" : معاملہ سنگین ہو گیا اور مصیبت سخت ہو گئی۔

بِطَانَةُ. الثَّوْبِ : کپڑے کا استر۔ الرَّجُلِ : اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن : رازدار۔

البَاطِن : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ۔ مِنَ الاَرْضِ : پست حصہ..... مِنَ الْقَدَمِ : تلوا۔ ج اَبْطِنَة و بُطْنَان

البَاطِنَة : بھید۔

البَطِيْن : دور۔ کہا جاتا ہے " شَاوٌ بَطِيْن" مسافت بعید " كِيْسٌ بَطِيْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِيْن : بڑے پیٹ والا۔

البُطَيْن : چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطِّن : پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة : ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِيَة : بڑا پیالہ۔ شراب کے لئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطٍ

بَظَّ (ن) بَظًّا. العُوْدَ : بجانے کے لئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

ابَظُّ. الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ صفت (بَظْبَظ)

البَظُّ. فِظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَرًا. الرَّجُلُ : غیر محتون ہونا صفت اَبْظَر : مؤنث بَظْرَاء : ج بُظْر.

البَظْر : انگوٹھی۔

البُظْر : رائیگاں۔ کہا جاتا ہے " ذَهَبَ دَمُه بُظْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

المُبَظِّر : ختنہ کرنے والا۔ مؤنث مُبَظِّرَة.

البُطَيْن : دور۔ کہا جاتا ہے " شَاوٌ بَطِيْن" مسافت بعید " كِيْسٌ بَطِيْنٌ" بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِيْن : بڑے پیٹ والا۔

البُطَيْن : چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطِّن : پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة : ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِيَة : بڑا پیالہ۔ شراب کے لئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطٍ

بَظَّ (ن) بَظًّا. العُوْدَ : بجانے کے لئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

ابَظُّ. الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ صفت (بَظْبَظ)

البَظُّ. فِظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَرًا. الرَّجُلُ : غیر محتون ہونا صفت اَبْظَر : مؤنث بَظْرَاء : ج بُظْر.

البَظْر : انگوٹھی۔

البُظْر : رائیگاں۔ کہا جاتا ہے " ذَهَبَ دَمُه بُظْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

المُبَظِّر : ختنہ کرنے والا۔ مؤنث مُبَظِّرَة.

بَعَّ (ن ض) بَعًّا. المَاءُ : کثرت سے بہانا۔

البَعَاع : سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے " اَلْقَى السَّحَابُ بَعَاعَه" بادل نے سارا پانی برسا دیا۔ " اَلْقَى بَعَاعَه عَلَيْه" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

البَعْبَعَة : جلدی جلدی بولے جانا۔

البَعَابِعَة : فقراء جن کے پاس کچھ بھی مال و جائیداد نہ ہو۔

بَعَثَهُ (ف) بَعْثًا و بَعَاثًا : تنہا بھیجنا..... بِهٖ : دوسرے کے ساتھ بھیجنا ..... هُ : برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے " بَعَثَهُ مِنْ نَوْمِه" اس نے اس کو نیند سے بیدار کیا۔ "وَبَعَثَه عَلَى الشَّيْءِ" : اس نے اس کو فلاں

الْعَشَاءِ بَوَاصِرُهُ": بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھالیا جائے۔
الْبَاصِر: چھوٹا گول پالان۔ جو بَوَاصِر
الْبُصْر: کنارہ۔ روئی۔ چھال۔ بُصْرُ كُلِّ شَيْءٍ: حدیث میں ہے" بُصْرُ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ": آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔
الْبِصْر: نرم سفید پتھر۔
الْمَبْصَرَ وَ الْمَبْصَرَة: واضح روشن دلیل۔
الْمُبْصِر: نگہبان۔ کہا جاتا ہے" رَتَّبْتُ عَلَى بُسْتَانِي مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لئے ایک نگہبان مقرر کیا۔
بَصَعَهُ (ف) بَصْعًا: جمع کرنا..... الماءُ: پانی بہنا یا رسنا۔
الْبِصْع: رات کا کچھ حصہ۔
الْبَصْع: بے وقوف۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔
الْبَصِيع: پسینہ جو جسم سے چپک رہا ہو۔ ج بُصْع
الْأَبْصَع: بے وقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں" أَخَذْتُ حَقِّي أَجْمَعَ أَبْصَعَ" مؤنث (بَصْعَاء) ج أَبْصَعُونَ وَ بُصْعٌ.....: اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔
بَصَقَ (ن) بَصْقًا: تھوکنا..... الشاةُ: حاملہ بکری کو دوہنا۔
الْبُصَاق: تھوک اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔
بَاصِقَةٌ: آگ برسانے والے جنگی جہاز۔
الْبَصْقَة: بلند سنگلاخ زمین۔ ج بصاق
بَصَّلَهُ وَبَصَّلَهُ. مِنْ ثِيَابِهِ: ننگا کرنا۔
تَبَصُّل. الْقِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔
الْبَصَل: پیاز۔ واحد بَصَلَة. الْبَصَلَة: لوہے کا خود اور اسی سے ہے" خَرَجُوا كَأَنَّهُمُ الْأَصَلُ وَ عَلَى رُؤُوسِهِمُ الْبَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل: جمع أَصْلَة کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔
بَصَلُ الْفَلَاةِ: جنگلی پیاز۔ عوام اس کو بِصِّيلَة کہتے ہیں۔
بَصَمَ (ن) بَصْمًا. الْغُلَامَ: سامان پر علامت لگانا۔
الْبُصْم: خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔
ثَوْبٌ ذُو بُصْمٍ: موٹا غف کپڑا۔
رَجُلٌ ذُو بُصْمٍ: موٹا مرد۔
الْبُصْمَة: علامت۔
الْبُصْمَا: حلوا کی ایک قسم۔
الْبُصَان و الْبُصَّان: ماہ ربیع الآخر..... ج بَصَانَات و أَبْصِنَة
بَصَا (ن) بَصْوًا. غَرِيمَه: قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔
الْبَصْوَة: چنگاری۔ انگارہ۔
بَصَّ (ض۔ س) بَصَاصَةً و بَصُوصَةً: موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا۔ صفت (بَصٌّ و بَاصٌّ و بَصِيصٌ) مؤنث بَصَّةٌ وَ بَاصَّة و بَصِيصَةٌ.
بَصَّ (ض) بَصًّا و بُصُوصًا و بَصِيصًا. الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا..... الْحَجَرُ: پانی رسنا بخیل کے لئے کہا جاتا ہے" فُلَانٌ مَا يَبِضُّ حَجَرُهُ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا..... الْعَيْنُ: آنسو نکلنا..... کہا جاتا ہے" فُلَانٌ مَا تَبِضُّ عَيْنُهُ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا۔ یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنے والا ہے..... " أَوْتَارَ الْعُوَّدِ" بجانے کے لئے چھیڑنا
..... لَهُ: دینا۔
بَصْبَصَ و بُصَاصَةُ: تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا۔
أَبَصَّ. لَهُ: تھوڑی سی چیز دینا۔
بَصْبَصَ تَبْصِيصًا: نازونعمت کی زندگی بسر کرنا۔
إِبَاصَّ. الْقَوْمَ: ساری قوم کو تباہ کر دینا۔
تَبَصَّصَ. فُلَانًا: سب کچھ لے لینا۔ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔
بِئْرٌ (بَصُوصٌ): کم پانی والا کنواں۔ ج بِصَاصٌ
الْبَصَصُ و الْبَصَاصَة: تھوڑا پانی۔
الْبَصُّ: موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا۔ مؤنث بَصَّة. الْبَصُّ و الْبَصَّةُ: کھٹا دودھ۔
الْبَضِيضَة: جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو..... کہا جاتا ہے" أَخْرَجْتُ لَهُ بَضِيضَتِي" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دے دیں۔
الْبَصْرَة: رائیگاں۔ اور اسی سے ہے۔ "ذَهَبَ دَمُهُ بَصْرًا مِضْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔
بَضَعَ (ف) بَضْعًا وَبَضَعَ. الشَّيْءَ: کاٹنا چیرنا۔ نشتر لگانا۔
بَضَعَ (ف) بُضُوعًا. الْكَلَامَ: سمجھنا..... الْكَلَامُ: واضح ہونا..... مِنْ فُلَانٍ: اکتا جانا۔ تنگ دل ہونا۔
أَبْضَعَهُ. الْكَلَامَ: واضح طور سے بیان کرنا۔
أَبْضَعَ الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا..... الْمَرْأَةَ: نکاح کرنا۔ الْمَاءُ فُلَانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ وَ اسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا..... الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ الْعَرَقُ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ اسْتَبْضَعَ الرَّجُلُ الشَّيْءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔
انْبَضَعَ: کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔
بَاضَعَ مُبَاضَعَةً وَ بِضَاعًا. الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔
الْبَاضِع: لوگوں کے سامان کو اٹھانے والا شمشیر زن۔
الْمِبْضَع: نشتر۔ ج مَبَاضِع.
أَلَهُ بَضَعٌ مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔
الْبِضْعَة وَالْبَضْعَة: گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَع و بَضَع و بِضَاع و بَضَعَات
الْبِضْع و الْبَضْع: رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے" بِضْعَ سِنِينَ وَ بِضْعَ عَشْرَةَ مِنَ النِّسَاءِ وَ بِضْعَ

الخاخَةَ: بے وقت طلب کرنا..... النَّخلَةَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا..... النَّبَات: ترگھاس چرانا۔ وَانبَسَرَ النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَرَ (ن) بَسْرًا و بُسُوْرًا: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِر) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ و اِبتَسَرَ. الخاجَةَ: بے وقت طلب کرنا۔ اِبتَسَرَ بِالْاَمْرِ: شروع کرنا..... الشَّیْءَ: تازہ لینا۔ اِبتَسَرَ لَوْنُہٗ: بدل جانا۔

البُسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ بُسْرٌ": تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَۃ ج بِسَارٌ۔ البُسْرَۃ: طلوع کے وقت کا آفتاب

البَاسُوْر ج بَوَاسِیْر: بواسیر کی بیماری

المَبْسُوْر: بواسیر کی بیماری والا۔

البُشَیرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ: (ن) بَسْطًا. الثَّوْبَ: پھیلانا..... الرِّجْلَ: کسی کا دل بڑھانا..... الْیَدَ: ہاتھ کشادہ کرنا..... العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا..... المَکَانُ القَوْمَ: وسیع ہونا..... فُلَانًا عَلَیْہِ: فضیلت دینا..... السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَسَاطَۃً: بسیط ہونا۔ پُر مذاق ہونا۔

بَسَّطَ. الثَّوْبَ: پھیلانا۔

بَاسَطَہٗ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔

تَبَسَّطَ و اِنبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِطُ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاسِطَۃ: دور کی مسافت۔

یَدٌ (بَسْطٌ و بُسْطٌ): کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسْطَۃ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بَسْطَۃُ العَیْشِ: فراخی زندگانی۔

البِسَاطُ: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط۔

البَسَاطُ: کشادہ زمین۔

البَسِیْط: مفرد۔ کشادہ زمین۔ پُر مذاق۔ بَسِیط الوجہ۔ کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔

اَبْسِیْط: خلاف مرکب، شعروں کا ایک وزن، جس کے الفاظ یہ ہیں۔ مستفعلن، فاعلن، مستفعلن، فعلن۔

بَسِیْطُ البَدَنِ: فیاض۔ سخی ج بُسَطَاء

البَسِیْطَۃ: زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔

بَسَقَ (ن) بَسْقًا: تھوکنا۔

بَسَقَ: (ن) بُسُوْقًا. النَّخْلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق)..... اَصْحَابَہٗ و عَلٰی اَصْحَابِہٖ: فضیلت میں بڑھ جانا..... فِی عِلْمِہٖ: ماہر ہونا۔

بَسْقَلَہٗ: لمبا کرنا۔

تَبَسْقَلَ: لمبا ہونا۔

البَاسِقَۃ: مؤنث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت ج بَوَاسِق..... و بَوَاسِقُ السَّحَاب: ابتدائی بادل۔

اَلْبَسْکُوْتِی: خشک روٹی یا خشک حلوہ۔

اَلْبَسْکُولُوجِیَا: علم نفس یا علم فلسفہ۔

بَسَلَ (ک) بَبَالًا و بَسَالَۃً: بہادر ہونا صفت (بَاسِل و بَاسِلٌ ج بُسَّلٌ و بُسَلَاءُ و بُسْلٌ.

بَسَّلَ (ن) بَسْلًا. الرَّجُلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْلٌ و بَسِیْلٌ..... النَّبِیْذُ: نبیذ کا تیز ہونا..... اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

بَسْلَہٗ (ن) بَسْلًا: ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا..... عَنْ حَاجَتِہٖ: منع کرنا۔ روکنا۔

اَبْسَلَہٗ: ہلاکت کے لئے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا..... اللّٰہُ الشَّیْءَ: حرام کرنا..... ہٗ لِکَذَا: پیش کرنا اَبْسَلَ نَفْسَہٗ لِلْمَوْتِ: مرنے کے لئے تیار ہو جانا۔

بَسْلَہٗ: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ و اِبْتَسَلَ) نَفْسَہٗ لِلْمَوْت: اپنے آپ کو موت کے لئے پیش کر دینا۔

بَاسَلَہٗ: لڑائی میں حملہ کرنا۔

تَبَسْلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لئے جنگ میں کود پڑنا۔

البَسْل: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مؤنث مساوی ہیں) کہا جاتا ہے۔ "ھٰذَا بَسْلٌ عَلَیْکَ" یہ تمہارے اوپر حرام ہے اور کہا جاتا ہے "بَسْلَالَۃٌ" اس کے لئے حرابی ہو۔

البَاسِل: شیر۔ ج بَوَاسِل اور کہا جاتا ہے "یَوْمٌ بَاسِلٌ" سخت دن۔ "وَغَضَبٌ بَاسِلٌ" تیز غصہ۔

البَسْوَل: شیر۔

البَسَالَۃ: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔

اَلْبَسِیْلَۃ: ایک قسم کی نباتات۔

البَسِیْل: حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔

البَسِیْلَۃ: مخی۔ کسی چیز کا بقیہ۔

البُسْلَۃ: افسوں کرنے والے کی اجرت۔

بَسَمَ (ض) بَسْمًا و بَسَّمَ و اِبْتَسَمَ: مسکرانا۔ صفت (بَاسِم و مُبْتَسِم)

